# روحانی خزائن

تصنیفات

## حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

۳

روحانی خزائن

مجموعہ کتب حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام
(جلد سوم)

# Ruhaani Khazaa'in

(Volume 3)

Collection of the books of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian,
The Promised Messiah and Mahdi (1835-1908), peace be upon him.
Volumes 1-23

**© Islam International Publications Ltd.**

First Published in Rabwah, Pakistan in the 1960s
Reprinted in the UK in 1984
Reprinted in 1989
Second edition (with computerized typesetting) published in 2008
Reprinted in the UK in 2009
Published in Qadian, India in 2008 (Vol. 1-10)
Present edition published in the UK in 2021

Published by:
Islam International Publications Ltd
Unit 3, Bourne Mill Business Park,
Guildford Road, Farnham, Surrey, GU9 9PS UK

Printed in Turkey at:
Levent Offset

ISBN: 978-1-84880-134-9 (Set Vol. 1-23)
10 9 8 7 6 5 4 3 2 1

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب
کے مطالعہ کے متعلق

## حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس
## ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## کا

## احباب جماعت کے نام

# پیغام

روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۰۰۸ء
کی اشاعت کے موقع پر

وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

امام جماعت احمدیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ
وعلیٰ عبدہِ المسیح الموعود
خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
ھوالنّاصــــر

لندن
10-8-2008

# پیغام

**وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے　　اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار**

اللہ تعالیٰ نے وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ کے مصداق حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمانے کے امام اور مہدی کے طور پر مبعوث فرمایا کہ تا اس کی توحید کا دنیا میں بول بالا ہو اور ہمارے پیارے نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی اور قرآن کریم کی صداقت دنیا پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے۔

قرآن کریم اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مبارکہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہی وہ زمانہ تھا کہ جب اسلام کی اشاعت اور تبلیغ ساری دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے سامان اس خدائے قادر مطلق نے پہلے سے مقرر کر رکھے تھے۔ اسی لئے اس زمانے میں سائنسی ایجادات اتنی تیزی اور کثرت سے ہوئی ہیں کہ انسانی عقل وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا کے مصداق حیران ہو جاتی ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ جس کے بارے میں وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ کی پیشگوئی فرما کر یہ بتلا دیا کہ اس زمانے میں ایسی ایسی ایجادات ہوں گی کہ کتابوں اور رسالوں کی نشر و اشاعت عام ہو جائے گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”اور نشر صحف سے اس کے وسائل یعنی پریس وغیرہ کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ اللہ نے ایسی قوم کو پیدا کیا جس نے آلات طبع ایجاد کئے۔ دیکھو کس قدر

پریس ہیں جو ہندوستان اور دوسرے ملکوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے تا وہ ہمارے کام میں ہماری مدد کرے اور ہمارے دین اور ہماری کتابوں کو پھیلائے اور ہمارے معارف کو ہر قوم تک پہنچائے تا وہ ان کی طرف کان دھریں اور ہدایت پائیں''۔ (آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۴۷۳)

ایک اور کتاب میں آپؑ فرماتے ہیں:

''کامل اشاعت اس پر موقوف تھی کہ تمام ممالک مختلفہ یعنی ایشیا اور یورپ اور افریقہ اور امریکہ اور آبادیٔ دنیا کے انتہائی گوشوں تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی تبلیغ قرآن ہو جاتی اور یہ اس وقت غیر ممکن تھا بلکہ اس وقت تک تو دنیا کی کئی آبادیوں کا ابھی پتا بھی نہیں لگا تھا اور دور دراز سفروں کے ذرائع ایسے مشکل تھے کہ گویا معدوم تھے......ایسا ہی آیت وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ اس بات کو ظاہر کر رہی تھی کہ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور ہدایت کا ذخیرہ کامل ہو گیا مگر ابھی اشاعت ناقص ہے اور اس آیت میں جو مِنْهُمْ کا لفظ ہے وہ ظاہر کر رہا تھا کہ **ایک شخص اس زمانہ میں جو تکمیل اشاعت کے لئے موزوں ہے مبعوث ہوگا** جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں ہوگا......اس لئے خدا تعالیٰ نے تکمیل اشاعت کو ایک ایسے زمانہ پر ملتوی کر دیا جس میں قوموں کے باہم تعلقات پیدا ہو گئے اور برّی اور بحری مرکب ایسے نکل آئے جن سے بڑھ کر سہولت سواری کی ممکن نہیں۔ اور کثرت مطابع نے تالیفات کو ایک شیرینی کی طرح بنا دیا جو دنیا کے تمام مجمع میں تقسیم ہو سکے۔ سو اس وقت حسب منطوق آیت وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ اور حسب منطوق آیت قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے بعث کی ضرورت ہوئی اور ان تمام خادموں نے جو ریل اور تار اور اگن بوٹ اور

مطابع اور احسن انتظام ڈاک اور باہمی زبانوں کا علم اور خاص کر ملک ہند میں اردو نے جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک زبان مشترک ہو گئی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بزبان حال درخواست کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تمام خدام حاضر ہیں اور فرض اشاعت پورا کرنے کے لئے بدل وجان سرگرم ہیں۔ آپ تشریف لائیے اور اس اپنے فرض کو پورا کیجئے کیونکہ آپ کا دعویٰ ہے کہ میں تمام کافہ ناس کے لئے آیا ہوں اور اب یہ وہ وقت ہے کہ آپ ان تمام قوموں کو جو زمین پر رہتی ہیں قرآنی تبلیغ کر سکتے ہیں اور اشاعت کو کمال تک پہنچا سکتے ہیں اور اتمام حجّت کے لئے تمام لوگوں میں دلائل حقانیت قرآن پھیلا سکتے ہیں تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے جواب دیا کہ دیکھو میں بروز کے طور پر آتا ہوں۔ مگر میں ملک ہند میں آؤں گا۔ کیونکہ جوش مذاہب واجتماع جمیع ادیان اور مقابلہ جمیع ملل ونحل اور امن اور آزادی اسی جگہ ہے"۔

(تحفہ گولڑویہ روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۲۶۳-۲۶۰)

سو اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ساری دنیا تک پہنچانے اور اسلام کی سچائی کو ساری دنیا پر ثابت کرنے اور خدائے واحد ویگانہ کی توحید کا پرچار کرنے کے لئے اسلام کا یہ بطل جلیل، جری اللہ، سیف کا کام قلم سے لیتے ہوئے قلمی اسلحہ پہن کر سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اترا اور اسلام کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا ایسا کرشمہ دکھایا کہ ہر مخالف کے پرخچے اڑا دیے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا پرچم پھر سے ایسا بلند کیا کہ آج بھی اس کے پھریرے آسمان کی رفعتوں پر بلند سے بلند تر ہو رہے ہیں اور ساری دنیا پر اسلام کا یہ پیغام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات کے ذریعہ پھیل رہا ہے اور پھیلتا رہے گا۔ مسیح محمدی کی زندگی بخش تحریرات کی ہی یہ برکت ہے کہ ایک جہان روحانی اور جسمانی احیاء کی نوید سے مستفیض ہو رہا ہے اور صدیوں کے مردے ایک دفعہ پھر زندہ ہو رہے ہیں اور ایسا کیوں

نہ ہوتا کہ اسلام کی گزشتہ تیرہ صدیوں میں صرف آپ کا ہی کلام ایسا تھا جسے کبھی خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے ''مضمون بالا رہا'' کی سند نصیب ہوئی تو کبھی الہاماً یہ نوید عطا ہوئی کہ:

''در کلامِ تو چیزے است کہ شعراء را دراں دخلے نیست۔ کَلامٌ اُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَّبٍّ کَرِیْمٍ''۔ (کاپی الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام صفحہ ۶۲۔ تذکرہ صفحات ۵۰۸، ۵۵۸)

ترجمہ: ''تیرے کلام میں ایک چیز ہے جس میں شاعروں کو دخل نہیں ہے۔ تیرا کلام خدا کی طرف سے فصیح کیا گیا ہے۔'' (حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۱۰۶۔ بحوالہ تذکرہ صفحہ ۵۰۸)

چنانچہ ایسی ہی عظیم الٰہی تائیدات سے طاقت پاکر آپ فرماتے ہیں:

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے۔ اور جہاں تک میں دور بین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۳)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں:

''میں خاص طور پر خدا تعالیٰ کی اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو میں محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے''۔ (نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۳۴)

پس یہ آپ کی دلی خواہش تھی کہ وہ آبِ حیات جو آپ کے مبارک قلم سے آپ کی کتابوں کی شکل میں دنیا کی روحانی اور علمی پیاس بجھانے کے لئے نکلا ہے اس سے سارا عالم فیضیاب ہو۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

''میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے مگر جو شخص میرے ہاتھ سے جام پئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہر گز نہیں مرے گا۔ وہ زندگی بخش باتیں جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا۔ لیکن اگر یہ حکمت اور معرفت جو مردہ دلوں کے لئے آب حیات کا حکم رکھتی ہے دوسری جگہ سے نہیں مل سکتی تو تمہارے پاس اس جرم کا کوئی عذر نہیں کہ تم نے اس سرچشمہ سے انکار کیا جو آسمان پر کھولا گیا زمین پر اس کو کوئی بند نہیں کر سکتا''۔ (ازالہ اوہام ، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۰۴)

عزیزو! یہی وہ چشمۂ رواں ہے کہ جو اس سے پئے گا وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا اور ہمارے سید و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی **یفیض المال حتی لا یقبلہ احد** (ابن ماجہ) کے مطابق یہی وہ مہدی ہے جس نے حقائق و معارف کے ایسے خزانے لٹائے ہیں کہ انہیں پانے والا کبھی ناداری اور بے کسی کا منہ نہ دیکھے گا۔ یہی وہ روحانی خزائن ہیں جن کی بدولت خدا جیسے قیمتی خزانے پر اطلاع ملتی ہے اور اس کا عرفان نصیب ہوتا ہے۔ ہر قسم کی علمی اور اخلاقی، روحانی اور جسمانی شفا اور ترقی کا زینہ آپ کی یہی تحریرات ہیں۔ اس خزانے سے منہ موڑنے والا دین و دنیا، دونوں جہانوں سے محروم اٹھنے والا قرار پاتا ہے اور خدا کی بارگاہ میں متکبر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''جو شخص ہماری کتابوں کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا۔ اس میں ایک قسم کا کبر پایا جاتا ہے''۔

(سیرت المہدی جلد اول حصہ دوم صفحہ ۳۶۵)

اسی طرح آپؑ نے فرمایا کہ:

''وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے

نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ''۔

(نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۰۳)

پھر آپ نے ایک جگہ یہ بھی تحریر فرمایا کہ:

''سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں، کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے''۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۳۶۱)

یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس امام مہدی اور مسیح محمدی کو ماننے کی توفیق ملی اور ان روحانی خزائن کا ہمیں وارث ٹھہرایا گیا۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم ان بابرکت تحریروں کا مطالعہ کریں تا کہ ہمارے دل اور ہمارے سینے اور ہمارے ذہن اس روشنی سے منور ہو جائیں کہ جس کے سامنے دجال کی تمام تاریکیاں کافور ہو جائیں گی۔ اللہ کرے کہ ہم اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگیاں ان بابرکت تحریرات کے ذریعہ سنوار سکیں اور اپنے دلوں اور اپنے گھروں اور اپنے معاشرہ میں امن و سلامتی کے دیئے جلانے والے بن سکیں اور خدا اور اس کے رسول کی محبت اس طرح ہمارے دلوں میں موجزن ہو کہ اس کے طفیل ہم کل عالم میں بنی نوع انسان کی محبت اور ہمدردی کی شمعیں فروزاں کرتے چلے جائیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفة المسیح الخامس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ ناشر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خصوصی ہدایات اور راہنمائی میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ تصانیف کا سیٹ ’’روحانی خزائن‘‘ پہلی بار کمپیوٹرائزڈ شکل میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس سیٹ کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تاکیدی ارشاد کی تعمیل میں ہر کتاب فسٹ ایڈیشن کے عین مطابق رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگی میں ایک سے زائد ایڈیشن چھپے ہیں تو آخری ایڈیشن کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۲۔ پورے سیٹ میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ صفحہ کی سائیڈ پر ایڈیشن اوّل کا صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔

۳۔ ایڈیشن اوّل میں اگر سہو کتابت واقع ہوا ہے تو متن میں اس لفظ کو اسی طرح کمپوز کیا گیا ہے۔ البتہ حاشیہ میں یہ نوٹ دیا گیا ہے کہ متن میں سہو کتابت معلوم ہوتا ہے اور غالباً صحیح لفظ یوں ہے۔

۴۔ یہ ایڈیشن روحانی خزائن کے سابقہ ایڈیشن کے صفحات کے عین مطابق ہے تاکہ جماعتی لٹریچر میں گزشتہ نصف صدی سے آنے والے حوالہ جات کی تلاش میں سہولت رہے۔

۵۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اس سیٹ میں مندرجہ ذیل اضافے کئے گئے ہیں۔

(ا) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک مضمون جو آپ نے منشی گردیال صاحب مدرس مڈل اسکول چنیوٹ کے استفسار کے جواب میں تحریر فرمایا تھا اور روحانی خزائن میں شامل نہیں ہو سکا تھا۔ اسے روحانی خزائن کے نئے ایڈیشن میں جلد نمبر ۲ میں شامل اشاعت کر دیا گیا ہے۔

(ب) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اہم مضمون **’’ایک عیسائی کے تین سوالوں کے جواب‘‘** جو پہلے تصدیق النبی کے نام سے سلسلہ کے لٹریچر میں موجود ہے اسے روحانی خزائن جلد نمبر ۴ کے آخر میں شامل اشاعت کر لیا گیا ہے۔

(ج) روحانی خزائن جلد ۴ میں الحق مباحثہ دہلی کے عنوان سے ایک کتاب شامل ہے۔ اس کے صفحہ ۲۲۱ پر مراسلت نمبر ۱ مابین مولوی محمد بشیر صاحب اور مولوی سید محمد احسن صاحب ہے۔ اس کے بعد مراسلت نمبر ۲ مابین منشی بوبہ صاحب و منشی محمد اسحاق و مولوی سید محمد احسن صاحب کسی وجہ سے روحانی خزائن میں شامل

ہونے سے رہ گئی ہے۔اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے نئے ایڈیشن میں شامل کر لیا گیا ہے۔

(د) روحانی خزائن جلد نمبر۵ آئینہ کمالات اسلام کے آخر میں ''التبلیغ'' کے نام سے جو عربی خط شامل ہے اس کے آخر میں عربی قصیدہ درج ہے۔ایڈیشن اول میں اس قصیدہ کے بعد ایک عربی نظم شائع شدہ ہے جو کسی وجہ سے روحانی خزائن جلد۵ میں شامل نہیں ہو سکی تھی۔نئے ایڈیشن میں یہ نظم شامل کر دی گئی ہے۔

(ہ) جلسہ اعظم مذاہب ۱۸۹۶ء کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تحریر فرمودہ بے مثال مضمون جو ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کے نام سے اردو اور دوسری زبانوں میں چھپ چکا ہے اس کے اصل مسودہ کے کچھ صفحات کسی وجہ سے شامل اشاعت نہیں ہو سکے تھے انہیں اصل مسودہ سے جو خلافت لائبریری میں موجود ہے نقل کر کے جلد نمبر۱۰ میں شامل کیا گیا ہے۔

(و) ریویو آف ریلیجنز اردو کا پہلا شمارہ ۹؍جنوری ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا۔اس میں صفحہ ۹ تا ۳۴ پر مشتمل ''**گناہ کی غلامی سے رہائی پانے کی تدابیر کیا ہیں؟**'' کے عنوان سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک بصیرت افروز مضمون شائع ہوا تھا۔اس مضمون کو روحانی خزائن جلد نمبر ۱۸ کے آخر میں کتاب نزول المسیح کے بعد شامل کیا جا رہا ہے۔

(ز) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دست مبارک سے لکھا ہوا ''**عصمت انبیاء**'' کے عنوان سے ایک اور مضمون بھی ریویو آف ریلیجنز اردو مئی ۱۹۰۲ء صفحہ ۱۷۵ تا ۲۰۹ میں شائع ہوا تھا۔یہ مضمون اب تک کتابی شکل میں شائع نہیں ہوا۔اسے بھی روحانی خزائن جلد ۱۸ کے آخر میں شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔

والسلام

سید عبد الحی

ناظر اشاعت

اکتوبر ۲۰۰۸ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کے فرستادہ حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اپنی ساری زندگی اشاعت و تبلیغِ اسلام کے جہاد میں صَرف کی اور اس مقصد کے لئے آپ نے نہ صرف کثیر تعداد میں کتب تصنیف فرمائیں بلکہ اشتہارات و تقاریر کے ذریعہ بھی خدمت اسلام کے اس فریضہ کا حق ادا فرمایا۔ حضور علیہ السلام کی جملہ تصانیف کو روحانی خزائن کی تیئیس جلدوں کے سیٹ میں طبع کیا جا چکا ہے۔ اسی طرح آپؑ کے پُر معارف کلمات و تقاریر و مجالس علم و عرفان کو ملفوظات کی دس جلدوں میں، جبکہ آپؑ کے تحریر فرمودہ اشتہارات کو مجموعہ اشتہارات کے عنوان سے تین جلدوں میں تیار کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں علوم و فیوض روحانی سے لبریز اس لٹریچر (روحانی خزائن، ملفوظات اور مجموعہ اشتہارات) کے نئے ایڈیشن تیار کئے گئے ہیں جن کی اب سیدنا حضور اقدس کی منظوری سے یہاں انگلستان سے طباعت کی جارہی ہے تاکہ بیرون ممالک میں قائم جماعتوں کی بھی علمی وروحانی تشنگی دور ہو۔

حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ تصانیف منیفہ جو روحانی خزائن کے نام سے ۲۳ جلدوں میں شائع شدہ ہیں، اس کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن میں بعض مقامات پر کتابت کے سہو اور اغلاط کی نشاندہی ہوئی تھی۔

امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کے نئے ایڈیشن کی تیاری کا ارشاد فرماتے ہوئے بعض درج ذیل ہدایات سے نوازا:

”حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی صحت کو قائم اور برقرار رکھنے کے لئے لازم ہے کہ ان کو اوّل ایڈیشن کے عین مطابق اور اسی حال میں برقرار رکھا جائے۔ اگر اوّل ایڈیشن میں کہیں سہوِ کتابت ہے تو اس کو بعینہٖ

قائم رکھا جائے۔ البتہ واضح سہو اور غلطی کی ناشر کی طرف سے حاشیہ میں وضاحت دی جائے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات مبارکہ میں اس کے ایک سے زیادہ ایڈیشنز شائع ہوئے تھے تو آپ کی زندگی میں مطبوعہ آخری ایڈیشن کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

غرضیکہ اوّل ایڈیشن سے تقابل کرکے اگر مابعد کسی سہو یا کتابت کی غلطی کی درستگی کی گئی ہے تو اسے نظرانداز کرکے اوّل ایڈیشن کے بالکل مطابق کردیا جائے اور متن میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔''

اوّل ایڈیشن کے وقت اس زمانہ کی طرزِ کتابت کے مطابق ''ے'' اور ''ی'' کو اکثر و بیشتر ''ی'' لکھا گیا ہے۔ پہلے قارئین خود سمجھ جاتے تھے کہ فقرہ کی ترتیب کے لحاظ سے یہاں یائے معروف ہے یا یائے مجہول۔ لیکن اب اس تفریق کو سمجھنے میں قاری کو دقت اور مشکل درپیش ہوتی ہے۔ اس لئے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ فقرہ کی مناسبت سے یائے معروف اور یائے مجہول کو ظاہر کردیا جائے۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ ''روحانی خزائن کے پہلے ایڈیشن کے مطابق صفحات نمبر اور عبارات رکھی جائیں۔'' چنانچہ اس ہدایت کی پابندی کی گئی ہے۔ اس لئے ناشر کی طرف سے اگر کوئی وضاحت ضروری سمجھی گئی تو اس کو بارڈر سے باہر رکھا گیا ہے۔

ایسے انگریزی الفاظ، اسماء وغیرہ جو اردو رسم الخط میں تحریر شدہ ہیں اور جن کو صحیح تلفظ سے پڑھنا مشکل ہے سہولت کی غرض سے ان کو انگریزی طرز میں بھی حاشیہ میں دے دیا گیا ہے۔

الحق مباحثہ دہلی کا ایک حصہ ''مراسلت نمبر ۲'' جو روحانی خزائن کی تدوین کے وقت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے شامل نہ ہو سکا۔ کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کے وقت یہ مراسلت مل گئی اور اسے جلد ۴ کے آخر پر صفحہ ۴۸۳ پر دے دیا گیا۔ اس ایڈیشن میں حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے الحق مباحثہ دہلی کے آخر پر مراسلت نمبر ا کے بعد شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

محمود کی آمین تو جلد ۱۲ میں آچکی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی آمین بھی لکھی تھی۔ یہ نظم ۱۹۰۱ء میں شائع ہوئی جو روحانی خزائن کی کسی جلد میں شامل نہیں۔

اب روحانی خزائن کی نظر ثانی کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے اپنے زمانی اعتبار سے روحانی خزائن جلد ۱۷ میں شامل کیا گیا ہے، مگر جلد کے آخر پر تا کہ صفحات کی ترتیب میں فرق نہ آئے۔

روحانی خزائن میں جو فارسی اشعار، عبارات اور رقوم بیان ہوئی ہیں ان کا ترجمہ اس ایڈیشن میں متن کے اختتام پر دے دیا گیا ہے تا کہ قارئین کو مفہوم سمجھنے میں سہولت ہو۔

یہاں انگلستان میں متعدد مرتبہ خاکسار نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حاضر ہو کر مختلف امور میں راہنمائی حاصل کرنے کی سعادت حاصل کی اور ان ہدایات کی تعمیل کروائی۔ فالحمد للہ علیٰ ذلک۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے کرام نے بارہا ان بیش بہا علوم کو پڑھنے اور پھیلانے کی نصیحت فرمائی ہے۔ اللہ کرے کہ ہم سب ان سے کما حقہ فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ آمین

خاکسار
منیر الدین شمس
ایڈیشنل وکیل التصنیف

فروری ۲۰۲۱ء

# ترتیب

روحانی خزائن جلد ۳


فتح اسلام ............................... ۱

توضیح مرام ............................... ۴۹

ازالۂ اوہام ............................... ۱۰۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

# تعارف

## (از حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس)

’’روحانی خزائن‘‘ کی یہ تیسری جلد ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تالیفات ’’فتح اسلام‘‘ ’’توضیح مرام‘‘ اور ’’ازالۂ اوہام‘‘ ہر دو حصص پر مشتمل ہے۔ یہ تینوں تالیفات ۱۸۹۱ء میں مطبع ریاض ہند امرتسر میں طبع ہو کر شائع ہوئی تھیں۔

### ہندوستان میں عیسائیت کی ترقی

یہ وہ زمانہ تھا جبکہ سارے ہندوستان میں عیسائیوں کے مضبوط تبلیغی مشن قائم ہو چکے تھے۔ مشن سکول اور کالج جگہ جگہ کھولے اور کروڑوں کی تعداد میں کتب پمفلٹ اور اشتہارات مفت تقسیم کئے جا رہے تھے۔ اور ہر جگہ رَبُّنَا الْمَسِیْح رَبُّنَا الْمَسِیْح کی صدا بلند ہو رہی تھی اور ہمیشہ کے لئے زندہ اور تقدّس کے تخت پر بیٹھنے والا جو آخری زمانہ میں آسمان سے جلالی نزول فرما کر قوموں کی بادشاہت کرے گا جس کے سامنے تمام قومیں اپنا سر جھکائیں گی یسوع مسیح کو قرار دیا جا رہا تھا اور انگریزی حکومت کے اعلیٰ ارکان بھی تبلیغ عیسائیت کے پُشت پناہ بن رہے تھے اور پادریوں کی مساعی کو بنظرِ استحسان دیکھتے اور عیسائیت کی رفتار ترقی کو دیکھ کر یہ خیال کر رہے تھے کہ اب سارا ہندوستان چند سالوں میں عیسائیت کی آغوش میں آ گرے گا۔ چنانچہ پنجاب کے ایک لفٹنٹ گورنر چارلس ایچی سن جنہوں نے ۲۱ر نومبر ۱۸۸۳ء کو مشن چرچ بٹالہ کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔ ۱۸۸۸ء میں عیسائی مشنریوں کے ایک اجلاس کو جس کے صدر اس علاقہ کے بشپ تھے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا:۔

> ’’جس رفتار سے ہندوستان کی معمولی آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے اس سے چار پانچ گنا زیادہ تیز رفتار سے عیسائیت اس ملک میں پھیل رہی ہے اور اس وقت ہندوستانی عیسائیوں کی تعداد دس لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہے۔‘‘

پھر مسیحی مبلّغوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے اور اُن کی احسان مندی کا اقرار کرتے ہوئے پنجاب کے گورنروں اور دیگر ممتاز اعلیٰ افسروں کا جنھوں نے مشنریوں کی حوصلہ افزائی کی تھی ذکر کر کے کہا :۔

''وہ ایسے اشخاص تھے جن کے نام کو لوگ بہت عزّت اور توقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ لارنس منٹگمری، ایڈورڈ، میکلوڈ، رینل، ٹیلر ایسے نام ہیں جو اس صوبے کے ہر گھر میں معروف ہیں۔ بعض اس صوبے سے باہر بھی۔ بعض یورپ میں بھی۔

ہمیں امید رکھنا چاہئے کہ علاقہ جاتی الحاق کے دن ختم ہو چکے ہیں اور انگریزی سلطنت بحری اور پہاڑی علاقوں میں اپنے قدرتی حدود تک پہنچ گئی ہے لیکن ہمارے خداوند اور اس کے مسیح کی بادشاہت کے لئے وقت اور مقام کی کوئی حد بندی نہیں۔ جہاں کہیں کوئی انسانی روح پائی جاتی ہے وہاں خدا کی بادشاہت کا قائم کرنا ضروری تھا۔ اس کی سلطنت کے لئے مقدر ہے کہ وہ عالمگیر ہو کیونکہ وہی نیکی اور امن کی سلطنت ہے۔''

اور ملک پنجاب کو جیسا کہ ''رابرٹ کلارک'' نے لکھا ہے وسط ایشیا میں عیسائیت کے مشنری کام کے لئے قدرتی (Base) قرار دیا ہے۔ (دی مشنز صفحہ ۲۴۵)

انگریز یہ خیال کرنے لگے تھے کہ سلطنت کے استحکام کے لئے ہندوستان میں عیسائیت کا پھیلانا ضروری چیز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پنجاب کے دوسرے لفٹنٹ گورنر سر رابرٹ منٹگمری نے پنجاب کے مختلف حصّوں میں پندرہ گرجا گھر سرکاری خرچ پر تعمیر کرنے کی منظوری حاصل کی اور لارڈ لارنس نے ایک موقعہ پر کہا:۔

''کوئی چیز بھی ہماری سلطنت کے استحکام کا اس امر سے زیادہ موجب نہیں ہو سکتی کہ ہم عیسائیت کو ہندوستان میں پھیلا دیں۔''

( لارڈ لارنس لائف جلد۲ صفحہ ۳۱۳ )

کیمبرج شارٹ ہسٹری آف انڈیا مطبوعہ کیمبرج یونیورسٹی پریس صفحہ ۱۵-۱۶۷ میں لکھا ہے:۔

''خدا تعالیٰ نے اپنی مشیئت کے مطابق ہندوستان کو برطانیہ کے ہاتھ میں اِس لئے دیا کہ اِس ملک کے لوگ عیسائی بنائے جاسکیں۔''

اور پنجاب کے ایک اور لفٹنٹ گورنر میکورتھ ینگ نے اپنی ایک تقریر میں کہا:۔

’’مشرقی مذاہب میں جو چیز سب سے زیادہ قیمتی ہے اس کو از سرنو تازہ کرنے کی کوشش اِس یقین کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہے کہ ایک ہستی یہاں ایسی موجود ہے۔ جو محمدؐ، بدھ، ہندو، تثلیث اور گورونانک سے بڑی ہے۔ کیا تم الگ ایک طرف رہو گے اور اس فتح میں حصّہ نہ لو گے...... ہم جانتے ہیں کہ دنیا میں ایک ہی چیز ہے جو انسانی رُوح کو اطمینان بخش سکتی ہے یعنی یسوع مسیح کے ذریعہ خدا کی محبت...... مشنوں کے ساتھ لاپرواہی برتنا اپنے آپ کو بہت بڑا نقصان پہنچانا ہے۔‘‘ (دی مشنز صفحہ ۱۵۷)

پھر جو عیسائی ہوتے تھے انہیں اچھی اچھی ملازمتیں مل جاتی تھیں۔ مثلاً عبداللہ آتھم اور پادری صفدر علی ڈپٹی بن گئے۔ پادری عماد الدین کو بھی یہ عہدہ پیش کیا گیا مگر اُس نے پادری رہنا بہتر خیال کیا۔

غرض سارے پنجاب میں پادریوں کا ایک جال پھیلایا گیا۔ عیسائی منادشہروں، قصبات اور دیہاتوں میں علانیہ عیسائیت کی تبلیغ کرتے۔ ہسپتالوں میں باقاعدہ مبلّغ مقرر تھے۔ لیڈی ڈاکٹرز علاج کے ذریعہ عیسائیت کا اثر لوگوں کے گھروں تک پہنچاتی تھیں۔ مذہبی معتقدات کے لحاظ سے مسلمانوں کو مرتد بنانے کے لئے پادریوں کے پاس سب سے بڑا حربہ یہ تھا کہ یسوع مسیح آسمان پر زندہ موجود ہے اور وہی ہے جو دنیا کی رستگاری اور عالم کی نجات کے لئے آخری زمانہ میں جلالی شان کے ساتھ نازل ہوگا۔ اور تمام انبیاء بشمول محمد (صلعم) وفات پا چکے ہیں اور وہ کسی کی مدد نہیں کر سکتے۔ پس زندہ کو چھوڑ کر مُردوں کے پیچھے لگنا عقلمندی نہیں ہے۔ اور یہی عقیدہ مسیح ناصری علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں کا تھا۔ وہ انہیں خالقِ طیور، محیٔ اموات، غیب کی باتیں بتانے والے اور غیر طبعی زندگی پانے والے، آسمان پر الآن کما کان کا مصداق یقین کرتے تھے اور آسمان سے اُس کے جلالی نزول کے قائل اور منتظر تھے۔ وہ اُسی کو اپنی تمام مرضوں کا مداوا اور اپنی دینی و دنیاوی ترقیات کو اس کے نزول کے ساتھ وابستہ سمجھتے تھے۔ اسی وجہ سے بعض سمجھ دار تعلیم یافتہ مسلمان لیڈر بھی یہ خیال کرنے لگے تھے کہ دنیا کا آئندہ مذہب عیسائیت ہوگا۔ اور اسلام کی نشأۃ ثانیہ سے وہ کلّیۃً مایوس ہو چکے تھے۔

# فتح اسلام۔ توضیح مرام۔ ازالۂ اوہام

اِن حالات میں اللہ تعالیٰ نے ملّتِ اسلامیہ کے حال پر رحم فرما کر حضرت مرزا غلام احمدؑ قادیانی پر بذریعہ الہام منکشف کیا کہ

"مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اُس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تُو آیا ہے۔ وکان وعد اللّٰہ مفعولًا۔" (ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد۳ صفحہ۴۰۲)

چنانچہ آپ نے ۱۸۹۰ء کے آخر میں رسالہ فتح اسلام لکھا جو ۱۸۹۱ء کے اوائل میں چھپ کر شائع ہوا۔ اُس میں آپ نے اعلان فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق

"مسیح جو آنے والا تھا یہی ہے چاہو تو قبول کرو"

(فتح اسلام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ۱۰ حاشیہ)

نیز تحریر فرمایا کہ

"مسیح کے نام پر یہ عاجز بھیجا گیا تا صلیبی اعتقاد کو پاش پاش کر دیا جائے۔ سو میں صلیب کے توڑنے اور خنزیروں کے قتل کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔"

(فتح اسلام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ۱۱ حاشیہ)

اور مسلمانوں سے مخاطب ہو کر فرمایا:۔

"اے مسلمانو سنو! اور غور سے سنو! کہ اسلام کی پاک تاثیروں کو روکنے کیلئے جس قدر پیچیدہ افترا اس عیسائی قوم میں استعمال کئے گئے اور پُرمکر حیلے کام میں لائے گئے اور ان کے پھیلانے میں جان توڑ کر اور مال کو پانی کی طرح بہا کر کوششیں کی گئیں۔ یہاں تک کہ نہایت شرمناک ذریعے بھی جن کی تصریح سے اس مضمون کو منزہ رکھنا بہتر ہے اسی راہ میں ختم کئے گئے۔ یہ کرسچن قوموں اور تثلیث کے حامیوں کی جانب سے وہ ساحرانہ کارروائیاں ہیں کہ جب تک اُن کے اس سحر کے مقابل پر خدا تعالیٰ وہ پُرزور ہاتھ نہ دکھاوے جو معجزہ کی قدرت اپنے اندر رکھتا ہو اور اس معجزہ سے اس سحر کو پاش پاش نہ کرے۔ تب تک اس جادوئے فرنگ سے سادہ لوح دِلوں کو مَخلصی حاصل

ہونا بالکل قیاس اور گمان سے باہر ہے۔ سو خدا تعالیٰ نے اِس جادو کے باطل کرنے کیلئے اس زمانہ کے سچے مسلمانوں کو یہ معجزہ دیا کہ اپنے اس بندہ کو اپنے الہام اور کلام اور اپنی برکاتِ خاصہ سے مشرف کر کے اور اپنی راہ کے باریک علوم سے بہرۂ کامل بخش کر مخالفین کے مقابل پر بھیجا اور بہت سے آسمانی تحائف اور علوی عجائبات اور روحانی معارف و دقائق ساتھ دئے تا اس آسمانی پتھر کے ذریعہ سے وہ موم کا بُت توڑ دیا جائے جو سحرِ فرنگ نے تیار کیا ہے سو اے مسلمانو! اس عاجز کا ظہور ساحرانہ تاریکیوں کے اٹھانے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک معجزہ ہے۔ **کیا ضرور نہیں تھا کہ سحر کے مقابل پر معجزہ بھی دنیا میں آتا۔**'' (فتح اسلام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۵،۶)

# توضیح مرام

اِس ڈر سے کہ مسلمانوں اور عیسائیوں کے کسی قدر اختلاف کے ساتھ اس عقیدہ کی کہ حضرت مسیح ابن مریم اس عنصری وجود سے آسمان پر اٹھائے گئے ہیں اور پھر وہ کسی زمانہ میں آسمان سے اُتریں گے تردید و تغلیط سے اور یہ کہ آنے والا مثیلِ مسیح ہوگا اور وہ مؤلف ہے بہت سی قلمیں مخالفانہ طور پر اٹھیں گی اور چونکہ اپنی مشہور کردہ رائے سے رجوع کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اِس لئے آپ نے مناسب خیال فرمایا کہ مخالفانہ قلمیں اُٹھنے سے پہلے پہلے یہ دعویٰ مفصّل و مدلّل طور پر سمجھا دیا جائے اور اس غرض سے آپ نے رسالہ **توضیح مرام** لکھا جس کے آخر میں زیرِ عنوان ''اطلاع بخدمت علمائے اسلام'' اعلان فرمایا:۔

''جو کچھ اس عاجز نے مثیلِ مسیح کے بارے میں لکھا ہے یہ مضمون متفرق طور پر تین رسالوں میں درج ہے۔ یعنی فتح اسلام اور توضیح مرام اور ازالۂ اوہام میں۔ پس مناسب ہے کہ جب تک کوئی صاحب ان تینوں رسالوں کو غور سے نہ دیکھ لیں تب تک کسی مخالفانہ رائے ظاہر کرنے کے لئے جلدی نہ کریں۔''

(توضیح مرام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۱۰۰)

اِسی اثناء میں ۱۸۹۱ء میں جبکہ آپ لدھیانہ میں مقیم تھے۔ ''ازالۂ اوہام'' کا مسوّدہ تیار کرنا شروع کر دیا جس کا ایک حصّہ ''قولِ فصیح'' میں شائع بھی کرا دیا جو مولوی محمد حسین بٹالوی کو بھی بھیجا گیا۔

**ازالہ اوہام** میں آپ نے قرآن مجید واحادیثِ صحیحہ سے مسئلہ وفاتِ مسیح پر سیر کن بحث کی اور لفظ **نزول و توفی** اور **رفع** اور **خروج دجّال** کی حقیقت بیان کی۔ اور نہایت قوی دلائل سے اپنا مثیل مسیح ابن مریم ہونا ثابت کیا۔

اور اس میں آپ نے بطور آخری وصیّت اور ایک راز کی بات کے یہ بھی تحریر فرمایا:۔

''خوب یادرکھو کہ تم اپنے اِن تمام مناظرات کا جو عیسائیوں سے تمہیں پیش آتے ہیں پہلو بدل لو۔ اور عیسائیوں پر یہ ثابت کردو کہ درحقیقت مسیح ابن مریم ہمیشہ کے لئے فوت ہو چکا ہے۔ یہی ایک بحث ہے جس میں فتح یاب ہونے سے تم عیسائی مذہب کی روئے زمین سے صف لپیٹ دو گے ............................ اور دوسری تمام بحثیں اُن کے ساتھ عبث ہیں۔ اُن کے مذہب کا ایک ہی ستون ہے اور وہ یہ ہے کہ اب تک مسیح ابن مریم آسمان پر زندہ بیٹھا ہے۔ اس ستون کو پاش پاش کرو۔ پھر نظر اٹھا کر دیکھو کہ عیسائی مذہب دنیا میں کہاں ہے۔ چونکہ خدائے تعالیٰ بھی چاہتا ہے کہ اس ستون کو ریزہ ریزہ کرے اور یوروپ اور ایشیا میں توحید کی ہوا چلاوے اس لئے اُس نے مجھے بھیجا ہے اور میرے پر اپنے خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح ابن مریم فوت ہو چکا ہے۔'' (ازالۂ اوہام۔ روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۲)

لیکن علماء نے ''ازالہ اوہام'' کی تکمیل کا انتظار کئے بغیر بذریعہ تحریر وتقریر آپ کی مخالفت شروع کردی۔ مولوی محمد حسین بٹالوی نے ان رسائل کو پڑھ کر اپنے رسالہ ''**اشاعة السنه**'' میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے کہ وہ

''اہل اسلام کی پبلک میں کہتا ہے کہ مسیح موعود جس کے قیامت سے پہلے آنے کی قرآن وحدیث میں خبر ہے۔ میں ہوں اور حضرت مسیح ابن مریم نبی اللہ فوت ہو چکے ہیں۔''

یہ لکھا کہ:۔

''اس صورت میں ''**اشاعة السّنة**'' کا خصوصیت کے ساتھ فرض ہے کہ وہ اس

فتنہ کو روکے۔ اور جملہ مضامین سابقہ کو چھوڑ کر بہمہ تن اسی کے دعاوی کے ردّ کے در پے ہو۔ اس کے اصولِ باطلہ کا ابطال کرے اور اصول حقّہ اسلامیہ کی حمایت عمل میں لاوے۔ اِس کی موجودہ جماعت و جمعیت کو تتر بتر کرنے میں کوشش کرے اور آئندہ مسلمانوں خصوصًا اہلِ حدیث کو جن کا یہ خادم ہے اس جماعت میں داخل ہونے سے بچاوے۔''

اور لکھا:۔

''اشاعة السنّة کا ریویو براہین اس کو امکانی ولی وملہم نہ بناتا تو وہ اپنے سابقہ الہامات مندرجہ براہین احمدیہ کی وجہ سے تمام مسلمانوں کی نظروں میں بے اعتبار ہو جاتا...... صرف اشاعة السنّة کے ریویو نے فرقہ اہل حدیث اور اپنے خریداروں کے خیال میں اس کے الہام وولایت کا امکان جمار کھا اور اس کو حامی اسلام بنا رکھا تھا۔

لہٰذا اِسی (اشاعة السنة) کا فرض اور اس کے ذمہ یہ ایک قرض تھا کہ اُس نے جیسا اس کو دعاویٔ قدیمہ کی نظر سے آسمان پر چڑھایا تھا ویسا ہی اِن دعاویٔ جدیدہ کی نظر سے اس کو زمین پر گرادے اور تلافیٔ مافات عمل میں لاوے اور جب تک یہ تلافی پوری نہ ہولے تب تک بلاضرورتِ شدید کسی دوسرے مضمون سے تعرض نہ کرے۔''

(اشاعة السنّة جلد ۱۳ نمبر ۱ صفحہ ۳ و ۴)

اور مولوی عبدالرحمٰن صوفی صافی نے جیسا کہ مولوی محمد حسین بٹالوی لکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کی جماعت کے خلاف الہامات سُنا کر

''خاکسار کو یہ فرمایا کہ میں نے ان لوگوں کے مقابلہ میں تیرے قائم رہنے کی بابت خدا تعالیٰ سے بطور استخارہ دُعا کی تھی۔ اس کے جواب میں مجھے یہ الہام ہوا ہے لکلّ فرعون موسیٰ یعنی ہر فرعونے را موسیٰ۔ لہٰذا آپ اس مقابلہ کیلئے قائم اور مستعد رہیں۔ ہم خدا تعالیٰ سے دعا کرتے رہیں گے کہ وہ خدا تعالیٰ تمہاری مدد کرے۔ اس پر قائم و مستقیم رکھے۔'' (اشاعة السنّہ جلد ۱۳ نمبر ۱ حاشیہ صفحہ ۲۵)

# ازالۂ اوہام

چنانچہ مولوی محمد حسین بٹالوی سے جیسا کہ اشاعۃ السنہ جلد ۱۳ کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے پہلے حضرت مولانا حکیم نورالدینؓ سے امور مندرجہ فتح اسلام و توضیح مرام سے متعلق تمہیدی گفتگو ہوئی اوراس کے بعد حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے جواس وقت لدھیانہ میں مقیم اور ازالہ اوہام تحریر فرمارہے تھے مباحثہ سے متعلق خط وکتابت شروع ہوگئی اوراسی طرح دوسرے علماء نے بھی تحریر وتقریر کے ذریعہ زہر اُگلنا شروع کیا اور ’’شہاب ثاقب بر مسیح کاذب‘‘ اور ’’مثنوی رومی کی حکایت شغال کادیانی کے حسب حال‘‘ مع حکایت بوم وشیر اور سی حرفی ’’چودھویں صدی دا جھوٹا مسیح‘‘ وغیرہ نہایت دلآزار کتابیں ان کی طرف سے شائع کی گئیں اور شہر لدھیانہ میں تو مخالفت کا ایک طوفان برپا تھا۔ مختلف محلّہ جات میں آپ کے خلاف لیکچر کرائے گئے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آسمانی زندگی ثابت کرنے کے لئے پورا پورا زور لگایا گیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وفات یافتہ قرار دینے اور مسیح موعود کے دعویٰ پر آپ کی اور آپ کے متبعین کی علانیہ تکفیر کی گئی اور مولوی محمد حسین بٹالوی نے ایک استفتاء مرتب کیا جس میں مذکورہ بالا تینوں رسالوں کی عبارات قطع برید کر کے پیش کیں۔ اور اگست ۱۸۹۱ء میں ایک لمبا سفر اختیار کر کے مختلف علماء وفضلاء ہندوستان و پنجاب کا فتویٰ حاصل کیا۔ اس فتوے میں آپ کے متعلق عربی اور اردو زبان میں جو الفاظ تکفیر وتفسیق کے لئے مل سکتے تھے۔ استعمال کئے گئے لیکن حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ’’ازالہ اوہام‘‘ میں اپنے سلسلۂ بیعت میں داخل ہونے والوں کو نصیحت کرتے ہوئے لکھا:۔

> ’’اے میرے دوستو! جو میرے سلسلۂ بیعت میں داخل ہو خدا ہمیں اور تمہیں ان باتوں کی توفیق دے جن سے وہ راضی ہو جائے۔ آج تم تھوڑے ہو اور تحقیر کی نظر سے دیکھے گئے ہو۔ اور ایک ابتلاء کا وقت تم پر ہے اسی سنت اللہ کے موافق جو قدیم سے جاری ہے۔ ہر یک طرف سے کوشش ہوگی کہ تم ٹھوکر کھاؤ اور تم ہر طرح سے ستائے جاؤ گے اور طرح طرح کی باتیں تمہیں سُننی پڑیں گی اور ہر یک جو تمہیں زبان یا ہاتھ سے دکھ دے گا وہ خیال کرے گا کہ اسلام کی حمایت کر رہا ہے اور کچھ آسمانی ابتلاء بھی تم

پرآئیں گے تا تم ہر طرح سے آزمائے جاؤ۔ سو تم اس وقت سُن رکھو کہ تمہارے فتح مند اور غالب ہو جانے کی یہ راہ نہیں کہ تم اپنی خشک منطق سے کام لو یا تمسخر کے مقابل پر تمسخر کی باتیں کرو یا گالی کے مقابل پر گالی دو کیونکہ اگر تم نے یہی راہیں اختیار کیں تو تمہارے دل سخت ہو جائیں گے اور تم میں صرف باتیں ہی باتیں ہوں گی جن سے خدا تعالیٰ نفرت کرتا ہے اور کراہت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ سو تم ایسا نہ کرو کہ اپنے پر دو لعنتیں جمع کر لو ایک خلقت کی اور دوسری خدا کی بھی ...... خدا بڑی دولت ہے، اس کے پانے کے لئے مصیبتوں کے لئے تیار ہو جاؤ۔ وہ بڑی مراد ہے، اس کے حاصل کرنے کے لئے جانوں کو فدا کرو۔'' (ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۵۴۶ تا ۵۴۹)

مباحثات، تقریروں اور تحریروں میں آپ کے دعویٰ سے متعلق جو اعتراضات یا سوالات کئے گئے ان کے جوابات آپ نے ازالہ اوہام میں دئے۔ فتاویٰ تکفیر کے متعلق آپ نے فرمایا:۔

''میری روزانہ زندگی کا آرام اِسی میں ہے کہ میں اِسی کام میں لگا رہوں۔ بلکہ میں اِس کے بغیر جی ہی نہیں سکتا کہ میں اُس کا اور اس کے رسول کا اور اس کی کلام کا جلال ظاہر کروں۔ مجھے کسی کی تکفیر کا اندیشہ نہیں اور نہ کچھ پرواہ۔ میرے لئے یہ بس ہے کہ وہ راضی ہو جس نے مجھے بھیجا ہے۔ ہاں میں اس میں لذت دیکھتا ہوں کہ جو کچھ اس نے مجھ پر ظاہر کیا وہ میں سب لوگوں پر ظاہر کروں۔ اور یہ میرا فرض بھی ہے کہ جو کچھ مجھے دیا گیا وہ دوسروں کو بھی دوں۔ اور دعوتِ مولیٰ میں ان سب کو شریک کر لوں جو ازل سے بلائے گئے ہیں۔ میں اس مطلب کے پورا کرنے کے لئے قریباً سب کچھ کرنے کے لئے مستعد ہوں۔ اور جانفشانی کے لئے راہ پر کھڑا ہوں ...... اور امید رکھتا ہوں کہ وہ میری دعاؤں کو ضائع نہیں کرے گا اور میرے تمام ارادے اور اُمیدیں پوری کر دے گا۔''

(ازالۂ اوہام۔ روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۵۱۹۔۵۲۰)

# مسئلۂ نبوّت

کتاب ''فتویٰ علمائے پنجاب و ہندوستان'' ۱۸۹۱ء میں ایک وجہ تکفیر کی آپ کا دعویٰ نبوت بیان کی گئی ہے۔ مگر ساتھ ہی اس فتویٰ میں یہ بھی بہ تصریح بیان کیا گیا ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے تو وہ نبی ہوں گے۔ چنانچہ اسی فتویٰ میں ابوداؤد کی حدیث لَیْسَ بَیْنِیْ وَ بَیْنَہٗ نَبِیٌّ کو نقل کر کے لکھا ہے کہ

''اس سے بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ آنے والا مسیح نبی ہے نہ کوئی نام کا یا مثالی مسیح۔'' (اشاعۃ السنۃ جلد ۱۳ نمبر ۶ صفحہ ۱۶۵)

پھر لکھتے ہیں:۔

''ایسا ہی کسی حدیث میں یہ تصریح نہیں ہے کہ آنے والا مسیح صرف ایک مسلمان امتی ہوگا اور نبی نہ ہوگا۔'' (اشاعۃ السنۃ جلد ۱۳ نمبر ۶ صفحہ ۱۶۷)

پس ان کے نزدیک گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک مستقل نبی تو آ سکتا ہے لیکن آپؐ کی اُمت سے کوئی شخص مقامِ نبوت کو حاصل نہیں کر سکتا۔ چنانچہ اسی فتویٰ میں لکھا ہے۔

''نصوص مذکورہ صاف فیصلہ کرتے ہیں کہ جو شخص آنحضرتؐ کے بعد دعویٰ نبوت کرے (محدّث ہی کیوں نہ کہلاتا ہو) وہ دجّال و کذّاب ہے...... اور نبوت ختم شدہ کو نبوت کلّی اور تشریعی سے مخصوص کرنا اور نبوّت جزئی و غیر تشریعی کو اپنے لئے تجویز کرنا اُسی قسم سے ہے پھر اس کے دجّال و کذّاب ہونے میں کیا شک ہے۔'' (اشاعۃ السنۃ جلد ۱۳، نمبر ۶، صفحہ ۱۸۰)

اور لکھتے ہیں:۔

''قادیانی کا محدّث ہونے کا دعویٰ کرنا...... اور نبوتِ جزئی کے دروازہ کو مفتوح کہنا ان نصوص قرآن وحدیث سے انکار ہے جو مطلق نبوت کو ختم کرتے ہیں۔ قرآن مجید کی آیت خَاتَمُ النَّبِیّٖن اپنے اطلاق وعموم کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر مطلق نبوت کو ختم کرتی اور صاف بتاتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد ایسا کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جس پر لفظ نبی کا اطلاق ہو سکے گا۔''

(اشاعۃ السنۃ جلد ۱۳ نمبر ۶ صفحہ ۱۷۱)

پس ایک طرف تو اس وقت کے علماء حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کے متعلق یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بحیثیت نبی تشریف لائیں گے اور اُن پر لفظ نبی اطلاق پائے گا لیکن دوسری طرف وہ ایسی نبوت کو جو مشکٰوۃ نبوت محمدیہ سے حاصل ہوئی ہو کفر اور دجالیّت قرار دیتے تھے۔

## ازالہء اوہام کے حوالجات

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے رسالہ توضیح مرام اور متعدد جگہ ازالہ اوھام میں نبوت سے متعلق بحث کی ہے۔ مثلاً آپ فرماتے ہیں:۔

۱۔ ''حضرت عیسیٰؑ کا بحیثیت نبی نزول فرمانا ختم نبوت کے منافی ہے۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۲۴۹)

۲۔ ''کیونکر ممکن تھا کہ خاتم النّبیّین کے بعد کوئی اَور نبی اسی مفہوم تام اور کامل کے ساتھ جو نبوتِ تامہ کی شرائط میں سے ہے آ سکتا۔'' (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۳۸۷)

۳۔ ''ہاں یہ بھی سچ ہے کہ آنے والے مسیح کو نبی کر کے بھی بیان کیا گیا ہے۔ مگر اس کو امتی کر کے بھی تو بیان کیا گیا ہے۔...... صاف ظاہر ہے کہ وہ واقعی اور حقیقی طور پر نبوت تامہ کی صفت سے متصف نہیں ہوگا۔ ہاں نبوّت ناقصہ اُس میں پائی جائے گی۔ جو دوسرے لفظوں میں محدثیت کہلاتی ہے۔ اور نبوت تامہ کی شانوں میں سے ایک شان اپنے اندر رکھتی ہے۔ سو یہ بات کہ اس کو امتّی بھی کہا اور نبی بھی اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دونوں شانیں امتیت اور نبوت کی اس میں پائی جائیں گی۔ جیسا کہ محدّث میں ان دونوں کا پایا جانا ضروری ہے۔ لیکن صاحب نبوتِ تامہ تو صرف ایک شان نبوت ہی رکھتا ہے۔ غرض محدثیت دونوں رنگوں سے رنگین ہوتی ہے۔ اِسی لئے خدائے تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں بھی اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا اور نبی بھی۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۳۸۶)

۴۔ ''وُہ وعدہ کر چکا ہے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی رسول نہیں بھیجا جائے گا۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۱۶)

۵۔ آیت خاتم النّبیّین کا ذکر کر کے فرماتے ہیں:۔

''وہ رسول اللہ ہے اور ختم کرنے والا ہے نبیوں کا۔ یہ آیت بھی صاف دلالت کر رہی ہے کہ بعد ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۳۱)

۶۔ ''قرآن کریم بعد خاتم النّبیّین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا خواہ وہ نیا رسول ہو یا پُرانا ہو کیونکہ رسول کو علمِ دین بتوسط جبرئیل ملتا ہے اور بابِ نزولِ جبرائیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۵۱۱)

۷۔ ''سوال:۔ رسالہ فتح اسلام میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔

امّا الجواب:۔ نبوت کا دعویٰ نہیں بلکہ محدثیت کا دعویٰ ہے جو خدائے تعالیٰ کے حکم سے کیا گیا ہے۔ اور اس میں کیا شک ہے کہ محدثیت بھی ایک شعبہ قویہ نبوت کا اپنے اندر رکھتی ہے......قرآن شریف میں نبوت کے ساتھ اور رسالت کے ہم پہلو بیان کی گئی ہے۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۳۲۰، ۳۲۱)

۸۔ ''رسول اور امتی کا مفہوم متبائن ہے اور نیز خاتم النّبیّین ہونا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی دوسرے نبی کے آنے سے مانع ہے۔'' (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۱۰)

اِسی طرح ۱۹۰۱ء سے پہلے بعض اشتہارات اور کتب میں ایسے حوالجات موجود ہیں جن میں نبوت سے انکار کیا گیا ہے۔ اور اپنا نبی ہونا بمعنی محدّث لیا ہے۔ مثلاً ''آسمانی فیصلہ'' مطبوعہ ۱۸۹۲ء میں لکھا ہے:۔

''میں نبوت کا مدعی نہیں بلکہ ایسے مدعی کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔''

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد۴ صفحہ ۳۱۳)

اِسی طرح ایک اشتہار مطبوعہ ۱۸۹۷ء (۲۰؍شعبان ۱۳۱۴ھ) میں فرماتے ہیں:۔

''ہم بھی نبوت کے مدّعی پر لعنت بھیجتے ہیں۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد۲ صفحہ ۲۔ ایڈیشن ۲۰۰۸ء)

لیکن ۱۹۰۱ء کے بعد کی تالیفات میں اپنے آپ کو صاف طور پر نبی بھی لکھا ہے اور رسول بھی اور اُسے محدثیت یا جزئی نبوت سے تعبیر نہیں فرمایا۔

# ۱۹۰۱ء کے بعد کے حوالجات

۱۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام آیت وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا کا ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ اس آیت سے بھی

''آخری زمانہ میں ایک رسول کا مبعوث ہونا ظاہر ہوتا ہے اور وہی مسیح موعود ہے۔''

(تتمہ حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۴۹۹)

۲۔ پھر اسی آیت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''پھر یہ کیا بات ہے کہ ایک طرف تو طاعون ملک کو کھا رہی ہے اور دوسری طرف ہیبت ناک زلزلے پیچھا نہیں چھوڑتے۔ اے غافلو! تلاش تو کرو۔ شاید تم میں خدا کی طرف سے کوئی نبی قائم ہوگیا ہے جس کی تم تکذیب کر رہے ہو۔''

(تجلّیاتِ الٰہیہ ۔ روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۴۰۱)

۳۔ آیت وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''بہرحال یہ آیت آخری زمانہ میں ایک نبی کے ظاہر ہونے کی نسبت ایک پیشگوئی ہے ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ ایسے لوگوں کا نام اصحابِ رسول اللہ رکھا جائے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیدا ہونے والے تھے جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا۔ آیت ممدوحہ بالا میں یہ تو نہیں فرمایا کہ واٰخرین من الامّۃ بلکہ یہ فرمایا واٰخرین منھم. اور ہر ایک جانتا ہے کہ منھم کی ضمیر اصحاب رضی اللہ عنھم کی طرف راجع ہے۔ لہٰذا وہی فرقہ منھم میں داخل ہو سکتا ہے جس میں ایسا رسول موجود ہو کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بروز ہے۔''

(تتمہ حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۵۰۲)

۴۔ اور فرماتے ہیں:۔

''سچا خدا وہی خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔''

(دافع البلاء ۔ روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۲۳۱)

۵۔ حضرت اقدس علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

''مجھے بتلایا گیا تھا کہ تیری خبر قرآن اور حدیث میں موجود ہے اور تُو ہی اس آیت کا مصداق ہے کہ هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ.'' (اعجاز احمدی۔ روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۱۱۳)

۶۔ یکم مئی ۱۹۰۸ء کو بعد نماز جمعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ خاتم النّبیّن کے کیا معنے ہیں؟ آپ نے فرمایا:۔

''اس کے یہ معنے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی صاحبِ شریعت نہیں آوے گا اور یہ کہ کوئی ایسا نبی آپ کے بعد نہیں آ سکتا جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مُہر اپنے ساتھ نہ رکھتا ہو۔'' (الحکم ۱۰ر مئی ۱۹۰۸ء صفحہ ۴ کالم ۳)

۷۔ ''بجز اُس کے کوئی نبی صاحبِ خاتم نہیں ایک وہی ہے جس کی مُہر سے ایسی نبوت بھی مل سکتی ہے جس کے لئے امتی ہونا لازمی ہے۔'' (حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۳۰)

۸۔ آیت نُفِخَ فِی الصُّوْرِ کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''اِس جگہ **صُور** کے لفظ سے مراد **مسیح موعود** ہے۔ کیونکہ خدا کے نبی اُس کی صور ہوتے ہیں۔'' (چشمۂ معرفت۔ روحانی خزائن جلد ۲۳ صفحہ ۸۵)

۹۔ ''ایسا ہی خدا تعالیٰ نے اور اُس کے پاک رسول نے بھی مسیح موعود کا نام نبی اور رسول رکھا ہے۔'' (نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۲۶)

۱۰۔ ''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔'' (بدر ۵ر مارچ ۱۹۰۸ء صفحہ ۲ کالم ۱)

۱۱۔ اپنے آخری خط مندرجہ اخبار عام ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء میں فرماتے ہیں۔

''سو میں خدا کے حکم کے موافق نبی ہوں اگر میں اس سے انکار کروں تو میرا گناہ ہوگا اور جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے تو میں کیونکر اس سے انکار کر سکتا ہوں۔ میں اس پر قائم ہوں اُس وقت تک جو اس دنیا سے گذر جاؤں۔''

۱۲۔ ''بجز محمدی نبوت کے سب نبوتیں بند ہیں۔ شریعت والا نبی کوئی نہیں آ سکتا اور بغیر شریعت کے نبی ہو سکتا ہے مگر وہی جو پہلے اُمّتی ہو۔'' (تجلّیات الٰہیہ۔ روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۴۱۲)

۱۳۔ ’’(آنے والا عیسیٰ ۔ناقل) باوجود امتی ہونے کے وہ نبی بھی کہلائے گا‘‘

(براہین احمدیہ حصہ پنجم ۔روحانی خزائن جلد۲۱ صفحہ ۳۵۳)

۱۴۔ ’’میں نبی بھی ہوں اور امتی بھی تا کہ ہمارے سیّد و آقا کی وہ پیشگوئی پوری ہو کہ آنے والا مسیح اُمّتی بھی ہوگا اور نبی بھی۔‘‘ (آخری خط مندرجہ اخبارِ عام ۲۶ رمئی ۱۹۰۸ء)

۱۵۔ ’’اِس امت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی برکت سے ہزار ہا اولیاء ہوئے ہیں اور ایک وہ بھی ہوا جو اُمّتی بھی ہے اور نبی بھی۔‘‘ (حقیقۃ الوحی ۔روحانی خزائن جلد۲۲ صفحہ ۳۰ حاشیہ)

ان حوالہ جات میں آپ نے قرآن مجید کی پیشگوئیوں اور خدا تعالیٰ کے وعدہ کی بناء پر اپنے آپ کو رسول اور نبی قرار دیا ہے اور ازالہ اوہام سے نقل کردہ حوالجات نمبر ۵ و ۶ و ۷ میں فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی رسول یا نبی نہیں آئے گا نیا ہو یا پُرانا۔ ان دونوں قسموں کے حوالہ جات میں بظاہر تعارض نظر آتا ہے۔ لیکن حقیقت میں دیکھا جائے تو ان میں کوئی حقیقی تعارض نہیں ہے۔ کیونکہ جب آپ اپنے نبی ہونے کو بمعنی محدّث لیتے تھے تو اُس وقت آپ کے سامنے نبی اور رسول کی مندرجہ ذیل ایک خاص تعریف تھی جو عام طور پر مسلمانوں میں رائج تھی جیسا کہ حضور علیہ السلام اپنے ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:۔

’’مگر چونکہ اسلام کی اصطلاح میں نبی اور رسول کے یہ معنے ہوتے ہیں کہ وہ کامل شریعت لاتے ہیں یا بعض احکام شریعت سابقہ کو منسوخ کرتے ہیں یا نبی سابق کی امت نہیں کہلاتے اور براہ راست بغیر استفاضہ کسی نبی کے خدا تعالیٰ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لئے ہوشیار رہنا چاہئے کہ اس جگہ بھی یہی معنے نہ سمجھ لیں۔‘‘

(الحکم جلد ۳ نمبر ۲۹ مورخہ ۱۷ راگست ۱۸۹۹ء صفحہ ۶ کالم ۲)

اور اِسی کو حضور نبوتِ تامہ یا نبوتِ مستقلہ سے تعبیر فرماتے تھے اور چونکہ اس تعریف کی رُو سے آپ نبی یا رسول نہیں ٹھہرتے تھے۔ اس لئے آپ لفظ نبی کی تاویل کر کے اپنے آپ کو محدّث قرار دیتے رہے لیکن جب الہامات میں بکثرت آپ لفظ رسول اور نبی سے پکارے گئے۔ تو بار بار کے الہامات نے آپ کی توجہ کو نبی کے حقیقی مفہوم کی طرف پھیرا۔ تب آپ پر یہ منکشف ہوا کہ نبی ہونے کے لئے جو مذکورہ بالا تعریف میں شروط لگائی گئی ہیں وہ نبی ہونے کے لئے بطور شرط نہیں ہے۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

''نبی کے حقیقی معنوں پر غور نہیں کی گئی۔ نبی کے معنے صرف یہ ہیں کہ خدا سے بذریعہ وحی خبر پانے والا ہو اور شرف مکالمہ اور مخاطبہ الٰہیہ سے مشرف ہو۔ شریعت کا لانا اس کے لئے ضروری نہیں اور نہ یہ ضروری ہے کہ صاحبِ شریعت رسول کا متبع نہ ہو۔ پس ایک اُمّتی کو ایسا نبی قرار دینے سے کوئی محذور لازم نہیں آتا۔''

(براہین احمدیہ حصہ پنجم۔ روحانی خزائن جلد۲۱ صفحہ ۳۰۶)

''خدا کی یہ اصطلاح ہے جو کثرت مکالمات و مخاطبات کا نام اس نے نبوت رکھا ہے یعنی ایسے مکالمات جن میں اکثر غیب کی خبریں دی گئی ہیں۔''

(چشمۂ معرفت۔ روحانی خزائن جلد۲۳ صفحہ ۳۴۱)

چونکہ یہ شروط آپ میں پورے طور پر متحقق تھیں اس لئے آپ نے خدا کی تفہیم کے مطابق نبی سے مُراد بجائے محدّث لینے کے اپنے لئے نبی اور رسول کے الفاظ کا استعمال شروع کر دیا۔ اور اعلان فرمایا:۔

''اگر خدا تعالیٰ سے غیب کی خبریں پانے والا نبی کا نام نہیں رکھتا تو پھر بتلاؤ کس نام سے اُس کو پکارا جائے۔ اگر کہو اُس کا نام محدّث رکھنا چاہئے تو میں کہتا ہوں کہ تحدیث کے معنے کسی لغت کی کتاب میں اظہار غیب نہیں ہیں۔''

(ایک غلطی کا ازالہ۔ روحانی خزائن جلد۱۸ صفحہ ۲۰۹)

اور چونکہ یہ انعام نبوت اور یہ روحانی مقام آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمّتی ہونے اور آپکی کامل پیروی کے نتیجہ میں ملا تھا اس لئے آپ اُمّتی نبی کہلائے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو یہی دعویٰ آپ کا شروع سے رہا ہے۔ جیسا کہ ازالہ اوہام میں بھی آپ نے تحریر فرمایا ہے:۔

''ہاں یہ بھی سچ ہے کہ آنے والے مسیح کو نبی کر کے بھی بیان کیا گیا ہے مگر اس کو امتی کر کے بھی ...... اسی لئے خدائے تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں بھی اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا اور نبی بھی۔'' (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۳۸۶)

اور جب یہ فرمایا ''کیونکہ رسول اور امتی کا مفہوم متبائن ہے۔'' تو اس کی یہ تشریح بھی فرما دی کہ:۔

''صاحبِ نبوّتِ تامہ ہرگز اُمّتی نہیں ہو سکتا۔ اور جو شخص کامل طور پر رسول اللہ کہلاتا ہے وہ کامل طور پر دوسرے نبی کا مطیع اور امتی ہو جانا نصوصِ قرآنیہ اور حدیثیہ کی رُو سے بکلّی ممتنع ہے۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۰۷)

اور جب فرمایا کہ ’’خاتم النّبیّن ہونا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی دوسرے نبی کے آنے سے مانع ہے۔‘‘ تو اس کے معاً بعد یہ بھی تشریح فرما دی:۔

’’ہاں ایسا نبی جو مشکوٰۃ نبوتِ محمدیّہ سے نور حاصل کرتا ہے اور نبوتِ تامہ نہیں رکھتا جس کو دوسرے لفظوں میں محدّث بھی کہتے ہیں وہ اس تحدید سے باہر ہے کیونکہ وہ بہ باعث اتباع اور فنافی الرسول ہونے کے جناب ختم المرسلین کے وجود میں ہی داخل ہے۔ جیسے جز کل میں داخل ہوتی ہے لیکن مسیح ابن مریم جس پر انجیل نازل ہوئی جس کے ساتھ جبرائیلؑ کا نازل ہونا ایک لازمی امر سمجھا گیا ہے کسی طرح امتی نہیں بن سکتا۔ کیونکہ اس پر اس وحی کا اتباع فرض ہوگا جو وقتاً فوقتاً اس پر نازل ہوگی۔ جیسا کہ رسولوں کی شان کے لائق ہے۔ اور جب کہ وہ اپنی ہی وحی کا متبع ہوا اور جو نئی کتاب اس پر نازل ہوگی اسی کی اس نے پیروی کی تو پھر وہ امتی کیونکر کہلائے گا؟‘‘

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۱۰ و ۴۱۱)

اِسی طرح جہاں فرمایا کہ خدا تعالیٰ وعدہ کر چکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی رسول نہیں بھیجا جائے گا۔ تو وہاں بھی اس امر کی تصریح فرما دی کہ اگر مسیح ابن مریم کا نزول تسلیم کیا جائے تو پھر قرآن کریم منسوخ ہو جائے گا۔

’’لیکن خدائے تعالیٰ ایسی ذلت اور رسوائی اس امّت کے لئے اور ایسی ہتک اور کسر شان اپنے نبی مقبول خاتم الانبیاء کے لئے ہرگز روا نہیں رکھے گا کہ ایک رسول کو بھیج کر جس کے آنے کے ساتھ جبریل کا آنا ضروری امر ہے اسلام کا تختہ ہی اُلٹا دیوے۔ حالانکہ وہ وعدہ کر چکا ہے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی رسول نہیں بھیجا جائے گا۔‘‘ (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۱۶)

اور یہی تفصیل صفحہ ۴۳۱ و ۴۳۲ میں بیان کی گئی ہے۔ پس دونوں قسم کے حوالجات کی تطبیق وہی ہے جو خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ’’ایک غلطی کا ازالہ‘‘ میں فرمائی ہے کہ

’’جس جس جگہ میں نے نبوت یا رسالت سے انکار کیا ہے صرف ان معنوں سے کیا ہے کہ میں مستقل طور پر کوئی شریعت لانے والا نہیں ہوں اور نہ میں مستقل طور پر نبی

ہوں۔مگر اِن معنوں سے کہ میں نے اپنے رسول مقتداء سے باطنی فیوض حاصل کر کے اوراپنے لئے اس کا نام پا کراس کے واسطہ سے خدا کی طرف سے علم غیب پایا ہے۔ رسول اور نبی ہوں مگر بغیر کسی جدید شریعت کے۔ اِس طور کا نبی کہلانے سے میں نے کبھی انکار نہیں کیا بلکہ انہی معنوں سے خدا نے مجھے نبی اور رسول کر کے پُکارا ہے۔'' (ایک غلطی کا ازالہ۔روحانی خزائن جلد۱۸صفحہ۲۱۰،۲۱۱)

پس امتی اور نبی ہونے کا دعویٰ آپ کا ابتداء سے ہے۔صرف نبی اور رسول کی مسلمانوں میں مشہور اصطلاحی تعریف کے مدّنظر آپ پہلے اپنے متعلق نبی کے لفظ کو بمعنے محدّث لیتے رہے۔لیکن جملہ اقسام نبوت کی حقیقت منکشف ہونے پر منشائے الٰہی کے مطابق آپ ''نبی'' بمعنے محدّث لینے کی بجائے اپنے لئے نبی اور رسول استعمال کرنے لگے۔آپ فرماتے ہیں:۔

''اور یہ کہنا کہ نبوت کا دعویٰ کیا ہے کس قدر جہالت کس قدر حماقت اور کس قدر حق سے خروج ہے۔ **اے نادانو! میری مراد نبوت** سے یہ نہیں ہے کہ میں نعوذ باللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل پر کھڑا ہو کر نبوت کا دعویٰ کرتا ہوں یا کوئی نئی شریعت لایا ہوں۔صرف مراد میری نبوت سے کثرتِ مکالمت ومخاطبت الٰہیہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے حاصل ہے سو مکالمہ ومخاطبہ کے آپ لوگ بھی قائل ہیں۔پس یہ صرف لفظی نزاع ہوئی یعنی آپ لوگ جس امر کا نام مکالمہ ومخاطبہ رکھتے ہیں میں اس کی کثرت کا نام بموجب حکمِ الٰہی نبوت رکھتا ہوں۔ **و لکلّ ان یصطلح** ۔

اور میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اسی نے مجھے بھیجا ہے اور اُسی نے میرا نام نبی رکھا ہے۔''

(تتمہ حقیقۃ الوحی۔روحانی خزائن جلد۲۲صفحہ۵۰۳)

پس آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک امتی ہو کر آپ کی کامل اتباع کی برکت سے اللہ تعالیٰ سے نبی کا نام پایا تا یہ ثابت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام دوسرے انبیاء کے مقام سے بہت بلند و بالا ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

’’پہلے زمانوں میں جو کوئی نبی ہوتا تھا وہ کسی گذشتہ نبی کی اُمت نہیں کہلاتا تھا گو اُس کے دین کی نصرت کرتا تھا اور اس کو سچا جانتا تھا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ایک خاص فخر دیا گیا ہے کہ وہ ان معنوں سے خاتم الانبیاء ہیں کہ ایک تو تمام **کمالاتِ نبوت اُن پر ختم** ہیں اور دوسرے یہ کہ اُن کے بعد کوئی نئی شریعت لانے والا رسول نہیں اور نہ کوئی ایسا نبی ہے جو ان کی **اُمّت** سے باہر ہو بلکہ ہر ایک کو جو شرفِ **مکالمہ الٰہیہ** ملتا ہے وہ انہیں کے فیض اور انہیں کی وساطت سے ملتا ہے اور وہ **اُمّتی** کہلاتا ہے نہ کوئی مستقل نبی۔‘‘

(مضمون ملحقہ چشمۂ معرفت ۔ روحانی خزائن جلد ۲۳ صفحہ ۳۸۰)

پس دنیا میں عزت وفخر کے وہ لوگ وارث ہوں گے جو سیّدنا ومولنٰا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو مذکورہ بالا خاص فخر کا مالک یقین کریں گے اور آپ کے اس بلند وبالا مرتبہ پر ایمان رکھیں گے کہ آپ کی پیروی کی برکت سے اعلیٰ سے اعلیٰ روحانی کمال حتّٰی کہ نبوت کا مقام بھی بوقتِ ضرورت حاصل ہوسکتا ہے۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ.**

خاکسار

جلال الدین شمسؔ

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار



حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

ٹائیٹل بار اوّل

الحمد للہ والمنت کہ رسالہ تالیف کردہ مجدد دوران مسیح الزمان مرزا غلام احمد رئیس قادیان موسوم بہ

الہامی — کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے * جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا * حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب * خوبوں کو بھی تو تم نے مسیحا بنا دیا — الہامی

# فتح اسلام

## حصہ اوّل

اور خدا تعالیٰ کے تجلّیٔ خاص کی بشارات اور اسکی پیروی کی راہوں اور اسکی تائید کے طریقوں کی طرف دعوت

جمادی الاوّل ۱۳۰۸ھ ہجریہ

باہتمام شیخ نور احمد مالک مطبع ریاض ہند امرتسر میں طبع ہو کر ہدایت عام و تبلیغ پیام اور اتمام حجت کی غرض سے بامر واذن الٰہی شایع کیا گیا

قیمت فیجلد ۸ر

# اعلان

یہ کتاب فتح اسلام سات ۷۰۰ سو جلدیں چھپی ہیں اِن میں سے تین ۳۰۰ سو جلد محض للہ اُن لوگوں کے لیے وقف کر دی ہے جو اسلامی واعظین کے گروہ میں سے یا نادار شائقین میں سے یا عیسائیوں یا ہندوؤں کے علماء میں سے ہیں۔ باقی چار ۴۰۰ سو جلد ایسے لوگوں کو جو قیمت ادا کرنے کی مقدرت رکھتے ہیں فی جلد ۸ر کی قیمت پر دی جائیگی۔ محصول ڈاک علاوہ ہے۔ جو شخص مفت لینے والوں میں سے ہو یعنی واعظوں یا نادار لوگوں وغیرہ کے گروہ میں سے ہو اُس پر لازم ہے کہ صرف آدھ آنہ کا ٹکٹ بھیج دیوے کتاب روانہ کی جائے گی۔

**المـــــــعـــــــلـــــــن**

خاکسار مرزا غلام احمد عفی عنہ از قادیان

(۱)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمُدُہٗ وَ نُصَلِّیْ

# فتح اسلام اور خدا تعالیٰ کی تجلّی خاص کی بشارت اور اُس کی پیروی کی راہوں اور اس کی تائید کے طریقوں کی طرف دعوت

رَبِّ انْفُخْ رُوْحَ بَرَکَۃٍ فِیْ کَلَامِیْ ھٰذَا وَ اجْعَلْ اَفْئِدَۃً مِنَ النَّاسِ تَھْوِیْ اِلَیْہِ

اے ناظرین! **عافاکم اللّٰہ فی الدنیا والدین**۔ آج یہ عاجز ایک مدّت مدید کے بعد اُس الٰہی کارخانہ کے بارے میں جو خدا تعالیٰ نے دین اسلام کی حمایت کے لئے میرے سپرد کیا ہے ایک ضروری مضمون کی طرف آپ لوگوں کو توجہ دلاتا (۲) ہے اور میں اس مضمون میں جہاں تک خدا تعالیٰ نے اپنی طرف سے مجھے تقریر کرنے کا مادہ بخشا ہے اس سلسلہ کی عظمت اور اس کارخانہ کی نصرت کی ضرورت آپ صاحبوں پر ظاہر کرنا چاہتا ہوں تا وہ حق تبلیغ جو مجھ پر واجب ہے اُس سے مَیں سبکدوش ہو جاؤں۔ پس اس مضمون کے بیان کرنے میں مجھے اس سے کچھ غرض نہیں کہ اس تحریر کا دلوں پر کیا اثر پڑے گا۔ صرف غرض یہ ہے کہ جو بات مجھ پر فرض ہے اور جو پیغام پہنچانا میرے پر قرضہ لازمہ کی طرح ہے وہ جیسا کہ چاہیے مجھ سے ادا ہو جائے خواہ لوگ اُس کو بسمع رضا سنیں اور خواہ کراہت اور قبض کی نظر سے دیکھیں اور خواہ میری نسبت نیک گمان رکھیں اور یا بدظنی کو اپنے دلوں میں جگہ دیں۔ **وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہَ وَ اللّٰہُ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ** ۔

اب میں ذیل میں وہ مضمون جس کا اُوپر وعدہ دیا ہے لکھتا ہوں۔

اے حق کے طالبو اور اسلام کے سچے محبّو! آپ لوگوں پر واضح ہے کہ یہ زمانہ جس میں ہم لوگ زندگی بسر کر رہے ہیں یہ ایک ایسا تاریک زمانہ ہے کہ کیا ایمانی اور کیا عملی جس قدر
﴿۳﴾ امور ہیں سب میں سخت فساد واقع ہوگیا ہے اور ایک تیز آندھی ضلالت اور گمراہی کی ہر طرف سے چل رہی ہے۔ وہ چیز جس کو **ایمان** کہتے ہیں اسکی جگہ چند لفظوں نے لے لی ہے جن کا محض زبان سے اقرار کیا جاتا ہے اور وہ امور جن کا نام **اعمال صالحہ** ہے اُن کا مصداق چند رسوم یا اسراف اور ریا کاری کے کام سمجھے گئے ہیں اور جو حقیقی نیکی ہے اُس سے بکلی بے خبری ہے۔ اس زمانہ کا فلسفہ اور طبعی بھی روحانی صلاحیت کا سخت مخالف پڑا ہے۔ اُس کے جذبات اُس کے جاننے والوں پر نہایت بد اثر کرنیوالے اور ظلمت کی طرف کھینچنے والے ثابت ہوتے ہیں۔ وہ زہریلے مواد کو حرکت دیتے اور سوئے ہوئے شیطان کو جگا دیتے ہیں اِن علوم میں دخل رکھنے والے دینی امور میں اکثر ایسی بدعقیدگی پیدا کر لیتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کے مقرر کردہ اصولوں اور صوم و صلوٰۃ وغیرہ عبادت کے طریقوں کو تحقیر اور استہزا کی نظر سے دیکھنے لگتے ہیں۔ اُن کے دلوں میں خدا تعالیٰ کے وجود کی بھی کچھ وقعت اور عظمت نہیں بلکہ اکثر ان میں سے الحاد کے رنگ سے رنگین اور دہریت کے رگ و ریشہ سے پُر اور مسلمانوں کی اولاد کہلا کر پھر
﴿۴﴾ دشمن دین ہیں۔ جو لوگ کالجوں میں پڑھتے ہیں اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ ہنوز وہ اپنے علوم ضروریہ کی تحصیل سے فارغ نہیں ہوتے کہ دین اور دین کی ہمدردی سے پہلے ہی فارغ اور مستعفی ہو چکتے ہیں۔ یہ میں نے صرف **ایک شاخ** کا ذکر کیا ہے جو حال کے زمانہ میں ضلالت کے پھلوں سے لدی ہوئی ہے مگر اس کے سوا صدہا اور شاخیں بھی ہیں جو اس سے کم نہیں! عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ دنیا سے امانت اور دیانت ایسی اُٹھ گئی ہے کہ گویا بکلی مفقود ہوگئی ہے۔ دنیا کمانے کے لئے مکر اور فریب حد سے زیادہ بڑھ گئے ہیں۔ جو شخص سب سے زیادہ شریر ہو وہی سب سے زیادہ لائق سمجھا جاتا ہے۔ طرح طرح کی ناراستی، بددیانتی، حرام کاری، دغابازی، دروغ گوئی اور نہایت درجہ کی رُوبہ بازی

اور لالچ سے بھرے ہوئے منصوبے اور بدذاتی سے بھری ہوئی خصلتیں پھیلتی جاتی ہیں اور نہایت بے رحمی سے ملے ہوئے کینے اور جھگڑے ترقی پر ہیں۔ اور جذبات بھیمیّہ اور سَبعیّہ کا ایک طوفان اُٹھا ہوا ہے اور جس قدر لوگ اِن علوم اور قوانین مروجہ میں چست و چالاک ہوتے جاتے ہیں اُسی قدر نیک گوہری اور نیک کرداری کی طبعی خصلتیں اور حیا اور شرم اور خدا ترسی اور دیانت کی فطرتی خاصیتیں اُن میں کم ہوتی جاتی ہیں۔

﴿۵﴾ عیسائیوں کی تعلیم بھی سچائی اور ایمانداری کے اُڑانے کے لیے کئی قسم کی سرنگیں طیار کر رہی ہے اور عیسائی لوگ اسلام کے مٹا دینے کے لئے جھوٹ اور بناوٹ کی تمام باریک باتوں کو نہایت درجہ کی جانکاہی سے پیدا کر کے ہر ایک رہزنی کے موقع اور محل پر کام میں لا رہے ہیں اور بہکانے کے نئے نئے نسخے اور گمراہ کرنے کی جدید جدید صورتیں تراشی جاتی ہیں اور اس **اِنسانِ کامل** کی سخت توہین کر رہے ہیں جو تمام مقدّسوں کا فخر اور تمام مقرّبوں کا سرتاج اور تمام بزرگ رسولوں کا سردار تھا۔ یہاں تک کہ ناٹک کے تماشاؤں میں نہایت شیطنت کے ساتھ **اسلام اور ھادیٔ پاک اسلام** کی بُرے بُرے پیرائیوں میں تصویریں دکھلائی جاتی ہیں اور سوانگ نکالے جاتے ہیں اور ایسی افترائی تہمتیں تھیئٹر کے ذریعہ سے پھیلائی جاتی ہیں جن میں اسلام اور نبی پاک کی عزت کو خاک میں ملا دینے کے لئے پوری حرم زدگی خرچ کی گئی ہے۔

اَب اے مسلمانو سنو! اور غور سے سنو! کہ اسلام کی پاک تاثیروں کے روکنے کے ﴿۶﴾ لئے جس قدر پیچیدہ افترا اس عیسائی قوم میں استعمال کئے گئے اور پُر مکر حیلے کام میں لائے گئے اور اُن کے پھیلانے میں جان توڑ کر اور مال کو پانی کی طرح بہا کر کوششیں کی گئیں یہاں تک کہ نہایت شرمناک ذریعے بھی جن کی تصریح سے اس مضمون کو منزّہ رکھنا بہتر ہے اِسی راہ میں ختم کئے گئے۔ یہ کرسچن قوموں اور تثلیث کے حامیوں کی جانب سے وہ ساحرانہ کارروائیاں ہیں کہ جب تک اُن کے اِس سحر کے مقابل پر خدا تعالیٰ وہ پُر زور ہاتھ نہ دکھاوے جو معجزہ کی قدرت اپنے اندر رکھتا ہو اور اُس معجزہ سے اِس طلسمِ سحر کو پاش پاش نہ کرے تب تک اس جادوئے فرنگ سے سادہ لوح دلوں کو مخلصی حاصل ہونا

بالکل قیاس اور گمان سے باہر ہے۔ سو خدا تعالیٰ نے اس جادو کے باطل کرنے کے لئے اِس زمانہ کے سچے مسلمانوں کو یہ معجزہ دیا کہ اپنے اس بندہ کو اپنے الہام اور کلام اور اپنی برکاتِ خاصہ سے مشرف کر کے اور اپنی راہ کے باریک علوم سے بہرۂ کامل بخش کر مخالفین کے مقابل پر بھیجا اور بہت سے آسمانی تحائف اور علوی عجائبات اور روحانی معارف و دقائق ساتھ دیئے تا اس آسمانی پتھر کے ذریعہ سے وہ موم کا بت توڑ دیا جائے جو سحر فرنگ نے تیار کیا ہے۔ سواے مسلمانو! اس عاجز کا ظہور ساحرانہ تاریکیوں کے اُٹھانے کی لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک معجزہ ہے۔ **کیا ضرور نہیں تھا کہ سحر کے مقابل پر معجزہ بھی دنیا میں آتا**۔ کیا تمہاری نظروں میں یہ بات عجیب اور ان ہونی ہے کہ خدا تعالیٰ نہایت درجہ کے مکروں کے مقابلہ پر جو سحر کی حقیقت تک پہنچ گئے ہیں ایک ایسی حقانی چمکار دکھاوے جو معجزہ کا اثر رکھتی ہو۔ ﴿۷﴾

اے دانشمندو! تم اس سے تعجب مت کرو کہ خدا تعالیٰ نے اس ضرورت کے وقت میں اور اس گہری تاریکی کے دنوں میں ایک آسمانی روشنی نازل کی اور ایک بندہ کو مصلحتِ عام کے لئے خاص کر کے بغرض اعلائے کلمۂ اسلام و اشاعتِ نورِ حضرت خیرالانام اور تائید مسلمانوں کے لئے اور نیز اُن کی اندرونی حالت کے صاف کرنے کے ارادہ سے دنیا میں بھیجا۔ تعجب تو اس بات میں ہوتا کہ وہ خدا جو حامی دین اسلام ہے جس نے وعدہ کیا تھا کہ میں ہمیشہ تعلیم قرآنی کا نگہبان رہوں گا اور اسے سرد اور بے رونق اور بے نور ہونے نہیں دوں گا۔ وہ اس تاریکی کو دیکھ کر اور اِن اندرونی اور بیرونی فسادوں پر نظر ڈال کر چپ رہتا اور اپنے اُس وعدہ کو یاد نہ کرتا جس کو اپنے پاک کلام میں مؤکد طور پر بیان کر چکا تھا۔ پھر میں کہتا ہوں کہ اگر تعجب کی جگہ تھی تو یہ تھی کہ اُس پاک رسول کی یہ صاف اور کھلی پیشگوئی خطا جاتی جس میں فرمایا گیا تھا کہ ہر ایک صدی کے سر پر خدا تعالیٰ ﴿۸﴾ ایک ایسے بندہ کو پیدا کرتا رہے گا کہ جو اس کے دین کی تجدید کرے گا☆ سو یہ تعجب کا مقام نہیں

---

☆ صرف رسمی اور ظاہری طور پر قرآن شریف کے تراجم پھیلانا یا فقط کتب دینیہ اور احادیث نبویہ کو اُردو یا فارسی میں ترجمہ کر کے رواج دینا یا بدعات سے بھرے ہوئے خشک طریقے جیسے زمانۂ حال کے اکثر

بلکہ ہزار در ہزار شکر کا مقام اور ایمان اور یقین کے بڑھانے کا وقت ہے کہ خدا تعالیٰ نے اپنے
﴿۹﴾ فضل و کرم سے اپنے وعدہ کو پورا کر دیا اور اپنے رسول کی پیشگوئی میں ایک منٹ کا بھی فرق
پڑنے نہیں دیا اور نہ صرف اس پیشگوئی کو پوری کر کے دکھلایا بلکہ آئندہ کے لئے بھی ہزاروں
﴿۱۰﴾ پیشگوئیوں اور خوارق کا دروازہ کھول دیا۔ اگر تم ایماندار ہو تو شکر کرو اور شکر کے سجدات بجالاؤ
کہ وہ زمانہ جس کا انتظار کرتے کرتے تمہارے بزرگ آباء گزر گئے اور بیشمار روحیں اُس کے
شوق میں ہی سفر کر گئیں وہ وقت تم نے پالیا۔ اب اس کی قدر کرنا یا نہ کرنا اور اس سے فائدہ اُٹھانا
یا نہ اُٹھانا تمہارے ہاتھ میں ہے۔ میں اس کو بار بار بیان کروں گا اور اِس کے اظہار سے میں

**بقیہ حاشیہ**

مشائخ کا دستور ہو رہا ہے سکھلانا یہ امور ایسے نہیں ہیں جن کو کامل اور واقعی طور پر تجدید دین کہا جائے
بلکہ مؤخر الذکر طریق تو شیطانی راہوں کی تجدید ہے اور دین کا رہزن۔ قرآن شریف اور احادیث
صحیحہ کو دنیا میں پھیلانا بے شک عمدہ طریق ہے مگر رسمی طور پر اور تکلف اور فکر اور خوض سے یہ کام
کرنا اور اپنا نفس واقعی طور پر حدیث اور قرآن کا مورد نہ ہونا ایسی ظاہری اور بے مغز خدمتیں ہر ایک
باعلم آدمی کر سکتا ہے اور ہمیشہ جاری ہیں۔ ان کو مجددیت سے کچھ علاقہ نہیں یہ تمام امور خدا تعالیٰ
کے نزدیک فقط استخوان فروشی ہے اس سے بڑھکر نہیں۔ اللہ جلّشانہٗ فرماتا ہے لِمَ تَقُوْلُوْنَ
﴿۹﴾ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۔ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ[1]۔ اور فرماتا ہے
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ[2]۔ اندھا
اندھے کو کیا راہ دکھاوے گا اور مجذوم دوسروں کے بدنوں کو کیا صاف کرے گا۔ تجدید دین وہ پاک
کیفیت ہے کہ اوّل عاشقانہ جوش کے ساتھ اس پاک دل پر نازل ہوتی ہے کہ جو مکالمہ الٰہی کے درجہ تک
پہنچ گیا ہو پھر دوسروں میں جلد یا دیر سے اس کی سرایت ہوتی ہے۔ جو لوگ خدا تعالیٰ کی طرف سے
مجددیت کی قوت پاتے ہیں وہ نرے استخوان فروش نہیں ہوتے بلکہ وہ واقعی طور پر نائب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اور روحانی طور پر آنجناب کے خلیفہ ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ انہیں ان تمام نعمتوں کا وارث بناتا ہے
جو نبیوں اور رسولوں کو دی جاتی ہیں اور ان کی باتیں از قبیل جوشیدن ہوتی ہیں نہ محض از قبیل کو
شیدن۔ اور وہ حال سے بولتے ہیں نہ مجرد قال سے۔ اور خدا تعالیٰ کے الہام کی تجلّی ان کے دلوں پر ہوتی
﴿۱۰﴾ ہے اور وہ ہر ایک مشکل کے وقت روح القدس سے سکھلائے جاتے ہیں اور ان کی گفتار اور کردار میں
دنیا پرستی کی ملونی نہیں ہوتی کیونکہ وہ بکلی مصفا کئے گئے اور بتمام و کمال کھینچے گئے ہیں۔ منہ

[1] الصّف:۳،۴ [2] المائدة :۱۰۶

رُک نہیں سکتا کہ میں وہی ہوں **جو وقت پر اصلاح خلق کے لئے بھیجا گیا** تا دین کو تازہ طور پر دلوں میں قائم کر دیا جائے۔ میں اس طرح بھیجا گیا ہوں جس طرح سے وہ شخص بعد کلیم اللہ مرد خدا کے بھیجا گیا تھا جس کی روح ہیروڈیس کے عہد حکومت میں بہت تکلیفوں کے بعد آسمان کی طرف اٹھائی گئی۔ سو جب دوسرا کلیم اللہ جو حقیقت میں سب سے پہلا اور سیّد الانبیاء ہے دوسرے فرعونوں کی سرکوبی کے لئے آیا جس کے حق میں ہے اِنَّآ اَرۡسَلۡنَآ اِلَيۡكُمۡ رَسُوۡلًا شَاهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا[1] تو اس کو
﴿۱۱﴾ بھی جو اپنی کارروائیوں میں کلیم اوّل کا مثیل مگر رتبہ میں اس سے بزرگ تر تھا ایک مثیل المسیح کا وعدہ دیا گیا اور وہ مثیل المسیح قوت اور طبع اور خاصیت مسیح ابن مریم کی پاکر اسی زمانہ کی مانند اور اسی مدت کے قریب قریب جو کلیم اول کے زمانہ سے مسیح ابن مریم کے زمانہ تک تھی یعنی چودھویں صدی میں آسمان سے اُترا اور وہ اُترنا روحانی طور پر تھا جیسا کہ مکمل لوگوں کا صعود کے بعد خلق اللہ کی اصلاح کے لئے نزول ہوتا ہے اور سب باتوں میں اُسی زمانہ کے ہم شکل زمانہ میں اُترا جو مسیح ابن مریم کے اُترنے کا زمانہ تھا تا سمجھنے والوں کے لئے نشان ہو۔☆ پس ہر ایک کو چاہیے کہ اس سے انکار کرنے میں جلدی نہ کرے

☆ یہ زمانہ جس میں ہم ہیں یہ ایک ایسا زمانہ ہے کہ ظاہر پرستی اور روح اور حقیقت سے دوری اور دیانت اور امانت سے محرومی اور سچائی اور اخلاقی پاکیزگی سے مہجوری اور لالچ اور بخل اور حب دنیا سے معموری اس زمانہ میں عام طور پر ایسی ہی پھیل گئی ہے کہ جیسے حضرت مسیح ابن مریم کے ظہور کے وقت یہودیوں میں پھیلی ہوئی تھی۔ پس جیسے یہودی لوگ اُس زمانہ میں بکلی حقیقی نیکی سے بے خبر ﴿۱۲﴾ ہو گئے تھے۔ صرف رسوم اور عادات کو نیکی سمجھتے تھے اور علاوہ اس کے دیانت اور امانت اور اندرونی صفائی اور عدالت اُن میں سے بالکل اٹھ گئی تھی۔ سچی ہمدردی اور سچے رحم کا نام و نشان نہیں رہا تھا اور انواع اقسام کی مخلوق پرستی نے معبود حقیقی کی جگہ لے لی تھی۔ ایسا ہی اس زمانہ میں یہ تمام بلائیں ظہور میں آ گئی ہیں۔ حلال چیزوں کو شکر اور مشکورانہ فروتنی کے ساتھ استعمال نہیں کیا جاتا۔

[1] المزمل: ۱۶

تا خدا تعالیٰ سے لڑنے والا نہ ٹھہرے۔ دنیا کے لوگ جو تاریک خیال اور اپنے پُرانے تصورات ﴿۱۲﴾
پر جمے ہوئے ہیں وہ اس کو قبول نہیں کریں گے مگر عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جو اُن کی غلطی
اُن پر ظاہر کردے گا۔ ’’دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اُس کو قبول نہیں کیا لیکن خدا اُسے قبول
کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اُس کی سچائی ظاہر کر دیگا۔‘‘ یہ انسان کی بات نہیں خدا تعالیٰ ﴿۱۳﴾
کا الہام اور رب جلیل کا کلام ہے۔ اور میں یقین رکھتا ہوں کہ اُن حملوں کے دن نزدیک ہیں۔
مگر یہ حملے تیغ و تبر سے نہیں ہوں گے اور تلواروں اور بندوقوں کی حاجت نہیں پڑے گی. بلکہ
روحانی اسلحہ کے ساتھ خدا تعالیٰ کی مدد اترے گی اور یہودیوں سے سخت لڑائی ہوگی۔ وہ کون ﴿۱۴﴾
ہیں؟ اس زمانہ کے ظاہر پرست لوگ جنہوں نے بالاتفاق یہودیوں کے قدم پر قدم رکھا ہے اُن

بقیہ حاشیہ

حرام کے ارتکاب سے کوئی کراہت اور نفرت باقی نہیں رہی خدا تعالیٰ کے بزرگ حکم تاویلوں
کے ساتھ ٹال دئے جاتے ہیں۔ ہمارے اکثر علماء بھی اُس وقت کے فقیہوں اور فریسیوں سے
کم نہیں۔ مچھر چھانتے اور اونٹ کو نگل جاتے ہیں۔ آسمان کی بادشاہت لوگوں کے آگے
بند کرتے ہیں نہ تو آپ اس میں جاتے ہیں اور نہ جانے والوں کو جانے دیتے ہیں۔ لمبی چوڑی
نمازیں پڑھتے ہیں مگر دل میں اُس معبود حقیقی کی محبت اور عظمت نہیں۔ منبروں پر بیٹھ کر بڑی ﴿۱۳﴾
رقت آمیز وعظ کرتے ہیں مگر اُن کے اندرونی کام اَور ہی ہیں۔ عجیب ہیں اُن کی آنکھیں کہ باوجود
اُن کے دلوں کی سرکشی اور مفسدانہ ارادوں کے رونے کا بہت ملکہ رکھتی ہیں۔ اور عجیب ہیں انکی
زبانیں کہ باوجود سخت بیگانہ ہونے دلوں کے آشنائی کا دم بھرتی ہیں۔ اسی طرح یہودیت کی
خصلتیں ہر طرف پھیلی ہوئی نظر آتی ہیں۔ تقویٰ اور خداترسی میں بڑا فرق آ گیا ہے۔ ایمانی
کمزوری نے الٰہی محبت کو ٹھنڈا کر دیا ہے۔ دنیا کی محبت میں لوگ دبے جاتے ہیں اور ضرور تھا
کہ ایسا ہی ہوتا کیونکہ حضرت عالی سیّدنا ومولانا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم بطور پیشگوئی فرما چکے
ہیں کہ ’’اس اُمت پر ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں وہ یہودیوں سے سخت درجہ کی مشابہت
پیدا کر لے گی اور وہ سارے کام کر دکھائے گی جو یہودی کر چکے ہیں یہاں تک کہ اگر یہودی ﴿۱۴﴾

سب کو آسمانی سیف اللہ دو ٹکڑے کرے گی اور یہودیت کی خصلت مٹا دی جائے گی اور ہر ایک
حق پوش دجال دنیا پرست یک چشم جو دین کی آنکھ نہیں رکھتا حجّت قاطعہ کی تلوار سے قتل کیا ﴿۱۵﴾
جائے گا اور سچائی کی فتح ہوگی اور اسلام کے لئے پھر اُس تازگی اور روشنی کا دن آئے گا جو پہلے
وقتوں میں آ چکا ہے اور وہ آفتاب اپنے پورے کمال کے ساتھ پھر چڑھے گا جیسا کہ پہلے چڑھ
چکا ہے لیکن ابھی ایسا نہیں۔ ضرور ہے کہ آسمان اُسے چڑھنے سے روکے رہے جب تک کہ ﴿۱۶﴾
محنت اور جانفشانی سے ہمارے جگر خون نہ ہو جائیں اور ہم سارے آراموں کو اُس کے ظہور
کے لئے نہ کھو دیں اور اعزاز اسلام کے لیے ساری ذلّتیں قبول نہ کر لیں۔ **اسلام کا زندہ ہونا
ہم سے ایک فدیہ مانگتا ہے۔ وہ کیا ہے؟ ہمارا اسی راہ میں مرنا۔** یہی موت ہے جس پر ﴿۱۷﴾

---

بقیہ حاشیہ

چوہے کے سوراخ میں داخل ہوئے ہیں تو وہ بھی داخل ہوگی۔ تب فارس کی اصل میں سے ایک
ایمان کی تعلیم دینے والا پیدا ہوگا۔ اگر ایمان ثریا میں معلق ہوتا تو وہ اُسے اُس جگہ سے بھی
پالیتا''۔ یہ پیشگوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جس کی حقیقت الہامِ الٰہی نے اس عاجز پر
کھول دی اور تصریح سے اسکی کیفیت ظاہر کر دی اور مجھ پر خدا تعالیٰ نے اپنے الہام کے ذریعہ
سے کھول دیا کہ حضرت مسیح بن مریم بھی درحقیقت ایک ایمان کی تعلیم دینے والا تھا جو حضرت
موسیٰ سے چودہ۱۴سو برس بعد پیدا ہوا۔ اس زمانہ میں کہ جبکہ یہودیوں کی ایمانی حالت نہایت کمزور
ہوگئی تھی اور وہ بوجہ کمزوری ایمان کے اُن تمام خرابیوں میں پھنس گئے تھے جو درحقیقت بے ایمانی
کی شاخیں ہیں۔ پس جبکہ اس اُمت کو بھی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے عہد پر چودہ۱۴سو ﴿۱۵﴾
برس کے قریب مدت گزری تو وہی آفات اِن میں بھی بکثرت پیدا ہوگئیں جو یہودیوں میں پیدا
ہوئی تھیں تا وہ پیشگوئی پوری ہو جو اُن کے حق میں کی گئی تھی۔ پس خدا تعالیٰ نے اِن کے لئے بھی ایک
ایمان کی تعلیم دینے والا مثیل مسیح اپنی قدرت کاملہ سے بھیج دیا۔ **مسیح** جو آنے والا تھا یہی ہے چاہو تو
قبول کرو۔ جس کسی کے کان سننے کے ہوں سنے۔ یہ خدا تعالیٰ کا کام ہے اور لوگوں کی نظر میں عجیب۔
اور اگر کوئی اس امر کی تکذیب کرے تو پہلے راستبازوں کی بھی تکذیب ہو چکی ہے۔ یوحنّا یعنی یحیٰی کو

اسلام کی زندگی مسلمانوں کی زندگی اور زندہ خدا کی تجلّی موقوف ہے اور یہی وہ چیز ہے جس کا دوسرے لفظوں میں اسلام نام ہے۔ اسی اسلام کا زندہ کرنا خدا تعالیٰ اَب چاہتا ہے اور ضرور تھا کہ وہ اس مہم عظیم کے روبراہ کرنے کے لئے ایک عظیم الشان کارخانہ جو ہر ایک پہلو سے مؤثر ہو اپنی طرف سے قائم کرتا۔ سواُس حکیم وقدیر نے اس عاجز کو اصلاح خلائق کے لئے

بقیہ حاشیہ

جو زکریا کا بیٹا تھا یہودیوں نے ہرگز قبول نہیں کیا حالانکہ **مسیح** نے اس کے بارے میں شہادت دی کہ یہ وہی ہے جو آسمان پر اُٹھایا گیا تھا جس کے پھر آسمان سے اُترنے کا پاک نوشتوں میں وعدہ
﴿۱۶﴾ تھا۔ خدا تعالیٰ ہمیشہ استعاروں سے کام لیتا ہے اور طبع اور خاصیت اور استعداد کے لحاظ سے ایک کا نام دوسرے پر وارد کر دیتا ہے۔ جو ابراہیم کے دل کے موافق دل رکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ابراہیم ہے اور جو عمر فاروق کا دل رکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک عمر فاروق ہے۔ کیا تم یہ حدیث پڑھتے نہیں کہ اگر اس اُمت میں بھی محدث ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کلام کرتا ہے تو وہ عمر ہے۔ اب کیا اِس حدیث کے یہ معنی ہیں کہ محدثیت حضرت عمر پر ختم ہو گئی۔ ہرگز نہیں بلکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص کی روحانی حالت عمر کی روحانی حالت کے موافق ہو گئی وہی ضرورت کے وقت پر محدث ہو گا۔ چنانچہ اس عاجز کو بھی ایک مرتبہ اِس بارے میں الہام ہوا تھا
﴿۱۷﴾ فِیْکَ مَادَۃٌ فَارُوْقِیَّۃٌ ۔ سو اس عاجز کو اور بزرگوں کی فطرتی مشابہت سے علاوہ جس کی تفصیل براہین احمدیہ میں بہ بسط تمام مندرج ہے حضرت مسیح کی فطرت سے ایک خاص مشابہت ہے اور اسی فطرتی مشابہت کی وجہ سے مسیح کے نام پر یہ عاجز بھیجا گیا تا صلیبی اعتقاد کو پاش پاش کر دیا جائے۔ سو میں صلیب کے توڑنے اور خنزیروں کے قتل کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ میں آسمان سے اُترا ہوں اُن پاک فرشتوں کے ساتھ جو میرے دائیں بائیں تھے جن کو میرا خدا جو میرے ساتھ ہے میرے کام کے پورا کرنے کے لئے ہر ایک مستعد دل میں داخل کرے گا بلکہ کر رہا ہے اور اگر میں چپ بھی رہوں اور میری قلم لکھنے سے رکی بھی رہے تب بھی وہ فرشتے جو میرے ساتھ اُترے ہیں اپنا کام بند نہیں کر سکتے اور اُن کے ہاتھ میں
﴿۱۸﴾ بڑی بڑی گرزیں ہیں جو صلیب توڑنے اور مخلوق پرستی کی ہیکل کچلنے کے لئے دئے گئے ہیں

«۱۸» بھیج کر ایسا ہی کیا اور دنیا کو حق اور راستی کی طرف کھینچنے کے لئے کئی شاخوں پر امر تائید حق اور اشاعت اسلام کو منقسم کر دیا۔ چنانچہ منجملہ ان شاخوں کے ایک شاخ تالیف اور تصنیف کا سلسلہ ہے جس کا اہتمام اِس عاجز کے سپرد کیا گیا۔ اور وہ معارف و دقائق سکھلائے گئے جو
«۱۹» انسان کی طاقت سے نہیں بلکہ صرف خدا تعالیٰ کی طاقت سے معلوم ہو سکتے ہیں اور انسانی تکلف سے نہیں بلکہ روح القدس کی تعلیم سے مشکلات حل کر دیئے گئے۔

بقیہ حاشیہ

شاید کوئی بے خبر اس حیرت میں پڑے کہ فرشتوں کا اُترنا کیا معنی رکھتا ہے۔ سو واضح ہو کہ عادت اللہ اِس طرح پر جاری ہے کہ جب کوئی رسول یا نبی یا محدث اصلاح خلق اللہ کے لئے آسمان سے اترتا ہے تو ضرور اس کے ساتھ اور اس کے ہمرکاب ایسے فرشتے اُترا کرتے ہیں کہ جو مستعد دلوں میں ہدایت ڈالتے ہیں اور نیکی کی رغبت دلاتے ہیں اور برابر اُترتے رہتے ہیں جب تک کفر اور ضلالت کی ظلمت دور ہو کر ایمان اور راستبازی کی صبح صادق نمودار ہو جیسا کہ اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۔سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ [۱] سو ملائکہ اور روح القدس کا تنزل یعنی آسمان سے اُترنا اُسی وقت
«۱۹» ہوتا ہے جب ایک عظیم الشان آدمی خلعت خلافت پہن کر اور کلام اِلٰہی سے شرف پا کر زمین پر نزول فرماتا ہے روح القدس خاص طور پر اس خلیفہ کو ملتی ہے اور جو اس کے ساتھ ملائکہ ہیں وہ تمام دنیا کے مستعد دلوں پر نازل کئے جاتے ہیں۔ تب دنیا میں جہاں جہاں جوہر قابل پائے جاتے ہیں سب پر اُس نور کا پرتوہ پڑتا ہے اور تمام عالم میں ایک نورانیت پھیل جاتی ہے اور فرشتوں کی پاک تاثیر سے خود بخود دلوں میں نیک خیال پیدا ہونے لگتے ہیں اور توحید پیاری معلوم ہونے لگتی ہے اور سیدھے دلوں میں راست پسندی اور حق جوئی کی ایک روح پھونک دی جاتی ہے اور کمزوروں کو طاقت عطا کی جاتی ہے اور ہر طرف ایسی ہوا چلنی شروع ہو جاتی ہے کہ جو اس مصلح کے مدعا اور مقصد کو مدد دیتی ہے ایک پوشیدہ ہاتھ کی تحریک
«۲۰» سے خود بخود لوگ صلاحیت کی طرف کھسکتے چلے آتے ہیں اور قوموں میں ایک جنبش سی شروع ہو جاتی ہے۔ تب ناسمجھ لوگ گمان کرتے ہیں کہ دنیا کے خیالات نے خود بخود راستی کی طرف

[۱] القدر: ۵۔۶

**دوسری شاخ** اس کارخانہ کی اشتہارات جاری کرنے کا سلسلہ ہے جو بحکمِ الٰہی **اتمامِ حجت** کی غرض سے جاری ہے اور اب تک بیس۲۰ ہزار سے کچھ زیادہ اشتہارات اسلامی **حجتوں** کو غیر قوموں پر پورا کرنے کے لئے شائع ہو چکے ہیں اور آئندہ ضرورت کے وقتوں میں ہمیشہ ہوتے رہیں گے۔ ﴾۲۰﴿

**بقیہ حاشیہ**

پلٹا کھایا ہے لیکن درحقیقت یہ کام اُن فرشتوں کا ہوتا ہے کہ جو اس خلیفۃ اللہ کے ساتھ آسمان سے اُترتے ہیں اور حق کے قبول کرنے اور سمجھنے کے لئے غیر معمولی طاقتیں بخشتے ہیں۔ سوئے ہوئے لوگوں کو جگا دیتے ہیں اور مستوں کو ہشیار کرتے ہیں اور بہروں کے کان کھولتے ہیں اور مردوں میں زندگی کی روح پھونکتے ہیں اور اُن کو جو قبروں میں ہیں باہر نکال لاتے ہیں۔ تب لوگ یکدفعہ آنکھیں کھولنے لگتے ہیں اور اُن کے دلوں پر وہ باتیں کُھلنے لگتی ہیں جو پہلے مخفی تھیں۔ اور وہ درحقیقت یہ فرشتے خلیفۃ اللہ سے الگ نہیں ہوتے اُسی کے چہرہ کا نور اور اُسی کی ہمت کے آثارِ جلیّہ ہوتے ہیں جو اپنی قوتِ مقناطیسی سے ہر ایک مناسبت رکھنے والے کو اپنی ﴾۲۱﴿ طرف کھینچتے ہیں خواہ وہ جسمانی طور پر نزدیک ہو یا دُور ہو اور خواہ آشنا ہو یا بکلّی بیگانہ اور نام تک بے خبر ہو۔ غرض اُس زمانہ میں جو کچھ نیکی کی طرف حرکتیں ہوتی ہیں اور راستی کے قبول کرنے کے لئے جوش پیدا ہوتے ہیں خواہ وہ جوش ایشیائی لوگوں میں پیدا ہوں یا یورپ کے باشندوں میں یا امریکہ کے رہنے والوں میں درحقیقت انہیں فرشتوں کی تحریک سے جو اس خلیفۃ اللہ کے ساتھ اُترتے ہیں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ یہ الٰہی قانون ہے جس میں کبھی تبدیلی نہیں پاؤ گے اور بہت صاف اور سریع الفہم ہے۔ اور تمہاری بدقسمتی ہے اگر تم اس پر غور نہ کرو۔ چونکہ یہ عاجز راستی اور سچائی کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے اس لئے تم صداقت کے نشان ہر ایک طرف سے پاؤ گے۔ وہ وقت دور نہیں بلکہ بہت قریب ہے کہ جب تم ﴾۲۲﴿ فرشتوں کی فوجیں آسمان سے اُترتی اور ایشیا اور یورپ اور امریکہ کے دلوں پر نازل ہوتی دیکھو گے۔ یہ تم قرآن شریف سے معلوم کر چکے ہو کہ خلیفۃ اللہ کے نزول کے ساتھ فرشتوں کا

**تیسری شاخ** اس کارخانہ کی واردین اور صادرین اور حق کی تلاش کے لئے سفر کرنے والے اور دیگر اغراض متفرّقہ سے آنیوالے ہیں جو اس آسمانی کارخانہ کی خبر پا کر اپنی اپنی نیّتوں کی تحریک سے ملاقات کے لئے آتے رہتے ہیں۔ یہ شاخ بھی برابر نشوونما میں ہے۔ اگرچہ ﴿۲۱﴾
بعض دنوں میں کچھ کم مگر بعض دنوں میں نہایت سرگرمی سے اس کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ان سات برسوں میں ساٹھ۶۰ ہزار سے کچھ زیادہ مہمان آئے ہوں گے اور جس قدر اُن میں سے مستعد لوگوں کو تقریری ذریعوں سے روحانی فائدہ پہنچایا گیا اور اُن کے ﴿۲۲﴾
مشکلات حل کر دئے گئے۔

**بقیہ حاشیہ**

نازل ہونا ضروری ہے تا دلوں کو حق کی طرف پھیریں سو تم اس نشان کے منتظر رہو۔ اگر فرشتوں کا نزول نہ ہوا اور اُن کے اُترنے کی نمایاں تاثیریں تم نے دنیا میں نہ دیکھیں اور حق کی طرف دلوں کی جنبش کو معمول سے زیادہ نہ پایا تو تم نے یہ سمجھنا کہ آسمان سے کوئی نازل نہیں ہوا لیکن اگر یہ سب باتیں ظہور میں آ گئیں تو تم انکار سے باز آؤ تا تم خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک سرکش قوم نہ ٹھہرو۔

**دوسرا نشان** یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس عاجز کو اُن نوروں سے خاص کیا ہے جو برگزیدہ بندوں کو ملتے ہیں جن کا دوسرے لوگ مقابلہ نہیں کر سکتے۔ پس اگر تم کو شک ہو تو مقابلہ کے لئے ﴿۲۳﴾
آؤ اور یقیناً سمجھو کہ تم ہرگز مقابلہ نہیں کر سکو گے۔ تمہارے پاس زبانیں ہیں مگر دل نہیں۔ جسم ہے مگر جان نہیں۔ آنکھوں کی پتلی ہے مگر اُس میں نور نہیں۔ خدا تعالیٰ تمہیں نور بخشے تا تم دیکھ لو۔

**تیسرا نشان** یہ ہے کہ وہ برگزیدہ نبی جس پر تم ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہو اس پاک نبی علیہ السلام نے اس عاجز کے بارے میں لکھا ہے جو تمہاری صحاح میں موجود ہے جس پر آج تک تم نے کبھی غور نہیں کی۔ سو تم دراصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نہانی دشمن ہو کہ اُن کی تصدیق کے لئے نہیں بلکہ تکذیب کے لئے فکر کر رہے ہو۔ اب بہتیرے تم میں سے کفر کا فتویٰ لکھیں گے اور اگر ممکن ہوتا تو قتل کر دیتے لیکن یہ حکومت اس قوم کی حکومت نہیں جو اشتعال میں بہت زیادہ اور سمجھنے میں بہت نالائق اور اخلاقی بردباری سے بہت پیچھے رہی ہوئی اور یہودیت کی روح کو زندہ کر کے دکھلا رہی ہو۔ یہ حکومت اگرچہ ایمانی ﴿۲۴﴾
فضیلتوں اور برکتوں کو اپنے ساتھ نہیں رکھتی تاہم ہیروڈیس کے عہد حکومت سے جس کے ساتھ

اور اُن کی کمزوری کو دور کر دیا گیا اس کا علم خدا تعالیٰ کو ہے۔ مگر اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ زبانی تقریریں جو سائلین کے سوالات کے جواب میں کی گئیں یا کی جاتی ہیں یا اپنی طرف سے محل اور موقعہ کے مناسب کچھ بیان کیا جاتا ہے یہ طریق بعض صورتوں میں تالیفات کی نسبت نہایت ﴿۲۳﴾ مفید اور مؤثر اور جلدتر دلوں میں بیٹھنے والا ثابت ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام نبی اس طریق کو ملحوظ رکھتے رہے ہیں اور بجز خدا تعالیٰ کے کلام کے جو خاص طور پر بلکہ قلم بند ہو کر شائع کیا گیا باقی جس قدر مقالات انبیاء ہیں وہ اپنے اپنے محل پر تقریروں کی طرح پھیلتے رہے ہیں۔ عام قاعدہ ﴿۲۴﴾

بقیہ حاشیہ

حضرت مسیح بن مریم کا معاملہ پڑا تھا بدرجہا بہتر اور حال کی اسلامی ریاستوں سے بلحاظ امن اور عام رفاہیت کے پھیلانے اور آزادی بخشنے اور حفاظت اور تربیت رعایا اور انتظام قانون معدلت اور سرکوبی مجرموں کے بمراتب افضل ہے۔ خدا تعالیٰ کی عمیق حکمت نے جیسا کہ مسیح کو یہودیوں کے ایام حکومت میں اور اُن کی گورنمنٹ کے ماتحت مبعوث نہیں فرمایا تھا۔ ایسا ہی اس عاجز کی نسبت بھی یہی مصلحت مرعی رکھی گئی تا سمجھنے والوں کے لئے نشان ہو۔ اگر زمانہ حال کے منکر میرے ساتھ باستہزاء پیش آویں تو افسوس کا مقام نہیں کیونکہ ان سے پہلے جو گزرے ہیں انہوں نے اِن سے بدتر اپنے وقت کے نبیوں کے ساتھ سلوک کیا مسیح سے بھی ﴿۲۵﴾ بہت مرتبہ ہنسی ٹھٹھا ہوا۔ ایک دفعہ بھائیوں نے ہی جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے چاہا کہ اس کو دیوانہ قرار دے کر قید خانہ میں مقید کرادیں۔ اور بیگانوں نے تو کئی دفعہ اُس کو جان سے مار دینے کا ارادہ کیا اور اُس پر پتھر چلائے اور نہایت تحقیر کی نظر سے اُس کے مُنہ پر تھوکا بلکہ ایک دفعہ اس کو اپنے زعم میں صلیب پر چڑھا کر قتل کر دیا مگر چونکہ ہڈی نہیں توڑی گئی تھی اس لئے وہ ایک خوش اعتقاد اور نیک آدمی کی حمایت سے بچ گیا اور بقیہ ایامِ زندگی بسر کر کے آسمان کی طرف اُٹھایا گیا۔ مسیح کے ارادت مندوں اور دن رات کے دوستوں اور رفیقوں نے بھی لغزش کھائی۔ ایک نے تیس روپے رشوت لے کر اس کو پکڑوا دیا اور ایک نے

نبیوں کا یہی تھا کہ ایک محل شناس لیکچرار کی طرح ضرورتوں کے وقتوں میں مختلف مجالس اور محافل میں اُن کے حال کے مطابق روح سے قوت پا کر تقریریں کرتے تھے مگر نہ اِس زمانہ کے متکلّموں کی طرح کہ جن کو اپنی تقریر سے فقط اپنا علمی سرمایہ دکھلانا منظور ہوتا ہے۔ یا یہ غرض ہوتی ہے کہ اپنی جھوٹی منطق اور سوفسطائی حُجّتوں سے کسی سادہ لوح کو ﴿۲۵﴾
اپنے پیچ میں لاویں اور پھر اپنے سے زیادہ جہنّم کے لائق کریں بلکہ انبیاء نہایت سادگی سے کلام کرتے اور جو اپنے دل سے اُبلتا تھا وہ دوسروں کے دلوں میں ڈالتے تھے۔ اُن کے کلمات قدسیہ عین محل اور حاجت کے وقت پر ہوتے تھے اور مخاطبین کو شغل یا افسانہ کی ﴿۲۶﴾
طرح کچھ نہیں سناتے تھے بلکہ اُن کو بیمار دیکھ کر اور طرح طرح کے آفاتِ روحانی میں مبتلا پا کر علاج کے طور پر اُن کو نصیحتیں کرتے تھے یا حُججِ قاطعہ سے اُن کے اوہام کو رفع فرماتے تھے۔ اور اُن کی گفتگو میں الفاظ تھوڑے اور معانی بہت ہوتے تھے۔ سو یہی قاعدہ یہ عاجز ملحوظ رکھتا ہے اور واردین اور صادرین کی استعداد کے موافق اور اُن کی ﴿۲۷﴾

---

بقیہ حاشیہ

اس کے سامنے اس کی طرف اشارہ کر کے اُس پر لعنت کی اور باقی حواری جو بڑی دوستی کا دم بھرتے تھے بھاگ گئے اور اپنے دلوں میں مسیح کی نسبت کئی طرح کے شک انہوں نے پیدا کر لئے لیکن چونکہ وہ راستباز تھا اس لئے خدا نے پھر اس کے کارخانہ کو مرنے کے بعد زندہ کیا۔ ﴿۲۶﴾
مسیح کی دوبارہ زندگی جو عیسائیوں کے خیال میں جمی ہوئی ہے درحقیقت یہ اس کے مذہب کی زندگی کی طرف اشارہ ہے جو مرنے کے بعد پھر زندہ کیا گیا۔ چنانچہ خدا تعالیٰ نے مجھے بھی بشارت دی کہ موت کے بعد میں پھر تجھے حیات بخشوں گا۔ اور فرمایا کہ جو لوگ خدا تعالیٰ کے مقرب ہیں وہ مرنے کے بعد پھر زندہ ہو جایا کرتے ہیں اور فرمایا کہ **میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اور اپنی قدرت نمائی سے تجھے اُٹھاؤں گا**۔ پس میری اس دوبارہ زندگی سے مراد بھی میرے مقاصد کی زندگی ہے مگر کم ہیں وہ لوگ جو ان بھیدوں کو سمجھتے ہیں۔ فقط منہ

ضرورتوں کے لحاظ سے اور اُن کے امراض لاحقہ کے خیال سے ہمیشہ بابِ تقریر کھلا رہتا ہے ☆ کیونکہ بُرائی کو نشانہ کے طور پر دیکھ کر اس کے روکنے کے لئے نصائح ضروریہ کی تیراندازی کرنا اور بگڑے ہوئے اخلاق کو ایسے عضو کی طرح پا کر جو ﴿۲۸﴾
اپنے محل سے ٹل گیا ہو اپنی حقیقی صورت اور محل پر لانا. جیسے یہ علاج بیمار کے روبرو ہونے کی حالت میں متصور ہے اور کسی حالت میں کماحقّہ ممکن نہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے چندیں ہزار نبی اور رسول بھیجے اور ان کی شرفِ صحبت میں مشرف ہونے کا حکم دیا تا ہر ایک زمانہ کے لوگ چشم دید نمونوں کو پا کر اور ان کے وجود کو ﴿۲۹﴾

☆ اس جگہ یہ عجیب قصہ لکھنے کے لائق ہے کہ ایک دفعہ مجھے علیگڑھ میں جانے کا اتفاق ہوا اور مرض ﴿۲۷﴾ ضعف دماغ کی وجہ سے جس کا قادیان میں بھی کچھ مدت پہلے دورہ ہو چکا تھا میں اس لائق نہیں تھا کہ زیادہ گفتگو یا اور کوئی دماغی محنت کا کام کر سکتا اور ابھی میری یہی حالت ہے کہ میں زیادہ بات کرنی یا حد سے زیادہ فکر اور خوض کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس حالت میں علیگڑھ کے ایک مولوی صاحب محمد اسمٰعیل نام مجھ سے ملے اور انہوں نے نہایت انکساری سے وعظ کے لئے درخواست کی اور کہا کہ لوگ مدت سے آپکے شایق ہیں۔ بہتر ہے کہ سب لوگ ایک مکان میں جمع ہوں اور آپ کچھ وعظ فرماویں۔ چونکہ مجھے ہمیشہ سے یہی عشق اور یہی دلی خواہش ہے کہ حق باتوں کو لوگوں پر ظاہر کروں اس لئے میں نے اس درخواست کو بشوق دل قبول کیا اور چاہا کہ لوگوں کے عام مجمع میں اسلام کی حقیقت بیان کروں کہ اسلام کیا چیز ہے اور اب لوگ اُس کو کیا سمجھ رہے ہیں ﴿۲۸﴾
اور مولوی صاحب کو کہا بھی گیا کہ انشاء اللہ اسلام کی حقیقت بیان کی جائے گی لیکن بعد اس کے میں خدا تعالیٰ کی طرف سے روکا گیا۔ مجھے یقین ہے کہ چونکہ میری صحت کی حالت اچھی نہیں تھی اس لئے خدا تعالیٰ نے نہ چاہا کہ زیادہ مغز خواری کر کے کسی جسمانی بلا میں پڑوں اس لئے اُس نے وعظ کرنے سے مجھے روک دیا۔ ایک دفعہ اس سے پہلے بھی ایسا ہی اتفاق ہوا تھا کہ میری ضعف کی حالت میں ایک نبی گزشتہ نبیوں میں سے کشفی طور پر مجھ کو ملے اور مجھے بطور ہمدردی اور نصیحت

مجسم کلام الٰہی مشاہدہ کر کے اُن کی اقتدا کے لئے کوشش کریں۔ اگر صحبت صادقین میں رہنا
واجبات دین میں سے نہ ہوتا تو خدا تعالیٰ اپنے کلام کو بغیر بھیجنے رسولوں اور نبیوں کے اور طور پر
بھی نازل کر سکتا تھا یا صرف ابتدائی زمانہ میں ہی رسالت کے امر کو محدود رکھتا اور آئندہ ہمیشہ ﴿۳۰﴾
کے لئے سلسلۂ نبوت اور رسالت اور وحی کا منقطع کر دیتا لیکن خدا تعالیٰ کی عمیق حکمت اور
دانائی نے ہرگز ایسا منظور نہیں رکھا اور ضرورت کے وقتوں میں یعنی جب کبھی محبت الٰہی اور
خدا پرستی اور تقویٰ طہارت وغیرہ امور واجبہ میں فرق آتا رہا ہے مقدس لوگ خدا تعالیٰ سے ﴿۳۱﴾

بقیہ حاشیہ

کے کہا کہ اس قدر دماغی محنت کیوں کرتے ہو اس سے تو تم بیمار ہو جاؤ گے۔ بہرحال خدا تعالیٰ کی
طرف سے یہ ایک روک تھی جس کا مولوی صاحب کی خدمت میں عذر کر دیا گیا اور یہ عذر واقعی سچا
تھا۔ جن لوگوں نے میری اس بیماری کے سخت سخت دورے دیکھے ہیں اور کثرت گفتگو یا خوض وفکر
کے بعد بہت جلد اس بیماری کا برانگیختہ ہونا بچشم خود مشاہدہ کیا ہے وہ اگرچہ بباعث ناواقفیت ﴿۲۹﴾
میرے الہامات پر یقین نہ رکھتے ہوں لیکن ان کو اس بات پر بکلّی یقین ہوگا کہ مجھے فی الواقعہ یہی
مرض لاحق حال ہے۔ ڈاکٹر محمد حسین خان صاحب جو لاہور کے آنریری مجسٹریٹ بھی ہیں اور اب
تک میرا علاج کرتے ہیں اُن کی طرف سے ہمیشہ یہی تاکید ہے کہ دماغی محنتوں سے تا قیام مرض
بچنا چاہیئے اور ڈاکٹر موصوف میری اس حالت کے شاہد اوّل ہیں اور میرے اکثر دوست جیسے
اخویم مولوی حکیم نوردین صاحب طبیب ریاست جموں جو ہمیشہ میری ہمدردی میں بدل وجان
ومال مشغول ہیں اور منشی عبدالحق صاحب اکونٹنٹ جو خاص لاہور میں سکونت اور تعلق ملازمت
رکھتے ہیں جنھوں نے میری اس بیماری کے دنوں میں خدمت کا وہ حق ادا کیا جس کا بیان میری
طاقت سے باہر ہے۔ یہ سب میرے مخلص میری اس حالت کے گواہ ہیں مگر افسوس کہ
باوجودیکہ ہر ایک مومن حسن ظن کے لئے مامور ہے مولوی صاحب نے میرے اس عذر کو نیک
ظنی سے دل میں جگہ نہیں دی بلکہ غایت درجہ کی بدگمانی کر کے دروغگوئی پر حمل کیا چنانچہ اُن ﴿۳۰﴾
کی ساری وہ تقریر جس کو ایک ڈاکٹر جمال الدین نام اُن کے دوست نے ان کی اجازت سے

وحی پا کر نمونہ کے طور پر دنیا میں آتے رہے ہیں اور یہ دونوں قضیئے باہم لازم ملزوم ہیں کہ اگر خدا تعالیٰ کو ہمیشہ کے لیے اصلاحِ خلائق کی طرف توجہ ہے تو یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ ایسے لوگ بھی ہمیشہ کی لئے آتے رہیں کہ جن کو خدا تعالیٰ نے اپنی خاص توجّہ سے بینائی بخشی ہو اور ﴿۳۲﴾
اپنی مرضیات کی راہ پر ثابت قدم کیا ہو۔ بلاشبہ یہ بات یقینی اور امور مسلّمہ میں سے ہے کہ یہ مہم عظیم اصلاح خلائق کی صرف کاغذوں کے گھوڑے دوڑانے سے روبراہ نہیں ہوسکتی۔ اسکے لئے اِسی راہ پر قدم مارنا ضروری ہے جس پر قدیم سے خدا تعالیٰ کے پاک نبی مارتے رہے ہیں۔ اور اسلام نے ﴿۳۳﴾

---

بقیہ حاشیہ

تحریر کر کے لوگوں میں پھیلایا۔ ذیل میں معہ اس کے جواب کے لکھتا ہوں۔

**قولہ** میں نے اُن سے (یعنی اس عاجز سے بمقام علی گڑھ) کہا کہ کل جمعہ ہے وعظ فرمائیے۔ اس کا انہوں نے وعدہ بھی کیا مگر صبح کو رقعہ آیا کہ میں بذریعہ الہام وعظ کہنے سے منع کیا گیا۔ میرا خیال ہے کہ بہ سبب عجز بیانی وخوف امتحانی انکار کر دیا۔

**اقول** مولوی صاحب کا یہ خیال بجز بدگمانی کے جو سخت ممنوعات شرعیہ میں سے ہے اور نیک سرشت آدمیوں کا کام نہیں اور کوئی اصلیت اور حقیقت نہیں رکھتا۔ اگر میں صرف علی گڑھ میں آکر خاص اسی موقعہ پر الہام کا مدّعی بنتا تو بیشک بدظنی کرنے کے لئے ایک وجہ ہوسکتی تھی ﴿۳۱﴾
اور بے شک خیال کیا جا سکتا تھا کہ میں مولوی صاحب کے علمی مرتبہ کی علوشان دیکھ کر اور اُن کے کمالات کی عظمت اور ہیبت سے متأثر ہو کر گھبرا گیا اور عذر پیش کرنے اور ایک حیلہ تراشنے سے اپنا پیچھا چھڑایا لیکن میں تو اس دعوئ الہام کو علی گڑھ کے سفر سے چھ سات سال پہلے تمام ملک میں شائع کر چکا ہوں اور براہین احمدیہ کے اکثر مقامات اس سے پُر ہیں۔ اگر میں تقریر کرنے سے عاجز ہوتا تو وہ کتابیں جو میری طرف سے تقریری طور پر عین مجلس میں اور ہزارہا موافقین اور مخالفین کے جلسہ میں قلمبند ہو کر شائع ہوئی ہیں جیسے سرمہ چشم آریہ وہ کیوں کر میری ایسی ضعیف قوت ناطقہ سے نکل سکتی تھیں اور کیوں کر یہ میرا عالی شان سلسلہ زبانی تقریروں کا جس میں ہزاروں مختلف طبع اور استعداد آدمیوں کیساتھ ہمیشہ مغز خواری کرنی

اپنا قدم رکھتے ہی اس مؤثر طریق کو ایسی مضبوطی اور استحکام سے رواج دیا ہے کہ اُس کی نظیر دوسرے مذہبوں میں ہرگز نہیں پائی جاتی۔ کون اس جماعت کثیر کا دوسری جگہ وجود دکھلا سکتا ہے جو تعداد میں دس ہزار سے بھی زیادہ بڑھ گئی تھی اور کمال اعتقاد اور انکسار اور جانفشانی اور پوری ﴿۳۴﴾ محویت سے سچائی کے حاصل کرنے اور راستی کے سیکھنے کے لئے آستانہ نبوی پر دن رات پڑی رہتی تھی بے شک حضرت موسیٰ کو بھی ایک جماعت ملی تھی مگر وہ کیسی اور کس قدر سرکش اور متمرّد اور روحانی صحبت اور صدق قدم سے دُور اور مہجور رہنے والی تھی اس بات کو بائبل کے پڑھنے والے ﴿۳۵﴾

---

بقیہ حاشیہ

﴿۳۲﴾ پڑتی ہے آج تک چل سکتا۔ افسوس ہزار افسوس اس زمانہ کے اکثر مولویوں پر کہ آتش حسد اندر ہی اندر اُن کو کھا گئی ہے۔ لوگوں کو تو ایمانی خصائل اور برادرانہ برتاؤ اور باہم نیک ظنی کا ہمیشہ سبق دیتے ہیں اور منبروں پر چڑھ کر اس بارے میں کلام الٰہی کی آیات سناتے ہیں مگر آپ ان حکموں کو چھوتے بھی نہیں۔ اے حضرت خدا تعالیٰ آپ کی آنکھ کھولے۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ خدا تعالیٰ اپنے کسی ملہم بندہ کو کسی مصلحت کی وجہ سے ایک کام کرنے سے روک دیوے اور شاید اس روک کا دوسرا سبب یہ بھی ہوگا کہ تا آپ کی اندرونی خاصیّتوں کا امتحان ہو جائے اور جو لوگ آپ کے ہمرنگ اور آپ کے ہم ظرف ہیں اُن کے مواد خبیثہ بھی اس تقریب سے باہر نکل آویں۔ رہی یہ بات کہ آپکی عالمانہ عظمت اور ہیبت سے میں ڈر گیا تو اس کے جواب میں آپ یقیناً سمجھیں کہ جو لوگ تاریکی اور نفسانی ظلمتوں میں مبتلا ہیں اگر وہ دنیا کے تمام فلسفہ اور طبعی کے جامع بھی ہوں تب بھی میری نگاہ میں ایک ﴿۳۳﴾ مرے ہوئے کیڑے سے ان کی زیادہ وُقعت نہیں۔ مگر آپ اُس مرتبہ علم کے آدمی بھی نہیں۔ صرف پورانے خیالات کے ایک خشک مُلّا ہیں اور وہی کمینگی جو تاریک خیال مُلّاؤں میں ہوا کرتی ہے آپ کے اندر موجود ہے۔ اور آپ کو یاد رہے کہ اکثر میرے پاس ایسے محقق اور جامع فنون اور معلومات وسیع رکھنے والے آتے اور اسرار معارف سے فائدہ اُٹھاتے رہتے ہیں کہ اگر میں اُن کے مقابل پر آپکو طفل مکتب بھی کہوں تو اسقدر کلمہ سے بھی آپکو وہ عزّت دُوں گا جس کے آپ مستحق نہیں۔

اب بھی اگر آپ کی قوت واہمہ فرو ہونے میں نہ آوے اور بدظنی کے جذبات کم نہ ہوں تو پھر میں

اور یہودیوں کی تاریخ پر نظر ڈالنے والے خوب جانتے ہیں مگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی جماعت نے اپنے رسول مقبول کی راہ میں ایسا اتحاد اور ایسی روحانی یگانگت پیدا کرلی تھی کہ اسلامی اخوت کی رو سے سچ مچ عضو واحد کی طرح ہوگئی تھی اور اُن کے روزانہ
﴿۳۶﴾ برتاؤ اور زندگی اور ظاہر و باطن میں انوارِ نبوت ایسے رچ گئے تھے کہ گویا وہ سب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عکسی تصویریں تھے۔ سو یہ بھاری معجزہ اندرونی تبدیلی کا جس کے ذریعہ سے فحش بت پرستی کرنے والے کامل خدا پرستی تک پہنچ گئے
﴿۳۷﴾ اور ہر دم دنیا میں غرق رہنے والے محبوب حقیقی سے ایسا تعلق پکڑ گئے کہ اس کی راہ میں

بقیہ حاشیہ

خدا تعالیٰ کی مدد اور رحمت سے آپ کے مقابل پر تقریر کرنے کو بھی حاضر ہوں۔ میں بباعث
﴿۳۴﴾ بیماری اب کوئی سفر دور دراز تو نہیں کرسکتا لیکن اگر آپ راضی ہوں تو اپنے کرایہ سے لاہور جیسے پنجاب کے صدر مقام میں آپ کو اس کام اور اس امتحان کے لئے تکلیف دے سکتا ہوں اور یہ عہد عزم پختہ سے کرتا ہوں؟ اور آپ کے جواب کا منتظر ہوں۔

**قولہ** یہ شخص محض نالائق ہے علمی لیاقت نہیں رکھتا۔

**اقول** اے حضرت مجھے دنیا کی کسی حکمت اور دانائی کا دعویٰ نہیں۔ اس جہان کی دانائیوں اور چالاکیوں کو میں کیا کروں کہ وہ روح کو منور نہیں کرسکتیں۔ اندرونی غلاظتوں کو وہ دھو نہیں سکتیں۔ عجز اور خاکساری کو پیدا نہیں کرسکتیں بلکہ زنگ پر زنگ چڑھاتی اور کفر پر کفر بڑھاتی ہیں۔ میرے لئے یہ بس ہے کہ عنایت الٰہی نے میری دستگیری کی اور وہ علم بخشا کہ مدارس سے نہیں بلکہ آسمانی معلّم سے ملتا ہے۔ اگر مجھے اُمی کہا جائے تو اس میں میری کیا کسر شان ہے بلکہ جائے فخر کیونکہ میرا اور تمام خلق اللہ کا مقتدا جو عامہ خلائق کی اصلاح کے لئے بھیجا گیا وہ بھی اُمی ہی تھا۔
﴿۳۵﴾ میں اس کھوپڑی کو ہرگز قدر کے لائق نہیں سمجھوں گا جس میں علم کا گھمنڈ ہے مگر اس کا ظاہر و باطن تاریکی سے بھرا ہوا ہے۔ قرآن شریف کو کھول کر گدھے کی مثال پر غور کرو کیا یہ کافی نہیں؟

**قولہ** میں نے الہام کے بارے میں اس سے چند سوال کئے کسی قدر بے معنی جواب دے کر سکوت اختیار کیا۔

پانی کی طرح اپنے خونوں کو بہا دیا یہ دراصل ایک صادق اور کامل نبی کی صحبت میں مخلصانہ قدم سے عمر بسر کرنے کا نتیجہ تھا۔ سو اِسی بنا پر یہ عاجز اس سلسلہ کے قائم رکھنے کے لئے مامور کیا گیا ہے اور چاہتا ہے کہ صحبت میں رہنے والوں کا سِلسلہ اور بھی زیادہ وسعت سے بڑھا دیا جائے ﴿۳۸﴾
اور ایسے لوگ دن رات صحبت میں رہیں کہ جو ایمان اور محبت اور یقین کے بڑھانے کے لیے شوق رکھتے ہوں اور اُن پر وہ انوار ظاہر ہوں کہ جو اس عاجز پر ظاہر کئے گئے ہیں اور وہ ذوق اُن کو عطا ہو جو اس عاجز کو عطا کیا گیا ہے تا اسلام کی روشنی عام طور پر دنیا میں پھیل جائے ﴿۳۹﴾

---

بقیہ حاشیہ

**اقول** مجھے یاد ہے کہ بہت پُر معنی جواب دیا گیا تھا اور ایسے شخص کے لئے کہ جو کسی قدر عقل اور انصاف رکھتا ہو کافی تھا مگر آپ نے نہ سمجھا اس میں کس کی پردہ دری ہے آپ کی یا کسی اور کی۔ وہی سوال کسی اخبار میں شائع کیجئے اور دوبارہ اپنی خوش فہمی کی آزمائش کرائیے۔

**قولہ** ہرگز یقین نہیں ہوسکتا کہ ایسی عمدہ تصانیف کے یہی حضرت مصنف ہیں۔

**اقول** آپ کیا یقین کریں گے یہ یقین تو اُن کفار کو بھی میسر نہ آیا جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بچشم خود دیکھا تھا اور بباعث سخت محجوب ہونے کے کمالات نبوی اُن پر کھل نہ سکے اور ﴿۳۶﴾
یہی کہتے رہے کہ یہ بلیغ کلمات جو اس کے منہ سے نکلتے ہیں اور یہ قرآن جو خلق اللہ کو سنایا جاتا ہے یہ تمام عبارتیں درحقیقت بعض اور لوگوں کی تالیف ہیں جو پوشیدہ طور پر صبح اور شام اُس کو سکھلائے جاتے ہیں اور ایک طور سے اُن کفار نے بھی سچ کہا اور مولوی صاحب کے منہ سے بھی سچ ہی نکلا کیونکہ بلاشبہ قرآن شریف کا کلام بلاغت اور حکمت میں آنحضرتؐ کی طاقت ذہنی سے بہت بلند بلکہ تمام مخلوقات کی طاقت سے برتر و اعلیٰ ہے اور بجز علیم مطلق اور قادر کامل کے اور کسی سے وہ کلام بن نہیں سکتا۔ ایسا ہی وہ کتابیں جو اس عاجز نے تالیف کر کے شائع کی ہیں درحقیقت یہ تمام غیبی مدد کا نتیجہ ہے اور اس عاجز کی استعداد اور لیاقت سے برتر اور شکر کا مقام ہے کہ مولوی صاحب کی اس نکتہ چینی سے ایک پیشگوئی بھی جو براہین احمدیہ میں درج ہے پوری ہوئی کہ بعض لوگ

اور حقارت اور ذلت کا سیہ داغ مسلمانوں کی پیشانی سے دھویا جائے۔ اِسی کی بشارت دے کر خداوند خدا نے مجھے بھیجا اور کہا کہ **بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں بر منار بلند تر محکم اُفتاد۔** **چوتھی شاخ** اس کارخانہ کی وہ مکتوبات ہیں جو حق کے طالبوں یا مخالفوں کی طرف لکھے ﴿۴۰﴾
جاتے ہیں۔ چنانچہ اب تک عرصہ مذکورہ بالا میں نوے ۹۰ ہزار سے بھی کچھ زیادہ خط آئے ہوں گے جن کا جواب لکھا گیا بجز بعض خطوط کے جو فضول یا غیر ضروری سمجھے گئے اور یہ سلسلہ بھی بدستور ﴿۴۱﴾

---

**بقیہ حاشیہ**

اس تالیف کو پڑھ کر کہیں گے کہ یہ کتاب اس شخص کی تالیف نہیں **بل اعانه علیه قومٌ اٰخرون** ﴿۳۷﴾
(دیکھو براہین احمدیہ کا صفحہ ۲۳۹)

**قولہ** سید احمد عرب جن کو میں ثقہ جانتا ہوں وہ مجھ سے بلا واسطہ بیان کرتے تھے کہ میں دو ماہ تک اُن کے پاس اُن کے معتقدین خاص کے زمرہ میں رہا اور وقتاً فوقتاً بنظر تجسّس و امتحان ہر ایک وقت خاص پر حاضر رہ کر جانچا تو معلوم ہوا کہ درحقیقت اُن کے پاس آلاتِ نجوم موجود ہیں وہ اُن سے کام لیتے ہیں۔

**اقول** تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۔[1] میری طرف سے درحقیقت یہی جواب ہے جو میں نے آیات ربانی کے ذریعہ سے لکھ دیا اور مجھے ہرگز یاد نہیں کہ
﴿۳۸﴾ وہ سیّد احمد صاحب کون بزرگ تھے کہ جو دو ماہ تک میرے پاس رہے۔ اس بات کا بارِ ثبوت مولوی صاحب کے ذمہ ہے کہ اُن کو میرے روبرو پیش کریں تا پوچھا جائے کہ انہوں نے کن آلات کو مشاہدہ کیا تھا اور جبکہ میں ابھی تک زندہ موجود ہوں اس حالت میں مولوی صاحب دو ماہ تک آپ ہی رہ کر دیکھ لیں کسی دوسرے عربی یا عجمی کے توسط کی کیا ضرورت ہے۔

**قولہ** مجھے فقرات الہام پر غور کرنے سے ہرگز یقین نہیں آتا کہ وہ الہام ہیں۔

---

[1] اٰل عمران :۶۲

جاری ہے اور ہر ایک مہینے میں غالباً تین سَو سے سات سَو یا ہزار تک خطوط کی آمد و رفت کی نوبت پہنچتی ہے۔

**پانچویں شاخ** اس کارخانہ کی جو خدا تعالیٰ نے اپنی خاص وحی اور الہام سے قائم کی مریدوں اور بیعت کرنے والوں کا سلسلہ ہے۔ چنانچہ اُسؔ نے اس سلسلہ کے قائم کرنے ﴿۴۲﴾
کے وقت مجھے فرمایا کہ زمین میں طوفانِ ضلالت برپا ہے تو اس طوفان کے وقت میں یہ کشتی طیّار کر جو شخص اس کشتی میں سوار ہوگا وہ غرق ہونے سے نجات پا جائے گا اور جو

**بقیہ حاشیہ**

**اقول** اُن لوگوں کو بھی یقین نہیں آیا تھا جن کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا [1]۔ فرعون کو یقین نہ آیا۔ یہودیوں کے فقیہوں فریسیوں کو یقین نہ آیا۔ ابوجہل ابولہب کو یقین نہ آیا۔ مگر اُن کو آیا جو دل کے غریب اور نفس کے پاک تھے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست  تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

**قولہؔ** مدعی ہونا کرامات کے خلاف ہے اور یہ کہنا کہ جس کو انکار ہو وہ آ کر دیکھے یہ دعاوی باطلہ ہیں۔ ﴿۳۹﴾

**اقول** یہ باتیں انسان کی طرف سے نہیں بلکہ اس کی طرف سے ہیں جس کو ہر ایک دعویٰ پہنچتا ہے پھر کون حق پرست ان کو باطل کہہ سکتا ہے۔ ہاں یہ سچ ہے کہ ادّعا کسی فوق القدرت بات کا کوئی نبی بھی نہیں کر سکتا مگر کیا ایسا ادّعا بتوسط کسی نبی یا رسول یا محدث کے خدا تعالیٰ کی طرف سے بھی جائز نہیں۔

**قولہ** میں ملاقات کرنے سے بالکل بے عقیدہ ہو گیا ہوں میری رائے میں جو موحد اُن سے ملاقات کرے گا اُن کا معتقد نہ رہے گا۔ نماز اُن کی اخیر وقت میں ہوتی ہے جماعت کے پابند نہیں۔

**اقول** مولوی صاحب کی بے عقیدگی کی تو مجھے پروا نہیں مگر اُن کے جھوٹ اور افترا اور غایت درجہ کی بدظنیوں پر سخت تعجب ہے۔ اے خداوند کریم اس اُمت پر رحم کر جسؔ کے رہنما اور ﴿۴۰﴾

[1] النبا :۲۹

انکار میں رہے گا اس کے لئے موت درپیش ہے۔ اور فرمایا کہ جو شخص تیرے ہاتھ میں ہاتھ
دے گا اُسؔ نے تیرے ہاتھ میں نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہاتھ دیا۔ اور اُس خداوند ﴿۴۳﴾
خدا نے مجھے بشارت دی کہ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اُٹھا لوں گا مگر تیرے سچے
متبعین اور محبین قیامت کے دن تک رہیں گے اور ہمیشہ منکرین پر اُنہیں غلبہ رہے گا۔

یہ پانچ طور کا سلسلہ ہے جو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا اگرچہ ایک سرسری نگاہ
والا آدمی صرف تالیف کے سلسلہ کو ضروری سمجھے گا اور دوسری شاخوں کو غیر ضروری اور

بقیہ حاشیہ

ہادی اور سرپرست ایسے ایسے مولوی سمجھے گئے ہیں۔ اب ناظرین اس اعتراض پر بھی غور کریں جو
بُخل اور حسد کے جوش سے مولوی صاحب کے منہ سے نکلا ظاہر ہے کہ یہ عاجز صرف چندروز
تک مسافرانہ طور پر علیگڑھ میں ٹھہرا تھا اور جو کچھ مسافروں کے لئے شریعت اسلام نے رُخصتیں
عطا کی ہیں اور اُن سے دائمی طور پر انحراف کرنا ایک الحاد کا طریق قرار دیا ہے ان سب امور کی
رعایت میرے لئے ایک ضروری امر تھا سو میں نے وہی کیا جو کرنا چاہیے تھا۔ اور میں اس سے
انکار نہیں کرسکتا کہ میں نے اُس چندروزہ اقامت کی حالت میں بعض دفعہ مسنون طور پر دو
نمازوں کو جمع کرلیا ہے اور کبھی ظہر کے اخیر وقت پر ظہر اور عصر دونوں نمازوں کو اکٹھی کر کے پڑھا
ہے مگر حضرات موحدین تو کبھی کبھی گھر میں بھی نمازوں کو جمع کر کے پڑھ لیتے ہیں اور بلا سفرٍ و مطرٍ
پر عملدرآمد رہتا ہے۔ میںؔ اس سے بھی انکار نہیں کرسکتا کہ میں نے اِن چند دنوں میں مسجدوں ﴿۴۱﴾
میں حاضر ہونے کا بکلی التزام نہیں کیا مگر باوجود اپنی علالت طبع اور سفر کی حالت کے بکلی
ترک بھی نہیں کیا۔ چنانچہ مولوی صاحب کو معلوم ہوگا کہ اُن کے پیچھے بھی جمعہ کی نماز پڑھی
تھی جس کے ادا ہو جانے میں اب مجھے شک پڑ گیا۔ یہ سچ اور بالکل سچ ہے کہ میں ہمیشہ اپنے
سفر کے دنوں میں مسجدوں میں حاضر ہونے سے کراہت ہی کرتا ہوں مگر معاذ اللہ اس کی وجہ
کسل یا استخفاف احکام الٰہی نہیں بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں ہمارے ملک کی اکثر
مساجد کا حال نہایت ابتر اور قابل افسوس ہو رہا ہے اگر ان مسجدوں میں جا کر آپ امامت کا

فضول خیال کرے گا مگر خدا تعالیٰ کی نظر میں یہ سب ضروری ہیں اور جس اصلاح کے لئے اُس نے ارادہ فرمایا ہے وہ اصلاح بجز استعمال اِن پانچوں طریقوں کے ظہور پذیر نہیں ہوسکتی۔
اگرچہ یہ تمام کاروبار خدا تعالیٰ کی خاص امداد اور خاص فضل پر چھوڑا گیا ہے اور اس کے انجام ﴿۴۴﴾
پہنچانے کے لئے وہی کافی اور اُسی کے مبشرانہ وعدے اطمینان بخش ہیں لیکن اُسی کے حکم اور تحریک سے مسلمانوں کو امداد کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے جیسا خدا تعالیٰ کے تمام نبی جو گذر چکے ہیں مشکلات پیش آمدہ کے وقت پر توجہ دلاتے رہے ہیں سو اُسی توجہ دہی کی غرض سے کہتا ہوں

---

بقیہ حاشیہ

ارادہ کیا جائے تو وہ جو امامت کا منصب رکھتے ہیں از بس ناراض اور نیلے پیلے ہو جاتے ہیں۔ اور اگر اُن کا اقتدا کیا جائے تو نماز کے ادا ہو جانے میں مجھے شبہ ہے کیونکہ علانیہ طور پر ثابت ہوتا
ہے کہ انہوں نے امامت کا ایک پیشہ اختیار کر رکھا ہے اور وہ پانچ وقت جا کر نماز نہیں پڑھتے بلکہ ﴿۴۲﴾
ایک دوکان ہے کہ ان وقتوں میں جا کر کھولتے ہیں اور اسی دوکان پر اُن کا اور اُن کے عیال کا گزارہ ہے چنانچہ اس پیشہ کے عزل ونصب کی حالت میں مقدمات تک نوبت پہنچتی ہے اور مولوی صاحبان امامت کی ڈگری کرانے کے لئے اپیل در اپیل کرتے پھرتے ہیں۔ پس یہ امامت نہیں یہ تو حرام خوری کا ایک مکروہ طریقہ ہے۔ کیا آپ بھی ایسے نفسانی پیچ میں پھنسے ہوئے نہیں۔ پھر کیوں کر کوئی شخص دیکھ بھال کر اپنا ایمان ضائع کرے۔ مساجد میں منافقین کا جمع ہونا جو احادیث نبویہ میں آخری زمانہ کے حالات میں بیان کیا گیا ہے وہ پیشگوئی انہیں مُلّا صاحبوں سے متعلق ہے جو محراب میں کھڑے ہو کر زبان سے قرآن شریف پڑھتے اور دل میں روٹیاں گنتے ہیں۔ اور میں
نہیں جانتا کہ ظہر اور عصر یا مغرب اور عشا کو سفر کی حالت میں جمع کرنا کب سے منع ہو گیا اور ﴿۴۳﴾
کس نے تاخیر کی حرمت کا فتویٰ دیا۔ یہ عجیب بات ہے کہ آپ کے نزدیک اپنے بھائی مردہ کا گوشت کھانا تو حلال ہے مگر سفر کی حالت میں ظہر اور عصر کو ایک جگہ پڑھنا قطعاً حرام ہے۔ اتقوا اللّٰہ ایھا الموحدون فان الموت قریب واللّٰہ یعلم ما تکتمون ۔ منہ

کہ یہ بات ظاہر ہے کہ اِن پنجگانہ شاخوں کے احسن طریق اور وسیع طور پر جاری رہنے کے لئے کس قدر مسلمانوں کی جمہوری امداد درکار ہے۔ مثلاً ایک تالیف کے ہی سلسلہ کو غور کر کے دیکھو کہ اگر ہم پوری پوری اشاعت کی غرض سے اس خدمت کو اپنے ذمہ لیں تو اس کی تکمیل کے لئے کیا کچھ مالی وسائل کی ہمیں ضرورت پڑے گی کیونکہ اگر درحقیقت تکمیل اشاعت ہی ہماری غرض ہے تو ہمارا مدعا یہ ہونا چاہیے کہ ہماری دینی تالیفات جو جواہرات تحقیق اور تدقیق سے پُر اور حق کے طالبوں کو راہ راست پر کھینچنے والی ہیں جلدی سے اور نیز کثرت سے ایسے لوگوں کو پہنچ جائیں جو بُری تعلیموں سے متاثر ہو کر مہلک بیماریوں میں گرفتار یا قریب قریب موت کے پہنچ گئے ہیں اور ہر وقت یہ امر ہماری مدِ نظر رہنا چاہیے کہ جس ملک کی موجودہ حالت ضلالت کے سمِ قاتل سے نہایت خطرہ میں پڑ گئی ہو بلا توقف ہماری کتابیں اس ملک ﴿۴۵﴾ میں پھیل جائیں اور ہر ایک متلاشی حق کے ہاتھ میں وہ کتابیں نظر آویں لیکن ظاہر ہے کہ اس مدعا کا بوجہ اکمل واتم اس طور سے حاصل ہونا ہرگز ممکن نہیں کہ ہم ہمیشہ یہی امر پیش نہاد خاطر رکھیں کہ ہماری کتابیں فروخت کے ذریعہ سے شائع ہوتی رہیں۔ اور محض فروخت کے طور پر کتابوں کو شائع کرنا اور نفسانی ملونی کی وجہ سے دنیا کو دین میں گھسیڑ دینا نہایت نکما اور قابل اعتراض طریق ہے جس کی شامت کی وجہ سے نہ ہم جلدی سے اپنی کتابیں دنیا میں پھیلا سکتے ہیں اور نہ کثرت سے وہ کتابیں لوگوں کو دے سکتے ہیں۔ بلا شبہ یہ بات سچ اور بالکل سچ ہے کہ جس طرح ہم مثلاً ایک لاکھ کتاب کو مفت تقسیم کرنے کی حالت میں صرف بیس روز میں وہ سب کتابیں دور دور ملکوں میں پہنچا سکتے ہیں اور عام طور پر ہر ایک فرقہ میں اور ہر جگہ پھیلا سکتے ہیں اور ہر ایک حق کے طالب اور راستی کے متلاشی کو دے سکتے ہیں ایسی اور اس طرح کی اعلیٰ درجہ کی کارروائی قیمت پر دینے کی حالت میں شاید بیس برس کی مدت تک بھی ہم نہیں کرسکیں گے۔ فروخت کی حالت میں کتابوں کو صندوقوں میں بند کر کے ہم کو خریداروں کی راہ دیکھنا چاہیے کہ کب کوئی آتا ہے یا خط بھیجتا ہے اور ممکن ہے کہ اس انتظار ﴿۴۶﴾ دراز کے زمانہ میں ہم آپ ہی اس دنیا سے رخصت ہو جائیں اور کتابیں صندوقوں میں

بند کی بند ہی رہیں! سو چونکہ فروخت کا دائرہ نہایت تنگ اور اصل مدعا کا سخت حارج اور چند سال کے کام کو صدہا برسوں پر ڈالتا ہے۔ اور مسلمانوں میں سے ایسا کوئی فراخ حوصلہ اور عالی ہمت امیر بھی اب تک اس طرف متوجہ نہیں ہوا کہ ہماری تالیفاتِ جدیدہ کے بہت سے نسخے خرید کر کے محض للہ تقسیم کیا کرتا۔ اور اسلام میں عیسائی مشن کی طرح کوئی ایسی سوسائٹی بھی نہیں جو اس کام کے لئے مدد دے سکے☆ اور عمر کا بھی اعتبار نہیں۔ تاہم لمبی عمر کی امید پر کسی دور دراز وقت کے منتظر رہیں۔ لہٰذا میں نے اپنی تمام تالیفات میں ابتدا سے التزامی طور پر یہی مقرر کر رکھا ہے کہ جہاں تک بس چل سکتا ہے بہت سا حصہ کتابوں کا مفت تقسیم کر دیا جائے تا جلدی سے اور عام طور پر یہ کتابیں جو سچائی کے نور سے بھری ہوئی ہیں دنیا میں پھیل جائیں مگر چونکہ میری ذاتی مقدرت ایسی نہیں تھی کہ میں اس بارِ عظیم کو تن تنہا اُٹھا سکتا اور دوسری شاخوں کے مصارف عظیمہ بھی اس شاخ کے ساتھ لاحق تھے اس لئے یہ کام طبع تالیفات کا ایک حد تک چل کر آگے رک گیا جو آج تک رکا ہوا ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس سلسلہ کی تمام شاخوں کو ایک ہی نظر سے دیکھا ہے اور بنظر مساوات ان سب کی تکمیل اور ان سب کا قیام چاہتا ہے لیکن ان پنجگانہ شاخوں کے مصارف اس قدر ہیں کہ جن کے لئے مخلصین کی خاص توجہ اور ہمدردی کی ضرورت ہے۔ اگر میں اِن دینی مصارف کی مفصل حقیقت لکھوں تو بہت طول ہو جائے گا مگر اے بھائیو! تم نمونہ کے طور پر صرف واردین اور صادرین کے ہی سلسلہ پر نظر ڈال کر دیکھو کہ اب تک سات سال کے عرصہ میں ساٹھ ۶۰ ہزار کے قریب یا اس سے کچھ زیادہ مہمان آیا ہے۔ اب تم اندازہ کر سکتے ہو ﴿۴۷﴾

☆ بیان کیا جاتا ہے کہ برٹش اور فارن بائبل سوسائٹی نے ابتدا قیام سے یعنی گذشتہ اکیس ۲۱ سال کے عرصہ میں عیسائی مذہب کی تائید میں سات کروڑ سے کچھ زیادہ اپنی مذہبی کتابیں تقسیم کر کے دنیا میں پھیلائی ہیں۔ اس وقت کے ذی مقدرت مگر کاہل مسلمانوں کو یہ مضمون جو اکتوبر اور نومبر ۱۸۹۰ء کے اخبارات میں چھپ کر شائع ہوا ہے بہ نظر غور و شرم پڑھنا چاہیئے۔ کیا یہ کتابیں بیچنے والوں کے ہاتھ سے شائع ہوئی ہیں یا ایک قوم کی سرگرم سوسائٹی نے اپنے دین کی امداد میں مفت بانٹی ہیں۔ منہ

کہ ان عزیز مہمانوں کی خدمت اور دعوت اور ضیافت میں کیا کچھ خرچ ہوا ہوگا اور اُن کے سرما ﴿۴۸﴾
اور گرما کے آرام کے لئے ضروری طور پر کیا کچھ بنانا پڑا ہوگا۔ بے شک ایک دور اندیش آدمی تعجب میں پڑے گا کہ اس قدر گروہ کثیر کی مہمانداری کے تمام لوازم اور مراتب وقتاً فوقتاً کیوں کر انجام پذیر ہوئے ہوں گے اور آئندہ کس بنا پر ایسا بڑا کام جاری ہے۔ ایسا ہی وہ بیس[20] ہزار اشتہار جو انگریزی اور اُردو میں چھاپے گئے۔ اور پھر بارہ[12] ہزار سے کچھ زیادہ مخالفین کے سرگروہوں کے نام رجسٹری کرا کر بھیجے گئے اور ملک ہند میں ایک بھی ایسا پادری نہ چھوڑا جس کے نام وہ رجسٹری شدہ اشتہار نہ بھیجے گئے ہوں بلکہ یورپ اور امریکہ کے ممالک میں بھی یہ اشتہارات بذریعہ رجسٹری بھیج کر حجت کو تمام کر دیا گیا۔ کیا اِن اخراجات پر غور کرنے سے یہ تعجب کا مقام نہیں کہ اس بضاعت مزجاۃ کے ساتھ کیوں کر تحمل اِن مصارف کا ہو رہا ہے اور یہ تو بڑے بڑے اخراجات ہیں۔ اگر ان اخراجات کو ہی جانچا جائے کہ جو ہر مہینہ میں خطوط کے بھیجنے میں اُٹھانے پڑتے ہیں تو وہ بھی ایسی رقم کثیر نکلے گی جس کے مسلسل جاری رہنے کے
لئے ابھی تک کوئی امدادی سبیل نہیں۔ اور جو لوگ سلسلہ بیعت میں داخل ہو کر حق کی طلب کی ﴿۴۹﴾
غرض سے اصحاب الصفّہ کی طرح میرے پاس ٹھہرنا چاہتے ہیں اُن کے گزارہ کے لئے بھی مجھے آسمان کی طرف نظر ہے اور میں جانتا ہوں کہ اِن پنجگانہ شاخوں کے قائم رکھنے کی سبیل آپ وہ قادر مطلق نکال دے گا جس کے ارادۂ خاص سے اس کارخانہ کی بنا ہے مگر بنظر تبلیغ ضروری ہے کہ قوم کو اس سے مطلع کر دیں۔ میں نے سنا ہے کہ بعض ناواقف یہ الزام میری نسبت شائع کرتے ہیں کہ کتاب براہین احمدیہ کی قیمت اور کسی قدر چندہ بھی قریب تین ہزار روپیہ کے لوگوں سے وصول ہوا۔ مگر اب تک کتاب بتمام وکمال طبع نہیں ہوئی۔ میں اِس کے جواب میں اُن پر واضح کرتا ہوں کہ روپیہ جو لوگوں سے وصول ہوا وہ صرف تین ہزار نہیں بلکہ علاوہ اس کے اور روپیہ بھی شاید قریب دس[10] ہزار کے آیا ہوگا کہ جو نہ کتاب کے لئے چندہ تھا اور نہ کتاب کی قیمت میں دیا گیا تھا بلکہ بعض دعا کے خواستگاروں نے محض نذر کے طور پر دیا یا بعض

دوستوں نے محض محبت کی راہ سے خدمت کی۔ سووہ سب اس کارخانہ کے لابدی اور پیش آمدہ کاموں میں وقتاً فوقتاً خرچ ہوتا رہا اور چونکہ حکمت الٰہی نے سلسلہ تالیف کتاب کو تاخیر میں ڈالا ہوا تھا اِس واسطے اُس کے لئے دوسری اہم شاخوں سے جو بامر الٰہی قائم تھیں کچھ بچت نکل نہ سکی ﴿۵۰﴾ اور تاخیر طبع کتاب میں حکمت یہی تھی کہ تا اس فترت کی مدت میں بعض دقائق وحقائق مؤلف پر کامل طور سے کھل جائیں اور نیز مخالفین کا سارا بخار باہر نکل آوے۔ اب جو ارادۂ الٰہی پھر اس طرف متعلق ہوا کہ بقیہ تالیفات کی تکمیل ہو تو اُس نے اِس مضمون دعوت کے لکھنے کی طرف مجھے توجہ دی۔ سو اس وقت مجھ کو تکمیل تالیفات کی سخت ضرورت ہے۔ **براہین** کا بہت سا حصہ ہنوز طبع کے لائق ہے۔ اگر وہ طیّار ہو جائے تو خریداروں کو اور اُن سب کو پہنچایا جائے جن کو محض للہ پہلے حصے دیئے گئے ہیں اور آئندہ دینے کا وعدہ ہے۔ ایسا ہی دوسرے رسائل جیسے **اَشعۃُ القرآن، سراج منیر، تجدید دین، اربعین فی علامات المقربین** اور قرآن شریف کی ایک تفسیر لکھنے کا بھی ارادہ ہے اور یہ بھی دل میں جوش ہے کہ عیسائی وغیرہ مذاہب باطلہ کے رد میں اور اُن کے اخبارات کے مقابل پر ماہواری ایک رسالہ نکلا کرے۔ اور ان سب کاموں کے مسلسل اجراء کے لئے بجز انتظام سرمایہ اور مالی امداد کے اور کوئی روک درمیان نہیں۔ اگر ہم کو یہ میسر آجائے کہ ایک مطبع ہمارا ہو اور ایک کاپی نویس ہمیشہ کے لئے ہمارے پاس ﴿۵۱﴾ رہے اور تمام ضروری مصارف کی وجوہ ہمیں حاصل ہوں یعنی جو کچھ کاغذات اور چھپوائی اور کاپی نویسوں کی تنخواہ میں خرچ ہوتا ہے وہ سارے اخراجات وقتاً فوقتاً بہم پہنچتے رہیں تو ان پنج شاخوں میں سے اس ایک شاخ کی پورے طور پر نشوونما پانے کا کافی انتظام ہو جائے گا۔

**اے ملک ہند کیا تجھ میں کوئی ایسا باہمت امیر نہیں کہ اگر اور نہیں تو فقط اِسی شاخ کے اخراجات کا متحمل ہو سکے۔** اگر پانچ مومن ذی مقدرت اس وقت کو پہچان لیں تو اِن پانچ شاخوں کا اہتمام اپنے اپنے ذمہ لے سکتے ہیں۔ اے خداوند خدا تو آپ اِن دلوں کو جگا۔ اسلام پر ابھی ایسی مفلسی طاری نہیں ہوئی۔ تنگدلی ہے

ایسی تنگدستی نہیں۔ اور وہ لوگ جو کامل استطاعت نہیں رکھتے وہ بھی اس طور پر اس کارخانہ کی مدد کر سکتے ہیں جو اپنی اپنی طاقت مالی کے موافق ماہواری امداد کے طور پر عہد پختہ کے ساتھ کچھ کچھ رقوم نذر اس کارخانہ کی کیا کریں۔ کسل اور سرد مہری اور بدظنّی سے کبھی دین کو فائدہ نہیں پہنچتا۔ بدظنی ویران کرنے والی گھروں کی اور تفرقہ میں ڈالنے والی دلوں کی ہے۔ دیکھو جنہوں نے انبیاء کا وقت پایا انہوں نے دین کی اشاعت کے لئے کیسی کیسی جانفشانیاں کیں جیسے ایک مالدار نے دین کی راہ میں اپنا پیارا مال حاضر کیا ایسا ہی ایک فقیر دریوزہ گر نے ﴿۵۲﴾ اپنی مرغوب ٹکڑوں کی بھری ہوئی زنبیل پیش کر دی۔ اور ایسا ہی کئے گئے جب تک کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے فتح کا وقت آ گیا۔ مسلمان بننا آسان نہیں۔ مومن کا لقب پانا سہل نہیں۔ سو اے لوگو اگر تم میں وہ راستی کی روح ہے جو مومنوں کو دی جاتی ہے تو اس میری دعوت کو سرسری نگاہ سے مت دیکھو۔ نیکی حاصل کرنے کی فکر کرو کہ خدا تعالیٰ تمہیں آسمان پر دیکھ رہا ہے کہ تم اس پیغام کو سن کر کیا جواب دیتے ہو۔

اے مسلمانو! جو اولوالعزم مومنوں کے آثار باقیہ ہو اور نیک لوگوں کی ذریت ہو انکار اور بدظنی کی طرف جلدی نہ کرو اور اس خوفناک وبا سے ڈرو جو تمہارے ارد گرد پھیل رہی ہے اور بے شمار لوگ اس کے دامِ فریب میں آ گئے ہیں۔ تم دیکھتے ہو کہ کس قدر زور سے دین اسلام کے مٹانے کے لئے کوشش ہو رہی ہے۔ کیا تم پر یہ حق نہیں کہ تم بھی کوشش کرو۔ اسلام انسان کی طرف سے نہیں کہ تا انسانی کوششوں سے برباد ہو سکے مگر افسوس اُن پر ہے کہ جو اس کی بیخ کنی کے لئے درپے ہیں اور پھر دوسرا افسوس اُن پر ہے جو اپنی عورتوں اور اپنے بچوں اور اپنے نفس کی ﴿۵۳﴾ عیاشیوں کے لئے تو اُن کے پاس سب کچھ ہے مگر اسلام کے حصہ کا اُن کی جیب میں کچھ نہیں۔ کاہلو تم پر افسوس! کہ آپ تو تم اعلاء کلمۂ اسلام اور دینی انوار کے دکھلانے کی کچھ قوت نہیں رکھتے مگر خدا تعالیٰ کے قائم کردہ کارخانہ کو بھی جو اسلام کی چمکار ظاہر کرنے کے لئے آیا ہے شکر کے ساتھ قبول نہیں کر سکتے۔ آج کل اسلام اس چراغ کی طرح ہے جو ایک صندوق میں بند کر دیا جائے

یا اُس چشمہ شیریں کی طرح ہے جو خس وخاشاک سے چھپا دیا جائے۔ اِسی وجہ سے اسلام تنزّل کی حالت میں پڑا ہے۔ اُس کا خوبصورت چہرہ دکھائی نہیں دیتا۔ اس کا دلکش اندام نظر نہیں آتا۔ مسلمانوں کا فرض تھا کہ اس کی محبوبانہ شکل دکھلانے کے لئے جان توڑ کر کوشش کرتے اور مال کیا بلکہ خون کو بھی پانی کی طرح بہاتے مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ وہ اپنی غایت درجہ کی نادانی سے اس غلطی میں بھی پھنسے ہوئے ہیں کہ کیا پہلی تالیفات کافی نہیں۔ نہیں جانتے کہ جدید فسادوں کے دُور کرنے کے لئے جو جدید در جدید پیرائیوں میں ظاہر ہوتے جاتے ہیں مدافعت بھی جدید طور کی ہی ضروری ہے اور نیز ہر ایک زمانہ کی تاریکی پھیلنے کے ﴿۵۴﴾
وقت میں جو نبی اور رسول اور مصلح آتے رہے کیا اُس وقت پہلی کتابیں نہیں تھیں۔ سو بھائیو یہ تو ضروری ہے کہ تاریکی پھیلنے کے وقت میں روشنی آسمان سے اُترے۔ میں اِسی مضمون میں بیان کر چکا ہوں کہ خدا تعالیٰ سورۃ القدر میں بیان فرماتا ہے بلکہ مومنین کو بشارت دیتا ہے کہ اُس کا کلام اور اس کا نبی لیلۃ القدر میں آسمان سے اُتارا گیا ہے اور ہر ایک مصلح اور مجدد جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے وہ لیلۃ القدر میں ہی اُترتا ہے۔ تم سمجھتے ہو کہ لیلۃ القدر کیا چیز ہے؟ لیلۃ القدر اُس ظلمانی زمانہ کا نام ہے جس کی ظلمت کمال کی حد تک پہنچ جاتی ہے اس لئے وہ زمانہ بالطبع تقاضا کرتا ہے کہ ایک نور نازل ہو جو اس ظلمت کو دور کرے۔ اس زمانہ کا نام بطور استعارہ کے لیلۃ القدر رکھا گیا ہے۔ مگر درحقیقت یہ رات نہیں ہے۔ یہ ایک زمانہ ہے جو بوجہ ظلمت رات کا ہم رنگ ہے۔ نبی کی وفات یا اُس کے روحانی قائم مقام کی وفات کے بعد جب ہزار مہینہ جو بشری عمر کے دَور کو قریب الاختتام کرنے والا اور انسانی حواس کے الوداع کی خبر دینے والا ہے گذر جاتا ہے تو یہ رات اپنا رنگ جمانے لگتی ہے تب آسمانی کارروائی سے ایک یا کئی مصلحوں کی پوشیدہ طور پر تخم ریزی ہو جاتی ہے جو نئی صدی کے سر پر ظاہر ہونے کے لئے ﴿۵۵﴾
اندر ہی اندر طیار ہو رہتے ہیں۔ اسی کی طرف اللہ جلّشانہ اشارہ فرماتا ہے کہ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ [1] یعنی اس لیلۃ القدر کے نور کو دیکھنے والا اور وقت کے مصلح کی صحبت سے

[1] القدر :۴

شرف حاصل کرنے والا اس اسّی۸۰ برس کے بڈھے سے اچھا ہے جس نے اس نورانی وقت کو نہیں پایا اور اگر ایک ساعت بھی اس وقت کو پالیا ہے تو یہ ایک ساعت اس ہزار مہینے سے بہتر ہے جو پہلے گذر چکے۔ کیوں بہتر ہے؟ اس لئے کہ اس لیلۃ القدر میں خدا تعالیٰ کے فرشتے اور روح القدس اس مصلح کے ساتھ رب جلیل کے اذن سے آسمان سے اترتے ہیں نہ عبث طور پر بلکہ اس لئے کہ تا مستعد دلوں پر نازل ہوں اور سلامتی کی راہیں کھولیں۔ سو وہ تمام راہوں کے کھولنے اور تمام پردوں کے اٹھانے میں مشغول رہتے ہیں یہاں تک کہ ظلمتِ غفلت دور ہو کر صبح ہدایت نمودار ہو جاتی ہے۔

اب اے مسلمانو غور سے اِن آیات کو پڑھو کہ کس قدر خدا تعالیٰ اس زمانہ کی تعریف بیان فرماتا ہے جس میں ضرورت کے وقت پر کوئی مصلح دنیا میں بھیجا تا ہے کیا تم ایسے زمانہ کا قدر ﴿۵۶﴾ نہیں کرو گے کیا تم خدا تعالیٰ کے فرمودوں کو بنظر استہزاء دیکھو گے؟

سوائے اسلام کے ذی مقدرت لوگو! دیکھو! میں یہ پیغام آپ لوگوں تک پہنچا دیتا ہوں کہ آپ لوگوں کو اس اصلاحی کارخانہ کی جو خدا تعالیٰ کی طرف سے نکلا ہے اپنے سارے دل اور ساری توجہ اور سارے اخلاص سے مدد کرنی چاہیے اور اس کے سارے پہلوؤں کو بنظر عزت دیکھ کر بہت جلد حق خدمت ادا کرنا چاہیے۔ جو شخص اپنی حیثیت کے موافق کچھ ماہواری دینا چاہتا ہے وہ اس کو حق واجب اور دَین لازم کی طرح سمجھ کر خود بخود ماہوار اپنی فکر سے ادا کرے اور اس فریضہ کو خالصۃً للّٰہ نذر مقرر کر کے اُس کے ادا میں تخلف یا سہل انگاری کو روا نہ رکھے۔ اور جو شخص یکمشت امداد کے طور پر دینا چاہتا ہے وہ اسی طرح ادا کرے لیکن یاد رہے کہ اصل مدعا جس پر اس سلسلہ کے بلا انقطاع چلنے کی امید ہے وہ یہی انتظام ہے کہ سچے خیر خواہ دین کے اپنی بضاعت اور اپنی بساط کے لحاظ سے ایسی سہل رقمیں ماہواری کے طور پر ادا کرنا اپنے نفس پر ایک حتمی وعدہ ٹھہرا لیں جن کو بشرط نہ پیش آنے کسی اتفاقی مانع کے بآسانی ادا کر سکیں۔ ہاں جس کو اللہ جلّشانہ توفیق اور انشراح صدر بخشے وہ علاوہ اس ﴿۵۷﴾

ماہواری چندہ کے اپنی وسعت ہمّت اور اندازہ مقدرت کے موافق یک مشت کے طور پر بھی مدد کر سکتا ہے۔ اور تم اے میرے عزیزو! میرے پیارو! میرے درخت وجود کی سرسبز شاخو! جو خدا تعالیٰ کی رحمت سے جو تم پر ہے میرے سلسلہ بیعت میں داخل ہو اور اپنی زندگی، اپنا آرام، اپنا مال اس راہ میں فدا کر رہے ہو۔ اگرچہ میں جانتا ہوں کہ میں جو کچھ کہوں تم اُسے قبول کرنا اپنی سعادت سمجھو گے اور جہاں تک تمہاری طاقت ہے دریغ نہیں کرو گے لیکن میں اس خدمت کے لئے معیّن طور پر اپنی زبان سے تم پر کچھ فرض نہیں کر سکتا تا کہ تمہاری خدمتیں نہ میرے کہنے کی مجبوری سے ہوں بلکہ اپنی خوشی سے ہوں۔ میرا دوست کون ہے؟ اور میرا عزیز کون؟ وہی جو مجھے پہچانتا ہے۔ مجھے کون پہنچاتا ہے؟ صرف وہی جو مجھ پر یقین رکھتا ہے کہ میں بھیجا گیا ہوں۔ اور مجھے اُس طرح قبول کرتا ہے جس طرح وہ لوگ قبول کئے جاتے ہیں جو بھیجے گئے ہوں۔ دنیا مجھے قبول نہیں کر سکتی کیونکہ میں دنیا میں سے نہیں ہوں۔ مگر جن کی فطرت کو اُس عالم کا حصہ دیا گیا ہے وہ مجھے قبول کرتے ہیں اور کریں گے۔ جو مجھے چھوڑتا ہے وہ اُس کو چھوڑتا ہے جس نے مجھے بھیجا ہے اور جو مجھ سے پیوند کرتا ہے وہ اُس سے کرتا ہے جس کی طرف سے میں آیا ہوں میرے ہاتھ میں ایک چراغ ہے جو شخص میرے پاس آتا ہے ضرور وہ اُس روشنی سے حصہ لے گا مگر جو شخص وہم اور بدگمانی سے دور بھاگتا ہے وہ ظلمت میں ڈال دیا جائے گا۔ اس زمانہ کا حصن حصین میں ہوں جو مجھ میں داخل ہوتا ہے وہ چوروں اور قزاقوں اور درندوں سے اپنی جان بچائے گا مگر جو شخص میری دیواروں سے دور رہنا چاہتا ہے ہر طرف سے اس کو موت درپیش ہے! اور اُس کی لاش بھی سلامت نہیں رہے گی۔ مجھ میں کون داخل ہوتا ہے؟ وہی جو بدی کو چھوڑتا اور نیکی کو اختیار کرتا ہے اور کجی کو چھوڑتا اور راستی پر قدم مارتا ہے اور شیطان کی غلامی سے آزاد ہوتا اور خدا تعالیٰ کا ایک بندۂ مطیع بن جاتا ہے۔ ہر ایک جو ایسا کرتا ہے وہ مجھ میں ہے اور میں اُس میں ہوں مگر ایسا کرنے پر فقط وہی قادر ہوتا ہے جس کو خدا تعالیٰ نفس مزکی کے سایہ میں ڈال دیتا ہے۔ تب وہ اُس کے نفس کی دوزخ کے اندر اپنا پیر رکھ دیتا ﴿۵۸﴾

ہے تو وہ ایسا ٹھنڈا ہو جاتا ہے کہ گویا اُس میں کبھی آگ نہیں تھی۔ تب وہ ترقی پر ترقی کرتا ہے یہاں تک کہ خدا تعالیٰ کی روح اُس میں سکونت کرتی ہے اور ایک تجلّی خاص کے ساتھ رب العالمین کا استویٰ اس کے دل پر ہوتا ہے تب پورانی انسانیت اس کی جل کر ایک نئی اور پاک انسانیت اُس کو عطا کی جاتی ہے اور خدا تعالیٰ بھی ایک نیا خدا ہو کر نئے اور خاص طور پر اُس سے تعلق پکڑتا ہے اور بہشتی زندگی کا تمام پاک سامان اسی عالم میں اُس کو مل جاتا ہے۔ ﴿۵۹﴾

اِس جگہ میں اس بات کے اظہار اور اس شکر کے ادا کرنے کے بغیر رہ نہیں سکتا کہ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم نے مجھے اکیلا نہیں چھوڑا۔ میرے ساتھ تعلق اخوت پکڑنے والے اور اس سلسلہ میں داخل ہونے والے جس کو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا ہے محبت اور اخلاص کے رنگ سے ایک عجیب طرز پر رنگین ہیں۔ نہ میں نے اپنی محنت سے بلکہ خدا تعالیٰ نے اپنے خاص احسان سے یہ صدق سے بھری ہوئی روحیں مجھے عطا کی ہیں۔ سب سے پہلے میں اپنے ایک روحانی بھائی کے ذکر کرنے کے لئے دل میں جوش پاتا ہوں جن کا نام اُن کے نورِ اخلاص کی طرح نور دین ہے میں اُن کی بعض دینی خدمتوں کو جو اپنے مال حلال کے خرچ سے اعلاء کلمہ اسلام کے لئے وہ کر رہے ہیں ہمیشہ حسرت کی نظر سے دیکھتا ہوں کہ کاش وہ خدمتیں مجھ سے بھی ادا ہو سکتیں۔ اُن کے دِل میں جو تائید دین کے لئے جوش بھرا ہے اُس کے تصور سے قدرت الٰہی کا نقشہ میری آنکھوں کے سامنے آ جاتا ہے کہ وہ کیسے اپنے بندوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ وہ اپنے تمام مال اور تمام زور اور تمام اسباب مقدرت کے ساتھ جو اُن کو میسر ہیں ہر وقت اللہ رسول کی اطاعت کے لئے مستعد کھڑے ہیں اور میں تجربہ سے نہ صرف حسن ظن سے یہ علم صحیح واقعی رکھتا ہوں کہ اُنہیں میری راہ میں مال کیا بلکہ جان اور عزت تک دریغ نہیں۔ اور اگر میں اجازت دیتا تو وہ سب کچھ اس راہ میں فدا کر کے اپنی روحانی رفاقت کی طرح جسمانی رفاقت اور ہر دم صحبت میں رہنے کا حق ادا کرتے۔ ﴿۶۰﴾
اُن کے بعض خطوط کی چند سطریں بطور نمونہ ناظرین کو دکھلاتا ہوں تا انہیں معلوم ہو کہ میرے پیارے بھائی **مولوی حکیم نور دین بھروی** معالج ریاست جموں نے محبت اور اخلاص

کے مراتب میں کہاں تک ترقی کی ہے اور وہ سطریں یہ ہیں ۔

مولانا ،مرشدنا، امامنا۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ عالی جناب میری دعا یہ ہے کہ ہر وقت حضور کی جناب میں حاضر رہوں اور امام زمان سے جس مطلبؔ کے ﴿۶۱﴾ واسطے وہ مجدد کیا گیا وہ مطالب حاصل کروں۔ اگر اجازت ہو تو میں نوکری سے استعفا دے دوں اور دن رات خدمت عالی میں پڑا رہوں یا اگر حکم ہو تو اس تعلق کو چھوڑ کر دنیا میں پھروں اور لوگوں کو دین حق کی طرف بلاؤں اور اسی راہ میں جان دوں ۔ میں آپ کی راہ میں قربان ہوں ۔ میرا جو کچھ ہے میرا نہیں آپ کا ہے۔ حضرت پیرو مرشد میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو جائے تو میں مراد کو پہنچ گیا۔ اگر خریدار براہین کے توقف طبع کتاب سے مضطرب ہوں تو مجھے اجازت فرمایئے کہ یہ ادنیٰ خدمت بجالاؤں کہ اُن کی تمام قیمت ادا کردہ اپنے پاس سے واپس کر دُوں۔ حضرت پیرومرشد نابکار شرمسار عرض کرتا ہے اگر منظور ہو تو میری سعادت ہے۔ میرا منشاء ہے کہ براہینؔ کے طبع کا تمام خرچ میرے پر ڈال دیا جائے پھر جو کچھ قیمت میں وصول ہو ﴿۶۲﴾ وہ روپیہ آپ کی ضروریات میں خرچ ہو۔ مجھے آپ سے نسبت فاروقی ہے اور سب کچھ اس راہ میں فدا کرنے کے لئے طیار ہوں۔ دعا فرماویں کہ میری موت صدیقوں کی موت ہو۔

مولوی صاحب ممدوح کا صدق اور ہمّت اور اُن کی غمخواری اور جان نثاری جیسے اُن کے قال سے ظاہر ہے اس سے بڑھ کر اُن کے حال سے اُن کی مخلصانہ خدمتوں سے ظاہر ہو رہا ہے اور وہ محبت اور اخلاص کے جذبہ کاملہ سے چاہتے ہیں کہ سب کچھ یہاں تک کہ اپنے عیال کی زندگی بسر کرنے کی ضروری چیزیں بھی اسی راہ میں فدا کر دیں۔ اُن کی روح محبت کے جوش اور مستی سے اُن کی طاقت سے زیادہ قدم بڑھانے کی تعلیم دے رہی ہے اور ہر دم اور ہر آن خدمت میں لگے ہوئے ہیں☆ لیکن یہ نہایت درجہ کی بے رحمی ہے کہ ایسے جان نثار پر وہ سارے فوق الطاقت بوجھ ڈال دیئے جائیں جن کو اُٹھانا ایک گروہ کا کام ہے۔ بیشک مولوی صاحب اسؔ خدمت کو بہم پہنچانے کے لئے تمام جائداد سے دست بردار ہو جانا اور ایوب نبی کی طرح یہ کہنا کہ ’’میں اکیلا آیا اور اکیلا جاؤں گا‘‘ قبول کر لیں گے لیکن یہ فریضہ تمام ﴿۶۳﴾ قوم میں مشترک ہے اور سب پر لازم ہے کہ اس پُر خطر اور پُر فتنہ زمانہ میں کہ جو ایمان کے ایک نازک رشتہ کو جو خدا اور اُس کے بندے میں ہونا چاہیئے بڑے زور وشور کے ساتھ جھٹکے دے کر ہلا رہا ہے اپنے اپنے حسن خاتمہ کی فکر کریں اور وہ اعمال صالحہ جن پر نجات کا انحصار ہے اپنے پیارے مالوں کے فدا کرنے اور پیارے وقتوں کو خدمت میں لگانے سے حاصل کریں اور خدا تعالیٰ کے اُس غیر متبدل اور مستحکم قانون سے ڈریں جو وہ اپنے کلام عزیز

☆ حضرت مولوی صاحب علوم فقہ اور حدیث اور تفسیر میں اعلیٰ درجہ کے معلومات رکھتے ہیں۔ فلسفہ اور طبعی قدیم اور جدید پر نہایت عمدہ نظر ہے۔ فن طبابت میں ایک حاذق طبیب ہیں ہر ایک فن کی کتابیں بلاد مصر وعرب وشام و یورپ سے منگوا کر ایک نادر کتب خانہ طیّار کیا ہے اور جیسے اور علوم میں فاضل جلیل ہیں مناظرات دینیہ میں بھی نہایت درجہ نظر وسیع رکھتے ہیں۔ بہت سی عمدہ کتابوں کے مؤلف ہیں۔ حال میں کتاب تصدیق براہین احمدیہ بھی حضرت ممدوح نے ہی تالیف فرمائی ہے جو ہر ایک محقّقانہ طبیعت کے آدمی کی نگاہ میں جواہرات سے بھی زیادہ بیش قیمت ہے۔ منہ

میں فرماتا ہے لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ [1] یعنی تم حقیقی نیکی کو جو نجات تک پہنچاتی ہے ہرگز پا نہیں سکتے بجز اس کے کہ تم خدا تعالیٰ کی راہ میں وہ مال اور وہ چیزیں خرچ کرو جو تمہاری پیاری ہیں۔

اِس جگہ میں اپنے چند اور دلی دوستوں کا بھی ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں جو اس الٰہی سلسلہ میں داخل اور میرے ساتھ سرگرمی سے دلی محبت رکھتے ہیں۔ از آں جملہ اخویم **شیخ محمد حسین** مراد آبادی ہیں جو اس وقت مراد آباد سے قادیان میں آکر اس مضمون کی کاپی محض للہ لکھ رہے ہیں۔ شیخ صاحب ممدوح کا صاف سینہ مجھے ایسا نظر آتا ہے جیسا آئینہ۔ وہ مجھ سے محض للہ ﴿۶۴﴾ غایت درجہ کا خلوص و محبت رکھتے ہیں اُن کا دل حب للہ سے پُر ہے اور نہایت عجیب مادہ کے آدمی ہیں۔ میں اُنہیں مراد آباد کے لئے ایک شمع منور سمجھتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ وہ محبت اور اخلاص کی روشنی جو اُن میں ہے وہ کسی دن دوسروں میں بھی سرایت کرے گی۔ شیخ صاحب اگرچہ قلیل البضاعت ہیں مگر دل کے سخی اور منشرح الصدر ہیں۔ ہر طرح سے اس عاجز کی خدمت میں مشغول رہتے ہیں اور محبت سے بھرا ہوا اعتقاد اُن کے رگ و ریشہ میں رچا ہوا ہے۔

از آں جملہ اخویم **حکیم فضل دین بھیروی** ہیں۔ حکیم صاحب ممدوح جس قدر مجھ سے محبت اور اخلاص اور حسن ارادت اور اندرونی تعلق رکھتے ہیں میں اُس کے بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ وہ میرے سچے خیر خواہ اور دلی ہمدرد اور حقیقت شناس مرد ہیں۔ بعد اس کے جو خدا تعالیٰ نے اس اشتہار کے لکھنے کے لئے مجھے توجہ دی اور اپنے الہامات خاصہ سے امیدیں دلائیں میں نے کئی لوگوں سے اس اشتہار کے لکھنے کا تذکرہ کیا کوئی مجھ سے متفق الرائے نہیں ہوا لیکن میرے یہ عزیز بھائی بغیر اس کے کہ میں اِن سے ذکر کرتا خود مجھے اس اشتہار ﴿۶۵﴾ کے لکھنے کے لئے محرک ہوئے اور اس کے اخراجات کے واسطے اپنی طرف سے سو روپیہ دیا۔ میں ان کی فراست ایمانی سے متعجب ہوں کہ اُن کے ارادہ کو خدا تعالیٰ کے ارادہ سے توارد ہو گیا۔ وہ ہمیشہ در پردہ خدمت کرتے رہتے ہیں اور کئی سو روپیہ پوشیدہ طور پر

[1] اٰل عمران :۹۳

محض ابتغاءً لمرضات اللّٰہ اس راہ میں دے چکے ہیں۔خدا تعالیٰ اُنہیں جزائے خیر بخشے۔
از آنجملہ میرے نہایت پیارے بھائی اپنی جدائی سے ہمارے دل پر داغ ڈالنے والے **میرزا عظیم بیگ صاحب** مرحوم ومغفور رئیس سامانہ علاقہ پٹیالہ کے ہیں جو دوسری ربیع الثانی ۱۳۰۸ھ میں اس جہانِ فانی سے انتقال کر گئے **اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ. اَلۡعَیۡنُ تَدۡمَعُ وَ الۡقَلۡبُ یَحۡزُنُ وَ اِنَّا بِفِرَاقِہٖ لَمَحۡزُوۡنُوۡنَ** میرزا صاحب مرحوم جس قدر مجھ سے محض للہ محبت رکھتے اور جس قدر مجھ میں فنا ہو رہے تھے میں کہاں سے ایسے الفاظ لاؤں تا اُس عشقی مرتبہ کو بیان کرسکوں اور جس قدر اُن کی بے وقت مفارقت سے مجھے غم اور اندوہ پہنچا ہے میں اپنے گذشتہ زمانہ میں اُس کی نظیر بہت ہی کم دیکھتا ہوں۔ وہ ہمارے فرط اور ہمارے میر منزل ہیں جو ہمارے دیکھتے دیکھتے ہم سے رخصت ہو گئے۔ جب تک ہم زندہ رہیں گے اُن کی مفارقت کا غم ہمیں کبھی نہیں بھولے گا۔ ﴿۶۶﴾

دردیست دردلم کہ گراز پیش آب چشم  بر دارم آستین برود تا بدامنم

اُن کی مفارقت کی یاد سے طبیعت میں اُداسی اور سینہ میں قلق کے غلبہ سے کچھ خلش اور دل میں غم اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔اُن کا تمام وجود محبت سے بھر گیا تھا۔ میرزا صاحب مرحوم محبانہ جوشوں کے ظاہر کرنے کے لئے بڑے بہادر تھے۔اُنہوں نے اپنی تمام زندگی اسی راہ میں وقف کر رکھی تھی۔ مجھے امید نہیں کہ اُنہیں کوئی اَور خواب بھی آتی ہو۔اگرچہ میرزا صاحب بہت **قلیل البضاعت** آدمی تھے مگر اُن کی نگاہ میں دینی خدمتوں کے محل پر جو ہمیشہ کرتے رہتے تھے خاک سے زیادہ مال بے قدر تھا۔اسرارِ معرفت کے سمجھنے کے لئے نہایت درجہ کا فہم سلیم رکھتے تھے محبت سے بھرا ہوا یقین جو اس عاجز کی نسبت وہ رکھتے تھے خدا تعالیٰ کے تصرف تام کا ایک معجزہ تھا اُن کے دیکھنے سے طبیعت ایسی خوش ہو جاتی تھی جیسے ایک پھولوں اور پھلوں سے بھرے ہوئے باغ کو دیکھ کر طبیعت خوش ہوتی ہے۔ وہ بنظر ظاہر اپنے پس ماندوں اور اپنے خورد سال بچہ کو نہایت ضعف اور ناداری ﴿۶۷﴾

اور بے سامانی کی حالت میں چھوڑ گئے۔ اے خداوند قادر مطلق تو اُن کا متکفل اور متولّی ہو۔ اور میرے محبین کے دلوں میں الہام ڈال کہ اپنے اس یک رنگ بھائی کے پس ماندوں کے لئے جو بے کس اور بے سامان رہ گئے کچھ ہمدردی کا حق بجالاویں۔

| | |
|---|---|
| اے خدا اے چارہ سازِ ہر دل اندوہگیں | اے پناہ عاجزان آمرز گارِ مُذنبین |
| از کرم آں بندۂ خودرا بہ بخشش ہا نواز | ایں جدا افتادگاں را از ترحم ہا بہ بین |

میں نے بطور نمونہ اس جگہ چند دوستوں کا ذکر کیا ہے اور اسی رنگ اور اسی شان کے میرے اور دوست بھی ہیں جن کا مفصّل ذکر انشاء اللہ ایک مستقل رسالہ میں کروں گا۔ اب مضمون طول ہوا جاتا ہے اسی پر بس کرتا ہوں۔

اور میں اس جگہ اس بات کا اظہار بھی مناسب سمجھتا ہوں کہ جس قدر لوگ میرے سلسلۂ بیعت میں داخل ہیں وہ سب کے سب ابھی اس بات کے لائق نہیں کہ میں اُن کی نسبت کوئی عمدہ رائے ظاہر کرسکوں بلکہ بعض خشک ٹہنیوں کی طرح نظر آتے ہیں۔ جن کو میرا خداوند جو میرا متولّی ہے مجھ سے کاٹ کر جلنے والی لکڑیوں میں پھینک دے گا۔ بعض ایسے بھی ہیں کہ
اوّل اُن میں دلسوزی اور اخلاص بھی تھا مگر اب اُن پر سخت قبض وارد ہے اور اخلاص کی سرگرمی ﴿۶۸﴾
اور مریدانہ محبت کی نورانیت باقی نہیں رہی بلکہ صرف بَلْعَمْ کی طرح مکاریاں باقی رہ گئی ہیں اور بوسیدہ دانت کی طرح اب بجز اس کے کسی کام کے نہیں کہ منہ سے اُکھاڑ کر پیروں کے نیچے ڈال دیئے جائیں۔ وہ تھک گئے اور درماندہ ہوگئے اور نابکار دنیا نے اپنے دام تزویر کے نیچے اُنہیں دبا لیا۔ سو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ عنقریب مجھ سے کاٹ دیئے جائیں گے بجز اس شخص کے کہ خدا تعالیٰ کا فضل نئے سرے اُس کا ہاتھ پکڑ لیوے۔ ایسے بھی بہت ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے ہمیشہ کے لئے مجھے دیا ہے اور وہ میرے درختِ وجود کی سرسبز شاخیں ہیں اور میں انشاء اللہ کسی دوسرے وقت میں اُن کا تذکرہ لکھوں گا۔

اس جگہ میں بعض اُن لوگوں کا وسوسہ بھی دور کرنا چاہتا ہوں جو ذی مقدرت لوگ ہیں اور اپنے تئیں بڑا افیاض اور دین کی راہ میں فدا شدہ خیال کرتے ہیں لیکن اپنے مالوں کو محل پر خرچ کرنے سے بکلّی منحرف ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر ہم کسی صادق مؤید من اللہ کا زمانہ پاتے جو دین کی تائید کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا ہوتا تو ہم اُس کی نصرت کی راہ میں ایسے جھکتے کہ قربان ہی ہو جاتے مگر کیا کریں ہر طرف فریب اور مکر کا بازار گرم ہے مگر اے لوگو ﴿۶۹﴾
تم پر واضح رہے کہ دین کی تائید کے لئے ایک شخص بھیجا گیا لیکن تم نے اُسے شناخت نہیں کیا۔ وہ تمہارے درمیان ہے اور یہی ہے جو بول رہا ہے۔ پر تمہاری آنکھوں پر بھاری پردے ہیں۔ اگر تمہارے دل سچائی سے طلب گار ہوں تو جو شخص خدا تعالیٰ کے ہم کلام ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اُس کا آزمانا بہت سہل ہے۔ اُس کی خدمت میں آؤ۔ اس کی صحبت میں دو تین ہفتے رہو تا اگر خدا تعالیٰ چاہے تو اُن برکات کی بارشیں جو اُس پر ہو رہی ہیں اور وہ حقّانی وحی کے انوار جو اُس پر اُتر رہے ہیں اُن میں سے تم بچشم خود دیکھ لو۔ جو ڈھونڈتا ہے وہی پاتا ہے جو کھٹکھٹاتا ہے اُسی کے لئے کھولا جاتا ہے۔ اگر تم آنکھیں بند کر کے اور اندھیری کوٹھری میں چھپ کر یہ کہو کہ آفتاب کہاں ہے تو یہ تمہاری عبث شکایت ہے۔ اے نادان اپنی کوٹھری کے کواڑ کھول اور اپنی آنکھوں پر سے پردہ اُٹھا تا تجھے آفتاب نہ صرف نظر آوے بلکہ اپنی روشنی سے تجھے منور بھی کرے۔

بعض کہتے ہیں کہ انجمنیں قائم کرنا اور مدارس کھولنا ہی تائید دین کے لئے کافی ہے مگر وہ نہیں سمجھتے کہ دین کس چیز کا نام ہے اور اس ہماری ہستی کی انتہائی اغراض کیا ہیں اور کیوں کر اور کن راہوں سے وہ اغراض حاصل ہو سکتے ہیں۔ سو اُنہیں جاننا چاہیے کہ انتہائی ﴿۷۰﴾
غرض اس زندگی کی خدا تعالیٰ سے وہ سچا اور یقینی پیوند حاصل کرنا ہے جو تعلقات نفسانیہ سے چھوڑا کر نجات کے سرچشمہ تک پہنچاتا ہے۔ سو اس یقین کامل کی راہیں انسانی بناوٹوں اور تدبیروں سے ہرگز کھل نہیں سکتیں اور انسانوں کا گھڑا ہوا فلسفہ اس جگہ کچھ فائدہ نہیں

پہنچاتا بلکہ یہ روشنی ہمیشہ خدا تعالیٰ اپنے خاص بندوں کے ذریعہ سے ظلمت کے وقت میں
آسمان سے نازل کرتا ہے اور جو آسمان سے اُترا وہی آسمان کی طرف لے جاتا ہے۔ سواے
وے لوگو جو ظلمت کے گڑھے میں دبے ہوئے اور شکوک وشبہات کے پنجہ میں اسیر اور نفسانی
جذبات کے غلام ہو صرف اِسمی اور رَسمی اسلام پر ناز مت کرو اور اپنی سچی رفاہیّت اور اپنی حقیقی
بہبودی اور اپنی آخری کامیابی انہی تدبیروں میں نہ سمجھو جو حال کی انجمنوں اور مدارس کے
ذریعہ سے کی جاتی ہیں۔ یہ اشغال بنیادی طور پر فائدہ بخش تو ہیں اور ترقیات کا پہلا زینہ
متصور ہو سکتے ہیں مگر اصل مدعا سے بہت دور ہیں۔ شاید ان تدبیروں سے دماغی چالاکیاں
پیدا ہوں یا طبیعت میں پُرفنی اور ذہن میں تیزی اور خشک منطق کی مشق حاصل ہو جائے یا
عالمیت اور فاضلیت کا خطاب حاصل کر لیا جائے اور شاید مدت دراز کی تحصیل علمی کے بعد ﴿۷۱﴾
اصل مقصود کے کچھ ممد بھی ہو سکیں مگر تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود۔ سو جاگو
اور ہوشیار ہو جاؤ ایسا نہ ہو کہ ٹھوکر کھاؤ۔ مبادا سفر آخرت ایسی صورت میں پیش آوے جو
درحقیقت الحاد اور بے ایمانی کی صورت ہو یقیناً سمجھو کہ فلاح عاقبت کی امیدوں کا تمام
مدار و انحصار اِن رسمی علوم کی تحصیل پر ہرگز نہیں ہو سکتا اور اُس آسمانی نور کے اُترنے کی
ضرورت ہے جو شکوک وشبہات کی آلائشوں کو دور کرتا اور ہوا و ہوس کی آگ کو بجھاتا اور
خدا تعالیٰ کی سچی محبت اور سچے عشق اور سچی اطاعت کی طرف کھینچتا ہے۔ اگر تم اپنی کانشنس
سے سوال کرو تو یہی جواب پاؤ گے کہ وہ سچی تسلی اور سچا اطمینان کہ جو ایک دم میں روحانی
تبدیلی کا موجب ہوتا ہے وہ ابھی تک تم کو حاصل نہیں۔ پس کمال افسوس کی جگہ ہے کہ
جس قدر تم رسمی باتوں اور رسمی علوم کی اشاعت کے لئے جوش رکھتے ہو اس کا عشر عشیر بھی
آسمانی سلسلہ کی طرف تمہارا خیال نہیں۔ تمہاری زندگی اکثر ایسے کاموں کے لئے وقف ہو
رہی ہے کہ اوّل تو وہ کام کسی قسم کا دین سے علاقہ ہی نہیں رکھتے اور اگر ہے بھی تو وہ علاقہ
ایک ادنیٰ درجہ کا اور اصل مدعا سے بہت پیچھے رَہا ہوا ہے۔ اگر تم میں وہ حواس ہوں اور وہ عقل ﴿۷۲﴾

جوضروری مطلب پر جا ٹھہرتی ہے تو تم ہرگز آرام نہ کرو جب تک وہ اصل مطلب تمہیں حاصل نہ ہو جائے۔ اے لوگو تم اپنے سچے خداوند خدا اپنے حقیقی خالق اپنے واقعی معبود کی شناخت اور محبت اور اطاعت کے لئے پیدا کئے گئے ہو۔ پس جب تک یہ امر جو تمہاری خِلقت کی علت غائی ہے بیّن طور پر تم میں ظاہر نہ ہو تب تک تم اپنی حقیقی نجات سے بہت دور ہو۔ اگر تم انصاف سے بات کرو تو تم اپنی اندرونی حالت پر آپ ہی گواہ ہو سکتے ہو کہ بجائے خدا پرستی کے ہردم دنیا پرستی کا ایک قوی ہیکل بت تمہارے دل کے سامنے ہے جس کو تم ایک ایک سکنڈ میں ہزار ہزار سجدہ کر رہے ہو اور تمہارے تمام اوقات عزیز دنیا کی جق جق بک بک میں ایسے مستغرق ہو رہے ہیں کہ تمہیں دوسری طرف نظر اُٹھانے کی فرصت نہیں۔ کبھی تمہیں یاد بھی ہے کہ انجام اس ہستی کا کیا ہے۔ کہاں ہے تم میں انصاف! کہاں ہے تم میں امانت! کہاں ہے تم میں وہ راستبازی اور خداترسی اور دیانتداری اور فروتنی جس کی طرف تمہیں قرآن بلاتا ہے تمہیں کبھی بھولے بسرے برسوں میں بھی تو یاد نہیں آتا کہ ہمارا کوئی خدا بھی ہے۔ کبھی تمہارے دل میں ﴿۷۳﴾ نہیں گذرتا کہ اُس کے کیا کیا حقوق تم پر ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ تم نے کوئی غرض کوئی واسطہ کوئی تعلق اُس قیوم حقیقی سے رکھا ہوا ہی نہیں اور اُس کا نام تک لینا تم پر مشکل ہے۔ اب چالاکی سے تم لڑو گے کہ ہرگز ایسا نہیں لیکن خدا تعالیٰ کا قانون قدرت تمہیں شرمندہ کرتا ہے جبکہ وہ تمہیں جتلاتا ہے کہ ایمانداروں کی نشانیاں تم میں نہیں۔ اگرچہ تم اپنی دنیوی فکروں اور سوچوں میں بڑے زور سے اپنی دانشمندی اور متانتِ رائے کے مدعی ہو مگر تمہاری لیاقت تمہاری نکتہ رسی تمہاری دور اندیشی صرف دنیا کے کناروں تک ختم ہو جاتی ہے اور تم اپنی اس عقل کے ذریعہ سے اُس دوسرے عالم کا ایک ذرہ سا گوشہ بھی نہیں دیکھ سکتے جس کی سکونت ابدی کے لئے تمہاری روحیں پیدا کی گئی ہیں۔ تم دنیا کی زندگی پر ایسے مطمئن بیٹھے ہو جیسے کوئی شخص ایک چیز ہمیشہ رہنے والی پر مطمئن ہوتا ہے مگر وہ دوسرا عالم جس کی خوشیاں سچے اطمینان کے لائق اور دائمی ہیں

وہ ساری عمر میں ایک مرتبہ بھی تمہیں یاد نہیں آتا۔ کیا بدقسمتی ہے کہ ایک بڑے امر اہم سے تم قطعاً غافل اور آنکھیں بند کئے بیٹھے ہو اور جو گزشتنی گزاشتنی امور ہیں اُن کی ہوس میں دن رات سرپٹ دوڑ رہے ہو تمہیں خوب خبر ہے کہ بلاشبہ وہ وقت تم پر آنے والا ہے کہ جو ایک دم میں تمہاری زندگی اور تمہاری ساری آرزوؤں کا خاتمہ کر دے گا مگر یہ عجیب شقاوت ہے کہ باوجود اس علم کے پھر اپنے تمام اوقات دنیا طلبی میں ہی برباد کر رہے ہو۔ اور دنیا طلبی بھی صرف وسائل جائزہ تک محدود نہیں بلکہ تمام ناجائز وسیلے جھوٹ اور دغا سے لے کر ناحق کے خون تک تم نے حلال کر رکھے ہیں۔ اور اِن تمام شرمناک جرائم کے ساتھ جو تم میں پھیلے ہوئے ہیں کہتے ہو کہ آسمانی نور اور آسمانی سلسلہ کی ہمیں ضرورت نہیں بلکہ اس سے سخت عداوت رکھتے ہو اور تم نے خدا تعالیٰ کے آسمانی سلسلہ کو بہت ہلکا سمجھ رکھا ہے یہاں تک کہ اُس کے ذکر کرنے میں بھی تمہاری زبانیں کراہت سے بھرے ہوئے الفاظ کے ساتھ اور بڑی رعونت اور ناک چڑھانے کی حالت میں ہجو کا حق ادا کرتی ہیں اور تم بار بار کہتے ہو کہ ہمیں کیوں کر یقین آوے کہ یہ سلسلہ منجانب اللہ ہے۔ میں ابھی اس کا جواب دے چکا ہوں کہ اس درخت کو اس کے پھلوں سے اور اس نیر کو اُس کی روشنی سے شناخت کرو گے۔ میں نے ایک دفعہ یہ پیغام تمہیں پہنچا دیا ہے۔ اب تمہارے اختیار میں ہے کہ اس کو قبول کرو یا نہ کرو اور میری باتوں کو یاد رکھو یا لوحِ حافظہ سے بھلا دو۔ ﴿۷۵﴾

جیتے جی قدر بشر کی نہیں ہوتی پیارو یاد آئیں گے تمہیں میرے سخن میرے بعد

﴿۷۴﴾ (margin, beside line 3)

## خاتمہ مشتمل بر مرثیہ تفرقہ حالت اسلام

| | |
|---|---|
| مے سزد گر خوں ببارد دیدۂ ہر اہل دیں | بر پریشاں حالیِ اسلام و قحط المسلمین |
| دینِ حق را گردش آمد صعبناک و سہمگیں | سخت شورے او فتاد اندر جہاں از کفر و کیں |

آنکہ نفس اوست از ہر خیر وخوبی بے نصیب ۔۔۔ مے تراشد عیب ہا در ذات خیر المرسلین
آنکہ در زندانِ ناپاکی ست محبوس وا سیر ۔۔۔ ہست در شانِ امامِ پاکبازاں نکتہ چیں
تیر بر معصوم مے بارد خبیثے بدگہر ۔۔۔ آسماں را می سزد گر سنگ باردبر زمیں
پیش چشمانِ شما اسلام در خاک اُوفتاد ۔۔۔ چیست عذرے پیش حق اے مجمع المتنعمین
ہر طرف کفرست جوشاں ہمچو افواجِ یزید ۔۔۔ دین حق بیمارو بیکس ہمچو **زین العابدین**
مردمِ ذی مقدرت مشغولِ عشرت ہائے خویش ۔۔۔ خرم و خنداں نشستہ بابُتانِ نازنین
عالماں را روز و شب باہم فساد از جوش نفس ۔۔۔ زاہداں غافل سراسر از ضرورت ہائے دیں
ہر کسے از بہر نفسِ دُونِ خود طرفے گرفت ۔۔۔ طرفِ دیں خالی شد و ہر دشمنے جست از کمیں
اے مسلماناں چہ آثارِ مسلمانی ہمیں ست ۔۔۔ دیں چنیں ابتر شما در جیفۂ دنیا رہیں
کاخِ دنیا را چہ استحکام در چشمِ شماست ۔۔۔ یا مگر از دل بروں کر دید موتِ اوّلیں
دورِ موت آمد قریب اے غافلاں فکرش کنید ۔۔۔ دَورِ مے تا کے بخوبانِ لطیف و مہ جبیں ﴿۷۶﴾
نفس خود رابستہ دنیا مدار اے ہوشمند ۔۔۔ ورنہ تلخی ہا بہ بینی وقت انفاسِ پسیں
دل مدہ اِلّا بدلدارے کہ حسنش دایم ست ۔۔۔ تا سرورِ دائمی یابی زِ **خیر المحسنین**
آن خرد مندے کہ او دیوانۂ راہش بود ۔۔۔ ہوشیارے آنکہ مست روئے آن یارِ حسیں
ہست جامِ عشق اُو آبِ حیاتِ لازوال ۔۔۔ ہر کہ نوشید ست اُو ہرگز نہ میرد بعد زیں
اے برادر دل منہ در دولت دنیاءِ دُوں ۔۔۔ زہر خوں ریزست در ہر قطرۂ ایں انگبیں
تاتوانی جہد کُن از بہرِ دیں باجان و مال ۔۔۔ تا زِ ربّ العرش یابی خلعتِ صد آفریں
ازعمل ثابت کن آں نورے کہ در ایمانِ تُست ۔۔۔ دل چو دادی یوسفے را راہِ کنعاں را گزیں
یاد ایامیکہ ایں دیں مرجع ہر کیش بود ۔۔۔ عالمے را وا رہانید از رہِ دیو لعیں
بر زمیں گسترد ظلِ تربیت از نورِ علم ۔۔۔ پائے خود مے زد زعز و جاہ بر چرخِ بریں
این زمانے آنچناں آمد کہ ہر ابن الجہول ۔۔۔ از سفاہت میکند تکذیب ایں دین متیں

صد ہزاراں ابلہاں از دیں بُروں بر دند رخت
بر مسلماناں ہمہ ادبار زِیں رہ اوفتاد
گر بگردد عالمے از راہِ دینِ مصطفٰے
فکر ایشاں غرق ہر دم در رہِ دنیاءِ دوں
﴿۷۷﴾ ہر کجا در مجلسے فسق ست ایشاں صدرِ شاں
باخرابات آشنا بیگانہ از کوئے ہدیٰ
رو بگرانید دلدارے کہ صد اخلاص داشت
آں زمانِ دولت واقبالِ ایشاں در گزشت
از رہِ دِیں پرورے آمد عروج اندر نخست
یا الٰہی باز کے آید زِ تو وقت مدد
ایں دو فکر دین احمد مغزِ جانِ ما گداخت
اے خدا زود آ و برما آبِ نصرت ہا ببار
اے خدا نورِ ہُدیٰ از مشرق رحمت برار
چوں مرا بخشیدۂ صدق اندریں سوزو گداز
کاروبار صادقاں ہرگز نماند ناتمام

صد ہزاراں جاہلاں گشتند صید الماکریں
کز پئے دیں ہمت شاں نیست باغیرت قریں
از رہِ غیرت نمے جنبند ہم مثلِ جنیں
مال ایشاں غارت اندر راہِ نسوان و بنیں
ہر کجا ہست از معاصی حلقۂ ایشاں نگیں
نفرت از ارباب دیں بادۂ پرستاں ہم نشیں
چوں ندید اندر دل ایں قوم صدق المخلصیں
شومئ اعمالِ شاں آورد ایامی چنیں
باز چوں آید بیاید ہم ازیں رہ بالیقیں
باز کے بینیم آں فرخندہ ایام وسنیں
کثرتِ اَعدائے ملت قلت انصارِ دیں
یا مرا بردار یا ربّ زِیں مقامِ آتشیں
گمرہاں را چشم کن روشن ز آیاتے مبیں
نیست اُمیدم کہ ناکامم بمیرانی دریں
صادقاں را دست حق باشد نہاں در آستیں

## اشتہار عام معترضین کی اطلاع کے لئے

ہم نے ارادہ کیا ہے کہ موجودہ زمانہ میں جس قدر مختلف فرقے اور مختلف رائے کے آدمی ﴿۷۸﴾ اسلام پر یا تعلیم قرآنی پر یا ہمارے سیّد و مولیٰ جناب عالی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرتے ہیں یا جو کچھ ہمارے ذاتی امور کے متعلق نکتہ چینیاں کر رہے ہیں یا جو کچھ ہمارے الہامات اور ہمارے الہامی دعاوی کی نسبت اُن کے دلوں میں شبہات اور وساوس ہیں اُن سب

اعتراضات کو ایک رسالہ کی صورت پر نمبروار مرتب کر کے چھاپ دیں اور پھر اُنہیں نمبروں کی ترتیب کے لحاظ سے ہر ایک اعتراض اور سوال کا جواب دینا شروع کریں۔ لہٰذا عام طور پر تمام عیسائیوں اور ہندوؤں اور آریوں اور یہودیوں اور مجوسیوں اور دہریوں اور برہمیوں اور طبعیوں اور فلسفیوں اور مخالف الرّائے مسلمانوں وغیرہ کو مخاطب کر کے اشتہار دیا جاتا ہے کہ ہر ایک شخص جو اسلام کی نسبت یا قرآن شریف اور ہمارے سیّد اور مقتداء خیر الرسل کی نسبت یا خود ہماری نسبت ہمارے منصب خداداد کی نسبت ہمارے الہامات کی نسبت کچھ اعتراضات رکھتا ہے تو اگر وہ طالب حق ہے تو اس پر لازم و واجب ہے کہ وہ اعتراضات خوشخط قلم سے تحریر کر کے ہمارے پاس بھیج دے تا وہ تمام اعتراضات ایک جگہ اکٹھے کر کے ایک رسالہ میں نمبروار ترتیب دے کر چھاپ دیئے جائیں اور پھر نمبروار ایک ایک کا مفصل جواب دیا جائے۔

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی

المشتہر

خاکسار مرزا غلام احمد از قادیاں ضلع گورداسپور پنجاب

۱۰؍ جمادی الثانی ۱۳۰۸ھ ہجری

# اعلان

اس رسالہ کے ساتھ دو اور رسالے تالیف کیے گئے ہیں جو درحقیقت اسی رسالہ کے جزو ہیں چنانچہ اس رسالہ کا نام فتح اسلام اور دوسرے کا نام توضیح مرام اور تیسرے کا نام ازالہ اوہام ہے۔

المعلن

میرزا غلام احمد از قادیاں

ٹائیٹل بار اوّل

حصّہ دوم رسالہ فتح اسلام از تالیفات مجدد دوران مسیح الزمان مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان جسکا نام ہے

الہامی

کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے ÷ جسکی مماثلت کو خدا نے بتا دیا

# توضیح مرام

حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب ÷ خوبوں کو بھی تو تم نے مسیحا بنا دیا

الہامی

مطبع ریاض ہند امرتسر میں باہتمام شیخ نور احمد مالک مطبع کے چھپا

قیمت فی جلد ۸/

# اعلان

اس رسالہ کے بعد ایک اور رسالہ بھی چند روز میں طبع ہو کر طیار ہو جائے گا جس کا نام ازالہ اوہام ہے

وہ رسالہ فتح اسلام کا تیسرا حصہ ہے

المعلن

مرزا غلام احمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَ السَّلَامُ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی

# مسیح کا دوبارہ دنیا میں آنا ﴿۱﴾

مسلمانوں اور عیسائیوں کا کسی قدر اختلاف کے ساتھ یہ خیال ہے کہ ’’حضرت مسیح بن مریم اسی عنصری وجود سے آسمان کی طرف اٹھائے گئے ہیں اور پھر وہ کسی زمانہ میں آسمان سے اتریں گے‘‘ میں اس خیال کا غلط ہونا اپنے اسی رسالہ میں لکھ چکا ہوں اور نیز یہ بھی بیان کر چکا ہوں کہ اس نزول سے مراد درحقیقت مسیح بن مریم کا نزول نہیں بلکہ استعارہ کے طور پر ایک مثیل مسیح کے آنے کی خبر دی گئی ہے جس کا مصداق حسب اعلام والہام الٰہی یہی عاجز ہے اور مجھے یقیناً معلوم ہے کہ میری اس رائے کے شائع ہونے کے بعد جس پر میں بینات الہام سے قائم کیا گیا ہوں بہت سی قلمیں مخالفانہ طور پر اٹھیں گی اور ایک تعجب اور انکار سے بھرا ہوا شور عوام میں پیدا ہوگا اور میرا ارادہ تھا کہ بالفعل میں کلام کو طول دینے سے مجتنب رہوں اور ﴿۲﴾ اعتراضات کے پیش ہونے کے وقت ان کے دفع رفع کے لیے مفصل وجوہات و دلائل جیسے معترضین کے خیالات کے حالات موجود ہوں پیش کروں لیکن اب مجھے اس ارادہ میں یہ نقص معلوم ہوتا ہے کہ میری کوتاہ قلمی کی حالت میں نہ صرف عوام الناس بلکہ مسلمانوں کے خواص بھی جو اُن کے بعض مولوی ہیں بباعث اپنے قصور فہم کے جو ان کی حالت متنزّلہ کو لازم پڑا ہوا ہے اور نیز بوجہ متاثر ہونے کے ایک پورانے خیال سے خواہ نخواہ میری بات کو رد کرنے کے لیے مدعیانہ کھڑے ہوں گے اور اپنے دعویٰ کے طرف دار بن کر بہرحال اُسی دعویٰ کی سچائی ثابت ہو جانا

چاہیں گے. پس مدعی ہو کر مقابل پر کھڑے ہو جانا اُن کے لیے سخت حجاب ہو جائے گا جس سے باہر نکلنا اور اپنی مشہور کردہ رائے سے رجوع کرنا ان کے لیے مشکل بلکہ محال ہوگا کیونکہ ہمیشہ یہی دیکھا جاتا ہے کہ جب کوئی مولوی ایک رائے کو علیٰ رُءُوس الاشہاد ظاہر کر دیتا ہے اور اپنا فیصلہ ناطق اُس کو قرار دیتا ہے تو پھر اس رائے سے عود کرنا اس کو موت سے بدتر دکھائی دیتا ہے۔ لہٰذا میں نے ترحماً للہ یہ چاہا کہ قبل اس کے کہ وہ مقابل پر آ کر ہٹ اور ضد کی بلا میں پھنس جائیں آپ ہی اُن کو ایسے صاف اور مدلل طور پر سمجھا دیا جائے کہ جو ایک دانا اور منصف اور ﴿۳﴾ طالب حق کی تسلی کے لیے کافی ہو اگر بعد میں پھر لکھنے کی ضرورت پڑے گی تو شائد ایسے لوگوں کے لئے وہ ضرورت پیش آوے کہ جو غائت درجہ کے سادہ لوح اور غبی ہیں جن کو آسمانی کتابوں کے استعارات مصطلحات ودقائق تاویلات کی کچھ بھی خبر بلکہ مس تک نہیں اور **لَا یَمَسُّہٗ** کی نفی کے نیچے داخل ہیں۔

اب پہلے ہم صفائی بیان کے لئے یہ لکھنا چاہتے ہیں کہ **بائبل** اور ہماری احادیث اور اخبار کی کتابوں کے رو سے جن نبیوں کا اسی وجودِ عنصری کے ساتھ آسمان پر جانا تصور کیا گیا ہے وہ دو نبی ہیں ایک **یوحنّا** جس کا نام **ایلیا** اور **ادریس**[1] بھی ہے۔ دوسرے **مسیح بن مریم** جن کو **عیسیٰ** اور **یسوع** بھی کہتے ہیں۔ ان دونوں نبیوں کی نسبت عہد قدیم اور جدید کے بعض صحیفے بیان کر رہے ہیں کہ وہ دونوں آسمان کی طرف اُٹھائے گئے اور پھر کسی زمانہ میں زمین پر اُتریں گے اور تم ان کو آسمان سے آتے دیکھو گے ان ہی کتابوں سے کسی قدر ملتے جلتے الفاظ احادیث نبویہ میں بھی پائے جاتے ہیں لیکن حضرت ادریس[2] کی نسبت جو بائیل میں یوحنا یا ایلیا کے نام سے پکارے گئے ہیں انجیل میں یہ فیصلہ دیا گیا ہے کہ یحییٰ بن زکریا ﴿۴﴾ کے پیدا ہونے سے اُن کا آسمان سے اُترنا وقوع میں آ گیا ہے چنانچہ حضرت مسیح صاف صاف الفاظ میں فرماتے ہیں کہ ''یوحنّا جو آنے والا تھا یہی ہے چاہو تو قبول کرو''۔ سو ایک نبی کے محکمہ سے ایک آسمان پر جانے والے اور پھر کسی وقت اُترنے والے یعنی **یوحنّا** کا مقدمہ

[1]،[2] الیاس پڑھا جائے۔ (شمس)

تو انفصال پا گیا اور دوبارہ اُترنے کی حقیقت اور کیفیت معلوم ہوگئی چنانچہ تمام عیسائیوں کا متفق علیہ عقیدہ جو انجیل کے رو سے ہونا چاہیے یہی ہے کہ **یوحنّا** جس کے آسمان سے اُترنے کا انتظار تھا وہ حضرت مسیح کے وقت میں آسمان سے اِس طرح پر اتر آیا کہ زکریا کے گھر میں اُسی طبع اور خاصیت کا بیٹا ہوا جس کا نام یحیٰ تھا۔ البتہ یہودی اُس کے اُترنے کے اب تک منتظر ہیں اُن کا بیان ہے کہ وہ سچ مچ آسمان سے اترے گا۔ اوّل بیت المقدس کے مناروں پر اس کا نزول ہوگا پھر وہاں سے یہودی لوگ اکٹھے ہو کر اس کو کسی نردبان وغیرہ کے ذریعہ سے نیچے اتار لیں گے اور جب یہودیوں کے سامنے وہ تاویل پیش کی جائے جو حضرت مسیح علیہ السلام نے یوحنا کے اترنے کے بارہ میں کی ہے تو وہ فی الفور غصہ ﴿۵﴾ سے بھر کر حضرت مسیح اور ایسے ہی حضرت یحیٰ کے حق میں ناگفتنی باتیں سناتے ہیں اور اس نبی کے فرمودہ کو ایک ملحدانہ خیال تصور کرتے ہیں بہرحال آسمان سے اترنے کا لفظ جو تاویل رکھتا ہے مسیح کے بیان سے اس کی حقیقت ظاہر ہوئی اور انہی کے بیان سے یوحنا کے آسمان سے اُترنے کا جھگڑا طے ہوا اور یہ بات کھل گئی کہ آخر اترے تو کس طرح اترے مگر مسیح کے اترنے کے بارہ میں اب تک بڑے جوش سے بیان کیا جاتا ہے کہ وہ عمدہ اور شاہانہ پوشاک قیمتی پارچات کی پہنے ہوئے☆ فرشتوں کے ساتھ آسمان سے اتریں گے مگر ان دو قوموں کا اس پر اتفاق نہیں کہ کہاں اتریں گے۔ آیا مکہ معظّمہ میں یا لنڈن کے کسی ﴿۶﴾ گرجا میں یا ماسکو کے شاہی کلیسیا میں۔ اگر عیسائیوں کو پرانے خیالات کی تقلید رہزن نہ ہو تو وہ مسلمانوں کی نسبت بہت جلد سمجھ سکتے ہیں کہ مسیح کا اترنا اُسی تشریح کے موافق چاہیے جو خود حضرت مسیح کے بیان سے صاف لفظوں میں معلوم ہو چکی ہے کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ

**حاشیہ:** یہ پارچات از قسم پشمینہ یا ابریشم ہوں گے؟ جیسے چوڑیا۔ گلبدن۔ اطلس۔ کمخواب۔ زربفت۔ زری۔ لاہی یا معمولی سوتی کپڑے جیسے نین سوکھ۔ تن زیب۔ اینگ۔ چکن۔ گلشن۔ ململ۔ جالی۔ خاصہ ڈوریا چارخانہ اور کس نے آسمان میں بُنے اور کس نے سیئے ہونگے۔ ابتک کسی نے مسلمانوں یا عیسائیوں میں سے اس کا کچھ پتہ نہیں دیا۔ منہ

ایک ہی صورت کے دو امر دو متناقض معنوں پر محمول ہوسکیں یہ بات اہل الرائے کے غور کے قابل ہے کہ اگر حضرت مسیح کی وہ تاویل جو انہوں نے یوحنا کے آسمان سے اترنے کی نسبت کی ہے فی الواقع صحیح ہے تو کیا حضرت مسیح کے نزول کے مقدمہ میں جو اسی پہلے مقدمہ کا ہم شکل ہے اسی تاویل کو کام میں نہیں لانا چاہیے۔ جس حالت میں ایک نبی اس سربستہ راز کی اصل حقیقت کھول چکا ہے اور قانون قدرت بھی اُسی کو چاہتا اور اُسی کو مانتا ہے تو پھر اس صاف اور سیدھی راہ کو چھوڑ کر ایک پیچیدہ اور قابل اعتراض راہ اپنی طرف سے کھودنا کیوں کر قبول کرنے کے لائق ٹھہر سکتا ہے۔ کیا ذی علم اور ایماندار لوگوں کا کانشنس جس کو مسیح کے بیان سے بھی پوری
﴿۷﴾ پوری مدد مل گئی ہے کسی اور طرف اپنا رخ کر سکتا ہے اور مسیحی لوگ تو اس وقت سے دس برس پہلے اپنی یہ پیشگوئی بھی انگریزی اخباروں کے ذریعہ سے شائع کر چکے ہیں کہ تین برس تک مسیح آسمان سے اترنے والا ہے۔ اب جو خدائے تعالیٰ نے اُس اُترنے والے کا نشان دیا تو مسیحیوں پر لازم ہے کہ سب سے پہلے وہی اس کو قبول کریں تا اپنی پیشگوئی کے آپ ہی مکذب نہ ٹھہریں۔

عیسائی لوگ اس بات کے بھی قائل ہیں کہ حضرت مسیح اٹھائے جانے کے بعد بہشت میں داخل ہوگئے۔ **لوکا** کی انجیل میں خود حضرت مسیح ایک چور کو تسلی دے کر کہتے ہیں کہ "**آج تو میرے ساتھ بہشت میں داخل ہوگا**"☆ اور عیسائیوں کا یہ عقیدہ بھی متفق علیہ ہے کہ کوئی شخص بہشت میں داخل ہو کر پھر اس سے نکالا نہیں جائے گا گو کیسا ہی ادنیٰ درجہ کا آدمی ہو چنانچہ یہی عقیدہ مسلمانوں کا بھی ہے۔ اللہ جل شانہٗ قرآن شریف میں فرماتا ہے وَ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ [1] یعنی جو لوگ
﴿۸﴾ بہشت میں داخل کئے جائیں گے پھر اس سے نکالے نہیں جائیں گے اور قرآن شریف میں اگرچہ حضرت مسیح کے بہشت میں داخل ہونے کا بہ تصریح کہیں ذکر نہیں لیکن ان کے وفات پا جانے کا تین جگہ ذکر ہے۞ اور مقدس بندوں کے لئے وفات پانا اور بہشت میں داخل ہونا ایک ہی حکم میں ہے

☆حاشیہ: دیکھو انجیل لوقا باب ۲۳ آیت ۴۳

۞حاشیہ: قال اللّٰه تعالٰی: فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ [2] دیکھو سورۃ مائدہ الجزو نمبر ۷
وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ [3] سورۃ النساء الجزو نمبر ۶
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰۤى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ [4] سورۃ آل عمران الجزو نمبر ۳ منه

[1] الحجر: ۴۹ [2] المائدۃ: ۱۱۸ [3] النساء: ۱۶۰ [4] ال عمران: ۵۶

کیونکہ برطبق آیت قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ [1] وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ [2] وہ بلا توقف بہشت میں داخل کئے جاتے ہیں۔اب مسلمانوں میں اور عیسائیوں دونوں گروہ پر واجب ہے کہ اس امر کو غور سے جانچیں کہ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک مسیح جیسا مقرب بندہ بہشت میں داخل کر کے پھر اُس سے باہر نکال دیا جائے ؟ کیا اِس میں خدائے تعالیٰ کے اس وعدہ کا تخلف نہیں جو اس کی تمام پاک کتابوں میں بتواتر وتصریح موجود ہے؟ کہ بہشت میں داخل ہونے والے پھر اس سے نکالے نہیں جائیں گے۔کیا ایسے بزرگ اور حتمی وعدہ کا ٹوٹ جانا خدائے تعالیٰ کے تمام وعدوں پر ایک سخت زلزلہ نہیں لاتا ؟ پس یقیناً سمجھو کہ ایسا اعتقاد رکھنے میں نہ صرف مسیح پر ناجائز مصیبت وارد کرو گے بلکہ ان لغو باتوں سے خدائے تعالیٰ کی کسر شان اور کمال درجہ کی بے ادبی بھی ہوگی اس امر کو ایک بڑے غور اور دیدۂ تعمق سے دیکھنا چاہیے کہ ایک ادنیٰ اعتقاد سے جس سے نجات پانے کے لئے استعارہ کی راہ موجود ہے بڑی بڑی دینی صداقتیں آپ کے ہاتھ سے فوت ہوتی ہیں اور در حقیقت یہ ایک ایسا فاسد اعتقاد ہے جس میں ہزاروں خرابیاں سخت اُلجھن کے ساتھ گرہ در گرہ لگی ہوئی ہیں اور مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے کے لئے موقعہ ہاتھ آتا ہے۔ میں نے پہلے بھی ذکر کیا ہے کہ یہی معجزہ کفارِ مکہ نے ہمارے سیّد و مولیٰ حضرت خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم سے مانگا تھا کہ آسمان پر ہمارے روبرو چڑھیں اور روبرو ہی اتریں اور انہیں جواب ملا تھا کہ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ [3] یعنی خدائے تعالیٰ کی حکیمانہ شان اِس سے پاک ہے کہ ایسے کھلے کھلے خوارق اس دارالابتلا میں دکھاوے اور ایمان بالغیب کی حکمت کو تلف کرے۔ ﴿۹﴾

﴿۱۰﴾ اب میں کہتا ہوں کہ جو امر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے جو افضل الانبیاء تھے جائز نہیں اور سنت اللہ سے باہر سمجھا گیا وہ حضرت مسیح کے لئے کیوں کر جائز ہوسکتا ہے؟ یہ کمال بے ادبی ہوگی کہ ہم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت ایک کمال کو مستبعد خیال کریں اور پھر وہی کمال حضرت مسیح کی نسبت قرین قیاس مان لیں۔کیا کسی سچے مسلمان سے

[1] یٰسٓ :۲۷ [2] الفجر :۳۱ [3] بنی اسرائیل :۹۴

ایسی گستاخی ہوسکتی ہے؟ ہرگز نہیں اور یہ امر بھی قابل اظہار ہے کہ یہ خیال مذکورہ بالا جو کچھ عرصہ سے مسلمانوں میں پھیل گیا ہے صحیح طور پر ہماری کتابوں میں اس کا نام ونشان نہیں بلکہ احادیث نبویہ کی غلط فہمی کا یہ ایک غلط نتیجہ ہے جس کے ساتھ کئی بے جا حاشیے لگا دیئے گئے ہیں اور بے اصل موضوعات سے ان کو رونق دی گئی ہے اور تمام وہ امور نظر انداز کر دیئے گئے ہیں جو مقصود اصلی کی طرف رہبر ہوسکتے ہیں۔ اس بارے میں نہایت صاف اور واضح حدیث نبوی وہ ہے جو امام محمد اسمٰعیل بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ لکھی ہے اور وہ یہ ہے **کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم** یعنی اس دن تمہارا کیا
﴿۱۱﴾ حال ہوگا جب ابن مریم تم میں اترے گا وہ کون ہے؟ وہ تمہارا ہی ایک امام ہوگا جو تم ہی میں سے پیدا ہوگا۔ پس اس حدیث میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صاف فرمادیا کہ ابن مریم سے یہ مت خیال کرو کہ سچ مچ مسیح بن مریم ہی اتر آئے گا بلکہ یہ نام استعارہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے ورنہ درحقیقت وہ تم میں سے تمہاری ہی قوم میں سے تمہارا ایک امام ہوگا جو ابن مریم کی سیرت پر پیدا کیا جائے گا۔ اس جگہ پرانے خیالات کے لوگ اس حدیث کے معنے اس طرح پر کرتے ہیں کہ جب حضرت مسیح آسمان سے اُتریں گے تو وہ اپنے منصب نبوت سے مستعفی ہوکر آئیں گے۔ انجیل سے انہیں کچھ غرض نہیں ہوگی۔ امت محمدیہ میں داخل ہوکر قرآن شریف پر عمل کریں گے۔ پنج وقت نماز پڑھیں گے اور مسلمان کہلائیں گے!!! مگر یہ بیان نہیں کیا گیا کہ کیوں اور کس وجہ سے یہ تنزل کی حالت انہیں پیش آئے گی بہرحال اس قدر ہمارے بھائیوں مسلمان محمدیوں نے آپ ہی مان لیا ہے کہ ابن مریم اس دن ایک مرد مسلمان ہوگا جو اپنے تئیں امت محمدیہ میں سے ظاہر کرے گا اور
﴿۱۲﴾ اپنی نبوت کا نام بھی نہ لے گا جو پہلے اس کو عطا کی گئی تھی۔ اور درحقیقت یہی ایک بھاری مشکل ہے کہ جو استعارہ کو حقیقت پر حمل کرنے سے ہمارے بھائیوں کو پیش آگئی ہے جس کی وجہ سے اُنہیں ایک نبی کا اپنے منصب نبوت سے محروم ہو جانا تجویز کرنا پڑا۔ اگر وہ ان صاف اور سیدھے معنوں کو

مان لیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک الفاظ سے پائے جاتے ہیں جن کے مطابق پہلے حضرت مسیح یوحنّا نبی کے بارے میں بیان فرما چکے ہیں تو ان تمام پُر تکلف مشکلات سے مَخلصی پا جائیں گے نہ حضرت مسیح کی روح کو بہشت سے نکالنے کی حاجت پڑے گی اور نہ اس مقدس نبی کی نبوت کا خلع تجویز کرنا پڑے گا اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہجو ملیح کے مرتکب ہوں گے اور نہ احکام قرآنی کے منسوخ ہونے کا اقرار کیا جائے گا۔

شاید آخری عذر ہمارے بھائیوں کا یہ ہوگا کہ بعض الفاظ جو صحیح حدیثوں میں حضرت مسیح کی علامات میں بیان کئے گئے ہیں ان کی تطبیق کیونکر کریں۔ مثلاً لکھا ہے کہ مسیح جب آئے گا تو صلیب کو توڑے گا اور جزیہ کو اٹھا دے گا اور خنزیروں کو قتل کر دے گا اور اس وقت آئے گا کہ ﴿۱۳﴾ جب یہودیت اور عیسائیت کی بدخصلتیں مسلمانوں میں پھیلی ہوئی ہوں گی۔ مَیں کہتا ہوں کہ صلیب کے توڑنے سے مراد کوئی ظاہری جنگ نہیں بلکہ روحانی طور پر صلیبی مذہب کا توڑ دینا اور اُس کا بطلان ثابت کر کے دکھا دینا مراد ہے جزیہ اٹھا دینے کی مراد خود ظاہر ہے جس سے یہ اشارہ ہے کہ ان دنوں میں دل خود بخود سچائی اور حق کی طرف کھینچے جائیں گے کسی لڑائی کی حاجت نہیں ہوگی. خود بخود ایسی ہوا چلے گی کہ جوق در جوق اور فوج در فوج لوگ دین اسلام میں داخل ہوتے جائیں گے پھر جب دین اسلام میں داخل ہونے کا دروازہ کھل جائے گا اور ایک عالم کا عالم اس دین کو قبول کر لے گا تو پھر جزیہ کس سے لیا جائے گا مگر یہ سب کچھ ایک دفعہ واقع نہیں ہوگا. ہاں ابھی سے اس کی بنا ڈالی جائے گی اور خنزیروں سے مراد وہ لوگ ہیں جن میں خنزیروں کی عادتیں ہیں وہ اس روز حجت اور دلیل سے مغلوب کئے جائیں گے اور دلائل بینہ کی تلوار انھیں قتل کرے گی نہ یہ کہ ایک پاک نبی جنگلوں میں خنزیروں کا شکار کھیلتا پھرے گا۔

﴿۱۴﴾ اے میری پیاری قوم! یہ سب استعارے ہیں جن کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے فہم دیا گیا ہے وہ نہ صرف آسانی سے بلکہ ایک قسم کے ذوق سے اُن کو سمجھ جائیں گے۔ ایسے

عمدہ اور بلیغ مجازی کلمات کو حقیقت پر اُتارنا گویا ایک خوبصورت معشوق کا ایک دیو کی شکل میں خاکہ کھینچنا ہے بلاغت کا تمام مدار استعارات لطیفہ پر ہوتا ہے اسی وجہ سے خدائے تعالیٰ کے کلام نے بھی جو ابلغ الکلام ہے جس قدر استعاروں کو استعمال کیا ہے اور کسی کے کلام میں یہ طرز لطیف نہیں ہے۔ اب ہر جگہ اور ہر محل میں ان پاکیزہ استعاروں کو حقیقت پر حمل کرتے جانا گویا اس کلام معجز نظام کو خاک میں ملا دینا ہے۔ پس اِس طریق سے نہ صرف خدائے تعالیٰ کے پُر بلاغت کلام کا اصلی منشا درہم برہم ہوتا ہے بلکہ ساتھ ہی اس کلام کی اعلیٰ درجہ کی بلاغت کو برباد کردیا جاتا ہے خوبصورت اور دلچسپ طریقے تفسیر کے وہ ہوتے ہیں جن میں متکلم کی اعلیٰ شان بلاغت اور اس کے روحانی اور بلند ارادوں کا بھی خیال رہے نہ یہ کہ نہایت درجہ کے سفلی اور بدنما اور بے طرح موٹے معنے جو ہجو ملیح کے حکم میں ہوں اپنی طرف سے گھڑے جائیں اور خدائے تعالیٰ کے پاک کلام کو جو پاک اور نازک دقائق پر مشتمل ہے صرف دہقانی لفظوں تک ﴿۱۵﴾
محدود خیال کرلیا جائے۔ ہم نہیں سمجھتے کہ ان نہایت دقیق اسرار کے مقابلہ پر جو خدائے تعالیٰ کے کلام میں ہونے چاہئیں اور بکثرت ہیں کیوں بدشکل اور موٹے اور کریہہ معنے پسند کئے جاتے ہیں؟ اور کیوں ان لطیف معنوں کی وقعت نہیں جو خدائے تعالیٰ کی حکیمانہ شان کے موافق اور اس کے عالی مرتبہ کلام کے مناسب حال ہیں؟ اور ہمارے علماء کے دماغ اس بے وجہ سرکشی سے کیوں پُر ہیں کہ وہ الٰہی فلسفہ کے نزدیک آنا نہیں چاہتے! جن لوگوں نے ان تحقیقوں میں اپنا خون اور پسینہ ایک کر دیا ہے ان کو بے شک ہمارے اس بیان سے نہ انکار بلکہ مزہ آئے گا۔ اور ایک تازہ صداقت ان کو ملے گی جس کو وہ بڑی مدوشد کے ساتھ قوم میں بیان کریں گے اور **پبلک** کو ایک روحانی فائدہ پہنچائیں گے لیکن جنہوں نے صرف سرسری نگاہ تک اپنی فکر اور عقل کو ختم کر رکھا ہے وہ بجز اس کے کہ ناحق کے اعتراضات کی میزان بڑھاویں اور بے جا رست خیز قائم کریں اور کچھ اسلام کو اپنے وجود سے فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔

اب ہم یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے ہادی اور سیّد مولیٰ جناب ختم المرسلین نے ﴿۱۶﴾

مسیح اوّل اور مسیح ثانی میں ما بہ الامتیاز قائم کرنے کے لئے صرف یہی نہیں فرمایا کہ مسیح ثانی ایک مرد مسلمان ہوگا اور شریعت قرآنی کے موافق عمل کرے گا اور مسلمانوں کی طرح صوم و صلوٰۃ وغیرہ احکام فرقانی کا پابند ہوگا اور مسلمانوں میں پیدا ہوگا اور ان کا امام ہوگا اور کوئی جداگانہ دین نہ لائے گا اور کسی جداگانہ نبوت کا دعویٰ نہیں کرے گا بلکہ یہ بھی ظاہر فرمایا ہے کہ مسیح اوّل اور مسیح ثانی کے حلیہ میں بھی فرق بیّن ہوگا۔ چنانچہ مسیح اوّل کا حلیہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی رات میں نظر آیا وہ یہ ہے کہ درمیانہ قد اور سرخ رنگ، گھنگر والے بال اور سینہ کشادہ ہے دیکھو صحیح بخاری صفحہ ۴۸۹ لیکن اسی کتاب میں مسیح ثانی کا حلیہ جناب ممدوح نے یہ فرمایا ہے کہ وہ گندم گوں ہے اور اس کے بال گھنگر والے نہیں ہیں اور کانوں تک لٹکتے ہیں .اب ہم سوچتے ہیں کہ کیا یہ دونوں ممیّز علامتیں جو مسیح اوّل اور ثانی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و ﴿۱۷﴾ سلم نے بیان فرمائی ہیں کافی طور پر یقین نہیں دلاتیں کہ مسیح اوّل اور ہے اور مسیح ثانی اور ان دونوں کو ابن مریم کے نام سے پکارنا ایک لطیف استعارہ ہے جو باعتبار مشابہت طبع اور روحانی خاصیت کے استعمال کیا گیا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اندرونی خاصیت کی مشابہت کی رو سے دو نیک آدمی ایک ہی نام کے مستحق ہو سکتے ہیں اور ایسا ہی دو بد آدمی بھی ایک ہی بد مادہ میں شریک مساوی ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کے قائم مقام کہلا سکتے ہیں مسلمان لوگ جو اپنے بچوں کے نام احمد اور موسیٰ اور عیسیٰ اور سلیمان اور داؤد وغیرہ رکھتے ہیں تو درحقیقت اسی تفاول کا خیال انہیں ہوتا ہے جس سے نیک فال کے طور پر یہ ارادہ کیا جاتا ہے کہ یہ بچے بھی ان بزرگوں کی روحانی شکل اور خاصیت ایسی اتم اور اکمل طور سے پیدا کرلیں کہ گویا انہی کا روپ ہو جائیں۔

اِس جگہ اگر یہ اعتراض پیش کیا جائے کہ مسیح کا مثل بھی نبی چاہیے کیونکہ مسیح نبی تھا۔ تو اس کا اوّل جواب تو یہی ہے کہ آنے والے مسیح کے لئے ہمارے سیّد و مولیٰ نے نبوت شرط نہیں ٹھہرائی بلکہ صاف طور پر یہی لکھا ہے کہ وہ ایک مسلمان ہوگا اور عام مسلمانوں کے موافق شریعت فرقانی کا پابند ہوگا اور اس سے ﴿۱۸﴾

زیادہ کچھ بھی ظاہر نہیں کرے گا کہ میں مسلمان ہوں اور مسلمانوں کا امام ہوں۔ ماسوا اس کے اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ عاجز خدائے تعالیٰ کی طرف سے اس امت کے لئے محدث ہوکر آیا ہے اور محدث بھی ایک معنے سے نبی ہی ہوتا ہے گو اس کے لئے نبوت تامہ نہیں مگر تاہم جزئی طور پر وہ ایک نبی ہی ہے کیونکہ وہ خدائے تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا ایک شرف رکھتا ہے۔ امور غیبیہ اس پر ظاہر کئے جاتے ہیں اور رسولوں اور نبیوں کی وحی کی طرح اس کی وحی کو بھی دخل شیطان سے منزہ کیا جاتا ہے اور مغز شریعت اس پر کھولا جاتا ہے اور بعینہٖ انبیا کی طرح مامور ہوکر آتا ہے اور انبیا کی طرح اس پر فرض ہوتا ہے کہ اپنے تئیں بآواز بلند ظاہر کرے اور اس سے انکار کرنے والا ایک حد تک مستوجب سزا ٹھہرتا ہے اور نبوت کے معنے بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ امور متذکرہ بالا اس میں پائے جائیں۔

اور اگر یہ عذر پیش ہو کہ باب نبوت مسدود ہے اور وحی جو انبیاء پر نازل ہوتی ہے اس پر مہر لگ چکی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ نہ من کل الوجوہ باب نبوّت مسدود ہوا ہے اور نہ ہر ﴿۱۹﴾ یک طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہے بلکہ جزئی طور پر وحی اور نبوت کا اِس امت مرحومہ کے لئے ہمیشہ دروازہ کھلا ہے۔ مگر اس بات کو بحضور دل یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ نبوت جس کا ہمیشہ کے لئے سلسلہ جاری رہے گا نبوت تامہ نہیں ہیں☆ بلکہ جیسا کہ میں ابھی بیان کر چکا ہوں وہ صرف ایک جزئی نبوت ہے جو دوسرے لفظوں میں **محدثیت** کے اسم سے موسوم ہے جو انسان کامل کے اقتدا سے ملتی ہے جو مستجمع جمیع کمالات نبوت تامہ ہے یعنی ذات ستودہ صفات حضرت سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم **فاعلم ارشدک اللّٰہ تعالٰی انّ النبی محدث و المحدّث نبی باعتبار حصول نوع من انواع النبوت و قد قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لم یبق من النبوت الا المبشرات ای لم یبق من انواع النبوت الا نوع واحد وھی المبشرات من اقسام الرؤیا الصادقة والمکاشفات الصحیحة و الوحی الذی ینزل علی خواص الاولیاء و النور الذی یتجلّی علٰی** ﴿۲۰﴾

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' ہے '' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

قلوب قومٍ مُوجع. فانظر ایھاالناقد البصیر أ یُفْھَمُ من ھٰذا سد باب النبوۃ علی وجہ کلی بل الحدیث یدل علی ان النبوۃ التامۃ الحاملۃ لوحی الشریعۃ قد انقطعت ولکن النبوۃ التی لیس فیھا الا المبشرات فھی باقیۃ الی یوم القیامۃ لا انقطاع لھا ابدًا. و قد علمتَ و قراتَ فی کتب الحدیث ان الرؤیا الصالحۃ جزء من ستۃ واربعین جزء من النبوّۃ ای من النبوۃ التامۃ فلما کان للرویا نصیبا من ھٰذہِ المرتبۃ فکیف الکلام الذی یوحٰی من اللّٰہ تعالٰی الی قلوب المحدثین فاعلم ایدک اللّٰہ ان حاصل کلامنا ان ابواب النبوۃ الجزئیۃ مفتوحۃ ابدًا و لیس فی ھٰذا النوع الا المبشرات او المنذرات من الامور المغیبۃ او اللطائف القرآنیۃ والعلوم اللدنیۃ. و اما النبوۃ التی تامۃ کاملۃ جامعۃ لجمیع کمالات الوحی فقد آمنّا بانقطاعھا من یوم نزل فیہ ۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ [1] اگر یہ استفسار ہو کہ جس خاصیت اور قوت ﴿۲۱﴾ روحانی میں یہ عاجز اور مسیح بن مریم مشابہت رکھتے ہیں وہ کیا شے ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ ایک مجموعی خاصیت ہے جو ہم دونوں کے روحانی قویٰ میں ایک خاص طور پر رکھی گئی ہے جس کے سلسلہ کی ایک طرف نیچے کو اور ایک طرف اوپر کو جاتی ہے۔ نیچے کی طرف سے مراد وہ اعلیٰ درجہ کی دل سوزی اور غم خواری خلق اللہ ہے جو داعی الی اللہ اور اس کے مستعد شاگردوں میں ایک نہایت مضبوط تعلق اور جوڑ بخش کر نورانی قوت کو جو داعی الی اللہ کے نفس پاک میں موجود ہے ان تمام سرسبز شاخوں میں پھیلاتی ہے۔ اوپر کی طرف سے مراد وہ اعلیٰ درجہ کی محبت قوی ایمان سے ملی ہوئی ہے جو اوّل بندہ کے دل میں بارادہ الٰہی پیدا ہو کر ربّ قدیر کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور پھر اُن دونوں محبتوں کے ملنے سے جو درحقیقت نر اور مادہ

[1] الاحزاب :۴۱

کا حکم رکھتی ہیں ایک مستحکم رشتہ اور ایک شدید مواصلت خالق اور مخلوق میں پیدا ہو کر الٰہی محبت کی چمکنے والی آگ سے جو مخلوق کی ہیزم مثال محبت کے پکڑ لیتی ہے۔ ایک تیسری چیز پیدا ہو جاتی ہے جس کا نام **روح القدس** ہے سو اس درجہ کے انسان کی روحانی پیدائش اس وقت سے سمجھی جاتی ہے جب کہ خدائے تعالیٰ اپنے ارادہ خاص سے اس میں اس طور کی محبت پیدا کر دیتا ہے اور اس مقام اور اس مرتبہ کی محبت میں بطور استعارہ یہ کہنا بے جا نہیں ہے کہ خدائے تعالیٰ کی محبت سے بھری ہوئی روح اس انسانی روح کو جو بارادۂ الٰہی اب محبت سے بھر گئی ہے ایک نیا تولد بخشتی ہے۔ اسی وجہ سے اس محبت کی بھری ہوئی روح کو خدائے تعالیٰ کی روح سے جو نافخ المحبت ہے استعارہ کے طور پر ابنیت کا علاقہ ہوتا ہے اور چونکہ روح القدس ان دونوں کے ملنے سے انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان دونوں کے لئے بطور ابن ہے اور یہی پاک تثلیث ہے جو اس درجہ محبت کے لئے ضروری ہے جس کو ناپاک طبیعتوں نے مشرکانہ طور پر سمجھ لیا ہے اور ذرّہ امکان کو جو ھالکۃ الذات، باطلۃ الحقیقت ہے حضرت اعلیٰ واجب الوجود کے ساتھ برابر ٹھہرا دیا ہے۔ ﴿۲۲﴾

﴿۲۳﴾ لیکن اگر اس جگہ یہ استفسار ہو کہ اگر یہ درجہ اس عاجز اور مسیح کے لئے مسلّم ہے تو پھر جناب سیّدنا و مولانا سیّد الکل و افضل الرسل حضرت خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کون سا درجہ باقی ہے۔ سو واضح ہو کہ وہ ایک اعلیٰ مقام اور برتر مرتبہ ہے جو اُسی ذات کامل الصفات پر ختم ہو گیا ہے جس کی کیفیت کو پہنچنا بھی کسی دوسرے کا کام نہیں چہ جائیکہ وہ کسی اور کو حاصل ہو سکے۔

شان احمد را کہ داند جز خداوند کریم ۔۔۔ آنچناں از خود جدا شد کز میاں افتاد میم
زاں نمط شد محو دلبر کز کمال اتحاد ۔۔۔ پیکر او شد سراسر صورتِ ربّ رحیم
بوئے محبوبِ حقیقی میدہد زاں روئے پاک ۔۔۔ ذات حقانی صفاتش مظہرِ ذات قدیم
گرچہ منسوبم کند کس سوئے الحاد و ضلال ۔۔۔ چوں دلِ احمد نمے بینم دگر عرشِ عظیم

منت ایزد را کہ من بر رغم اہل روزگار — صد بلا را مے خرم از ذوق آں عین النعیم
از عنایاتِ خدا واز فضل آں دادار پاک — دشمن فرعونیانم بہر عشق آں کلیم
آں مقام ورتبت خاصش کہ بر من شد عیاں — گفتمے گر دیدمے طبعے دریں راہے سلیم
در رہِ عشق محمدؐ ایں سَر و جانم رَود — ایں تمنا ایں دعا ایں در دِلم عزم صمیم

اب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درجہ عالیہ کی شناخت کے لئے اس قدر لکھنا ضروری ہے ﴿۲۴﴾
کہ مراتب قرب ومحبت باعتبار اپنے روحانی درجات کے تین قسم پر منقسم ہیں۔سب سے ادنیٰ درجہ جو درحقیقت وہ بھی بڑا ہے یہ ہے کہ آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو گرم تو کرے اور ممکن ہے کہ ایسا گرم کرے کہ بعض آگ کے کام اُس محرور سے ہوسکیں لیکن یہ کسر باقی رہ جائے کہ اُس متأثر میں آگ کی چمک پیدا نہ ہو اِس درجہ کی محبت پر جب خدائے تعالیٰ کی محبت کا شعلہ واقع ہو تو اِس شعلہ سے جس قدر روح میں گرمی پیدا ہوتی ہے اس کو سکینت واطمینان اور کبھی فرشتہ وملک کے لفظ سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔

دوسرا درجہ محبت کا وہ ہے جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں جس میں دونوں محبتوں کے ملنے سے آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو اس قدر گرم کرتی ہے کہ اُس میں آگ کی صورت پر ایک چمک پیدا ہو جاتی ہے لیکن اُس چمک میں کسی قسم کا اشتعال یا بھڑک نہیں ہوتی۔فقط ایک چمک ہوتی ہے جس کو روح القدس کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ﴿۲۵﴾

تیسرا درجہ محبت کا وہ ہے جس میں ایک نہایت افروختہ شعلہ محبت الٰہی کا انسانی محبت کے مستعد فتیلہ پر پڑ کر اُس کو افروختہ کر دیتا ہے اور اس کے تمام اجزا اور تمام رگ و ریشہ پر استیلا پکڑ کر اپنے وجود کا اتم اور اکمل مظہر اس کو بنا دیتا ہے اور اس حالت میں آتشِ محبتِ الٰہی لوحِ قلب انسان کو نہ صرف ایک چمک بخشتی ہے بلکہ معاً اس چمک کے ساتھ تمام وجود بھڑک اٹھتا ہے اور اس کی لوئیں اور شعلے اردگرد کو روز روشن کی طرح روشن کر دیتے ہیں اور کسی قسم کی تاریکی باقی نہیں رہتی اور پورے طور پر اور تمام صفاتِ کاملہ

کے ساتھ وہ سارا وجود آگ ہی آگ ہو جاتا ہے اور یہ کیفیت جو ایک آتش افروختہ کی صورت پر دونوں محبتوں کے جوڑ سے پیدا ہو جاتی ہے اس کو روح امین کے نام سے بولتے ہیں کیونکہ یہ ہر یک تاریکی سے امن بخشتی ہے اور ہر یک غبار سے خالی ہے اور اس کا نام شدید القویٰ بھی ہے کیونکہ یہ اعلیٰ درجہ کی طاقت وحی ہے جس سے قوی تر وحی متصور نہیں. اور اس کا نام ذو الافق
﴿۲۶﴾ الاعلٰی بھی ہے کیونکہ یہ وحی الٰہی کے انتہائی درجہ کی تجلی ہے اور اس کو رَأَیٰ مَارَأَیٰ کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے کیونکہ اس کیفیت کا اندازہ تمام مخلوقات کے قیاس اور گمان اور وہم سے باہر ہے اور یہ کیفیت صرف دنیا میں ایک ہی انسان کو ملی ہے جو انسان کامل ہے جس پر تمام سلسلہ انسانیہ کا ختم ہو گیا ہے۔ اور دائرہ استعدادت بشریہ کا کمال کو پہنچا ہے اور وہ درحقیقت پیدائش الٰہی کے خط ممتد کی اعلیٰ طرف کا آخری نقطہ ہے جو اِرتفاع کے تمام مراتب کا انتہا ہے۔ حکمت الٰہی کے ہاتھ نے ادنیٰ سے ادنیٰ خِلقت سے اور اَسفل سے اسفل مخلوق سے سلسلہ پیدائش کا شروع کر کے اس اعلیٰ درجہ کے نقطہ تک پہنچا دیا ہے جس کا نام دوسرے لفظوں میں محمد ہے صلی اللہ علیہ وسلم جس کے معنے یہ ہیں کہ نہایت تعریف کیا گیا یعنی کمالاتِ تامہ کا مظہر سو جیسا کہ فطرت کے رو سے اس نبی کا اعلیٰ اور ارفع مقام تھا ایسا ہی خارجی طور پر بھی اعلیٰ و ارفع مرتبہ وحی کا اس کو عطا ہوا اور اعلیٰ و ارفع مقام محبت کا ملا یہ وہ مقام عالی ہے کہ میں اور
﴿۲۷﴾ مسیح دونوں اس مقام تک نہیں پہنچ سکتے۔ اس کا نام مقام جمع اور مقام وحدت تامہ ہے۔ پہلے نبیوں نے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی خبر دی ہے اسی پتہ و نشان پر خبر دی ہے اور اسی مقام کی طرف اشارہ کیا ہے اور جیسا مسیح اور اس عاجز کا مقام ایسا ہے کہ اس کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ ایسا ہی یہ وہ مقام عالی شان مقام ہے کہ گذشتہ نبیوں نے استعارہ کے طور پر صاحب مقام ہذا کے ظہور کو خدائے تعالیٰ کا ظہور قرار دے دیا اور اس کا آنا خدائے تعالیٰ کا آنا ٹھہرایا ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح نے بھی

ایک مثال کو پیش کر کے فرمایا ہے کہ انگورستان کا پھل لینے کے لئے اوّل باغ کے مالک نے (جو خدائے تعالیٰ ہے) اپنے نوکروں کو بھیجا یعنی ابتدائی ۞ کے قرب والوں کو جس سے مراد وہ تمام صلحا ہیں جو حضرت مسیح کے زمانہ میں اور اُسی صدی میں مگر کسی قدر ان سے پہلے آئے پھر جب باغبانوں نے باغ کا پھل دینے سے انکار کیا تو باغ کے مالک نے تاکید کے طور پر اپنے بیٹے کو ان کی طرف روانہ کیا تا اُس کو بیٹا سمجھ کر باغ کا پھل اس کے حوالہ کریں۔ بیٹے سے مراد اس جگہ مسیح ہے جن کو دوسرا درجہ قرب اور محبت کا حاصل ہے مگر باغبانوں نے اُس بیٹے کو بھی ﴿۲۸﴾
باغ کا پھل نہ دیا بلکہ اپنے زعم میں اسے قتل کر دیا بعد اِس کے حضرت مسیح فرماتے ہیں کہ اب باغ کا مالک خود آئے گا یعنی خدائے تعالیٰ خود ظہور فرمائے گا تا باغبانوں کو قتل کر کے باغ کو ایسے لوگوں کو دیدے کہ اپنے وقت پر پھل دے دیا کریں اس جگہ خدائے تعالیٰ کے آنے سے مراد حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا آنا ہے جو قرب اور محبت کا تیسرا درجہ اپنے لئے حاصل رکھتے ہیں ☆ اور یہ سب روحانی مراتب ہیں کہ جو استعارہ کے طور پر مناسب حال الفاظ ﴿۲۹﴾

☆حاشیہ: ہمارے سیّد و مولیٰ جناب مقدس خاتم الانبیاء کی نسبت صرف حضرت مسیح نے ہی بیان نہیں کیا کہ آنجناب کا دنیا میں تشریف لانا درحقیقت خدائے تعالیٰ کا ظہور فرمانا ہے بلکہ اس طرز کا کلام دوسرے نبیوں نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اپنی اپنی پیشگوئیوں میں بیان کیا ہے اور استعارہ کے طور پر آنجناب کے ظہور کو خدائے تعالیٰ کا ظہور قرار دیا ہے بلکہ بوجہ خدائی کے مظہر اتم ہونے کے آنجناب کو خدا کر کے پکارا ہے۔ چنانچہ حضرت داؤد کے ﴿۲۹﴾
زبور میں لکھا ہے تو حسن میں بنی آدم سے کہیں زیادہ ہے۔ تیرے لبوں میں نعمت بنائی گئی۔ اس لئے خدا نے تجھ کو ابد تک مبارک کیا (یعنی تو خاتم الانبیاء ٹھہرا) اے پہلوان تو جاہ و جلال سے اپنی تلوار حمائل کر کے اپنی ران پر لٹکا امانت اور حلم اور عدالت پر اپنی بزرگواری اور اقبال مندی سے سوار ہو کر تیرا دہنا ہاتھ تجھے ہیبت ناک کام دکھائے گا۔ بادشاہ کے دشمنوں کے دلوں میں

۞ ابتدائی درجہ پڑھا جائے۔ (شمس)

میں بیان کئے گئے ہیں یہ نہیں کہ حقیقی ابنیت اس جگہ مراد ہے یا حقیقی الوہیت مراد لی گئی ہے۔

اس جگہ اس بات کا بیان کرنا بھی بے موقعہ نہ ہوگا کہ جو کچھ ہم نے **روح القدس** اور روح الامین وغیرہ کی تعبیر کی ہے یہ درحقیقت ان عقائد سے جو اہل اسلام ملائک کی نسبت رکھتے ہیں منافی نہیں ہے کیوں کہ محققین اہل اسلام ہرگز اس بات کے قائل نہیں کہ ملائک اپنے شخصی وجود کے ساتھ ﴿۳۰﴾
انسانوں کی طرح پیروں سے چل کر زمین پر اترتے ہیں اور یہ خیال بداہت باطل بھی ہے۔

بقیہ حاشیہ

تیرے تبر تیزی کرتے ہیں۔لوگ تیرے سامنے گر جاتے ہیں۔اے خدا تیرا تخت ابدالآباد ہے۔ تیری سلطنت کا عصا راستی کا عصا ہے۔تو نے صدق سے دوستی اور شر سے دشمنی کی ہے ﴿۳۰﴾
اسی لئے خدا نے جو تیرا خدا ہے خوشی کے روغن سے تیرے مصاحبوں سے زیادہ تجھے معطّر کیا ہے (دیکھو زبور ۴۵)

اب جاننا چاہیے کہ زبور کا یہ فقرہ کہ اے خدا تیرا تخت ابدالآباد ہے۔ تیری سلطنت کا عصا راستی کا عصا ہے یہ محض بطور استعارہ ہے۔جس سے غرض یہ ہے کہ جو روحانی طور پر شانِ محمدی ہے اُس کو ظاہر کر دیا جائے۔پھر یسعیاہ نبی کی کتاب میں بھی ایسا ہی لکھا ہے چنانچہ اس کی عبارت یہ ہے۔

’’دیکھو میرا بندہ جسے میں سنبھالوں گا۔میرا برگزیدہ جس سے میرا جی راضی ہے میں نے اپنی روح اُس پر رکھی۔وہ قوموں پر راستی ظاہر کرے گا وہ نہ چلائے گا اور اپنی صدا بلند نہ کرے گا اور اپنی آواز ﴿۳۱﴾
بازاروں میں نہ سنائے گا۔وہ مسلے ہوئے سینٹھے کو نہ توڑے گا اور سن کو جس سے دھواں اُٹھتا ہے نہ بجھائے گا جب تک کہ راستی کو امن کے ساتھ ظاہر نہ کرے وہ نہ گھٹے گا نہ تھکے گا جب تک کہ راستی کو زمین پر قائم نہ کرے اور جزیرے اس کی شریعت کے منتظر ہوویں .........خداوند خدا ایک بہادر کی مانند نکلے گا۔وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو اُسکائے گا۔الخ ☆

اب جاننا چاہیے کہ یہ فقرہ کہ خداوند خدا ایک بہادر کی مانند نکلے گا یہ بھی بطور استعارہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پُر ہیبت ظہور کا اظہار کر رہا ہے۔دیکھو یسعیاہ نبی کی کتاب باب ۴۲ اور ایسا ﴿۳۲﴾
ہی اور کئی نبیوں نے بھی اسی استعارہ کو اپنی پیشگوئیوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں

☆ یسعیاہ باب ۴۲ آیت ۱ تا ۱۳۔(ناشر)

کیوں کہ اگر یہی ضرور ہوتا کہ ملائک اپنی اپنی خدمات کی بجا آوری کے لئے اپنے اصل وجود کے ساتھ زمین پر اُترا کرتے تو پھر ان سے کوئی کام انجام پذیر ہونا بغایت درجہ محال تھا۔ مثلاً فرشتہ ملک الموت جو ایک سیکنڈ میں ہزارہا ایسے لوگوں کی جانیں نکالتا ہے جو مختلف بلاد و امصار میں ایک دوسرے سے ہزاروں کوسوں کے فاصلہ پر رہتے ہیں۔ اگر ہر یک کے لئے اس بات کا محتاج ہو کر اوّل پیروں سے چل کر اس کے ملک اور شہر اور گھر میں جاوے اور پھر اتنی مشقت کے بعد جان نکالنے کا اس کو موقع ملے تو ایک سیکنڈ کیا اتنی بڑی کارگزاری کے لئے تو کئی مہینے کی مہلت بھی کافی نہیں ہوسکتی کیا یہ ممکن ہے کہ ایک شخص انسانوں کی طرح حرکت کر کے ایک طُرفة العین کے یا اس کے کم عرصہ میں تمام جہان گھوم کر چلا آوے ہرگز نہیں بلکہ فرشتے اپنے اصلی مقامات سے جو ان کے لئے خدائے تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہیں ایک ذرہ کے برابر بھی آگے پیچھے نہیں ہوتے جیسا کہ خدائے تعالیٰ ان کی طرف سے قرآن شریف میں فرماتا ہے وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ وَّ اِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ [1] سورۃ صافات جزو ۲۳ پس اصل بات یہ ہے کہ جس طرح آفتاب اپنے مقام پر ہے اور اُس کی گرمی و روشنی زمین پر پھیل کر اپنے خواص کے موافق زمین کی ہر یک چیز کو فائدہ پہنچاتی ہے اسی طرح روحانیات سماویہ خواہ اُن کو یونانیوں کے خیال کے موافق نفوس فلکیہ کہیں یا دساتیر اور وید کی اصطلاحات کے موافق ارواحِ کواکب سے اُن کو نامزد کریں

﴿۳۱﴾ ﴿۳۲﴾ ﴿۳۳﴾

**بقیہ حاشیہ:** استعمال کیا ہے۔ مگر چونکہ ان سب مقامات کے لکھنے سے طول ہوجاتا ہے اس لئے بالفعل اسی قدر پر کفایت کرتا ہوں اور میں نے جو اس جگہ تین مراتب قرب اور محبت کے لکھ کر تیسرا مرتبہ کہ جو بزرگ ترین مراتب ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت کیا ہے یہ میری طرف سے ایک اجتہادی خیال نہیں بلکہ الہامی طور پر خدائے تعالیٰ نے مجھ پر کھول دیا ہے۔ منہ

[1] الصّٰفّٰت: ۱۶۵، ۱۶۶

یا نہایت سیدھے اور موحدانہ طریق سے ملائک اللہ کا ان کو لقب دیں☆ درحقیقت یہ عجیب مخلوقات اپنے اپنے مقام میں مستقر اور قرار گیر ہے اور بہ حکمت کاملہ خداوند تعالیٰ زمین کی ہر یک مستعد چیز کو اس کے کمال مطلوب تک پہنچانے کے لئے یہ روحانیات خدمت میں لگی ہوئی ہیں ظاہری خدمات بھی بجالاتے ہیں اور باطنی بھی۔ جیسے ہمارے اجسام اور ہماری تمام ظاہری قوتوں پر آفتاب اور ماہتاب اور دیگر سیاروں کا اثر ہے ایسا ہی ہمارے دل اور دماغ اور ہماری تمام روحانی قوتوں پر یہ سب ملائک ہماری مختلف استعدادوں کے موافق اپنا اپنا اثر ڈال رہے ہیں۔ جو چیز کسی عمدہ جوہر بننے کی اپنے اندر قابلیت رکھتی ہے وہ اگرچہ خاک کا ایک ٹکڑہ ہے یا پانی کا وہ قطرہ جو صدف میں داخل ہوتا ہے یا پانی کا وہ قطرہ جو رحم میں پڑتا ہے وہ ان ملائک اللہ کی روحانی تربیت سے لعل اور الماس اور یاقوت اور نیلم وغیرہ یا نہایت درجہ کا آبدار اور وزنی موتی یا اعلیٰ درجہ کے دل اور دماغ کا انسان بن جاتا ہے۔ دساتیر جس کو مجوسی لوگ الہامی مانتے ہیں جس نے اپنی مدت ظہور کی وہ لمبی تاریخ بتلائی ہے جس کا کروڑواں حصہ بھی وید کی مدت ظہور کی نسبت بیان نہیں کیا گیا یعنی وید کی نسبت تو صرف ایک ارب چھیانویں کروڑ مدت ظہور محض دوسروں کے وہم اور گمان سے قرار دی گئی ہے مگر دساتیر تین سنکھ سے کچھ زیادہ اپنی مدت ظہور آپ بیان کرتا ہے بلکہ یہ تو ہم نے ڈرتے ڈرتے لکھا ہے وہاں تو سنکھوں کی حد سے زیادہ تین صفر اور بھی درمیان ہیں۔ یہ کتاب ان روحانیات کو جو کواکب اور سماوات سے تعلق رکھتی ہیں نہ صرف ملائک قرار دیتی ہے بلکہ ان کی پرستش کے لئے بھی تاکید کرتی ہے ایسا ہی وید بھی ان روحانیات کو صرف وسائط اور درمیانی خدمت گذار نہیں مانتا بلکہ جا بجا اُن کی ﴿۳۴﴾

☆ **حاشیہ:** ملائک اس معنی سے ملائک کہلاتے ہیں کہ وہ ملاک اجرام سماویہ اور ملاک اجسام الارض ہیں یعنی ان کے قیام اور بقا کے لئے روح کی طرح ہیں اور نیز اس معنے سے بھی ملائک کہلاتے ہیں کہ وہ رسولوں کا کام دیتے ہیں۔ منہ ﴿۳۳﴾

اُستت اور مہما کرتا ہے اور ان سے مرادیں مانگنے کی تعلیم دیتا ہے اور ممکن ہے کہ ان کتابوں میں تحریف اور الحاق کے طور پر یہ پُر کفر تعلیمیں زائد کی گئی ہوں جیسی وید میں ایسی اور بھی بہت سی بے جا تعلیمیں پائی جاتی ہیں مثلاً یہ تعلیم کہ اس جہان کا کوئی خالق نہیں ہے اور ہر ایک چیز اپنے اصل مادہ اور اصل حیات کے رو سے قدیم اور واجب الوجود اور اپنے وجود کی آپ ہی خدا ہے یا یہ تعلیم کہ کسی وجود کو تناسخ کے منحوس چکر سے کبھی اور کسی زمانہ میں مخلصی حاصل ہو ہی نہیں سکتی یا یہ تعلیم کہ ایک شوہر دار عورت اولاد نرینہ نہ ہونے کی حالت میں کسی غیر آدمی سے ہم بستر ہو سکتی ہے تا اس سے اولاد حاصل کرے یا یہ تعلیم کہ بڑے بڑے مقدس لوگ بھی گو وید کے ہی رشی کیوں نہ ہوں جن پر چاروں وید اُترے ہوں ہمیشہ کی نجات کبھی نہیں پا سکتے اور نہ لازمی طور پر ہمیشہ بزرگوار اور عزت کے ساتھ یاد کرنے کے لائق ٹھہر سکتے ہیں بلکہ ممکن ہے کہ تناسخ کے چکر میں آکر اور اور جانداروں کی طرح کچھ کا کچھ بن جائیں بلکہ شاید بن گئے ہوں اور ان کے زعم میں خواہ کوئی انسان اوتاروں سے بھی زیادہ مرتبہ رکھتا ہو یا وید کے رشیوں سے بھی بڑھ کر ہو اس کے لئے ممکن بلکہ قانون قدرت کے رو سے ضروری پڑا ہوا ہے کہ کسی وقت وہ کیڑا مکوڑہ یا نہایت مکروہ اور قابل نفرت جانور بن کر کسی خسیس مخلوق کی نوع میں جنم لیوے۔ یہ سب باطل تعلیمیں ہیں جو انسانوں کے رذیل خیالات نے ایجاد کی ہیں اور جن لوگوں نے یہ تمام بے شرمی کے کام اور دور از عزت انتقالات اپنے بنی نوع بلکہ اپنے بزرگوں اور پیشواؤں کے لئے جائز رکھے ہیں انہوں نے یہ بھی جائز رکھ لیا کہ کواکب کی روحوں سے مرادیں مانگی جائیں ان کی ایسی پرستش کی جائے جیسی خدائے تعالیٰ کی کرنی چاہیے لیکن قرآن شریف جو ہر یک طور سے توحید اور تہذیب کی راہ کھولتا ہے اس نے ہرگز روا نہیں رکھا کہ اس کے ساتھ کسی مخلوق کی پرستش ہو یا اس کی ربوبیت کی قدرت صرف ناقص اور ناکارہ طور پر تسلیم کریں اور اس کو ہر یک چیز کا مبدء اور سرچشمہ نہ ٹھہرائیں یا کوئی اور بے شرمی کا کام

﴿۳۵﴾ ﴿۳۶﴾

اپنے طریق معاشرت میں داخل کرلیں۔

اب پھر میں ملائک کے ذکر کی طرف عود کر کے کہتا ہوں کہ قرآن شریف نے جس طرز سے ملائک کا حال بیان کیا ہے وہ نہایت سیدھی اور قریب قیاس راہ ہے اور بجز اس کے ماننے کے انسان کو کچھ بن نہیں پڑتا۔ قرآن شریف پر بدیدہ تعمق غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان بلکہ جمیع کائنات الارض کی تربیت ظاہری و باطنی کے لئے بعض وسائط کا ہونا ضروری ہے اور بعض بعض اشارات قرآنیہ سے نہایت صفائی سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض وہ نفوس طیّبہ جو ملائک سے موسوم ہیں اُن کے تعلقات طبقات سماویہ سے الگ الگ ہیں۔ بعض اپنی تاثیرات خاصہ سے ہوا کے چلانے والے اور بعض مینہ کے برسانے والے اور بعض بعض اور تاثیرات کو زمین پر اتارنے والے ہیں پس اس میں کچھ شک نہیں کہ بوجہ مناسبت نوری وہ نفوس طیّبہ ان روشن اور نورانی ستاروں سے تعلق رکھتے ہوں گے کہ جو آسمانوں میں پائے جاتے ہیں مگر اس تعلق کو ایسا نہیں سمجھنا چاہیے کہ جیسے زمین کا ہر یک جاندار اپنے اندر جان رکھتا ہے بلکہ ان نفوس طیبہ کو بوجہ مناسبت اپنی نورانیت اور روشنی کے جو روحانی طور پر انہیں حاصل ہے روشن ستاروں کے ساتھ ایک مجہول الکُنہ تعلق ہے اور ایسا شدید تعلق ہے کہ اگر اُن نفوس طیّبہ کا ان ستاروں سے الگ ہونا فرض کرلیا جائے تو پھر اُن کے تمام قویٰ میں فرق پڑ جائے گا انہیں نفوس کے پوشیدہ ہاتھ کے زور سے تمام ستارے اپنے اپنے کام میں مصروف ہیں اور جیسے خدائے تعالیٰ تمام عالم کے لئے بطور جان کے ہے ایسا ہی (مگر اس جگہ تشبیہ کامل مراد نہیں) وہ نفوس نورانیہ کواکب اور سیارات کے لئے جان کا ہی حکم رکھتے ہیں اور ان کے جدا ہو جانے سے ان کی حالت وجودیہ میں بکلی فساد راہ پا جانا لازمی و ضروری امر ہے اور آج تک کسی نے اس امر میں اختلاف نہیں کیا کہ جس قدر آسمانوں میں سیارات اور کواکب پائے جاتے ہیں وہ کائنات الارض کی تکمیل و تربیت کے لئے ہمیشہ کام میں مشغول ہیں غرض یہ نہایت سچی ہوئی اور ثبوت کے چرخ پر چڑھی ہوئی صداقت ہے کہ تمام نباتات

(Margin markers: ﴿۳۷﴾ beside "ملائک کا حال بیان کیا ہے"; ﴿۳۸﴾ beside "ستاروں کے ساتھ ایک مجہول الکُنہ")

اور جمادات اور حیوانات پر آسمانی کواکب کا دن رات اثر پڑ رہا ہے اور جاہل سے جاہل ایک دہقان بھی اس قدر تو ضرور یقین رکھتا ہوگا کہ چاند کی روشنی پھلوں کے موٹا کرنے کے لئے اور سورج کی دھوپ ان کو پکانے اور شیریں کرنے کے لئے اور بعض ہوائیں بکثرت پھل آنے کے لئے بلاشبہ مؤثر ہیں اب جبکہ ظاہری سلسلہ کائنات کا ان چیزوں کی تاثیرات مختلہ☆ سے تربیت پا رہا ہے تو اس میں کیا شک ہوسکتا ہے کہ باطنی سلسلہ پر بھی باذنہٖ تعالیٰ وہ نفوس نورانیہ اثر کر رہی ہیں جن کا اجرام نورانیہ سے ایسا شدید تعلق ہے کہ جیسے جان کو جسم سے ہوتا ہے۔ ﴿۳۹﴾

اب اِس کے بعد یہ بھی جاننا چاہیے کہ اگرچہ بظاہر یہ بات نہایت دور از ادب معلوم ہوتی ہے کہ خدائے تعالیٰ اور اُس کے مقدس نبیوں میں افاضہ انوار وحی کے لئے کوئی اور واسطہ تجویز کیا جائے لیکن ذرا غور کرنے سے بخوبی سمجھ آجائے گا کہ اس میں کوئی سوءادب کی بات نہیں بلکہ سراسر خدائے تعالیٰ کے اس عام قانون قدرت کے مطابق ہے جو دنیا کی ہر یک چیز کے متعلق کھلے کھلے طور پر مشہود و محسوس ہو رہا ہے کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام بھی اپنے ظاہری جسم اور ظاہری قویٰ کے لحاظ سے انہیں وسائط کے محتاج ہیں اور نبی کی ﴿۴۰﴾ آنکھ بھی گو کیسی ہی نورانی اور بابرکت آنکھ ہے مگر پھر بھی عوام کی آنکھوں کی طرح آفتاب یا اس کے کسی دوسرے قائم مقام کے بغیر کچھ دیکھ نہیں سکتی اور بغیر توسط ہوا کے کچھ سن نہیں سکتے لہٰذا یہ بات بھی ضروری طور پر ماننی پڑتی ہے کہ نبی کی روحانیت پر بھی ان سیارات کے نفوس نورانیہ کا ضرور اثر پڑتا ہوگا بلکہ سب سے زیادہ اثر پڑتا ہوگا کیوں کہ جس قدر استعداد صافی اور کامل ہوتی ہے اُسی قدر اثر بھی صافی اور کامل طور پر پڑتا ہے۔ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ یہ سیارات اور کواکب اپنے اپنے قالبوں کے متعلق ایک ایک روح رکھتے ہیں جن کو نفوس کواکب سے بھی نامزد کر سکتے ہیں اور جیسے کواکب اور سیاروں میں باعتبار اُن کے قالبوں کے طرح طرح کے خواص پائے جاتے ہیں جو زمین کی ہر یک چیز پر حسب استعداد اثر ڈال رہے ہیں ایسا ہی ان کے نفوس نورانیہ میں بھی انواع اقسام کے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' مختلفہ '' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

خواص ہیں جو باذن حکیم مطلق کائنات الارض کے باطن پر اپنا اثر ڈالتے ہیں اور یہی نفوس نورانیہ کامل بندوں پر بشکل جسمانی متشکل ہوکر ظاہر ہو جاتے ہیں اور بشری صورت سے متمثل ہو کر دکھائی دیتے ہیں اور یاد رکھنا چاہیے کہ یہ تقریر از قبیل خطابیات نہیں بلکہ یہ وہ صداقت ہے جو طالب حق اور حکمت کو ضرور ماننی پڑے گی کیونکہ جب ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ ضرور کائنات الارض کی تربیت اجرام سماویہ کی طرف سے ہو رہی ہے اور جہاں تک ہم بطور استقراء اجسام ارضیہ پر نظر ڈالتے ہیں اس تربیت کے آثار ہر یک جسم پر خواہ وہ نباتات میں سے ہے خواہ جمادات میں سے خواہ حیوانات میں سے ہے بدیہی طور پر ہمیں دکھائی دیتے ہیں۔ پس اس صریح تجربہ کے ذریعہ سے ہم اس بات کے ماننے کے لئے بھی مجبور ہیں کہ روحانی کمالات اور دل اور دماغ کی روشنی کا سلسلہ بھی جہاں تک ترقی کرتا ہے بلاشبہ ان نفوس نورانیہ کا اُس میں بھی دخل ہے۔ اسی دخل کی رو سے شریعت غرا نے استعارہ کے طور پر اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولوں میں ملائک کا واسطہ ہونا ایک ضروری امر ظاہر فرمایا ہے جس پر ایمان لانا ضروریات دین میں سے گردانا گیا ہے۔ جن لوگوں نے اپنی نہایت مکروہ نادانی سے اس الٰہی فلسفہ کو نہیں سمجھا جیسے آریہ مذہب والے یا برہمو مذہب والے انہوں نے جلدی سے بباعث اپنے بے وجہ بخل اور بغض کے جوان کے دلوں میں بھرا ہوا ہے تعلیم فرقانی پر یہ اعتراض جڑ دیا کہ وہ اللہ اور اس کے رسولوں میں ملائک کا واسطہ ضروری ٹھہراتا ہے اور اس بات کو نہ سمجھا اور نہ خیال کیا کہ خدائے تعالیٰ کا عام قانون تربیت جو زمین پر پایا جاتا ہے اِسی قاعدہ پر مبنی ہے۔ ہندوؤں کے رشی جن پر بقول ہندوؤں کے چاروں وید نازل ہوئے کیا وہ اپنے جسمانی قویٰ کے ٹھیک ٹھیک طور پر قائم رہنے میں تاثیرات اجرام سماویہ کے محتاج نہیں تھے کیا وہ بغیر آفتاب کی روشنی کے صرف آنکھوں کی روشنی سے دیکھنے کا کام لے سکتے تھے یا بغیر ہوا کے ذریعہ کے کسی آواز کو سن سکتے تھے تو اس کا جواب بدیہی طور پر یہی ہوگا کہ ہرگز نہیں بلکہ وہ بھی اجرام سماویہ کی تربیت اور تکمیل کے بہت محتاج تھے۔ ہندوؤں کے

﴿۴۱﴾ ﴿۴۲﴾

ویدوں نے ان ملائک کے بارے میں کہاں انکار کیا ہے بلکہ انہوں نے تو ان وسائط کے
ماننے اور قابل قدر جاننے میں بہت ہی غلو کیا ہے یہاں تک کہ خدائے تعالیٰ کے درجہ سے ان ﴿۴۳﴾
کا درجہ برابر ٹھہرا دیا ہے ایک رگوید پر ہی نظر ڈال کر دیکھو کہ کس قدر اس میں اجرام سماویہ اور
عناصر کی پرستش موجود ہے اور کیسی ان کی اُستت اور مہما اور مدح اور ثنا میں ورقوں کے ورق
سیاہ کر دیئے ہیں اور کس عاجزی اور گڑگڑانے سے ان سے دعائیں مانگی گئی ہیں جو قبول بھی
نہیں ہوئیں مگر شریعت فرقانی نے تو ایسا نہیں کیا بلکہ اُن نفوس نورانیہ کو جو اجرام سماویہ سے یا
عناصر یا دُخانات سے ایسا تعلق رکھتے ہیں جیسے جان کا جسم سے تعلق ہوتا ہے صرف ملائک یا
جنّات کے نام سے موسوم کیا ہے اور ان نورانی فرشتوں کو جو نورانی ستاروں اور سیاروں پر اپنا
مقام رکھتے ہیں اپنی ذات پاک میں اور اپنے رسولوں میں ایسے طور کا واسطہ نہیں ٹھہرایا جس
کے رو سے ان فرشتوں کو با اقتدار یا با اختیار مان لیا جاوے بلکہ ان کو اپنی نسبت ایسا ظاہر فرمایا
ہے کہ جیسے ایک بے جان چیز ایک زندہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے جس سے وہ زندہ جس طور سے
کام لینا چاہتا ہے لیتا ہے اسی بناء پر بعض مقامات قرآن شریف میں اجسام کے ہر یک ﴿۴۴﴾
ذرّہ پر بھی ملائک کا نام اطلاق کر دیا گیا ہے کیونکہ وہ سب ذرات اپنے رب کریم کی آواز سنتے
ہیں اور وہی کرتے ہیں جو ان کو حکم دیا گیا ہو مثلاً جو کچھ تغیرات بدن انسان میں مرض کی
طرف یا صحت کی طرف ہوتے ہیں ان تمام مواد کا ذرہ ذرہ خدا تعالیٰ کی مرضی کے موافق آگے
پیچھے قدم رکھتا ہے۔

اب ذرا آنکھ کھول کر دیکھ لینا چاہیے کہ اس قسم کے وسائط کے ماننے میں جو قرآن شریف
میں قرار دیئے گئے ہیں کونسا شرک لازم آتا ہے اور خدائے تعالیٰ کی شان قدرت میں
کونسا فرق آجاتا ہے بلکہ یہ تو اسرار معرفت و دقائق حکمت کی وہ باتیں ہیں جو قانون قدرت
کے صفحہ صفحہ میں لکھی ہوئی نظر آتی ہیں اور بغیر اس انتظام کے ماننے کے خدا تعالیٰ کی قدرت
کاملہ ثابت ہی نہیں ہوسکتی اور نہ اس کی خدائی چل سکتی ہے بھلا جب تک ذرہ ذرہ اُس کا

فرشتہ بن کر اس کی اطاعت میں نہ لگا ہوا ہوتب تک یہ سارا کارخانہ اُس کی مرضی کے موافق کیوں کر چل سکتا ہے؟ کوئی ہمیں سمجھائے تو سہی اور نیز اگر ملائک سماویہ کے نظام روحانی سے خدا تعالیٰ کی قادرانہ شان پر کچھ دھبہ لگ سکتا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ انہیں ملائک کے نظام جسمانی کے ماننے سے کہ جو نظام روحانی کا بعینہٖ ہم رنگ وہم شکل ہے خدائے تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر کوئی دھبہ نہیں لگ سکتا بلکہ سچ تو یہ ہے کہ آریہ وغیرہ ہمارے مخالفوں نے فرط نابینائی سے ایسے ایسے بے جا اعتراضات کر دیئے ہیں جن کی اصل بناء بہت سے مشرکانہ حواشی کے ساتھ ان کے گھر میں بھی موجود ہے اور ناحق بوجہ اپنی بے بصیرتی کے ایک عمدہ صداقت کو بطالت کی شکل میں سمجھ لیا ہے۔ ﴿۴۵﴾

چشم بد اندیش کہ برکندہ باد    عیب نماید ہنرش در نظر

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اسلامی شریعت کے رو سے خواص ملائک کا درجہ خواص بشر سے کچھ زیادہ نہیں بلکہ خواص الناس خواص الملائک سے افضل ہیں اور نظام جسمانی یا نظام روحانی میں ان کا وسائط قرار پانا اُن کی افضلیت پر دلائل☆ نہیں کرتا بلکہ قرآن شریف کی ہدایت کے رو سے وہ خدام کی طرح اس کام میں لگائے گئے ہیں۔ جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ[1] یعنی وہ خدا جس نے سورج اور چاند کو تمہاری خدمت میں لگا رکھا ہے مثلاً دیکھنا چاہیے کہ ایک چٹھی رساں ایک شاہ وقت کی طرف سے اس کے کسی ملک کے صوبہ یا گورنر کی خدمت میں چٹھیاں پہنچا دیتا ہے تو کیا اِس سے یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ وہ چٹھی رساں جو اس بادشاہ اور گورنر جنرل میں واسطہ ہے گورنر جنرل سے افضل ہے سو خوب سمجھ لو یہی مثال ان وسائط کی ہے جو نظام جسمانی اور روحانی میں قادر مطلق کے ارادوں کو زمین پر پہنچاتے اور اُن کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔ اللہ جلّ شانہٗ قرآن شریف کے کئی مقامات میں بتصریح ظاہر فرماتا ہے کہ جو کچھ زمین و آسمان میں پیدا کیا گیا ہے وہ تمام چیزیں اپنے وجود میں انسان کی طفیلی ہیں یعنی محض انسان کے ﴿۴۶﴾

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ”دلالت“ ہونا چاہیے۔ (ناشر)    [1] ابراھیم: ۳۴

فائدہ کے لئے پیدا کی گئی ہیں اور انسان اپنے مرتبہ میں سب سے اعلیٰ وارفع اور سب کا مخدوم ہے جس کی خدمت میں یہ چیزیں لگا دی گئی ہیں جیسا کہ وہ فرماتا ہے وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ـ وَاٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا[۱] ـ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ
﴿۴۷﴾ جَمِيْعًا[۲] اور مسخر کیا تمہارے لئے سورج اور چاند کو جو ہمیشہ پھرنے والے ہیں یعنی جو باعتبار اپنی کیفیات اور خاصیات کے ایک حالت پر نہیں رہتے مثلاً جو ربیع کے مہینوں میں آفتاب کی خاصیت ہوتی ہے وہ خزاں کے مہینوں میں ہرگز نہیں ہوتی پس اس طور سے سورج اور چاند ہمیشہ پھرتے رہتے ہیں کبھی ان کی گردش سے بہار کا موسم آجاتا ہے اور کبھی خزاں کا اور کبھی ایک خاص قسم کی خاصیتیں ان سے ظہور پذیر ہوتی ہیں اور کبھی اس کے مخالف خواص ظاہر ہوتے ہیں۔ پھر آگے فرمایا کہ مسخر کیا تمہارے لئے رات اور دن کو اور دیا تم کو ہر یک چیز میں سے وہ تمام سامان جس کو تمہاری فطرتوں نے مانگا یعنی اُن سب چیزوں کو دیا جن کے تم محتاج تھے اور اگر تم خدائے تعالیٰ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو ہرگز گن نہیں سکو گے۔ وہ وہی خدا ہے جس نے جو کچھ زمین پر ہے تمہارے فائدہ کے لئے پیدا کیا ہے۔ اور پھر ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِىْۤ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ[۳] یعنی انسان کو ہم نے
﴿۴۸﴾ نہایت درجہ کے اعتدال پر پیدا کیا ہے اور وہ اس صفت اعتدال میں تمام مخلوقات سے احسن و افضل ہے اور پھر ایک اور مقام میں فرماتا ہے کہ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا[۴] یعنی ہم نے اپنی امانت کو جس سے مراد عشق و محبت الٰہی اور مورد ابتلا ہو کر پھر پوری اطاعت کرنا ہے آسمان کے تمام فرشتوں اور زمین کی تمام مخلوقات اور پہاڑوں پر پیش کیا جو بظاہر قوی ہیکل چیزیں تھیں سو ان سب چیزوں نے اُس امانت کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اُس کی عظمت کو دیکھ کر ڈر گئیں مگر انسان نے

[۱] ابراهيم :۳۵،۳۴ [۲] البقرة :۳۰ [۳] التين :۵ [۴] الاحزاب :۷۳

اس کو اٹھالیا کیونکہ انسان میں یہ دو خوبیاں تھیں ایک یہ کہ وہ خدائے تعالیٰ کی راہ میں اپنے نفس پر ظلم کرسکتا تھا۔ دوسری یہ خوبی کہ وہ خدائے تعالیٰ کی محبت میں اس درجہ تک پہنچ سکتا تھا جو غیراللہ کو بکلی فراموش کردے پھر ایک اور جگہ فرمایا۔ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۔ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِىْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ۔
﴿۴۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۔ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۔[1] یعنی یاد کرو وہ وقت کہ جب تیرے خدا نے (جس کا تو مظہر اتم ہے) فرشتوں کو کہا کہ میں مٹی سے ایک انسان پیدا کرنے والا ہوں سو جب میں اس کو کمال اعتدال پر پیدا کرلوں اور اپنی روح میں سے اس میں پھونک دوں تو تم اُس کے لئے سجدہ میں گرو یعنی کمال انکسار سے اُس کی خدمت میں مشغول ہو جاؤ اور ایسی خدمت گذاری میں جھک جاؤ کہ گویا تم اسے سجدہ کر رہے ہو پس سارے کے سارے فرشتے انسان مکمل کے آگے سجدہ میں گر پڑے مگر شیطان جو اِس سعادت سے محروم رہ گیا۔ جاننا چاہیے کہ یہ سجدہ کا حکم اُس وقت سے متعلق نہیں ہے کہ جب حضرت آدم پیدا کئے گئے بلکہ یہ علیحدہ ملائک کو حکم کیا گیا کہ جب کوئی انسان اپنی حقیقی انسانیت کے مرتبہ تک پہنچے اور اعتدال انسانی اس کو حاصل ہو جائے اور خدائے تعالیٰ کی روح اس میں سکونت اختیار کرے تو تم اس کامل کے آگے سجدہ میں گرا کرو یعنی آسمانی انوار کے ساتھ اُس پر اُترو اور اُس پر صلوٰۃ بھیجو سو یہ اس قدیم قانون کی طرف اشارہ ہے جو خدائے تعالیٰ اپنے برگزیدہ بندوں کے ساتھ
﴿۵۰﴾ ہمیشہ جاری رکھتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی زمانہ میں اعتدال روحانی حاصل کر لیتا ہے اور خدائے تعالیٰ کی روح اُس کے اندر آباد ہوتی ہے یعنی اپنے نفس سے فانی ہو کر بقاباللہ کا درجہ حاصل کرتا ہے تو ایک خاص طور پر نزول ملائکہ کا اُس پر شروع ہو جاتا ہے اگرچہ سلوک کی ابتدائی حالات میں بھی ملائک اس کی نصرت اور خدمت میں لگے ہوئے ہوتے ہیں لیکن یہ نزول ایسا اتم اور اکمل ہوتا ہے کہ سجدہ کا حکم رکھتا ہے اور سجدہ کے لفظ سے خدائے تعالیٰ نے یہ ظاہر کر دیا کہ ملائکہ انسان کامل سے افضل نہیں ہیں بلکہ وہ

[1] ص :۷۲تا۷۵

شاہی خادموں کی طرح سجدات تعظیم انسان کامل کے آگے بجا لا رہے ہیں ایسا ہی خدائے تعالیٰ نے سورۃ الشّمس میں نہایت لطیف اشارات و استعارات میں انسان کامل کے مرتبہ کو زمین آسمان کے تمام باشندوں سے اعلیٰ و برتر بیان فرمایا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا ۔ وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۔ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۔ وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰهَا ۔ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۔ وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا ۔ وَنَفۡسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۔ فَاَلۡهَمَهَا فُجُوۡرَهَا وَتَقۡوٰهَا ۔
قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰهَا ۔ وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰهَا ۔ كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ بِطَغۡوٰهَاۤ ۔ اِذِ انۡۢبَعَثَ ﴿۵۱﴾
اَشۡقٰهَا ۔ فَقَالَ لَهُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقۡيٰهَا ۔ فَكَذَّبُوۡهُ فَعَقَرُوۡهَا فَدَمۡدَمَ عَلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ فَسَوّٰهَا ۔ وَلَا يَخَافُ عُقۡبٰهَا ۔[1] یعنی قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی اور قسم ہے چاند کی جب وہ سورج کی پیروی کرے اور قسم ہے دن کی جب اپنی روشنی کو ظاہر کرے اور قسم ہے اس رات کی جو بالکل تاریک ہو اور قسم ہے زمین کی اور اُس کی جس نے اسے بچھایا اور قسم ہے انسان کے نفس کی اور اس کی جس نے اسے اعتدال کامل اور وضع استقامت کے جمیع کمالات متفرقہ عنایت کئے اور کسی کمال سے محروم نہ رکھا بلکہ سب کمالات متفرقہ جو پہلی قسموں کے نیچے ذکر کئے گئے ہیں اس میں جمع کر دیے اس طرح پر کہ انسان کامل کا نفس آفتاب اور اس کی دھوپ کا بھی کمال اپنے اندر رکھتا ہے اور چاند کے خواص بھی اس میں پائے جاتے ہیں کہ وہ اکتساب فیض دوسرے سے کر سکتا ہے اور ایک نور سے بطور
استفادہ اپنے اندر بھی نور لے سکتا ہے اور اُس میں روز روشن کے بھی خواص موجود ہیں کہ جیسے ﴿۵۲﴾
محنت اور مزدوری کرنے والے لوگ دن کی روشنی میں کماحقہ اپنے کاروبار کو انجام دے سکتے ہیں ایسا ہی حق کے طالب اور سلوک کی راہوں کو اختیار کرنے والے انسان کامل کے نمونہ پر چل کر بہت آسانی اور صفائی سے اپنی مہمات دینیہ کو انجام دیتے ہیں سو وہ دن کی طرح اپنے تئیں بکمال صفائی ظاہر کر سکتا ہے اور ساری خاصیتیں دن کی اپنے اندر رکھتا ہے☆۔

☆ حاشیہ : سورج بہ حکمت کاملہ الٰہی سات سو تیس تعینات میں اپنے تئیں متشکل کر کے دنیا پر

[1] الشمس :۲ تا ۱۶

﴿۵۳﴾ اندھیری رات سے بھی انسان کامل کو ایک مشابہت ہے کہ وہ باوجود غایت درجہ کے انقطاع اور تبتل کے جو اُس کو منجانب اللہ حاصل ہے بہ حکمت و مصلحت الٰہی اپنے نفس کی ظلمانی خواہشوں کی طرف بھی کبھی کبھی متوجہ ہوجاتا ہے یعنی جو جو نفس کے حقوق انسان پر رکھے گئے ہیں جو بظاہر نورانیت کے مخالف اور مزاحم معلوم ہوتے ہیں جیسے کھانا پینا سونا اور بیوی کے حقوق ادا کرنا یا بچوں کی طرف التفات کرنا یہ سب حقوق بجالاتا ہے اور کچھ تھوڑی دیر کے لئے اس تاریکی کو ﴿۵۴﴾ اپنے لئے پسند کرلیتا ہے نہ اس وجہ سے کہ اس کو حقیقی طور پر تاریکی کی طرف میلان ہے بلکہ اس وجہ سے کہ خداوند علیم و حکیم اس کو اس طرف توجہ بخشتا ہے تا روحانی تَعب و مشقّت سے کسی قدر آرام پاکر پھر ان مجاہدات شاقہ کے اٹھانے کے لئے تیار ہوجائے جیسا کہ کسی کا شعر ہے

چشم شہباز کاردانانِ شکار از بہر کشادن ست گردوختہ اند

سو اسی طرح یہ کامل لوگ جب غایت درجہ کی کوفت خاطر اور گدازش اور ہم و غم کے غلبہ کے وقت کسی قدر حظوظ نفسانیہ سے تمتع حاصل کرلیتے ہیں تو پھر جسم ناتواں ان کا روح کی رفاقت کے لئے

---

بقیہ حاشیہ

مختلف قسموں کی تاثیرات ڈالتا ہے اور ہر یک متشکل کی وجہ سے ایک خاص نام اُسکو حاصل ہے اور یکشنبہ دوشنبہ سہ شنبہ وغیرہ درحقیقت باعتبار خاص خاص تعینات ولوازم و تاثیرات کے سورج کے ہی نام ہیں جب یہ لوازم خاصہ بولنے کے وقت ذہن میں ملحوظ نہ رکھے جائیں اور صرف مجرد اور اطلاقی حالت میں نام لیا جائے تو اس وقت سورج کہیں گے لیکن جب اسی سورج کے خاص ﴿۵۳﴾ خاص لوازم اور تاثیرات اور مقامات ذہن میں ملحوظ رکھ کر بولیں گے تو اس کو کبھی دن کہیں گے اور کبھی رات۔ کبھی اسکا نام اتوار رکھیں گے اور کبھی پیر اور کبھی ساون اور کبھی بھادوں کبھی اسوج کبھی کاتک۔ غرض یہ سب سورج کے ہی نام ہیں اور نفس انسان باعتبار مختلف تعینات اور مختلف اوقات و مقامات و حالات مختلف ناموں سے موسوم ہوجاتا ہے کبھی نفس زکیہ کہلاتا ہے اور کبھی امارہ، کبھی لوامہ اور کبھی مطمئنہ۔ غرض اس کے بھی اتنے ہی نام ہیں جس قدر سورج کے مگر بخوفِ طول اسی قدر بیان کرنا کافی سمجھا گیا۔ منہ

از سرِنو قوی اور توانا ہو جاتا ہے اور اس تھوڑی سی محجوبیت کی وجہ سے بڑے بڑے مراحل نورانی طے کر جاتا ہے اور ماسوا اِس کے نفس انسان میں رات کے اور دوسرے خواص دقیقہ بھی پائے جاتے ہیں جن کو علم ہیئت اور نجوم اور طبعی کی باریک نظر نے دریافت کیا ہے ایسا ہی انسان کامل کے نفس کو آسمان سے بھی مشابہت ہے مثلاً جیسے آسمان کا پول اس قدر وسیع اور کشادہ ہے کہ کسی چیز سے پُر نہیں ہوسکتا ایسا ہی ان بزرگوں کا نفس ناطقہ غایت درجہ کی وسعتیں اپنے اندر رکھتا ہے اور باوجود ہزارہا معارف وحقائق کے حاصل کرنے کے پھر بھی **ماعرفناک** کا نعرہ مارتا ﴿۵۵﴾
ہی رہتا ہے اور جیسے آسمان کا پول روشن ستاروں سے پُر ہے ایسا ہی نہایت روشن قویٰ اس میں بھی رکھے گئے ہیں کہ جو آسمان کے ستاروں کی طرح چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ایسا ہی انسان کامل کے نفس کو زمین سے بھی کامل مشابہت ہے یعنی جیسا کہ عمدہ اور اوّل درجہ کی زمین یہ خاصیت رکھتی ہے کہ جب اُس میں تخم ریزی کی جائے اور پھر خوب قلبہ رانی اور آبپاشی ہو اور تمام مراتب محنت کشاورزی کے اس پر پورے کر دیئے جائیں تو وہ دوسری زمینوں کی نسبت ہزار گونہ زیادہ پھل لاتی ہے اور نیز اس کا پھل بہ نسبت اور پھلوں کے نہایت لطیف اور شیریں ولذیذ اور اپنی کمیت و کیفیت میں انتہائی درجہ تک بڑھا ہوا ہوتا ہے اسی طرح انسان کامل کے نفس کا حال ہے کہ احکام الٰہی کی تخم ریزی سے عجیب سرسبزی لے کر اس کے اعمال صالحہ کے پودے نکلتے ہیں اور ایسے عمدہ اور غایت درجہ کے لذیذ اس کے پھل ہوتے ہیں کہ ہر یک دیکھنے والے کو خدائے تعالیٰ کی پاک قدرت یاد آکر سبحان اللہ سبحان اللہ
﴿۵۶﴾ کہنا پڑتا ہے سو یہ آیت وَنَفۡسٍ وَّ مَا سَوّٰىهَا[1] صاف طور پر بتلا رہی ہے کہ انسان کامل اپنے معنے اور کیفیت کے رو سے ایک عالم ہے اور عالم کبیر کے تمام شیون وصفات وخواص اجمالی طور پر اپنے اندر جمع رکھتا ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ نے شمس کی صفات سے شروع کر کے زمین تک جو ہماری سکونت کی جگہ ہے سب چیزوں کے خواص اشارہ کے طور پر بیان فرمائے

[1] الشمس :۸

یعنی بطور قسموں کے ان کا ذکر کیا بعد اس کے انسان کامل کے نفس کا ذکر فرمایا تا معلوم ہو کہ انسان کامل کا نفس ان تمام کمالات متفرقہ کا جامع ہے جو پہلی چیزوں میں جن کی قسمیں کھائی گئیں الگ الگ طور پر پائی جاتی ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ خدائے تعالیٰ نے ان اپنی مخلوق چیزوں کی جو اس کے وجود کے مقابل پر بے بنیاد و ہیچ ہیں کیوں قسمیں کھائیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ تمام قرآن شریف میں یہ ایک عام عادت و سنت الٰہی ہے کہ وہ بعض نظری امور کے اثبات و احقاق کے لئے ایسے امور کا حوالہ دیتا ہے جو اپنے خواص کا عام طور پر بیّن اور کھلا کھلا اور بدیہی ثبوت رکھتے ہیں جیسا کہ اس میں کسی کو بھی شک نہیں ہوسکتا کہ سورج موجود ہے ﴿۵۷﴾ اور اس کی دھوپ بھی ہے اور چاند موجود ہے اور وہ نور آفتاب سے حاصل کرتا ہے اور روز روشن بھی سب کو نظر آتا ہے اور رات بھی سب کو دکھائی دیتی ہے اور آسمان کا پول بھی سب کی نظر کے سامنے ہے اور زمین تو خود انسانوں کی سکونت کی جگہ ہے اب چونکہ یہ تمام چیزیں اپنا اپنا کھلا کھلا وجود اور کھلے کھلے خواص رکھتی ہیں جن میں کسی کو کلام نہیں ہوسکتا اور نفس انسان کا ایسی چھپی ہوئی اور نظری چیز ہے کہ خود اُس کے وجود میں ہی صدہا جھگڑے برپا ہورہے ہیں۔ بہت سے فرقے ایسے ہیں کہ وہ اس بات کو مانتے ہی نہیں کہ نفس یعنی روح انسان بھی کوئی مستقل اور قائم بالذات چیز ہے جو بدن کی مفارقت کے بعد ہمیشہ کے لئے قائم رہ سکتی ہے اور جو بعض لوگ نفس کے وجود اور اس کی بقا اور ثبات کے قائل ہیں وہ بھی اُس کی باطنی استعدادات کا وہ قدر نہیں کرتے جو کرنا چاہیے تھا بلکہ بعض تو اتنا ہی سمجھ بیٹھے ہیں کہ ہم صرف اسی غرض کے لئے دنیا میں آئے ہیں کہ حیوانات کی طرح کھانے پینے اور حظوظِ ﴿۵۸﴾ نفسانی میں عمر بسر کریں وہ اس بات کو جانتے بھی نہیں کہ نفس انسانی کس قدر اعلیٰ درجہ کی طاقتیں اور قوتیں اپنے اندر رکھتا ہے اور اگر وہ کسب کمالات کی طرف متوجہ ہو تو کیسے تھوڑے ہی عرصہ میں تمام عالم کے متفرق کمالات و فضائل و انواع پر ایک دائرہ کی طرح محیط ہوسکتا ہے۔ سو اللہ جل شانہٗ نے اس سورہ مبارکہ میں نفس انسان اور پھر اس کے

بے نہایت خواص فاضلہ کا ثبوت دینا چاہا ہے پس اوّل اس نے خیالات کو رجوع دلانے کے لئے شمس اور قمر وغیرہ چیزوں کے متفرق خواص بیان کر کے پھر نفس انسان کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہ جامع ان تمام کمالات متفرقہ کا ہے اور جس حالت میں نفس انسان میں ایسے اعلیٰ درجہ کے کمالات و خاصیات بہ تمامہا موجود ہیں جو اجرام سماویہ اور ارضیہ میں متفرق طور پر پائے جاتے ہیں تو کمال درجہ کی نادانی ہوگی کہ ایسے عظیم الشان اور مستجمع کمالات متفرقہ کی نسبت یہ وہم کیا جائے کہ وہ کچھ بھی چیز نہیں جو موت کے بعد باقی رہ سکے یعنی جب کہ یہ تمام خواص جو ان مشہود و محسوس چیزوں میں ہیں جن کا مستقل وجود ماننے میں تمہیں کچھ کلام نہیں یہاں ﴿۵۹﴾ تک کہ ایک اندھا بھی دھوپ کا احساس کر کے آفتاب کے وجود کا یقین رکھتا ہے۔ نفس انسان میں سب کے سب یکجائی طور پر موجود ہیں تو نفس کے مستقل اور قائم بالذات وجود میں تمہیں کیا کلام باقی ہے کیا ممکن ہے کہ جو چیز اپنی ذات میں کچھ بھی نہیں وہ تمام موجود بالذات چیزوں کے خواص جمع رکھتی ہو اور اس جگہ قسم کھانے کی طرز کو اس وجہ سے اللہ جل شانہٗ نے پسند کیا ہے کہ قسم قائم مقام شہادت کے ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے حکام مجازی بھی جب دوسرے گواہ موجود نہ ہوں تو قسم پر انحصار کر دیتے ہیں اور ایک مرتبہ کی قسم سے وہ فائدہ اٹھا لیتے ہیں جو کم سے کم دو گواہوں سے اٹھا سکتے ہیں سو چونکہ عقلاً و عرفاً و قانوناً و شرعاً قسم شاہد کے قائم مقام سمجھی جاتی ہے لہٰذا اسی بنا پر خدائے تعالیٰ نے اس جگہ شاہد کے طور پر اس کو قرار دے دیا ہے پس خدائے تعالیٰ کا یہ کہنا کہ قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی درحقیقت اپنے مرادی معنے یہ رکھتا ہے کہ سورج اور اس کی دھوپ یہ دونوں نفس انسان کے موجود بالذات اور قائم بالذات ہونے کے شاہد حال ہیں کیونکہ سورج میں جو جو خواص گرمی اور روشنی ﴿۶۰﴾ وغیرہ پائے جاتے ہیں یہی خواص مع شے زائد انسان کے نفس میں بھی موجود ہیں۔ مکاشفات کی روشنی اور توجہ کی گرمی جو نفوس کاملہ میں پائی جاتی ہے اس کے عجائبات سورج کی گرمی

اور روشنی سے کہیں بڑھ کر ہیں سو جب کہ سورج موجود بالذات ہے تو جو خواص میں اِس کا ہم مثل اور ہم پلہ ہے بلکہ اس سے بڑھ کر یعنی نفس انسان وہ کیوں کر موجود بالذات نہ ہوگا۔ اسی طرح خدائے تعالیٰ کا یہ کہنا کہ قسم ہے چاند کی جب وہ سورج کی پیروی کرے۔ اِس کے مرادی معنے یہ ہیں کہ چاند اپنی اس خاصیت کے ساتھ کہ وہ سورج سے بطور استفادہ نور حاصل کرتا ہے نفس انسان کے موجود بالذات اور قائم بالذات ہونے پر شاہد حال ہے کیونکہ جس طرح چاند سورج سے اکتساب نور کرتا ہے اسی طرح نفس انسان کا جو مستعد اور طالب حق ہے ایک دوسرے انسان کامل کی پیروی کر کے اس کے نور میں سے لے لیتا ہے اور اس کے باطنی فیض سے فیضیاب ہو جاتا ہے بلکہ چاند سے بڑھ کر استفادہ نور کرتا ہے کیونکہ چاند تو نور کو حاصل کر کے پھر چھوڑ بھی دیتا ہے مگر یہ کبھی نہیں چھوڑتا۔ پس جبکہ استفادہ نور میں یہ چاند کا شریک غالبؔ ہے اور دوسری تمام صفات اور خواص چاند کے اپنے اندر رکھتا ہے تو پھر کیا وجہ کہ چاند کو تو ﴿۶۱﴾
موجود بالذات اور قائم بالذات مانا جائے مگر نفس انسان کے مستقل طور پر موجود ہونے سے بکلی انکار کر دیا جائے۔ غرض اسی طرح خدائے تعالیٰ نے ان تمام چیزوں کو جن کا ذکر نفس انسان کی پہلے قسم کھا کر کیا گیا ہے اپنے خواص کے رو سے شواہد اور ناطق گواہ قرار دے کر اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ نفس انسان واقعی طور پر موجود ہے اور اسی طرح ہر یک جگہ جو قرآن شریف میں بعض بعض چیزوں کی قسمیں کھائی ہیں ان قسموں سے ہر جگہ یہی مدعا اور مقصد ہے کہ تا امر بدیہہ کو اسرار مخفیہ کے لئے جو ان کے ہم رنگ ہیں بطور شواہد کے پیش کیا جائے لیکن اس جگہ یہ سوال ہوگا کہ جو نفس انسان کے موجود بالذات ہونے کے لئے قسموں کے پیرایہ میں شواہد پیش کئے گئے ہیں اُن شواہد کے خواص بدیہی طور پر نفس انسان میں کہاں پائے جاتے ہیں اور اس کا ثبوت کیا ہے کہ پائے جاتے ہیں۔ اس وہم کے رفع کرنے کے لئے اللہ جلّ شانہٗ اسکے بعد فرماتا ہے فَاَلْهَمَهَا ﴿۶۲﴾
فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۔[۱] یعنی خدائے تعالیٰ نے نفس انسان کو پیدا کر کے ظلمت اور نورانیت اور ویرانی اور سرسبزی کی

[۱] الشمس :۹ تا ۱۱

دونوں راہیں اس کے لئے کھول دی ہیں جو شخص ظلمت اور فجور یعنی بدکاری کی راہیں اختیار کرے تو اس کو ان راہوں میں ترقی کے کمال درجہ تک پہنچایا جاتا ہے یہاں تک کہ اندھیری رات سے اس کی سخت مشابہت ہو جاتی ہے اور بجز معصیت اور بدکاری اور پُر ظلمت خیالات کے اور کسی چیز میں اس کو مزہ نہیں آتا۔ ایسے ہی ہم صحبت اس کو اچھے معلوم ہوتے ہیں اور ایسے ہی شغل اس کے جی کو خوش کرتے ہیں اور اس کی بدطبیعت کے مناسب حال بدکاری کے الہامات اس کو ہوتے رہتے ہیں یعنی ہر وقت بدچلنی اور بدمعاشی کے ہی خیالات اس کو سوجھتے ہیں کبھی اچھے خیالات اس کے دل میں پیدا ہی نہیں ہوتے اور اگر پرہیزگاری کا نورانی راستہ اختیار کرتا ہے تو اس نور کو مدد دینے والے الہام اس کو ہوتے رہتے ہیں یعنی خدائے تعالیٰ اس کے دلی نور کو جو تخم کی طرح اس کے دل میں موجود ہے اپنے الہامات خاصہ سے کمال ﴿۶۳﴾
تک پہنچا دیتا ہے اور اس کے روشن مکاشفات کی آگ کو افروختہ کر دیتا ہے تب وہ اپنے چمکتے ہوئے نور کو دیکھ کر اور اس کے افاضہ اور استفاضہ کی خاصیت کو آزما کر پورے یقین سے سمجھ لیتا ہے کہ آفتاب اور ماہتاب کی نورانیت مجھ میں بھی موجود ہے اور آسمان کے وسیع اور بلند اور پُر کواکب ہونے کے موافق میرے سینہ میں بھی انشراح صدر اور عالی ہمتی اور دل اور دماغ میں ذخیرہ روشن قویٰ کا موجود ہے جو ستاروں کی طرح چمک رہے ہیں تب اسے اس بات کے سمجھنے کے لئے اور کسی خارجی ثبوت کی کچھ بھی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ اس کے اندر سے ہی ایک کامل ثبوت کا چشمہ ہر وقت جوش مارتا ہے اور اس کے پیاسے دل کو سیراب کرتا رہتا ہے اور اگر یہ سوال پیش ہو کہ سلوک کے طور پر کیوں کر ان نفسانی خواص کا مشاہدہ ہو سکے تو اس کے جواب میں اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا
وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا[1] یعنی جس شخص نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا اور بکلی رذائل اور ﴿۶۴﴾
اخلاق ذمیمہ سے دست بردار ہو کر خدائے تعالیٰ کے حکموں کے نیچے اپنے تئیں ڈال دیا وہ اس مراد کو پہنچے گا اور اپنا نفس اس کو عالم صغیر کی طرح کمالات متفرقہ کا مجمع نظر آئے گا

[1] الشمس: ۱۰تا۱۱

لیکن جس شخص نے اپنے نفس کو پاک نہیں کیا بلکہ بے جا خواہشوں کے اندر گاڑ دیا وہ اس مطلب کے پانے سے نامراد رہے گا ماحصل اس تقریر کا یہ ہے کہ بلاشبہ نفس انسان میں وہ متفرق کمالات موجود ہیں جو تمام عالم میں پائے جاتے ہیں اوران پر یقین لانے کے لئے یہ ایک سیدھی راہ ہے کہ انسان حسب منشائے قانون الٰہی تزکیہ نفس کی طرف متوجہ ہو۔ کیوں کہ تزکیہ نفس کی حالت میں نہ صرف علم الیقین بلکہ حق الیقین کے طور پر ان کمالات مخفیہ کی سچائی کھل جائے گی۔ پھر بعد اس کے اللہ جل شانہٗ ایک مثال کے طور پر ثمود کی قوم کا ذکر کر کے فرماتا ہے کہ انہوں نے بباعث اپنی جبلی سرکشی کے اپنے وقت کے نبی کو جھٹلایا اور اس تکذیب کے لئے ایک بڑا بدبخت ان میں سے پیش قدم ہوا۔ اس وقت کے رسول نے انہیں نصیحت کے طور پر

﴿۶۵﴾ کہا کہ ناقۃ اللہ یعنی خدائے تعالیٰ کی اُونٹنی اور اُس کے پانی پینے کی جگہ کا تعرض مت کرو مگر انہوں نے نہ مانا اور اُونٹنی کے پاؤں کاٹے۔ سو اس جرم کی شامت سے اللہ تعالیٰ نے ان پر موت کی مار ڈالی اور انہیں خاک سے ملا دیا اور خدائے تعالیٰ نے اس بات کی کچھ بھی پرواہ نہ کی کہ ان کے مرنے کے بعد ان کی بیوہ عورتوں اور یتیم بچوں اور بے کس عیال کا کیا حال ہوگا۔ یہ ایک نہایت لطیف مثال ہے جو خدائے تعالیٰ نے انسان کے نفس کو **ناقۃ اللّٰہ** سے مشابہت دینے کے لئے اس جگہ لکھی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ انسان کا نفس بھی درحقیقت اسی غرض کے لئے پیدا کیا گیا ہے کہ تا وہ **ناقۃ اللّٰہ** کا کام دیوے۔ اس کے فنا فی اللہ ہونے کی حالت میں خدائے تعالیٰ اپنی پاک تجلّی کے ساتھ اس پر سوار ہو جیسے کوئی اُونٹنی پر سوار ہوتا ہے۔ سو نفس پرست لوگوں کو جو حق سے منہ پھیر رہے ہیں تہدید اور انذار کے طور پر فرمایا کہ تم لوگ بھی قوم ثمود کی طرح **ناقۃ اللّٰہ کا سقیا** یعنی اس کے پانی پینے کی جگہ جو یاد الٰہی اور معارف الٰہی کا چشمہ ہے جس پر اس **ناقہ** کی زندگی موقوف ہے اُس پر بند کر رہے ہو اور نہ صرف بند بلکہ اس کے پیر کاٹنے کی

﴿۶۶﴾ فکر میں ہو تا وہ خدائے تعالیٰ کی راہوں پر چلنے سے بالکل رہ جائے سو اگر تم اپنی خیر مانگتے ہو تو

وہ زندگی کا پانی اُس پر بندمت کرو اور اپنی بے جا خواہشوں کے تیر وتبر سے اس کے پیر مت کاٹو اگر تم ایسا کرو گے اور وہ ناقہ جو خدائے تعالیٰ کی سواری کے لئے تم کو دی گئی ہے مجروح ہو کر مر جائے گی تو تم بالکل نکمّے اور خشک لکڑی کی طرح متصور ہو کر کاٹ دیئے جاؤ گے اور پھر آگ میں ڈالے جاؤ گے اور تمہارے مرنے کے بعد خدائے تعالیٰ تمہارے پس ماندوں پر ہرگز رحم نہیں کرے گا بلکہ تمہاری معصیت اور بدکاری کا وبال ان کے بھی آگے آئے گا اور نہ صرف تم اپنی شامت اعمال سے مرو گے بلکہ اپنے عیال و اطفال کو بھی اسی تباہی میں ڈالو گے۔

ان آیات بیّنات سے صاف صاف ثابت ہوگیا کہ خداوند کریم نے انسان کو سب مخلوقات سے بہتر اور افضل بنایا ہے اور ملائک اور کواکب اور عناصر وغیرہ جو کچھ انسان میں اور خدائے تعالیٰ میں بطور وسائط کے دخیل ہو کر کام کر رہے ہیں وہ اُن کا درمیانی واسطہ ہونا ان کی افضلیت پر دلالت نہیں کرتا اور وہ اپنے درمیانی ہونے کی وجہ سے انسان کو کوئی عزت نہیں ﴿۶۷﴾ بخشتے بلکہ خود ان کو عزّت حاصل ہوتی ہے کہ وہ ایسی شریف مخلوق کی خدمت میں لگائے گئے ہیں سو درحقیقت وہ تمام خادم ہیں نہ مخدوم اور اس بارہ میں حضرت سعدی شیرازی رحمۃ اللہ نے کیا اچھا کہا ہے۔

ابر و باد و مَہ و خورشید و فلک در کار اند تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری
ایں ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمانبردار شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نہ بری

اور پھر ہم بقیہ تقریر کی طرف عود کر کے کہتے ہیں کہ ملائک اللہ (جیسا کہ ہم پہلے بھی بیان کر چکے ہیں) ایک ہی درجہ کی عظمت اور بزرگی نہیں رکھتے نہ ایک ہی قسم کا کام انہیں سپرد ہے بلکہ ہر یک فرشتہ علیحدہ علیحدہ کاموں کے انجام دینے کے لئے مقرر

کیا گیا ہے۔ دنیا میں جس قدر تم تغیرات وانقلابات دیکھتے ہو یا جو کچھ مُکمّن قُوّۃ سے حیّزِ فعل میں آتا ہے یا جس قدر ارواح و اجسام اپنے کمالات مطلوبہ تک پہنچتے ہیں ان سب پر تاثیرات سماویہ کام کر رہی ہیں اور کبھی ایک ہی فرشتہ مختلف طور کی استعدادوں پر مختلف طور کے اثر ڈالتا ہے مثلاً جبریل جو ایک عظیم الشان فرشتہ ہے اور آسمان کے ایک نہایت روشن نیّر سے تعلق رکھتا ہے اس کو کئی قسم کی خدمات سپرد ہیں انہیں خدمات کے موافق جو اس کے نیر سے لئے جاتے ہیں سو وہ فرشتہ اگرچہ ہر یک ایسے شخص پر نازل ہوتا ہے جو وحی الٰہی سے مشرف کیا گیا ہو (نزول کی اصل کیفیت جو صرف اثر اندازی کے طور پر ہے نہ واقعی طور پر یاد رکھنی چاہیئے)۔ ﴿۶۸﴾

لیکن اُس کے نزول کی تاثیرات کا دائرہ مختلف استعدادوں اور مختلف ظروف کے لحاظ سے چھوٹی چھوٹی یا بڑی بڑی شکلوں پر تقسیم ہو جاتا ہے۔ نہایت بڑا دائرہ اس کی روحانی تاثیرات کا وہ دائرہ ہے جو حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی سے متعلق ہے۔ اسی وجہ سے جو معارف و حقائق و کمالات حکمت و بلاغت قرآن شریف میں اکمل اور اتم طور پر پائے جاتے ہیں یہ عظیم الشان مرتبہ اور کسی کتاب کو حاصل نہیں اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے (جیسا کہ پہلے بھی ہم اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں) کہ ہر یک فرشتہ کی تاثیر انسان کے نفس پر دو قسم کی ہوتی ہے۔ اوّل وہ تاثیر جو رحم میں ہونے کی حالت میں باذنہٖ تعالیٰ مختلف طور کے تخم پر مختلف طور کا ﴿۶۹﴾ اثر ڈالتی ہے پھر دوسری وہ تاثیر جو بعد طیاری وجود کے اس وجود کی مخفی استعدادوں کو اپنے کمالات ممکنہ تک پہنچانے کے لئے کام کرتی ہے۔ اس دوسری تاثیر کو جب وہ نبی یا کامل ولی کے متعلق ہو وحی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور یوں ہوتا ہے کہ جب ایک مستعد نفس اپنے نور ایمان اور نور محبت کے کمال سے مبدء فیوض کے ساتھ دوستانہ تعلق پکڑ لیتا ہے اور خدائے تعالیٰ کی زندگی بخش محبت اُس کی محبت پر پَرتوہ انداز ہو جاتی ہے تو اس حد اور اس وقت تک جو کچھ انسان کو

آگے قدم رکھنے کے لئے مقدور حاصل ہوتا ہے یہ دراصل اس پنہانی تاثیر کا اثر ظاہر ہوتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کے فرشتہ نے انسان کے رحم میں ہونے کی حالت میں کی ہوتی ہے پھر بعد اس کے جب انسان اس پہلی تاثیر کی کشش سے یہ مرتبہ حاصل کر لیتا ہے تو پھر وہی فرشتہ از سرنو اپنا اثر نور سے بھرا ہوا اس پر ڈالتا ہے مگر یہ نہیں کہ اپنی طرف سے بلکہ وہ درمیانی خادم ہونے کی وجہ سے اس نالی کی طرح جو ایک طرف سے پانی کو کھینچتی اور دوسری طرف اس پانی کو پہنچا دیتی ہے خدائے تعالیٰ کا نور فیض اپنے اندر کھینچ لیتا ہے پھر عین اس وقت میں کہ جب انسان بوجہ ﴿۷۰﴾
اقترانِ محبتین روح القدس کی نالی کے قریب اپنے تئیں رکھ دیتا ہے معاً اس نالی میں سے فیض وحی اس کے اندر گر جاتا ہے یا یوں کہو کہ اس وقت جبرئیل اپنا نورانی سایہ اس مستعد دل پر ڈال کر ایک عکسی تصویر اپنی اس کے اندر لکھ دیتا ہے تب جیسے اس فرشتہ کا جو آسمان پر مستقر ہے جبریل نام ہے اس عکسی تصویر کا نام بھی جبریل ہی ہوتا ہے یا مثلاً اس فرشتہ کا نام روح القدس ہے تو عکسی تصویر کا نام بھی روح القدس ہی رکھا جاتا ہے سو یہ نہیں کہ فرشتہ انسان کے اندر گھس آتا ہے بلکہ اس کا عکس انسان کے آئینہ قلب میں نمودار ہو جاتا ہے مثلاً جب تم نہایت مصفی آئینہ اپنے منہ کے سامنے رکھ دو گے تو موافق دائرہ مقدار اس آئینہ کے تمہاری شکل کا عکس بلا توقف اس میں پڑے گا۔ یہ نہیں کہ تمہارا منہ اور تمہارا سر گردن سے ٹوٹ کر اور الگ ہو کر آئینہ میں رکھ دیا جائے گا بلکہ اس جگہ رہے گا جو رہنا چاہیے صرف اُس کا عکس پڑے گا اور ﴿۷۱﴾
عکس بھی ہر یک جگہ ایک ہی مقدار پر نہیں پڑے گا بلکہ جیسی جیسی وسعت آئینہ قلب کی ہو گی اسی مقدار کے موافق اثر پڑے گا مثلاً اگر تم اپنا چہرہ آرسی کے شیشہ میں دیکھنا چاہو کہ جو ایک چھوٹا سا شیشہ ایک قسم کی انگشتری میں لگا ہوا ہوتا ہے تو اگرچہ اس میں بھی تمام چہرہ نظر آئے گا مگر ہر یک عضو اپنی اصلی مقدار سے نہایت چھوٹا ہو کر نظر آئے گا لیکن اگر تم اپنے چہرہ کو ایک بڑے آئینہ میں دیکھنا چاہو جو تمہاری شکل کے پورے انعکاس کے لئے کافی ہے

تو تمہارے تمام نقوش اور اعضاء چہرہ کے اپنی اصلی مقدار پر نظر آ جائیں گے۔ پس یہی مثال جبریل کی تاثیرات کی ہے۔ ادنیٰ سے ادنیٰ مرتبہ کے ولی پر بھی جبریل ہی تاثیر وحی کی ڈالتا ہے اور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر بھی وہی جبریل تاثیر وحی کی ڈالتا رہا ہے لیکن ان دونوں وحیوں میں وہی فرق مذکورہ بالا آرسی کے شیشہ اور بڑے آئینہ کا ہے یعنی اگرچہ بظاہر صورت جبریل وہی ہے اور اس کی تاثیرات بھی وہی مگر ہر یک جگہ مادہ قابلہ ایک ہی وسعت اور صفائی کی حالت پر نہیں اور یہ جو اس جگہ میں نے صفائی کا لفظ بھی لکھ دیا تو یہ اس بات کے اظہار کے لئے ہے کہ جبریلی تاثیرات کا اختلاف صرف کمیت کے ہی متعلق نہیں بلکہ ﴿۷۲﴾ کیفیت کے بھی متعلق ہے یعنی صفائی قلب جو شرط انعکاس ہے تمام افراد ملہمین کے ایک ہی مرتبہ تک☆ پر کبھی نہیں ہوتے جیسے تم دیکھتے ہو کہ سارے آئینے ایک ہی درجہ کی صفائی ہرگز نہیں رکھتے۔ بعض آئینے ایسے اعلیٰ درجہ کے آبدار اور مصفّٰی ہوتے ہیں کہ پورے طور پر جیسا کہ چاہیے دیکھنے والے کی شکل ان میں ظاہر ہو جاتی ہے اور بعض ایسے کثیف اور مکدّر اور پُرغبار اور دود آمیز جیسے ہوتے ہیں کہ صاف طور پر ان میں شکل نظر نہیں آتی بلکہ بعض ایسے بگڑے ہوئے ہوتے ہیں کہ اگر مثلاً ان میں دونوں لب نظر آویں تو ناک دکھائی نہیں دیتا اور اگر ناک نظر آ گیا تو آنکھیں نظر نہیں آتیں۔ سو یہی حالت دلوں کے آئینہ کی ہے جو نہایت درجہ کا مصفّٰی دل ہے اس میں مصفا طور پر انعکاس ہوتا ہے اور جو کسی قدر مکدر ہے اس میں اسی قدر مکدر دکھائی دیتا ہے اور اکمل اور اتم طور پر یہ صفائی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو حاصل ہے ایسی صفائی کسی دوسرے دل کو ہرگز حاصل نہیں۔

﴿۷۳﴾ اس جگہ اس نکتہ کا بیان کرنا بھی ضروری ہے کہ خدائے تعالیٰ جو علت العلل ہے جس کے وجود کے ساتھ تمام وجودوں کا سلسلہ وابستہ ہے جب وہ کبھی مربیانہ یا قاہرانہ طور پر کوئی جنبش اور حرکت ارادی کسی امر کے پیدا کرنے کے لئے کرتا ہے تو وہ حرکت اگر اتم اور

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ''تک'' زائد ہے ''مرتبہ پر'' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اکمل طور پر ہو تو جمیع موجودات کی حرکت کو مستلزم ہوتی ہے اور اگر بعض شیون کے لحاظ سے یعنی جزئی حرکت ہو تو اسی کے موافق عالم کے بعض اجزاء میں حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ خدائے عزوجل کے ساتھ اس کی تمام مخلوقات اور جمیع عالموں کا جو علاقہ ہے وہ اس علاقہ سے مشابہ ہے جو جسم کو جان سے ہوتا ہے اور جیسے جسم کے تمام اعضاء روح کے ارادوں کے تابع ہوتے ہیں اور جس طرف روح جھکتی ہے اسی طرف وہ جھک جاتے ہیں یہی نسبت خدائے تعالیٰ اور اس کی مخلوقات میں پائی جاتی ہے۔ اگرچہ میں صاحب فصوص کی طرح حضرت واجب الوجود کی نسبت یہ تو نہیں کہتا کہ **خلق الاشیاء و ھو عینھا** مگر یہ ضرور کہتا ہوں کہ **خلق الاشیاء و ھو کعینھا۔ ھذا العالم کصرح ممرّد من قواریرٍ و ماء الطاقت العظمٰی یجری تحتھا و یفعل ما یرید یخیّل فی عیون قاصرۃ کانھا ھو یحسبون الشمس والقمر والنجوم مؤثراتٍ بذاتھا ولا مؤثر الّا ھو۔** ﴿۴۷﴾

حکیم مطلق نے میرے پر یہ راز سربستہ کھول دیا ہے کہ یہ تمام عالم معہ اپنے جمیع اجزاء کے اس علت العلل کے کاموں اور ارادوں کی انجام دہی کے لئے سچ مچ اس کے اعضاء کی طرح واقع ہے جو خود بخود قائم نہیں بلکہ ہر وقت اس روح اعظم سے قوت پاتا ہے جیسے جسم کی تمام قوتیں جان کی طفیل سے ہی ہوتی ہیں اور یہ عالم جو اس وجود اعظم کے لئے قائم مقام اعضاء کا ہے بعض چیزیں اُس میں ایسی ہیں کہ گویا اُس کے چہرہ کا نور ہیں جو ظاہری یا باطنی طور پر اس کے ارادوں کے موافق روشنی کا کام دیتی ہیں اور بعض ایسی چیزیں ہیں کہ گویا اس کے ہاتھ ہیں اور بعض ایسی ہیں کہ گویا اس کے پیر ہیں اور بعض اس کے سانس کی طرح ہیں۔ غرض یہ مجموعہ عالم خدائے تعالیٰ کے لئے بطور ایک اندام کے واقعہ ہے اور تمام آب و تاب اس اندام کی اور ساری زندگی اس کی اُسی روح اعظم سے ہے جو اُس کی قیوم ہے اور جو کچھ اس قیوم کی ذات میں ارادی حرکت

پیدا ہوتی ہے وہی حرکت اس اندام کے کل اعضا یا بعض میں جیسا کہ اس قیوم کی ذات کا تقاضا ہو پیدا ہو جاتی ہے۔

اس بیان مذکورہ بالا کی تصویر دکھلانے کے لئے تخیّلی طور پر ہم فرض کر سکتے ہیں کہ قیّوم العالمین ایک ایسا وجود اعظم ہے جس کے بے شمار ہاتھ بے شمار پیر اور ہر یک عضو اس کثرت سے ہے کہ تعداد سے خارج اور لا انتہا عرض اور طول رکھتا ہے اور تندوے کی طرح اس وجود اعظم کی تاریں بھی ہیں جو صفحۂ ہستی کے تمام کناروں تک پھیل رہی ہیں اور کشش کا کام دے رہی ہیں۔ یہ وہی اعضا ہیں جن کا دوسرے لفظوں میں عالم نام ہے جب قیوم عالم کوئی حرکت جزوی یا کلی کرے گا تو اس کی حرکت کے ساتھ اس کے اعضا میں حرکت پیدا ہو جانا ایک لازمی امر ہوگا اور وہ اپنے تمام ارادوں کو انہیں اعضا کے ذریعہ سے ظہور میں لائے گا نہ کسی اور طرح سے پس یہی ایک عام فہم مثال اسؔ روحانی امر کی ہے کہ جو کہا گیا ہے کہ مخلوقات ﴿۷۶﴾ کی ہر یک جز وخدائے تعالیٰ کے ارادوں کی تابع اور اس کے مقاصد مخفیہ کو اپنے خادمانہ چہرہ میں ظاہر کر رہی ہے اور کمال درجہ کی اطاعت سے اس کے ارادوں کی راہ میں محو ہو رہی ہے اور یہ اطاعت اس قسم کی ہرگز نہیں ہے جس کی صرف حکومت اور زبردستی پر بنا ہو بلکہ ہر یک چیز کو خدائے تعالیٰ کی طرف ایک مقناطیسی کشش پائی جاتی ہے اور ہر یک ذرہ ایسا بالطبع اس کی طرف جھکا ہوا معلوم ہوتا ہے جیسے ایک وجود کے متفرق اعضا اس وجود کی طرف جھکے ہوئے ہوتے ہیں۔ پس درحقیقت یہی سچ ہے اور بالکل سچ کہ یہ تمام عالم اس وجود اعظم کے لئے بطور اعضا کے واقعہ ہے اور اسی وجہ سے وہ **قیوم العٰلمین** کہلاتا ہے کیونکہ جیسی جان اپنے بدن کی قیوم ہوتی ہے ایسا ہی وہ تمام مخلوقات کا قیوم ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو نظام عالم کا بالکل بگڑ جاتا۔

ہر یک ارادہ اس قیوم کا خواہ وہ ظاہری ہے یا باطنی دینی ہے یا دنیوی اسی

﴿۷۷﴾ مخلوقات کے توسط سے ظہور پذیر ہوتا ہے اور کوئی ایسا ارادہ نہیں کہ بغیر ان وسائط کے زمین پر ظاہر ہوتا ہو۔ یہی قدیمی قانون قدرت ہے کہ جو ابتدا سے بندھا ہوا چلا آتا ہے مگر ان لوگوں کی سمجھ پر سخت تعجب ہے کہ وہ ظاہری بارش ہونے کے لئے جو بادلوں کے ذریعہ سے زمین پر ہوتی ہے بخارات مائیہ کا توسط ضروری خیال کرتے ہیں اور خودبخود قدرت سے بغیر بادل کے بارش ہو جانا محال سمجھتے ہیں لیکن الہام کی بارش کے لئے جو صاف دلوں پر ہوتی ہے ملائک کے بادلوں کا توسط جو عندالشرع ضروری ہے اُس پر جہالت کی نظر سے ہنستے ہیں اور کہتے ہیں کہ کیا خدائے تعالیٰ بغیر ملائک کے توسط کے خودبخود الہام نہیں کرسکتا تھا۔ وہ اس بات کے قائل ہیں کہ بغیر توسط ہوا کے آواز سن لینا خلاف قانون قدرت ہے مگر وہ ہوا جو روحانی طور پر خدائے تعالیٰ کی آواز کو ملہموں کے دلوں تک پہنچاتی ہے اس قانون قدرت سے غافل ہیں۔ وہ اس بات کو مانتے ہیں کہ ظاہری آنکھوں کی بصارت کے لئے آفتاب کی روشنی کی ضرورت ہے مگر وہ روحانی آنکھوں کے لئے کسی آسمانی روشنی کی ضرورت یقین نہیں رکھتے۔ ﴿۷۸﴾

اب جبکہ یہ قانون الٰہی معلوم ہو چکا کہ یہ عالم اپنے جمیع قویٰ ظاہری و باطنی کے ساتھ حضرت واجب الوجود کے لئے بطور اعضا کے واقعہ ہے اور ہر یک چیز اپنے اپنے محل اور موقعہ پر اعضا ہی کا کام دے رہی ہے اور ہر یک ارادہ خدائے تعالیٰ کا انہیں اعضا کے ذریعہ سے ظہور میں آتا ہے۔ کوئی ارادہ بغیر ان کے توسط کے ظہور میں نہیں آتا۔ تو اب جاننا چاہیے کہ خدائے تعالیٰ کی وحی میں جو پاک دلوں پر نازل ہوتی ہے جبریل کا تعلق جو شریعت اسلام میں ایک ضروری مسئلہ سمجھا گیا اور قبول کیا گیا ہے یہ تعلق بھی اسی فلسفہ حقّہ پر ہی مبنی ہے جس کا ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ حسب قانون قدرت مذکورہ بالا یہ امر ضروری ہے کہ وحی کے القا یا ملکہ وحی کے عطا کرنے کے لئے بھی کوئی مخلوق خدائے تعالیٰ کے الہامی اور روحانی ارادہ کو بمنصہ ظہور

لانے کے لئے ایک عضو کی طرح بن کر خدمت بجا لاوے جیسا کہ جسمانی ارادوں کے پورا
کرنے کے لئے بجا لا رہے ہیں سو وہ وہی عضو ہے جس کو دوسرے لفظوں میں **جبریل** کے نام ﴿۷۹﴾
سے موسوم کیا جاتا ہے جو بہ تبعیت حرکت اس وجود اعظم کے سچ مچ ایک عضو کی طرح بلا توقف
حرکت میں آجاتا ہے یعنی جب خدائے تعالیٰ محبت کرنے والے دل کی طرف محبت کے ساتھ
رجوع کرتا ہے تو حسب قاعدہ مذکورہ بالا جس کا ابھی بیان ہو چکا ہے جبریل کو بھی جو سانس کی
ہوا یا آنکھ کے نور کی طرح خدائے تعالیٰ سے نسبت رکھتا ہے اُس طرف ساتھ ہی حرکت کرنی
پڑتی ہے یا یوں کہو کہ خدائے تعالیٰ کی جنبش کے ساتھ ہی وہ بھی بلا اختیار و بلا ارادہ اسی طور
سے جنبش میں آجاتا ہے کہ جیسا اصل کی جنبش سے سایہ کا ہلنا طبعی طور پر ضروری امر ہے۔
پس جب جبریلی نور خدائے تعالیٰ کی کشش اور تحریک اور نفخہ نورانیہ سے جنبش میں آجاتا ہے
تو معاً اس کی ایک عکسی تصویر جس کو روح القدس کے ہی نام سے موسوم کرنا چاہیے محبت، صادق
کے دل میں منقش ہو جاتی ہے اور اس کی محبت صادقہ کا ایک عرض لازم ٹھہر جاتی ہے تب یہ
قوت خدائے تعالیٰ کی آواز سننے کے لئے کان کا فائدہ بخشتی ہے اور اس کے عجائبات کے ﴿۸۰﴾
دیکھنے کے لئے آنکھوں کی قائم مقام ہو جاتی ہے اور اس کے الہامات زبان پر جاری
ہونے کے لئے ایک ایسی محرک حرارت کا کام دیتی ہے جو زبان کے پہیہ کو زور کے ساتھ
الہامی خط پر چلاتی ہے اور جب تک یہ قوت پیدا نہ ہو اس وقت تک انسان کا دل اندھے کی
طرح ہوتا ہے اور زبان اس ریل کی گاڑی کی طرح ہوتی ہے جو چلنے والے انجن سے الگ پڑی
ہو لیکن یاد رہے کہ یہ قوت جو روح القدس سے موسوم ہے ہر یک دل میں یکساں اور برابر
پیدا نہیں ہوتی بلکہ جیسے انسان کی محبت کامل یا ناقص طور پر ہوتی ہے اسی اندازہ کے موافق
یہ جبریلی نور اس پر اثر ڈالتا ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ یہ روح القدس کی قوت جو دونوں محبتوں کے ملنے سے

انسان کے دل میں جبریلی نور کے پرتوہ سے پیدا ہو جاتی ہے اس کے وجود کے لئے یہ امر لازم نہیں کہ ہر وقت انسان خدائے تعالیٰ کا پاک کلام سنتا ہی رہے یا کشفی طور پر کچھ دیکھتا ہی رہے بلکہ یہ تو انوار سماویہ کے پانے کے لئے اسباب قریبہ کی طرح ہے یا یوں کہو کہ یہ ایک ﴿۸۱﴾
روحانی روشنی روحانی آنکھوں کے دیکھنے کے لئے یا ایک روحانی ہوا روحانی کانوں تک آواز پہنچانے کے لئے منجانب اللہ ہے اور ظاہر ہے کہ جب تک کوئی چیز سامنے موجود نہ ہو مجرد روشنی کچھ دکھا نہیں سکتی۔ اور جب تک متکلّم کے منہ سے کلام نہ نکلے مجرد ہوا کانوں تک کوئی خبر نہیں پہنچا سکتی۔ سو یہ روشنی یا یہ ہوا روحانی حواس کے لئے محض ایک آسمانی مؤید عطا کیا جاتا ہے جیسے ظاہری آنکھوں کے لئے آفتاب کی روشنی اور ظاہری کانوں کے لئے ہوا کا ذریعہ مقرر کیا گیا ہے اور جب باری تعالیٰ کا ارادہ اس طرف متوجہ ہوتا ہے کہ اپنا کلام اپنے کسی ملہم کے دل تک پہنچاوے تو اس کی اس متکلمانہ حرکت سے معاً جبریلی نور میں القا کے لئے ایک روشنی کی موج یا ہوا کی موج یا ملہم کی تحریک لسان کے لئے ایک حرارت کی موج پیدا ہو جاتی ہے اور اس تموّج یا اس حرارت سے بلا توقف وہ کلام ملہم کی آنکھوں کے سامنے لکھا ہوا دکھائی دیتا ہے یا کانوں تک اس کی آواز پہنچتی ہے یا زبان پر وہ الہامی الفاظ جاری ہوتے ہیں اور ﴿۸۲﴾
روحانی حواس اور روحانی روشنی جو قبل از الہام ایک قوت کی طرح ملتی ہے۔ یہ دونوں قوتیں اس لئے عطا کی جاتی ہیں کہ تا قبل از نزول الہام، الہام کے قبول کرنے کی استعداد پیدا ہو جائے کیونکہ اگر الہام ایسی حالت میں نازل کیا جاتا کہ ملہم کا دل حواس روحانی سے محروم ہوتا یا روح القدس کی روشنی دل کی آنکھ کو پہنچی نہ ہوتی تو وہ الہام الٰہی کو کن آنکھوں کی پاک روشنی سے دیکھ سکتا۔ سو اسی ضرورت کی وجہ سے یہ دونوں پہلے ہی سے ملہمین کو عطا کی گئیں اور اس تحقیق سے یہ بھی ناظرین سمجھ لیں گے کہ وحی کے متعلق جبریل کے تین کام ہیں۔

**اوّل** یہ کہ جب رِحم میں ایسے شخص کے وجود کے لئے نطفہ پڑتا ہے جس کی فطرت کو اللہ جلّشانہٗ اپنی رحمانیت کے تقاضا سے جس میں انسان کے عمل کو کچھ دخل نہیں ملہمانہ فطرت بنانا چاہتا ہے تو اس پر اسی نطفہ ہونے کی حالت میں جبریلی نور کا سایہ ڈال دیتا ہے تب ایسے شخص کی فطرت منجانب اللہ الہامی خاصیت پیدا کر لیتی ہے اور الہامی حواس اس کو مل جاتے ہیں۔ ﴿۸۵﴾

پھر **دوسرا کام** جبریل کا یہ ہے کہ جب بندہ کی محبت خدائے تعالیٰ کی محبت کے زیر سایہ آپڑتی ہے تو خدائے تعالیٰ کی مربیانہ حرکت کی وجہ سے جبریلی نور میں بھی ایک حرکت پیدا ہو کر محبّ صادق کے دل پر وہ نور جا پڑتا ہے یعنی اس نور کا عکس محبّ صادق کے دل پر پڑ کر ایک عکسی تصویر جبریل کی اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ جو ایک روشنی یا ہوا یا گرمی کا کام دیتی ہے اور بطور ملکہ الہامیہ کے ملہم کے اندر رہتی ہے۔ ایک سرا اس کا جبریل کے نور میں غرق ہوتا ہے اور دوسرا ملہم کے دل کے اندر داخل ہو جاتا ہے جس کو دوسرے لفظوں میں روح القدس یا اس کی تصویر کہہ سکتے ہیں۔

**تیسرا کام** جبریل کا یہ ہے کہ جب خدائے تعالیٰ کی طرف سے کسی کلام کا ظہور ہو تو ہوا کی طرح موج میں آکر اس کلام کو دل کے کانوں تک پہنچا دیتا ہے یا روشنی کے پیرایہ میں افروختہ ہو کر اس کو نظر کے سامنے کر دیتا ہے یا حرارت محرکہ کے پیرایہ میں تیزی پیدا کر کے زبان کو الہامی الفاظ کی طرف چلاتا ہے۔

اس جگہ میں ان لوگوں کا وہم بھی دور کرنا چاہتا ہوں جو ان شکوک اور شبہات میں مبتلا ہیں جو اولیاء اور انبیاء کے الہامات اور مکاشفات کو دوسرے لوگوں کی نسبت کیا خصوصیت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اگر نبیوں اور ولیوں پر امور غیبیہ کھلتے ہیں تو دوسرے لوگوں پر بھی کبھی کبھی کھل جاتے ہیں بلکہ بعض فاسقوں اور غایت درجہ کے ﴿۸۶﴾

بدکاروں کو بھی سچی خوابیں آجاتی ہیں اور بعض پرلے درجہ کے بدمعاش اور شریر آدمی اپنے ایسے مکاشفات بیان کیا کرتے ہیں کہ آخر وہ سچے نکلتے ہیں۔ پس جبکہ ان لوگوں کے ساتھ جو اپنے تئیں نبی یا کسی اور خاص درجہ کے آدمی تصور کرتے ہیں ایسے ایسے بدچلن آدمی بھی شریک ہیں جو بدچلنیوں اور بدمعاشیوں میں چھٹے ہوئے اور شہرہ آفاق ہیں تو نبیوں اور ولیوں کی کیا فضیلت باقی رہی۔ سو میں اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ درحقیقت یہ سوال جس قدر اپنی اصل کیفیت رکھتا ہے وہ سب درست اور صحیح ہے اور جبریلی نور کا چھیالیسواں[۴۶] حصہ تمام جہان میں پھیلا ہوا ہے جس سے کوئی فاسق اور فاجر اور پرلے درجہ کا بدکار بھی باہر نہیں۔ بلکہ میں ﴿۸۵﴾
یہاں تک مانتا ہوں کہ تجربہ میں آچکا ہے کہ بعض اوقات ایک نہایت درجہ کی فاسقہ عورت جو کنجریوں کے گروہ میں سے ہے جس کی تمام جوانی بدکاری میں ہی گزری ہے کبھی سچی خواب دیکھ لیتی ہے۔ اور زیادہ تر تعجب یہ ہے کہ ایسی عورت کبھی ایسی رات میں بھی کہ جب وہ بادہ بسر و آشنا ببر کا مصداق ہوتی ہے کوئی خواب دیکھ لیتی ہے اور وہ سچی نکلتی ہے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ ایسا ہی ہونا چاہیے تھا کیونکہ جبریلی نور آفتاب کی طرح جو اس کا ہیڈ کوارٹر ہے تمام معمورہ عالم پر حسب استعداد ان کی اثر ڈال رہا ہے اور کوئی نفس بشر دنیا میں ایسا نہیں کہ بالکل تاریک ہو کم سے کم ایک ذرہ سی محبت وطن اصلی اور محبوب اصلی کی ادنیٰ سے ادنیٰ سرشت میں بھی ہے۔ اس صورت میں نہایت ضروری تھا کہ تمام بنی آدم پر یہاں تک کہ ان کے مجانین پر بھی کسی قدر جبریل کا اثر ہوتا اور فی الواقعہ ہے بھی کیونکہ مجانین بھی جن کو عوام الناس مجذوب کہتے ہیں اپنے بعض حالات میں بوجہ اپنے ایک طور کے انقطاع کے جبریلی نور ﴿۸۶﴾
کے نیچے جا پڑتے ہیں تو کچھ کچھ ان کی باطنی آنکھوں پر اس نور کی روشنی پڑتی ہے جس سے وہ خدائے تعالیٰ کے تصرفات خفیہ کو کچھ کچھ دیکھنے لگتی ہے مگر ایسی خوابوں یا ایسے مکاشفات

سے نبوت اور ولایت کو کچھ صدمہ نہیں پہنچتا اور ان کی شان بلند میں کچھ بھی فرق نہیں آتا اور کوئی التباس حیران کرنے والا واقعہ نہیں ہوتا کیونکہ درمیان میں ایک ایسا فرق بیّن ہے کہ جو بدیہی طور پر ہر یک سلیم العقل سمجھ سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ خواص اور عام کی خوابیں اور مکاشفات اپنی کیفیت اور کمیت اتصالی وانفصالی میں ہرگز برابر نہیں ہیں۔ جو لوگ خدائے تعالیٰ کے خاص بندے ہیں وہ خارق عادت کے طور پر نعمت غیبی کا حصہ لیتے ہیں۔ دنیا اُن نعمتوں میں جو انہیں عطا کی جاتی ہیں صرف ایسے طور کی شریک ہے جیسے شاہ وقت کے خزانہ کے ساتھ ایک گدا دریوزہ گر ایک درم کے حاصل رکھنے کی وجہ سے شریک خیال کیا جائے لیکن ظاہر ہے کہ اس ادنیٰ مشارکت کی وجہ سے نہ بادشاہ کی شان میں کچھ شکست آسکتی ہے اور نہ اس گدا کی کچھ شان بڑھ سکتی ہے اور اگر ذرہ غور کر کے دیکھو تو یہ ذرّہ مثال مشارکت ایک کرم شب تاب بھی جس کو پٹ بیجنا یا جگنو بھی کہتے ہیں آفتاب کے ساتھ رکھتا ہے تو کیا وہ اس مشارکت کی وجہ سے آفتاب کی عزت میں سے کوئی حصہ لے سکتا ہے۔ سو جاننا چاہیے کہ درحقیقت تمام فضیلتیں باعتبار اعلیٰ درجہ کے کمال کے جو کمیت اور کیفیت کی رو سے حاصل ہو پیدا ہوتی ہیں یہ نہیں کہ ایک حرف کی شناخت سے ایک شخص ایک فاضل اجل کا ہم پایہ ہو جائے گا یا اتفاقاً ایک مصرعہ بن جانے سے بڑے شاعروں کا ہم پلہ کہلائے گا۔ ذرہ مثال شراکت سے کوئی نوع حکمت یا حکومت کی خالی نہیں۔ اگر ایک بادشاہ سارے جہان کی حکومت کرتا ہے تو ایسا ہی ایک مزدور آدمی اپنی جھونپڑی میں اپنے بچوں اور اپنی بیوی پر حاکم ہے۔ رہی یہ بات کہ خدائے تعالیٰ نے نیک بختوں اور بد بختوں میں مشارکت کیوں رکھی اور تخم کے طور پر غافلین کے گروہ کو نعمت غیبی کا کیوں حصہ دیا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ الزام اور اتمام حجت کے لئے تا اس تخمی شراکت کی وجہ سے

﴿۸۷﴾

ہر یک منکر کاملوں کی حالت کا گواہ ہو جائے کیونکہ جب کہ وہ اپنے چھوٹے سے دائرہ استعداد میں کچھ نمونہ ان باتوں کا دیکھتا ہے جو ان کاملوں کی زبان سے سنتا ہے پس اس تھوڑی سی جھلک کی وجہ سے اسکے لئے یہ ممکن نہیں کہ اپنے سچے دل سے ان الہامی اُمور کو ﴿۸۸﴾ بکلّی غیر ممکن سمجھے۔ سو وہ اس روحانی خاصیت کا ایک ذرا سا نمونہ اپنے اندر رکھنے کی وجہ سے خدائے تعالیٰ کے الزام کے نیچے ہے جس کے رو سے بحالت انکار وہ پکڑا جائے گا۔ جیسا کہ آجکل کے آریہ خیال کر رہے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے چاروں ویدوں کو نازل کر کے پھر یکلخت ہمیشہ کے لئے الہامات کی صف کو لپیٹ دیا ہے مگر خدائے تعالیٰ کا قانونِ قدرت انہیں ملزم کرتا ہے جبکہ وہ بچشم خود دیکھتے ہیں کہ یہ سلسلہ انکشافات غیبیہ کا اب تک جاری ہے اور انمیں سے فاسق آدمی بھی کبھی کبھی سچی خوابیں دیکھ لیتے ہیں۔ پس ظاہر ہے کہ وہ خدا جس نے اپنا روحانی فیض نازل کرنے سے اس زمانہ کے فاسقوں اور دنیا پرستوں کو بھی محروم نہیں رکھا اور ان پر بھی باوجود فقدان کامل مناسبت کے کبھی کبھی رشحاتِ فیض نازل کرتا ہے تو اپنے نیک بندوں پر جو اس کی مرضی پر چلیں اور اکمل اور اتم طور پر اس سے مناسبت رکھیں کیا کچھ نازل کرتا نہیں ہوگا اور ایک بھید اس تخمی مشارکت میں یہ ہے کہ تا ہر یک شخص گو وہ کیسا ہی فاسق بدکار یا کافر خونخوار ہو اس مشارکت پر غور کرنے سے سمجھ لیوے کہ خدائے تعالیٰ نے

اُسے ہلاک کرنے کے لئے پیدا نہیں کیا بلکہ اُس نے اُس کے اندر ایک ترقی کی راہ رکھی ہے اور اس کو بھی تخم کے طور پر ایک نمود دیا ہے جس میں وہ آگے قدم بڑھا سکتا ہے اور وہ فطرتاً خدائے تعالیٰ کے خوان نعمت سے محروم نہیں ہیں۔ ہاں اگر آپ بے راہی اختیار کر کے اس نور کو جو اس کے اندر رکھا گیا ہے غیر مستعمل چھوڑ کر آپ محروم بن جائے اور ان طبعی طریقوں کو جو نجات پانے کے طریق ہیں دیدہ و دانستہ چھوڑ دیوے تو یہ خود اس کا ساختہ پرداختہ ہے جس کا بدنتیجہ اسے بھگتنا پڑے گا۔

# یاددہانی

جو کچھ ہم نے رسالہ فتح اسلام میں الٰہی کارخانہ کے بارہ میں جو خداوند عزوجل کی طرف سے ہمارے سپرد ہوا ہے پانچ شاخوں کا ذکر کر کے دینی مخلصوں اور اسلامی ہمدردوں کی ضرورت امداد کے لئے لکھا ہے اسکی طرف ہمارے بااخلاص اور پُرجوش بھائیوں کو بہت جلد توجہ کرنی چاہیے کہ تا یہ سب کام باحسن طریق شروع ہو جائیں۔

الراقم

مرزا غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور

# اطلاع بخدمت علماء اسلام

جو کچھ اس عاجز نے مثیل مسیح کے بارے میں لکھا ہے یہ مضمون متفرق طور پر تین رسالوں میں درج ہے یعنی فتح اسلام اور توضیح مرام اور ازالہ اوہام میں۔ پس مناسب ہے کہ جب تک کوئی صاحب ان تینوں رسالوں کو غور سے نہ دیکھ لیں تب تک کسی مخالفانہ رائے ظاہر کرنے کے لئے جلدی نہ کریں۔

والسلام علٰی من اتبع الھدیٰ

الراقم

**خاکسار مرزا غلام احمد**

ٹائیٹل بار اوّل

حصہ اول

دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اسے قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دیگا

# ازالہ اوہام

فیہ باس شدید و منافع للناس

الحمد و المنت کہ بماہ مبارک ذی الحجہ ۱۳۰۸ھ کتاب جامع معارف قرآنی و شارح اسرار کلام ربانی از تالیفات مرسل یزدانی و مامور رحمانی حضرت جناب میرزا غلام احمد صاحب قادیانی

باہتمام و سعی شیخ نور احمد مالک مطبع ریاض ہند مطبوع گردید

تعداد ۷۰۰

قیمت فی جلد ۸/

# اے شک کرنے والو!
# آسمانی فیصلہ کی طرف آجاؤ

اے بزرگو! اے مولویو! اے قوم کے منتخب لوگو! خدا تعالیٰ آپ لوگوں کی آنکھیں کھولے غیظ اور غضب میں آکر حد سے مت بڑھو۔ میری اس کتاب کے دونوں حصوں کو غور سے پڑھو کہ ان میں نور اور ہدایت ہے۔ خدائے تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی زبانوں کو تکفیر سے تھام لو۔ خدائے تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ میں ایک مسلمان ہوں۔ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ و ملٰئکتِہٖ و کُتُبِہٖ و رُسُلِہٖ و البعث بعدالموت و اشھد ان لَّآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شریک لہ و اشھد ان محمّدًاعبدہٗ ورسولہ فاتقوا اللہ ولا تقولوا لست مُسلما و اتقواالملک الذی الیہ ترجعون.

اور اگر اب بھی اس کتاب کے پڑھنے کے بعد شک ہے تو آؤ آزمالو خدا کس کے ساتھ ہے۔ اے میرے مخالف الرائے مولویو اور صوفیو! اور سجادہ نشینو!!! جو مُکفِّر اور مُکذِّب ہو مجھے یقین دلایا گیا ہے کہ اگر آپ لوگ مل جل کر یا ایک ایک آپ میں سے اُن آسمانی نشانوں میں میرا مقابلہ کرنا چاہیں جو اولیاء الرحمٰن کے لازم حال ہوا کرتے ہیں تو خدائے تعالیٰ تمہیں شرمندہ کرے گا اور تمہارے پردوں کو پھاڑ دے گا اور اس وقت تم دیکھو گے کہ وہ میرے ساتھ ہے۔ کیا کوئی تم میں ہے؟ کہ اس آزمائش کے لئے میدان میں آوے اور عام اعلان اخباروں کے ذریعہ سے دے کر ان تعلقات قبولیت میں جو میرا رب میرے ساتھ رکھتا ہے اپنے تعلقات کا موازنہ کرے یاد رکھو کہ خدا صادقوں کا مددگار ہے وہ اسی کی مدد کرے گا جس کو وہ سچا جانتا ہے چالاکیوں سے باز آجاؤ کہ وہ نزدیک ہے۔ کیا تم اس سے لڑو گے؟ کیا کوئی متکبرانہ اچھلنے سے درحقیقت اونچا ہوسکتا ہے کیا صرف زبان کی تیزیوں سے سچائی کو کاٹ دو گے اس ذات سے ڈرو جس کا غضب سب غضبوں سے بڑھ کر ہے اِنَّہٗ مَنْ یَّاْتِ رَبَّہٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَہٗ جَھَنَّمَ لَا یَمُوْتُ فِیْھَا وَلَا یَحْیٰی [1]

النَّــــــاصــــح

خاکسار غلام احمد قادیانی از لودیانہ محلّہ اقبال گنج

بقلم خاکسار ذلیل ترین کافہ انام غلام محمد کاتب برائے نام (امرتسری)

[1] طٰہٰ: ۷۵

﴿۱﴾ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ و السلام علٰی قومٍ موجع سیما علٰی امام الاَصفیَاء وسیّد الانبیاء محمد ن المصطفیٰ واٰلہٖ واصحابہٖ اجمعین. اللّٰھم ارزقنا انوار اتباعه واعطنا ضوءه بجمیع انواعہٖ برحمتک علیه واشیاعہٖ

## اس سوال کا جواب کہ حضرت مسیح بن مریم نے مُردوں کو زندہ کیا اور اندھوں کو آنکھیں بخشیں بہروں کے کان کھولے ان تمام معجزات میں سے مثیل مسیح نے کیا دکھایا

اس جگہ اوّل تو یہ جواب کافی ہے کہ جس مسیح کے مسلمان لوگ منتظر ہیں اس کی نسبت ہرگز احادیث میں یہ نہیں لکھا کہ اس کے ہاتھ سے مردے زندہ ہوں گے بلکہ یہ لکھا ہے کہ اس کے دم سے زندے مریں گے۔ علاوہ اس کے خدائے تعالیٰ نے اسی غرض سے اِس عاجز کو بھیجا ہے کہ ﴿۲﴾ تا روحانی طور پر مردے زندہ کئے جائیں بہروں کے کان کھولے جائیں اور مجذوموں کو صاف کیا جائے اور وہ جو قبروں میں ہیں باہر نکالے جائیں اور نیز یہ بھی وجہ مماثلت ہے کہ جیسے مسیح بن مریم نے انجیل میں توریت کا صحیح خلاصہ اور مغز اصلی پیش کیا تھا اسی کام کے لئے یہ عاجز مامور ہے تا غافلوں کے سمجھانے کے لئے قرآن شریف کی اصلی تعلیم پیش کی جائے مسیح صرف اسی کام کے لئے آیا تھا کہ توریت کے احکام شدومد کے ساتھ ظاہر کرے ایسا ہی یہ عاجز بھی اسی کام کے لئے بھیجا گیا ہے کہ تا قرآن شریف کے احکام بہ وضاحت بیان کر دیوے فرق صرف اتنا ہے کہ وہ مسیح موسیٰ کو دیا گیا تھا اور یہ مسیح مثیل موسیٰ کو عطا کیا گیا سو یہ تمام مشابہت

تو ثابت ہے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے مگر جو شخص
میرے ہاتھ سے جام پیئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔ وہ زندگی بخش باتیں
جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے ﴿۳﴾
تو سمجھو کہ میں خدائے تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا لیکن اگر یہ حکمت اور معرفت جو مُردہ دلوں
کے لئے آب حیات کا حکم رکھتی ہے دوسری جگہ سے نہیں مل سکتی تو تمہارے پاس اس جرم کا کوئی
عذر نہیں کہ تم نے اُس کے سرچشمہ سے انکار کیا جو آسمان پر کھولا گیا زمین پر اس کو کوئی بند نہیں کر
سکتا سو تم مقابلہ کے لئے جلدی نہ کرو اور دیدہ ودانستہ اس الزام کے نیچے اپنے تئیں داخل نہ کرو
جو خدائے تعالیٰ فرماتا ہے لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ
وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا[1] بدظنی اور بدگمانی میں حد سے زیادہ مت بڑھو
ایسا نہ ہو کہ تم اپنی باتوں سے پکڑے جاؤ اور پھر اس دکھ کے مقام میں تمہیں یہ کہنا پڑے کہ
مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ[2]

آں نہ دانائی بود کز نا شکیبائی نفس — خویشتن را زود تر بر ضد و انکار آورد
صبر بائد طالب حق را کہ تخم اندر جہاں — ہر چہ پنہاں خاصیت دارد ہماں بار آورد
اند کے نور فراست باید ایں جامرد را — تا صداقت خویشتن راخود باظہار آورد ﴿۴﴾
صادقاں را صدق پنہانی نمے ماند نہاں — نور پنہاں برجبیں مرد انوار آورد
ہر کہ از دست کسے خورد است کاسات وصال — ہرزمان رویش سرورِ واصل یار آورد

اے مسلمانوں! اگر تم سچے دل سے حضرت خداوند تعالیٰ اور اس کے مقدس رسول علیہ السلام
پر ایمان رکھتے ہو اور نصرت الٰہی کے منتظر ہو تو یقیناً سمجھو کہ نصرت کا وقت آ گیا اور یہ
کاروبار انسان کی طرف سے نہیں اور نہ کسی انسانی منصوبہ نے اس کی بنا ڈالی بلکہ یہ وہی صبح
صادق ظہور پذیر ہوگئی ہے جس کی پاک نوشتوں میں پہلے سے خبر دی گئی تھی خدائے تعالیٰ نے
بڑی ضرورت کے وقت تمہیں یاد کیا قریب تھا کہ تم کسی مہلک گڑھے میں جا پڑتے مگر اُس کے

[1] بنی اسرائیل:۳۷ [2] ص:۶۳

با شفقت ہاتھ نے جلدی سے تمہیں اٹھالیا سوشکر کرو اور خوشی سے اُچھلو جو آج تمہاری تازگی کا دن آگیا۔ خدائے تعالیٰ اپنے دین کے باغ کو جس کی راستبازوں کے خونوں سے آبپاشی ہوئی تھی کبھی ضائع کرنا نہیں چاہتا وہ ہرگز یہ نہیں چاہتا کہ غیر قوموں کے مذاہب کی طرح اسلام بھی ﴿۵﴾ ایک پرانے قصوں کا ذخیرہ ہو جس میں موجودہ برکت کچھ بھی نہ ہو وہ ظلمت کے کامل غلبہ کے وقت اپنی طرف سے نور پہنچتا☆ ہے کیا اندھیری رات کے بعد نئے چاند کے چڑھنے کے انتظار نہیں ہوتے کیا تم سلخ کی رات کو جو ظلمت کی آخری رات ہے دیکھ کر حکم نہیں کرتے کہ کل نیا چاند نکلنے والا ہے۔ افسوس کہ تم اس دنیا کے ظاہری قانون قدرت کو تو خوب سمجھتے ہو مگر اس روحانی قانون فطرت سے جو اُسی کا ہم شکل ہے بکلی بے خبر ہو۔

اے نفسانی مولویو! اور خشک زاہدو! تم پر افسوس کہ تم آسمانی دروازوں کا کھلنا چاہتے ہی نہیں بلکہ چاہتے ہو کہ ہمیشہ بند ہی رہیں اور تم پیر مغاں بنے رہو اپنے دلوں پر نظر ڈالو اور اپنے اندر کو ٹٹولو کیا تمہاری زندگی دنیا پرستی سے منزہ ہے کیا تمہارے دلوں پر وہ زنگار نہیں جس کی وجہ سے تم ایک تاریکی میں پڑے ہو کیا تم اُن فقیہوں اور فریسیوں سے کچھ کم ہو جو حضرت مسیح کے وقت میں دن رات نفس پرستی میں لگے ہوئے تھے پھر کیا یہ سچ نہیں کہ تم مثیل مسیح کے لئے مسیحی ﴿۶﴾ مشابہت کا ایک گونہ سامان اپنے ہاتھ سے ہی پیش کر رہے ہو تا خدائے تعالیٰ کی حجت ہر یک طور سے تم پر وارد ہو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ایک کافر کا مومن ہو جانا تمہارے ایمان لانے سے زیادہ تر آسان ہے بہت سے لوگ مشرق اور مغرب سے آئیں گے اور اس خوانِ نعمت سے حصہ لیں گے لیکن تم اسی زنگ کی حالت میں ہی مرو گے کاش تم نے کچھ سوچا ہوتا۔

اور مشابہت کے لئے مسیح کی پہلی زندگی کے معجزات جو طلب کئے جاتے ہیں اس بارے میں ابھی بیان کر چکا ہوں کہ احیاء جسمانی کچھ چیز نہیں احیاء روحانی کے لئے یہ عاجز آیا ہے اور اُس کا ظہور ہو گا ماسوائے اس کے اگر مسیح کے اصلی کاموں کو اُن حواشی سے الگ کر کے دیکھا جائے جو محض افترا کے طور پر یا غلط فہمی کی وجہ سے گھڑے گئے ہیں تو کوئی اعجوبہ نظر

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' نور پہنچاتا ہے '' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

نہیں آتا بلکہ مسیح کے معجزات اور پیشگوئیوں پر جس قدر اعتراض اور شکوک پیدا ہوتے ہیں میں نہیں سمجھ سکتا کہ کسی اور نبی کے خوارق یا پیش خبریوں میں کبھی ایسے شبہات پیدا ہوئے ہوں کیا ﴿۷﴾ **تالاب کا قصہ مسیحی معجزات کی رونق دور نہیں کرتا**؟ اور پیشگوئیوں کا حال اس سے بھی زیادہ تر ابتر ہے کیا یہ بھی کچھ پیشگوئیاں ہیں کہ زلزلے آئیں گے مری پڑے گی لڑائیاں ہوں گی قحط پڑیں گے اوراس سے زیادہ تر قابل افسوس یہ امر ہے کہ جس قدر حضرت مسیح کی پیشگوئیاں غلط نکلیں اِس قدر صحیح نکل نہیں سکیں۔ اُنہوں نے یہودا اسکریوطی کو بہشت کے بارہ[۱۲] تختوں میں سے ایک تخت دیا تھا جس سے آخر وہ محروم رہ گیا اور پطرس کو نہ صرف تخت بلکہ آسمان کی کُنجیاں بھی دیدی تھیں اور بہشت کے دروازے کسی پر بند ہونے یا کھلنے اُسی کے اختیار میں رکھے تھے مگر پطرس جس آخری کلمہ کے ساتھ حضرت مسیح سے الوداع ہوا وہ یہ تھا کہ اس نے مسیح کے روبرو مسیح پر لعنت بھیج کر اور قسم کھا کر کہا کہ میں اس شخص کو نہیں جانتا۔ ایسی ہی اور بھی بہت سی پیشگوئیاں ﴿۸﴾ ہیں جو صحیح نہیں نکلیں مگر یہ بات الزام کے لائق نہیں کیونکہ امور اخباریہ کشفیہ میں اجتہادی غلطی انبیاء سے بھی ہو جاتی ہے۔ حضرت موسیٰ کی بعض پیشگوئیاں بھی اُس صورت پر ظہور پذیر نہیں ہوئیں جس صورت پر حضرت موسیٰ نے اپنے دل میں امید باندھ لی تھی غایت مافی الباب یہ ہے کہ حضرت مسیح کی پیشگوئیاں اَوروں سے زیادہ غلط نکلیں مگر یہ غلطی نفس الہام میں نہیں بلکہ سمجھ اور اجتہاد کی غلطی ہے چونکہ انسان تھے اور انسان کی رائے خطا اور صواب دونوں کی طرف جاسکتی ہے اس لئے اجتہادی طور پر یہ لغزشیں پیش آ گئیں۔

اِس مقام میں زیادہ تر تعجب یہ ہے کہ حضرت مسیح معجزہ نمائی سے صاف انکار کر کے کہتے ہیں کہ میں ہرگز کوئی معجزہ دکھا نہیں سکتا مگر پھر بھی عوام الناس ایک انبار معجزات کا ان کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ نہیں دیکھتے کہ وہ تو کھلے کھلے انکار کئے جاتے ہیں چنانچہ **ہیرودیس** کے سامنے حضرت مسیح جب پیش کئے گئے تو ہیرودیس مسیح کو دیکھ کر بہت خوش ہوا کیونکہ اسے اس کی کوئی کرامت دیکھنے کی اُمید تھی پر ہیرودیس نے ہر چند اِس بارہ میں مسیح سے ﴿۹﴾

بہت درخواست کی لیکن اس نے کچھ جواب نہ دیا تب ہیرودیس اپنے تمام مصاحبوں کے سمیت اس سے بے اعتقاد ہو گیا اور اسے ناچیز ٹھہرایا۔ دیکھو لوقا باب ۲۲۔

اب خیال کرنا چاہیے کہ اگر حضرت مسیح میں اقتداری طور پر جیسا کہ عیسائیوں کا خیال ہے معجزہ نمائی کی قوت ہوتی تو ضرور حضرت مسیح ہیرودیس کو جو ایک خوش اعتقاد آدمی اور ان کے وطن کا بادشاہ تھا کوئی معجزہ دکھاتے مگر وہ کچھ بھی دکھا نہ سکے بلکہ ایک مرتبہ فقیہوں اور فریسیوں نے جن کی قیصر کی گورنمنٹ میں بڑی عزت تھی حضرت مسیح سے معجزہ مانگا تو حضرت مسیح نے انہیں مخاطب کر کے پُر اشتعال اور پُر غضب الفاظ سے فرمایا کہ اس زمانہ کے
﴿۱۰﴾ بد اور حرام کار لوگ نشان ڈھونڈتے ہیں☆ پر یونس نبی کے نشان کے سوائے کوئی نشان انہیں دکھایا نہیں جائے گا۔ دیکھو متی باب ۱۲ آیت ۳۹۔ اور حضرت مسیح نے یونس نبی کے نشان کی طرف جو اشارہ فرمایا تو اس سے حضرت مسیح کا یہ مطلب تھا کہ یونس نبی مچھلی کے پیٹ میں
﴿۱۱﴾ ہلاک نہیں ہوا بلکہ زندہ رہا اور زندہ نکل آیا ایسا ہی میں بھی صلیب پر نہیں مروں گا اور نہ قبر میں مردہ داخل ہوں گا۔

---

﴿۹﴾ ☆ **حاشیہ:** اس جگہ حضرت مسیح کی تہذیب اور اخلاقی حالت پر ایک سخت اعتراض وارد ہوتا ہے کیونکہ متی باب ۲۳ آیت ۳ میں وہ فرماتے ہیں کہ فقیہ اور فریسی موسیٰ کی گدی پر بیٹھے ہوئے ہیں یعنی بڑے بزرگ ہیں اور انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ وہ لوگ
﴿۱۰﴾ یہودیوں کے مقتداء کہلاتے تھے اور قیصر کے دربار میں بڑی عزت کے ساتھ خاص رئیسوں میں بٹھائے جاتے تھے۔ پھر باوجود ان سب باتوں کے انہیں فقیہوں اور فریسیوں کو مخاطب کر کے حضرت مسیح نے نہایت غیر مہذب الفاظ استعمال کئے بلکہ تعجب تو یہ ہے کہ ان یہودیوں کے معزز بزرگوں نے نہایت نرم اور مؤدبانہ الفاظ سے سراسر انکساری کے طور پر حضرت مسیح کی خدمت میں یوں عرض کی کہ اے اُستاد ہم تم سے ایک نشان دیکھا چاہتے ہیں۔ اس کے جواب میں حضرت مسیح نے

## ہم اور ہمارے نکتہ چین

﴿۱۲﴾ **بعضے** صاحبوں نے نکتہ چینی کے طور پر اس عاجز کی عیب شماری کی ہے اور اگر چہ انسان عیب سے خالی نہیں اور حضرت مسیح کا یہ کہنا سچ ہے کہ **میں نیک نہیں ہوں نیک ایک ہی ہے یعنی خدا۔** لیکن چونکہ ایسی نکتہ چینیاں دینی کارروائیوں پر بداثر ڈالتی ہیں اور حق کے طالبوں کو رجوع لانے سے روکتی ہیں اس لئے برعایت اختصار بعض نکتہ چینیوں کا جواب دیا جاتا ہے۔

**پہلی نکتہ چینی** اس عاجز کی نسبت یہ کی گئی ہے کہ اپنی تالیفات میں مخالفین کی نسبت سخت الفاظ استعمال کئے ہیں جن سے مشتعل ہو کر مخالفین نے اللہ جل شانہٗ اور اس کے رسول کریم کی بے ادبی کی اور پُر دشنام تالیفات شائع کر دیں۔ قرآن شریف میں صریح حکم وارد ہے کہ مخالفین کے معبودوں کو سب اور شتم سے یاد مت کرو تا وہ بھی بے سمجھی اور کینہ سے خدائے تعالیٰ کی نسبت سبّ و شتم کے ساتھ زبان نہ کھولیں۔ لیکن اس جگہ برخلاف طریق ماموریہ کے سب و شتم سے کام لیا گیا۔ **اما الجواب** پس واضح ہو کہ اس نکتہ چینی میں معترض صاحب نے ﴿۱۳﴾

---

**بقیہ حاشیہ** ﴿۱۱﴾

انہیں مخاطب کر کے یہ الفاظ استعمال کئے کہ اس زمانہ کے بد اور حرامکار لوگ نشان ڈھونڈتے ہیں الخ اور پھر اسی پر بس نہیں کی بلکہ وہ اُن معزز بزرگوں کو ہمیشہ دشنام دہی کے طور پر یاد کرتے رہے۔ کبھی اُنہیں کہا اے سانپو اے سانپ کے بچو۔ دیکھو متی باب ۲۳ آیت ۳۳ کبھی اُنہیں کہا اندھے۔ دیکھو متی باب ۱۵ آیت ۱۴ کبھی اُنہیں کہا اے ریاکارو۔ دیکھو متی باب ۲۳ آیت ۱۳ کبھی انہیں نہایت فحش کلمات سے یہ کہا کہ کنجریاں تم سے پہلے خدائے تعالیٰ کی بادشاہت میں داخل ہوتی ہیں اور کبھی اُن کا نام سؤر اور کتا رکھا۔ دیکھو متی باب ۲۱ آیت ۳۱۔ اور کبھی اُنہیں احمق کہا دیکھو متی باب ۲۳ آیت ۱۷ کبھی اُنہیں کہا کہ تم جہنّمی ہو دیکھو متی باب ۲۲ آیت ۱۶۔ حالانکہ آپ ہی حلم اور خُلق کی نصیحت دیتے ہیں بلکہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی اپنے بھائی کو احمق کہے جہنم کی آگ کا سزاوار ہوگا اس اعتراض کا جواب اُن مطاعن کے جواب میں دیا جائے گا جو تہذیب کے بارے میں بعض خوش فہم آدمیوں نے اس عاجز کی نسبت کئے ہیں۔ منہ

وہ الفاظ بیان نہیں فرمائے جو اس عاجز نے بزعم ان کے اپنی تالیفات میں استعمال کئے ہیں اور درحقیقت سب وشتم میں داخل ہیں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ جہاں تک مجھے معلوم ہے میں نے ایک لفظ بھی ایسا استعمال نہیں کیا جس کو دشنام دہی کہا جائے بڑے دھوکہ کی بات یہ ہے کہ اکثر لوگ دشنام دہی اور بیان واقعہ کو ایک ہی صورت میں سمجھ لیتے ہیں اور ان دونوں مختلف مفہوموں میں فرق کرنا نہیں جانتے بلکہ ایسی ہریک بات کو جو دراصل ایک واقعی امر کا اظہار ہو اور اپنے محل پر چسپاں ہو محض اس کی کسی قدر مرارت کی وجہ سے جو حق گوئی کے لازم حال ہوا کرتی ہے دشنام ہی تصور کر لیتے ہیں حالانکہ دشنام اور سب اور شتم فقط اس مفہوم کا نام ہے جو خلاف واقعہ اور دروغ کے طور پر محض آزار رسانی کی غرض سے استعمال کیا جائے اور اگر ہریک سخت اور آزاردہ تقریر کو محض بوجہ اس کے مرارت اور تلخی اور ایذارسانی کے دشنام کے مفہوم میں داخل کر سکتے ہیں تو پھر اقرار کرنا پڑے گا کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے پُر ہے کیونکہ جو کچھ ﴿۱۴﴾
بتوں کی ذلّت اور بُت پرستوں کی حقارت اور ان کے بارہ میں لعنت ملامت کے سخت الفاظ قرآن شریف میں استعمال کئے گئے ہیں یہ ہرگز ایسے نہیں ہیں جن کے سننے سے بت پرستوں کے دل خوش ہوئے ہوں بلکہ بلاشبہ ان الفاظ نے ان کے غصہ کی حالت کی بہت تحریک کی ہو گی۔کیا خدائے تعالیٰ کا کفار مکہ کو مخاطب کر کے یہ فرمانا کہ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ [1] معترض کے من گھڑت قاعدہ کے موافق گالی میں داخل نہیں ہے کیا خدائے تعالیٰ کا قرآن شریف میں کفار کو شَرُّ الْبَرِيَّةِ قرار دینا اور تمام رذیل اور پلید مخلوقات سے انہیں بدتر ظاہر کرنا یہ معترض کے خیال کے رو سے دشنام دہی میں داخل نہیں ہوگا؟ کیا خدائے تعالیٰ نے قرآن شریف میں وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ [2] نہیں فرمایا کیا مومنوں کی علامات میں اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ [3] نہیں رکھا گیا کیا حضرت مسیح کا یہودیوں کے معزز فقیہوں اور فریسیوں کو سؤر اور کتّے کے نام سے پکارنا اور گلیل کے عالی مرتبہ فرمانروا ہیرودیس کا لونبڑی نام رکھنا اور معزز سردار کاہنوں اور فقیہوں کو ﴿۱۵﴾

[1] الانبیاء:۹۹ [2] التوبة:۷۳ [3] الفتح:۳۰

کنجری کے ساتھ مثال دینا اور یہودیوں کے بزرگ مقتداؤں کو جو قیصری گورنمنٹ میں اعلیٰ درجہ کے عزت دار اور قیصری درباروں میں کُرسی نشین تھے ان کریہہ اور نہایت دل آزار اور خلاف تہذیب لفظوں سے یاد کرنا کہ تم حرام زادے ہو حرام کار ہو شریر ہو بدذات ہو بے ایمان ہو احمق ہو ریاکار ہو شیطان ہو جہنمی ہو تم سانپ ہو سانپوں کے بچے ہو۔ کیا یہ سب الفاظ معترض کی رائے کے موافق فاش اور گندی گالیاں نہیں ہیں اِس سے ظاہر ہے کہ معترض کا اعتراض نہ صرف مجھ پر اور میری کتابوں پر بلکہ درحقیقت معترض نے خدائے تعالیٰ کی ساری کتابوں اور سارے رسولوں پر نہایت درجہ کے جلے سڑے دل کے ساتھ حملہ کیا ہے اور یہ حملہ انجیل پر سب سے زیادہ ہے کیونکہ حضرت مسیح کی سخت زبانی تمام نبیوں سے بڑھی ہوئی ہے اور انجیل سے ثابت ہے کہ اس سخت کلامی کی وجہ سے کئی مرتبہ یہودیوں نے حضرت مسیح کے
﴿۱۶﴾ مارنے کے لئے پتھر اٹھائے اور سردار کاہن کی بے ادبی سے حضرت مسیح نے اپنے منہ پر طمانچے بھی کھائے اور جیسا کہ حضرت مسیح نے فرمایا تھا کہ میں صلح کرانے نہیں آیا بلکہ تلوار چلانے آیا ہوں سو انہوں نے زبان کی تلوار ایسی چلائی کہ کسی نبی کے کلام میں ایسے سخت اور آزاردہ الفاظ نہیں جیسے انجیل میں ہیں اس زبان کی تلوار چلنے سے آخر مسیح کو کیا کچھ آزار اٹھانے پڑے ایسا ہی حضرت یحییٰ نے بھی یہودیوں کے فقیہوں اور بزرگوں کو سانپوں کے بچے کہہ کر ان کی شرارتوں اور کارسازیوں سے اپنا سر کٹوایا مگر سوال تو یہ ہے کہ کیا یہ مقدس لوگ پرلہ درجہ کے غیر مہذب تھے کیا زمانہ حال کی موجودہ تہذیب کی ان کو بو بھی نہیں پہنچی تھی؟ اِس سوال کا جواب ہمارے سیّدو مولیٰ مادر و پدرم براو فدا باد حضرت ختم المرسلین سیّد الاولین والآخرین پہلے سے دے چکے ہیں اور وہ یہ ہے کہ جب یہ آیتیں اتریں کہ مشرکین رجس ہیں پلید ہیں شرالبریہ ہیں سفہاء ہیں اور ذرّیت شیطان ہیں اور ان کے معبود **وقود النّار** اور **حصب**
﴿۱۷﴾ **جھنم** ہیں تو ابوطالب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر کہا کہ اے میرے بھتیجے اب تیری

دشنام دہی سے قوم سخت مشتعل ہوگئی ہے اور قریب ہے کہ تجھ کو ہلاک کریں اور ساتھ ہی مجھ کو بھی۔ تو نے ان کے عقلمندوں کو سفیہ قرار دیا اور ان کے بزرگوں کو شرالبریہ کہا اور ان کے قابل تعظیم معبودوں کا نام ہیزم جہنم اور وقود النّار رکھا اور عام طور پر ان سب کو رجس اور ذرّیت شیطان اور پلید ٹھہرایا میں تجھے خیرخواہی کی راہ سے کہتا ہوں کہ اپنی زبان کو تھام اور دشنام دہی سے باز آجا ورنہ میں قوم کے مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں کہا کہ اے چچا یہ دشنام دہی نہیں ہے بلکہ اظہار واقعہ اور نفس الامر کا عین محل پر بیان ہے اور یہی تو کام ہے جس کے لئے میں بھیجا گیا ہوں اگر اس سے مجھے مرنا درپیش ہے تو میں بخوشی اپنے لئے اس موت کو قبول کرتا ہوں میری زندگی اسی راہ میں وقف ہے میں موت کے ڈر سے اظہار حق سے رک نہیں سکتا اور اے چچا اگر تجھے اپنی کمزوری اور اپنی تکلیف کا خیال ہے تو تُو مجھے پناہ میں رکھنے سے دست بردار ہو جا بخدا مجھے تیری کچھ بھی حاجت نہیں میں «۱۸»
احکام الٰہی کے پہنچانے سے کبھی نہیں رکوں گا مجھے اپنے مولیٰ کے احکام جان سے زیادہ عزیز ہیں بخدا اگر میں اس راہ میں مارا جاؤں تو چاہتا ہوں کہ پھر بار بار زندہ ہو کر ہمیشہ اسی راہ میں مرتا رہوں۔ یہ خوف کی جگہ نہیں بلکہ مجھے اس میں بے انتہاء لذت ہے کہ اس کی راہ میں دکھ اٹھاؤں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ تقریر کر رہے تھے اور چہرہ پر سچائی اور نورانیت سے بھری ہوئی رقت نمایاں ہو رہی تھی اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ تقریر ختم کر چکے تو حق کی روشنی دیکھ کر بے اختیار ابو طالب کے آنسو جاری ہو گئے اور کہا کہ میں تیری اِس اعلیٰ حالت سے بے خبر تھا تُو اور ہی رنگ میں اور اَور ہی شان میں ہے جا اپنے کام میں لگا رہ جب تک میں زندہ ہوں جہاں تک میری طاقت ہے میں تیرا ساتھ دوں گا۔ اب حاصل☆ کلام یہ ہے «۱۹»

---

☆**حاشیہ:** یہ سب مضمون ابو طالب کے قصہ کا اگرچہ کتابوں میں درج ہے مگر یہ تمام عبارت الہامی ہے جو «۱۸»

کہ جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو طالب کے اعتراض کا خود اپنی زبان مبارک سے جواب دیا درحقیقت وہی جواب ہر یک معترض کے ساکت کرنے کے لئے کافی ووافی ہے کیونکہ دشنام دہی اور چیز ہے اور بیان واقعہ کا گو وہ کیسا ہی تلخ اور سخت ہو دوسری شے ہے ہر یک محقق اور حق گو کا یہ فرض ہوتا ہے کہ سچی بات کو پورے پورے طور پر مخالف ﴿۲۰﴾
گُم گشتہ کے کانوں تک پہنچا دیوے پھر اگر وہ سچ کو سن کر افروختہ ہو تو ہوا کرے ہمارے علماء جو اس جگہ لَا تَسُبُّوْا کی آیت پیش کرتے ہیں میں حیران ہوں کہ اس آیت کو ہمارے مقصد اور مدعا سے کیا تعلق ہے۔ اس آیت کریمہ میں تو صرف دشنام دہی سے منع فرمایا گیا ہے نہ یہ کہ اظہار حق سے روکا گیا ہو اگر نادان مخالف حق کی مرارت اور تلخی ﴿۲۱﴾
کو دیکھ کر دشنام دہی کی صورت میں اس کو سمجھ لیوے اور پھر مشتعل ہو کر گالیاں دینی شروع کرے تو کیا اس سے امر معروف کا دروازہ بند کر دینا چاہیے؟ کیا اس قسم کی گالیاں

---

**بقیہ حاشیہ**

﴿۱۹﴾ خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کے دل پر نازل کی صرف کوئی کوئی فقرہ تشریح کے لئے اس عاجز کی طرف سے ہے اس الہامی عبارت سے ابو طالب کی ہمدردی اور دلسوزی ظاہر ہے لیکن بکمال یقین یہ بات ثابت ہے کہ یہ ہمدردی پیچھے سے انوار نبوت وآثار استقامت دیکھ کر پیدا ہوئی تھی ہمارے سیّد ومولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑا حصہ عمر کا جو چالیس برس ہے بیکسی اور پریشانی اور یتیمی میں بسر کیا تھا کسی خویش یا قریب نے اس زمانہ تنہائی میں کوئی حق خویشی اور قرابت کا ادا نہیں کیا تھا یہاں تک کہ وہ روحانی بادشاہ اپنی صغرسنی کی حالت میں لاوارث بچوں کی طرح بعض بیابان نشین اور خانہ بدوش عورتوں کے حوالہ کیا گیا اور اُسی بے کسی
﴿۲۰﴾ اور غریبی کی حالت میں اس سیّد الانام نے شیرخوارگی کے دن پورے کئے اور جب کچھ سن تمیز پہنچا تو یتیم اور بے کس بچوں کی طرح جن کا دنیا میں کوئی بھی نہیں ہوتا اُن بیابان نشین لوگوں نے بکریاں چرانے کی خدمت اُس مخدوم العالمین کے سپرد کی اور اُس تنگی کے دنوں میں

﴿۲۲﴾ پہلے کفار نے کبھی نہیں دیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حق کی تائید کے لئے صرف الفاظ سخت ہی استعمال نہیں فرمائے بلکہ بت پرستوں کے ان بتوں کو جو اُن کی نظر میں خدائی کا منصب رکھتے تھے اپنے ہاتھ سے توڑا بھی ہے۔ اسلام نے مداہنہ کو کب جائز رکھا اور ایسا
﴿۲۳﴾ حکم قرآن شریف کے کس مقام میں موجود ہے بلکہ اللہ جلّشانہٗ مداہنہ کی ممانعت میں صاف فرماتا ہے کہ جو لوگ اپنے باپوں یا اپنی ماؤں کے ساتھ بھی ان کی کفر کی حالت میں مداہنہ کا برتاؤ کریں وہ بھی ان جیسے ہی بے ایمان ہیں اور کفار مکہ کی طرف سے حکایت کر کے فرماتا ہے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ[۱] یعنی اس بات کو کفار مکہ دوست رکھتے ہیں کہ اگر تُو حق پوشی کی راہ سے نرمی اختیار کرے تو وہ بھی تیرے دین میں ہاں میں ہاں ملا دیا کریں مگر ایسا ہاں میں ہاں ملانا خدائے تعالیٰ کو منظور نہیں۔ غرض آیت قرآنی جو معترض نے پیش کی ہے وہ اگر کسی بات پر دلالت کرتی ہے تو صرف اسی بات پر کہ معترض کو کلام الٰہی کے

بقیہ حاشیہ

بجز ادنیٰ قسم کے اناجوں یا بکریوں کے دُودھ کے اور کوئی غذا نہ تھی جب سن بلوغ پہنچا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی کے لئے کسی چچا وغیرہ نے باوجود آنحضرت کے اول درجہ کے حسن و جمال کے کچھ فکر نہیں کی بلکہ پچیس برس کی عمر ہونے پر اتفاقی طور پر محض خدائے تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایک مکّہ کی رئیسہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے لئے پسند کر کے
﴿۲۱﴾ آپ سے شادی کر لی یہ نہایت تعجب کا مقام ہے کہ جس حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا ابو طالب اور حمزہ اور عباس جیسے موجود تھے اور بالخصوص ابو طالب رئیس مکہ اور اپنی قوم کے سردار بھی تھے اور دنیوی جاہ وحشمت و دولت ومقدرت بہت کچھ رکھتے تھے مگر باوجود ان لوگوں کی ایسی امیرانہ حالت کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ ایام بڑی مصیبت اور فاقہ کشی اور بے سامانی سے گذرے یہاں تک کہ جنگلی لوگوں کی بکریاں چرانے تک نوبت پہنچی اور اس دردناک حالت کو دیکھ کر کسی کے آنسو جاری نہیں ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

[۱] القلم: ۱۰

سمجھنے کی مس تک نہیں ۔نہیں خیال کرتا کہ اگر یہ آیت ہر یک طور کی سخت زبانی سے متعلق سمجھی جائے تو پھر امر معروف اور نہی منکر کا دروازہ بند ہو جانا چاہیے اور نیز اس صورت میں خدائے تعالیٰ کا کلام دو متناقض امروں کا جامع ماننا پڑے گا یعنی یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اوّل تو اُس نے ہر یک طور کی سخت کلامی سے منع فرمایا اور ہر یک محل میں کفار کا
﴾۲۴﴿ دل خوش رکھنے لئے تاکید کی اور پھر آپ ہی اپنے قول کے مخالف کارروائی شروع کر دی اور ہر یک قسم کی گالیاں منکروں کو سنائیں بلکہ گالیاں دینے کے لئے تاکید کی ۔ سو جاننا چاہیے کہ جن مولویوں نے ایسا خیال کیا ہے کہ گویا عام طور پر ہر یک سخت کلامی سے خدائے تعالیٰ منع فرماتا ہے ۔ یہ اُن کی اپنی سمجھ کا ہی قصور ہے ورنہ وہ تلخ الفاظ جو اظہار حق کے لئے ضروری ہیں اور اپنے ساتھ اپنا ثبوت رکھتے ہیں وہ ہر یک مخالف کو صاف صاف سنا دینا نہ صرف جائز بلکہ واجبات وقت سے ہے تا مداہنہ کی بلا میں مبتلا نہ ہو جائیں ۔خدائے تعالیٰ کے برگزیدہ بندے ایسی سخت تبلیغ کے وقت میں کسی لاعن کی لعنت اور کسی لائم کی ملامت سے ہرگز نہیں ڈرے ۔کیا معلوم نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں

---

**بقیہ حاشیہ**

عمر شباب پہنچنے کے وقت کسی چچا کو خیال تک نہیں آیا کہ آخر ہم بھی تو باپ ہی کی طرح ہیں شادی
﴾۲۲﴿ وغیرہ امور ضروریہ کے لئے کچھ فکر کریں حالانکہ اُن کے گھر میں اور اُن کے دوسرے اقارب میں بھی لڑکیاں تھیں ۔سو اس جگہ بالطبع یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس قدر سرد مہری اُن لوگوں سے کیوں ظہور میں آئی اس کا واقعی جواب یہی ہے کہ ان لوگوں نے ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک لڑکا یتیم ہے جس کا باپ نہ ماں ہے بے سامان ہے جس کے پاس کسی قسم کی جمعیت نہیں نادار ہے جس کے ہاتھ پلّے کچھ بھی نہیں ایسے مصیبت زدہ کی ہمدردی سے فائدہ ہی کیا ہے اور اُس کو اپنا داماد بنانا تو گویا اپنی لڑکی کو تباہی میں ڈالنا ہے مگر اس بات کی خبر نہیں تھی کہ وہ ایک شہزادہ اور روحانی بادشاہوں کا سردار ہے جس کو دنیا کے تمام خزانوں کی کُنجیاں دی جائیں گی ۔**منہ**

جس قدر مشرکین کا کینہ ترقی کر گیا تھا اس کا اصل باعث وہ سخت الفاظ ہی تھے جو اُن نادانوں نے دشنام کی صورت پر سمجھ لئے تھے جن کی وجہ سے آخر لسان سے سنان تک نوبت پہنچی ورنہ اوّل حال میں تو وہ لوگ ایسے نہیں تھے بلکہ کمال اعتقاد سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کہا کرتے تھے کہ عَشِقَ مُحَمَّدٌ عَلٰی رَبِّہٖ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب پر عاشق ہو گئے ہیں جیسے آج کل کے ہندو لوگ بھی کسی گوشہ نشین فقیر کو ہرگز بُرا نہیں کہتے بلکہ نذریں نیازیں دیتے ہیں۔ ﴿۲۵﴾

اس جگہ مجھے نہایت افسوس اور غمگین دل کے ساتھ اس بات کے ظاہر کرنے کی بھی حاجت پڑی ہے کہ یہ اعتراض جو مجھ پر کیا گیا ہے یہ صرف عوام الناس کی طرف سے ہی نہیں بلکہ میں نے سنا ہے کہ بانی مبانی اس اعتراض کے بعض علماء بھی ہیں۔ سو میں ان کی شان میں یہ تو ظن نہیں کر سکتا کہ وہ قرآن شریف اور کتب سابقہ سے بے خبر ہیں اور نہ کسی طور سے جائے ظن ہے☆ لیکن میں جانتا ہوں کہ آج کل کی یورپ کی جھوٹی تہذیب نے ﴿۲۶﴾

---

﴿۲۵﴾ ☆ **حاشیہ:** قرآن شریف جس آواز بلند سے سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے ایک غایت درجہ کا غبی اور سخت درجہ کا نادان بھی اُس سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔ مثلاً زمانہ حال کے مہذبین کے نزدیک کسی پر لعنت بھیجنا ایک سخت گالی ہے۔ لیکن قرآن شریف کفار کو سُنا سُنا کر ﴿۲۶﴾ ان پر لعنت بھیجتا ہے جیسا کہ فرماتا ہے اُولٰٓئِکَ عَلَیۡہِمۡ لَعۡنَۃُ اللّٰہِ وَالۡمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجۡمَعِیۡنَ خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَا [۱] الجزو۲ سورۃ بقرہ۔ اُولٰٓئِکَ یَلۡعَنُہُمُ اللّٰہُ وَیَلۡعَنُہُمُ اللّٰعِنُوۡنَ الجزو نمبر۲ [۲]۔ ایسا ہی ظاہر ہے کہ کسی انسان کو حیوان کہنا بھی ایک قسم کی گالی ہے لیکن قرآن شریف نہ صرف حیوان بلکہ کفار اور منکرین کو دنیا کے تمام حیوانات سے بدتر قرار دیتا ہے جیسا کہ فرماتا ہے اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنۡدَ اللّٰہِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا [۳]۔ ایسا ہی ظاہر ہے کہ کسی خاص آدمی کا نام لے کر یا اشارہ کے طور پر اس کو نشانہ بنا کر گالی دینا زمانہ حال کی ﴿۲۷﴾

[۱] البقرۃ: ۱۶۲، ۱۶۳ [۲] البقرۃ: ۱۶۰ [۳] الانفال: ۵۶

جو ایمانی غیوری سے بہت دور پڑی ہوئی ہے ہمارے علماء کے دلوں کو بھی کسی قدر دبا لیا ہے۔اس سخت آندھی کے چلنے کی وجہ سے ان کی آنکھوں میں بھی کچھ غبار سا پڑ گیا ہے اور ان کی فطرتی کمزوری اس نزلہ کو قبول کر گئی ہے۔اسی وجہ سے وہ ایسے خیالات پر زور دیتے ہیں جن کا کوئی اصل صحیح حدیث و قرآن میں نہیں پایا جاتا ہاں یورپ کی اخلاقی
﴿۲۷﴾ کتابوں میں تو ضرور پایا جاتا ہے اور ان اخلاق میں یورپ نے یہاں تک ترقی کی ہے کہ ایک جوان عورت سے ایک نامحرم طالب کی بکلی دل شکنی مناسب نہیں سمجھی گئی مگر کیا قرآن شریف یورپ کے ان اخلاق سے اتفاق رائے کرتا ہے؟ کیا وہ ایسے لوگوں کا نام دیوث نہیں رکھتا؟ میں ایسے علماء کو محض للہ متنبہ کرتا ہوں کہ وہ ایسی نکتہ چینیاں کرنے اور ایسے خیالات کو دل میں جگہ دینے سے حق اور حق بینی سے بہت دور جا پڑے ہیں اگر وہ مجھ
﴿۲۸﴾ سے لڑنے کو تیار ہوں تو اپنی خشک منطق سے جو چاہیں کہیں لیکن اگر وہ خدائے تعالیٰ سے خوف کر کے کسی قدر سوچیں تو یہ ایسی بات نہیں ہے جو ان کی نظر سے پوشیدہ رہ سکے نیک بخت

**بقیہ حاشیہ**

تہذیب کے برخلاف ہے لیکن خدائے تعالیٰ نے قرآن شریف میں بعض کا نام ابولہب اور بعض کا نام کلب اور خنزیر کہا اور ابوجہل تو خود مشہور ہے ایسا ہی ولید مغیرہ☆ کی نسبت نہایت درجہ کے سخت الفاظ جو بصورت ظاہر گندی گالیاں معلوم ہوتی ہیں استعمال کئے ہیں جیسا کہ فرماتا ہے

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ـ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ـ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ـ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ ـ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ـ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ـ
﴿۲۸﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ـ [۱] دیکھو سورہ القلم الجزو نمبر ۲۹ یعنی تو ان مکذبوں کے کہنے پر مت چل جو بدل اس بات کے آرزو مند ہیں کہ ہمارے معبودوں کو بُرا مت کہو اور ہمارے مذہب کی ہجو مت کرو تو پھر ہم بھی تمہارے مذہب کی نسبت ہاں میں ہاں ملاتے رہیں گے۔ان کی چرب زبانی کا خیال مت کرو۔ یہ شخص جو مداہنہ کا خواستگار ہے جھوٹی قسمیں کھانے والا اور ضعیف الرائے اور ذلیل
﴿۲۹﴾ آدمی ہے دوسروں کے عیب ڈھونڈنے والا اور سخن چینی سے لوگوں میں تفرقہ ڈالنے والا اور نیکی کی

[۱] القلم :۹ تا ۱۷ ☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے’’ ولید بن مغیرہ ‘‘ہونا چاہیے۔(ناشر)

انسان کا فرض ہے کہ سچائی کے طریقوں کو ہاتھ سے نہ دیوے بلکہ اگر ایک ادنیٰ سے ادنیٰ انسان کی زبان پر کلمہ حق جاری ہو اور اپنے آپ سے غلطی ہو جائے تو اپنی غلطی کا اقرار کر کے شکر گذاری کے ساتھ اس حقیر آدمی کی بات کو مان لیوے اور اَنَا خَیْرٌ مِنْہُ کا دعویٰ نہ کرے ورنہ تکبر کی حالت میں کبھی رشد حاصل نہیں ہوگا بلکہ ایسے آدمی کا ایمان بھی معرض خطر میں ہی نظر آتا ہے۔ ﴿۲۹﴾

اور سخت الفاظ کے استعمال کرنے میں ایک یہ بھی حکمت ہے کہ خفتہ دل اس سے بیدار ہوتے ہیں اور ایسے لوگوں کے لئے جو مداہنہ کو پسند کرتے ہیں ایک تحریک ہو جاتی ہے مثلاً ہندوؤں کی قوم ایک ایسی قوم ہے کہ اکثر اُن میں سے ایسی عادت رکھتے ہیں کہ اگر ان کو اپنی طرف سے چھیڑا نہ جائے تو وہ مداہنہ کے طور پر تمام عمر دوست بن کر دینی امور میں ہاں ﴿۳۰﴾ سے ہاں ملاتے رہتے ہیں بلکہ بعض اوقات تو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف اور اس دین کے اولیاء کی مدح وثنا کرنے لگتے ہیں لیکن دل اُن کے نہایت درجہ کے سیاہ

بقیہ حاشیہ

راہوں سے روکنے والا زنا کار اور بایں ہمہ نہایت درجہ کا بدخلق اور ان سب عیبوں کے بعد ولدالزنا بھی ہے۔ عنقریب ہم اس کے اس ناک پر جو سُؤر کی طرح بہت لمبا ہوگیا ہے داغ لگا دیں گے یعنی ناک سے مراد رسوم اور ننگ وناموس کی پابندی ہے جو حق کے قبول کرنے سے روکتی ہے (اے خدائے قادر مطلق ہماری قوم کے بعض لمبی ناک والوں کی ناک پر بھی اُسترہ رکھ) اب کیوں حضرت مولوی صاحب کیا آپ کے نزدیک ان جامع لفظوں سے کوئی گالی باہر رہ گئی ہے۔ اور اس جگہ ایک نہایت عمدہ لطیفہ یہ ہے کہ ولید مغیرہ ☆ نے نرمی اختیار کر کے چاہا کہ ﴿۳۰﴾ ہم سے نرمی کا برتاؤ کیا جائے۔ اس کے جواب میں اس کے تمام پردے کھولے گئے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مومنین سے مداہنہ کی امید مت رکھو۔ منہ

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ولید بن مغیرہ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اور سچائی سے دور ہوتے ہیں۔ اُن کے رُوبرو سچائی کو اُس کی پوری مرارت اور تلخی کے ساتھ ظاہر کرنا اس نتیجہ خیر کا منتج ہوتا ہے کہ اُسی وقت اُن کا مداہنہ دور ہو جاتا ہے اور **بالجھر** یعنی واشگاف اور علانیہ اپنے کفر اور کینہ کو بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں گویا اُن کی دق کی بیماری محرقہ کی طرف انتقال کر جاتی ہے۔ سو یہ تحریک جو طبیعتوں میں سخت جوش پیدا کر دیتی ہے اگرچہ ایک نادان کی نظر میں سخت اعتراض کے لائق ہے مگر ایک فہیم آدمی بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ یہی تحریک رُوبحق کرنے کے لئے پہلا زینہ ہے۔ جب تک ایک مرض کے مواد مخفی ہیں تب تک
﴿۳۱﴾ اُس مرض کا کچھ علاج نہیں ہو سکتا لیکن مواد کے ظہور اور بروز کے وقت ہر یک طور کی تدبیر ہو سکتی ہے۔ انبیا نے جو سخت الفاظ استعمال کئے حقیقت میں ان کا مطلب تحریک ہی تھا تا خلق اللہ میں ایک جوش پیدا ہو جائے اور خوابِ غفلت سے اس ٹھوکر کے ساتھ بیدار ہو جائیں اور دین کی طرف خوض اور فکر کی نگاہیں دوڑانا شروع کر دیں اور اس راہ میں حرکت کریں گو وہ مخالفانہ حرکت ہی سہی اور اپنے دلوں کا اہلِ حق کے دلوں کے ساتھ ایک تعلق پیدا کر لیں گو وہ عدوانہ تعلق ہی کیوں نہ ہو اسی کی طرف اللہ جلّشانہٗ اشارہ فرماتا ہے فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا[1] یقیناً سمجھنا چاہیے کہ دین اسلام کو سچے دل سے ایک دن وہی لوگ قبول کریں گے جو بباعث سخت اور پُرزور جگانے والی تحریکوں کے کتب دینیہ کی ورق گردانی میں لگ گئے ہیں اور جوش کے ساتھ اس راہ کی طرف قدم اُٹھا رہے ہیں گو وہ قدم مخالفانہ
﴿۳۲﴾ ہی سہی۔ ہندوؤں کا وہ پہلا طریق ہمیں بہت مایوس کرنے والا تھا جو اپنے دلوں میں وہ لوگ اس طرز کو زیادہ پسند کے لائق سمجھتے تھے کہ مسلمانوں سے کوئی مذہبی بات چیت نہیں کرنی چاہیے اور ہاں میں ہاں ملا کر گذارہ کر لینا چاہیے لیکن اب وہ مقابلہ پر آ کر اور میدان میں کھڑے ہو کر ہمارے تیز ہتھیاروں کے نیچے آ پڑے ہیں اور اس صید قریب کی طرح ہو گئے ہیں جس کا ایک ہی ضرب سے کام تمام ہو سکتا ہے اُن کی آہوانہ سرکشی سے ڈرنا نہیں چاہیے

[1] البقرة:۱۱

دشمن نہیں ہیں وہ تو ہمارے شکار ہیں عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے کہ تم نظر اُٹھا کر دیکھو گے کہ کوئی ہندو دکھائی دے مگر ان پڑھوں لکھوں میں سے ایک ہندو بھی تمہیں دکھائی نہیں دے گا سو تم اُن کے جوشوں سے گھبرا کر نومیدمت ہو کیونکہ وہ اندر ہی اندر اسلام کے قبول کرنے کے لئے تیاری کر رہے ہیں اور اسلام کی ڈیوڑھی کے قریب آ پہنچے ہیں۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو لوگ مخالفانہ جوش سے بھرے ہوئے آج تمہیں نظر آتے ہیں تھوڑے ہی زمانے کے بعد تم انہیں نہیں دیکھو گے۔ حال میں جو آریوں نے ہم لوگوں کی تحریک سے مناظرات کی طرف ﴿۳۳﴾
قدم اُٹھایا ہے تو اس قدم اُٹھانے میں گو کیسی ہی سختی کے ساتھ اُن کا برتاؤ ہے اور گو گالیوں اور گندی باتوں سے بھری ہوئی کتابیں وہ شائع کر رہے ہیں مگر وہ اپنے جوش سے درحقیقت اسلام کے لئے اپنی قوم کی طرف راہ کھول رہے ہیں اور ہماری تحریکات کا واقعی طور پر کوئی بدنتیجہ نہیں ہاں یہ تحریکات کوتہ نظروں کی نگاہ میں بدنما ہیں مگر کسی دن دیکھنا کہ یہ تحریکات کیوں کر بڑے بڑے سنگین دلوں کو اس طرف کھینچ لاتی ہیں۔ یہ رائے کوئی ظنی اور شکی رائے نہیں بلکہ ایک یقینی اور قطعی امر ہے لیکن افسوس اُن لوگوں پر جو خیر اور شر میں فرق نہیں کر سکتے اور شتاب کاری کی راہ سے اعتراض کرنے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں خدائے تعالیٰ نے ہمیں مداہنہ سے تو صاف منع فرمایا ہے لیکن حق کے اظہار سے باندیشہ اس کی مرارت اور تلخی کے باز آ جانا کہیں حکم نہیں فرمایا۔ **فتدبروا ایّها العلماء المستعجلون الا تقرؤن القراٰن مالکم کیف تحکمون۔**

میرے ایک مخلص دوست مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی جو نو تعلیم یافتہ جوان اور ﴿۳۴﴾
تربیت جدیدہ کے رنگ سے رنگین اور نازک خیال آدمی ہیں جن کے دل پر میرے محبّ صادق اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب کی مربیانہ اور اُستادانہ صحبت کا نہایت عمدہ بلکہ خارق عادت اثر پڑا ہوا ہے وہ بھی جو اَب قادیاں میں میرے ملنے کے لئے آئے وعدہ

فرما گئے ہیں کہ میں بھی تہذیب حقیقی کے بارے میں ایک رسالہ تالیف کر کے شائع کروں گا کیونکہ مولوی صاحب موصوف اس بات کو بخوبی سمجھتے ہیں کہ دراصل تہذیب حقیقی کی راہ وہی راہ ہے جس پر انبیاء علیہم السلام نے قدم مارا ہے جس میں سخت الفاظ کا داروئے تلخ کی طرح گاہ گاہ استعمال کرنا حرام کی طرح نہیں سمجھا گیا بلکہ ایسے درشت الفاظ کا اپنے محل پر بقدرِ ضرورت و مصلحت استعمال میں لانا ہر یک مبلغ اور واعظ کا فرض وقت ہے جس کے ادا کرنے میں کسی واعظ کا سُستی اور کاہلی اختیار کرنا اس بات کی نشانی ہے کہ غیراللہ کا خوف جو شرک میں داخل ہے اس کے دل پر غالب اور ایمانی حالت اس کی ایسی کمزور اور ضعیف ہے جیسے ایک ﴿۳۵﴾
کیڑے کی جان کمزور اور ضعیف ہوتی ہے سو میں اُس دوست کے لئے دعا کرتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ اس تالیف کے ارادہ میں روح القدس سے اُس کی مدد فرماوے۔ میرے نزدیک بہتر ہے کہ وہ اپنے اس رسالہ کا نام **تہذیب** ہی رکھیں اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ میرے اس دوست کو یہ جوش ایک مولوی صاحب کے اعتراض سے پیدا ہوا ہے جو قادیاں کی طرف آتے وقت اتفاقاً لاہور میں مل گئے تھے جنہوں نے اس عاجز کی نسبت اسی بارہ میں اعتراض کیا تھا اے خداوند قادر مطلق اگرچہ قدیم سے تیری یہی عادت اور یہی سنت ہے کہ تو بچوں اور اُمیوں کو سمجھ عطا کرتا ہے اور اس دنیا کے حکیموں اور فلاسفروں کی آنکھوں اور دلوں پر سخت پردے تاریکی کے ڈال دیتا ہے مگر میں تیری جناب میں عجز اور تضرع سے عرض کرتا ہوں کہ ان لوگوں میں سے بھی ایک جماعت ہماری طرف کھینچ لا جیسے تو نے بعض کو کھینچا بھی ہے اور
ان کو بھی آنکھیں بخش اور کان عطا کر اور دل عنایت فرما تا وہ دیکھیں اور سنیں اور سمجھیں اور ﴿۳۶﴾
تیری اس نعمت کا جو تو نے اپنے وقت پر نازل کی ہے قدر پہنچا☆ کر اس کے حاصل کرنے کے لئے متوجہ ہو جائیں۔ اگر تو چاہے تو تو ایسا کر سکتا ہے کیونکہ کوئی بات تیرے آگے اَن ہونی نہیں۔ آمین ثم آمین۔

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’پہچان‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

**دوسری نکتہ چینی** یہ ہے کہ مالیخولیا یا جنون ہو جانے کی وجہ سے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کر دیا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یوں تو میں کسی کے مجنون کہنے یا دیوانہ نام رکھنے سے ناراض نہیں ہوسکتا بلکہ خوش ہوں۔ کیونکہ ہمیشہ سے ناسمجھ لوگ ہر ایک نبی اور رسول کا بھی اُن کے زمانہ میں یہی نام رکھتے آئے ہیں اور قدیم سے ربّانی مصلحوں کو قوم کی طرف سے یہی خطاب ملتا رہا ہے اور نیز اس وجہ سے بھی مجھے خوشی پہنچی ہے کہ آج وہ پیشگوئی پوری ہوئی جو **براھین** میں طبع ہو چکی ہے کہ تجھے مجنون بھی کہیں گے لیکن حیرت تو اس بات میں ہے کہ اس دعویٰ میں کونؔ سے جنون کی علامت پائی جاتی ہے کون سی خلاف عقل بات ہے ﴿۳۷﴾ جس کی وجہ سے معترضین کو جنون ہو جانے کا شک پڑ گیا اس بات کا فیصلہ ہم معترضین کی ہی کانشنس اور عقل پر چھوڑتے ہیں اور اُن کے سامنے اپنے بیانات اور اپنے مخالفوں کی حکایات رکھ دیتے ہیں کہ ہم دونوں گروہ میں سے مجنون کون ہے اور عقل سلیم کس کی طرز تقریر کو مجانین کی باتوں کے مشابہ سمجھتی ہے اور کس کے بیانات کو قولِ موجّہ قرار دیتی ہے۔

میرا بیان مسیح موعود کی نسبت جس کی آسمان سے اُترنے اور دوبارہ دنیا میں آنے کی انتظار کی جاتی ہے جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے میرے پر کھول دیا ہے یہ ہے کہ مسیح کے دوبارہ دنیا میں آنے کا قرآن شریف میں تو کہیں ذکر نہیں قرآن شریف تو ہمیشہ کے لئے اُس کو دنیا سے رخصت کرتا ہے البتہ بعض حدیثوں میں جو استعارات سے پُر ہیں مسیح کے دوبارہ دنیا میں آنے کے لئے بطور پیشگوئی بیان کیا ﴿۳۸﴾ گیا ہے سوؔ ان حدیثوں کے سیاق و سباق سے ظاہر ہے کہ اس جگہ درحقیقت مسیح ابن مریم کا ہی دوبارہ دنیا میں آ جانا ہرگز مراد نہیں ہے بلکہ یہ ایک لطیف استعارہ ہے جس سے مراد یہ ہے کہ کسی ایسے زمانہ میں جو مسیح ابن مریم کے زمانہ کا ہمرنگ ہوگا ایک شخص

اصلاح خلائق کے لئے دنیا میں آئے گا جو طبع اور قوت اور اپنے منصبی کام میں مسیح بن مریم کا ہمرنگ ہوگا اور جیسا کہ مسیح بن مریم نے حضرت موسیٰ کے دین کی تجدید کی اور وہ حقیقت اور مغز توریت کا جس کو یہودی لوگ بھول گئے تھے اُن پر دوبارہ کھول دیا ایسا ہی وہ مسیح ثانی مثیل موسیٰ کے دین کی جو جناب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تجدید کرے گا اور یہ مثیل موسیٰ کا مسیح اپنی سوانح میں اور دوسرے تمام نتائج میں جو قوم پر ان کی اطاعت یا ان کی سرکشی کی حالت میں مؤثر ہوں گے اس مسیح سے بالکل مشابہ ہوگا جو موسیٰ کو دیا گیا تھا اب جو امر کہ خدائے تعالیٰ نے میرے پر منکشف کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ مسیح موعود میں ہی ہوں۔ ﴿۳۹﴾

مسلمانوں کا پُرانے خیالات کے موافق جو اُن کے دلوں میں جمے ہوئے چلے آتے ہیں یہ دعویٰ ہے کہ مسیح بن مریم سچ مچ دو فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ دھرے ہوئے آسمان سے اُترے گا اور منارہ مشرقی دمشق کے پاس آ ٹھہرے گا اور بعض کہتے ہیں کہ منارہ پر اُترے گا اور وہاں سے مسلمان لوگ زینہ کے ذریعہ سے اس کو نیچے اُتاریں گے اور فرشتے اُسی جگہ سے رخصت ہو جائیں گے اور عمدہ پوشاک پہنے ہوئے اُترے گا یہ نہیں کہ ننگا ہو۔ اور پھر مہدی کے ساتھ ملاقات اور مزاج پُرسی ہوگی اور باوجود اس قدر مدت گزرنے کے وہی پہلی عمر بتیس ۳۲ یا تینتیس ۳۳ برس کی ہوگی اِس قدر گردش ماہ وسال نے اُس کے جسم وعمر پر کچھ اثر نہ کیا ہوگا اُس کے ناخن اور بال وغیرہ اس قدر سے نہ بڑھے ہوں گے جو آسمان پر اُٹھائے جانے کے وقت موجود تھے اور کسی قسم کا تغیر اس کے وجود میں نہ آیا ہوگا لیکن زمین پر اُتر کر پھر سلسلہ تغیرات کا شروع ہوگا وہ کسی قسم کا جنگ وجدل نہیں کرے گا بلکہ اس کے ﴿۴۰﴾ منہ کی ہوا میں ہی ایسی تاثیر ہوگی کہ جہاں تک اس کی نظر پہنچے گی کافر مرتے جائیں گے یعنی اُس کے دَم میں ہی یہ خاصیت ہوگی کہ زندوں کو مارے جیسی پہلے یہ خاصیت تھی کہ مُردوں کو زندہ کرے۔ پھر ہمارے علماء اپنے اس پہلے قول کو فراموش کر کے یہ دوسرا قول جو اس کا نقیض ہے پیش کرتے ہیں کہ وہ جنگ اور جدل بھی کرے گا اور دجال یک چشم

اس کے ہاتھ سے قتل ہوگا یہودی بھی اس کے حکم سے مارے جائیں گے۔ پھر ایک طرف تو یہ اقرار ہے کہ مسیح موعود وہی مسیح بن مریم نبی اللہ ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی جس پر حضرت جبریل اُترا کرتا تھا جو خدائے تعالیٰ کے بزرگ پیغمبروں میں سے ایک پیغمبر ہے اور دوسری طرف یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ دوبارہ زمین پر آکر اپنی نبوّت کا نام بھی نہیں لے گا بلکہ منصب نبوت سے معزول ہوکر آئے گا اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت میں داخل ہوکر عام مسلمانوں کی طرح شریعت قرآنی کا پابند ہوگا۔ نماز اَوروں کے پیچھے پڑھے گا جیسے عام مسلمان پڑھا کرتے ہیں بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ حنفی ہوگا امام اعظم صاحب کو اپنا امام سمجھے ﴿۴۱﴾
گا۔ مگر اب تک اس بارہ میں تصریح سے بیان نہیں کیا گیا کہ چار سلسلوں میں سے کس سلسلہ میں داخل ہوگا آیا وہ قادری ہوگا یا چشتی یا سہروردی یا حضرت مجدد سرہندی کی طرح نقشبندی۔ غرض ان لوگوں نے عنوان میں نبوت کا خطاب جما کر جس درجہ پر پھر اُس کا تنزل کیا ہے کوئی قائم الحواس ایسا کام کبھی نہیں کرسکتا پھر بعد اس کے اُس کے خاص کام استعارات کو حقیقت پر حمل کر کے یہ بیان کئے گئے ہیں کہ وہ صلیب کو توڑے گا خنزیروں کو قتل کرے گا۔ اب جائے تعجب ہے کہ صلیب کو توڑنے سے اس کا کونسا فائدہ ہے؟ اور اگر اس نے مثلاً دس بیس لاکھ صلیب توڑ بھی دی تو کیا عیسائی لوگ جن کو صلیب پرستی کی دھن لگی ہوئی ہے اور صلیبیں بنوا نہیں سکتے۔ اور دوسرا فقرہ جو کہا گیا ہے کہ خنزیروں کو قتل کرے گا یہ بھی اگر حقیقت پر محمول ہے تو عجیب فقرہ ہے۔ کیا حضرت مسیح کا زمین پر اُترنے کے بعد عمدہ کام یہی ہوگا کہ وہ خنزیروں کا شکار کھیلتے پھریں گے اور بہت سے کتّے ساتھ ہوں گے اگر یہی سچ ہے تو پھر سکھوں اور چماروں اور سانسیوں اَور گنڈیلوں وغیرہ کو جو خنزیر کے شکار کو دوست رکھتے ﴿۴۲﴾
ہیں خوشخبری کی جگہ ہے کہ ان کی خوب بن آئے گی مگر شاید عیسائیوں کو اُن کی اس خنزیر کشی سے کچھ چنداں فائدہ نہ پہنچ سکے کیونکہ عیسائی قوم نے خنزیر کے شکار کو پہلے ہی کمال تک پہنچا رکھا ہے بالفعل خاص لنڈن میں خنزیر کا گوشت فروخت کرنے کے لئے ہزار دوکان

موجود ہے اور بذریعہ معتبر خبروں کے ثابت ہوا ہے کہ صرف یہی ہزار دوکان نہیں بلکہ پچیس ہزار اَور خنزیر ہر روز لنڈن میں سے مفصلات کے لوگوں کے لئے باہر بھیجا جاتا ہے اب سوال یہ ہے کہ کیا نبی اللہ کی یہی شان ہونی چاہیے کہ وہ دنیا میں اصلاح خلق کے لئے تو آوے مگر پھر اپنی اوقات عزیز ایک مکروہ جانور خنزیر کے شکار میں ضائع کرے حالانکہ توریت کے رو سے خنزیر کو چھونا بھی سخت معصیت میں داخل ہے پھر میں یہ بھی کہتا ہوں کہ اوّل تو شکار کھیلنا ہی کار بیکاراں ہے اور اگر حضرت مسیح کو شکار ہی کی طرف رغبت ہوگی اور دن رات یہی کام پسند آئے گا تو پھر کیا یہ پاک جانور جیسے ہرن اور گورخر اور خرگوش دنیا میں کیا کچھ کم ہیں تا ایک ناپاک جانور کے خون سے ہاتھ آلودہ کریں۔ ﴿۴۳﴾

اب میں نے وہ تمام خاکہ جو میری قوم نے مسیح کے ان سوانح کا کھینچ رکھا ہے جو دوبارہ زمین پر اُترنے کے بعد اُن پر گزریں گے پیش کر دیا ہے عقلمند لوگ اس پر غور کریں کہ کہاں تک اس میں خلاف قانون قدرت باتیں ہیں۔ کہاں تک اس میں اجتماع نقیضین موجود ہے۔ کہاں تک یہ شان نبوت سے بعید ہے؟ لیکن اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ یہ تمام ذخیرہ رطب و یابس کا صحیحین میں نہیں ہے۔ امام محمد اسمٰعیل بخاری رحمہ اللہ نے اس بارہ میں اشارہ تک بھی نہیں کیا کہ یہ مسیح آنے والا درحقیقت اور سچ مچ وہی پہلا مسیح ہوگا بلکہ انہوں نے دو حدیثیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ایسی لکھی ہیں جنھوں نے فیصلہ کر دیا ہے کہ مسیح اوّل اَور ہے اور مسیح ثانی اور ہے اور کیونکہ ایک حدیث کا مضمون یہ ہے کہ ابن مریم تم میں اُترے گا اور پھر بیان کے طور پر کھول دیا ہے کہ وہ ایک تمھارا امام ہوگا جو تم میں سے ہی ہوگا۔ پس ان لفظوں پر خوب غور کرنی چاہیے جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم لفظ ابن مریم کی تصریح میں فرماتے ہیں کہ ﴿۴۴﴾ وہ ایک تمہارا امام ہوگا جو تم سے ہی ہوگا اور تم میں سے ہی پیدا ہوگا گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وہم کو دفع کرنے کے لئے جو ابن مریم کے لفظ سے دلوں میں گذر سکتا تھا مابعد کے لفظوں میں بطور تشریح فرما دیا کہ اُس کو سچ مچ ابن مریم ہی نہ سمجھ لو بل ھُو

**امامکم منکم** اور دوسری حدیث جو اس بات کا فیصلہ کرتی ہے وہ یہ ہے کہ مسیح اوّل کا حلیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور طرح کا فرمایا ہے اور مسیح ثانی کا حلیہ اور طور کا ذکر کیا ہے جو اس عاجز کے حلیہ سے بالکل مطابق ہے۔ اب سوچنا چاہیئے کہ ان دونوں حلیوں میں تناقض صریح ہونا کیا اس بات پر پختہ دلیل نہیں ہے کہ درحقیقت مسیح اوّل اور ہے اور مسیح ثانی اور۔

ایک اور بات قابل توجہ یہ ہے کہ ہمارے علماء کی ضد تو اس بات پر ہے کہ ابن مریم کے اُترنے کے بارہ میں جو حدیث ہے اس کو حقیقت پر حمل کرنا چاہیئے لیکن ان کے بعض عقلمندوں سے جب اس حدیث کے معنے پوچھے جائیں کہ ابن مریم اُترے گا اور صلیب کو توڑے گا اور ﴿۴۵﴾ خنزیر کو قتل کرے گا تو ابن مریم کے لفظ کو تو حقیقت پر ہی حمل رکھتے ہیں اور صلیب اور خنزیر کے بارہ میں کچھ دبی زبان سے ہماری طرح استعارہ اور مجاز سے کام لینا شروع کر دیتے ہیں۔ پس وہ لوگ اپنی اس کارروائی سے خود ملزم ٹھہرتے ہیں کیونکہ اس صورت میں اُن پر یہ حجت وارد ہوتی ہے کہ اِن تین لفظوں میں سے جو ابن مریم کا اُترنا اور صلیب کا توڑنا اور خنزیروں کا قتل کرنا ہے دو لفظوں کی نسبت تو تم آپ ہی قائل ہو گئے کہ بطور استعارہ ان سے اور معنے مراد ہیں تو پھر یہ تیسرا کلمہ جو ابن مریم کا اُترنا ہے کیوں اس میں بھی بطور استعارہ کوئی اور شخص مراد نہیں؟ اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا ان خیالات مجموعہ تناقضات پر جمے رہنا طریق عقلمندی و فرزانگی ہے یا وہ معارف **قریب بفھم** ومطابق عقل ہیں جو اس عاجز پر کھولے گئے ہیں۔

ماسوا اس کے اور کئی طریق سے اُن پرانے خیالات پر سخت سخت اعتراض عقل کے وارد ہوتے ہیں جن سے مخلصی حاصل کرنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ ﴿۴۶﴾

ازانجملہ ایک یہ ہے کہ قرآن شریف کے کسی مقام سے ثابت نہیں کہ حضرت مسیح اِسی خاکی جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اُٹھائے گئے بلکہ قرآن شریف کے کئی مقامات میں مسیح کے فوت ہو جانے کا صریح ذکر ہے اور ایک جگہ خود مسیح کی طرف سے فوت ہو جانے کا اقرار موجود ہے

اور وہ یہ ہے۔ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ[۱] اب جب کہ فوت ہو جانا ثابت ہوا تو اس سے ظاہر ہے کہ اُن کا جسم اُن سب لوگوں کی طرح جو مر جاتے ہیں زمین میں دفن کیا گیا ہوگا کیونکہ قرآن شریف بصراحت ناطق ہے کہ فقط اُن کی روح آسمان پر گئی نہ کہ جسم۔ تب ہی تو حضرت مسیح نے آیت موصوفہ بالا میں اپنی موت کا صاف اقرار کر دیا اگر وہ زندوں کی شکل پر خاکی جسم کے ساتھ آسمان کی طرف پرواز کرتے تو اپنے مرجانے کا ہرگز ذکر نہ کرتے اور ایسا ہرگز نہ کہتے کہ میں وفات پا کر اس جہان سے رخصت کیا گیا ہوں۔ اب ظاہر ہے کہ جبکہ آسمان پر اُن کی روح ہی گئی تو پھر نازل ہونے کے وقت جسم کہاں سے ساتھ آ جائے گا۔ ﴿۴۷﴾

ازانجملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ نیا اور پُرانا فلسفہ بالاتفاق اس بات کو محال ثابت کرتا ہے کہ کوئی انسان اپنے اس خاکی جسم کے ساتھ کُرّۂ زمہریر تک بھی پہنچ سکے بلکہ علم طبعی کی نئی تحقیقاتیں اس بات کو ثابت کر چکی ہیں کہ بعض بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر پہنچ کر اس طبقہ کی ہوا ایسی مضر صحت معلوم ہوئی ہے کہ جس میں زندہ رہنا ممکن نہیں۔ پس اس جسم کا کرۂ ماہتاب یا کرۂ آفتاب تک پہنچنا کس قدر لغو خیال ہے۔☆

حاشیہ: ☆ اس جگہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ اگر جسم خاکی کا آسمان پر جانا محالات میں سے ہے تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج اس جسم کے ساتھ کیوں کر جائز ہوگا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہیں تھا بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا جس کو درحقیقت بیداری کہنا چاہیئے۔ ایسے کشف کی حالت میں انسان ایک نوری جسم کے ساتھ حسبِ استعداد نفس ناطقہ اپنے کے آسمانوں کی سیر کر سکتا ہے پس چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نفس ناطقہ کی اعلیٰ درجہ کی استعداد تھی اور انتہائی نقطہ تک پہنچی ہوئی تھی اس لئے وہ اپنی معراجی سیر میں معمورہ عالم کے انتہائی نقطہ تک جو عرش عظیم سے تعبیر کیا جاتا ہے پہنچ گئے سو درحقیقت یہ سیر کشفی تھا جو بیداری سے اشد درجہ پر مشابہ ہے بلکہ ایک قسم کی بیداری ہی ہے۔ میں اس کا نام خواب ہرگز نہیں رکھتا اور نہ کشف کے ادنیٰ درجوں میں سے اس کو سمجھتا ہوں بلکہ یہ کشف کا بزرگ ترین مقام ہے جو درحقیقت بیداری بلکہ اس کثیف بیداری سے یہ حالت زیادہ اصفٰی اور اجلٰی ہوتی ہے اور اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔ اس جگہ زیادہ لکھنے کی گنجائش نہیں۔ انشاء اللہ کسی اَور محل میں مفصل طور پر بیان کیا جائے گا۔ منہ ﴿۴۸﴾

[۱] المآئدة : ۱۱۸

﴿۴۸﴾ ازانجملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ جو لوگ آسمانوں کے وجود کے قائل ہیں وہ البتہ اُن کی حرکت کے بھی قائل ہیں اور حرکت بھی دولابی خیال کرتے ہیں اب اگر فرض کیا جائے کہ حضرت مسیح جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر گئے ہیں تو ظاہر ہے کہ وہ ہر وقت اُوپر کی سمت میں ہی
﴿۴۹﴾ نہیں رہ سکتے بلکہ کبھی اُوپر کی طرف ہوں گے اور کبھی زمین کے نیچے آجائیں گے اس صورت میں اس بات پر وثوق بھی نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ ضرور اُوپر کی ہی طرف سے اُتریں گے کیا یہ ممکن نہیں کہ زمین کے نیچے سے ہی نکل آویں کیونکہ درحقیقت اُن کا ٹھکانہ تو کسی جگہ نہ ہوا اگر صبح آسمان کے اُوپر ہوئے تو شام کو زمین کے نیچے۔ پس ایسی مصیبت اُن کے لئے روا رکھنا کس درجہ کی بے ادبی میں داخل ہے۔

ازانجملہ ایک یہ اعتراض کہ اگر ہم فرض محال کے طور پر قبول کر لیں کہ حضرت مسیح اپنے جسم خاکی کے سمیت آسمان پر پہنچ گئے تو اس بات کے اقرار سے ہمیں چارہ نہیں کہ وہ جسم جیسا کہ تمام حیوانی و انسانی اجسام کے لئے ضروری ہے آسمان پر بھی تاثیر زمانہ سے ضرور متاثر ہوگا اور بمرور زمانہ لابدی اور لازمی طور پر ایک دن ضرور اس کے لئے موت واجب ہوگی پس اس صورت میں اوّل تو حضرت مسیح کی نسبت یہ ماننا پڑتا ہے کہ اپنی عمر کا دورہ پورا کر کے آسمان ہی پر فوت ہو گئے ہوں اور کواکب کی آبادی جو آج کل تسلیم کی جاتی ہے اُسی کے کسی قبرستان میں
﴿۵۰﴾ دفن کئے گئے ہوں اور اگر پھر فرض کے طور پر اب تک زندہ رہنا اُن کا تسلیم کر لیں تو کچھ شک نہیں کہ اتنی مدت کے گزرنے پر پیر فرتوت ہو گئے ہوں گے اور اس کام کے ہرگز لائق نہیں ہوں گے کہ کوئی خدمت دینی ادا کر سکیں پھر ایسی حالت میں اُن کا دنیا میں تشریف لانا بجز ناحق کی تکلیف کے اور کچھ فائدہ بخش معلوم نہیں ہوتا۔

## وہ علامات جو مسیح نے استعارہ کے طور پر اپنے آنے کے بیان کئے ہیں اور نیز سورۃ الزلزال کی تفسیر

مسیح نے اپنے دوبارہ آنے کا نشان یہ بتلایا ہے کہ اُن دنوں میں تُرت سورج اندھیرا ہو جائے گا اور چاند اپنی روشنی نہیں دے گا اور ستارے آسمان سے گر جائیں گے اور آسمان کی قوتیں ہل جائیں گی تب ابن آدم کا نشان آسمان پر ظاہر ہوگا اور ابن آدم کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں گے اور وہ نرسنگے کے بڑے شور کے ساتھ ﴿۵۱﴾
اپنے فرشتوں کو بھیجے گا اور وَے اُس کے برگزیدوں کو چاروں طرف سے آسمان کی اِس حد سے اُس حد تک جمع کریں گے جب تم یہ سب کچھ دیکھو تو جانو کہ وہ نزدیک بلکہ دروازے پر ہے میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جب تک یہ سب کچھ ہو نہ لے اِس زمانہ کے لوگ گذر نہ جائیں گے آسمان وزمین ٹل جائے گی☆ پر میری باتیں ہرگز نہ ٹلیں گی لیکن اُس دن اور اُس گھڑی کو میرے باپ کے سوا آسمان کے فرشتوں تک کوئی نہیں جانتا جیسا نوح کے دنوں میں ہوا ویسا ہی ابن آدم کا آنا بھی ہوگا کیونکہ جس طرح اُن دنوں میں طوفان کے پہلے کھاتے پیتے بیاہ کرتے بیاہے جاتے تھے اس دن تک کہ نوح کشتی پر چڑھا اور نہ جانتے تھے جب تک کہ طوفان آیا اور اُن سب کو لے گیا اِسی طرح ابن آدم کا آنا بھی ہوگا یعنی جس طرح کہ نوح کی کشتی بنانے سے پہلے لوگ امن اور آرام سے بستے تھے کوئی ارضی یا سماوی حادثہ اُن پر وارد نہ تھا اسی طرح ابن آدم یعنی مسیح بھی لوگوں کے آرام اور خوشحالی کے وقت میں آئے گا اُس کے ﴿۵۲﴾
آنے سے پہلے کسی قسم کا حادثہ لوگوں پر نازل نہیں ہوگا بلکہ معمولی طور پر امن اور راحت سے دنیا اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہوگی دیکھو متی باب ۲۴۔

حضرت مسیح کے اِس بیان میں بظاہر صورت جس قدر تناقض ہے ناظرین نے سمجھ لیا ہوگا کیونکہ اُنہوں نے اپنے اُترنے سے پہلے اس امر کو ضروری ٹھہرایا ہے کہ سورج اندھیرا ہو جائے اور

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’آسمان وزمین ٹل جائیں گے‘‘ ہونا چاہیے۔(ناشر)

چاند روشنی نہ دیوے اور ستارے آسمان کے زمین پر گر جائیں۔ سو اِن علامات کو اگر ظاہر پر حمل کیا جائے تو یہ معنے بدیہی البطلان ہیں کیونکہ جس وقت سورج اندھیرا ہو گیا اور چاند کی روشنی جاتی رہی تو پھر دنیا کیوں کر نوح کے زمانے کی طرح امن سے آباد رہ سکتی ہے بھلا یہ بھی جانے دو شاید دنیا سخت مصیبت کے ساتھ گذارہ کر سکے لیکن زمین پر ستاروں کے گرنے سے کیا زمین کے باشندوں میں سے کوئی باقی رہ سکتا ہے سچ تو یہ ہے کہ اگر آسمان کا ایک بھی ستارہ زمین پر گرے تو تمام دنیا کے ہلاک کرنے کے لئے کافی ہے کیونکہ کوئی ستارہ عرض طول میں زمین ﴿۵۳﴾ کے معمورہ سے کم نہیں ہے ایک ستارہ گر کر زمین کی تمام آبادی کو دبا سکتا ہے چہ جائیکہ تمام ستارے زمین پر گریں اور اُن کے گرنے سے ایک آدمی کو بھی آسیب نہ پہنچے بلکہ حضرت نوح کے زمانہ کی طرح مسیح کے اُترنے سے پہلے امن اور جمعیت سے آباد ہوں اور مسیح کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں۔

سو اے حق کے طالبو! یقیناً سمجھو کہ یہ سب استعارات ہیں حقیقت پر ہرگز محمول نہیں حضرت مسیح کا مطلب صرف اتنا ہے کہ وہ دین کے لئے ایک تاریکی کا زمانہ ہوگا اور ایسی ضلالت کی تاریکی ہوگی کہ اُس وقت نہ آفتاب کی روشنی سے جو رسول مقبول اور اس کی شریعت اور اس کی کتاب ہے لوگ آنکھیں کھولیں گے کیونکہ اُن کے نفسانی حجابوں کی وجہ سے آفتاب شریعت ان کے لئے اندھیرا ہو جائے گا اور ماہتاب بھی انہیں روشنی نہیں دے گا یعنی اولیا کے وجود سے بھی انہیں کچھ فائدہ نہ ہوگا کیونکہ بے دینی کے بڑھ جانے سے ﴿۵۴﴾ مردانِ خدا کی محبت بھی اُن کے دلوں میں نہیں رہے گی اور آسمان کے ستارے گریں گے یعنی حقانی علماء فوت ہو جائیں گے اور آسمان کی قوتیں ہل جائیں گی یعنی آسمان اُوپر کی طرف کسی کو کھینچ نہیں سکے گا۔ دن بدن لوگ زمین کی طرف کھنچے چلے جائیں گے یعنی لوگوں پر نفس امارہ کے جذبات غالب ہوں گے اُس وقت نہ لڑائیاں ہوں گی اور نہ عامہ خلائق کے امن اور عافیت میں خلل ہوگا بلکہ نوح کے زمانہ کی طرح ایک امن بخش گورنمنٹ

﴿۵۵﴾ کے تحت میں☆ وہ لوگ زندگی بسر کرتے ہوں گے جن میں مسیح موعود نازل ہوگا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ حضرت نوح کا زمانہ باعتبار اپنی معاشرت کے اصولوں کے نہایت امن کا زمانہ تھا لوگ اپنی لمبی لمبی عمروں کو نہایت آسائش اور امن اور خیر و عافیت سے بسر کر رہے تھے۔ اسی وجہ سے لوگ سخت درجہ کے غافل ہو گئے تھے معلوم نہیں کہ اُس وقت کوئی شخصی سلطنت تھی یا جمہوری اتفاق سے اس درجہ پر عامہ خلائق کے لئے ہر طرح سے آسودگی پیدا ہوگئی تھی بہرحال اس زمانہ کے لوگ آرام پانے میں اور امن و عافیت میں زندگی بسر کرنے میں اس زمانہ کے اُن لوگوں سے بہت مشابہ ہیں جو گورنمنٹ برطانیہ کے سایۂ عاطفت کے نیچے زندگی بسر کرتے ہیں گورنمنٹ کی طرف سے جس قدر اسباب آرام اور امن اور خوشحالی کے
﴿۵۶﴾ رعیت کے لئے مہیا کئے گئے ہیں اُن کا شمار کرنا مشکل ہے گویا اُن کی اس زندگی کو ایک نمونہ بہشت کا بنا دیا گیا ہے لیکن غایت درجہ کے آرام پانے سے اور نہایت درجہ کے امن کی وجہ سے یہ آفت دلوں میں پیدا ہوگئی ہے کہ دنیا کی زندگی نہایت شیریں متصور ہوکر دن بدن اس کی محبت دلوں میں بڑھتی جاتی ہے جس طرف نظر ڈال کر دیکھو یہی خواہش جوش مار رہی ہے کہ دنیا کی یہ مراد حاصل ہو جائے وہ مراد حاصل ہو جائے اور بباعث امن پھیل جانے کے دنیا کی ہر یک چیز کا قدر بڑھتا جاتا ہے۔ وہ مزروعہ زمین جس کو سکھوں کے عہد میں کوئی مفت بھی نہیں لے سکتا تھا لاکھوں روپیوں پر فروخت ہو رہی ہے اور یہاں تک مفاد کی راہیں کھل گئی ہیں کہ لوگ

---

﴿۵۴﴾ ☆ **حاشیہ:** میرا یہ دعویٰ ہے کہ تمام دنیا میں گورنمنٹ برطانیہ کی طرح کوئی دوسری ایسی گورنمنٹ نہیں جس نے زمین پر ایسا امن قائم کیا ہو مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو کچھ ہم پوری آزادی سے اس گورنمنٹ کے تحت میں اشاعتِ حق کر سکتے ہیں یہ خدمت ہم مکہ معظّمہ یا مدینہ منورہ میں بیٹھ کر بھی ہرگز بجا نہیں لا سکتے اگر یہ امن اور آزادی اور بے تعصبی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کے وقت عرب میں ہوتی تو وہ لوگ ہرگز تلوار سے ہلاک نہ کئے جاتے اگر یہ امن اور آزادی اور بے تعصبی
﴿۵۵﴾ اُس وقت کے قیصر اور کسریٰ کی گورنمنٹوں میں ہوتی تو وہ بادشاہتیں اب تک قائم رہتیں۔ منہ

نجاست اور ہڈیوں کی فروخت سے وہ فوائد حاصل کرتے ہیں کہ اس سے پہلے زمانوں میں اعلیٰ درجہ کے غلوں کی فروخت میں وہ فوائد حاصل نہیں ہو سکتے تھے اور نہ صرف یہی آرام کی صورتیں ہیں بلکہ نظر اُٹھا کر دیکھو تو تمام اسباب معاشرت وحاجات سفر وحضر کے متعلق وہ آرام کی سبیلیں نکل آئی ہیں جو اس سے پہلے وقتوں میں شاید کسی نے خواب میں بھی نہ دیکھی ہوں گی ﴿۵۷﴾
پس اس مبارک گورنمنٹ کے زمانہ کو اگر اُس امن کے زمانہ میں☆ سے مشابہت دیں جو حضرت نوح کے وقت میں تھا تو یہ زمانہ بلا وجہ✿ اس کا مثیل غالب ہوگا۔

اب جب کہ یہ ثابت ہو چکا کہ سچے مسیح نے اُس زمانہ میں آنے کا ہرگز وعدہ نہیں کیا جو جنگ وجدل اور جور وجفا کا زمانہ ہو جس میں کوئی شخص امن سے زندگی بسر نہ کر سکے اور نیک لوگ پکڑیں جائیں اور عدالتوں میں سپرد کئے جائیں اور قتل کئے جائیں بلکہ مسیح نے صاف لفظوں میں فرما دیا کہ اُن پُر فتنہ زمانوں میں جھوٹے مسیح عیسائیوں اور یہودیوں میں پیدا ہوں گے جیسا کہ اُن پہلے زمانوں میں کئی لوگ ایسے پیدا بھی ہو چکے ہیں جنہوں نے مسیح ہونے کا دعویٰ کیا تھا اِسی وجہ سے مسیح نے تاکید سے کہا کہ میرا آنا اُن اوائل زمانوں میں ہرگز نہیں ہوگا اور شور اور فساد اور جور و جفا اور لڑائیوں کے دنوں میں ہرگز نہیں آؤں گا بلکہ امن کے دنوں میں آؤں گا ہاں اُس وقت بباعث غایت درجہ کے امن و آرام کے بے دینی پھیلی ہوئی ہوگی اور ﴿۵۸﴾
محبت الٰہی دلوں سے اُٹھی ہوئی ہوگی جیسا کہ نوح کے وقت میں تھا سو یہ ایک نہایت عمدہ نشان ہے جو مسیح نے اپنے آنے کے لئے پیش کیا ہے اگر چاہو تو اس کو قبول کر سکتے ہو۔

اِس جگہ اس سوال کا حل کرنا بھی ضروری ہے کہ مسیح کس عمدہ اور اہم کام کے لئے آنے والا ہے۔ اگر یہ خیال کیا جائے کہ دجال کے قتل کرنے کے لئے آئے گا تو یہ خیال نہایت ضعیف اور بودا ہے کیونکہ صرف ایک کافر کا قتل کرنا کوئی ایسا بڑا کام نہیں جس کے لئے ایک نبی کی ضرورت ہو خاص کر اس صورت میں کہ کہا گیا ہے کہ اگر مسیح قتل بھی نہ کرتا تب بھی دجال خود بخود پگھل کر نابود ہو جاتا بلکہ سچ تو یہ ہے کہ مسیح کا آنا اس لئے خدائے تعالیٰ کی طرف سے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’زمانہ سے‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر) ✿ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’بلاشبہ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

مقرر کیا گیا ہے کہ تا تمام قوموں پر دین اسلام کی سچائی کی حجت پوری کرے تا دنیا کی ساری
قوموں پر خدائے تعالیٰ کا الزام وارد ہو جائے۔ اِسی کی طرف اشارہ ہے کہ جو کہا گیا ہے کہ مسیح کے ﴿۵۹﴾
دم سے کافر مریں گے یعنی دلائل بیّنہ اور براہین قاطعہ کی رو سے وہ ہلاک ہو جائیں گے۔
دوسرا کام مسیح کا یہ ہے کہ اسلام کو غلطیوں اور الحاقاتِ بے جا سے منزہ کر کے وہ تعلیم جو روح
اور راستی سے بھری ہوئی ہے خلق اللہ کے سامنے رکھے۔
تیسرا کام مسیح کا یہ ہے کہ ایمانی نور کو دنیا کی تمام قوموں کے مستعد دلوں کو بخشے اور منافقوں
کو مخلصوں سے الگ کر دیوے۔ سو یہ تینوں کام خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کے سپرد کئے ہیں
اور حقیقت میں ابتدا سے یہی مقرر ہے کہ مسیح اپنے وقت کا مجدد ہو گا اور اعلیٰ درجہ کی تجدید کی
خدمت خدائے تعالیٰ اُس سے لے گا اور یہ تینوں امور وہ ہیں جو خدائے تعالیٰ نے ارادہ فرمایا
ہے جو اس عاجز کے ذریعہ سے ظہور میں آویں سو وہ اپنے ارادہ کو پورا کرے گا اور اپنے بندہ
کا مددگار ہو گا۔
اگر یہ کہا جائے کہ احادیث صاف اور صریح لفظوں میں بتلا رہی ہیں کہ مسیح ابن مریم
آسمان سے اُترے گا اور دمشق کے منارہ شرقی کے پاس اُس کا اُترنا ہو گا اور دو فرشتوں کے ﴿۶۰﴾
کندھوں پر اُس کے ہاتھ ہوں گے تو اس مصرح اور واضح بیان سے کیوں کر انکار کیا جائے؟
اس کا جواب یہ ہے کہ آسمان سے اُترنا اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ سچ مچ خاکی وجود آسمان
سے اُترے بلکہ صحیح حدیثوں میں تو آسمان کا لفظ بھی نہیں ہے اور یوں تو نزول کا لفظ عام ہے جو
شخص ایک جگہ سے چل کر دوسری جگہ ٹھہرتا ہے اس کو بھی یہی کہتے ہیں کہ اُس جگہ اُترا ہے
جیسے کہا جاتا ہے کہ فلاں جگہ لشکر اُترا ہے یا ڈیرا اُترا ہے کیا اس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ لشکر
یا وہ ڈیرا آسمان سے اُترا ہے ماسوائے اس کے خدائے تعالیٰ نے تو قرآن شریف میں صاف
فرما دیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی آسمان سے ہی اُترے ہیں بلکہ ایک جگہ فرمایا
ہے کہ لوہا بھی ہم نے آسمان سے اُتارا ہے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ یہ آسمان سے اُترنا اُس

صورت اور رنگ کا نہیں ہے جس صورت پر لوگ خیال کر رہے ہیں اور باوجود عام
طور پر استعارات کے پائے جانے کے جن سے حدیثیں پُر ہیں۔ اور مکاشفات
اور رویاءِ صالحہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن سے بھری پڑی ہیں۔ پھر دمشق کے لفظ سے ﴿۶۱﴾
دمشق ہی مراد رکھنا دعویٰ بلا دلیل والتزام مالا یلزم ہے☆۔ اور یہ بھی یاد رکھنے کے لائق
ہے کہ خدائے تعالیٰ کی پیشگوئیوں میں بعض امور کا اخفا اور بعض کا اظہار ہوتا ہے اور ایسا ﴿۶۲﴾
ہونا شاذونادر ہے کہ من کل الوجوہ اظہار ہی ہو کیونکہ پیشگوئیوں میں حضرت باری تعالیٰ
کے ارادہ میں ایک قسم کی خلق اللہ کی آزمائش بھی منظور ہوتی ہے اور اکثر پیشگوئیاں اس
آیت کا مصداق ہوتی ہیں کہ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا[1] اسی وجہ سے ﴿۶۳﴾
ہمیشہ ظاہر پرست لوگ امتحان میں پڑ کر پیشگوئی کے ظہور کے وقت دھوکا کھا جاتے ہیں اور
زیادہ تر انکار کرنے والے اور حقیقت مقصودہ سے بے نصیب رہنے والے وہی لوگ
ہوتے ہیں کہ جو یہ چاہتے ہیں کہ حرف حرف پیشگوئی کا ظاہری طور پر جیسا کہ سمجھا ﴿۶۴﴾

☆ حاشیہ: استعارات جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاشفات اور خوابوں میں پائے جاتے ہیں وہ ﴿۶۱﴾
حدیثوں کے پڑھنے والوں پر مخفی اور پوشیدہ نہیں ہیں کبھی کشفی طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
اپنے ہاتھوں میں دو سونے کے کڑے پہنے ہوئے دکھائی دئے اور اُن سے دو کذاب مراد لئے
گئے جنہوں نے جھوٹے طور پر پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا اور کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی رؤیا
اور کشف میں گائیاں ذبح ہوتی نظر آئیں اور ان سے مراد وہ صحابہ تھے جو جنگ اُحد میں شہید
ہوئے اور ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک کشف میں دیکھا کہ ایک بہشتی خوشہ
انگور ابوجہل کے لئے آپکو دیا گیا ہے تو آخر اُس سے مراد عکرمہ نکلا اور ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو کشفی طور پر نظر آیا کہ گویا آپ نے ایک ایسی زمین کی طرف ہجرت کی ہے کہ وہ آپ کے ﴿۶۲﴾
خیال میں یمن✿ تھا مگر درحقیقت اس زمین سے مراد مدینہ منورہ تھا۔ ایسا ہی بہت سی نظیریں
دوسرے انبیاء کے مکاشفات میں پائی جاتی ہیں کہ بظاہر صورت اُن پر کچھ ظاہر کیا گیا اور دراصل
اس سے مراد کچھ اَور تھا سو انبیا کے کلمات میں استعارہ اور مجاز کا دخل ہونا کوئی شاذونادر امر نہیں ہے

[1] البقرۃ:۲۷ ✿ مراد یمامہ ہے مطابق صفحہ ۲۰۴۔ (ناشر)

گیا ہو پورا ہو جائے حالانکہ ایسا ہرگز نہیں ہوتا مثلاً مسیح کی نسبت بعض بائیل کی پیشگوئیوں میں
یہ درج تھا کہ وہ بادشاہ ہوگا لیکن چونکہ مسیح غریبوں اور مسکینوں کی صورت پر ظاہر ہوا اس لئے
﴿۶۵﴾ یہودیوں نے اس کو قبول نہ کیا اور اِس رد اور انکار کی وجہ صرف الفاظ پرستی تھی کہ انہوں
نے بادشاہت کے لفظ کو فقط ظاہر پر محمول کر لیا۔ ایسا ہی حضرت موسیٰ کی توریت میں
﴿۶۶﴾ ہمارے سیّد و مولیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت یہ پیشگوئی درج تھی کہ وہ بنی اسرائیل میں
سے اور اُن کے بھائیوں میں سے پیدا ہوگا اس لئے یہودی لوگ اس پیشگوئی کا منشا یہی سمجھتے
رہے کہ وہ بنی اسرائیل میں سے پیدا ہوگا حالانکہ بنی اسرائیل کے بھائیوں سے بنی اسماعیل مراد
﴿۶۷﴾ ہیں خدائے تعالیٰ قادر تھا کہ بجائے بنی اسرائیل کے بھائیوں کے بنی اسماعیل ہی لکھ دیتا

---

بقیہ حاشیہ

﴿۶۳﴾ اور نہ کوئی ایسی بات ہے کہ جو تصنع اور بناوٹ سے گھڑنی پڑتی ہے بلکہ یہ عادت انبیاء کی شائع متعارف ہے کہ وہ روح القدس سے پُر ہو کر مثالوں اور استعاروں میں بولا کرتے ہیں اور وحی الٰہی کو یہی طرز پسند آئی ہوئی ہے کہ اِس جسمانی عالم میں جو کچھ آسمان سے اُتارا جاتا ہے اکثر اس میں استعارات و مجازات پُر ہوتے ہیں عام طور پر جو ہر ایک فرد بشر کو کوئی نہ کوئی سچی خواب آجاتی ہے جو نبوت کا چھیالیسواں[۴۶] حصہ بیان کی گئی ہے اُس کے اجزا پر بھی اگر نظر ڈال کر دیکھو تو شاذ و نادر کوئی ایسی خواب ہوگی جو استعارات اور مجازات سے بکلی خالی ہو۔

اب یہ بھی جاننا چاہیئے کہ دمشق کا لفظ جو مسلم کی حدیث میں وارد ہے یعنی صحیح مسلم میں یہ جو لکھا ہے کہ حضرت مسیح دمشق کے منارہ سفید شرقی کے پاس اُتریں گے یہ لفظ ابتدا سے محقق لوگوں کو حیران کرتا چلا آیا ہے کیونکہ بظاہر کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ مسیح کو دمشق سے کیا مناسبت ہے اور دمشق کو مسیح سے کیا خصوصیت۔ ہاں اگر یہ لکھا ہوتا کہ مسیح مکّہ معظّمہ میں اُترے گا یا مدینہ منورہ میں نازل ہوگا تو ان ناموں کا ظاہر پر حمل کرنا موزوں بھی ہوتا۔ کیونکہ مکّہ معظّمہ خانہ خدا
﴿۶۴﴾ کی جگہ اور مدینہ منورہ رسول اللہ کا پایہ تخت ہے مگر دمشق میں تو کوئی ایسی خوبی کی بات نہیں جس کی وجہ سے تمام امکنہ متبرکہ چھوڑ کر نزول کے لئے صرف دمشق کو مخصوص کیا جائے۔ اِس جگہ بلاشبہ استعارہ کے طور پر کوئی مرادی معنے مخفی ہیں جو ظاہر نہیں کئے گئے اور یہ عاجز ابھی اس بات کی تفتیش کی طرف متوجہ نہیں ہوا تھا کہ وہ معنے کیا ہیں کہ اسی اثناء میں میرے ایک دوست

تا کروڑ ہا آدمی ہلاکت سے بچ جاتے مگر اُس نے ایسا نہیں کیا کیونکہ اس کو ایک عقدہ درمیان میں رکھ کر صادقوں اور کاذبوں کا امتحان منظور تھا اِسی بنا پر اور اِسی مدعا کی غرض سے تمثیل کے پیرایہ میں یا استعارہ کے طور پر بہت باتیں ہوتی ہیں جن پر نظر ڈالنے والے دو گروہ ہو جاتے ہیں ایک وہ گروہ کہ جو فقط ظاہر پرست اور ظاہر بین ہوتا ہے اور استعارات سے بکلی منکر ہو کر اُن پیشگوئیوں کے ظہور کو ظاہری صورت میں دیکھنا چاہتا ہے۔ یہ وہ گروہ ہے کہ جو وقت پر حقیقت حقہ کے ماننے سے اکثر بے نصیب اور محروم رہ جاتا ہے بلکہ سخت درجہ کی عداوت اور ﴿۶۸﴾ ﴿۶۹﴾

**بقیہ حاشیہ**

اور محبّ واثق مولوی حکیم نور الدین صاحب اس جگہ قادیان میں تشریف لائے اور انہوں نے اس بات کے لئے درخواست کی کہ جو مسلم کی حدیث میں لفظ دمشق و نیز اور ایسے چند مجمل الفاظ ہیں اُن کے انکشاف کے لئے جناب الٰہی میں توجہ کی جائے لیکن چونکہ ان دنوں میں میری طبیعت علیل اور دماغ ناقابل جدوجہد تھا اس لئے میں اُن تمام مقاصد کی طرف توجہ کرنے سے مجبور رہا صرف تھوڑی سی توجہ کرنے سے ایک لفظ کی تشریح یعنی دمشق کے لفظ کی حقیقت میرے پر کھولی گئی اور نیز ایک صاف اور صریح کشف میں مجھ پر ظاہر کیا گیا کہ ایک شخص حارث نام یعنی حرّاث آنے والا جو ابوداؤد کی کتاب میں لکھا ہے یہ خبر صحیح ہے اور یہ پیشگوئی اور مسیح کے آنے کی پیشگوئی درحقیقت یہ دونوں اپنے مصداق کی رُو سے ایک ہی ہیں۔ یعنی ان دونوں کا مصداق ایک ہی شخص ہے جو یہ عاجز ہے۔ ﴿۶۵﴾

سو اوّل میں دمشق کے لفظ کی تعبیر جو الہام کے ذریعہ سے مجھ پر کھولی گئی بیان کرتا ہوں پھر بعد اس کے ابوداؤد والی پیشگوئی جس طور سے مجھے سمجھائی گئی ہے بیان کروں گا۔

﴿۶۶﴾ پس واضح ہو کہ دمشق کے لفظ کی تعبیر میں میرے پر منجانب اللہ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس جگہ ایسے قصبہ کا نام دمشق رکھا گیا ہے جس میں ایسے لوگ رہتے ہیں جو یزیدی الطبع اور یزید پلید کی عادات اور خیالات کے پیرو ہیں جن کے دلوں میں اللہ اور رسول کی کچھ محبت نہیں اور احکام الٰہی کی کچھ عظمت نہیں جنہوں نے اپنی نفسانی خواہشوں کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور اپنے نفس امّارہ کے حکموں کے ایسے مطیع ہیں کہ مقدسوں اور پاکوں کا خون بھی اُن کی نظر میں سہل اور آسان امر ہے اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور خدائے تعالیٰ کا موجود ہونا اُن کی نگاہ میں ایک پیچیدہ مسئلہ ہے جو انہیں سمجھ نہیں آتا اور چونکہ طبیب کو

بغض اور کینہ تک نوبت پہنچتی ہے جس قدر دنیا میں ایسے نبی یا ایسے رسول آئے جن کی نسبت
پہلی کتابوں میں پیشگوئیاں موجود تھیں اُن کے سخت منکر اور اشد دشمن وہی لوگ ہوئے ہیں ﴿۷۰﴾
کہ جو پیشگوئیوں کے الفاظ کو اُن کی ظاہری صورت پر دیکھنا چاہتے تھے۔ مثلاً ایلیا نبی کا آسمان
سے اُترنا اور خلق اللہ کی ہدایت کے لئے دنیا میں آنا بائبل میں اس طرح پر لکھا ہے کہ ایلیا نبی
جو آسمان پر اُٹھایا گیا پھر دوبارہ وہی نبی دنیا میں آئے گا۔ اِن ظاہر الفاظ پر یہودیوں نے سخت ﴿۷۱﴾
پنجہ مارا ہوا ہے اور باوجودیکہ حضرت مسیح جیسے ایک بزرگوار نبی نے صاف صاف گواہی

بقیہ حاشیہ

بیماروں ہی کی طرف آنا چاہیے اس لئے ضرور تھا کہ مسیح ایسے لوگوں میں ہی نازل ہو۔ غرض مجھ پر یہ ظاہر
کیا گیا ہے کہ دمشق کے لفظ سے دراصل وہ مقام مراد ہے جس میں یہ دمشق والی مشہور خاصیت پائی جاتی ﴿۶۷﴾
ہے اور خدائے تعالیٰ نے مسیح کے اُترنے کی جگہ جو دمشق کو بیان کیا تو یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ
مسیح سے مراد وہ اصلی مسیح نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی بلکہ مسلمانوں میں سے کوئی ایسا شخص مراد
ہے جو اپنی روحانی حالت کی رو سے مسیح سے اور نیز امام حسین سے بھی مشابہت رکھتا ہے کیونکہ دمشق پایۂ
تخت یزید ہو چکا ہے اور یزیدیوں کا منصوبہ گاہ جس سے ہزارہا طرح کے ظالمانہ احکام نافذ ہوئے وہ
دمشق ہی ہے اور یزیدیوں کو اُن یہودیوں سے بہت مشابہت ہے جو حضرت مسیح کے وقت میں تھے ایسا
ہی حضرت امام حسین کو بھی اپنی مظلومانہ زندگی کی رو سے حضرت مسیح سے غایت درجہ کی مماثلت ہے پس
مسیح کا دمشق میں اُترنا صاف دلالت کرتا ہے کہ کوئی مثیل مسیح جو حسین سے بھی بوجہ مشابہت ان دونوں ﴿۶۸﴾
بزرگوں کی مماثلت رکھتا ہے یزیدیوں کی تنبیہ اور ملزم کرنے کے لئے جو مثیل یہود ہیں اُترے گا اور ظاہر
ہے کہ یزیدی الطبع لوگ یہودیوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔ یہ نہیں کہ دراصل یہودی ہیں اس لئے
دمشق کا لفظ صاف طور پر بیان کر رہا ہے کہ مسیح جو اُترنے والا ہے وہ بھی دراصل مسیح نہیں ہے بلکہ جیسا
کہ یزیدی لوگ مثیل یہود ہیں ایسا ہی مسیح جو اُترنے والا ہے وہ بھی مثیل مسیح ہے اور حسینی الفطرت ہے یہ
نکتہ ایک نہایت لطیف نکتہ ہے جس پر غور کرنے سے صاف طور پر کھل جاتا ہے کہ **دمشق کا لفظ محض استعارہ**
**کے طور پر** استعمال کیا گیا ہے۔ چونکہ امام حسین کا مظلومانہ واقعہ خدائے تعالیٰ کی نظر میں بہت عظمت ﴿۶۹﴾
اور وقعت رکھتا ہے اور یہ واقعہ حضرت مسیح کے واقعہ سے ایسا ہمرنگ ہے کہ عیسائیوں کو بھی اس میں

دی کہ وہ ایلیا جس کا آسمان سے اُترنا انتظار کیا جاتا ہے یہی یحیٰ زکریا کا بیٹا ہے کہ جو آپ
کا مرشد ہے لیکن یہودیوں نے قبول نہ کیا بلکہ انہی باتوں سے حضرت مسیح پر سخت ناراض ہو ﴿۷۲﴾
گئے اور حضرت مسیح کی نسبت یہ خیال کرنے لگے کہ وہ توریت کی عبارتوں کو اور اور معنے کر کے
بگاڑنا چاہتا ہے کیونکہ انہیں اپنے جسمانی خیال کی وجہ سے پختہ طور پر امید لگی ہوئی تھی چنانچہ ﴿۷۳﴾
ابھی تک وہی خیال خام دل میں ہے کہ سچ مچ ایلیا یہودیوں کی جماعت کے سامنے آسمان
سے اُترے گا اور فرشتے اُس کے دائیں بائیں اپنے ہاتھوں کا سہارا دے کر بیت المقدس کی

---

بقیہ حاشیہ

کلام نہیں ہوگی اس لئے خدائے تعالیٰ نے چاہا کہ آنے والے زمانہ کو بھی اس کی عظمت سے اور مسیحی مشابہت سے متنبہ کرے اس وجہ سے دمشق کا لفظ بطور استعارہ لیا گیا تا پڑھنے والوں کی آنکھوں کے سامنے وہ زمانہ آجائے جس میں لختِ جگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت مسیح کی طرح کمال درجہ کے ظلم اور جور و جفا کی راہ سے دمشقی اشقیا کے محاصرہ میں آکر قتل کئے گئے۔ سو خدائے تعالیٰ نے اس دمشق کو جس سے ایسے پُرظلم حکام نکلتے تھے اور جس میں ایسے سنگدل اور سیاہ درون لوگ پیدا ہو گئے تھے اس غرض سے نشانہ بنا کر لکھا کہ اب مثیل دمشق عدل اور ایمان
﴿۷۰﴾ پھیلانے کا ہیڈ کوارٹر ہوگا کیونکہ اکثر نبی ظالموں کی بستی میں ہی آتے رہے ہیں اور خدا تعالیٰ لعنت کی جگہوں کو برکت کے مکانات بناتا رہا ہے اس استعارہ کو خدائے تعالیٰ نے اس لئے اختیار کیا کہ تا پڑھنے والے دو فائدے اس سے حاصل کریں ایک یہ کہ امام مظلوم حسین رضی اللہ عنہ کا دردناک واقعہ شہادت جس کی دمشق کے لفظ میں بطور پیشگوئی اشارہ کی طرز پر حدیث نبوی میں خبر دی گئی ہے اس کی عظمت اور وقعت دلوں پر کھل جائے۔ دوسرے یہ کہ تا یقینی طور پر معلوم کر جاویں کہ جیسے دمشق میں رہنے والے دراصل یہودی نہیں تھے مگر یہودیوں کے کام انہوں نے کئے ایسا ہی جو مسیح اُترنے والا ہے دراصل مسیح نہیں ہے مگر مسیح کی روحانی حالت کا مثیل ہے اور اس
﴿۷۱﴾ جگہ بغیر اس شخص کے کہ جس کے دل میں واقعہ حسین کی وہ عظمت نہ ہو جو ہونی چاہیے ہر یک شخص اس دمشقی خصوصیت کو جو ہم نے بیان کی ہے بکمال انشراح ضرور قبول کر لے گا اور نہ صرف قبول بلکہ اس مضمون پر نظر امعان کرنے سے گویا حق الیقین تک پہنچ جائے گا اور حضرت مسیح کو جو امام حسین رضی اللہ عنہ سے تشبیہ دی گئی ہے یہ بھی استعارہ در استعارہ ہے جس کو ہم آگے چل کر بیان کریں گے

کسی اُونچی عمارت پر آکر اُتار دیں گے پھر کسی زینہ کے ذریعہ سے حضرت ایلیا نیچے ﴿۷۴﴾
اُتر آئیں گے اور یہودیوں کے تمام مخالفوں کو روئے زمین سے نابود کر ڈالیں گے
اور چونکہ اُن کی کتابوں میں جو کتب الہامیہ ہیں یہ بھی لکھا ہے کہ ضرور ہے کہ مسیح کے
آنے سے پہلے ایلیا آسمان سے اُترے اِسی دقت کی وجہ سے یعنی اِس سبب سے کہ
ایلیا اُن کے گمان میں اب تک آسمان سے نہیں اُترا مسیح ابن مریم پر وہ ایمان نہیں ﴿۷۵﴾
لائے اور صاف کہہ دیا کہ ہم نہیں جانتے کہ تو کون ہے کیونکہ وہ مسیح جس کی ہمیں
انتظار ہے ضرور ہے کہ اُس سے پہلے ایلیا آسمان سے اُتر کر اُس کی راہوں کو

حاشیہ

اب پہلے ہم یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر یہ ظاہر فرمادیا ہے کہ یہ قصبہ قادیان بوجہ اس کے کہ اکثر یزیدی الطبع لوگ اس میں سکونت رکھتے ہیں دمشق سے ایک مناسبت اور مشابہت رکھتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ تشبّہات میں پوری پوری تطبیق کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ بسا اوقات ایک ادنیٰ مماثلت کی وجہ سے بلکہ صرف ایک جزو میں مشارکت کے باعث سے ایک چیز ﴿۷۲﴾ کا نام دوسری چیز پر اطلاق کر دیتے ہیں مثلاً ایک بہادر انسان کو کہہ دیتے ہیں کہ یہ شیر ہے اور شیر نام رکھتے ہیں یہ ضروری نہیں سمجھا جاتا کہ شیر کی طرح اس کے پنجے ہوں اور ایسی ہی بدن پر پشم ہو اور ایک دُم بھی ہو بلکہ صرف صفت شجاعت کے لحاظ سے ایسا اطلاق ہو جاتا ہے اور عام طور پر جمیع انواع استعارات میں یہی قاعدہ ہے سو خدائے تعالیٰ نے اسی عام قاعدہ کے موافق اس قصبہ قادیان کو دمشق سے مشابہت دی اور اس بارہ میں قادیان کی نسبت مجھے یہ بھی الہام ہوا کہ اخرج منہ الیزیدیون یعنی اس میں یزیدی لوگ پیدا کئے گئے ہیں۔ اب اگرچہ میرا یہ دعویٰ تو نہیں اور نہ ایسی کامل تصریح سے خدائے تعالیٰ نے میرے پر کھول دیا ہے کہ دمشق میں کوئی مثیل مسیح پیدا نہیں ہوگا بلکہ میرے نزدیک ممکن ہے کہ کسی آئندہ زمانہ میں ﴿۷۳﴾ خاص کر دمشق میں بھی کوئی مثیل مسیح پیدا ہو جائے مگر خدائے تعالیٰ خوب جانتا ہے اور وہ اس بات کا شاہد حال ہے کہ اس نے قادیان کو دمشق سے مشابہت دی ہے اور ان لوگوں کی نسبت یہ فرمایا ہے کہ یہ یزیدی الطبع ہیں یعنی اکثر وہ لوگ جو اس جگہ رہتے ہیں وہ اپنی فطرت میں یزیدی لوگوں کی فطرت سے مشابہ ہیں اور یہ بھی مدت سے الہام ہو چکا ہے کہ انا انزلناہ قریبًا من القادیان وبالحق انزلناہ وبالحق نزل وکان وعد اللّٰہ مفعولًا یعنی ہم نے اُس کو

درست کرے۔ اس کے جواب میں ہر چند حضرت مسیح نے بہت زور دے کر انہیں کہا کہ وہ ایلیا ﴿۷۶﴾
جو آنے والا تھا یہی یحییٰ زکریا کا بیٹا ہے جس کو تم نے شناخت نہیں کیا لیکن یہودیوں نے
مسیح کے اس قول کو ہرگز قبول نہیں کیا بلکہ خیال کیا کہ یہ شخص توریت کی پیشگوئیوں میں الحاد
اور تحریف کر رہا ہے اور اپنے مرشد کو ایک عظمت دینے کے لئے ظاہری معنے کو کھینچ تان کر کچھ
کا کچھ بنا رہا ہے سو ظاہر پرستی کی شامت نے یہودیوں کو حقیقت فہمی سے محروم رکھا اور مجرد ﴿۷۷﴾
الفاظ پر زور مارنے اور استعارہ کو حقیقت سمجھنے کی وجہ سے ابدی لعنتوں کا ذخیرہ انہیں ملا

بقیہ حاشیہ

قادیان کے قریب اتارا ہے اور سچائی کے ساتھ اُتارا اور ایک دن وعدہ اللہ
کا پورا ہونا تھا۔ اس الہام پر نظر غور کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ قادیان میں خدائے تعالیٰ کی
طرف سے اس عاجز کا ظاہر ہونا الہامی نوشتوں میں بطور پیشگوئی کے پہلے سے لکھا گیا تھا۔ اب ﴿۷۴﴾
چونکہ قادیان کو اپنی ایک خاصیت کی رُو سے دمشق سے مشابہت دی گئی تو اس سے صاف معلوم
ہوتا ہے کہ قادیان کا نام پہلے نوشتوں میں استعارہ کے طور پر دمشق رکھ کر پیشگوئی بیان کی گئی
ہوگی کیونکہ کسی کتاب حدیث یا قرآن شریف میں قادیان کا نام لکھا ہوا نہیں پایا جاتا اور یہ
الہام جو براہین احمدیہ میں بھی چھپ چکا ہے بصراحت و بآواز بلند ظاہر کر رہا ہے کہ قادیان
کا نام قرآن شریف میں یا احادیث نبویہ میں بمد پیشگوئی ضرور موجود ہے اور چونکہ موجود نہیں
تو بجز اس کے اَور کس طرف خیال جاسکتا ہے کہ خدائے تعالیٰ نے قادیان کا نام قرآن شریف
یا احادیث نبویہ میں کسی اور پیرایہ میں ضرور لکھا ہوگا اور اب جو ایک نئے الہام سے یہ بات
بپایۂ ثبوت پہنچ گئی کہ قادیان کو خدائے تعالیٰ کے نزدیک دمشق سے مشابہت ہے تو اُس پہلے
الہام کے معنے بھی اس سے کھل گئے گویا یہ فقرہ جو اللہ جلّشانہٗ نے الہام کے طور پر اس عاجز کے ﴿۷۵﴾
دل پر القا کیا ہے کہ **انا انزلناہ قریبًا من القادیان** اس کی تفسیر یہ ہے کہ **انا انزلناہ
قریبا من دمشق بطرف شرقی عند المنارة البیضاء**. کیونکہ اس عاجز کی سکونتی جگہ
قادیان کے شرقی کنارہ پر ہے منارہ کے پاس۔ پس یہ فقرہ الہام الٰہی کا کہ **کان وعد اللّٰہ
مفعولًا** اس تاویل سے پوری پوری تطبیق کھا کر یہ پیشگوئی واقعی طور پر پوری ہو جاتی ہے اس
عبارت تک یہ عاجز پہنچا تھا کہ یہ الہام ہوا **قل لو کان الامر من عند غیر اللّٰہ لوجدتم**

حالانکہ وہ بجائے خود اپنے تئیں معذور سمجھتے تھے کیونکہ اُن کی بائبل کے ظاہری الفاظ پر نظر تھی۔ افسوس کہ ہمارے مسلمان بھائی بھی اسی گرداب میں پڑے ہوئے ہیں اور حضرت مسیح کی نسبت یہودیوں کی طرح اُن کے دلوں میں بھی یہی خیال جما ہوا ہے کہ ہم اُنہیں سچ مچ آسمان سے اُترتے دیکھیں گے اور یہ اعجوبہ ہم بچشم خود دیکھیں گے کہ حضرت مسیح زرد رنگ کی پوشاک پہنے ہوئے آسمان سے اُترتے چلے آتے ہیں اور دائیں بائیں فرشتے اُن کے ساتھ ہیں اور تمام بازاری لوگ اور دیہات کے آدمی ایک بڑے میلہ کی طرح اکٹھے ہوکر دور سے اُن کو دیکھ رہے ہیں اور ﴿۷۸﴾

**حاشیہ**

فیہ اختلافًا کثیرًا. قل لو اتبع اللّٰہ اھواء کم لفسدت السمٰوات والارض ومن فیھن ولبطلت حکمتہ وکان اللّٰہ عزیزًا حکیمًا. قل لو کان البحر مدادًا لکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولو جئنا بمثلہٖ مددًا. قلْ ان کنتم تحبون اللّٰہ فاتبعونی یحببکم اللّٰہ وکان اللّٰہ غفورا رحیما. پھر اس کے بعد ﴿۷۶﴾ الہام کیا گیا کہ ان علماء نے میرے گھر کو بدل ڈالا۔ میری عبادت گاہ میں ان کے چولہے ہیں میری پرستش کی جگہ میں اُن کے پیالے اور ٹھوٹھیاں رکھی ہوئی ہیں اور چوہوں کی طرح میرے نبی کی حدیثوں کو کتر رہے ہیں (ٹھوٹھیاں وہ چھوٹی پیالیاں ہیں جن کو ہندوستان میں سکوریاں کہتے ہیں۔ عبادت گاہ سے مراد اس الہام میں زمانہ حال کے اکثر مولویوں کے دل ہیں جو دنیا سے بھرے ہوئے ہیں)۔ اس جگہ مجھے یاد آیا کہ جس روز وہ الہام مذکورہ بالا جس میں قادیان میں نازل ہونے کا ذکر ہوا تھا اس روز کشفی طور پر میں نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب مرحوم مرزا غلام قادر میرے قریب بیٹھ کر باآواز بلند قرآن شریف پڑھ رہے ہیں اور پڑھتے پڑھتے انہوں نے اِن فقرات کو پڑھا کہ انا انزلناہ قریبًا من القادیان تو میں نے سنکر بہت تعجب کیا کہ ﴿۷۷﴾ کیا قادیان کا نام بھی قرآن شریف میں لکھا ہوا ہے؟ تب انہوں نے کہا کہ یہ دیکھو لکھا ہوا ہے تب میں نے نظر ڈال کر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت قرآن شریف کے دائیں صفحہ میں شاید قریب نصف کے موقع پر یہی الہامی عبارت لکھی ہوئی موجود ہے تب میں نے اپنے دل میں کہا کہ ہاں واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف میں درج ہے اور میں نے کہا کہ تین شہروں کا نام اعزاز کے ساتھ قرآن شریف میں درج کیا گیا ہے مکہ اور مدینہ اور قادیان یہ کشف تھا

چھوٹے بڑے چلا چلا کر کہہ رہے ہیں کہ وہ آئے وہ آئے یہاں تک کہ دمشق کے شرقی منارہ پر
اُتر آئے اور بذریعہ زینہ کے نیچے اتارے گئے اور ایک دوسرے سے سلام علیک اور مزاج پُرسی ﴿۸۰﴾
ہوئی۔ تعجب کہ یہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ دنیا میں کہ ایک دارالابتلا جگہ ہے ایسے معجزات ظہور
پذیر ہرگز نہیں ہوتے ورنہ دعوت اسلام ایمان بالغیب کی حد سے باہر ہو جائے۔ ہم پہلے اس
سے لکھ چکے ہیں کہ کفار مکہ نے اسی قسم کا کوئی معجزہ ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
افضل الرسل سے بھی مانگا تھا جن کو صاف یہ جواب دیا گیا کہ ایسا ہونا سنت اللہ سے باہر ہے

بقیہ حاشیہ

جو کئی سال ہوئے کہ مجھے دکھلایا گیا تھا اور اس کشف میں جو میں نے اپنے بھائی صاحب مرحوم کو
جو کئی سال سے وفات پا چکے ہیں قرآن شریف پڑھتے دیکھا اور اس الہامی فقرہ کو ان کی زبان سے
﴿۷۸﴾ قرآن شریف میں پڑھتے سنا تو اس میں یہ بھید مخفی ہے جس کو خدائے تعالیٰ نے میرے پر کھول دیا
کہ اُن کے نام سے اس کشف کی تعبیر کو بہت کچھ تعلق ہے یعنی اُن کے نام میں جو قادر کا لفظ آتا ہے
اس لفظ کو کشفی طور پر پیش کر کے یہ اشارہ کیا گیا ہے کہ یہ قادر مطلق کا کام ہے اس سے کچھ تعجب نہیں
کرنا چاہیے اس کے عجائبات قدرت اسی طرح پر ہمیشہ ظہور فرما ہوتے ہیں کہ وہ غریبوں اور حقیروں کو
عزت بخشتا ہے اور بڑے بڑے معززوں اور بلند مرتبہ لوگوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔ بڑے بڑے
علماء و فضلاء اس کے آستانہ فیض سے بکلی بے نصیب اور محروم رہ جاتے ہیں اور ایک ذلیل حقیر اُمی
جاہل نالائق منتخب ہو کر مقبولین کی جماعت میں داخل کر لیا جاتا ہے۔ ہمیشہ سے اس کی کچھ ایسی ہی
عادت ہے اور قدیم سے وہ ایسا ہی کرتا چلا آیا ہے۔ و ذالک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشآء.

﴿۷۹﴾ اب میں وہ حدیث جو ابوداؤد نے اپنی صحیح میں لکھی ہے ناظرین کے سامنے پیش کر کے اس
کے مصداق کی طرف ان کو توجہ دلاتا ہوں۔ سو واضح ہو کہ یہ پیشگوئی جو ابوداؤد کی صحیح میں
درج ہے کہ ایک شخص حارث نام یعنی حرّاث ماورائے نہر سے یعنی سمرقند کی طرف سے نکلے گا
جو آل رسول کو تقویت دے گا جس کی امداد اور نصرت ہر ایک مومن پر واجب ہوگی۔ الہامی
طور پر مجھ پر ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ پیشگوئی اور مسیح کے آنے کی پیشگوئی جو مسلمانوں کا امام اور
مسلمانوں میں سے ہوگا۔ دراصل یہ دونوں پیشگوئیاں متحد المضمون ہیں اور دونوں کا
مصداق یہی عاجز ہے۔ مسیح کے نام پر جو پیشگوئی ہے اس کی علامات خاصہ درحقیقت دو ہی ہیں

افسوس کہ ہماری قوم کے لوگ استعارات کو حقیقت پر حمل کر کے سخت پیچوں میں پھنس
گئے ہیں اور ایسی مشکلات کا سامنا اُنہیں پیش آ گیا ہے کہ اب اُن سے بآسانی نکلنا ﴿۸۱﴾
ان لوگوں کے لئے سخت دشوار ہے اور جو نکلنے کی راہیں ہیں وہ اُنہیں قبول نہیں
کرتے۔ مثلاً صحیح مسلم کی حدیث میں جو یہ لفظ موجود ہے کہ حضرت مسیح جب آسمان
سے اُتریں گے تو اُن کا لباس زرد رنگ کا ہوگا۔ اس لفظ کو ظاہری لباس پر حمل کرنا کیسا
لغو خیال ہے زرد رنگ پہننے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی لیکن اگر اس لفظ کو ایک کشفی
استعارہ قرار دے کر معبرین کے مذاق اور تجارب کے موافق اس کی تعبیر کرنا چاہیں

**بقیہ حاشیہ**

ایک یہ کہ جب وہ مسیح آئے گا تو مسلمانوں کی اندرونی حالت کو جو اُس وقت بغایت درجہ بگڑی ہوئی
ہوگی اپنی صحیح تعلیم سے درست کر دے گا اور اُن کے روحانی افلاس اور باطنی ناداری کو بکلّی دور فرما ﴿۸۰﴾
کر جواہرات علوم و حقائق و معارف اُن کے سامنے رکھ دے گا یہاں تک کہ وہ لوگ اس دولت کو
لیتے لیتے تھک جائیں گے اور اُن میں سے کوئی طالب حق روحانی طور پر مفلس اور نادار نہیں رہے گا
بلکہ جس قدر سچائی کے بھوکے اور پیاسے ہیں ان کو بکثرت طیّب غذا صداقت کی اور شربت شیریں
معرفت کا پلایا جائے گا اور علوم حقہ کے موتیوں سے اُن کی جھولیاں پُر کر دی جائیں گی اور جو مغز اور
لُبّ لُباب قرآن شریف کا ہے اس عطر کے بھرے ہوئے شیشے اُن کو دئے جائیں گے۔ ﴿۸۱﴾
دوسری علامت خاصہ یہ ہے کہ جب وہ مسیح موعود آئے گا تو صلیب کو توڑے گا اور خنزیروں
کو قتل کرے گا اور دجال یک چشم کو قتل کر ڈالے گا اور جس کافر تک اس کے دم کی ہوا پہنچے گی
وہ فی الفور مر جائے گا سو اس علامت کی اصل حقیقت جو روحانی طور پر مراد رکھی گئی ہے یہ ہے
کہ مسیح دنیا میں آ کر صلیبی مذہب کی شان و شوکت کو اپنے پیروں کے نیچے کچل ڈالے گا اور
اُن لوگوں کو جن میں خنزیروں کی بے حیائی اور خوکوں کی بے شرمی اور نجاست خواری ہے اُن ﴿۸۲﴾
پر دلائل قاطعہ کا ہتھیار چلا کر ان سب کا کام تمام کرے گا اور وہ لوگ جو صرف دنیا کی آنکھ
رکھتے ہیں مگر دین کی آنکھ بکلّی ندارد بلکہ ایک بدنما ٹینٹ اس میں نکلا ہوا ہے ان کو بیّن حجتوں
کی سیف قاطعہ سے ملزم کر کے اُن کی منکرانہ ہستی کا خاتمہ کر دے گا اور نہ صرف ایسے یک
چشم لوگ بلکہ ہر ایک کافر جو دین محمدیؐ کو بنظر استحقار دیکھتا ہے مسیحی دلائل کے جلالی دم سے
روحانی طور پر مارا جائے گا۔ غرض یہ سب عبارتیں استعارہ کے طور پر واقع ہیں جو اس عاجز پر

تو یہ معقول تعبیر ہوگی کہ حضرت مسیح اپنے ظہور کے وقت یعنی اس وقت میں کہ جب
وہ مسیح ہونے کا دعویٰ کریں گے کسی قدر بیمار رہوں گے اور حالت صحت اچھی نہیں
رکھتے ہوں گے کیونکہ کتبِ تعبیر کی رو سے زرد رنگ پوشاک پہننے کی یہی تاؔویل ﴿۸۲﴾
ہے اور ظاہر ہے کہ یہی تاویل عالم کشف اور رؤیا کی نہایت مناسب حال اور
سراسر معقول اور قریب قیاس ہے کیونکہ تعبیر کی کتابوں میں صاف لکھا ہے کہ اگر
کسی شخص کی عالم رؤیا یا عالم کشف میں زرد رنگ کی پوشاک دیکھی جائے تو اس کی
یہ تعبیر کرنی چاہیے کہ وہ شخص بیمار رہے یا بیمار ہونے والا ہے کاش اگر اس محققانہ مذاق

بقیہ حاشیہ

بخوبی کھولی گئؔی ہیں اب چاہے کوئی اس کو سمجھے یا نہ سمجھے لیکن آخر کچھ مدت اور انتظار کر کے اور اپنی ﴿۸۳﴾
بے بنیاد امیدوں سے یاس کلی کی حالت میں ہو کر ایک دن سب لوگ اس طرف رجوع کریں
گے۔ اِس وقت ان مسیحی علامات کو لکھتے لکھتے مجھے ایک رؤیا صالحہ اپنی یاد آ گئی ہے اور بامذاق
لوگوں کے مسرور الوقت کرنے کے لئے اُس کو میں اِس جگہ لکھتا ہوں:۔

ایک بزرگ غایت درجہ کے صالح جو مردان خدا میں سے تھے
اور مکالمہ الٰہیہ کے شرف سے بھؔی مشرف تھے اور بمرتبہ کمال اتباع ﴿۸۴﴾
سنت کرنے والے اور تقویٰ اور طہارت کے جمیع مراتب اور مدارج
کو ملحوظ اور مرعی رکھنے والے تھے اور اُن صادقوں اور راستبازوں
میں سے تھے جن کو خدائے تعالیٰ نے اپنی طرف کھینچا ہوا ہوتا ہے
اوؔر پرلے درجہ کے معمور الاوقات اور یاد الٰہی میں محو اور غریق اور ﴿۸۵﴾
اسی راہ میں کھوئے گئے تھے جن کا نام نامی عبد اللہ غزنوی تھا

کے موافق ہمارے مفسر اور محدث اس فقرہ کی یہی تاویل کرتے یعنی یہ کہتے کہ جب مسیح ظہور فرما کر اپنا مسیح موعود ہونا خلق اللہ پر ظاہر کرے گا تو اُس وقت اس کی صحت کی حالت اچھی نہیں ہوگی بلکہ ضرور کسی قسم کی علالت جسمانی اور ضعف بدنی اس کے شامل حال ہوگا جو اس کے ظہور کے لئے ایک خاص وردی کی طرح ایک علامت اور نشانی ہوگی تو ایسی تاویل کیا عمدہ اور لطیف اور سراسر راستی پر مبنی ہوتی لیکن افسوس کہ ہمارے علماء نے ایسا نہیں کیا بلکہ وہ تو اپنی نہایت سادگی اور خام خیالی کی وجہ سے بعینہٖ یہودیوں کی طرح انتظار کر رہے ہیں کہ سچ مچ مسیح ﴿۸۳﴾

بقیہ حاشیہ

ایک دفعہ میں نے اُس بزرگ باصفا کو خواب میں اُن کی وفات کے بعد دیکھا کہ سپاہیوں کی صورت پر بڑی عظمت اور شان کے ساتھ بڑے پہلوانوں کی مانند مسلح ہونے کی حالت میں کھڑے ہیں تب ﴿۸۶﴾
میں نے کچھ اپنے الہامات کا ذکر کر کے اُن سے پوچھا کہ مجھے ایک خواب آئی ہے اس کی تعبیر فرمایئے۔ میں نے خواب میں یہ دیکھا ہے کہ ایک تلوار میرے ہاتھ میں ہے جس کا قبضہ میرے پنجہ میں اور نوک آسمان تک پہنچی ہوئی ہے جب میں اس کو دائیں طرف چلاتا ﴿۸۷﴾
ہوں تو ہزاروں مخالف اس سے قتل ہو جاتے ہیں اور جب بائیں طرف چلاتا ہوں تو ہزارہا دشمن اس سے مارے جاتے ہیں تب حضرت عبد اللہ صاحب مرحوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس میری

جب آسمان سے اُترے گا تو ایک زرد رنگ کی پوشاک زعفران کے رنگ سے رنگین کی ہوئی
اس کے زیب تن ہوگی۔ کاش اگر اسے علماء کو کبھی ایسی خواب بھی آئی ہوتی کہ انہوں نے زرد
رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور پھر اس کے بعد بیمار بھی ہو جاتے تو آج اُن کی نگاہ میں
﴿۸۳﴾ ہماری یہ باتیں قابل قدر ٹھہرتیں لیکن مشکل تو یہ ہے کہ روحانی کوچہ میں اُن کو دخل ہی نہیں
یہودیوں کے علماء کی طرح ہر یک بات کو جسمانی قالب میں ڈھالتے چلے جاتے ہیں لیکن ایک
دوسرا گروہ بھی ہے جن کو خدائے تعالیٰ نے یہ بصیرت اور فراست عطا کی ہے کہ وہ آسمانی باتوں
کو آسمانی قانون قدرت کے موافق سمجھنا چاہتے ہیں اور استعارات اور مجازات کے قائل ہیں

بقیہ حاشیہ

﴿۸۸﴾ خواب کو سن کر بہت خوش ہوئے اور بشاشت اور انبساط اور انشراح
صدر کے علامات وامارات اُن کے چہرہ میں نمودار ہوگئے اور
فرمانے لگے کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ آپ سے بڑے
بڑے کام لے گا اور یہ جو دیکھا کہ دائیں طرف تلوار چلا کر مخالفوں
کو قتل کیا جاتا ہے اس سے مراد وہ اتمام حجت کا کام ہے کہ جو
﴿۸۹﴾ روحانی طور پر انوار وبرکات کے ذریعہ سے انجام پذیر ہوگا
اور یہ جو دیکھا کہ بائیں طرف تلوار چلا کر ہزارہا دشمنوں کو مارا
جاتا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کے ذریعہ سے عقلی طور پر
خدائے تعالیٰ الزام واسکات خصم کرے گا اور دنیا پر دونوں
﴿۹۰﴾ طور سے اپنی حجت پوری کر دے گا۔ پھر بعد اس کے انہوں نے

مگر افسوس کہ وہ لوگ بہت تھوڑے ہیں اور اکثر یہی جنس ہماری قوم میں بکشت☆ پھیلی ہوئی
ہے کہ جو جسمانی خیالات پر گرے جاتے ہیں نہیں سمجھتے کہ خدائے تعالیٰ کا عام قانونِ قدرت
﴿۸۵﴾ جو اس کی وحی اور اس کے مکاشفات سے متعلق ہے صریح صریح اُن کے زعم کے مخالف شہادت
دے رہا ہے صدہا مرتبہ خوابوں میں مشاہدہ ہوتا ہے کہ ایک چیز نظر آتی ہے اور دراصل اُس
سے مراد کوئی دوسری چیز ہوتی ہے۔ ایک شخص کو انسان خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ آ گیا اور
پھر صبح اس کا کوئی ہمرنگ آ جاتا ہے۔ انبیاء کی کلام میں تمثیل کے ساتھ یا استعارہ کے طور پر
بہت باتیں ہوتی ہیں دیکھو ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات
﴿۸۶﴾ اُمہات المومنین کو فرمایا تھا کہ تم میں سے پہلے اس کی وفات ہوگی جس کے ہاتھ لمبے ہوں گے

بقیہ حاشیہ

فرمایا کہ جب میں دنیا میں تھا تو میں اُمیدوار تھا کہ خدائے تعالیٰ
ضرور کوئی ایسا آدمی پیدا کرے گا پھر حضرت عبداللہ صاحب مرحوم
مجھ کو ایک وسیع مکان کی طرف لے گئے جس میں ایک جماعت
﴿۹۱﴾ راستبازوں اور کامل لوگوں کی بیٹھی ہوئی تھی لیکن سب کے سب مسلّح
اور سپاہیانہ صورت میں ایسی چستی کی طرز سے بیٹھے ہوئے معلوم
ہوتے تھے کہ گویا کوئی جنگی خدمت بجالانے کے لئے کسی ایسے حکم کے
منتظر بیٹھے ہیں جو بہت جلد آنے والا ہے پھر اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔
﴿۹۲﴾ یہ رویا صالحہ جو درحقیقت ایک کشف کی قسم ہے استعارہ کے طور پر انہیں علامات پر دلالت کر
رہے ہیں جو مسیح کی نسبت ہم ابھی بیان کر آئے ہیں یعنی مسیح کا خنزیروں کو قتل کرنا اور علی العموم تمام
کفار کو مارنا انہیں معنوں کی رو سے ہے کہ وہ حجت الٰہی اُن پر پوری کرے گا اور بیّنہ کی تلوار سے اُن کو

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' بکثرت '' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اوران تمام اہل بیت کو اس حدیث کے سننے سے یہی یقین ہو گیا تھا کہ درحقیقت لمبے ہاتھوں سے اُن کا لمبا ہونا ہی مراد ہے یہاں تک کہ آنجناب کی ان پاک دامن بیویوں نے باہم ہاتھ ناپنے شروع کئے لیکن جب سب سے پہلے زینب رضی اللہ عنہا نے وفات پائی تب انہیں سمجھ آیا کہ لمبے ہاتھوں سے ایثار اور سخاوت کی صفت مراد ہے جو زینب رضی اللہ عنہا پر سب کی ﴿۸۷﴾ نسبت زیادہ غالب تھی۔

اور یہ خیال کہ تناسخ کے طور پر حضرت مسیح بن مریم دنیا میں آئیں گے سب سے زیادہ ردّی اور شرم کے لائق ہے تناسخ کے ماننے والے تو ایسے شخص کا دنیا میں دوبارہ آنا تجویز کرتے ہیں جس کے تزکیہ نفس میں کچھ کسر رہ گئی ہو لیکن جو لوگ بکلّی مراحل کمالات طے کر کے اس دنیا سے سفر کرتے ہیں وہ بزعم اُن کے ایک مدت دراز کے لئے مکتی خانہ میں داخل کئے جاتے ہیں۔ ﴿۸۸﴾

**بقیہ حاشیہ**

﴿۹۳﴾ قتل کر دے گا وَاللّٰہ اَعْلَمُ بالصواب. اور حارث کے نام پر جو پیشگوئی ہے اُس کی علامات خاصہ پانچ بیان کی گئی ہیں۔ پہلی یہ کہ وہ نہ سیف کے ساتھ نہ سنان کے ساتھ بلکہ اپنی قوت ایمان کے ساتھ اور اپنے نور عرفان اور برکات بیان کے ساتھ حق کے طالبوں اور سچائی کے بھوکوں پیاسوں کو تقویت دے گا اور اپنی مخلصانہ شجاعت اور مومنانہ شہادتوں کی وجہ سے اُن کے قدم کو استوار کر دے گا اسی کے موافق جو مومنین قریش نے مکہ معظّمہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کو قبول کر کے اور اپنے سارے زور اور سارے اخلاص اور کامل ایمان کے آثار دکھلانے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بازوئے دعوت کو قوت دے دی تھی اور اسلام کے پیروں کو مکہ معظّمہ میں جما دیا تھا۔

﴿۹۴﴾ دوسری علامت یہ کہ وہ حارث اور وراء النہر میں سے ہو گا جس سے مطلب یہ ہے کہ سمرقندی یا بخاری الاصل ہو گا۔

تیسری علامت یہ ہے کہ وہ زمینداری کے ممیّز خاندان میں سے اور کھیتی کرنے والا ہو گا۔ چوتھی علامت یہ ہے کہ وہ ایسے وقت میں ظاہر ہو گا کہ جس وقت میں آل محمد یعنی اتقیائے مسلمین جو سادات قوم و شرفائے ملت ہیں کسی حامی دین اور مبارز میدان کے محتاج ہونگے۔ آل محمد کے لفظ میں ایک افضل اور طیب جز کو ذکر کر کے کل افراد جو پاکیزگی اور طہارت میں اس جز سے مناسبت رکھتے ہیں اسی کے اندر داخل کئے گئے ہیں جیسا کہ یہ عام طریقہ متکلّمین ہے کہ بعض اوقات ایک چیز☆ کو ذکر کر کے کل اُس سے مراد لیا جاتا ہے۔

﴿۹۵﴾ پانچویں علامت اس حارث کی یہ ہے کہ امیروں اور بادشاہوں اور باجمعیت لوگوں کی صورت پر

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ جز ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

ماسوائے اس کے ہمارے عقیدہ کے موافق خدائے تعالیٰ کا بہشتیوں کے لئے یہ وعدہ ہے کہ وہ کبھی اس سے نکالے نہیں جائیں گے پھر تعجب کہ ہمارے علماء کیوں حضرت مسیح کو اس فردوسِ بریں سے نکالنا چاہتے ہیں آپ ہی یہ قصے سناتے ہیں کہ حضرت ادریس جب فرشتہ ملک الموت سے اجازت لے کر بہشت میں داخل ہوئے تو ملک الموت نے چاہا کہ پھر باہر آویں لیکن حضرت ادریس نے باہر آنے سے انکار کیا اور یہ آیت سنادی وَ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ [1] اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا حضرت مسیح اس آیت سے فائدہ حاصل کرنے کے مستحق نہیں ہیں کیا یہ آیت اُن کے حق میں منسوخ کا حکم رکھتی ہے اور اگر یہ کہا جائے کہ وہ اس لئے اس تنزل کی حالت میں بھیجے جائیں گے کہ بعض لوگوں نے انہیں ناحق خدا بنایا تھا تو یہ اُن کا ﴿۸۹﴾

**بقیہ حاشیہ**

ظاہر نہیں ہوگا بلکہ اس اعلیٰ درجہ کے کام کی انجام دہی کے لئے اپنی قوم کی امداد کا محتاج ہوگا۔

اب اوّل ہم ابوداؤد کی حدیث کو اس کے اصل الفاظ میں بیان کرکے پھر جس قدر مناسب اور کافی ہو اپنی نسبت اس کا ثبوت پیش کریں گے سو واضح ہو کہ حدیث یہ ہے عن علی قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یخرج رجل من ورآء النھر یقال لہ الحارث حرّاث علٰی مقدمتہ رجل یقال لہٗ منصور یُوطن او یمکّن لاٰل محمد کما مکّنت قریش لرسول اللّٰہ صلعم وجبّ علٰی کلّ مؤمن نصرہٗ او قال اجابتہٗ ﴿۹۶﴾ یعنی روایت ہے علی کرم اللہ وجہہٗ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک شخص پیچھے نہر کے سے نکلے گا یعنی بخارا یا سمرقند اس کا اصل وطن ہوگا اور وہ حارث کے نام سے پکارا جاوے گا یعنی باعتبار اپنے آبا واجداد کے پیشہ کے افواہ عام میں یا اس گورنمنٹ کی نظر میں حارث یعنی ایک زمیندار کہلائے گا پھر آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کیوں حارث کہلائے گا اس وجہ سے کہ وہ حرّاث ہوگا یعنی ممیّز زمینداروں میں سے ہوگا اور کھیتی کرنے والوں میں سے ایک معزز خاندان کا آدمی شمار کیا جاوے گا۔ پھر اس کے بعد فرمایا کہ اس کے لشکر یعنی اس کی جماعت کا سردار و سرگروہ ایک توفیق یافتہ شخص ہوگا جس کو آسمان پر منصور کے ﴿۹۷﴾ نام سے پکارا جاوے گا کیونکہ خدائے تعالیٰ اس کے خادمانہ ارادوں کا جو اس کے دل میں ہوں گے آپ ناصر ہوگا۔ اس جگہ اگرچہ اُس منصور کو سپہ سالار کے طور پر بیان کیا ہے مگر

[1] الحجر :۴۹

قصور نہیں ہے لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى[1] ماسوائے اس کے یہ بات بھی
﴿۹۰﴾ نہایت غور کے قابل ہے کہ یہ خیال کہ سچ مچ مسیح بن مریم ہی بہشت سے نکل کر دنیا میں
آجائیں گے تصریحات قرآنیہ سے بکلی مخالف ہے۔ قرآن شریف تین جگہ حضرت مسیح
کا فوت ہو جانا کھلے کھلے طور پر بیان کرتا ہے اور حضرت مسیح کی طرف سے یہ عذر
پیش کرتا ہے کہ عیسائیوں نے جو انہیں اپنے زعم میں خدا بنایا تو اس سے مسیح پر کوئی
الزام نہیں کیونکہ وہ اس ضلالت کے زمانہ سے پہلے فوت ہو چکا تھا۔ غرض تعلیم قرآن
﴿۹۱﴾ تو یہ ہے کہ مسیح مدت سے فوت ہو چکا ہے اب اگر ہمارے علماء کو قرآن شریف کی
نسبت حدیثوں کے ساتھ زیادہ پیار ہے تو اُن پر یہ فرض ہے کہ احادیث کے ایسے
معنے کریں جن سے قرآن شریف کے مضمون کی تکذیب لازم نہ آوے میرے خیال میں

بقیہ حاشیہ

اس مقام میں درحقیقت کوئی ظاہری جنگ وجدل مراد نہیں ہے بلکہ یہ ایک روحانی فوج ہوگی کہ
اُس حارث کو دی جائیگی جیسا کہ کشفی حالت میں اس عاجز نے دیکھا کہ انسان کی صورت پر دو
شخص ایک مکان میں بیٹھے ہیں ایک زمین پر اور ایک چھت کے قریب بیٹھا ہے تب میں نے اس
شخص کو جو زمین پر تھا مخاطب کر کے کہا کہ مجھے ایک لاکھ فوج کی ضرورت ہے، مگر وہ چپ رہا اور
﴿۹۸﴾ اس نے کچھ بھی جواب نہ دیا تب میں نے اُس دوسرے کی طرف رُخ کیا جو چھت کے قریب اور
آسمان کی طرف تھا اور اُسے میں نے مخاطب کر کے کہا کہ مجھے ایک لاکھ فوج کی ضرورت ہے، وہ میری
اس بات کو سنکر بولا کہ ایک لاکھ نہیں ملے گی مگر پانچ ہزار سپاہی دیا جائے گا تب میں نے اپنے دل میں
کہا کہ اگرچہ پانچہزار تھوڑے آدمی ہیں پر اگر خدائے تعالیٰ چاہے تو تھوڑے بہتوں پر فتح پا سکتے ہیں
اس وقت میں نے یہ آیت پڑھی كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ[2] پھر
وہ منصور مجھے کشف کی حالت میں دکھایا گیا اور کہا گیا کہ خوشحال ہے مگر خدائے تعالیٰ
﴿۹۹﴾ کی کسی حکمت خفیہ نے میری نظر کو اُس کے پہچاننے سے قاصر رکھا لیکن امید رکھتا ہوں کہ کسی
دوسرے وقت دکھایا جائے۔ اب بقیہ ترجمہ حدیث کا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ
وہ حارث جب ظاہر ہوگا تو وہ آل محمد کو (آل محمد کے فقرہ کی تفسیر بیان ہو چکی ہے) قوت اور استواری
بخشے گا اور ان کی پناہ ہو جائے گا یعنی ایسے وقت میں کہ جب مومنین غربت کی حالت میں ہوں گے

[1] الانعام:۱۶۵ [2] البقرة :۲۵۰

جہاں تک میں سوچتا ہوں یقینی طور پر یہ بات منتقش ہے کہ اب تک ہمارے مولویوں نے حدیثوں کو قرآن کے ساتھ تطبیق دینے کے لئے ایک ذرّہ توجہ مبذول نہیں فرمائی جس طرف
﴿۹۲﴾ کسی اتفاق سے خیالؔ کا رجوع ہوگیا اُسی پر زور دیتے چلے گئے ہیں۔ میں یقیناً جانتا ہوں کہ ہمارے علماء کے لئے یہ امر کچھ سہل یا آسان بات نہیں کہ وہ قرآن شریف اور اپنے خیالات میں جو ظواہر الفاظ حدیثوں سے انہوں نے پیدا کئے ہیں تطبیق و توفیق کر کے دکھلا سکیں بلکہ جس وقت وہ اس طرف متوجہ ہوں گے تو اُن کا نور قلب یا یوں کہو کہ کانشنس خود انہیں ملزم کرے گا کہ وہ اُن خیالات کو جو جسمانی طور پر اُن کے دلوں میں منقش ہیں ہرگز ہرگز نصوص بیّنہ قرآنیہ سے مطابق نہیں کر سکتے اور نہ قرآن شریف کی اُن آیات میں کوئی راہ تاویل کی کھول سکتے ہیں اور

**بقیہ حاشیہ**

اور دین اسلام بیکس کی طرح پڑا ہوگا اور چاروں طرف سے مخالفوں کے حملے شروع ہوں گے۔ یہ شخص اسلام کی عزت قائم کرنے کے لئے بقوت تمام اُٹھے گا اور مومنین کو جہال کی زبان سے بچانے کے لئے بجوش ایمان کھڑا ہوگا اور نور عرفان کی روشنی سے طاقت پا کر انکو مخالفوں کے حملوں سے بچائے گا اور اُن
﴿۱۰۰﴾ سبؔ کو اپنی حمایت میں لے لے گا اور ایسا انہیں ٹھکانا دے گا جیسے قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا تھا یعنی دشمن کے ہر ایک الزام اور ہر یک باز پُرس اور ہر یک طلب ثبوت کے وقت میں سب مومنوں کے لئے سپر کی طرح ہو جائے گا اور اپنے اُس قوی ایمان سے جو نبی کی اتباع سے اُس نے حاصل کیا ہے صدیق اور فاروق اور حیدر کی طرح اسلامی برکتوں اور استقامتوں کو دکھلا کر مومنوں کے امن میں آجانے کا موجب ہوگا۔ ہر یک مومن پر واجب ہے جو اس کی مدد کرے یا یہ کہ اس کو قبول کر لیوے۔ یہ اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ایک ایسا عظیم الشان سلسلہ اس حارث کے سپرد کیا جائے
﴿۱۰۱﴾ گا جس میں قوم کی امداد کی ضرورت ہوگی۔ جیسا کہ ہمؔ رسالہ فتح اسلام میں اس سلسلہ کی پانچوں شاخوں کا مفصل ذکر کر آئے ہیں اور نیز اس جگہ یہ بھی اشارتاً سمجھایا گیا ہے کہ وہ حارث بادشاہوں یا امیروں میں سے نہیں ہوگا تا ایسے مصارف کا اپنی ذات سے متحمل ہو سکے اور اس تاکید شدید کے کرنے سے اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اُس حارث کے ظہور کے وقت جو مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کرے گا لوگ امتحان میں پڑ جائیں گے اور بہتیرے اُن میں سے مخالفت پر کھڑے ہوں گے اور مدد دینے سے روکیں گے بلکہ کوشش کریں گے کہ

یہ بات خود ظاہر ہے کہ جب کوئی حدیث اپنے کسی مفہوم کی رو سے قرآن شریف کے بیّنات
سے مخالف واقع ہو تو قرآن شریف پر ایمان لانا مقدم ہے کیونکہ حدیث کا مرتبہ قرآن شریف
کے مرتبہ سے ہرگز مساوی نہیں اور جو کچھ حدیثوں کے بارہ میں ایسے احتمال پیدا ہو سکتے ہیں جو ﴿۹۳﴾
حدیثوں کے وثوق کے درجہ کو کمزور کریں ان احتمالوں میں سے ایک بھی قرآن شریف کی
نسبت عائد نہیں ہو سکتا پس کیوں نہ ہم ہر حال میں قرآن شریف کو ہی مقدم رکھیں جس کی صحت
پر تمام قوم کو اتفاق اور جس کے محفوظ چلے آنے کے لئے اعلیٰ درجہ کے دلائل ہمارے پاس ہیں
اور ہمارے علماء پر یہ بات لازم و واجب ہے کہ قبل اس کے کہ اس بارہ میں اس عاجز پر کوئی ﴿۹۴﴾
اعتراض کریں پہلے قرآن شریف اور احادیث کے مضامین میں پوری پوری تطبیق و توفیق کر کے

بقیہ حاشیہ

اس کی جماعت متفرق ہو جائے اس لئے آنحضرت صلعم پہلے سے تاکید کرتے ہیں کہ اے مومنو تم پر
اُس حارث کی مدد واجب ہے ایسا نہ ہو کہ تم کسی کے بہکانے سے اس سعادت سے محروم رہ جاؤ۔
اس جگہ جو پیغمبر خدا صلعم نے بیان فرمایا جو مومنوں کو اُس کے ظہور سے قوت پہنچے گی اور اس کے
میدان میں کھڑے ہو جانے سے اس تفرقہ زدہ جماعت میں ایک استحکام کی صورت پیدا ہو جائے گی
اور وہ سپر کی طرح اُن کے لئے ہو جائے گا اور اُن کے قدم جم جانے کا موجب ہوگا جیسا کہ مکہ
میں اسلام کے قدم جمنے کے لئے صحابہ کبار موجب ہو گئے تھے یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ
تیغ اور تبر سے حمایت اسلام نہیں کرے گا اور نہ اس کام کے لئے بھیجا جائے گا کیونکہ مکہ میں بیٹھ کر ﴿۱۰۲﴾
جو مومنین قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت کی تھی جس حمایت میں کوئی دوسری قوم کا آدمی
اُن کے ساتھ شریک نہیں تھا الّا شاذ و نادر وہ صرف ایمانی قوت اور عرفانی طاقت کی حمایت تھی نہ
کوئی تلوار میان سے نکالی گئی تھی اور نہ کوئی نیزہ ہاتھ میں پکڑا گیا تھا بلکہ ان کو جسمانی مقابلہ کرنے سے
سخت ممانعت تھی صرف قوت ایمانی اور نور عرفان کے چمکدار ہتھیار اور اُن ہتھیاروں کے جوہر جو صبر
اور استقامت اور محبت اور اخلاص اور وفا اور معارف الٰہیہ اور حقائق عالیہ دینیہ اُن کے پاس موجود
تھے لوگوں کو دکھلاتے تھے گالیاں سنتے تھے جان کی دھمکیاں دئے کر ڈرائے جاتے تھے اور سب طرح ﴿۱۰۳﴾
کی ذلتیں دیکھتے تھے پر کچھ ایسے نشۂ عشق میں مدہوش تھے کہ کسی خرابی کی پروا نہیں رکھتے تھے اور کسی بلا
سے ہراساں نہیں ہوتے تھے۔ دنیوی زندگی کے رو سے اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

دکھلا ویں اور معقول طور پر ہمیں سمجھا ویں کہ جس حالت میں قرآن شریف کھلے کھلے طور پر
حضرت مسیح کے وفات پا جانے کا قائل ہے تو پھر باوجود اُن کے وفات پا جانے اور
بہشت میں داخل ہو جانے کے پھر کیوں کر اُن کا وہ جسم جو بموجب نص قرآنی کے زمین
میں دفن ہو چکا آسمان سے اُتر آئے گا اور اس جگہ صرف قرآن شریفؔ ہی اُن کے ﴿۹۵﴾
مدعا کے منافی نہیں بلکہ احادیث صحیحہ ہی سخت منافی و مبائن پڑی ہیں مثلاً بخاری کی یہ
حدیث کہ جو **امامکم منکم** ہے اگر تاویلات کے شکنجہ پر نہ چڑھائی جاوے اور
جیسا کہ ظاہر الفاظ حدیث کے ہیں انہیں کے موافق معنے لئے جائیں تو صاف نظر آ رہا ہے
کہ اس حدیث کے ظاہر ظاہر یہی معنے ہیں کہ وہ تمہارا امام ہوگا اور تم میں سے ہی ہوگا
یعنی ایک مسلمان ہوگا نہ یہ کہ سچ مچ حضرت مسیح ابن مریم جسؔ پر انجیل نازل ہوئی ہے ﴿۹۶﴾

حاشیہ

پاس کیا رکھا تھا جس کی توقع سے وہ اپنی جانوں اور عزتوں کو معرض خطر میں ڈالتے اور اپنی قوم
سے پرانے اور پُر نفع تعلقات کو توڑ لیتے اُس وقت تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر تنگی اور عُسر اور
کس نپرسد اور کس نشناسد کا زمانہ تھا اور آئندہ کی امیدیں باندھنے کے لئے کسی قسم کے قرائن
وعلامات موجود نہ تھے سوانہوں نے اس غریب درویش کا (جو دراصل ایک عظیم الشان بادشاہ تھا) ایسےؔ ﴿۱۰۴﴾
نازک زمانہ میں وفاداری کے ساتھ محبت اور عشق سے بھرے ہوئے دل سے جو دامن پکڑا جس زمانہ
میں آئندہ کے اقبال کی تو کیا امید خود اس مردِ مصلح کی چندروز میں جان جاتی نظر آتی تھی یہ وفاداری
کا تعلق محض قوت ایمانی کے جوش سے تھا جس کی مستی سے وہ اپنی جانیں دینے کے لئے ایسے کھڑے
ہو گئے جیسے سخت درجہ کا پیاسا چشمہ شیریں پر بے اختیار کھڑا ہو جاتا ہے۔ سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
فرماتے ہیں کہ اسی طرح جو وہ حارث آئے گا تو وہ مومنین کو تیر و تبر سے مدد نہیں دے گا بلکہ مومنین
قریش کی اس مخصوص حالت اور اس مخصوص ماجرا کی طرح جو مکہ میں اُن پر گذرتا تھا جبکہ اُن کے
ساتھ دوسری قوموں میں سےؔ کوئی نہ تھا اور نہ ہتھیار استعمال کئے جاتے تھے بلکہ صرف قوت ایمانی اور ﴿۱۰۵﴾
نور عرفانی کی چمکاریں گفتار اور کردار سے دکھلا رہے تھے اور انہیں کے ذریعہ سے مخالفوں پر اثر ڈال
رہے تھے یہی طریق اس حارث کا بھی مومنوں کو اپنی پناہ میں لانے کے بارہ میں ہوگا کہ وہ اپنی قوت
ایمانی اور نور عرفانی کے آثار وانوار دکھلا کر مخالفین کے منہ بند کرے گا اور مستعد دلوں پر اس کا اثر ڈالے
گا اور اس کی قوت ایمانی اور نور عرفانی کا چشمہ جیسا شجاعت و استقامت و صدق و صفا و محبت و وفا کی

جس کو ایک الگ اُمت دی گئی آسمان سے اُتر آئے گا۔ اس جگہ یاد رکھنا چاہیے کہ امام محمد اسمٰعیل صاحب جو اپنی صحیح بخاری میں آنے والے مسیح کی نسبت صرف اس قدر حدیث بیان کر کے چپ کر گئے کہ **امامکم منکم**۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ دراصل حضرت اسمٰعیل بخاری صاحب کا یہی مذہب تھا کہ وہ ہرگز اس بات کے قائل نہ تھے کہ سچ مچ مسیح ابن مریم آسمان سے اُتر آئے گا بلکہ انہوں نے اس فقرہ میں جو **امامکم منکم** ہے صاف اور صریح طور پر اپنا ﴿۹۷﴾ مذہب ظاہر کر دیا ہے ایسا ہی حضرت بخاری صاحب نے اپنی صحیح میں معراج کی حدیث میں جو ہمارے سیّد و مولیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کا حال دوسرے انبیا سے آسمانوں پر لکھا ہے تو اس جگہ حضرت عیسیٰ کا کوئی خاص طور پر مجسم ہونا ہرگز بیان نہیں کیا بلکہ جیسے حضرت ابراہیمؑ

**بقیہ حاشیہ**

رو سے بہتا ہوگا ایسا ہی روحانی امور کے بیان کرنے اور روحانی اور عقلی حجتوں کو مخالفوں پر ﴿۱۰۶﴾ پورا کرنے کے لئے بڑے زور سے رواں ہوگا اور وہ چشمہ اُسی چشمہ کا ہمرنگ ہوگا جو قریش کے مقدس بزرگوں صدیقؓ اور فاروقؓ اور علی مرتضیٰؓ کو ملا تھا جن کے ایمان کو آسمان کے فرشتے بھی تعجب کی نگہ سے دیکھتے تھے اور جن کے صافی عرفان میں سے اس قدر علوم و انوار و برکات و شجاعت و استقامت کے چشمے نکلے تھے کہ جس کا اندازہ کرنا انسان کا کام نہیں سو ہمارے سیّد و مولیٰ فرماتے ہیں کہ وہ حارث بھی جب آئے گا تو اسی ایمانی چشمہ و عرفانی منبع کے ذریعہ سے قوم کے پودوں کی آبپاشی کرے گا اور اُن کے مرجھائے ہوئے دلوں کو پھر تازہ کر ﴿۱۰۷﴾ دے گا اور مخالفوں کے تمام بے جا الزاموں کو اپنی صداقت کے پیروں کے نیچے کچل ڈالے گا تب اسلام پھر اپنی بلندی اور عظمت دکھائے گا اور بے حیا خنزیر قتل کئے جاویں گے اور مومنین کو وہ عزت کی کرسی مل جائے گی جس کے وہ مستحق تھے۔ الغرض حدیث نبوی کی یہ تشریح ہے جو اس جگہ ہم نے بیان کر دی اور اسی کی طرف وہ الہام اشارہ کرتا ہے جو براہین احمدیہ میں درج ہو چکا ہے۔ **بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں برمنار بلندتر محکم افتاد**۔ اور اسی کی طرف وہ الہام بھی اشارہ کرتا ہے جو اس عاجز کی نسبت بحوالہ ایک حدیث نبوی کے جو پیشگوئی کے ﴿۱۰۸﴾ طور پر اس عاجز کے حق میں ہے خدائے تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے جو براہین میں درج ہے اور وہ یہ ہے **لوکان الایمان معلّقًا بالثّریا لنالہ رجل من فارس انّ الذین**

اور حضرت موسیٰؑ کی روح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کا ذکر کیا ہے۔ ایسا ہی بغیر ﴿۹۸﴾
ایک ذرہ فرق کے حضرت عیسیٰ کی روح سے ملاقات ہونا بیان کیا ہے بلکہ حضرت موسیٰ کی
روح کا کھلے کھلے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنا مفصّل طور پر لکھا ہے پس اس
حدیث کو پڑھ کر کچھ شک نہیں ہوسکتا کہ اگر حضرت مسیح جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اٹھائے
گئے ہیں تو پھر ایسا ہی حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ وغیرہ انبیاء بھی اس جسم کے ساتھ اُٹھائے ﴿۹۹﴾
گئے ہوں گے کیونکہ معراج کی رات میں وہ سب نبی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ہی رنگ
میں آسمانوں پر نظر آئے ہیں یہ نہیں کہ کوئی خاص وَردی یا کوئی خاص علامت مجسم اٹھائے
جانے کی حضرت مسیح میں دیکھی ہو اور دوسرے نبیوں میں وہ علامت نہ پائی گئی ہو۔ تمام حدیثوں
کے پڑھنے والے اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی

بقیہ حاشیہ

کفروا وصدّوا عن سبیل اللّٰہ ردّ علیھم رجل من فارس شکراللّٰہ سعیہ خذوا
التوحید التوحید یاابناء الفارس۔ اس الہام میں صریح اور صاف طور پر بیان کیا گیا ہے کہ
وہ فارسی الاصل جس کا دوسرا نام حارث بھی ہے بڑی خصوصیت یہ رکھتا ہے کہ اس کا ایمان نہایت ﴿۱۰۹﴾
درجہ کا قوی ہے اگر ایمان ثریا میں بھی ہوتا تو وہ مرد وہیں اس کو پالیتا خدا اس کا شکرگزار ہے کہ اس نے
دین اسلام کے منکروں کے سب الزامات وشبہات کو رد کیا اور حجت کو پورا کر دیا توحید کو پکڑو توحید کو
پکڑو اے ابنائے فارس یعنی توحید کی راہیں صاف کرو اور توحید سکھلاؤ اور توحید جو دنیا سے گری جاتی
اور گم ہوتی جاتی ہے اس کو پکڑ لو کہ یہی سب سے مقدّم ہے اور اسی کو لوگ بھول گئے اور اس جگہ
اِبْن کی جگہ جو اَبْناء کا لفظ اختیار کیا گیا حالانکہ مخاطب صرف ایک شخص ہے یعنی یہ عاجز۔ یہ بطور
اعزاز کے حضرت باری تعالیٰ کی طرف سے ہے جیسا کہ بعض حدیثوں میں بجائے اس حدیث ﴿۱۱۰﴾
کے کہ لو کان الایمان معلقًا بالثریا لنالہ رجل من فارس ہے رجال من فارس

رات میں جن جن نبیوں سے ملاقات کی اُن سب کا ایک ہی طرز اور ایک ہی طور پر حال بیان کیا ﴿۱۰۰﴾
ہے حضرت مسیح کی کوئی خصوصیت بیان نہیں فرمائی۔ کیا یہ مقام علماء کے توجہ کرنے کے لائق نہیں؟

ایک نہایت لطیف نکتہ جو سورۃ القدر کے معانی پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اس سورۃ میں صاف اور صریح لفظوں میں فرما دیا ہے کہ جس وقت کوئی آسمانی مصلح زمین پر آتا ہے تو اس کے ساتھ فرشتے آسمان سے اُتر کر مستعد لوگوں کو حق کی ﴿۱۰۱﴾
طرف کھینچتے ہیں پس اِن آیات کے مفہوم سے یہ جدید فائدہ حاصل ہوتا ہے کہ اگر سخت ضلالت اور غفلت کے زمانہ میں یک دفعہ ایک خارق عادت طور پر انسانوں کے قویٰ میں خود بخود مذہب کی تفتیش کی طرف حرکت پیدا ہونی شروع ہو جائے تو وہ اس بات کی علامت ہوگی کہ کوئی

---

حاشیہ

لکھا ہے وہ بھی درحقیقت اسی اعزاز کے ارادہ سے ہے ورنہ ہر جگہ درحقیقت رجل ہی مراد ہے اس تمام تحقیق سے معلوم ہوا کہ حارث کی نسبت یہی عمدہ علامت احادیث میں ہے کہ ایمانی نمونہ لے کر دنیا میں آئے گا اور اپنی قوت ایمانی کی شاخیں اور اُن کے پھل ظاہر کر کے ضعیفوں کو تقویت بخشے گا اور کمزوروں کو سنبھال لے گا اور اپنی صداقت کی شعاعوں سے شپّر سیرت مخالفوں کو خیرہ کر دے گا لیکن مومنوں کے لئے آنکھ کی روشنی اور کلیجے کی ٹھنڈک کی طرح سکینت اور اطمینان ﴿۱۱۱﴾
اور تسلی کا موجب ہوگا اور ایمانی معارف کا معلّم بن کر ایمانی روشنی کو قوم میں پھیلائے گا۔ اور ہم رسالہ فتح اسلام میں ظاہر کر آئے ہیں کہ درحقیقت مسیح بھی ایک ایمانی معارف کا سکھلانے والا اور ایمانی معلم تھا اور یہ بھی ظاہر کر آئے ہیں کہ مسیح بھی ظاہری لڑائیوں کے لئے نہیں آئے گا بلکہ بخاری نے یضع الحرب اس کی علامت لکھی ہے اور یہ کہ اُس کا قتل کرنا اپنے دم کی ہوا سے ہوگا نہ تلوار سے یعنی موجہ باتوں سے روحانی طور پر قتل کرے گا۔ سو مسیح اور حارث کا ان دونوں علامتوں میں شریک ہونا اس بات پر پختہ دلیل ہے کہ حارث اور مسیح موعود دراصل ایک ہی ہیں ﴿۱۱۲﴾
اور یہ حارث موعود کی پہلی علامت ہے جو ہم نے لکھی ہے یعنی یہ کہ وہ نہ سیف کے ساتھ نہ سنان کے ساتھ بلکہ اپنی قوت ایمان کے ساتھ اور اپنے انوار عرفان کے ساتھ اپنی قوم کو تقویت دے گا جیسے قریش نے یعنی صدیقؓ و فاروقؓ و حیدر کرارؓ و دیگر مومنین مکہ نے انہیں صفات استقامت کے ساتھ

﴿۱۰۲﴾ آسمانی مصلح پیدا ہوگیا ہے کیونکہ بغیر روح القدس کے نزول کے وہ حرکت پیدا ہونا ممکن نہیں اور وہ حرکت حسب استعداد و طبائع دو قسم کی ہوتی ہے حرکت تامہ اور حرکت ناقصہ۔ حرکت تامہ وہ حرکت ہے جو روح میں صفائی اور سادگی بخش کر اور عقل اور فہم کو کافی طور پر تیز کر کے روبحق کر دیتی ہے۔ اور حرکت ناقصہ وہ ہے جو روح القدس کی تحریک سے عقل اور فہم تو کسی قدر تیز ہو جاتا ہے مگر بباعث عدم سلامت استعداد کے وہ روبحق نہیں ہوسکتا بلکہ مصداق اس آیت کا

﴿۱۰۳﴾ ہو جاتا ہے کہ فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ مَّرَضٌ فَزَادَہُمُ اللّٰہُ مَرَضًا [۱] یعنی عقل اور فہم کے جنبش میں آنے سے پچھلی حالت اُس شخص کی پہلی حالت سے بدتر ہو جاتی ہے جیسا کہ تمام نبیوں کے وقت میں یہی ہوتا رہا کہ جب اُن کے نزول کے ساتھ ملائک کا نزول ہوا تو ملائکہ کی اندرونی تحریک سے ہر یک طبیعت عام طور پر جنبش میں آ گئی تب جو لوگ راستی کے فرزند تھے وہ

**بقیہ حاشیہ**

دین احمدی کے مکہ معظّمہ میں قدم جما دئے تھے۔

اس پہلی علامت کا ثبوت اس عاجز کی نسبت ہر یک غور کرنے والے پر ظاہر ہوگا کہ یہ عاجز اسی قوتِ ایمانی کے جوش سے عام طور پر دعوت اسلام کے لئے کھڑا ہوا اور بارہ ہزار کے

﴿۱۱۳﴾ قریب اشتہارات دعوت اسلام رجسٹری کرا کر تمام قوموں کے پیشواؤں اور امیروں اور والیانِ ملک کے نام روانہ کئے یہانتک کہ ایک خط اور ایک اشتہار بذریعہ رجسٹری گورنمنٹ برطانیہ کے شہزادہ ولی عہد کے نام بھی روانہ کیا اور وزیر اعظم تخت انگلستان گلیڈسٹون کے نام بھی ایک پرچہ اشتہار اور خط روانہ کیا گیا۔ ایسا ہی شہزادہ بسمارک کے نام اور دوسرے نامی امراء کے نام مختلف ملکوں میں اشتہارات و خطوط روانہ کئے گئے جن سے ایک صندوق پُر ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ کام بجُز قوت ایمانی کے انجام پذیر نہیں ہوسکتا۔ یہ بات خودستائی کے طور پر نہیں بلکہ حقیقت

﴿۱۱۴﴾ نمائی کے طور پر ہے تا حق کے طالبوں پر کوئی بات مشتبہ نہ رہے۔ ماسوا اس کے قوت ایمانی کے انوار جو تائیداتِ غیبیہ کے پیرایہ میں بطور خارق عادت ظاہر ہوتے ہیں جو خدائے تعالیٰ کے فضل و رحم اور قرب پر دلالت کرتے ہیں اُن کے بارے میں بھی انہیں اشتہارات میں لکھا گیا ہے جو بباعث قوت ایمانی و قدم بر صراط مستقیم یہ سب نعمتیں اس عاجز کو خاص طور پر عطا کی گئی ہیں کسی مخالف مذہب کو یہ مرتبہ ہرگز حاصل نہیں اگر ہے تو وہ مقابلہ کے لئے کھڑا ہووے اور اپنی

[۱] البقرۃ:۱۱

اُن راستبازوں کی طرف کھنچے چلے آئے اور جو شرارت اور شیطان کی ذرّیت تھے وہ اس تحریک سے ﴿۱۰۴﴾
خوابِ غفلت سے جاگ تو اُٹھے اور دینیات کی طرف متوجہ بھی ہوگئے لیکن بباعث نقصان استعداد حق کی طرف رخ نہ کر سکے سو فعل ملائک کا جو ربانی مصلح کے ساتھ اُترتے ہیں ہر یک انسان پر ہوتا ہے لیکن اس فعل کا نیکوں پر نیک اثر اور بدوں پر بد اثر پڑتا ہے ؎

باراں کہ در لطافت طبعش خلاف نیست  در باغ لالہ روید در شورہ بوم وخس

اور جیسا کہ ہم ابھی اوپر بیان کر چکے ہیں یہ آیت کریمہ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ ﴿۱۰۵﴾
مَرَضًا ۱؎ اسی مختلف طور کے اثر کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ ہر نبی کے نزول کے وقت ایک لیلۃ القدر ہوتی ہے جس میں وہ نبی اور وہ کتاب جو اس کو دی گئی ہے آسمان سے نازل ہوتی ہے اور فرشتے آسمان سے اُترتے ہیں

**بقیہ حاشیہ**

روحانی برکات کا جو اپنے مذہب کی اتباع سے اس کو حاصل ہوں اس عاجز سے موازنہ کرے
لیکن آج تک کوئی مقابل پر نہیں اُٹھا اور نہ انسان ضعیف اور ہیچ کی یہ طاقت ہے کہ صرف ﴿۱۱۵﴾
اپنی مکاری اور شرارتوں کے منصوبہ سے یا متعصّبانہ ہٹ سے اس سلسلہ کے سامنے کھڑا ہو سکے جس کو خدائے تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا ہے اور میں سچ کہتا ہوں کہ اگر کوئی اس سلسلہ کے سامنے اپنی برکات نمائی کی رو سے کھڑا ہو تو نہایت درجہ کی ذلت سے گرا دیا جائے گا کیونکہ یہ کام اور یہ سلسلہ انسان کی طرف سے نہیں بلکہ اُس ذات زبردست اور قوی کی طرف سے ہے جس کے ہاتھوں نے آسمانوں کو اُن کے تمام اجرام کے ساتھ بنایا اور زمین کو اس کے باشندوں کے لئے بچھا دیا۔ افسوس کہ ہماری قوم کے مولوی اور علماء یوں تو تکفیر کے لئے بہت
جلد کاغذ اور قلم دوات لے کر بیٹھ جاتے ہیں لیکن ذرہ سوچتے نہیں کہ کیا یہ ہیبت اور رعب ﴿۱۱۶﴾
باطل میں ہوا کرتا ہے کہ تمام دنیا کو مقابلہ کے لئے کہا جائے اور کوئی سامنے نہ آسکے کیا وہ شجاعت اور استقامت جھوٹوں میں بھی کسی نے دیکھی ہے جو ایک عالم کے سامنے اس جگہ ظاہر کی گئی۔ اگر انہیں شک ہے تو مخالفین اسلام کے جس قدر پیشوا اور واعظ اور معلّم ہیں اُن کے دروازہ پر جائیں اور اپنے ظنون فاسدہ کا سہارا دے کر انہیں میرے مقابلہ پر روحانی امور کے موازنہ کے لئے کھڑا کریں پھر دیکھیں کہ خدائے تعالیٰ میری حمایت کرتا ہے یا نہیں۔ اے
خشک مولویو! اور پُر بدعت زاہدو! تم پر افسوس کہ تمہاری آنکھیں عوام الناس سے زیادہ تو کیا ﴿۱۱۷﴾

۱؎ البقرۃ:۱۱

﴿۱۰۶﴾ لیکن سب سے بڑی لیلۃ القدر وہ ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی گئی ہے درحقیقت اس لیلۃ القدر کا دامن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے قیامت تک پھیلا ہوا ہے اور جو کچھ انسانوں میں دلی اور دماغی قویٰ کی جنبش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے آج تک ہورہی ہے وہ لیلۃ القدر کی تاثیریں ہیں صرف اتنا فرق ہے کہ سعیدوں کے عقلی قویٰ میں کامل
﴿۱۰۷﴾ اور مستقیم طور پر وہ جنبشیں ہوتی ہیں اور اشقیاء کے عقلی قویٰ ایک کج اور غیر مستقیم طور سے جنبش میں آتے ہیں اور جس زمانہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی نائب دنیا میں پیدا ہوتا ہے تو یہ تحریکیں ایک بڑی تیزی سے اپنا کام کرتی ہیں بلکہ اُسی زمانہ سے کہ وہ نائب رحم مادر میں آوے پوشیدہ طور پر انسانی قویٰ کچھ کچھ جنبش شروع کرتے ہیں اور حسب استعداد اُن میں ایک حرکت پیدا ہو جاتی ہے اور اس نائب کو نیابت کے اختیارات ملنے کے وقت تو وہ جنبش نہایت تیز ہو جاتی ہے

بقیہ حاشیہ

اُن کے برابر بھی نہیں دیکھ سکتیں آپ ہی یہ حدیثیں سناتے ہو کہ **الأیات بعد المأتین** اور کہتے ہو کہ بارہ سو برس کے بعد مسیح موعود وغیرہ نشانیوں کا ظاہر ہونا ضروری ہے بلکہ تم میں سے وہ مولوی بھی ہیں جنہوں نے شرطی طور پر کتابیں لکھ ماریں اور چھپوا بھی دیں کہ چودھویں صدی کے اوائل میں مسیح اور مہدی موعود کا ظاہر ہونا ضروری ہے لیکن جب خدائے تعالیٰ نے اپنے پاک نشانوں کو ظاہر کیا تو اوّل المنکرین تم لوگ ہی ٹھہرے۔

﴿۱۱۸﴾ اور قوت ایمانی کے آثار میں سے جو اس عاجز کو دی گئی ہے استجابت دعا بھی ہے اس عاجز پر ظاہر کیا گیا ہے کہ جو بات اس عاجز کی دعا کے ذریعہ سے ردّ کی جائے وہ کسی اور ذریعہ سے قبول نہیں ہوسکتی اور جو دروازہ اس عاجز کے ذریعہ سے کھولا جائے وہ کسی اور ذریعہ سے بند نہیں ہو سکتا لیکن یہ قبولیت کی برکتیں صرف اُن لوگوں پر اپنا اثر ڈالتی ہیں کہ جو غایت درجہ کے دوست یا غایت درجہ کے دشمن ہوں جو شخص پورے اخلاص سے رجوع کرتا ہے یعنی ایسے اخلاص سے جس میں کسی قسم کا کھوٹ پوشیدہ نہیں جس کا انجام بدظنی و بداعتقادی نہیں جس میں کوئی چھپی ہوئی نفاق کی زہر نہیں وہ بے شک ان برکتوں کو دیکھ سکتا ہے اور ان سے حصہ پا سکتا ہے اور وہ بلاشبہ
﴿۱۱۹﴾ اس چشمہ کو اپنی استعداد کے موافق شناخت کر لے گا مگر جو خلوص کے ساتھ نہیں ڈھونڈے گا وہ اپنے ہی قصور کی وجہ سے محروم رہ جائے گا اور اپنی ہی اجنبیت کے باعث سے بیگانہ رہے گا۔

پس نائبؔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزول کے وقت جو لیلۃ القدر مقرر کی گئی ہے وہ ﴿۱۰۸﴾
درحقیقت اس لیلۃ القدر کی ایک شاخ ہے یا یوں کہو کہ اس کا ظل ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی ہے خدائے تعالیٰ نے اس لیلۃ القدر کی نہایت درجہ کی شان بلند کی ہے جیسا کہ اُس کے حق میں یہ آیت کریمہ ہے کہ فِيۡهَا يُفۡرَقُ كُلُّ اَمۡرٍ حَكِيۡمٍ[1]
یعنی اس لیلۃ القدر کے زمانہ میں جو قیامت تک ممتد ہے ہریک حکمت اور معرفت کی ﴿۱۰۹﴾
باتیں دنیا میں شائع کردی جائیں گی اور انواع اقسام کے علوم غریبہ وفنون نادرہ و صناعات عجیبہ صفحۂ عالم میں پھیلا دئے جائیں گے اور انسانی قویٰ میں موافق اُن کی مختلف استعدادوں اور مختلف قسم کے امکان بسطت علم اور عقل کے جو کچھ لیاقتیں مخفی ہیں یا جہاں تک وہ ترقی کر سکتے ہیں سب کچھ بمنصہ ظہور لایا جائے گا لیکن یہ سب کچھ ان
دنوں میں پرزور تحریکوں سے ہوتا رہے گا کہ جب کوئی نائب رسولؔ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ﴿۱۱۰﴾

**حاشیہ:** اور ایک پھل قوت ایمانی کا اسرار حقہ ومعارف دینیہ کا ذخیرہ ہے جو اس عاجز کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے عنایت ہوا ہے۔ پس جو شخص اس عاجز کی تالیفات پر نظر ڈالے گا یا اس عاجز کی صحبت میں رہے گا اُس پر یہ حقیقت آپ ہی کھل جائے گی کہ کس قدر خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو دقائق وحقائق دینیہ سے حصہ دیا ہے۔ دوسری اور تیسری علامت یعنی یہ کہ بخاری یا سمرقندی الاصل ہونا اور زمیندار اور زمینداری کے ممیّز خاندان میں سے ہونا یہ دونوں علامتیں صریح اور بیّن طور پر اس عاجز میں ثابت
ہیں اور اس جگہ مجھے قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ اپنے آباء کی لائف یعنی سوانح زندگی کسی قدر ﴿۱۲۰﴾
اختصار کے ساتھ لکھوں سو پہلے میں یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ عرصہ قریب بیس برس کے ہوا ہوگا کہ ایک انگریز مسٹر گریفن نام نے بھی جو اس ضلع میں ڈپٹی کمشنر رہ چکا ہے اور ریاست بھوپال اور راجپوتانہ ریاستوں کا رزیڈنٹ بھی رہا ہے پنجاب کے رئیسوں کا ایک سوانح تاریخ کے طور پر تالیف کر کے چھپوایا تھا اس میں انہوں نے میرے والد مرحوم مرزا غلام مرتضٰی صاحب کا ذکر کر کے کچھ مختصر طور پر اُن کے زمینداری خاندان کا حال اور سمرقندی الاصل ہونا لکھا ہے لیکن میں اس جگہ کسی قدر مفصل بیان کرنے کی غرض سے ان تمام امور کو وضاحت سے لکھنا چاہتا ہوں جو اس حدیث نبوی کی کامل
تشریح کے لئے بطور مصداق کے ہیں تا اس عاجز کا ابتداؔ سے سمرقندی الاصل ہونا اور ابتدا سے یہ ﴿۱۲۱﴾
خاندان ایک زمینداری خاندان ہونا جیسا کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا

[1] الدخان: ۵

دنیا میں پیدا ہوگا درحقیقت اِسی آیت کو سورۃ الزلزال میں مفصّل طور پر بیان کیا گیا ہے کیونکہ سورۃ الزلزال سے پہلے سورۃ القدر نازل کر کے یہ ظاہر فرمایا گیا ہے کہ سنت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ خدائے تعالیٰ کا کلام لیلۃ القدر میں ہی نازل ہوتا ہے اور اس کا نبی لیلۃ القدر میں ہی دنیا
میں نزول فرماتا ہے اور لیلۃ القدر میں ہی وہ فرشتے اُترتے ہیں جن کے ذریعہ سے دنیا میں نیکی ﴿۱۱۱﴾
کی طرف تحریکیں پیدا ہوتی ہیں اور وہ ضلالت کی پُر ظلمت رات سے شروع کر کے طلوع صبح صداقت تک اسی کام میں لگے رہتے ہیں کہ مستعد دلوں کو سچائی کی طرف کھینچتے رہیں۔ پھر بعد اس سورۃ کے خدائے تعالیٰ نے سورۃ البیّنہ میں بطور نظیر کے بیان کیا کہ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ [۱]۔
یعنی جن سخت بلاؤں میں اہل کتاب اور مشرکین مبتلا تھے اُن سے نجات پانے کی کوئی ﴿۱۱۲﴾

**بقیہ حاشیہ**

منشاء ہے۔ اچھی طرح لوگوں پر ظاہر ہو جائے۔

واضح ہو کہ اُن کاغذات اور پرانی تحریرات سے کہ جو اکابر اس خاندان کے چھوڑ گئے ہیں ثابت ہوتا ہے کہ **بابر بادشاہ** کے وقت میں کہ جو چغتائی سلطنت کا مورث اعلیٰ تھا بزرگ اجداد اس نیاز مند الٰہی کے خاص سمرقند سے ایک جماعت کثیر کے ساتھ کسی سبب سے جو بیان نہیں کیا گیا ہجرت اختیار کر کے **دہلی** میں پہنچے اور دراصل یہ بات اُن کاغذات سے اچھی طرح واضح نہیں ہوتی کہ کیا وہ بابر کے ساتھ ہی ہندوستان میں داخل ہوئے تھے
یا بعد اس کے بلاتوقف اس ملک میں پہنچ گئے۔ لیکن یہ امر اکثر کاغذات کے دیکھنے سے بخوبی ﴿۱۲۲﴾
ثابت ہوتا ہے کہ گو وہ ساتھ پہنچے ہوں یا کچھ دن پیچھے سے آئے ہوں مگر انہیں شاہی خاندان سے کچھ ایسا خاص تعلق تھا جس کی وجہ سے وہ اس گورنمنٹ کی نظر میں معزز سرداروں میں سے شمار کئے گئے تھے چنانچہ بادشاہ وقت سے پنجاب میں بہت سے دیہات بطور جاگیر کے اُنہیں ملے اور ایک بڑی زمینداری کے وہ تعلق دار ٹھہرائے گئے اور ان دیہات کے وسط میں ایک میدان میں انہوں نے قلعہ کے طور پر ایک قصبہ اپنی سکونت کے لئے آباد کیا جس کا نام **اسلام پور قاضی ماجھی** رکھا یہی اسلام پور ہے جو اَب قادیان کے نام سے مشہور ہے۔ اس قصبہ کے گرداگرد ایک فصیل تھی جس کی بلندی بیس فٹ کے قریب ہوگی اور عرض اس قدر تھا
کہ تین چھکڑے ایک دوسرے کے برابر اس پر چل سکتے تھے چار بڑے بڑے بُرج تھے۔ ﴿۱۲۳﴾

[۱] البیّنۃ :۲

سبیل نہ تھی بجز اس سبیل کے کہ خدائے تعالیٰ نے آپ پیدا کر دی کہ وہ زبردست رسول بھیجا
جس کے ساتھ زبردست تحریک دینے والے ملائک نازل کئے تھے اور زبردست کلام بھیجا
گیا تھا پھر بعد اس کے آنے والے زمانہ کے لئے خدائے تعالیٰ سورۃ الزلزال میں بشارت
دیتا ہے اور اِذَا زُلْزِلَتْ کے لفظ سے اِس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جب تم یہ نشانیاں ﴿۱۱۳﴾
دیکھو تو سمجھ لو کہ وہ لیلۃ القدر اپنے تمام تر زور کے ساتھ پھر ظاہر ہوئی ہے اور کوئی ربّانی مصلح
خدائے تعالیٰ کی طرف سے مع ہدایت پھیلانے والے فرشتوں کے نازل ہو گیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے
اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ الْاِنْسَانُ
مَا لَهَا يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ ﴿۱۱۴﴾
النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا

**بقیہ حاشیہ**

جن میں قریب ایک ہزار کے سوار و پیادہ فوج رہتی تھی اور اس جگہ کا نام جو اسلام پور قاضی ماجھی تھا تو اس کی یہ وجہ تھی کہ ابتدا میں شاہان دہلی کی طرف سے اس تمام علاقہ کی حکومت ہمارے بزرگوں کو دی گئی تھی اور منصب قضا یعنی رعایا کے مقدمات کا تصفیہ کرنا ان کے سپرد تھا اور یہ طرز حکومت اس وقت تک قائم و برقرار رہی کہ جس وقت تک پنجاب کا ملک دہلی کے تخت کا خراج گذار رہا لیکن بعد اس کے رفتہ رفتہ چغتائی گورنمنٹ میں بباعث کاہلی و سُستی وعیش پسندی و نالیاقتی تخت نشینوں کے بہت سا فتور آ گیا اور کئی ملک ہاتھ سے نکل گئے انہیں دنوں میں اکثر حصہ پنجاب کا گورنمنٹ چغتائی سے منقطع ہو کر یہ ملک ایک ایسی بیوہ عورت کی طرح ہو گیا جس کے سر پر کوئی سرپرست نہ ہو اور
خدائے تعالیٰ کے اعجوبہ قدرت نے سکھوں کی قوم کو جو دہقان بے تمیز تھی ترقی دینا چاہا چنانچہ اُن کی ﴿۱۲۴﴾
ترقی اور تنزل کے دونوں زمانے پچاس برس کے اندر اندر ختم ہو کر اُن کا قصہ بھی خواب خیال کی طرح ہو گیا۔ غرض اس زمانہ میں کہ جب چغتائی سلطنت نے اپنی نالیاقتی اور اپنی بدانتظامی سے پنجاب کے اس حصہ سے بکلّی دستبرداری اختیار کی تو ان دنوں میں بڑے بڑے زمیندار اس نواح کے خود مختار بن کر اپنے اقتدار کامل کا نقشہ جمانے لگے۔ سو انہیں ایام میں بفضل و احسان الٰہی اس عاجز کے پردادا صاحب **مرزا گل محمد مرحوم** اپنے تعلقہ زمینداری کے ایک مستقل رئیس اور طوائف الملوک میں سے بن کر ایک چھوٹے سے علاقہ کے جو صرف چوراسی[۸۴] یا پچاسی[۸۵] گاؤں رہ گئے تھے کامل اقتدار

یَّرَہٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ[1]۔ یعنی اُن دنوں کا جب آخری زمانہ میں خدائے تعالیٰ کی طرف سے کوئی عظیم الشان مصلح آئے گا اور فرشتے نازل ہوں گے یہ نشان ہے کہ زمین جہاں تک اُس کا ہلانا ممکن ہے ہلائی جائے گی یعنی طبیعتوں اور دلوں اور
﴿۱۱۵﴾ دماغوں کو غایت درجہ پر جنبش دی جائے گی اور خیالات عقلی اور فکری اور سبعی اور بہیمی پورے پورے جوش کے ساتھ حرکت میں آجائیں گے اور زمین اپنے تمام بوجھوں کو باہر نکال دے گی یعنی انسانوں کے دل اپنی تمام استعدادات مخفیہ کو بمنصہ ظہور لائیں گے اور جو کچھ اُن کے اندر علوم وفنون کا ذخیرہ ہے یا جو کچھ عمدہ عمدہ دلی ودماغی طاقتیں ولیاقتیں اُن میں مخفی ہیں سب کی سب ظاہر ہوجائیں گی اور انسانی قوتوں کا آخری نچوڑ نکل آئے گا اور جو جو ملکات انسان کے اندر ہیں یا جو جو جذبات اس کی فطرت میں مودع
﴿۱۱۶﴾ ہیں وہ تمام ممکن قوت سے حیزِ فعل میں آجائیں گے اور انسانی حواس کی ہر یک نوع کی

بقیہ حاشیہ

﴿۱۲۵﴾ کے ساتھ فرماں روا ہوگئے اور اپنی مستقل ریاست کا پورا پورا انتظام کرلیا اور دشمنوں کے حملے روکنے کے لئے کافی فوج اپنے پاس رکھ لی اور تمام زندگی ان کی ایسی حالت میں گذری کہ کسی دوسرے بادشاہ کے ماتحت نہیں تھے اور نہ کسی کے خراج گزار بلکہ اپنی ریاست میں خود مختار حاکم تھے اور قریب ایک ہزار کے سوار و پیادہ ان کی فوج تھی اور تین توپیں بھی تھیں اور تین چار سو آدمی عمدہ عمدہ عقلمندوں اور علماء میں سے ان کے مصاحب تھے اور پانچ سو کے قریب قرآن شریف کے حافظ وظیفہ خوار تھے جو اس جگہ قادیان میں رہا کرتے تھے اور تمام مسلمانوں کو سخت تقید سے صوم وصلوٰۃ کی پابندی اور دین اسلام کے احکام پر چلنے کی
﴿۱۲۶﴾ تاکید تھی اور منکرات شرعی کو اپنی حدود میں رائج ہونے نہیں دیتے تھے اور اگر کوئی مسلمان ہوکر خلاف شعار اسلام کوئی لباس یا وضع رکھتا تھا تو وہ سخت مورد عتاب ہوتا تھا اور سقیم الحال اور غربا اور مساکین کی خبر گیری اور پرورش کے لئے ایک خاص سرمایہ نقد اور جنس کا جمع رہتا تھا جو وقتاً فوقتاً ان کو تقسیم ہوتا تھا۔ یہ اُن تحریرات کا خلاصہ ہے جو اس وقت کی لکھی ہوئی ہم کو ملی ہیں جن کی زبانی طور پر بھی شہادتیں بطریق مسلسل اب تک پائی جاتی ہیں۔ یہ بھی لکھا ہے کہ ان دنوں میں ایک وزیر سلطنت مغلیہ کا **غیاث الدولہ** نام قادیان میں آیا اور میرزا گل محمد صاحب مرحوم کے استقلال وحسن تدبیر وتقویٰ وطہارت وشجاعت واستقامت کو دیکھ کر چشم پُرآب ہوگیا اور کہا کہ اگر مجھے پہلے سے خبر ہوتی کہ خاندان مغلیہ میں سے ایک ایسا مرد پنجاب کے

[1] الزلزال: ۲تا۹

تیزیاں اور بشری عقل کی ہر قسم کی باریک بینیاں نمودار ہو جائیں گی اور تمام دفائن وخزائن علوم مخفیہ وفنون مستورہ کے جو چھپے ہوئے چلے آتے تھے اُن سب پر انسان فتحیاب ہو جائے گا اور اپنی فکری اور عقلی تدبیروں کو ہر یک باب میں انتہا تک پہنچا دے گا اور انسان کی تمام قوتیں جو نشاءِ انسانی میں مخمّر ہیں صدہا طرح کی تحریکوں کی وجہ سے حرکت میں آجائیں گی ﴿۱۱۷﴾
اور فرشتے جو اس لیلۃ القدر میں مردِ مصلح کے ساتھ آسمان سے اُترے ہوں گے ہر یک شخص پر اس کی استعداد کے موافق خارق عادت اثر ڈالیں گے یعنی نیک لوگ اپنے نیک خیال میں ترقی کریں گے اور جن کی نگاہیں دنیا تک محدود ہیں وہ اُن فرشتوں کی تحریک سے دنیوی عقلوں اور معاشرت کی تدبیروں میں وہ ید بیضا دکھلائیں گے کہ ایک مرد عارف متحیّر ہو کر اپنے دل میں کہے گا کہ یہ عقلی اور فکری طاقتیں ان لوگوں کو کہاں سے ملیں؟ ﴿۱۱۸﴾
تب اُس روز ہر یک استعداد انسانی بزبان حال باتیں کرے گی کہ یہ اعلیٰ درجہ کی طاقتیں

**بقیہ حاشیہ**

﴿۱۲۷﴾ ایک گوشہ میں موجود ہے تو میں کوشش کرتا کہ تا وہی دہلی میں تخت نشین ہو جاتا اور خاندان مغلیہ تباہ ہونے سے بچ جاتا۔ غرض مرزا صاحب مرحوم ایک مرد اولی العزم اور متقی اور غایت درجہ کے بیدار مغز اور اول درجہ کے بہادر تھے اگر اُس وقت مشیت الٰہی مسلمانوں کے مخالف نہ ہوتی تو بہت امید تھی کہ ایسا بہادر اور اولی العزم آدمی سکھوں کی بلند شورش سے پنجاب کا دامن پاک کر کے ایک وسیع سلطنت اسلام کی اس ملک میں قائم کر دیتا۔ جس حالت میں رنجیت سنگھ نے باوجود اپنی تھوڑی سی پدری ملکیت کے جو صرف نو گاؤں تھے تھوڑے ہی عرصہ میں اس قدر پیر پھیلا لئے تھے جو پشاور سے لدھیانہ تک خالصہ ہی خالصہ نظر آتا تھا اور ہر جگہ ٹڈیوں کی طرح سکھوں کی ہی فوجیں دکھائی دیتی تھیں تو کیا ایسے شخص کے لئے یہ فتوحات قیاس سے بعید تھیں؟ جس کی گمشدہ ملکیت میں سے ابھی چوراسی یا پچاسی گاؤں باقی تھے اور ہزار کے قریب فوج کی جمعیت بھی تھی اور اپنی ذاتی شجاعت میں ایسے مشہور ﴿۱۲۸﴾ تھے کہ اُس وقت کی شہادتوں سے بہ بداہت ثابت ہوتا ہے کہ اس ملک میں اُن کا کوئی نظیر نہ تھا لیکن چونکہ خدائے تعالیٰ نے یہی چاہا تھا کہ مسلمانوں پر ان کی بے شمار غفلتوں کی وجہ سے تنبیہ نازل ہو اس لئے مرزا صاحب مرحوم اس ملک کے مسلمانوں کی ہمدردی میں کامیاب نہ ہو سکے اور میرزا صاحب مرحوم کے حالات عجیبہ میں سے ایک یہ ہے کہ مخالفین مذہب بھی ان کی نسبت ولایت کا گمان رکھتے تھے اور ان کے بعض خارق عادت امور عام طور پر دلوں میں نقش ہو گئے تھے

میری طرف سے نہیں بلکہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے یہ ایک وحی ہے جو ہر یک استعداد
پر بحسب اُس کی حالت کے اُتر رہی ہے یعنی صاف نظر آئے گا کہ جو کچھ انسانوں کے ﴿۱۱۹﴾
دل و دماغ کام کر رہے ہیں یہ ان کی طرف سے نہیں بلکہ ایک غیبی تحریک ہے کہ
اُن سے یہ کام کرا رہی ہے سو اُس دن ہر یک قسم کی قوتیں جوش میں دکھائی دیں گی
دنیا پرستوں کی قوتیں فرشتوں کی تحریک سے جوش میں آکر اگرچہ بباعث نقصان استعداد ﴿۱۲۰﴾
کے سچائی کی طرف رُخ نہیں کریں گی لیکن ایک قسم کا اُبال ان میں پیدا ہو کر اور انجماد
اور افسردگی دور ہو کر اپنی معاشرت کے طریقوں میں عجیب قسم کی تدبیریں اور صنعتیں
اور کلیں ایجاد کرلیں گے اور نیکوں کی قوتوں میں خارق عادت طور پر الہامات اور
مکاشفات کا چشمہ صاف صاف طور پر بہتا نظر آئے گا اور یہ بات شاذ و نادر ہوگی کہ مومن ﴿۱۲۱﴾
کی خواب جھوٹی نکلے تب انسانی قویٰ کے ظہور و بروز کا دائرہ پورا ہو جائے گا اور جو کچھ

---

حاشیہ

یہ بات شاذ و نادر ہوتی ہے کہ کوئی مذہبی مخالف اپنے دشمن کی کرامات کا قائل ہو لیکن اس راقم نے مرزا
صاحب مرحوم کے بعض خوارق عادت اُن سکھوں کے منہ سے سنے ہیں جن کے باپ دادا مخالف گروہ ﴿۱۲۹﴾
میں شامل ہو کر لڑتے تھے۔ اکثر آدمیوں کا بیان ہے کہ بسا اوقات مرزا صاحب مرحوم صرف اکیلے
ہزار ہزار آدمی کے مقابل پر میدان جنگ میں نکل کر اُن پر فتح پا لیتے تھے اور کسی کی مجال نہیں ہوتی تھی
کہ اُن کے نزدیک آسکے اور ہر چند جان توڑ کر دشمن کا لشکر کوشش کرتا تھا کہ توپوں یا بندوقوں کی
گولیوں سے اُن کو ماردیں مگر کوئی گولی یا گولہ اُن پر کارگر نہیں ہوتا تھا۔ یہ کرامت اُن کی صدہا
موافقین اور مخالفین بلکہ سکھوں کے منہ سے سنی گئی ہے جنہوں نے اپنے لڑنے والے باپ دادوں
سے سنداً بیان کی تھی لیکن میرے نزدیک یہ کچھ تعجب کی بات نہیں اکثر لوگ ایک زمانہ دراز تک
جنگی فوجوں میں نوکر رہ کر بہت سا حصہ اپنی عمر کا لڑائیوں میں بسر کرتے ہیں اور قدرت حق سے کبھی
ایک خفیف سا زخم بھی تلوار یا بندوق کا اُن کے بدن کو نہیں پہنچتا۔ سو یہ کرامت اگر معقول طور پر
بیان کی جائے کہ خدائے تعالیٰ اپنے خاص فضل سے دشمنوں کے حملوں سے انہیں بچاتا رہا تو کچھ
حرج کی بات نہیں اس میں کچھ شک نہیں ہوسکتا کہ مرزا صاحب مرحوم دن کے وقت ایک پُر ہیبت ﴿۱۳۰﴾
بہادر اور رات کے وقت ایک باکمال عابد تھے اور معمور الاوقات اور متشرع تھے۔ اُس زمانہ
میں قادیان میں وہ نور اسلام چمک رہا تھا کہ اردگرد کے مسلمان اس قصبہ کو مکہ کہتے تھے لیکن

انسان کے نوع میں پوشیدہ طور پر ودیعت رکھا گیا تھا وہ سب خارج میں جلوہ گر ہو جائے گا ﴿۱۲۲﴾
تب خدائے تعالیٰ کے فرشتے ان تمام راستبازوں کو جو زمین کی چاروں طرفوں میں پوشیدہ طور پر زندگی بسر کرتے تھے ایک گروہ کی طرح اکٹھا کر دیں گے اور دنیا پرستوں کا بھی کھلا کھلا ایک گروہ نظر آئے گا تا ہر ایک گروہ اپنی کوششوں کے ثمرات کو دیکھ لیویں ﴿۱۲۳﴾
تب آخر ہو جائے گی یہ آخری لیلۃ القدر کا نشان ہے جس کی بنا ابھی سے ڈالی گئی ہے جس کی تکمیل کے لئے سب سے پہلے خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو بھیجا ہے اور مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ **انت اشد مناسبۃ بعیسی ابن مریم و اشبہ الناس بہٖ خُلقًا و خَلقًا و** ﴿۱۲۴﴾
**زمانًا** مگر یہ تاثیرات اس لیلۃ القدر کی اب بعد اس کے کم نہیں ہوں گی بلکہ بالاتصال کام کرتی ﴿۱۲۵﴾
رہیں گی جب تک وہ سب کچھ پورا نہ ہولے جو خدائے تعالیٰ آسمان پر مقرر کر چکا ہے۔

بقیہ حاشیہ

مرزا گل محمد صاحب مرحوم کے عہد ریاست کے بعد مرزا عطا محمد صاحب کے عہد ریاست میں جو اس عاجز کے دادا صاحب تھے یک دفعہ ایک سخت انقلاب آ گیا اور ان سکھوں کی بے ایمانی اور بد ذاتی اور عہد شکنی کی وجہ سے جنہوں نے مخالفت کے بعد محض نفاق کے طور پر مصالحہ اختیار کر لیا تھا انواع اقسام کی مصیبتیں اُن پر نازل ہوئیں اور بجز قادیان اور چند دیہات کے تمام دیہات اُن کے قبضہ سے نکل گئے بالآخر سکھوں نے قادیان پر بھی قبضہ کر لیا اور دادا صاحب مرحوم معہ اپنے تمام لواحقین کے جلاوطن کئے گئے اُس روز سکھوں نے پانچ سو کے قریب قرآن شریف آگ سے جلا دیا اور بہت سی کتابیں چاک کر دیں اور مساجد میں سے بعض مسمار کیں بعض میں اپنے گھر بنائے ﴿۱۳۱﴾
اور بعض کو دھرم سالہ بنا کر قائم رکھا جو اب تک موجود ہیں اس فتنہ کے وقت میں جس قدر فقراء و علماء و شرفا و نجباء قادیان میں موجود تھے سب نکل گئے اور مختلف بلاد و امصار میں جا کر آباد ہو گئے اور یہ جگہ اُن شریروں اور یزیدی الطبع لوگوں سے پُر ہوگئی جن کے خیالات میں بجز بدی اور بدکاری کے اور کچھ نہیں پھر انگریزی سلطنت کے عہد سے کچھ عرصہ پہلے یعنی ان دنوں میں جبکہ رنجیت سنگھ کا عام تسلط پنجاب پر ہو گیا تھا اس عاجز کے والد صاحب یعنی **میرزا غلام مرتضٰی** صاحب مرحوم دوبارہ اس قصبہ میں آ کر آباد ہوئے اور پھر بھی سکھوں کی جور و جفا کی نیش زنی ہوتی رہی اُن دنوں میں

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے اُترنے کے لئے جو زمانہ انجیل میں بیان فرمایا ہے یعنی
﴿۱۲۶﴾ یہ کہ وہ حضرت نوح کے زمانہ کی طرح امن اور آرام کا زمانہ ہوگا درحقیقت اسی مضمون پر
سورۃ الزلزال جس کی تفسیر ابھی کی گئی ہے دلالت التزامی کے طور پر شہادت دے رہی ہے
کیونکہ علوم وفنون کے پھیلنے اور انسانی عقول کی ترقیات کا زمانہ درحقیقت ایسا ہی چاہیئے جس
﴿۱۲۷﴾ میں غایت درجہ کا امن وآرام ہو کیونکہ لڑائیوں اور فسادوں اور خوف جان اور خلاف امن
زمانہ میں ہرگز ممکن نہیں کہ لوگ عقلی و عملی امور میں ترقیات کرسکیں۔ یہ باتیں تو کامل طور پر تبھی
سوجھتی ہیں کہ جب کامل طور پر امن حاصل ہو۔
﴿۱۲۸﴾ ہمارے علماء نے جو ظاہری طور پر اس سورۃ الزلزال کی یہ تفسیر کی ہے کہ درحقیقت

**بقیہ حاشیہ**

ہم لوگ ایسے ذلیل وخوار تھے کہ ایک گائے کا بچہ جو دو یا ڈیڑھ روپے کو آ سکتا ہے صدہا درجہ
زیادہ ہماری نسبت بنظر عزت دیکھا جاتا تھا اور اس جانور کو ایک ادنیٰ خراش پہنچانے کی وجہ
﴿۱۳۲﴾ سے انسان کا خون کرنا مباح سمجھا گیا تھا۔ صدہا آدمی ناکردہ گناہ صرف اس شک سے قتل
کئے جاتے تھے کہ انہوں نے اس جانور کے ذبح کرنے کا ارادہ کیا ہے اور ظاہر ہے کہ ایسی
جاہل ریاست کہ جو حیوان کے قتل کے عوض انسان کو قتل کر ڈالنا اپنا فرض سمجھتی تھی اس لائق
نہیں تھی کہ خدائے تعالیٰ بہت عرصہ تک اس کو مہلت دیتا اس لئے خدائے تعالیٰ نے اس
تنبیہ کی صورت کو مسلمانوں کے سر پر سے بہت جلد اُٹھا لیا اور ابر رحمت کی طرح ہمارے لئے
انگریزی سلطنت کو دور سے لایا اور وہ تلخی اور مرارت جو سکھوں کے عہد میں ہم نے اُٹھائی تھی
گورنمنٹ برطانیہ کے زیر سایہ آکر ہم سب بھول گئے۔ **اور ہم پر اور ہماری ذریت پر یہ
فرض ہوگیا کہ اس مبارک گورنمنٹ برطانیہ کے ہمیشہ شکر گذار رہیں۔** انگریزی
سلطنت میں تین گاؤں تعلقداری اور ملکیت قادیان کا حصہ جدی والد صاحب مرحوم کو
ملے جو اَب تک ہیں اور حرّاث کے لفظ کے مصداق کے لئے کافی ہیں۔ والد صاحب مرحوم
﴿۱۳۳﴾ اس ملک کے ممیّز زمینداروں میں شمار کئے گئے تھے گورنری دربار میں اُن کو کرسی ملتی تھی۔ اور

زمین کو آخری دنوں میں سخت زلزلہ آئے گا اور وہ ایسا زلزلہ ہوگا کہ تمام زمین اُس سے
زیروزبر ہو جائے گی اور جو زمین کے اندر چیزیں ہیں وہ سب باہر آ جائیں گی اور انسان ﴿۱۲۹﴾
یعنی کافر لوگ زمین کو پوچھیں گے کہ تجھے کیا ہوا تب اُس روز زمین باتیں کرے گی اور
اپنا حال بتائے گی۔ یہ سراسر غلط تفسیر ہے کہ جو قرآن شریف کے سیاق وسباق سے ﴿۱۳۰﴾
مخالف ہے۔ اگر قرآن شریف کے اس مقام پر بنظر غور تدبر کرو تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ
یہ دونوں سورتیں یعنی سورۃ البیّنہ اور سورۃ الزلزال، سورۃ لیلۃ القدر کے متعلق ہیں اور آخری ﴿۱۳۱﴾
زمانہ تک اس کا کل حال بتلا رہی ہیں ماسوا اس کے ہر یک عقل سلیم سوچ سکتی ہے کہ ایسے ﴿۱۳۲﴾
بڑے زلزلہ کے وقت میں کہ جب ساری زمین تہ و بالا ہو جائے گی ایسے کافر کہاں

بقیہ حاشیہ

گورنمنٹ برطانیہ کے وہ سچے شکر گذار اور خیر خواہ تھے ۱۸۵۷ء کے غدر کے ایام میں پچاس گھوڑے انہوں نے اپنے پاس سے خرید کر اور اچھے اچھے جوان مہیا کر کے پچاس سوار بطور مدد کے سرکار کو دئے اس وجہ سے وہ اس گورنمنٹ میں بہت ہر دل عزیز تھے اور گورنمنٹ کے اعلیٰ حکام دلجوئی کے ساتھ اُن کو ملتے تھے بلکہ بسا اوقات صاحبان ڈپٹی کمشنر و کمشنر مکان پر آ کر اُن کی ملاقات کرتے تھے۔ اس تمام تقریر سے ظاہر ہے کہ یہ خاندان ایک معزز خاندان زمینداری ہے جو شاہان سلف کے زمانہ سے آج تک آثار عزت کسی قدر موجود رکھتا ہے **فالحمد للّٰہ الّذی اثبت ھذہ العلامۃ اثباتًا بیّنًا و اضحًا من عندہٖ۔**

اور چوتھی اور پانچویں علامت کی تصریح کچھ ضروری نہیں خود ظاہر ہے اور قادیان کو جو خدائے تعالیٰ
نے دمشق کے ساتھ مشابہت دی اور یہ بھی اپنے الہام میں فرمایا کہ **اخرج منہ الیزیدیون** یہ ﴿۱۳۴﴾
تشبیہ بوجہ ان ملحدوں اور شریروں کے ہے جو اس قصبہ میں رہتے ہیں کیونکہ اس قصبہ میں اکثر ایسے لوگ بھرے ہوئے ہیں جن کو موت یاد نہیں۔ دن رات دنیا کے فریبوں اور مکروں میں لگے ہوئے ہیں۔ اگر انتظام گورنمنٹ انگریزی مانع نہ ہوتو ان لوگوں کے دل ہر یک جرم کے کرنے کو طیار ہیں الّا ماشاء اللہ ان میں ایسے بھی ہیں کہ جو خدائے تعالیٰ کے وجود سے بکلی منکر ہیں اور کسی چیز کو حرام نہیں سمجھتے

﴿۱۳۳﴾ زندہ رہیں گے۔ جو زمین سے اُس کے حالات استفسار کریں گے کیا ممکن ہے کہ زمین تو
﴿۱۳۴﴾ ساری زیروزبر ہو جائے یہاں تک کہ اُوپر کا طبقہ اندر اور اندر کا طبقہ باہر آجائے اور پھر لوگ زندہ
بچ رہیں بلکہ اس جگہ زمین سے مراد زمین کے رہنے والے ہیں اور یہ عام محاورہ قرآن شریف
﴿۱۳۵﴾ کا ہے کہ زمین کے لفظ سے انسانوں کے دل اور ان کے باطنی قویٰ مراد ہوتے ہیں جیسا کہ
اللّٰہ جل شانہٗ ایک جگہ فرماتا ہے اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ یُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِہَا[1]۔
اور جیسا کہ فرماتا ہے وَالۡبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخۡرُجُ نَبَاتُہٗ بِاِذۡنِ رَبِّہٖ وَالَّذِیۡ خَبُثَ

**بقیہ حاشیہ**

میں اُن کے دلوں کو دیکھتا ہوں کہ زنا سے لے کر خون ناحق تک اگر موقعہ پاویں اُن کے
نزدیک نہ صرف جائز بلکہ یہ سب کام تعریف کے لائق ہیں۔ میں اُن کے نزدیک شاید تمام دنیا
سے بدتر ہوں مگر مجھے افسوس نہیں میرے روحانی بھائی مسیح کا قول مجھے یاد آتا ہے کہ نبی
بے عزت نہیں مگر اپنے وطن میں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر یہ لوگ امام حسینؓ کا وقت پاتے تو
﴿۱۳۵﴾ میرے خیال میں ہے کہ یزید اور شمر سے پہلے ان کا قدم ہوتا اور اگر مسیح کے زمانہ کو دیکھتے تو اپنی
مکاریوں میں یہودا اسکریوطی کو پیچھے ڈال دیتے۔ خدائے تعالیٰ نے جو اِن کو یزیدیوں سے
مناسبت دی تو بے وجہ نہیں دی اُس نے ان کے دلوں کو دیکھا کہ سیدھے نہیں اُن کے چلن پر
نظر ڈالی کہ درست نہیں تب اس نے مجھے کہا کہ یہ لوگ یزیدی الطبع ہیں اور یہ قصبہ دمشق سے
مشابہ ہے۔ سو خدائے تعالیٰ نے ایک بڑے کام کے لئے اس **دمشق میں اس عاجز کو اُتارا**
**بطرفٍ شرقيٍ عند المنارة البيضاء من المسجد الذی من دخلهٗ کان آمِنًا**
**فتبارک الذی انزلنی فی ھذا المقام والسلام علٰی رسُوله افضل الرّسل**
**وخیر الانام۔ منه**

[1] الحدید: ۱۸

لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَکِدًا [۱]۔ ایسا ہی قرآن شریف میں بیسیوں نظیریں موجود ہیں جو
پڑھنے والوں پر پوشیدہ نہیں ماسوا اس کے روحانی واعظوں کا ظاہر ہونا اوران کے ساتھ فرشتوں ﴿۱۳۶﴾
کا آنا ایک روحانی قیامت کا نمونہ ہوتا ہے جس سے مردوں میں حرکت پیدا ہو جاتی ہے اور جو
قبروں کے اندر ہیں وہ باہر آجاتے ہیں اور نیک اور بدلوگ اپنی سزا جزا پا لیتے ہیں سو اگر
سورۃ الزلزال کو قیامت کے آثار میں سے قرار دیا جائے تو اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ ایسا
وقت روحانی طور پر ایک قسم کی قیامت ہی ہوتی ہے خدائے تعالیٰ کے تائید یافتہ بندے
قیامت کا ہی روپ بن کر آتے ہیں اور انہیں کا وجود قیامت کے نام سے موسوم ہوسکتا ہے جن
کے آنے سے روحانی مردے زندہ ہونے شروع ہو جاتے ہیں اور نیز اس میں بھی کچھ شک
نہیں کہ جب ایسا زمانہ آجائے گا کہ تمام انسانی طاقتیں اپنے کمالات کو ظاہر کر دکھائیں گی اور
جس حد تک بشری عقول اور افکار کا پرواز ممکن ہے اُس حد تک وہ پہنچ جائیں گی اور جن مخفی
حقیقتوں کو ابتدا سے ظاہر کرنا مقدر ہے وہ سب ظاہر ہو جائیں گی تب اس عالم کا دائرہ پورا ہو کر
یک دفعہ اس کی صف لپیٹ دی جائے گی۔

كُلُّ شَيْءٍ فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ

---

# ہمارا مذہب ﴿۱۳۷﴾

ز عشاق فرقان و پیغمبریم بدیں آمدیم و بدیں بگذریم

ہمارے مذہب کا خلاصہ اور لبِّ لباب یہ ہے کہ **لاالٰہ الّا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ**
ہمارا اعتقاد جو ہم اس دنیوی زندگی میں رکھتے ہیں جس کے ساتھ ہم بفضل و توفیق باری تعالیٰ
اس عالم گذران سے کوچ کریں گے یہ ہے کہ حضرت سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱] الاعراف:۵۹

**خاتم النبیّین** وخیر المرسلین ہیں جن کے ہاتھ سے اکمال دین ہو چکا اور وہ نعمت بمرتبہ اتمام پہنچ چکی جس کے ذریعہ سے انسان راہ راست کو اختیار کر کے خدائے تعالیٰ تک پہنچ سکتا ہے اور ہم پختہ یقین کے ساتھ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ قرآن شریف خاتم کتب سماوی ہے اور ایک شُعشہ یا نقطہ اس کی شرائع اور حدود اور احکام اور اوامر سے زیادہ نہیں ہوسکتا اور نہ کم
ہوسکتا ہے اور اب کوئی ایسی وحی یا ایسا الہام منجانب اللہ نہیں ہوسکتا جو احکامِ فرقانی کی ترمیم یا ﴿۱۳۸﴾
تنسیخ یا کسی ایک حکم کے تبدیل یا تغییر کر سکتا ہو۔ اگر کوئی ایسا خیال کرے تو وہ ہمارے نزدیک جماعت مومنین سے خارج اور ملحد اور کافر ہے اور ہمارا اس بات پر بھی ایمان ہے کہ ادنیٰ درجہ صراطِ مستقیم کا بھی بغیر اتباع ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہرگز انسان کو حاصل نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ راہِ راست کے اعلیٰ مدارج بجز اقتدا اُس امام الرسل کے حاصل ہوسکیں کوئی مرتبہ شرف وکمال کا اور کوئی مقام عزت اور قرب کا بجز سچی اور کامل متابعت اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم ہرگز حاصل کر ہی نہیں سکتے۔ ہمیں جو کچھ ملتا ہے ظلّی اور طفیلی طور پر ملتا ہے اور ہم اس بات پر بھی ایمان رکھتے ہیں کہ جو راستباز اور کامل لوگ شرف صحبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو کر تکمیل منازل سلوک کر چکے ہیں اُن کے کمالات کی نسبت بھی ہمارے کمالات اگر ہمیں حاصل ہوں بطور ظِل کے واقع ہیں اور اُن میں بعض ایسے جزئی فضائل ہیں جو اَب ہمیں کسی طرح سے حاصل نہیں ہوسکتے۔ غرض ہمارا اُن تمام باتوں پر ایمان ہے جو قرآن شریف میں درج ہیں اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدائے تعالیٰ کی طرف سے لائے اور تمام
محدثات اور بدعات کو ہم ایک فاش ضلالت اور جہنم تک پہنچانے والی راہ یقین رکھتے ہیں مگر ﴿۱۳۹﴾
افسوس کہ ہماری قوم میں ایسے لوگ بہت ہیں جو بعض حقائق اور معارف قرآنیہ اور دقائق آثار نبویہ کو جو اپنے وقت پر بذریعہ کشف والہام زیادہ تر صفائی سے کھلتے ہیں محدثات اور بدعات میں ہی داخل کر لیتے ہیں حالانکہ معارف مخفیہ قرآن وحدیث ہمیشہ اہل کشف پر کھلتے رہے ہیں

اور علماء وقت اُن کو قبول کرتے رہے ہیں لیکن اس زمانہ کے اکثر علماء کی یہ عجیب عادت ہے کہ اگر خدائے تعالیٰ کا الہام ولایت جس کا کبھی سلسلہ منقطع نہیں اپنے وقت پر بعض مجمل مکاشفات نبویہ اور استعارات سربستہ قرآنیہ کی کوئی تفسیر کرے تو بنظر انکار واستہزاء اُس کو دیکھتے ہیں حالانکہ صحاح میں ہمیشہ یہ حدیث پڑھتے ہیں کہ قرآن شریف کے لئے ظہر و بطن دونوں ہیں اوراس کے عجائبات قیامت تک ختم نہیں ہو سکتے اور ہمیشہ اپنے منہ سے اقرار کرتے ہیں کہ اکثر اکابر محدثین کشوف والہامات اولیاء کو حدیث صحیح کے قائم مقام سمجھتے رہے ہیں۔

ہم نے جو رسالہ فتح اسلام اور توضیح مرام میں اس اپنے کشفی والہامی امر کو شائع کیا ہے کہ مسیح موعود سے مراد یہی عاجز ہے میں نے سنا ہے کہ بعض ہمارے علماء اس پر بہت افروختہ ہوئے ہیں اور انہوں نے اس بیان کو ایسی بدعات میں سے سمجھ لیا ہے کہ جو خارج اجماع اور برخلاف عقیدہ متفق علیہا کے ہوتی ہیں حالانکہ ایسا کرنے میں اُن کی بڑی غلطی ہے۔ ﴿۱۴۰﴾

اول تو یہ جاننا چاہیے کہ مسیح کے نزول کا عقیدہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے جو ہماری ایمانیات کی کوئی جز یا ہمارے دین کے رکنوں میں سے کوئی رکن ہو بلکہ صدہا پیشگوئیوں میں سے یہ ایک پیشگوئی ہے جس کو حقیقت اسلام سے کچھ بھی تعلق نہیں۔ جس زمانہ تک یہ پیشگوئی بیان نہیں کی گئی تھی اُس زمانہ تک اسلام کچھ ناقص نہیں تھا اور جب بیان کی گئی تو اس سے اسلام کچھ کامل نہیں ہو گیا اور پیشگوئیوں کے بارہ میں یہ ضروری نہیں کہ وہ ضرور اپنی ظاہری صورت میں پوری ہوں بلکہ اکثر پیشگوئیوں میں ایسے ایسے اسرار پوشیدہ ہوتے ہیں کہ قبل از ظہور پیشگوئی خود انبیاء کو ہی جن پر وہ وحی نازل ہو سمجھ میں نہیں آ سکتے چہ جائیکہ دوسرے لوگ ان کو یقینی طور پر سمجھ لیویں دیکھو جس حالت میں ہمارے سید و مولیٰ آپ اس بات کا اقرار کرتے ہوں کہ بعض پیشگوئیوں کو میں نے کسی اور صورت پر سمجھا اور ظہور اُن کا کسی اور صورت ﴿۱۴۱﴾ پر ہوا تو پھر دوسرے لوگ گو فرض کے طور پر ساری اُمت ہی کیوں نہ ہو کب ایسا دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہماری سمجھ میں غلطی نہیں سلف صالح ہمیشہ اس طریق کو پسند کرتے رہے ہیں

کہ بطور اجمالی پیشگوئی پر ایمان لے آویں اور اس کی تفصیل یا اس بات کو کہ وہ کس طور سے ظہور پذیر ہوگی حوالہ بخدا کریں اور میں پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ اقرب بامن جس سے ایمان سلامت رہ سکتا ہے یہی مذہب ہے کہ محض الفاظ پیشگوئی پر زور نہ ڈالا جائے اور تحکم کی راہ سے یہی دعویٰ نہ کیا جائے کہ ضرور اس کا ظہور ظاہری صورت پر ہی ہوگا کیونکہ اگر خدانخواستہ انجام کار ایسا نہ ہوا تو پھر پیشگوئی کی صداقت میں طرح طرح کے شکوک پیدا ہو کر ایمان ہاتھ سے گیا ایسی کوئی وصیت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہرگز ثابت نہیں ہوسکتی کہ تم نے پیشگوئیوں کو ظاہر پر حمل کرتے رہنا کسی استعارہ یا تاویل وغیرہ کو ہرگز قبول نہ کرنا۔ اب سمجھنا چاہیے کہ جب کہ پیشگوئیوں کے سمجھنے کے بارہ میں خود انبیاء سے امکان
﴿۱۴۲﴾ غلطی ہے تو پھر اُمت کا کورانہ اتفاق یا اجماع کیا چیز ہے۔

ماسوا اس کے ہم کئی دفعہ بیان کر آئے ہیں کہ اس پیشگوئی پر اجماع اُمت بھی نہیں۔ قرآن شریف قطعی طور پر اپنی آیات بیّنات میں مسیح کے فوت ہو جانے کا قائل اور ہمیشہ کے لئے اُس کو رخصت کرتا ہے۔ بخاری صاحب اپنی صحیح میں صرف **امامکم منکم** کہہ کر چپ ہو گئے ہیں یعنی صحیح بخاری میں صرف یہی مسیح کی تعریف لکھی ہے کہ وہ ایک شخص تم میں سے ہوگا اور تمہارا امام ہوگا۔ ہاں دمشق میں عندالمنارہ اُترنے کی حدیث مسلم میں موجود ہے مگر اس سے اجماع اُمت ثابت نہیں ہوسکتا بلکہ یہ بھی ثابت ہونا مشکل ہے کہ مسلم کا درحقیقت یہی مذہب تھا کہ دمشق کے لفظ سے سچ مچ یہی دمشق مراد ہے اور اگر ایسا فرض بھی کر لیں تو فقط ایک شخص کی رائے ثابت ہوئی مگر پیشگوئیوں کے بارہ میں جبکہ خدائے تعالیٰ کے پاک نبیوں کی رائے اجتہادی غلطی سے معصوم نہیں رہ سکتی تو پھر مسلم صاحب کی رائے کیوں کر معصوم ٹھہرے گی۔

﴿۱۴۳﴾ میں پھر دوبارہ کہتا ہوں کہ اس بارہ میں عام خیال مسلمانوں کا گو اُن میں اولیاء بھی داخل ہوں اجماع کے نام سے معصوم☆ نہیں ہوسکتا مسلمانوں نے صورت پیشگوئیوں کو مان لیا ہے اُن کی طرف سے یہ ہرگز دعویٰ نہیں اور نہ ہونا چاہیے کہ خدائے تعالیٰ اس بات پر قادر نہیں

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ موسوم ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

کہ شائد اس پیشگوئی کی ایسی تفاصیل مخفی ہوں جو اب تک کھلی نہیں درحقیقت تمام انبیاء کا یہی مذہب رہا ہے کہ وہ پیشگوئی کی اصل حقیقت کو خدائے تعالیٰ کے وسیع علم پر چھوڑتے رہے ہیں اسی وجہ سے وہ مقدس لوگ باوجود بشارتوں کے پانے کے پھر بھی دعا سے دستبردار نہیں ہوتے تھے جیسا کہ بدر کی لڑائی میں فتح کا وعدہ دیا گیا تھا مگر ہمارے سیّد و مولیٰ رو رو کر دعائیں کرتے رہے اس خیال سے کہ شاید پیشگوئی میں کوئی ایسے امور مخفی ہوں یا وہ کچھ ایسے شروط کے ساتھ وابستہ ہوں جن کا علم ہم کو نہیں دیا گیا۔

اور یہ دعویٰ کہ تمام صحابہ اور اہل بیت اسی طرح مانتے چلے آئے ہیں جیسا کہ ہم۔ یہ بالکل لغو اور بلا دلیل ہے فرد فرد کی رائے کا خدا ہی کو علم ہوگا کسی نے اُن سب کے اظہارات لکھ کر کب قلمبند کئے ہیں یا کب کسی نے اپنے منہ سے اُن کے بیانات سن کر شائع کئے ہیں باوجودیکہ ﴿۱۴۴﴾
صحابی دس ہزار سے بھی کچھ زیادہ تھے مگر اس پیشگوئی کے روایت کرنے والے شاید دو یا تین تک نکلیں تو نکلیں اور ان کی روایت بھی عام طور پر ثابت نہیں ہوتی کیونکہ بخاری جو حدیث کے فن میں ایک ناقد بصیر ہے اُن تمام روایات کو معتبر نہیں سمجھتا یہ خیال ہرگز نہیں ہوسکتا کہ بخاری جیسے جدوجہد کرنے والے کو وہ تمام روایات رطب و یابس پہنچی ہی نہیں بلکہ صحیح اور قرین قیاس یہی ہے کہ بخاری نے اُن کو معتبر نہیں سمجھا اُس نے دیکھا کہ دوسری حدیثیں اپنی ظاہری صورت میں امامکم منکم کی حدیث سے معارض ہیں اور یہ حدیث غایت درجہ کی صحت پر پہنچ گئی ہے اِس لئے اُس نے اِن مخالف المفہوم حدیثوں کو ساقط الاعتبار سمجھ کر اپنی صحیح کو اُن سے پُر نہیں کیا۔

اب ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ ہرگز خیر القرون کا اس امر پر اجماع ثابت نہیں ہوسکتا کہ ضرور حضرت مسیح دمشق میں ہی نازل ہوں گے کیونکہ بخاری امام فن نے اس حدیث کو نہیں لیا ابن ماجہ اس حدیث کا مخالف ہے اور بجائے دمشق کے بیت المقدس لکھتا ہے اسی طرح کسی ﴿۱۴۵﴾
کے منہ سے کچھ نکل رہا ہے اور کسی کے منہ سے کچھ پس اجماع کہاں ہے؟

اگر فرض کے طور پر اجماع بھی ہوتا تو پھر بھی کیا حرج تھا کیونکہ ان بزرگوں نے کب

دعویٰ کیا ہے کہ اس سے بڑھ کر اور معنے نہیں ہو سکتے بلکہ وہ تو مسنون طور پر تفاصیل کو حوالہ بخدا کرتے رہے ہیں۔

پھر یہ بھی ہم بخوبی ظاہر کر چکے ہیں کہ اس پیشگوئی کو صرف ظاہری الفاظ تک محدود رکھنے میں بڑی بڑی مشکلات ہیں قبل اس کے جو مسیح آسمان سے اُترے صدہا اعتراض پہلے ہی سے اُتر رہے ہیں ان مشکلات میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا ہے اور ہمیں اس بات کی کیا حاجت کہ ابن مریم کو آسمان سے اُتارا جائے اور ان کا نبوت سے الگ ہونا تجویز کیا جائے اور ان کی اس طرح پر تحقیر کی جائے کہ دوسرا شخص امامت کرے اور وہ پیچھے مقتدی بنیں اور دوسرا شخص اُن کے روبرو لوگوں سے بیعت امامت وخلافت لے اور وہ بدیدۂ حسرت دیکھتے رہیں اور احد المسلمین بن کر اپنی نبوت کا دم نہ مار سکیں اور ہم اس قریب الشرک بلکہ سراسر شرک سے بھرے ﴿۱۴۶﴾
ہوئے کلمے کو کیوں منہ سے بولیں کہ دجال یک چشم خدائے تعالیٰ کی طرح اپنے اقتدار سے مُردوں کو زندہ کرے گا اور صریح صریح خدائی کی علامتیں دکھلا دے گا اور کوئی اسے یہ نہیں کہے گا کہ اے یک چشم خدا پہلے تو اپنی آنکھ درست کر۔ کیا وہ توحید جو اسلام نے ہمیں سکھائی ہے ایسی قدرتیں کسی مخلوق میں روا رکھتی ہے کیا اسلام نے اِن واہیات باتوں کو اپنے پیروں کے نیچے کچل نہیں دیا عجیب بات ہے کہ مسلمانوں کے نزدیک خر دجال بھی گویا ایک حصہ خدا ہی کا رکھتا ہے اور کہتے ہیں کہ اُس خر کا پیدا کرنے والا دجال ہی ہے۔ پھر جبکہ وہ دجال مُحیی و ممیت اور خالق بھی ہے تو اس کے خدا ہونے میں کسر کیا رہ گئی؟ اور اس گدھے کی یہ تعریف کرتے ہیں کہ وہ مشرق ومغرب میں ایک روز میں سیر کر سکے گا مگر ہمارے نزدیک ممکن ہے کہ دجال سے مراد بااقبال قومیں ہوں اور گدھا اُن کا یہی ریل ہو جو مشرق اور مغرب کے ملکوں میں ہزارہا کوسوں تک چلتی دیکھتے ہو۔ پھر مسیح کے بارہ میں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ کیا طبعی اور فلسفی لوگ اس خیال پر نہیں ہنسیں گے کہ جبکہ تیس یا چالیس ہزار فٹ تک زمین سے اوپر کی طرف جانا موت کا موجب ہے تو حضرت مسیح اس جسم عنصری کے ساتھ ﴿۱۴۷﴾

آسمان تک کیوں کر پہنچ گئے اور کیا یہ مخالفوں کے لئے ہنسنے کی جگہ نہیں ہوگی کہ حلیہ اوّل اور اخیر کے اختلاف کی وجہ یہ بیان کی جائے کہ تغیر عمر کے سبب سے حلیہ میں فرق آ گیا ہوگا۔

ایک اور بات ہمارے علماء کے لئے غور کے لائق ہے کہ احادیث میں صرف ایک دجال کا ذکر نہیں بلکہ بہت سے دجال لکھے ہیں اور **لِکُلِّ دَجَّالٍ عِیۡسٰی** کی مثال پر تدبر کی نظر ڈال کر یہ بات بآسانی سمجھ آ سکتی ہے کہ عیسٰی کے لفظ سے مثیل عیسٰی مراد ہونا چاہیے اس ہماری بات کو وہ حدیث اور بھی تائید دیتی ہے جو مثیل مصطفٰے کی نسبت ایک پیشگوئی ہے جس کو دوسرے لفظوں میں **مہدی** کے نام سے موسوم کرتے ہیں کیونکہ اس حدیث میں ایسے لفظ ہیں جن سے بصراحت یہ پایا جاتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیشگوئی میں اپنے ایک مثیل کی خبر دے رہے ہیں کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ وہ مہدی خُلق اور خَلق میں میری مانند ہوگا **یُوَاطِیُٔ اِسۡمُہٗ اِسۡمِیۡ وَاِسۡمُ اَبِیۡہِ اِسۡمُ اَبِیۡ** یعنی میرے نام جیسا اس کا نام ہوگا اور میرے باپ کے نام کی طرح اُس کے باپ کا نام۔ اب دیکھو کہ خلاصہ اس حدیث کا یہی ہے کہ وہ میرا مثیل ہوگا اس صورت میں ایک دانا کو نہایت آسانی سے یہ بات سمجھ آ سکتی ہے کہ جیسے حدیث میں ایک مثیل مصطفٰے کا ذکر ہے ایسا ہی مثیل مسیح کا ذکر بھی ہے نہ یہ کہ ایک جگہ مثیل مصطفٰے اور دوسری جگہ خود حضرت مسیح ہی آ جائیں گے۔ فتدبّر۔ ﴿۱۴۸﴾

اب ظاہر ہے کہ جس قدر ہم نے اپنے الہامی عقیدہ کی تائید میں دلائل عقلی و نقلی و شرعی لکھے ہیں وہ ہمارے اثبات مدعا کے لیے کافی ہیں اور اگر اس جگہ ہم بطور فرض محال تسلیم بھی کر لیں کہ ہم بکلی شبہات پیش آمدہ کا تصفیہ نہیں کر سکے تو اس میں بھی ہمارا کچھ حرج نہیں کیونکہ الہام الٰہی و کشف صحیح ہمارا مؤید ہے اس لئے اسی قدر ہمارے لئے کافی ہے۔ ایک متدین عالم کا یہ فرض ہونا چاہیے کہ الہام اور کشف کا نام سن کر چپ ہو جائے اور لمبی چون و چرا سے باز آ جائے اگر مخالف الرائے لوگوں کے ہاتھ میں بعض احادیث کی رو سے کچھ دلائل ہیں تو ہمارے پاس ایسے نقلی و شرعی دلائل ان سے کچھ تھوڑے نہیں۔ قرآن شریف

﴿۱۴۹﴾ ہمارے ساتھ ہے اُن کے ساتھ نہیں۔ صحیح بخاری کی حدیثیں ہماری مؤید ہیں ان کی مؤید نہیں۔ علاوہ اس کے معقولی دلائل جو تجارب فلسفہ وطبعیہ سے لئے گئے ہیں وہ سب ہمارے پاس ہیں اُن کے پاس ایک بھی نہیں اور ان تمام امور کے بعد الہام ربانی و کشف آسمانی ہمارے بیان کا شاہد ہے اور اُن کے پاس اس اصرار پر کوئی ایسا شاہد نہیں۔

اس جگہ ہم اس بات کا لکھنا بے محل نہیں سمجھتے کہ الہام اور کشف کی حجت اور دلیل ہونے کے قائل اگرچہ بعض خشک متکلّمین اور اصولی نہ ہوں لیکن ایسے تمام محدث اور صوفی جو معرفت کامل اور تفقّہ تام کے رنگ سے رنگین ہوئے ہیں بذوق تمام قائل ہیں اس بارے میں ہمارے دوست **مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی** نے اپنے رسالہ اشاعت السنہ نمبر ۱۱ جلد ۷ میں بہ بسط تمام بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ ازانجملہ امام **عبدالوہاب شعرانی** کی کتاب **میزان کبریٰ** اور **فتوحات شیخ محی الدین** کا جو مولوی صاحب موصوف نے بتائید اپنی رائے کے ذکر کیا ہے اُن میں سے ہم کسی قدر ناظرین کے لئے لکھتے ہیں۔

﴿۱۵۰﴾ امام صاحب اپنی کتاب میزان کے صفحہ ۱۲ میں فرماتے ہیں کہ صاحب کشف مقام یقین میں مجتہدین کے مساوی ہوتا ہے اور کبھی بعض مجتہدین سے بڑھ جاتا ہے کیونکہ وہ اُسی چشمہ سے چلو بھرتا ہے جس سے شریعت نکلتی ہے۔

اور پھر امام صاحب اس جگہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ صاحب کشف اُن علوم کا محتاج نہیں جو مجتہدوں کے حق میں اُن کی صحت اجتہاد کے لئے شرط ٹھہرائے گئے ہیں اور صاحب کشف کا قول بعض علماء کے نزدیک آیت اور حدیث کے مانند ہے۔

پھر صفحہ ۳۳ میں فرماتے ہیں کہ بعض حدیثیں محدثین کے نزدیک محل کلام ہوتی ہیں مگر اہل کشف کو اُن کی صحت پر مطلع کیا جاتا ہے جیسا کہ **اصحابی کالنجوم** کی حدیث محدثین کے نزدیک جرح سے خالی نہیں مگر اہل کشف کے نزدیک صحیح ہے۔

پھر صفحہ ۴۴ میں فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جو کلام اہل کشف کو

رد کرے نہ عقلی نہ نقلی وشرعی۔ کیونکہ کشف کی خود شریعت مؤید ہے۔

پھر صفحہ ۴۸ میں فرماتے ہیں کہ بہتیرے اولیاء اللہ سے مشتہر ہو چکا ہے کہ وہ آنحضرت صلعم ﴿۱۵۱﴾
سے عالم ارواح میں یا بطور کشف ہم مجلس ہوئے اور اُن کے ہمعصروں نے اُن کے دعوے کو تسلیم کیا۔

پھر امام شعرانی صاحب نے ان لوگوں کے نام لئے ہیں جن میں سے ایک امام محدث **جلال الدین سیوطی** بھی ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ورق جلال الدین سیوطی کا دستخطی اُن کے صحبتی شیخ عبدالقادر شاذلی کے پاس پایا جو کسی شخص کے نام خط تھا جس نے اُن سے بادشاہ وقت کے پاس سفارش کی درخواست کی تھی سو امام صاحب نے اس کے جواب میں لکھا تھا کہ میں آنحضرت صلعم کی خدمت میں تصحیح احادیث کے لئے جن کو محدثین ضعیف کہتے ہیں حاضر ہوا کرتا ہوں چنانچہ اس وقت تک پچھتر دفعہ حالت بیداری میں حاضر خدمت ہو چکا ہوں اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ میں بادشاہ وقت کے پاس جانے کے سبب اس حضوری سے رک جاؤں گا تو قلعہ میں جاتا اور تمہاری سفارش کرتا۔

شیخ محی الدین ابن عربی نے جو فتوحات میں اس بارے میں لکھا ہے اُس میں سے بطور خلاصہ یہ مضمون ہے کہ اہل ولایت بذریعہ کشف آنحضرت صلعم سے احکام پوچھتے
ہیں اور اُن میں سے جب کسی کو کسی واقعہ میں حدیث کی حاجت پڑتی ہے تو وہ ﴿۱۵۲﴾
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو جاتا ہے پھر جبرائیل علیہ السلام نازل ہوتے ہیں۔ اور آنحضرتؐ جبرائیل سے وہ مسئلہ جس کی ولی کو حاجت ہوتی ہے پوچھ کر اُس ولی کو بتا دیتے ہیں یعنی ظلّی طور پر وہ مسئلہ بہ نزول جبرائیل منکشف ہو جاتا ہے۔ پھر شیخ ابن عربی نے فرمایا ہے کہ ہم اس طریق سے آنحضرت صلعم سے احادیث کی تصحیح کرا لیتے ہیں۔ **بہتیری حدیثیں ایسی ہیں جو محدثین کے نزدیک صحیح ہیں اور وہ**

**ہمارے نزدیک صحیح نہیں اور بہتیری حدیثیں موضوع ہیں اور آنحضرت کے قول سے بذریعہ کشف کے صحیح ہو جاتی ہیں۔ تَمَّ کَلَامُہٗ**

اور فتوحات مکیہ میں ابن عربی صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اہل ذکر و خلوت پر وہ علوم لدُنیہ کھلتے ہیں جو اہل نظر و استدلال کو حاصل نہیں ہوتے اور یہ علوم لدنیہ اور اسرار و معارف انبیاء و اولیاء سے مخصوص ہیں اور **جنید بغدادی** سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے تیس سال اس درجہ میں رہ کر یہ رتبہ حاصل کیا ہے اور ابو یزید بُسطامی سے نقل کیا ہے کہ علماء ظاہر نے علم مُردوں ﴿۱۵۳﴾
سے لیا ہے اور ہم نے زندہ سے جو خدائے تعالیٰ ہے۔ تَمَّ کَلَامُہٗ

ایسا ہی مولوی **ابوسعید محمد حسین** صاحب نے رئیس محدثین **حضرت شاہ ولی اللہ** قدس سرّہٗ کے **کلمات قدسیہ** اس بارہ میں بہت کچھ لکھے ہیں اور دوسرے علماء و فقراء کی بھی شہادتیں دی ہیں مگر ہم اُن سب کو اس رسالہ میں نہیں لکھ سکتے اور نہ لکھنے کی کچھ ضرورت ہے۔ الہام اور کشف کی عزت اور پایۂ عالیہ قرآن شریف سے ثابت ہے۔ وہ شخص جس نے کشتی کو توڑا اور ایک معصوم بچہ کو قتل کیا جس کا ذکر قرآن شریف میں ہے وہ صرف ایک ملہم ہی تھا نبی نہیں تھا۔ الہام اور کشف کا مسئلہ اسلام میں ایسا ضعیف نہیں سمجھا گیا کہ جس کا نورانی شعلہ صرف عوام الناس کے منہ کی پھونکوں سے مُنطفی ہو سکے۔ یہی ایک صداقت تو اسلام کے لیے وہ اعلیٰ درجہ کا نشان ہے جو قیامت تک بے نظیر شان و شوکت اسلام کی ظاہر کر رہا ہے۔ یہی تو وہ خاص برکتیں ہیں جو غیر مذہب والوں میں پائی نہیں جاتیں۔ ہمارے علماء اس الہام کے مخالف بن کر احادیث نبویہ کے مکذب ٹھہرتے ﴿۱۵۴﴾
ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ ہر ایک صدی پر ایک **مجدد** کا آنا ضروری ہے۔ اب ہمارے علماء کہ جو بظاہر اتباع حدیث کا دم بھرتے ہیں انصاف سے

بتلاویں کہ کس نے اس صدی کے سر پر خدائے تعالیٰ سے الہام پا کر **مُجدّد** ہونے کا دعویٰ کیا ہے یوں تو ہمیشہ دین کی تجدید ہو رہی ہے مگر حدیث کا تو یہ منشاء ہے **کہ وہ مجدد خدائے تعالیٰ کی طرف سے آئے گا یعنی علوم لدُنّیہ وآیات سماویہ کے ساتھ**۔ اب بتلاویں کہ اگر یہ عاجز حق پر نہیں ہے تو پھر وہ کون آیا جس نے اس چودھویں صدی کے سر پر مجدد ہونے کا ایسا دعویٰ کیا جیسا کہ اس عاجز نے کیا۔ کوئی الہامی دعاوی کے ساتھ تمام مخالفوں کے مقابل پر ایسا کھڑا ہوا جیسا کہ یہ عاجز کھڑا ہوا۔ **تفکروا و تندّموا و اتّقوا اللّٰہ و لا تغلوا** اور اگر یہ عاجز مسیح موعود ہونے کے دعویٰ میں غلطی پر ہے تو پھر آپ لوگ کچھ کوشش کریں کہ مسیح موعود جو آپ کے خیال میں ہے اِنہیں دنوں میں آسمان سے اُتر آوے کیونکہ میں تو اس وقت موجود ہوں مگر جس کے انتظار میں آپ لوگ ہیں وہ موجود نہیں اور میرے دعویٰ کا ٹوٹنا صرف اسی صورت میں متصوّر ہے کہ اب وہ آسمان سے اُتر ہی آوے تا میں ملزم ٹھہر سکوں۔ آپ لوگ اگر سچ پر ہیں تو ﴿۱۵۵﴾ سب مل کر دعا کریں کہ مسیح ابن مریم جلد آسمان سے اُترتے دکھائی دیں اگر آپ حق پر ہیں تو یہ دعا قبول ہو جائے گی کیونکہ اہل حق کی دعا مبطلین کے مقابل پر قبول ہو جایا کرتی ہے لیکن آپ یقیناً سمجھیں کہ یہ دعا ہرگز قبول نہیں ہوگی کیونکہ آپ غلطی پر ہیں۔ مسیح تو آچکا لیکن آپ نے اُس کو شناخت نہیں کیا۔ اب یہ امید موہوم آپ کی ہرگز پوری نہیں ہوگی۔ یہ زمانہ گزر جائے گا اور کوئی ان میں سے مسیح کو اُترتے نہیں دیکھے گا۔

حالانکہ تیرھویں صدی کے اکثر علماء چودہویں صدی میں اُس کا ظہور معین کر گئے ہیں اور بعض تو چودھویں صدی والوں کو بطور وصیت یہ بھی کہہ گئے ہیں کہ اگر اُن کا زمانہ پاؤ تو ہمارا السلام علیکم اُنہیں کہو۔ **شاہ ولی اللہ صاحب** رئیس المحدثین بھی انہیں میں سے ہیں۔

بالآخر ہم یہ بھی ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ ہمیں اس سے انکار نہیں کہ ہمارے بعد کوئی اور بھی

مسیح کا مثیل بن کر آوے کیونکہ نبیوں کے مثیل ہمیشہ دنیا میں ہوتے رہتے ہیں بلکہ خدائے تعالیٰ
﴿۱۵۶﴾ نے ایک قطعی اور یقینی پیشگوئی میں میرے پر ظاہر کر رکھا ہے کہ میری ہی ذریت سے ایک شخص پیدا ہوگا جس کو کئی باتوں میں مسیح سے مشابہت ہوگی۔ وہ آسمان☆ اُترے گا اور زمین والوں کی راہ سیدھی کر دے گا وہ اسیروں کو رستگاری بخشے گا اور اُن کو جو شبہات کی زنجیروں میں مقیّد ہیں رہائی دے گا۔ فرزند دلبند گرامی و ارجمند **مظہر الحق والعلاء کانّ اللّٰہ نزل من السماء** لیکن یہ عاجز ایک خاص پیشگوئی کے مطابق جو خدائے تعالیٰ کی مقدس کتابوں میں پائی جاتی ہے مسیح موعود کے نام پر آیا ہے۔ **واللّٰہ اعلم و علمہ احکم.**

جائیکہ از مسیح و نزولش سخن رود
گویم سخن اگرچہ ندارند باورم

﴿۱۵۷﴾ کآندر دلم دمید خداوند کردگار
کاں برگزیدہ را ز رہ صدق مظہرم

موعودم و بحلیۂ ماثور آمدم
حیف است گر بدیدہ نہ بینند منظرم

رنگم چو گندم است و بمو فرق بیّن ست
زِ انساں کہ آمد است در اخبار سرورم

﴿۱۵۸﴾ ایں مقدمم نہ جائے شکوک ست والتباس
سیّدؐ جدا کند ز مسیحائے احمرم

از کلمۂ منارۂ شرقی عجب مدار
چوں خود زِ مشرق است تجلّیِ نیّرم

اِینک منم کہ حسب بشارات آمدم
عیسیٰ کجاست تا بہ نہد پا بہ منبرم

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' آسمان سے '' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

﴿۱۵۹﴾ آنرا کہ حق بجنّت خُلدش مقام داد☆ — چوں برخلاف وعدہ بروں آرد از ارم

چوں کافر از ستم بپرستد مسیح را — غیوریٔ خدا بَسرش کرد ہمسرم

رَو یک نظر بجانب فرقاں زِ غور کن — تا بر تو منکشف شود ایں رازِ مُضمرم❁

﴿۱۶۰﴾ یاربّ کجاست محرم رازِ مکاشفات — تا نور باطنش خبر آرد ز مُخبرم

آں قبلہ رو نمود بگیتی بچار دہم — بعد از ہزار و سہ (یعنی سہ صد) کہ بت افگند درحرم

جوشید آں چناں کَرَمِ منبع فیوض — کآمدندائے یار زِ ہرکوئے و معبرم

﴿۱۶۱﴾ اےؔ معترض بخوفِ الٰہی صبور باش — تاخود خدا عیاں کنَد آں نور اخترم

آخر نخواندۂ کہ گمانِ نکو کنید — چوں میروی برون زِ حدودش برادرم

بر من چرا کشی تو چنیں خنجر زباں — از خود نیم زِ قادرِ ذوالمجد اکبرم

﴿۱۶۲﴾ ماؔمورم و مرا چہ دریں کار اِختیار — رَو ایں سخن بگو بہ خداوند آمرم

اے آنکہ سوئے من بدویدی بصد تبر — ازباغبان بترس کہ من شاخِ مثمرم

حکم است ز آسمان بزمیں مے رسانمش — گر بشنوم نگویمش آن را کجا برم

☆ دیکھو انجیل متی

❁ أ أنت قلت للناس. الخ

﴿۱۶۳﴾ اے قوم من بگفتۂ من تنگدل مباش ｜ زِ اوّل چنیں مجوش ببیں تا بہ آخرم

من خودنگویم ایں کہ بہ لوحِ خدا ہمیں است ｜ گر طاقتست محو کن آں نقش داورم

در تنگنائے حیرت وفکرم زِ قوم خویش ｜ یارب عنائتے کہ ازیں فکر مضطرم

﴿۱۶۴﴾ نے چشم ماندہ است و نہ گوش و نہ نورِ دل ｜ جز یک زبان شان کہ نیَرَ زَد بیکدرم

بد گفتنم زِ نوع عبادت شُمُردہ اند ｜ در چشم شاں پلید تر از ہر مُزوِّرم

اے دل تو نیز خاطر اینان نگاہ دار ｜ کاخر کنند دعوئے حب پیمبرمؐ

﴿۱۶۵﴾ اے منکرِ پیامِ سروش و ندائے حق ｜ از من خطا مَبیں کہ خطا در تو بِنگرم

جانم گُدَاخت از غمِ ایمانت اے عزیز ｜ و این طرفہ تر کہ من بگمانِ تو کافرم

خواہی کہ روشنت شود احوال صدق ما ｜ روشن دلی بخواہ ازاں ذاتِ ذُوالکرم

﴿۱۶۶﴾ گوشِ دِلم بجانب تکفیر کس کجاست ｜ من مست جام ہائے عنایاتِ دلبرم

از طعن دشمناں خبرے چوں شود مرا ｜ کاندر خیال دوست بخوابِ خوش اندرم

من میزیم بوَحیِ خدائے کہ با من است ｜ پیغامِ اوست چوں نفس روح پرورم

من رخت بُردہ ام بعمارات یارِ خویش ‌ ‌ دیگر خبر مپرس ازیں تیرہ کشورم ﴿۱۶۷﴾

عشقش بتار و پود دل من دروں شد است ‌ ‌ مہرش شد است در رہِ دین مہر انورم

رازِ محبت من و اُو فاش گر شدے ‌ ‌ بسیار تن کہ جاں بفشاندی بریں درم

ابنائے روزگار ندانند راز من ‌ ‌ من نور خود نہفتہ زِ چشمان شپرم ﴿۱۶۸﴾

بعد از رَہم ہر آنچہ پسندند ہیچ نیست ‌ ‌ بد قسمت آنکہ در نظرش ہیچ محترم

ہر لحظہ میخوریم زِ جام وصال دوست ‌ ‌ ہر دم انیس یار علیٰ رغم منکرم

بادِ بہشت بر دل پُرسوز من و زد ‌ ‌ صد نکہت لطیف دہد دود مجمرم ﴿۱۶۹﴾

بدبوئے حاسداں نرساند زِیاں بمن ‌ ‌ من ہر زماں زِ نافہ یادش معطرم

کارم زِ قرب یار بجائے رسیدہ است ‌ ‌ کانجا ز فہم و دانش اغیارِ برترم

پایم زِ لُطف یار بجنّت خزیدہ است ‌ ‌ و از فضل آں حبیب بدستست ساغرم ﴿۱۷۰﴾

جوشِ اجابتش کہ بوقت دعا بود ‌ ‌ زاں گونہ زاریم نشنید است مادرم

ہر سوئے و ہر طرف رخ آں یار بنگرم ‌ ‌ آں دیگرے کجاست کہ آید بخاطرم

﴿۱۷۱﴾ اے حسرت ایں گروہ عزیزاں مرا ندید — وقتے بہ بینم کہ ازیں خاک بگذرم

گر خون شد است دل زِ غم و دردشاں چہ شد — ہست آرزو کہ سر برود ہم دریں سَرَم

ہر شب ہزار غم بمن آید زِ درد قوم — یاربّ نجات بخش ازیں روز پُر شرم

﴿۱۷۲﴾ یاربّ بآب چشم من ایں کسل شان بشو — کامروز تر شد است ازیں درد بسترم

دریاب چونکہ آب زِ بہر تو ریختیم — دریاب چونکہ جز تو نماند است دیگرم

تاریکیٔ غموم بآخر نمی رسد — ایں شب مگر تمام شود روز محشرم

﴿۱۷۳﴾ دل خوں شد است از غمِ ایں قوم نا شناس — و از عالمانِ کج کہ گرفتند چنبرم

گر علم خشک و کوریٔ باطن نہ رہ زدے — ہر عالم و فقیہ شدے ہمچو چاکرم

بر سنگ میکند اثر ایں منطقم مگر — بے بہرہ ایں کساں زِ کلام مؤثرم

﴿۱۷۴﴾ علم آں بود کہ نور فراست رفیق اوست — ایں علم تیرہ را بہ پشیزے نمیخرم

امروز قوم من نشناسد مقامِ من — روزے بگریہ یاد کند وقت خوشترم

اے قومِ من بصبر نظر سوئے غیب دار — تا دست خود بعجز زِ بہر تو گُسترم

گر ہمچو خاک پیش تو قدرم بود چہ باک … چوں خاک نے کہ از خس و خاشاک کمترم ﴿۱۷۵﴾

لطف ست و فضل او کہ نوازد و گرنہ من … کِرمم نہ آدمی صدف استم نہ گوہرم

زانگونہ دست او دلم از غیر خود کشید … گوئی گہے نہ بود دِگر در تصورم

بعد از خدا بعشق محمدؐ مخمّرم … گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم ﴿۱۷۶﴾

ہر تار و پودِ من بسرائد بعشق اُو … از خود تہی و از غمِ آں دلستاں پُرم

من در حریم قدس چراغِ صداقتم … دستش محافظ است زِ ہر بادِ صَرصَرم

ہر دم فلک شہادت صدقم ہمی دہد … زینم کدام غم کہ زمیں گشت منکرم ﴿۱۷۷﴾

واللہ کہ ہمچو کشتئ نوحم زِ کردگار … بے دولت آنکہ دور بماند ز لنگرم

ایں آتشے کہ دامنِ آخر زمان بسوخت … از بہرِ چارہ اش بخدا نہر کوثرم

من نیستم رسول و نیاوردہ ام کتاب … ہاں مُلہم استم و زِ خداوند مُنذرم ﴿۱۷۸﴾

یارب بزاریم نظرے کن بلطف و فضل … جز دست رحمت تو دگر کیست یاورم

جانم فدا شود برہِ دین مصطفٰے … این است کام دل اگر آید میسّرم

# قریب تر با من ونزدیک تر بسعادت کون لوگ ہیں۔ ﴿۱۷۹﴾
# کیا وہ لوگ جنہوں نے اس عاجز کا مسیح موعود ہونا مان لیا یا وہ لوگ جو منکر ہو گئے

واضح ہو کہ یہ بات نہایت صاف اور روشن ہے کہ جنہوں نے اس عاجز کا مسیح موعود ہونا مان لیا ہے وہ لوگ ہر یک خطرہ کی حالت سے محفوظ اور معصوم ہیں اور کئی طرح کے ثواب اور اجر اور قوت ایمانی کے وہ مستحق ٹھہر گئے ہیں۔

**اوّل** یہ کہ انہوں نے اپنے بھائی پر حسن ظن کیا ہے اور اس کو مفتری یا کذاب نہیں ٹھہرایا اور
﴿۱۸۰﴾ اس کی نسبت کسی طرح کے شکوک فاسدہ کو دل میں جگہ نہیں دی اس وجہ سے اس ثواب کا انہیں استحقاق حاصل ہوا کہ جو بھائی پر نیک ظن رکھنے کی حالت میں ملتا ہے۔

**دوسری** یہ کہ وہ حق کے قبول کرنے کے وقت کسی ملامت کنندہ کی ملامت سے نہیں ڈرے اور نہ نفسانی جذبات اُن پر غالب ہو سکے اس وجہ سے وہ ثواب کے مستحق ٹھہر گئے کہ انہوں نے دعوت حق کو پا کر اور ایک ربانی منادی کی آواز سن کر پیغام کو قبول کر لیا اور کسی طرح کی روک سے رُک نہیں سکے۔

**تیسری** یہ کہ پیشگوئی کے مصداق پر ایمان لانے کی وجہ سے وہ اُن تمام وساوس سے مخلصی پا گئے کہ جو انتظار کرتے کرتے ایک دن پیدا ہو جاتے ہیں اور آخر یاس کی حالت میں ایمان دور ہو جانے کا موجب ٹھہرتے ہیں اور اُن سعید لوگوں نے نہ صرف خطرات مذکورہ بالا سے مخلصی پائی بلکہ خدائے تعالیٰ کا ایک نشان اور اس کے نبی کی پیشگوئی اپنی زندگی میں پوری

ہوتی دیکھ کر ایمانی قوت میں بہت ترقی کر گئے اور اُن کے سماعی ایمان پر ایک معرفت کا رنگ آ گیا اب وہ اُن تمام حیرتوں سے چھوٹ گئے جو اُن پیشگوئیوں کے بارہ میں دلوں میں پیدا ہوا کرتی ہیں جو پوری ہونے میں نہیں آتیں۔ ﴿۱۸۱﴾

**چوتھی** یہ کہ وہ خدائے تعالیٰ کے بھیجے ہوئے بندہ پر ایمان لاکر اس سخط اور غضب الٰہی سے بچ گئے جو اُن نافرمانوں پر ہوتا ہے کہ جن کے حصہ میں بجز تکذیب و انکار کے اور کچھ نہیں۔

**پانچویں** یہ کہ وہ اُن فیوض اور برکات کے مستحق ٹھہر گئے جو اُن مخلص لوگوں پر نازل ہوتے ہیں جو حسن ظن سے اُس شخص کو قبول کر لیتے ہیں کہ جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔

یہ تو وہ فوائد ہیں کہ جو انشاء اللہ الکریم اُن سعید لوگوں کو بفضلہٖ تعالیٰ ملیں گے جنہوں نے اس عاجز کو قبول کر لیا ہے لیکن جو لوگ قبول نہیں کرتے وہ ان تمام سعادتوں سے محروم ہیں اور اُن کا یہ وہم بھی لغو ہے کہ قبول کرنے کی حالت میں نقصان دین کا اندیشہ ہے۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ وہ نقصانِ دین کس وجہ سے ہوسکتا ہے۔ نقصان تو اس صورت میں ہوتا کہ اگر یہ عاجز برخلاف تعلیم اسلام کے کسی اور نئی تعلیم پر چلنے کے لئے انہیں مجبور کرتا۔ مثلاً کسی حلال چیز کو حرام یا حرام کو حلال بتلاتا یا اُن ایمانی عقائد میں جو نجات کے لئے ضروری ہیں کچھ فرق ڈالتا یا یہ کہ صوم و صلوٰۃ و حج و زکوٰۃ وغیرہ اعمال شرعیہ میں کچھ ﴿۱۸۲﴾ بڑھاتا یا گھٹا دیتا مثلاً پانچ وقت کی نماز کی جگہ دس وقت کی نماز کر دیتا یا دو وقت ہی رہنے دیتا یا ایک مہینہ کی جگہ دو مہینے کے روزے فرض کر دیتا یا اس سے کم کی طرف توجہ دلاتا تو بے شک سراسر نقصان بلکہ کفر و خسران تھا لیکن جس حالت میں یہ عاجز بار بار یہی کہتا ہے کہ اے بھائیو! میں کوئی نیا دین یا نئی تعلیم لے کر نہیں آیا بلکہ میں بھی تم میں سے اور تمہاری طرح ایک مسلمان ہوں اور ہم مسلمانوں کے لئے بجز قرآن شریف اور کوئی دوسری کتاب نہیں جس پر عمل کریں یا عمل کرنے کے لئے دوسروں کو ہدایت دیں اور بجز

جناب ختم المرسلین احمد عربی صلعم کے اور کوئی ہمارے لئے ہادی اور مقتدا نہیں جس کی پیروی ہم کریں یا دوسروں سے کرانا چاہیں تو پھر ایک مُتدیّن مسلمان کے لئے میرے اس دعوے پر ایمان لانا جس کی الہام الٰہی پر بنا ہے کونسی اندیشہ کی جگہ ہے۔ بفرضِ محال اگر میرا یہ کشف اور الہام غلط ہے اور جو کچھ مجھے حکم ہو رہا ہے اُس کے سمجھنے میں مَیں نے دھوکہ کھایا ہے تو ماننے والے کا اس میں حرج ہی کیا ہے۔ کیا اُس نے کوئی ایسی بات مان لی ہے جس کی وجہ سے اُس کے دین میں کوئی رخنہ پیدا ہوسکتا ہے۔ اگر ہماری زندگی میں سچ مچ حضرت مسیح ابن مریم ہی آسمان سے اُتر آئے تو دلِ ماشاد و چشمِ ماروشن۔ ہم اور ہمارا گروہ سب سے پہلے اُن کو قبول کرلے گا اور اس پہلی بات کے قبول کرنے کا بھی ثواب پائے گا جس کی طرف محض نیک نیتی ﴿۱۸۳﴾ اور خدائے تعالیٰ کے خوف سے اُس نے قدم اُٹھایا تھا بہرحال اس غلطی کی صورت میں بھی (اگر فرض کی جائے) ہمارے ثواب کا قدم آگے ہی رہا اور ہمیں دو ثواب ملے اور ہمارے مخالف کو صرف ایک لیکن اگر ہم سچے ہیں اور ہمارے مخالف آئندہ کی امیدیں باندھنے میں غلطی پر ہیں تو ہمارے مخالفوں کا ایمان سخت خطرہ کی حالت میں ہے کیونکہ اگر سچ مچ انہوں نے اپنی زندگی میں حضرت مسیح ابن مریم کو بڑے اقبال و جلال کے ساتھ آسمان سے اُترتے دیکھ لیا اور اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلیا کہ فرشتوں کے ساتھ اُترتے چلے آتے ہیں تب تو اُن کا ایمان سلامت رہا ورنہ دوسری صورت میں ایمان سلامت رہنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ کیونکہ اگر اخیر زندگی تک کوئی آدمی آسمان سے اُترتا اُنہیں دکھائی نہ دیا بلکہ اپنی ہی طیاری آسمان کی طرف جانے کے لئے ٹھہر گئی تو ظاہر ہے کہ کیا کیا شکوک وشبہات ساتھ ﴿۱۸۴﴾ لے جائیں گے اور نبی صادق کی پیشگوئی کے بارہ میں کیا کیا وساوس دل میں پڑیں گے اور قریب ہے کہ کوئی ایسا سخت وسوسہ پڑ جائے کہ جس کے ساتھ ایمان ہی برباد ہو۔ کیونکہ یہ وقت انجیل اور احادیث کے اشارات کے مطابق وہی وقت ہے جس میں مسیح اُترنا چاہیے اسی وجہ سے سلف صالح میں سے بہت سے صاحبِ مکاشفات مسیح کے

آنے کا وقت چودہویں صدی کا شروع سال بتلا گئے ہیں چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب محدّث دہلوی قدس سرہٗ کی بھی یہی رائے ہے اور مولوی صدیق حسن صاحب مرحوم نے بھی اپنے ایک رسالہ میں ایسا ہی لکھا ہے اور اکثر محدثین اس حدیث کے معنے میں کہ جو **الاٰیات بعد المأ تین** ہے اسی طرف گئے ہیں۔ اگر یہ کہو کہ مسیح موعود کا آسمان سے دمشق کے منارہ کے پاس اُترنا تمام مسلمانوں کا اجماعی عقیدہ ہے تو اس کا جواب میں اسی رسالہ میں لکھ چکا ہوں کہ اس بات پر ہرگز اجماع نہیں قرآن شریف میں اس کا کہاں بیان ہے وہاں تو صرف موت کا ذکر ہے بخاری میں حضرت یحییٰ کی روح کے ساتھ حضرت عیسٰی کی روح دوسرے آسمان پر بیان کیا ہے اور دمشق میں اُترنے سے اعراض کیا ہے اور ابن ماجہ صاحب بیتؔ المقدس میں اُن کو ﴿۱۸۵﴾ نازل کر رہے ہیں اور ان سب میں سے کسی نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ یہ تمام الفاظ واسماء ظاہر پر ہی محمول ہیں بلکہ صرف صورت پیشگوئی پر ایمان لے آئے ہیں پھر اجماع کس بات پر ہے۔ ہاں تیرہویں صدی کے اختتام پر مسیح موعود کا آنا ایک اجماعی عقیدہ معلوم ہوتا ہے۔ سو اگر یہ عاجز مسیح موعود نہیں تو پھر آپ لوگ مسیح موعود کو آسمان سے اُتار کر دکھلا دیں۔ صالحین کی اولاد ہو مسجد میں بیٹھ کر تضرّع اور زاری کرو تا کہ عیسٰی ابن مریم آسمان سے فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے تشریف لاویں اور تم سچے ہو جاؤ۔ ورنہ کیوں ناحق بدظنی کرتے ہو اور زیر الزام آیت کریمہ لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ [۱] آتے ہو۔ خدائے تعالیٰ سے ڈرو۔

**لطیفہ** چند روز کا ذکر ہے کہ اس عاجز نے اس طرف توجہ کی کہ کیا اس حدیث کا جو **الاٰیات بعد المأتین** ہے ایک یہ بھی منشاء ہے کہ تیرہویں صدی کے اواخر میں مسیح موعود کا ظہور ہوگا اور کیا اس حدیث کے مفہوم میں بھی یہ عاجز داخل ہے تو مجھے کشفی طور پر اس مندرجہ ذیل نام کے اعداد حروف کی طرف توجہ دلائی گئی کہ دیکھ یہی مسیح ہے کہ جو تیرہویں صدی کےؔ پورے ہونے پر ظاہر ہونے والا تھا پہلے سے یہی تاریخ ﴿۱۸۶﴾

[۱] بنی اسرائیل: ۳۷

ہم نے نام میں مقرر کر رکھی تھی اور وہ یہ نام ہے **غلام احمد قادیانی** اس نام کے عدد پورے تیرہ سو ۱۳۰۰ ہیں اور اس قصبہ قادیان میں بجز اس عاجز کے اور کسی شخص کا غلام احمد نام نہیں بلکہ میرے دل میں ڈالا گیا ہے کہ اِس وقت بجز اس عاجز کے تمام دنیا میں غلام احمد قادیانی کسی کا بھی نام نہیں اور اس عاجز کے ساتھ اکثر یہ عادت اللہ جاری ہے کہ وہ سبحانہ بعض اسرار اعداد حروف تہجی میں میرے پر ظاہر کر دیتا ہے۔ ایک دفعہ میں نے آدم کے سن پیدائش کی طرف توجہ کی تو مجھے اشارہ کیا گیا کہ ان اعداد پر نظر ڈال جو سورۃ **العصر** کے حروف میں ہیں کہ انہیں میں سے وہ تاریخ نکلتی ہے۔

ایک مرتبہ میں نے اس مسجد کی تاریخ جس کے ساتھ میرا مکان ملحق ہے الہامی طور پر معلوم کرنی چاہی تو مجھے الہام ہوا **مبارک و مبارِک و کل امر مبارک یجعل فیه**۔ یہ وہی مسجد ہے جس کی نسبت میں اسی رسالہ میں لکھ چکا ہوں کہ میرا مکان اس قصبہ کے شرقی طرف آبادی کے آخری کنارہ پر واقع ہے اسی مسجد کے قریب اور اس کے شرقی منارہ کے نیچے جیسا کہ ہمارے سیّد و مولیٰ کی پیشگوئی کا مفہوم ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔

اور ابھی چند روز کا ذکر ہے کہ ایک شخص کی موت کی نسبت خدائے تعالیٰ نے اعداد تہجی میں مجھے خبر دی جس کا ماحصل یہ ہے کہ **کلب یموت علٰی کلب** یعنی وہ کتا ہے اور کتے کے عدد پر مرے گا جو باون ۵۲ سال پر دلالت کر رہے ہیں یعنی اُس کی عمر باون ۵۲ سال سے تجاوز نہیں کرے گی جب باون سال کے اندر قدم دھرے گا تب اُسی سال کے اندر اندر راہی ملک بقا ہوگا۔ ﴿۱۸۷﴾

اب پھر میں تقریر مذکورہ بالا کی طرف رجوع کر کے کہتا ہوں کہ ہمارا گروہ ایک سعید گروہ ہے جس نے اپنے وقت پر اس بندہ مامور کو قبول کر لیا ہے جو آسمان اور زمین کے خدا نے بھیجا ہے اور ان کے دلوں نے قبول کرنے میں کچھ تنگی نہیں کی کیونکہ وہ سعید تھے اور خدائے تعالیٰ نے اپنے لئے انہیں چن لیا تھا۔ عنایت حق نے انہیں قوت دی اور دوسروں کو نہیں دی اور اُن کا سینہ کھول دیا اور دوسروں کا نہیں کھولا سو جنہوں نے لے لیا اُنہیں اور بھی دیا جائے گا اور ان کی بڑھتی ہوگی مگر جنہوں نے نہیں لیا اُن سے وہ بھی لیا جائے گا جو اُن کے پاس پہلے تھا۔ بہت سے راستبازوں نے آرزو کی کہ اس زمانہ کو دیکھیں مگر دیکھ نہ سکے مگر افسوس کہ ان لوگوں نے

دیکھا مگر قبول نہ کیا ان کی حالت کو میں کس قوم کی حالت سے تشبیہ دوں اُن کی نسبت یہی تمثیل ٹھیک آتی ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنے وعدہ کے موافق ایک شہر میں اپنی طرف سے ایک حاکم ﴿۱۸۸﴾ مقرر کر کے بھیجا تا وہ دیکھے کہ درحقیقت مطیع کون ہے اور نافرمان کون اور تا اُن تمام جھگڑوں کا تصفیہ بھی ہو جائے جو اُن میں واقع ہو رہے ہیں چنانچہ وہ حاکم عین اُس وقت میں جبکہ اس کے آنے کی ضرورت تھی آیا اور اُس نے اپنے آقا نامدار کا پیغام پہنچا دیا اور سب لوگوں کو راہِ راست کی طرف بلایا اور اپنا حَکم ہونا اُن پر ظاہر کر دیا لیکن وہ اس کے ملازم سرکاری ہونے کی نسبت شک میں پڑ گئے تب اُس نے ایسے نشان دکھلائے جو ملازموں سے ہی خاص ہوتے ہیں مگر انہوں نے نہ مانا اور اُسے قبول نہ کیا اور اُس کو کراہت کی نظر سے دیکھا اور اپنے تئیں بڑا سمجھا اور اس کا حَکم ہونا اپنے لئے قبول نہ کیا بلکہ اس کو پکڑ کر بے عزت کیا اور اُس کے منہ پر تھوکا اور اس کے مارنے کے لئے دوڑے اور بہت سی تحقیر و تذلیل کی اور بہت سی سخت زبانی کے ساتھ اُس کو جھٹلایا تب وہ اُن کے ہاتھ سے وہ تمام آزار اُٹھا کر جو اس کے حق میں مقدّر تھے اپنے بادشاہ کی طرف واپس چلا گیا اور وہ لوگ جنہوں نے اُس کا ایسا بُرا حال کیا کسی اور حاکم کے آنے کے منتظر بیٹھے رہے اور جہالت کی راہ سے ایسے خیال باطل پر جمے رہے کہ یہ تو ﴿۱۸۹﴾ حاکم نہیں تھا بلکہ وہ اور شخص ہے جو آئے گا جس کی انتظاری ہمیں کرنی چاہیے سو وہ سارا دن اس شخص کی انتظار کئے گئے اور اُٹھ اُٹھ کر دیکھتے رہے کہ کب آتا ہے اور اس وعدہ کا باہم ذکر کرتے رہے جو بادشاہ کی طرف سے تھا یہاں تک کہ انتظار کرتے کرتے سورج غروب ہونے لگا اور کوئی نہ آیا آخر شام کے قریب بہت سے پولیس کے سپاہی آئے جن کے ساتھ بہت سی ہتکڑیاں بھی تھیں سو انہوں نے آتے ہی اُن شریروں کے شہر کو پھونک دیا اور پھر سب کو پکڑ کر ایک ایک کو ہتکڑی لگا دی اور عدالت شاہی کی طرف بجرم عدول حکمی اور مقابلہ ملازم سرکاری چالان کر دیا جہاں سے انہیں وہ سزائیں مل گئیں جن کے وہ سزاوار تھے۔

سو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ یہی حال اس زمانہ کے جفاکار منکروں کا ہوگا ہر یک شخص اپنی زبان اور قلم اور ہاتھ کی شامت سے پکڑا جائے گا جس کے کان سننے کے ہوں سنے۔

# علمائے ہند کی خدمت میں نیاز نامہ ﴿۱۹۰﴾

اے برادران دین وعلمائے شرع متین! آپ صاحبان میری ان معروضات کو متوجہ ہو کر سنیں کہ اس عاجز نے جو مثیل موعود ہونے کا دعویٰ کیا ہے جس کو کم فہم لوگ مسیح موعود خیال کر بیٹھے ہیں۔ یہ کوئی نیا دعویٰ نہیں جو آج ہی میرے منہ سے سنا گیا ہو بلکہ یہ وہی پرانا الہام ہے جو میں نے خدائے تعالیٰ سے پا کر **براہین احمدیہ** کے کئی مقامات پر بتصریح درج کر دیا تھا جس کے شائع کرنے پر سات سال سے بھی کچھ زیادہ عرصہ گزر گیا ہوگا میں نے یہ دعویٰ ہرگز نہیں کیا کہ میں مسیح بن مریم ہوں جو شخص یہ الزام میرے پر لگاوے وہ سراسر مفتری اور کذّاب ہے بلکہ میری طرف سے عرصہ سات یا آٹھ سال سے برابر یہی شائع ہو رہا ہے کہ میں مثیل مسیح ہوں یعنی حضرت عیسٰی علیہ السلام کے بعض روحانی خواص طبع اور عادت اور اخلاق وغیرہ کے خدائے تعالیٰ نے میری فطرت میں بھی رکھے ہیں اور دوسرے کئی امور میں جن کی تصریح ﴿۱۹۱﴾ انہیں رسالوں میں کر چکا ہوں میری زندگی کو مسیح ابن مریم کی زندگی سے اشد مشابہت ہے اور یہ بھی میری طرف سے کوئی نئی بات ظہور میں نہیں آئی کہ میں نے ان رسالوں میں اپنے تئیں وہ موعود ٹھہرایا ہے جس کے آنے کا قرآن شریف میں اجمالاً اور احادیث میں تصریحاً بیان کیا گیا ہے کیونکہ میں تو پہلے بھی براہین احمدیہ میں بتصریح لکھ چکا ہوں کہ میں وہی مثیل موعود ہوں جس کے آنے کی خبر روحانی طور پر قرآن شریف اور احادیث نبویہ میں پہلے سے وارد ہو چکی ہے۔ تعجب کہ **مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی** اپنے رسالہ **اِشَاعة السُّنّة** نمبر۶ جلد سات میں جس میں براہین احمدیہ کا ریویو لکھا ہے اِن تمام الہامات کی اگرچہ ایمانی طور پر نہیں مگر امکانی طور پر تصدیق کر چکے اور بدل جان مان چکے ہیں مگر پھر بھی سنا جاتا ہے کہ حضرت مولوی صاحب موصوف کو بھی اور لوگوں کا شور اور غوغا دیکھ کر

کچھ منکرانہ جوش دل میں اُٹھتا ہے و ہذا اعجب العجائب اور الہامات جو اس بارہ میں براہین میں درج ہیں وہ صفحات نمبر ۲۳۸، ۲۳۹، ۲۴۰، ۲۴۷، ۴۹۸، ۵۰۵، ۵۱۰، ۵۱۱، ۵۱۳، ۵۱۴، ۵۵۶، ۵۵۹، ۵۶۰، ۵۶۱ میں مندرج ہیں جن کی عبارتیں یہ ہیں۔ ﴿۱۹۲﴾

یا احمد بارک اللّٰہ فیک مارمیت اذرمیت ولٰکن اللّٰہ رمٰی ا لرحمٰن علم القراٰن لتنذر قوما ما انذر اٰباؤھم و لتستبین سبیل المجرمین قل انّی امرت و انا اوّل المؤمنین یاعیسٰی انّی متوفیک ورافعک الیّ وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الٰی یوم القیٰمۃ ھو الذی ارسل رسولہ بالھُدٰی و دین الحق لیظھرہ علی الدّین کلّہ لا مبدل لکلمات اللّٰہ انا انزلناہ قریبًا من القادیان و بالحق انزلناہ وبالحق نزل صدق اللّٰہ ورسولہ و کان امر اللّٰہ مفعولا وقالوا ان ھو الا افک ن افترٰی وما سمعنا بھذا فی اٰبائنا الاوّلین قل ھو اللّٰہ عجیب یجتبٰی من یشآء من عبادہ ۔ لا یسئل عما یفعل و ھم یسئلون

اے احمد خدائے تعالیٰ نے تجھ میں برکت ڈال دی ہے جو کچھ تو نے چلایا جبکہ چلایا یہ تو نے نہیں بلکہ خدا نے چلایا ہے وہی رحمٰن ہے جس نے قرآن تجھے سکھایا تا تو ان لوگوں کو ڈراوے جن کے باپ دادے ڈرائے نہیں گئے اور تا مجرموں کی راہ صاف طور پر کھل جاوے یعنی تا معلوم ہو جاوے کہ کون لوگ تیرا ساتھ اختیار کرتے ہیں اور کون لوگ بغیر بصیرت کامل کے مخالفت پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور سب لوگوں کو کہہ دے کہ میں خدائے تعالیٰ کی طرف سے حکم کیا گیا ہوں اور سب سے پہلا وہ آدمی ہوں جو اس حکم پر ایمان لایا۔ اے عیسیٰ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اُٹھاؤں گا اور وہ جو تیرے تابع ہوئے ہیں میں انہیں اُن دوسرے لوگوں پر جو تیرے منکر ہیں قیامت کے دن تک غالب رکھوں گا۔ ﴿۱۹۳﴾ خدا وہ قادر ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچائی دین دے کر بھیجا تا سب دینوں پر حجت کی رُو سے اُس کو غالب کرے۔ (یہ وہ پیشگوئی ہے جو پہلے سے قرآن شریف میں انہیں دنوں کے لئے لکھی گئی ہے) پھر بعد اس کے الہام الٰہی کا یہ ترجمہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کے ان وعدوں کو جو پہلے سے اس کی پاک کلام میں آ چکے ہیں کوئی بدل نہیں سکتا یعنی وہ ہرگز ٹل نہیں سکتے

سنلقی فی قلوبھم الرعب قل جآء کم نور من اللّٰہ. فلاتکفروا ان کنتم مؤمنین والذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم اولٰئک لھم الامن وھم مھتدون ویخوفونک من دونہٖ ائمۃ الکفر تبت یدا ابی لھب وتب ما کان لہ ان یدخل فیھا الا خائفا وما اصابک فمن اللّٰہ الفتنۃ ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم الا انھا فتنۃ من اللّٰہ لیحب حبا جما حبا من اللّٰہ العزیز الاکرم فی اللّٰہ اجرک ویرضٰی عنک ربک ویتم اسمک وان لم یعصمک الناس فیعصمک اللّٰہ من عندہ

﴿۱۹۴﴾

﴿۱۹۵﴾

اور پھر بعد اس کے فرمایا ہے کہ ہم نے اس مامور کو مع اپنے نشانوں اور عجائبات کے قادیان کے قریب اتارا ہے اور سچائی کے ساتھ اتارا اور سچائی کے ساتھ اترا۔ اللہ اور اس کے رسول کے وعدے جو قرآن اور حدیث میں تھے آج سچے ہو گئے اور خدا تعالیٰ کا وعدہ اور امر ایک دن پورا ہونا ہی تھا اور کہیں گے کہ یہ سراسر جھوٹ ہے جو آپ بنا لیا اور ہم نے اپنے سلف صالح سے اس کو نہیں سنا۔ ان کو کہہ کہ خدا تعالیٰ کی شان عجیب ہے تم اس کے اسرار تک پہنچ نہیں سکتے جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے چن لیتا ہے اس کے پاس اپنے بندوں کی کچھ کمی نہیں اور اس کے کاموں کی اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا کہ ایسا کیوں کیا اور ایسا کیوں نہیں کیا اور وہ اپنے بندوں کے افعال واقوال کی باز پُرس کرتا ہے اور عنقریب ہم ان کے دلوں پر رُعب ڈال دیں گے ان کو کہہ دے کہ یہ نور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے اگر تم مومن ہو تو اس سے انکار مت کرو اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں کسی ظلم کو نہیں ملایا وہ امن کی حالت میں ہیں اور وہی ہدایت یافتہ ہیں اور منکروں کے پیشوا تجھے ڈرائیں گے ہلاک ہوئے دونوں ہاتھ ابی لہب کے اور آپ بھی ہلاک ہوا اسے نہیں چاہیے تھا کہ اس معاملہ میں دلیری سے اپنے تئیں داخل کرتا بلکہ ڈرتا اور جو کچھ تجھے لوگوں کی باتوں سے آزار پہنچے گا وہ درحقیقت خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوگا۔ اس جگہ ابی لہب سے مراد ایسے لوگ ہیں کہ جو مخالفانہ تحریروں کے لئے بغیر بصیرت کاملہ

| | |
|---|---|
| وما کان اللّٰہ لیترکک حتی یمیز الخبیث من الطیب وعسیٰ ان تکرھوا شیئا وھو خیر لکم و اللّٰہ یعلم وانتم لا تعلمون ربّ اغفر وارحم من السمآء رب انی مغلوب فانتصر ایلی ایلی لما سبقتنی۔ رب ارنی کیف تحی الموتٰی رب لا تذرنی فردًا وانت خیرا لوارثین ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین بشری لک یا احمدی انت مرادی ومعی غرستُ کرامتک بیدی انت وجیہ فی حضرتی | کے کھڑے ہو جائیں گے اور لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ[1] کی نہی سے نہیں ڈریں گے اور امر حسن ظن کی پروا نہیں رکھیں گے اور متشابہات امر متنازعہ فیہ کو حوالہ بخدا نہیں کریں گے۔ پھر فرمایا کہ جب لوگ مخالفت پر آمادہ ہو جائیں گے تو یہ ایک آزمائش کی جگہ ہوگی پس اس وقت تُو صبر کر جیسا کہ اولوالعزم رسول صبر کرتے رہے ہیں۔ یاد رکھ کہ یہ منجانب اللہ آزمائش ہے تا وہ کامل طور پر تجھ سے محبت کرے۔ یہ وہ محبت ہے جو خداوند غالب اور بہت بزرگ کی طرف سے ہے تیرا اجر خدا دے گا «۱۹۶» اور تیرا رب تجھ سے راضی ہوگا اور تیرا نام پورا کرے گا اور خدا تجھے بچائے گا اگرچہ لوگ تیرے بچانے سے دریغ ہی کریں اور خدا ایسا نہیں ہے کہ قبل اس کے جو خبیث اور طیب میں فرق کر کے دکھلا وے تجھے چھوڑ دیوے اور ایسا ہو سکتا ہے کہ تم ایک امر کو جو تم پر وارد ہو مکروہ سمجھو اور تمہارے دل کو اچھا نہ لگے مگر دراصل وہ تمہارے لئے اچھا ہو اور خدا تعالیٰ حقیقت اسرار جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اے میرے رب میرے گناہ بخش اور آسمان سے مجھ پر رحم نازل کر اور میرے لئے کھڑا ہو کہ میں مغلوب ہوں۔ اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا (یہ اشارہ اس مشابہت کی طرف ہے کہ جو اس عاجز کو حضرت مسیح سے ہے کیونکہ ایلی ایلی کی دعا درحقیقت مسیح نے اپنی تنگی کے وقت کی تھی) اور پھر اس عاجز کی طرف سے خدا تعالیٰ نے الہامی طور پر یہ دعا ظاہر کی کہ مجھے دکھلا کہ تو کیونکر مردوں کو زندہ کرتا ہے (یہ بھی مسیحی مشابہت کی طرف اشارہ ہے) اور پھر اس عاجز کی طرف سے الہامی طور پر یہ دعا ظاہر کی کہ مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو خیر الوارثین ہے۔ مجھ میں اور میری قوم میں سچا فیصلہ کر تو خیر الفاتحین ہے۔ اے میرے احمد تجھے بشارت ہو |

[1] بنی اسرآئیل:۳۷

| | |
|---|---|
| اختــرتک لـنـفسـی شــأنک عــجیــب واجــرک قریب الارض والسمآء معک کما هو معی جری الله فی حلل الانبیآء لا تـخف انک انت الاعلٰی ینصرک اللـه فی مواطن ان یومی لـفـصل عظیم کتب الله لاغـلبن انا ورسلی الاان حزب اللّٰه هم الغالبون. | تو میری مراد اور میرے ساتھ ہے۔ میں نے تیری کرامت کا درخت ثابت اور مستحکم کر دیا تو میری درگاہ میں وجیہ ہے میں نے تجھے اپنے لئے چنا۔ تیری شان عجیب اور تیرا اجر قریب ہے۔ تیرے ساتھ زمین و آسمان ایسا ہے جیسا کہ وہ میرے ساتھ ہے۔ تو خدا کا پہلوان ہے نبیوں کے حلّوں میں۔ مت خوف کر کہ غلبہ تجھ کو ہے۔ خدائی میدانوں میں تیری مدد کرے گا۔ میرا دن بڑے فیصلہ کا دن ہے۔ میں نے لکھ چھوڑا ہے کہ ہمیشہ میں اور میرے رسول ہی غالب رہیں گے۔ یاد رکھ کہ خدا کا ہی گروہ غالب رہا کرتا ہے۔ |

﴿۱۹۷﴾

یہ وہ الہامات ہیں جو براہین احمدیہ میں صفحات مذکورہ بالا میں ہم لکھ چکے ہیں۔ جو صراحتاً وکنایتاً اس عاجز کے مثیل موعود ہونے پر دلالت کر رہے ہیں۔

ہاں براہین میں اس بات کا الہامی طور پر کچھ فیصلہ نہیں کیا گیا کہ حضرت مسیح بن مریم کے نزول کے جو لوگ منتظر ہیں کہ وہی سچ مچ بہشت سے نکل کر فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے آسمان سے زمین پر اُتر آئیں گے اس کی اصل حقیقت کیا ہے بلکہ میں نے براہین میں جو کچھ مسیح بن مریم کے دوبارہ دنیا میں آنے کا ذکر لکھا ہے وہ ذکر صرف ایک مشہور عقیدہ کے لحاظ سے ہے جس کی طرف آج کل ہمارے مسلمان بھائیوں کے خیالات جھکے ہوئے ہیں۔ سو اسی ظاہری اعتقاد کے لحاظ سے میں نے براہین میں لکھ دیا تھا کہ میں صرف مثیل موعود ہوں۔ اور ﴿۱۹۸﴾ میری خلافت صرف روحانی خلافت ہے لیکن جب مسیح آئے گا تو اس کی ظاہری اور جسمانی دونوں طور پر خلافت ہوگی یہ بیان جو براہین میں درج ہو چکا ہے صرف اُس سرسری پیروی کی وجہ سے ہے جو ملہم کو قبل از انکشاف اصل حقیقت اپنے نبی کے آثار مرویہ کے لحاظ سے

لازم ہے کیونکہ جو لوگ خدائے تعالیٰ سے الہام پاتے ہیں وہ بغیر بلائے نہیں بولتے اور بغیر سمجھائے نہیں سمجھتے اور بغیر فرمائے کوئی دعویٰ نہیں کرتے اور اپنی طرف سے کسی قسم کی دلیری نہیں کر سکتے اسی وجہ سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب تک خدائے تعالیٰ کی طرف سے بعض عبادات کے ادا کرنے کے بارہ میں وحی نازل نہیں ہوتی تھی تب تک اہل کتاب کی سنن دینیہ پر قدم مارنا بہتر جانتے تھے اور بر وقت نزول وحی اور دریافت اصل حقیقت کے اس کو چھوڑ دیتے تھے سو اسی لحاظ سے حضرت مسیح بن مریم کی نسبت اپنی طرف سے براہین میں کوئی بحث نہیں کی گئی تھی اب جو خدائے تعالیٰ نے حقیقت امر کو اس عاجز پر ظاہر فرمایا تو عام طور پر
اس کا اعلان از بس ضروری تھا لیکن مجھے اگر کچھ افسوس ہے تو اس زمانہ کے اُن مولوی صاحبان ﴿۱۹۹﴾
پر ہے کہ جنہوں نے قبل اس کے جو میری تحریر پر غور اور خوض کی نگاہ کریں ردّ لکھنے شروع کر دئے ہیں۔ مصنّفین اور محققین خوب سمجھتے ہیں کہ جس قدر حال کے بعض مولوی صاحبوں نے مجھے اپنی دیرینہ رائے کا مخالف ٹھہرایا ہے غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ درحقیقت اتنی بڑی مخالفت نہیں ہے جس پر اتنا شور مچایا گیا۔ میں نے صرف مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور میرا یہ بھی دعویٰ نہیں کہ صرف مثیل ہونا میرے پر ہی ختم ہو گیا ہے بلکہ میرے نزدیک ممکن ہے کہ آئندہ زمانوں میں میرے جیسے اور دس ہزار بھی مثیل مسیح آ جائیں ہاں اِس زمانہ کے لئے میں مثیل مسیح ہوں اور دوسرے کی انتظار بے سود ہے اور یہ بھی ظاہر رہے کہ یہ کچھ میرا ہی خیال نہیں کہ مثیل مسیح بہت ہو سکتے ہیں بلکہ احادیث نبویہ کا بھی یہی منشاء پایا جاتا ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ دنیا کے اخیر تک قریب تیس کے دجال پیدا ہوں گے اب ظاہر ہے کہ جب تیس دجال کا آنا ضروری ہے تو بحکم **لِکُلِّ دجّال عیسٰی** تیس مسیح بھی آنے چاہیے۔
پس اس بیان کے رو سے ممکن اور بالکل ممکن ہے کہ کسی زمانہ میں کوئی ایسا مسیح بھی آ جائے جس پر ﴿۲۰۰﴾
حدیثوں کے بعض ظاہری الفاظ صادق آ سکیں کیونکہ یہ عاجز اس دنیا کی حکومت اور بادشاہت

کے ساتھ نہیں آیا درویشی اور غربت کے لباس میں آیا ہے اور جبکہ یہ حال ہے تو پھر علماء کے لئے اشکال ہی کیا ہے ممکن ہے کہ کسی وقت اُن کی یہ مراد بھی پوری ہو جائے۔ ہاں اُن کی یہ خاص مراد **کشفًا و الهامًا و عقلًا و فرقانًا** مجھے پوری ہوتی نظر نہیں آتی کہ وہ لوگ سچ مچ کسی دن حضرت مسیح بن مریم کو آسمان سے اُترتے دیکھ لیں گے سو انہیں اس بات پر ضد کرنا کہ ہم تب ہی ایمان لائیں گے کہ جب مسیح کو اپنی آنکھوں سے آسمان سے اُترتا ہوا مشاہدہ کریں گے ایک خطرناک ضد ہے اور یہ قول اُن لوگوں کے قول سے ملتا جلتا ہے جن کا خود ذکر اللہ جلّشانہٗ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے کہ وہ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً [1] کہتے رہے اور ایمان لانے سے بے نصیب رہے۔

اب میں نصیحتًا للہ اپنے عزیز علماء کی خدمت میں صحیحین کی وہ حدیثیں عرض کرنا چاہتا ہوں جن کی نسبت اُن کا یہ خیال ہے کہ اُن سے ہمارا دعویٰ مسیح ابن مریم کے آسمان سے اُترنے کا بخوبی ثابت ہوتا ہے اور جن پر زور مار کر وہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ ان کو اپنے دعاوی کی اُن احادیث کی رُو سے ڈگری ملتی ہے سو وہ حدیثیں مع ترجمہ کے ذیل میں لکھتا ہوں۔ ﴿۲۰۱﴾

## ترجمہ

| | |
|---|---|
| صحیح بخاری صفحہ ۴۹۰ **والذی نفسی بیدہ لیوشکنّ ان ینزل فیکم ابن مریم حکمًا عدلًا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الحرب۔ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم** | یعنی قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں ابن مریم نازل ہوگا اور تمہارے ہر یک مسئلہ مختلف فیہ کا عدالت کے ساتھ فیصلہ کرے گا اور باطل پرستوں کو الگ اور حق پرستوں کو الگ کر دے گا پس وہ اِسی حَکَم ہونے کی وجہ سے صلیب کو توڑے گا اور خنزیروں کو مارے گا اور روز کے جھگڑوں کا خاتمہ کر دے گا۔ تمہارا اُس دن کیا حال ہوگا جس دن ابن مریم تم میں نازل ہوگا اور تم جانتے ہو کہ ابن مریم کون ہے وہ تمہارا ہی ایک امام ہوگا اور تم میں سے ہی (اے اُمتی لوگو) پیدا ہوگا۔ |

[1] البقرة:٥٦

یہاں تک بخاری کی حدیث کا ترجمہ ہو چکا اور آپ لوگوں نے سمجھ لیا ہوگا کہ امام بخاری صاحب **امامکم منکم** کے لفظ سے کس طرف اشارہ کر گئے ہیں **العاقل یکفیه الاشارة** اب مسلم کی حدیث کا ترجمہ متوجہ ہو کر سنیں اور وہ یہ ہے۔

## صحیح مسلم ﴿۲۰۲﴾

وعن النواس بن سمعان قال ذكر رسول الله صلعم الدجّال۔ فقال ان یخرج و انا فیکم فانا حجیجه دونکم وان یخرج ولست فیکم فکل امرء حجیج نفسه والله خلیفتی علٰی کل مسلم انّه شاب قطط عینه طافیة کانی اُشبِّهه بعبد العزّٰی ابن قطن فمن ادرکه منکم فلیقرء علیه فواتح سورة الکهف فانّها جوارکم من فتنة

## ترجمہ

اور نواس بن سمعان سے روایت ہے☆ کہ رسول خداصلعم نے دجال کا ذکر کر کے فرمایا کہ اگر میری زندگی میں دجال نکل آوے تو میں تمہارے سامنے اس سے جھگڑوں گا (یہ فقرہ آئندہ کی پیشگوئی کو جو ضرور مسیح ابن مریم کے نازل ہونے کے وقت دجال نکلے گا ضعیف کرتا ہے بلکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دراصل دجال کے نکلنے کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں کیا گیا تب ہی تو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد پر بھی دجال ہونے کا گمان کیا تھا اُس وقت مسیح کہاں تھا؟) اور پھر فرمایا اگر دجال نکلا اور میں تم میں نہ ہوا تو ہر یک شخص اپنی ذات سے اُس سے لڑے گا یعنی دلائل عقلیہ و شرعیہ کے ساتھ۔ اور فرمایا کہ میرے بعد خدائے تعالیٰ ہر ایک مسلمان❀ میرا خلیفہ ہے اور پھر فرمایا کہ اس کے بال بہت مڑے ہوئے ہیں اور آنکھیں پھولی ہوئی گویا میں (عالم کشف میں) عبدالعزیٰ ابن قطن کے ساتھ اُس کو تشبیہ دیتا ہوں۔

## تشریح

ملّا علی قاری نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کو خواب ﴿۲۰۳﴾
یا کشف کی حالت میں دیکھا تھا اور چونکہ وہ ایک مثالی عالم ہے اس لئے

☆**حاشیہ**: بانی مبانی اس تمام روایت کا صرف نواس بن سمعان ہے اور کوئی نہیں ہے۔ یہ بات نہایت عجیب ہے کہ اس روایت کی نسبت اجماع صحابہ کا خیال کیا جاتا ہے اور عنقریب معلوم ہوگا کہ یہ اور روایتوں کے برخلاف ہے۔ **منه**

❀ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ”مسلمان پر“ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

انــہ خــارج خـلـة بـیـن الشــام والـعـراق فعـاث یـمیـنًـا وعـاث شـمالًا یا عبـادالـلّٰـہ فاثبتوا قلنا یا رسـول الـلّٰـہ مـا لبثہ فی الارض قـال اربـعـون یـومًـا، یوم کسنة و یوم کشھـر ویـوم کـجمعة وسـائـر ایامہ کایامکم، قـلـنـا یـا رسـول الـلّٰـہ فــذالک الیــوم الـذی کسنة اتکفینا فیہ صلوٰة یومٍ ۔ قـال لا اقـدروا لہ قدرہ ۔ قـلـنـا یـا رسول الـلّٰــہ ومــا اسراعـہ فی
﴿۲۰۴﴾ الارض ۔ قـاؔل کـالغیث استـدبـرتـہ الریح فیاتی عـلـی الـقـوم فیدعوھم فیؤمـنـون بـہ ۔ فیــامر السماء فتمطر والارض فتـنـبــت فتـروح علیھم سارحتھم اطول ما کانت

آنحضرت صلعم نے اس کا حلیہ بیان کرنے کے وقت لفظ کَـأَ نِّیْ یعنی گویا کا لفظ بتا دیا تا اس بات پر دلالت کرے کہ یہ رؤیت حقیقی رؤیت نہیں بلکہ ایک امر تعبیر طلب ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اسی پر صحاح ستّہ کی بہت سی حدیثیں یقینی اور قطعی دلالت کر رہی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو حضرت عیسیٰ اور دجال کی نسبت امور معلوم ہوئے تھے وہ حقیقت میں سب مکاشفات نبویہ تھے جو اپنے اپنے محل پر مناسب تاویل و تعبیر رکھتے ہیں اُنہیں میں سے یہ دمشقی حدیث بھی ہے جو مسلم نے بیان کی ہے جس کا اس وقت ہم ترجمہ کر رہے ہیں اور ہمارے اس بیان پر کہ یہ تمام پیشگوئیاں مکاشفات نبویہ ہیں اور رؤیا صالحہ کی طرح بالتزام قرائن محتاج تعبیر ہیں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیانات مقدسہ شاہد ناطق ہیں جیسا کہ یہ حدیث مندرجہ ذیل جو صحیحین میں درج ہے اور وہ یہ ہے۔

وعـن عبـدالـلّٰـہ بـن عـمـر اَنّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسـلـم قـال رایتُـنـی الـلیلةَ عند الکعبة فرأیت رجلا اٰدم کـاحـسـن مـا انـت رأي مـن اُدم الـرجال لہ لِمّة کاحسن مـاانت راءٍ من اللمم قد رجّلھا فھی تقطر ماءً متکئًا علٰی عـواتـق رجـلـیـن یـطـوف بـالبیت فسألتُ من ھذا فقالوا ھـذاالـمسیـح ابـن مـریم قال ثم اذا انا برجل جعدٍ قططٍ اعور العین الیمنٰی کان عینہ عنبة طافیة کاشبہ من رأیتُ

ذریً واسبغه ضروعًا وامده۔ ثم یاتی القوم فیدعوهم فیردون علیه قوله فینصرف عنهم فیصبحون مملحین لیس بایدیهم شیٔ من اموالهم ویمر بالخربة فیقول لها اخرجی کنوزک فتتبعه کنوزها کیعاسیب النحل ثم یدعو رجلًا ممتلئا شبابًا فیضربه بالسیف فیقطعه جزلتین رمیة الغرض ثم یدعوه فیقبل و یتهلل وجهه یضحک فبینما هو کذالک اذ بعث الله المسیح ابن مریم۔ فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق، بین مهزودتین واضعًا کفیه علی اجنحة ملکین اذا طاطأ رأسه قطر واذا رفعه تحدّر منه مثل جمان کاللؤلؤ فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الا مات ونفسه ینتهی حیث ینتهی طرفه فیطلبه حتی یدرکه بباب لد فیقتله.

**من الناس بابن قطن واضعا یدیه علٰی منکبی رجلین یطوف بالبیت فسألتُ من هذا فقالوا هذا المسیح الدجّال متّفق علیه وفی روایة قال فی الدجا ل رجل احمر جسیم جعد الراس اعور العین الیمنٰی اقرب الناس به شبهًا ابن قطن۔**

﴿۲۰۵﴾ یعنی عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے آج کی رات خواب میں یا ازراہِ مکاشفہ اپنے تئیں کعبہ کے پاس دیکھا اور وہاں مجھے ایک شخص گندم گوں نظر آیا جس کا رنگ گندم گوں مردوں میں سے اوّل درجہ کا معلوم ہوتا تھا اور اس کے بال ایسے صاف معلوم ہوتے تھے کہ جیسے کنگھی کی ہوتی ہے اور اُن میں سے پانی ٹپکتا ہے اور میں نے دیکھا کہ وہ شخص دو آدمیوں کے مونڈھوں پر تکیہ کر کے خانہ کعبہ کا طواف کر رہا ہے۔ پس میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے تو مجھے کہا گیا کہ یہ مسیح ابن مریم ہے پھر اُسی خواب میں ایک شخص پر میں گذرا جس کے بال مڑے ہوئے تھے اور داہنی آنکھ اُس کی کانی تھی گویا آنکھ اُس کی انگور ہے پھولا ہوا بے نور اُن لوگوں سے بہت مشابہ تھا جو میں نے ابن قطن کے ساتھ دیکھے ہیں
﴿۲۰۶﴾ اور اس نے دونوں ہاتھ دو شخصوں کے مونڈھوں پر رکھے ہوئے تھے اور خانہ کعبہ کا طواف کر رہا تھا اور میں نے پوچھا کہ یہ کون شخص ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ مسیح دجال ہے۔

اب اس تمام حدیث پر نظرِ غور ڈال کر معلوم ہوگا کہ جو کچھ دمشقی حدیث میں مسلم نے بیان کیا ہے اکثر باتیں اس کی بطور اختصار اس حدیث میں درج ہیں اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف اور صریح طور پر اس حدیث میں بیان فرما دیا ہے کہ یہ میرا ایک مکاشفہ یا ایک خواب ہے پس اس جگہ سے یقینی اور قطعی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ وہ دمشق والی حدیث جو پہلے ہم لکھ آئے ہیں درحقیقت وہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خواب ہی ہے۔ جیسا کہ ﴿۲۰۷﴾ اُس میں یہ اشارہ بھی کَاَنِّی کا لفظ بیان کر کے کیا گیا ہے اور یہ حدیث جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صاف اور صریح طور پر فرماتے ہیں کہ میرا یہ ایک کشف یا خواب ہے اس کو بخاری اور مسلم دونوں نے اپنی صحیحین میں لکھا ہے اور علماء نے اس جگہ ایک اشکال پیش کر کے ایسے لطیف طور پر اس کا جواب دیا ہے جو ہمارے دعویٰ کا ایسا مؤید ہے کہ گویا ہم میں اور ہمارے مخالفین میں فیصلہ کرنے والا ہے اور وہ یہ ہے کہ اس حدیث میں جو متفق علیہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے مسیح ابن مریم کو خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا اور پھر بعد اس کے فرماتے ہیں کہ ایسا ہی میں نے مسیح دجال کو بھی خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا۔ اس بیان سے یہ لازم آتا ہے کہ مسیح ابن مریم اور مسیح دجال کا مدعا و مقصد ایک ہی ہو اور وہ دونوں صراط مستقیم پر چلنے والے اور اسلام کے سچے تابع ہوں حالانکہ دوسری حدیثوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دجال خدائی کا دعوٰی کرے گا پھر اس کو خانہ کعبہ کے طواف سے کیا کام ہے۔ اِس کا علماء نے یہ جواب دیا ہے کہ ایسے الفاظ و کلمات کو ظاہر پر حمل کرنا بڑی غلطی ہے یہ تو درحقیقت ﴿۲۰۸﴾ مکاشفات اور خوابوں کے پیرایہ میں بیانات ہیں جن کی تعبیر و تاویل کرنی چاہیے جیسا کہ عام طور پر خوابوں کی تعبیر کی جاتی ہے سو اس کی تعبیر یہ ہے کہ طواف لغت میں گرد پھرنے کو کہتے ہیں اور اس میں شک نہیں کہ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے نزول کے وقت میں اشاعت دین کے کام کے گرد پھریں گے اور اس کا انجام پذیر ہو جانا چاہیں گے ایسا ہی مسیح دجال بھی

اپنے ظہور کے وقت اپنے فتنہ اندازی کے کام کے گرد پھرے گا اور اُس کا انجام پذیر ہو جانا چاہے گا۔ **اب کہاں ہیں وہ حضرات مولوی صاحبان جو ان حدیثوں کے الفاظ کو حقیقت پر حمل کرنا چاہتے ہیں اور اُن کے معانی کو ظاہر عبارت سے پھیرنا کفر و الحاد سمجھتے ہیں ذرّہ اپنے گریبان میں مُنہ** ﴿۲۰۹﴾ **ڈال کر دیکھیں کہ سلف صالح نے اس حدیث کے معنے کرنے کے وقت مسیح دجال کے طواف کرنے کو ایک خواب کا معاملہ سمجھ کر کیسی اس کی تعبیر کر دی ہے جو ظاہر الفاظ سے بہت بعید ہے پھر جس حالت میں لاچار ہو کر اُن مکاشفات کی ایک جز کی تعبیر کی گئی تو پھر کیا وجہ کہ باوجود موجود ہونے قرآئن قویہ کے دوسری جزوں** ﴿۲۱۰﴾ **کی تعبیر نہ کی جائے۔**

واضح ہو کہ جس طرح ہمارے علماء نے مسیح دجال کے طواف کو ایک کشفی امر سمجھ کر اُس کی ایک روحانی تعبیر کر دی ہے ایسا ہی خود جناب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی مقامات میں ظاہر فرما دیا کہ جو کچھ میرے پر کشفی طور پر کھلتا ہے جب تک منجانب اللہ قطعی اور یقینی معنے اس کے معلوم نہ ہوں میں ظاہر پر حمل نہیں کر سکتا۔ مثلاً اس حدیث کو دیکھو جو صحیح بخاری کے صفحہ ۱۵۵ میں درج ہے اور وہ یہ ہے **حدثنا معلی قال حدثنا**

**وھیب عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لھا اریتک فی المنام مرتین اریٰ انک فی سرقۃ من حریر و یقول ھٰذہ امرأتک فاکشف عنھا فاذا ھی انت فاقول ان یک ھذا من عند اللّٰہ یمضہ** یعنی حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ تو خواب میں مجھے دو دفعہ دکھائی گئی اور میں نے تجھے ایک ریشم کے ٹکڑے پر دیکھا اور کہا گیا کہ یہ تیری عورت ہے اور میں نے اس کو کھولا تو کیا دیکھتا ہوں کہ تو ہی ہے اور میں نے کہا کہ اگر ﴿۲۱۱﴾ خدائے تعالیٰ کی طرف سے یہی تعبیر ہے جو میں نے سمجھی ہے تو ہو رہے گی یعنی خوابوں اور مکاشفات کی تعبیر ضرور نہیں کہ ظاہر پر ہی واقعہ ہو کبھی تو ظاہر پر ہی واقعہ ہو جاتی ہے اور کبھی غیر ظاہر پر وقوع میں آتی ہے سو اس جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب کی سچائی میں شک نہیں کیا کیونکہ نبی کی خواب تو ایک قسم کی وحی ہوتی ہے بلکہ اُس کی طرز وقوع میں تردد بیان کیا ہے کہ خدا جانے اپنی ظاہری صورت کے لحاظ سے وقوع میں آوے یا اُس کی اور کوئی تعبیر پیدا ہو اور اس جگہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان سے یہ بھی بخوبی ثابت ہو گیا کہ جو وحی کشف یا خواب کے ذریعہ سے کسی نبی کو ہووے اس کی تعبیر کرنے میں غلطی بھی ہو سکتی ہے جیسا کہ اسی صفحہ ۱۵۵ میں ایک دوسری حدیث میں ایسی غلطی کے بارے میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا ہے اور وہ یہ ہے **قال ابو موسیٰ عن النبی صلی الله علیہ وسلم رأیت فی المنام انی اھاجر من مکّۃ الٰی ارض بھا نخل فذھب وھلی الٰی انھا الیمامۃ او ھجر فاذا ھی المدینۃ یثرب** ۔یعنی ابوموسیٰؓ سے روایت ہے جو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے ایسی زمین کی طرف ہجرت کرتا ہوں جس میں کھجوریں ہیں پس میرا وہم اس طرف گیا کہ وہ یمامہ یا ہجر ہوگا مگر ﴿۲۱۲﴾ آخر وہ مدینہ نکلا جس کو یثرب بھی کہتے ہیں۔اس حدیث میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

صاف طور پر فرما دیا کہ کشفی امور کی تعبیر میں انبیاء سے بھی غلطی ہوسکتی ہے اور ان احادیث سے بخوبی ظاہر ہوگیا کہ جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیح ابن مریم اور مسیح دجال کی نسبت پیشگوئیاں فرمائی ہیں حقیقت میں وہ سب مکاشفات نبویہ ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث مذکورہ بالا میں صریح اور صاف طور پر اس بات کی طرف اشارہ بھی کر دیا کہ ان مکاشفات کو صرف ظاہر پر حمل نہ کر بیٹھنا ان کی روحانی تعبیریں ہیں اور یہ سب امور اکثر روحانی ہیں جو ظاہری اشکال میں متمثل کر کے دکھلائے گئے ہیں مگر افسوس کہ ہمارے آج کل کے علماء ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلنا نہیں چاہتے اور خواہ نخواہ کشفی استعارات کو حقیقت پر حمل کرنا چاہتے ہیں۔

واضح ہو کہ عالم کشف میں بڑے بڑے عجائبات ہوتے ہیں اور رنگارنگ کی تمثیلات دکھائی دیتی ہیں بعض اوقات عالم کشف میں ایسی چیزیں مجسم ہو کر نظر آجاتی ہیں کہ دراصل وہ روحانی ہوتی ہیں اور بعض وقت انسان کی شکل پر کوئی چیز دکھائی دیتی ہے اور دراصل ﴿۲۱۳﴾ وہ انسان نہیں ہوتا مثلاً زرارہ صحابی کا نعمان بن المنذر کو جو ایک عرب کا بادشاہ تھا تمام تر آرائش کے ساتھ خواب میں دیکھنا اور اس کی تعبیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمانا کہ اس سے مراد ملک عرب ہے جو پھر اپنی زینت اور آرائش کی طرف عود کر آیا ہے یہ صریح اس بات کی دلیل ہے کہ کشفی امور میں کہیں کی کہیں تعبیر چلی جاتی ہے۔ چنانچہ اس عاجز کو بھی اس بات کا ذاتی تجربہ ہے کہ بعض اوقات خواب یا کشف میں روحانی امور جسمانی شکل پر متشکل ہو کر مثل انسان نظر آجاتے ہیں مجھے یاد ہے کہ جب میرے والد صاحب غفر اللّٰہ لہ جو ایک معزز رئیس اور اپنی نواح میں عزت کے ساتھ مشہور تھے انتقال کر گئے تو اُن کے فوت ہونے کے بعد دوسرے یا تیسرے روز ایک عورت نہایت خوبصورت خواب میں میں نے دیکھی جس کا حلیہ ابھی تک میری آنکھوں کے سامنے ہے اور اس نے بیان کیا کہ میرا نام رانی ہے اور مجھے اشارات سے کہا کہ میں اس گھر کی عزت اور وجاہت ہوں

اور کہا کہ میں چلنے کو تھی مگر تیرے لئے رہ گئی۔ اُنہیں دنوں میں میں نے ایک نہایت خوبصورت
مرد دیکھا اور میں نے اُسے کہا کہ تم ایک عجیب خوبصورت ہو تب اُس نے اشارہ سے مجھ پر یہ ظاہر کیا کہ میں تیرا بخت بیدار ہوں اور میرے اس سوال کے جواب میں کہ تو عجیب ﴿۲۱۴﴾
خوبصورت آدمی ہے اُس نے یہ جواب دیا کہ ہاں میں درشنی آدمی ہوں اور ابھی تھوڑے
دن گذرے ہیں کہ ایک مدقوق اور قریب الموت انسان مجھے دکھائی دیا اور اس نے ظاہر کیا
کہ میرا نام دین محمد ہے اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہ دین محمدی ہے جو مجسم ہو کر نظر آیا
ہے اور میں نے اس کو تسلی دی کہ تو میرے ہاتھ سے شفا پا جائے گا۔ **علٰی ھذا القیاس**
کبھی اعمال نیک یا بد بھی اشکال جسمانیہ میں نظر آ جایا کرتے ہیں اور قبر میں اعمال کا متشکل ہو
کر نظر آنا عام عقیدہ مسلمانوں کا ہے اِسی بنا پر آنحضرت صلعم خوابوں کی تعبیر میں اشخاص
مرئیہ کے ناموں سے اشتقاق خیر یا شر کا کر لیا کرتے تھے۔

**اب پھر ہم دمشقی حدیث کے بقیہ ترجمہ کی طرف رجوع کر کے لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے اس کو یعنی دجال کو پاوے تو چاہیے کہ اس کے سامنے سورۂ کہف کی پہلی آیتیں پڑھے** کہ اِس میں اُس کے فتنہ سے امان ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جہاں تک ہو سکے اصحاب کہف کی طرح استقامت اختیار کرے کیونکہ ان آیتوں میں اُن لوگوں کی استقامت کا ہی ذکر ہے جو ایک مشرک بادشاہ کے ظلم سے ڈر کر ایک غار میں چھپ گئے تھے (اے میرے دوستو! اب تم بھی ان آیات کو پڑھا کرو کہ بہت سے دجال تمہارے سامنے ہیں) پھر فرمایا رسول نبی اُمی نے **فداءً لہٗ ابی وامی** کہ دجال اس راہ سے نکلنے والا ہے کہ جو شام اور عراق کے درمیان واقعہ ہے۔ اور ﴿۲۱۵﴾ دائیں بائیں فساد ڈالے گا (یہ بھی ایک استعارہ ہے جیسا کہ مکاشفات میں عام طور پر استعارات و کنایات ہوا کرتے ہیں) پھر بعد اس کے فرمایا کہ اے اللہ کے بندو! تم نے اُس وقت ثابت رہنا یعنی جیسے اصحاب الکہف ثابت قدم رہے تھے۔ راوی کہتا ہے

کہ یا رسول اللہ کس مدت تک دجال دنیا میں ٹھہرے گا تو آپ نے فرمایا کہ چالیس دن لیکن **شَــرح السنّة** میں اسماء بنت یزید سے روایت ہے کہ چالیس برس ٹھہرے گا مگر درحقیقت اِن روایات میں کسی قسم کا اختلاف یا تناقض نہیں سمجھنا چاہیے اوراس بات کا علم حوالہ بخدا کرنا چاہیے کہ ان چالیس دن یا چالیس برس سے کیا مراد ہے۔

اور مسلم کی حدیث کا بقیہ ترجمہ یہ ہے کہ دجّال کا ایک دن برس کے برابر ہوگا اور ایک دن ایک مہینے کے برابر اور ایک دن ہفتہ کے برابر باقی دن معمولی دنوں کے موافق (یہ سب استعارات و کنایات ہیں) پھر راوی کہتا ہے کہ ہم نے عرض کی کہ کیا اُن لمبے☆ دنوں میں ایک دن کی نماز پڑھنا کافی ہوگا تو آپ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ نماز کے وقتوں کے مقدار پر اندازہ کرلیا کرنا (واضح ہو کہ یہ بیان پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا علیٰ سبیل الاحتمال ہے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلحاظ وسعت قدرت الٰہی کشفی امر کو مطابق سوال سائل کے ظاہر پر محمول کر کے جواب دے دیا ہے ورنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیث عائشہ رضی اللہ عنھا میں جو بخاری کے صفحہ ۱۵۵ میں درج ہے صاف طور پر تصریح فرما چکے ہیں کہ مکاشفات کی تعبیر کبھی تو ظاہر پر اور کبھی غیر ظاہر پر وقوع میں آجایا کرتی ہے اور درحقیقت یہی مذہب تمام انبیا و اولیاء کا آج تک چلا آیا ہے سو یہ جواب جو نمازوں کا اندازہ کرلیا کرنا آپ نے فرمایا یہ سائل کے فہم اور استعداد اور رجوع خیال کے موافق برطبق ﴿۲۱۶﴾

☆ حاشیہ لمبے دنوں سے مراد تکلیف اور مصیبت کے دن بھی ہوتے ہیں بعض مصیبتیں ایسی دردناک ہوتی ہیں کہ ایک دن ایک برس کے برابر دکھائی دیتا ہے اور بعض مصیبتیں ایسی کہ ایک دن ایک مہینہ کی مانند معلوم ہوتا ہے اور بعض مصیبتوں میں ایک دن ایک ہفتہ جیسا لمبا سمجھا جاتا ہے۔ پھر رفتہ رفتہ صبر پیدا ہوجانے سے وہی لمبے دن معمولی دن دکھائی دینے لگتے ہیں اور صبر کرنے والوں کے لئے آخر وہ گھٹائے جاتے ہیں غرض یہ ایک استعارہ ہے اس پر غور کرو کہ درحقیقت یہ لمبے دن ایسے ہی ہیں جیسے آپ نے فرمایا تھا کہ میری بیویوں میں سے پہلے وہ فوت ہوگی جس کے لمبے ہاتھ ہیں۔ منه ﴿۲۱۶﴾

**تکلّموا النّاس علٰی قدر عقولھم** کے دیا گیا ورنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی کشفی امر کو
جب تک خدائے تعالیٰ خاص طور پر ظاہر نہ کرے کبھی ظاہری معنوں تک محدود نہیں سمجھتے تھے ﴿۲۱۷﴾
جیسا کہ صدہا احادیث میں یہ طریق اور عادت نبویہ مقدسہ ثابت ہو رہی ہے )۔

پھر راوی کہتا ہے کہ ہم نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! دجال کس قدر جلد زمین پر چلے گا اور اس کے جلد چلنے کی کیفیت کیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ اُس مینہ کی طرح تیز چلے گا جس کے پیچھے ہوا ہو یعنی ایک دم میں ہزاروں کوس پھر جائے گا اور ایک قوم پر گذر کر اُن کو اپنے دین کی طرف دعوت کرے گا اور وہ اُس پر ایمان لے آویں گے تب وہ بادل کو حکم کرے گا تا اُن کے لئے مینہ برساوے اور زمین کو حکم کرے گا تا اُن کے لئے کھیتیاں اُگاوے۔ (یہ سارے استعارات ہیں ہوشیار رہو دھوکا نہ کھانا ) پھر فرمایا کہ ایسا ہوگا کہ وقت پر بارشیں ہونے کی وجہ سے جو مویشی صبح چرنے کے لئے جاویں گے وہ شام کو ایسے تازہ و توانا ہو کر آئیں گے کہ بوجہ فربہی کوہان اُن کی دراز ہو جائیں گی اور پستان دودھ سے بھر جائیں گے اور بباعث بہت سیر شکم ہونے کے کوکیں کھچی ہوئی ہوں گی۔

﴿۲۱۸﴾ پھر دجال ایک اور قوم کی طرف جائے گا اور اپنی اُلوہیت کی طرف اُن کو دعوت کرے گا پھر وہ لوگ اُس کی دعوت کو قبول نہیں کریں گے اور اُس پر ایمان نہیں لاویں گے۔ سو دجال اُن سے بارش کو روک لے گا اور زمین کو کھیتی نکالنے سے بند کر دے گا اور وہ قحط کی بلا میں مبتلا ہو جائیں گے اور کھانے پینے کے لئے اُن کے پاس کچھ نہ رہے گا۔ پھر دجال ایک ویرانہ پر گذرے گا اور اس کو کہے گا کہ اپنے خزانوں کو نکال۔ تب فی الفور سب خزانے اُس ویرانے سے نکل کر اُس کے پیچھے پیچھے ہولیں گے اور ایسے اُس کے پیچھے چلیں گے جیسے شہد کی مکھیاں اُس بڑی مکھی کے پیچھے چلتی ہیں جو اُن کی سردار ہوتی ہے۔ پھر دجال ایک ایسے شخص کو بلائے گا جو اپنی جوانی میں بھرا ہوا ہوگا اور اُس کو تلوار سے قتل کر دے گا۔ اور اُس کے دو ٹکڑے کر کے تیر کی مار پر علیحدہ علیحدہ پھینک دے گا پھر اس کی لاش کو بلائے گا

تب وہ شخص زندہ ہوکر ایک روشن اور چمکتے ہوئے چہرہ کے ساتھ اس کے سامنے آجائے گا اور اس کی الوہیت سے انکار کرے گا سو دجال اِسی قسم کی گمراہ کرنے کی کوششوں میں لگا ہوا ہوگا کہ ناگہاں مسیح بن مریم ظاہر ہوجائے گا اور وہ ایک منارہ سفید کے پاس دمشق کے شرقی طرف اترے گا مگر ابن ماجہ کا قول ہے کہ وہ بیت المقدس میں اترے گا اور بعض کہتے ہیں کہ نہ بیت المقدس اور نہ دمشق بلکہ مسلمانوں کے لشکر میں اترے گا جہاں حضرت مہدی ہوں گے۔ ﴿۲۱۹﴾

اور پھر فرمایا کہ جس وقت وہ اُترے گا اُس وقت اس کی زرد پوشاک ہوگی یعنی زرد رنگ کے دو کپڑے اُس نے پہنے ہوئے ہوں گے (یہ اس بات کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت اُس کی صحت کی حالت اچھی نہیں ہوگی) اور دونوں ہتھیلی اُس کی دو فرشتوں کے بازوؤں پر ہوگی مگر بخاری کی ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن مریم کو بجائے دو فرشتوں کے دو آدمیوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر طواف کرتے دیکھا۔ پس اِس حدیث سے نہایت صفائی سے یہ بات کھلتی ہے کہ دمشقی حدیث میں جو دو فرشتے لکھے ہیں وہ دراصل وہی دو آدمی ہیں کہ دوسری حدیث میں بیان کئے گئے ہیں اور اُن کے کندھوں پر ہاتھ رکھنے سے مطلب یہ ہے کہ وہ مسیح کے مددگار اور انصار ہوجائیں گے۔

اور پھر فرمایا کہ جس وقت مسیح اپنا سر جھکائے گا تو اُس کے پسینہ کے قطرات مترشح ہوں گے اور جب اوپر کو اُٹھائے گا تو بالوں سے قطرے پسینہ کے چاندی کے دانوں کی طرح گریں گے جیسے موتی ہوتے ہیں اور کسی کافر کے لئے ممکن نہیں ہوگا کہ اُن کے دم کی ہوا پاکر جیتا رہے بلکہ فی الفور مرجائے گا اور دم اُن کا اُن کی حد نظر تک پہنچے گا۔ پھر حضرت ابن مریم ﴿۲۲۰﴾ دجال کی تلاش میں لگیں گے اور لُد کے دروازہ پر جو بیت المقدس کے دیہات میں سے ایک گاؤں ہے اس کو جا پکڑیں گے اور قتل کر ڈالیں گے۔ **تمّت ترجمة الحديث** ۔ یہ وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم میں امام مسلم صاحب نے لکھی ہے جس کو ضعیف سمجھ کر رئیس المحدثین

امام محمد اسمٰعیل بخاری نے چھوڑ دیا ہے اس جگہ حیرانی کا یہ مقام ہے کہ جو کچھ دجال کے حالات وصفات اس حدیث میں لکھے گئے ہیں اور جس طرز سے اُس کے آنے کی خبر بتائی گئی ہے یہ بیان دوسری حدیثوں کے بیان سے بالکل منافی اور مبائن اور مخالف پایا جاتا ہے کیونکہ صحیحین میں یہ حدیث بھی ہے **وعن محمد بن المنکدر قال رأیت جابر ابن عبداللّٰہ یَحلف باللّٰہ ان ابن صیّاد الدجال قلت تحلف باللّٰہ قال انی سمعت عمریحلف علٰی ذٰلک عند النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فلم ینکرہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم متفق علیہ** اورایک دوسری حدیث یہ بھی ہے **عن نافع قال کان ابن عمر یقول واللّٰہ ما اشک ان المسیح الدجّال ابن صیّاد رواہ ابوداؤد والبیہقی فی کتاب البعث والنشور۔**

۲۲۱ پہلی حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ محمد بن منکدر تابعی سے روایت ہے کہ کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ کو دیکھا کہ خدائے تعالیٰ کی قسم کھاتا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال معہود ہے اور محمد بن منکدر رکھتا ہے کہ میں نے جابر کو کہا کہ کیا تو خدائے تعالیٰ کی قسم کھاتا ہے یعنی یہ امر تو ظنّی ہے نہ یقینی پھر قسم کیوں کھاتا ہے۔ جابر نے کہا کہ میں نے عمر کو بحضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی بارہ میں قسم کھاتے سنا یعنی عمر رضی اللہ عنہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو قسم کھا کر کہا کرتا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال معہود ہے۔ پھر دوسری حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ نافع سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ کہتے تھے کہ مجھے قسم ہے اللہ کی کہ میں ابن صیاد کے مسیح دجال ہونے میں شک نہیں کرتا۔ پھر ایک اور حدیث میں جو شرح السنہ میں لکھی ہے یہ فقرہ درج ہے **لم یزل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مشفقًا انہ ھو دجّال** یعنی ہمیشہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس خوف میں تھے کہ ابن صیاد، دجال ہوگا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمیشہ گمان غالب یہی رہا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے۔ اب جبکہ خاص صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے بیان سے ثابت ہوگیا ابن صیاد ہی دجاؔل معہود ہے بلکہ صحابہ نے ۲۲۲

قسمیں کھا کر کہا کہ یہی دجّال معہود ہے تو کیا اس کے دجّال معہود ہونے میں کچھ شک رہ گیا ہے۔ اب ابن صیاد کا حال سنیئے کہ اس کا انجام کیا ہوا سو یہ مسلم کی حدیث سے واضح ہوتا ہے اور وہ یہ ہے **وعن ابی سعید الخدری قال صحبت ابن صیّاد الٰی مکّة فقال لی ما لقیت من الناس یزعمون انّی الدجال الست سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یقول انهٗ لا یُوْلَدُ له وقد ولد لی الیس قد قال وهو کافر وانا مسلم اولیس قد قال لا یدخل المدینة ولامکّة وقد اقبلت من المدینة وانا ارید مکّة**☆۔ اور ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ میں نے بہمراہی ابن صیاد کے بعزم مکہ سفر کیا۔ تب اُس سفر میں ابن صیاد نے مجھ کو کہا کہ لوگوں کی یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم کی ان باتوں سے مجھے بہت ایذا پہنچتا ہے کہ وہ خیال کرتے ہیں کہ دجال معہود میں ہی ہوں اور تم جانتے ہو کہ اصل حقیقت اس کے برخلاف ہے تو نے سنا ہوگا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے ﴿۲۲۳﴾ تھے کہ دجال لاولد رہے گا اور میں صاحب اولاد ہوں اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ دجال کافر ہوگا اور میں مسلمان ہوں اور فرمایا تھا کہ دجال مدینہ اور مکہ میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ اور میں مدینہ سے تو آیا ہوں اور مکہ کی طرف چلا جاتا ہوں۔

اب دیکھنا چاہیے کہ یہ کیسا عجیب معاملہ ہے کہ بعض صحابہ قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ ابن صیاد ہی دجال ہے اور صحیحین میں بروایت جابر لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کے قسم کھانے پر کہ دجال معہود یہی شخص ہے خاموشی اختیار کر کے اپنی رائے ظاہر کر دی کہ درحقیقت دجال معہود ابن صیاد ہی تھا اور صحیح مسلم میں ابن صیاد کا مشرف باسلام ہونا

﴿۲۲۲﴾ ☆**حاشیہ** ابنؔ صیاد کا یہ بیان کہ لوگ مجھے دجال معہود سمجھتے ہیں صاف دلیل اس بات پر ہے کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم اس کو دجال معہود سمجھتے تھے نہ کوئی اور دجال۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا اسی بات پر اجماع ہو گیا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال معہود ہے۔ **منه**

اور صاحب اولاد ہونا اور مکہ اور مدینہ میں جانا بوضاحت تمام لکھا ہے اور نہ صرف یہی بلکہ انہی حدیثوں میں یہ بھی لکھا ہے کہ ابن صیاد مدینہ منورہ میں فوت ہوگیا اور اس پر نماز پڑھی گئی۔ اب ہر یک منصف بنظر انصاف دیکھ سکتا ہے کہ جن کتابوں میں دجال کے آخری زمانہ میں ظاہر ہونے اور حضرت عیسیٰ کے ہاتھ سے مارے جانے کی خبر لکھی ہے انہیں کتابوں میں یہ بھی لکھا ہوا موجود ہے کہ دجال معہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہی ظاہر ہوگیا تھا اور مشرف باسلام ہوکر فوت ہوگیا تھا اور اس کا مشرف باسلام ہونا بھی ازرو اس پیشگوئی کے ضروری تھا جو بخاری اور مسلم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بہ پیرایہ ایک خواب کے بیان ہوچکی ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کو عالم رؤیا میں خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا تھا بہرحال جبکہ انہیں حدیثوں میں دجال معہود کا اس طرح پر فیصلہ کیا گیا ہے تو پھر دوسری حدیثوں پر جو اُن کی ضد واقع ہیں کیوں کر اعتبار کیا جائے ہاں اگر علماء اِن حدیثوں کو صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور دوسری صحاح سے موضوع ٹھہرا کر خارج کردیں تو البتہ اُن کے دعویٰ کے لئے ایک بنیاد پیدا ہوسکتی ہے ورنہ **اذا تعارضا تساقطا** پر عمل کرکے دونوں قسم کی حدیثوں کو ساقط از اعتبار کرنا چاہیے اور اس مقام میں زیادہ تر تعجب کی یہ جگہ ہے کہ امام مسلم صاحب تو یہ لکھتے ہیں کہ دجال معہود کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوا ہوگا مگر یہ دجال تو انہیں کی حدیث کی رو سے مشرف باسلام ہوگیا پھر مسلم صاحب لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دجال معہود بادل کی طرح جس کے پیچھے ہوا ہوتی ہے مشرق مغرب میں پھر جائے گا مگر یہ دجال تو جب مکہ سے مدینہ کی طرف گیا تو ابی سعید سے کچھ زیادہ نہیں چل سکا جیسا کہ مسلم کی حدیث سے ظاہر ہے۔ ایسا ہی کسی نے اس کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوا نہیں دیکھا۔ اگر ابن صیاد کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوا ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کے قتل کرنے سے کیوں منع کرتے اور کیوں فرماتے کہ ہمیں اس کے حال میں ابھی تک

﴿۲۲۴﴾ ﴿۲۲۵﴾

اشتباہ ہے اگر یہی دجال معہود ہے تو اس کا صاحب عیسیٰ بن مریم ہے جو اسے قتل کرے گا ہم اس کو قتل نہیں کر سکتے۔ تعجب تو یہ ہے کہ اگر ابن صیاد کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوا نہیں تھا تو اس پر شک کرنے کی کیا وجہ تھی اور اگر لکھا ہوا تھا تو پھر اس کو دجال معہود یقین نہ کرنے کا کیا سبب تھا لیکن دوسری حدیثوں سے ظاہر ہے کہ بالآخر اُس پر یقین کیا گیا کہ یہی دجال معہود ہے۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے قسمیں کھا کر کہا کہ ہمیں اب اِس میں شک نہیں کہ یہی دجال معہود ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی آخر کار یقین کر لیا مگر یہ غور کرنے کا مقام ہے کہ اگر یہ حدیث صحیح ہے کہ دجال کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوا ہوگا تو پھر اوائل دنوں میں ابن صیاد کی نسبت خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیوں شک اور تردد میں رہے اور کیوں یہ فرمایا کہ شاید ﴿۲۲۶﴾ یہی دجال معہود ہو اور یا شاید کوئی اور ہو۔ گمان کیا جاتا ہے کہ شاید اُس وقت تک ک ف ر اس کی پیشانی پر نہیں ہوگا۔ میں سخت متعجب اور حیران ہوں کہ اگر سچ مچ دجال معہود آخری زمانہ میں پیدا ہونا تھا یعنی اُس زمانہ میں کہ جب مسیح بن مریم ہی آسمان سے اُتریں تو پھر قبل از وقت یہ شکوک اور شبہات پیدا ہی کیوں ہوئے اور زیادہ تر عجیب یہ کہ ابن صیاد نے کوئی ایسا کام بھی نہیں دکھایا کہ جو دجال معہود کی نشانیوں میں سے سمجھا جاتا یعنی یہ کہ بہشت اور دوزخ کا ساتھ ہونا اور خزانوں کا پیچھے پیچھے چلنا اور مُردوں کا زندہ کرنا اور اپنے حکم سے مینہ کو برسانا اور کھیتوں کو اُگانا اور ستر باع کے گدھے پر سوار ہونا۔

اب بڑی مشکلات یہ در پیش آتی ہیں کہ اگر ہم بخاری اور مسلم کی اُن حدیثوں کو صحیح سمجھیں جو دجال کو آخری زمانہ میں اُتار رہی ہیں تو یہ حدیثیں اُن کی موضوع ٹھہرتی ہیں اور اگر اِن حدیثوں کو صحیح قرار دیں تو پھر اُن کا موضوع ہونا ماننا پڑتا ہے اگر یہ متعارض ومتناقض حدیثیں صحیحین میں نہ ہوتیں صرف دوسری صحیحوں میں ہوتیں تو شائد ہم اِن دونوں ﴿۲۲۷﴾ کتابوں کی زیادہ تر پاس خاطر کر کے اُن دوسری حدیثوں کو موضوع قرار دیتے مگر اب مشکل تو یہ آپڑی ہے کہ اِنہیں دونوں کتابوں میں یہ دونوں قسموں کی حدیثیں موجود ہیں۔

اب جب ہم اِن دونوں قسم کی حدیثوں پر نظر ڈال کر گرداب حیرت میں پڑ جاتے ہیں کہ کس کو صحیح سمجھیں اور کس کو غیر صحیح۔ تب عقل خداداد ہم کو یہ طریق فیصلہ کا بتلاتی ہے کہ جن احادیث پر عقل اور شرع کا کچھ اعتراض نہیں اُنہیں کو صحیح سمجھنا چاہیے سو اس طریق فیصلہ کی رو سے یہ حدیثیں جو ابن صیاد کے حق میں وارد ہیں قرین قیاس معلوم ہوتی ہیں کیونکہ ابن صیاد اپنے اوائل ایام میں بے شک ایک دجال ہی تھا اور بعض شیاطین کے تعلق سے اُس سے امور عجیبہ ظاہر ہوتے تھے جس سے اکثر لوگ فتنہ میں پڑتے تھے لیکن بعد اس کے خداداد ہدایت سے وہ مشرف باسلام ہو گیا اور شیطانی طریق سے نجات پا گیا اور جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کا طواف کرتے اُسے دیکھا تھا ایسا ہی اُس نے طواف بھی کر لیا اور اُس کے معاملہ میں کوئی ایسا امر نہیں جو قانون قدرت اور عقل سے باہر ہو اور نہ اُس کی تعریف میں ایسا غلو کیا گیا ہے جو شرک میں داخل ہو لیکن جب ہم اُن دوسری حدیثوں کو دیکھتے ہیں جو دجّال معہود کے ظاہر ہونے کا وقت اِس دنیا کا آخری زمانہ بتلاتی ہیں تو وہ سراسر ایسے مضامین سے بھری ہوئی معلوم ہوتی ہیں کہ جو نہ عندالعقل درست و صحیح ٹھہر سکتی ہیں اور نہ عندالشرع اسلامی توحید کے موافق ہیں چنانچہ ہم نے قسم ثانی کے ظہور دجال کی نسبت ایک لمبی حدیث مسلم کی لکھ کر معہ اُس کے ترجمہ کے ناظرین کے سامنے رکھ دی ہے ناظرین خود پڑھ کر سوچ سکتے ہیں کہ کہاں تک یہ اوصاف جو دجال معہود کی نسبت لکھے ہیں عقل اور شرع کے مخالف پڑے ہوئے ہیں۔ یہ بات بہت صاف اور روشن ہے کہ اگر ہم اس دمشقی حدیث کو اُس کے ظاہری معنوں پر حمل کر کے اس کو صحیح اور فرمودہ خدا اور رسول مان لیں تو ہمیں اس بات پر ایمان لانا ہوگا کہ فی الحقیقت دجال کو ایک قسم کی قوت خدائی دی جائے گی اور زمین و آسمان اُس کا کہا مانیں گے اور خدائے تعالیٰ کی طرح فقط اس کے ارادہ سے سب کچھ ہوتا جائے گا۔ بارش کو کہے گا ہو تو ہو جائے گی بادلوں کو حکم دے گا کہ

﴿۲۲۸﴾

فلاں ملک کی طرف چلے جاؤ تو فی الفور چلے جائیں گے زمین کے بخارات اس کے حکم سے
آسمان کی طرف اُٹھیں گے اور زمین گو کیسی ہی کلر وشور ہو فقط اُس کے اشارہ سے عمدہ اور ﴿۲۲۹﴾
اوّل درجہ کی زراعت پیدا کرے گی غرض جیسا کہ خدائے تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ اِنَّمَآ
اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ[1] اسی طرح وہ بھی کُنۡ فَیَکُوۡنُ
سے سب کچھ کر دکھائے گا۔ مارنا، زندہ کرنا اُس کے اختیار میں ہوگا۔ بہشت اور دوزخ
اُس کے ساتھ ہوں گے غرض زمین اور آسمان دونوں اُس کی مُٹھی میں آجائیں گے اور ایک
عرصہ تک جو چالیس برس یا چالیس دن ہیں بخوبی خدائی کا کام چلائے گا اور الوہیت کے
تمام اختیار و اقتدار اُس سے ظاہر ہوں گے۔

اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ مضمون جو اس حدیث کے ظاہر لفظوں سے نکلتا ہے اس موحدانہ
تعلیم کے موافق و مطابق ہے جو قرآن شریف ہمیں دیتا ہے کیا صدہا آیات قرآنی ہمیشہ کے
لئے یہ فیصلہ ناطق نہیں سناتیں کہ کسی زمانہ میں بھی خدائی کے اختیارات انسان **ھالکۃ الذات
باطلۃ الحقیقت** کو حاصل نہیں ہو سکتے۔ کیا یہ مضمون اگر ظاہر پر حمل کیا جائے تو قرآنی توحید
پر ایک سیاہ دھبہ نہیں لگاتا؟ تعجب کہ ایک طرف ہمارے بھائی موحدین اس بات کی شیخی
﴿۲۳۰﴾ مارتے ہیں کہ ہم نے شرک سے بکلی کنارہ کیا ہے اور دوسرے لوگ مشرک اور بدعتی اور ہم موحد
اور متبع سنت ہیں اور ہر ایک کے آگے بکمال فخر اپنے اس موحدانہ طریق کی ستائش اور تعریف بھی
کرتے ہیں پھر ایسے پُر شرک اعتقادات اُن کے دلوں میں جمے ہوئے ہیں کہ ایک کافر حقیر کو
الوہیت کا تمام تخت و تاج سپرد کر رکھا ہے اور ایک انسان ضعیف البنیان کو اپنی عظمتوں اور
قدرتوں میں خدائے تعالیٰ کے برابر سمجھ لیا ہے۔ اولیاء کی کرامات سے منکر ہو بیٹھے مگر دجال کی
کرامات کا کلمہ پڑھ رہے ہیں۔ اگر ایک شخص اُنہیں کہے کہ **سیّد عبد القادر جیلانی** قدس سرہٗ نے
باراں برس کے بعد کشتی غرق ہوئی ہوئی زندہ آدمیوں سے بھری ہوئی نکالی تھی اور ایک دفعہ

[1] یٰسٓ :۸۳

ملک الموت کی ٹانگ توڑ دی تھی اس غصہ سے کہ وہ بلا اجازت آپ کے کسی مُرید کی روح نکال کر لے گیا تھا تو اِن کراماتوں کو ہرگز قبول نہیں کریں گے بلکہ ایسی مناجاتوں کے پڑھنے والوں کو مشرک بنائیں گے لیکن دجال ملعون کی نسبت کھلے کھلے طور پر یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ ملک الموت کیا تمام ملائک اورسارے فرشتے زمین وآسمان کے جو آفتاب اور ماہتاب اور بادلوں اور ہواؤں اوردریاؤں وغیرہ پر مؤکل ہیں سب اس کے حکم کے تابع ہو جائیں گے اور بکمال اطاعت اُس کے آگے سجدہ میں گریں گے۔سوچنا چاہیئے کہ یہ کتنا بڑا شرک ہے کچھ ﴿۲۳۱﴾ انتہا بھی ہے؟ افسوس کہ اِن لوگوں کے دلوں پر کیسے پردے پڑ گئے کہ انہوں نے استعارات کو حقیقت پر حمل کر کے ایک طوفان شرک کا برپا کردیا ہے اور باوجود قرائن قویہ کے ان استعارات کو قبول کرنا نہ چاہا جن کی حمایت میں قرآن کریم شمشیر برہنہ توحید کی لے کر کھڑا ہے۔

افسوس کہ اکثر لوگ خشک ملّاؤں کی پیروی کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ ایسے مضامین کو ظاہر پر حمل کرنے سے کیا کیا خرابیاں پھیلیں گی وہ رسول کریم (مادر و پدرم فدائے اوباد) جس نے ہمیں لَا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ سکھلا کر تمام غیراللہ کی طاقتیں ہمارے پیروں کے نیچے رکھ دیں اور ایک زبردست معبود کا دامن پکڑا کر ہماری نظر میں ماسوا کا قدر ایک مرے ہوئے کیڑے سے بھی کمتر کر دیا۔کیا وہ مقدس نبی ہمارے ڈرانے کو آخری زمانہ کے لئے یہ ھوّا چھوڑ گیا۔پھر میں کہتا ہوں کہ وہ موحدوں کا بادشاہ جس نے ہمارے رگ و ریشہ میں ہمیشہ کے لئے یہ دھنسا دیا کہ الٰہی طاقتیں کسی مخلوق میں آ ہی نہیں سکتیں۔کیا وہ اپنی متواتر تعلیموں کے برخلاف ہمیں ایسا سبق دینے لگا۔سو اے بھائیو یقیناً سمجھو کہ اس حدیث اور ایسا ہی اس کی امثال کے ظاہری معنے ہرگز مراد ﴿۲۳۲﴾ نہیں ہیں۔اور قرائن قویہ ایک شمشیر برہنہ لے کر اس کوچہ کی طرف جانے سے روک رہے ہیں بلکہ یہ تمام حدیث اُن مکاشفات کی قسم میں سے ہے جن کا لفظ لفظ تعبیر کے لائق ہوتا ہے جیسا کہ

میں ایک دوسری مسلم کی حدیث لکھ کر ابھی ثابت کر آیا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود اقرار اس بات کا فرماتے ہیں کہ یہ سب بیانات میرے مکاشفات میں سے ہیں اور اِس دمشقی حدیث میں بھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کانّی کا لفظ موجود ہے وہ بھی با آواز بلند پکار رہا ہے کہ یہ سب باتیں عالم رؤیا اور کشف میں سے ہیں جن کی مناسب طور پر تاویل ہونی چاہیے چنانچہ ملّا علی قاری نے بھی یہی لکھا ہے اور خدا تعالیٰ کا قانونِ قدرت جو موافق آیت کریمہ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا[1] انسان کی کمزوری پر شاہد ناطق ہے کسی آدم زاد کے لئے ایسی قوت و طاقت تسلیم نہیں کرتا کہ وہ ہوا کی طرح ایک دم میں مشارق و مغارب کا سیر کر سکے اور آسمان کے سب اجرام اور زمین کے سب ذرّات اُس کے تابع ہوں۔ تعجب کہ جب خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مضمون اِس حدیث کا از قبیل ﴿۲۳۳﴾ کشوف و رؤیا صالحہ ہے یعنی قابل تعبیر ہے تو پھر کیوں خواہ نخواہ اس کے ظاہر معنوں پر زور ڈالا جاتا ہے اور کیوں خوابوں کی طرح اس کی تعبیر نہیں کی جاتی؟ یا کشوف متشابہ کی طرح اس کی حقیقت حوالہ بخدا نہیں کی جاتی؟ زکریا کی کتاب کو دیکھو جو ملاکی سے پہلے ہے کہ کس قدر اس میں اِسی قسم کے مکاشفات لکھے ہیں مگر کوئی دانشمند اُن کو ظاہر پر حمل نہیں کرتا۔ ایسا ہی حضرت یعقوب کا خدائے تعالیٰ سے کشتی کرنا جو توریت میں لکھا ہے کوئی عقلمند اس کشف کو حقیقی معنی پر حمل نہیں کر سکتا۔

سو اے بھائیو! میں محض نصیحتًا للّٰہ پوری ہمدردی کے جوش سے جو مجھے آپ سے اور اپنے پیارے دین اسلام سے ہے آپ لوگوں کو سمجھاتا ہوں کہ آپ لوگ غلطی کر رہے ہیں اور سخت غلطی کر رہے ہیں کہ محض تحکم کی وجہ سے مکاشفات نبویہ کو صرف ظاہری الفاظ پر محدود خیال کر بیٹھے ہیں یقینًا سمجھو کہ ان باتوں کو حقیقت پر حمل کرنا گویا اپنی ایمانی عمارت کی اینٹیں اُکھیڑنا ہے۔ میں متعجب ہوں کہ اگر آپ استعارات کو قبول نہیں کر سکتے تو کیوں ان امور برتر از فہم کی تفسیر کو حوالہ بخدا نہیں کرتے اس میں آپ کا ﴿۲۳۴﴾

[1] النّساء: ۲۹

یا آپ کے دینی جوش کا کیا حرج ہے؟ کس نے آپ پر زور ڈالا ہے یا کب اور کس وقت آپ کو رسول کریم کی طرف سے ایسی تاکید کی گئی ہے کہ ضرور ایسے الفاظ کو حقیقت پر ہی حمل کرو؟

آپ صاحبوں کا یہ عذر کہ اس پر اجماع سلف صالح ہے یہ ایک عجیب عذر ہے جس کے پیش کرنے کے وقت آپ صاحبوں نے نہیں سوچا کہ اگر فرض کے طور پر اجماع بھی ہو جو کسی طرح ثابت نہیں ہوسکتا پھر بھی ظاہری الفاظ پر اجماع ہوگا نہ یہ کہ فرد فرد نے حلف اُٹھا کر اِس بات کا اقرار کیا ہے کہ اس حدیث کے الفاظ سے جو ظاہری معنے نکلتے ہیں درحقیقت وہی مراد ہیں۔ اُن بزرگوں نے تو ان احادیث کو امانت کے طور پر پہنچا دیا اور ان کی اصل حقیقت کو حوالہ بخدا کرتے رہے۔ اجماع کی تہمت اُن بزرگوں پر کس قدر بے اصل تہمت ہے جس کا کوئی ثبوت نہیں دے سکتا۔ میں کہتا ہوں کہ اجماع تو ایک طرف اس قسم کی حدیثیں بھی عام طور پر صحابہ میں نہیں پھیلیں تھیں۔ صاف ظاہر ہے کہ اگر صحابہ کرام کا اس بات پر اتفاق ہوتا کہ دجال معہود آخری زمانہ میں نکلے گا اور حضرت مسیح اس کو قتل کریں گے تو پھر حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عمرؓ رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو کیوں قسم کھا کر کہتے کہ دجال معہود ﴿۲۳۵﴾ جو آنے والا تھا وہ یہی ابن صیاد ہے جو آخر مشرف باسلام ہو کر مدینہ منورہ میں فوت ہوگیا؟ بھائیو! یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں لکھی ہے اور ابوداؤد اور بیہقی میں بھی نافع کی روایت سے یہ حدیث موجود ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ قسم کھا کر کہا کرتے تھے کہ مجھے خدائے تعالیٰ کی قسم ہے کہ مجھے اس میں کچھ بھی شک نہیں کہ مسیح دجّال یہی ابن صیّاد ہے۔ بھلا اس مؤخر الذکر حدیث کو جانے دو کیونکہ یہ ایک صحابی ہیں ممکن ہے کہ انہوں نے غلطی کی ہو لیکن اُس حدیث کی نسبت کیا عذر پیش کرو گے جس کو ابھی میں ذکر کر چکا ہوں جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خود جناب رسالت مآب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

حضور میں قسم کھا کر کہا تھا کہ دجال معہود یہی ابن صیاد ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چپ رہنے اور انکار نہ کرنے کی وجہ سے اُس قسم پر مہر لگا دی اور حضرت عمر کے خیال سے اپنا اتفاق رائے کر دیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا درجہ جانتے ہو کہ صحابہ میں کس قدر بڑا ہے یہاں تک کہ بعض ﴿۲۳۶﴾
اوقات ان کی رائے کے موافق قرآن شریف نازل ہو جایا کرتا تھا اور اُن کے حق میں یہ حدیث ہے کہ شیطان عمر کے سایہ سے بھاگتا ہے۔ دوسری یہ حدیث ہے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ تیسری یہ حدیث ہے کہ پہلی اُمتوں میں **محدث** ہوتے رہے ہیں اگر اس اُمت میں کوئی محدث ہے تو وہ عمر ہے۔ اب سوچو اور خیال کرو کہ نواس بن سمعان کو پایہ عالیہ عمر سے کیا مناسبت ہے؟ جو فہم قرآن اور حدیث کا حضرت عمر کو دیا گیا تھا اُس سے نواس کو کیا نسبت ہے؟ ماسوا اس کے یہ حدیث متفق علیہ ہے جو بخاری اور مسلم دونوں نے لکھی ہے اور نواس کی دمشقی حدیث جس میں دجال کی تعریفیں خلاف عقل وخلاف توحید درج ہیں صرف مسلم میں لکھی گئی ہے ماسوائے اس کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قسم کھانا اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا کچھ انکار نہ کرنا اس بات کا فیصلہ دیتا ہے کہ ضرور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں اور نیز صحابہ کرام کی نگاہ میں دجال معہود ابن صیاد ہی تھا اور حدیث شرح السنہ سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ ہمیشہ اور مدت العمر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اُمت پر اسی بات
سے ہراساں تھے کہ ابن صیاد دجال معہود ہے اب جبکہ ابن صیاد کا دجال معہود ہونا ایسے قطعی ﴿۲۳۷﴾
اور یقینی طور سے ثابت ہو گیا کہ اِس میں کسی طور کے شک وشبہ کو راہ نہیں تو اس جگہ بالطبع یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جبکہ دجال خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیدا ہو کر اور مشرف باسلام ہو کر اور آخر مدینہ میں فوت بھی ہو گیا تو حضرت مسیح کے ہاتھ سے جن کے آنے کی علت غائی دجال کا مارنا ظاہر کیا جاتا ہے کون قتل کیا جائے گا کیونکہ دجال تو موجود ہی نہیں جن کو

وہ قتل کریں اور یہی ایک خدمت تھی جو اُن کے سپرد کی گئی تھی۔ اس سوال کا جواب ہم بجز اِس صورت کے اور کسی طور سے دے نہیں سکتے کہ آخری زمانہ میں دجّال معہود کا آنا سراسر غلط ہے۔ اب حاصل کلام یہ ہے کہ وہ دمشقی حدیث جو امام مسلم نے پیش کی ہے خود مسلم کی دوسری حدیث سے ساقط الاعتبار ٹھہرتی ہے اور صریح ثابت ہوتا ہے کہ نواس راوی نے اس حدیث کے بیان کرنے میں دھوکہ کھایا ہے یہ فرض صاحب مسلم کے سر پر تھا کہ وہ اپنی ذکر کردہ حدیث کا تعارض اپنی قلم سے رفع کرتے مگر انہوں نے جو ایسے تعارض کا ذکر تک نہیں کیا تو اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ محمد بن المنکدر کی حدیث کو نہایت قطعی اور یقینی اور صاف اور صریح سمجھتے ﴿۲۳۸﴾ تھے اور نواس بن سمعان کی حدیث کو از قبیل استعارات و کنایات خیال کرتے تھے اور اُس کی حقیقت حوالہ بخدا کرتے تھے۔

غرض اے بھائیو! اِن حدیثوں پر نظر ڈال کر ہر یک آدمی سمجھ سکتا ہے کہ کبھی صدر اوّل کے لوگوں نے دجال معہود کے بارہ میں ہرگز اس بات پر اتفاق نہیں کیا کہ وہ آخری زمانہ میں آئے گا اور مسیح ابن مریم ظہور فرما کر اُس کو قتل کرے گا بلکہ وہ تو ابن صیاد کو ہی دجال معہود سمجھتے رہے اور یہ بات خود ظاہر ہے کہ جب انہوں نے ابن صیاد کو دجال معہود یقین کیا اور پھر یہ بھی اپنی زندگی میں دیکھ لیا کہ وہ مشرف باسلام ہوگیا اور پھر یہ بھی دیکھ لیا کہ وہ مدینہ منورہ میں فوت بھی ہوگیا اور مسلمانوں نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھی پھر ایسی صورت میں اُن بزرگوں کا اس بات پر کیوں کر ایمان یا اعتقاد ہوسکتا تھا کہ مسیح ابن مریم آخری زمانہ میں دجال معہود کے قتل کرنے کے لئے آسمان سے اُتریں گے کیونکہ وہ بزرگوار لوگ تو پہلے ہی دجال معہود کا فوت ہو جانا تسلیم کر چکے تھے پھر اس اعتقاد کے ساتھ یہ دوسرا اعتقاد کیوں کر جوڑ کھا سکتا ﴿۲۳۹﴾ ہے کہ اُن کو مسیح ابن مریم کے آسمان سے اُترنے اور دجّال معہود کے قتل کرنے کی انتظار لگی ہوئی تھی یہ تو صریح اجتماع ضدین ہے اور کوئی دانشمند اور قائم الحواس آدمی ایسے دو متضاد اعتقاد ہرگز نہیں رکھ سکتا۔

اب سوچنا چاہیے کہ یہ بیان کہ صحابہ کرام کا دجّال معہود اور مسیح ابن مریم کے آخری زمانہ میں ظہور فرمانے کا ایک اجماعی اعتقاد تھا کس قدر اُن بزرگوں پر تہمت ہے۔

پھر یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اگر یہ بات سچ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ہریک نبی اپنی قوم کو دجال کے نکلنے سے ڈراتا آیا ہے اور میں بھی تم سب کو ڈراتا ہوں کہ دجال آخری زمانہ میں نکلے گا تو چاہیے تھا کہ اس نصیحت اور تبلیغ کو تمام صحابہ اپنے نفس پر ایک واجب التبلیغ سمجھ کر تابعین تک پہنچاتے اور آج ہزارہا صحابہ کی روایتوں سے یہ حدیث بخاری اور مسلم میں موجود ہوتی حالانکہ بجز نواس بن سمعان اور ایک دو اور آدمیوں کے کسی نے اس حدیث کی روایت نہیں کی بلکہ نواس بن سمعان اپنی تمام روایت میں منفرد ہے۔ اب سوچو کہ ایک طرف تو یہ بتلایا جاتا ہے کہ اس حدیث کے بارہ میں عام طور پر تمام صحابہ کو تاکید ﴿۲۴۰﴾ ہوئی تھی کہ تم نے اس مضمون کو تابعین تک پہنچا دینا اور دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں تو بجز ایک دو آدمیوں کے کوئی پہنچانے والا نظر نہیں آتا۔ اِس صورت میں جس قدر ضعف اِس حدیث میں پایا جاتا ہے وہ محققین کی نظر سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ پھر تواتر کا دعویٰ کرنا اگر پرلے درجہ کا تعصب نہیں تو اور کیا ہے؟

اب اے لوگو! خدائے تعالیٰ سے ڈرو اور صحابہ اور تابعین پر تہمت مت لگاؤ کہ اُن سب کو اس مسئلہ پر اجماع تھا کہ مسیح ابن مریم آسمان سے اتریں گے اور دجال یک چشم خدائی کے کرشمے دکھانے والے کو قتل کریں گے۔ اُن بزرگوں کو تو اس اعتقاد کی خبر بھی نہیں تھی اگر انہیں خبر ہوتی اور جیسا کہ بعض حدیثوں میں لکھا ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں وصیت فرمائی ہوتی تو کیا ممکن تھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اس واجب التبلیغ امر کو تابعین تک نہ پہنچاتے اور پھر تابعین تبع تابعین کو اس کی خبر نہ کرتے۔ صاف ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت پر عمل نہ کرنا سخت معصیت میں داخل ہے پھر کیوں کر ممکن تھا کہ ایسا معصیت کا کام اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم سے سرزد ہوتا پس صاف ظاہر ہے ﴿۲۴۱﴾

کہ اس تبلیغ کے بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کوئی تاکید نہیں ہوئی اور نہ صحابہ کبار رضی اللہ عنہم اس کو تابعین تک پہنچانے کے لئے اپنے مجموعی جوش سے متوجہ ہوئے اور یہاں تک مضمون اس حدیث کا نادر اور قلیل الشہرت رہا کہ امام بخاری جیسے رئیس المحدثین کو یہ حدیث نہیں ملی کہ مسیح ابن مریم دمشق کے شرقی کنارہ میں منارہ کے پاس اُترے گا اور جتنے خدائے تعالیٰ سے کام دنیا میں ہو رہے ہیں وہ سب دجال دکھاوے گا۔ اب خیال کرنا چاہیے کہ اس حدیث کے مضمون پر اجماع کا دعویٰ کرنا اور یہ کہنا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے آج تک اسی پر اتفاق اکابر اسلام رہا ہے کس قدر افترا ہے بلکہ یہ حدیث تو اُن متواتر حدیثوں سے ہی کالعدم ہو جاتی ہے جن میں بروایت ثقات صحابہ دجال کی نسبت یہ فیصلہ کر دیا گیا ہے کہ وہ درحقیقت ابن صیاد ہی تھا جو یزید پلید کے عہد سلطنت میں مدینہ منورہ میں فوت ہو گیا اور اُس کے جنازہ کی نماز پڑھی گئی۔

یہ ایک عجیب بات ہے کہ قرآن شریف تو باآواز بلند مسیح ابن مریم ﴿۲۴۲﴾
کا فوت ہو جانا بیان کر رہا ہے اور احادیث صحیحہ مسلم و بخاری باتفاق ظاہر کر رہی ہیں کہ دراصل ابن صیاد ہی دجال معہود تھا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسے بزرگ صحابی روبرو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خدائے تعالیٰ کی قسم کھا رہے ہیں کہ درحقیقت دجال معہود
ابن صیاد ہی ہے اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کی تصدیق ﴿۲۴۳﴾
کر رہے ہیں کہ درحقیقت ابن صیاد ہی دجال معہود ہے جو انجام کار

مسلمان ہوگیا اور اسلام کی حالت میں ہی مدینہ میں مرا اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا گیا مگر پھر بھی ہمارے مسلمان بھائی اپنی ضد سے باز نہیں آتے۔ بھائیو!!! اس بحث کی دو ٹانگیں تھیں (۱) ایک تو ﴿۲۴۴﴾
مسیح بن مریم کا آخری زمانہ میں جسم خاکی کے ساتھ آسمان سے اُترنا۔ سو اُس ٹانگ کو تو قرآن شریف اور نیز بعض احادیث نے بھی مسیح ابن مریم کے فوت ہو جانے کی خبر دے کر توڑ دیا۔ (۲) دوسری ٹانگ دجال معہود کا آخری زمانہ میں ظاہر ہونا تھا سو اس ٹانگ کو صحیح مسلم اور صحیح بخاری کی متفق علیہ حدیثوں نے جو صحابہ کبار کی روایت ﴿۲۴۵﴾
سے ہیں دو ٹکڑے کر دیا اور ابن صیاد کو دجال معہود ٹھہرا کر آخر مسلمانوں کی جماعت میں داخل کر کے مار بھی دیا۔ اب جبکہ اس بحث کی دونوں ٹانگیں ٹوٹ گئیں تو پھر اب تیرہ سو برس کے بعد یہ مُردہ جس کے دونوں پیر نہیں کیوں اور کس کے سہارے سے کھڑا ہو سکتا ہے اتقوا اللّٰہ ! اتقوا اللّٰہ ! ! اتقوا اللّٰہ !!! ﴿۲۴۶﴾

اور مسیح ابن مریم کے فوت ہو جانے کے بارہ میں ہمارے پاس اس قدر یقینی اور قطعی ثبوت ہیں کہ اُن کے مفصل لکھنے کے لئے اس مختصر رسالہ میں گنجائش نہیں۔ پہلے قرآن شریف پر نظر غور ڈالو اور ذرا آنکھ کھول کر دیکھو کہ کیوں کر وہ صاف اور بیّن طور پر عیسیٰ بن مریم کے مرجانے کی خبر دے رہا ہے جس کی ہم کوئی بھی تاویل نہیں کر سکتے مثلاً یہ جو خدائے تعالیٰ قرآن کریم میں حضرت عیسیٰ کی طرف سے فرماتا ہے فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ [1] کیا ہم اس جگہ تَوَفّی سے نیند مراد لے سکتے ہیں؟ کیا یہ معنے اس جگہ موزوں ہوں گے کہ جب تو نے مجھے سلا دیا اور میرے پر نیند غالب کر دی تو میرے سونے کے بعد تو اُن کا نگہبان تھا ہرگز نہیں بلکہ توفّی کے سیدھے اور صاف معنے جو موت ہے وہی اس جگہ چسپاں ہیں☆ لیکن موت سے مراد وہ موت نہیں جو آسمان سے اُترنے کے بعد پھر وارد ہو کیونکہ جو سوال اُن سے کیا گیا ہے یعنی اُن کی اُمت کا بگڑ جانا اُس وقت کی موت سے اس سوال کا کچھ علاقہ نہیں۔ کیا نصاریٰ اب صراط مستقیم پر ہیں؟ کیا یہ سچ نہیں کہ جس امر کے بارے میں خدائے تعالیٰ نے عیسیٰ بن مریم سے سوال کیا ہے وہ امر تو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک ہی کمال کو پہنچ چکا ہے۔ ﴿۲۴۷﴾

ماسوا اس کے حدیث کی رُو سے بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فوت ہو جانا ثابت ہے چنانچہ تفسیر معالم کے صفحہ ۱۶۲ میں زیر تفسیر آیت يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ [2] لکھا ہے کہ علی بن طلحہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ اِنِّي مُمِيْتُكَ یعنی میں تجھ کو مارنے والا ہوں اس پر دوسرے اقوال اللہ تعالیٰ کے دلالت کرتے ہیں قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ [3]۔ اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ [4]۔ اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىٓ اَنْفُسِهِمْ [5]۔ غرض حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا اعتقاد یہی تھا

☆ **حاشیہ:** قرآن شریف میں اوّل سے آخر تک جس جس جگہ توفّی کا لفظ آیا ہے اُن تمام مقامات میں توفّی کے معنے موت ہی لئے گئے ہیں۔ **منہ**

[1] المائدۃ:۱۱۸ [2] ال عمران: ۵۶ [3] السجدۃ:۱۲ [4] النّحل:۳۳ [5] النّحل:۲۹

کہ حضرت عیسیٰ فوت ہو چکے ہیں اور ناظرین پر واضح ہو گا کہ حضرت ابن عباس قرآن کریم کے سمجھنے میں اوّل نمبر والوں میں سے ہیں اور اِس بارے میں اُن کے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا بھی ہے۔

﴿۲۴۸﴾ پھر اسی معالم میں لکھا ہے کہ وہب سے یہ روایت ہے کہ حضرت عیسیٰؑ تین گھنٹہ کے لئے مر گئے تھے اور محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ نصاریٰ کا یہ گمان ہے کہ ساٹھ ۞ گھنٹہ تک مرے رہے مگر مؤلف رسالہ ھٰذا کو تعجب ہے کہ محمد بن اسحاق نے سات گھنٹہ تک مرنے کی نصاریٰ کی کن کتابوں سے روایت لی ہے کیونکہ تمام فرقے نصاریٰ کے اِسی قول پر متفق نظر آتے ہیں کہ تین دن تک حضرت عیسیٰ مرے رہے اور پھر قبر میں سے آسمان کی طرف اُٹھائے گئے اور چاروں انجیلوں سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے اور خود حضرت عیسیٰ انجیلوں میں اپنی تین دن کی موت کا اقرار بھی کرتے ہیں بہر حال موت اُن کی ثابت ہے اور ماسوا اِن دلائل متذکرہ کے یہود و نصاریٰ کا بالاتفاق اُن کی موت پر اجماع ہے اور تاریخی ثبوت بتواتر اُن کے مرنے پر شاہد ہے اور پہلی کتابوں میں بھی بطور پیشگوئی اُن کے مرنے کی خبر دی گئی تھی۔

اب یہ گمان کہ مرنے کے بعد پھر اُن کی روح اُسی جسم خاکی میں داخل ہوگئی اور وہ جسم زندہ ہو کر آسمان کی طرف اٹھایا گیا۔ یہ سراسر غلط گمان ہے یہ بات باتفاق جمیع کتب الٰہیہ

﴿۲۴۹﴾ ثابت ہے کہ انبیاء و اولیاء مرنے کے بعد پھر زندہ ہو جایا کرتے ہیں یعنی ایک قسم کی زندگی انہیں عطا کی جاتی ہے جو دوسروں کو نہیں عطا کی جاتی۔ اِسی طرف وہ حدیث اشارہ کرتی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ مجھے قبر میں میت

﴿۲۵۰﴾ رہنے نہیں دے گا ☆ اور زندہ کر کے اپنی طرف اُٹھالے گا اور زبور نمبر ۱۶ میں بھی حضرت

☆ حاشیہ: اصل ترجمہ حدیث کا یہ ہے کہ میری عزت خدائے تعالیٰ کی جناب میں اس سے زیادہ ہے کہ مجھے چالیس دن تک قبر میں رکھے یعنی میں اس مدت کے اندر اندر زندہ ہو کر آسمان کی طرف اُٹھایا جاؤں گا۔ اب دیکھنا چاہیے

۞ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ”سات گھنٹہ“ ہونا چاہیے۔ قال محمد بن اسحق ان النصارٰی یزعمون ان اللّٰہ تعالٰی توفاہ سبع ساعات من النہار، (تفسیر البغوی زیر آیت اٰل عمران :۵۶)۔ (ناشر)

داؤد علیہ السلام بوحیٔ الٰہی یہ فرماتے ہیں کہ تو میری جان کو قبر میں رہنے نہیں دے گا اور تو
اپنے قدوس کو سڑنے نہیں دے گا یعنی بلکہ تو مجھے زندہ کرے گا اور اپنی طرف اُٹھا لے گا
﴿۲۵۱﴾ اِسی طرح شہداء کے حق میں بھی قرآن کریم فرماتا ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ[1] یعنی جو لوگ خدائے تعالیٰ کی راہ
﴿۲۵۲﴾ میں قتل کئے گئے تم اُن کو مُردے نہ سمجھو بلکہ وہ تو زندہ ہیں اور انہیں اپنے رب کی طرف
سے رزق مل رہا ہے۔

**حاشیہ در حاشیہ**

کہ ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قبر میں زندہ ہو جانے اور پھر آسمان کی طرف اٹھائے
جانے کی نسبت مسیح کے اُٹھائے جانے میں کونسی زیادتی ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ عیسیٰ بن مریم کی حیات
حضرت موسیٰ کی حیات سے بھی درجہ میں کمتر ہے اور اعتقاد صحیح جس پر اتفاق سلف صالح کا ہے اور
نیز معراج کی حدیث بھی اس کی شاہد ناطق ہے یہی ہے کہ انبیاء بحیات جسمی مشابہ بحیات جسمی
دنیاوی زندہ ہیں اور شہداء کی نسبت اُن کی زندگی اکمل و اقویٰ ہے اور سب سے زیادہ اکمل و اقویٰ
﴿۲۵۰﴾ واشرف زندگی ہمارے سیّد و مولیٰ فداء لہ نفسی و ابی و اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ حضرت
مسیح تو صرف دوسرے آسمان میں اپنے خالہ زاد بھائی اور نیز اپنے مرشد حضرت یحیٰی کے ساتھ مقیم
ہیں لیکن ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اعلیٰ مرتبہ آسمان میں جس سے بڑھ کر اور کوئی
مرتبہ نہیں تشریف فرما ہیں عند سدرۃ المنتھٰی بالرفیق الاعلٰی اور اُمت کے سلام و صلوات
برابر آنحضرتؐ کے حضور میں پہنچائے جاتے ہیں اللّٰھم صل علٰی سیدنا محمد و علٰی اٰل
سیدنا محمد اکثر مما صلیت علٰی احد من انبیائک وبارک وسلم اور یہ خیال کہ
انبیاء زندہ ہو کر قبر میں رہتے ہیں صحیح نہیں ہے ہاں قبر سے ایک قسم کا اُن کا تعلق باقی رہتا ہے اور اسی
﴿۲۵۱﴾ وجہ سے وہ کشفی طور پر اپنی اپنی قبروں میں نظر آتے ہیں مگر یہ نہیں کہ وہ قبروں میں ہوتے ہیں بلکہ
وہ تو ملائک کی طرح آسمانوں میں جو بہشت کی زمین ہے اپنے اپنے مرتبہ کے موافق مقام رکھتے ہیں
اور بیداری میں پاک دل لوگوں سے کبھی کبھی زمین پر آ کر ملاقات بھی کر لیتے ہیں ہمارے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کا اکثر اولیاء سے عین بیداری کی حالت میں ملاقات کرنا کتابوں میں بھرا پڑا ہے اور
مؤلف رسالہ ھٰذا بھی کئی دفعہ اس شرف سے مشرف ہو چکا ہے والحمد للّٰہ علٰی ذالک۔ اور

[1] اٰل عمران:۱۷۰

ایک اور حدیث بھی مسیح ابن مریم کے فوت ہو جانے پر دلالت کرتی ہے اور وہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ قیامت کب آئے گی تو آپ نے فرمایا کہ آج کی تاریخ سے سو برس تک تمام بنی آدم پر قیامت آجائے گی اور یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ سو برس کے عرصہ سے کوئی شخص زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا اِسی بناء پر اکثر علماء وفقرا اسی طرف گئے ہیں کہ خضر بھی فوت ہو گیا کیونکہ مخبر صادق کے کلام میں کذب جائز نہیں مگر افسوس کہ ہمارے علماء نے اس قیامت سے بھی مسیح کو باہر رکھ لیا تعجب کہ اور بنی اسرائیل کے انبیاء کی نسبت مسیح کو کیوں زیادہ عظمت دی جاتی ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ ہمارے بھائی مسلمان ﴿۲۵۳﴾ کسی ایسے زمانہ سے کہ جب سے بہت سے عیسائی دین اسلام میں داخل ہوئے ہوں گے اور کچھ کچھ حضرت مسیح کی نسبت اپنے مشرکانہ خیالات ساتھ لائے ہوں گے اس بے جا عظمت دینے کے عادی ہو گئے ہیں جس کو قرآن شریف تسلیم نہیں کرتا اس لئے خاص طور پر مسیح کی تعریف کے بارے میں اُن میں حد موزوں سے زیادہ غلو پایا جاتا ہے۔ انصاف کی نظر سے دیکھنا چاہیے کہ کتاب براہین احمدیہ میں خدا تعالیٰ نے اس عاجز کو آدم صفی اللہ کا مثیل قرار دیا اور کسی کو علماء میں سے اس بات پر ذرہ رنج دل میں نہیں گذرا اور پھر مثیل نوح قرار دیا اور کوئی رنجیدہ نہیں ہوا اور پھر مثیل یوسف علیہ السلام قرار دیا اور کسی مولوی صاحب کو اس سے غصہ نہیں آیا اور پھر مثیل حضرت داؤد بیان فرمایا اور کوئی علماء میں سے رنجیدہ خاطر نہیں ہوا۔ اور پھر مثیل موسیٰ کر کے بھی اس عاجز کو پکارا تو کوئی فقیہوں اور محدثوں میں سے مشتعل نہیں ہوا یہاں تک کہ پھر اللہ تعالیٰ نے اس عاجز کو مثیل ابراہیم بھی کہا تو کسی شخص نے ایک

بقیہ حاشیہ

حدیث نبوی کا یہ فقرہ کہ میں چالیس دن تک قبر میں نہیں رہ سکتا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اوّل چند روز گو کیسا ہی مقدس آدمی ہو قبر سے اور اس عالم خاکی سے ایک بڑھا ہوا تعلق رکھتا ہے۔ ﴿۲۵۲﴾ کوئی دینی خدمات کی زیادہ پیاس کی وجہ سے اور کوئی اور اور وجوہ سے اور پھر وہ تعلق ایسا کم ہو جاتا ہے کہ گویا وہ صاحب قبر۔ قبر میں سے نکل جاتا ہے ورنہ روح تو مرنے کے بعد اُسی وقت بلا توقف آسمان پر اپنے نفسی نقطہ پر جا ٹھہرتی ہے۔ منہ

ذرہ بھی غیظ و غضب ظاہر نہیں کیا اور پھر آخر مثیل ٹھہرانے کی یہاں تک نوبت پہنچی کہ بار بار
یا احمد کے خطاب سے مخاطب کر کے ظلی طور پر مثیل سیّد الانبیاء و امام الاصفیاء حضرت مقدس ﴿۲۵۴﴾
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیا تو کوئی ہمارے مفسروں اور محدثوں میں سے جوش وخروش
میں نہیں آیا اور جب خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو عیسیٰ یا مثیل عیسیٰ کر کے پکارا تو سب کے
شدت طیش اور غضب کی وجہ سے چہرے سرخ ہو گئے اور سخت درجہ کا اشتعال پیدا ہو کر
کسی نے اس عاجز کو کافر ٹھہرا دیا اور کسی نے اس عاجز کا نام ملحد رکھا جیسا کہ **مولوی
عبدالرحمٰن صاحب خلف مولوی محمد لکھو والہ نے اس عاجز کا نام ملحد رکھا اور جا بجا یہ بھی ذکر
کیا کہ یہ شخص بہت خراب آدمی ہے۔** چنانچہ ایک شخص عبدالقادر نام شرقپور ضلع لاہور کے
رہنے والے پاس بھی یہی ذکر کیا کہ یہ شخص ملحد اور بدمذہب اور خراب اور ملاقات کے لائق
نہیں۔ علاوہ اس کے ان لوگوں نے اشتعال کی حالت میں اسی پر بس نہیں کی بلکہ یہ بھی چاہا کہ
خدا تعالیٰ کی طرف سے بھی اس بارہ میں کوئی شہادت ملے تو بہت خوب ہو۔ چنانچہ انہوں
نے غصہ بھرے دل کے ساتھ استخارے کئے اور چونکہ قدیم سے قانون قدرت خدائے تعالیٰ ﴿۲۵۵﴾
کا یہی ہے کہ جو شخص نفسانی تمنا سے کسی امر غیب کا منکشف ہونا چاہتا ہے تو شیطان اُس
کی تمنا میں ضرور دخل دیتا ہے بجز انبیاء اور محدثین کے کہ ان کی وحی شیطان کے دخل
سے منزہ کی جاتی ہے پس اسی وجہ سے حضرت عبدالرحمٰن صاحب اور اُن کے رفیق نیت
میاں عبدالحق غزنوی کے استخارہ پر وہ **بئس القرین** تُرت حاضر ہو گیا اور اُن کی زبان
پر جاری کرا دیا کہ وہ شخص یعنی یہ عاجز جہنّمی ہے اور ملحد ہے اور ایسا کافر ہے کہ ہرگز ہدایت
پذیر نہیں ہوگا۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا علماء کے لئے عند الشرع یہ جائز ہے کہ کسی ایسے
مسئلہ میں جو خیر القرون کے لوگ ہی اُس پر اتفاق نہ رکھتے ہوں اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا
اس پر اجماع ثابت نہ ہو ایک ایسے ملہم کی نسبت جو بعض احادیث اور قرآن کریم امکانی
طور پر اُس کے صدق پر شاہد ہوں تکفیر کا فتویٰ لگا دیں یہ بات سمجھنے والے سمجھ سکتے ہیں کہ

مثیل موعود ہونے کے بارہ میں اس عاجز کا الہام حدیث اور قرآن کے ہرگز مخالف نہیں اور کتب حدیث کو مہمل اور بے کار نہیں کرتا بلکہ اُن کا مصدق اور اُن کی سچائی کو ظاہر کرنے والا ہے کیا یہ سچ نہیں کہ فرقان کریم مسیح ابن مریم کا فوت ہو جانا بیان کر رہا ہے اور دجال معہود کا ﴿۲۵۶﴾
مرجانا خود صحیح مسلم کی بعض حدیثیں ثابت کر رہی ہیں پھر قرآن اور بعض حدیث میں تطبیق کرنے کے لئے بجز اس کے اور کیا راہ ہے کہ ابن مریم کے اُترنے سے اس کے کسی مثیل یا کئی مثیلوں کا اُترنا مراد لیا جاوے۔ پھر جبکہ الہام بھی اسی راہ کی طرف رہنمائی کرے تو کیا وہ حدیث اور قرآن کے موافق ہوا یا مخالف؟

اب رہا یہ امر کہ کسی نبی کا اپنے تئیں مثیل ٹھہرانا عندالشرع جائز ہے یا نہیں۔ پس واضح ہو کہ درحقیقت اگر غور کر کے دیکھو تو جس قدر انبیاء دنیا میں بھیجے گئے ہیں وہ اسی غرض سے بھیجے گئے ہیں کہ تا لوگ اُن کے مثیل بننے کے لئے کوشش کریں اگر ہم ان کی پیروی کرنے سے اُن کے مثیل نہیں بن سکتے بلکہ ایسے خیال سے انسان کافر و ملحد ہو جاتا ہے تو اس صورت میں انبیاء کا آنا عبث اور ہمارا اُن پر ایمان لانا بھی عبث ہے۔ قرآن شریف صاف یہی ہدایت فرماتا ہے اور ہمیں سورۂ فاتحہ اُم الکتاب میں مثیل بن جانے کی امید دیتا ہے اور ہمیں تاکید فرماتا ہے کہ پنج وقت تم میرے حضور میں کھڑے ہو کر اپنی نماز میں مجھ سے یہ دعا مانگو کہ
﴿۲۵۷﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۔ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ [1] یعنی اے میرے خداوند رحمٰن و رحیم ہمیں ایسی ہدایت بخش کہ ہم آدم صفی اللہ کے مثیل ہو جائیں شیث نبی اللہ کے مثیل بن جائیں حضرت نوح آدم ثانی کے مثیل ہو جائیں۔ ابراہیم خلیل اللہ کے مثیل ہو جائیں موسیٰ کلیم اللہ کے مثیل ہو جائیں۔ عیسیٰ روح اللہ کے مثیل ہو جائیں اور جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ حبیب اللہ کے مثیل ہو جائیں اور دنیا کے ہر ایک صدیق و شہید کے مثیل ہو جائیں۔ اب ہمارے علماء جو مثیل ہونے کے دعویٰ کو کفر و الحاد خیال کرتے ہیں اور جس شخص کو الہام الٰہی کے ذریعہ سے اس ممکن الحصول مرتبہ کی بشارت دی جاوے اس کو ملحد اور کافر اور جہنمی ٹھہراتے ہیں۔

[1] الفاتحہ:۶،۷

ذرا سوچ کر بتلاویں کہ اگر اس آیت کریمہ کے یہ معنے نہیں ہیں کہ جو میں نے بیان کئے
ہیں تو اور کیا معنے ہیں اور اگر یہ معنے صحیح نہیں ہیں تو پھر اللہ جلّشانہٗ کیوں فرماتا ہے
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ [1] یعنی ان کو کہہ دو کہ اگر تم ﴿۲۵۸﴾
خدائے تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو آؤ میری پیروی کرو تا خدا تعالیٰ بھی تم سے محبت رکھے
اور تمہیں اپنا محبوب بنالیوے۔ اب سوچنا چاہیے کہ جس وقت انسان ایک محبوب کی پیروی سے
خود بھی محبوب بن گیا تو کیا اس محبوب کا مثیل ہی ہو گیا یا ابھی غیر مثیل رہا۔ افسوس! ہمارے
پُرکینہ مخالف ذرا نہیں سوچتے کہ طالب مولیٰ کے لئے یہی تو عمدہ اور اعلیٰ خواہش ہے جو اس کو
مجاہدات کی طرف رغبت دیتی ہے اور یہی تو ایک زور آور انجن ہے جو تقویٰ اور طہارت اور
اخلاص اور صدق اور صفا اور استقامت کے مراتب عالیہ کی طرف کھینچتا چلا جاتا ہے اور یہی تو
وہ پیاس لگانے والی آگ ہے جس سے ظاہر و باطن سالک کا بھڑک اُٹھتا ہے اگر اس مقصد
کے حصول سے یاس کلّی ہو تو پھر اس محبوب حقیقی کے سچے طالب جیتے ہی مر جائیں۔ آج تک
جس قدر اکابر متصوّفین گذرے ہیں اُن میں سے ایک کو بھی اس میں اختلاف نہیں کہ اس
دین متین میں مثیل الانبیاء بننے کی راہ کھلی ہوئی ہے جیسا کہ آنحضرت صلعم روحانی اور ربانی ﴿۲۵۹﴾
علماء کے لئے یہ خوشخبری فرما گئے ہیں کہ **علماء اُمّتی کانبیاء بنی اسرائیل** اور حضرت
**بایزید بسطامی** قدس سرہ کے کلمات طیبہ مندرجہ ذیل جو تذکرۃ الاولیاء میں حضرت **فریدالدین
عطار** صاحب نے بھی لکھے ہیں اور دوسری معتبر کتابوں میں بھی پائے جاتے ہیں اسی بناء
پر ہیں جیسا کہ وہ فرماتے ہیں کہ **میں ہی آدم ہوں میں ہی شیث ہوں میں ہی نوح ہوں میں
ہی ابراہیم ہوں میں ہی موسیٰ ہوں میں ہی عیسیٰ ہوں میں ہی محمد ہوں صلی اللہ علیہ وسلم
وعلیٰ اخوانہٖ اجمعین** اور اگرچہ انہیں کلمات کی وجہ سے حضرت بایزید بسطامی ستر مرتبہ کافر
ٹھہرا کر بُسطام سے جو اُن کے رہنے کی جگہ تھی شہر بدر کئے گئے اور میاں عبدالرحمٰن خلف مولوی
محمد کی طرح اُن لوگوں نے بھی بایزید بُسطامی کے کافر اور ملحد بنانے میں سخت غلو کیا ﴿۲۶۰﴾

[1] آل عمران: ۳۲

لیکن اُس زمانہ کے گذرنے کے بعد پھر ایسے معتقد ہوگئے کہ جس کا حد انتہا نہیں اور اُن کے شطحیات کی بھی تاویلیں کرنے لگے۔

ایسا ہی **سیّد عبدالقادر جیلانی** رضی اللہ عنہ اپنی کتاب فتوح الغیب میں اس بات کی طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ انسان بحالت ترک نفس واطلاق وفنا فی اللہ تمام انبیاء کا مثیل بلکہ اُنہیں کی صورت کا ہو جاتا ہے اور اس عاجز کے دوست **مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی** نے بھی اپنے رسالہ اشاعۃ السنہ نمبر ۷ جلد ۷ میں جواز وامکان مثیلیّت کے بارہ میں بہت کچھ لکھا ہے اور اگرچہ اس عاجز کے اس دعویٰ کی نسبت جو مثیل موعود ہونے کے بارہ میں براہین میں درج ہے اور بتصریح ظاہر کیا گیا ہے کہ قرآن کریم اور حدیث نبویہ میں اس عاجز کی نسبت بطور پیشگوئی خبر دی گئی ہے مولوی صاحب موصوف نے کھلے کھلے طور پر کوئی اقرار نہیں کیا لیکن امکانی طور پر تسلیم کر گئے ہیں کیونکہ اُن کا اس معرض بیان میں جو بمنصب ریویو لکھنے کے اُن کے لئے ضروری تھا سکوت اختیار کرنا اور انکار اور منع سے زبان نہ کھولنا دلیل قوی اس بات کی ہے کہ وہ اس بات کے بھی ہرگز مخالف نہیں کہ یہ عاجز مجازی اور روحانی طور پر وہی مسیح موعود ہے جس کی قرآن اور حدیث میں خبر دی گئی ہے کیونکہ براہین میں صاف طور پر اس بات کا تذکرہ کر دیا گیا تھا کہ یہ عاجز روحانی طور پر وہی موعود مسیح ہے جس کی اللہ و رسول نے پہلے سے خبر دے رکھی ہے۔ ہاں اس بات سے اُس وقت انکار نہیں ہوا اور نہ اب انکار ہے کہ شاید پیشگوئیوں کے ظاہری معنوں کے لحاظ سے کوئی اَور مسیح موعود بھی آئندہ کسی وقت پیدا ہو مگر فرق اِس وقت کے بیان اور براہین احمدیہ کے بیان میں صرف اس قدر ہے کہ اُس وقت بباعث اجمال الہام کے اور نہ معلوم ہونے ہر ایک پہلو کے اجمالی طور پر لکھا گیا تھا اور اب مفصل طور پر لکھا گیا بہرحال مولوی صاحب موصوف نے اس عاجز کے مثیل مسیح ہونے کے بارہ میں امکانی ثبوت پیدا کرنے کے لئے بہت زور دیا ہے چنانچہ ایک جگہ وہ محی الدین ابن عربی صاحب کے ﴿۲۶۱﴾

کلام کو بغرض تائید مطلب ھٰذا فتوحات مکیہ باب ۲۲۳ سے نقل کرتے ہیں اور وہ عبارت معہ ترجمہ مندرجہ ذیل ہے۔

غایة الوصلة ان یکون الشیء عین ما ظھر ولا یعرف کما رأیت
﴿۲۶۲﴾ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ و سلم وقد عانق ابن حزم المحدث
فغاب احدھما فی الاٰخر فلم نر الا واحداً وھو رسول اللّٰہ صلعم فھذہ
غایة الوصلة وھو المعبر عنہ بالا تحاد (فتوحات مکیة)

یعنی نہایت درجہ کا اتصال یہ ہے کہ ایک چیز بعینہٖ وہ چیز ہو جائے جس میں وہ ظاہر ہو اور خود نظر نہ آوے جیسا کہ میں نے خواب میں آنحضرت کو دیکھا کہ آپ نے ابومحمد بن حزم محدث سے معانقہ کیا۔ پس ایک دوسرے میں غائب ہو گیا بجز ایک رسول اللہ صلعم کے نظر نہ آیا۔ پھر بعد اس کے مولوی صاحب موصوف اپنے اس بیان کی تائید میں نواب صدیق حسن مرحوم کی کتاب اتحاف النبلاء میں سے ایک عربی رباعی معہ ترجمہ نقل کرتے ہیں اور وہ یہ ہے۔

توھم واشینا بلیل مزارہ فھمّ لیسعی بیننا بالتباعد
فعانقتہ حتی اتحدنا تعانقًا فلمّا اتانا مارأی غیر واحد

جس کا ترجمہ یہ ہے۔ ہمارے بدگو (رقیب) نے شب کو ہمارے پاس ہمارے معشوق کے آنے کا گمان کیا تو ہم میں جدائی ڈالنے میں کوشش کرنے لگا۔ پس میں نے اپنے معشوق کو گلے سے لگا لیا۔ پھر وہ (رقیب) آیا تو اُس نے بجز مجھ ایک کے کسی کو نہ دیکھا۔ پھر یہ شعر ﴿۲۶۳﴾ فارسی نقل کیا ہے۔

جذبۂ شوق بحدیست میان من و تو کہ رقیب آمد و نہ شناخت نشان من و تو

اس کے بعد یہ جملہ دعائیہ لکھا ہے رزقنا اللّٰہ من ھٰذا الاتحاد فی الدنیا و الاٰخرة یعنی خدائے تعالیٰ ہم کو بھی ایسا ہی اتحاد دنیا اور آخرت میں نصیب کرے۔

پھر میں مسیح ابن مریم کے فوت ہو جانے کی نسبت تتمہ کلام بیان کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اگر یہ اعتراض پیش کیا جائے کہ گو احادیث اور فرقان اور انجیل کی رو سے

مسیح ابن مریم کا فوت ہو جانا ثابت ہوتا ہے لیکن ساتھ ہی فرقان حمید میں **رافعک الیّ** کا لفظ بھی تو موجود ہے جس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ زندہ ہو کر پھر آسمان کی طرف اُٹھایا گیا۔

اس وہم کا جواب یہ ہے کہ آسمان کا تو کہیں اس جگہ ذکر بھی نہیں اس کے معنے تو صرف اس قدر ہیں کہ میں اپنی طرف تجھے اُٹھالوں گا اور ظاہر ہے کہ جو نیک آدمی مرتا ہے اُسی کی طرف روحانی طور پر اُٹھایا جاتا ہے کیا خدائے تعالیٰ دوسرے آسمان پر بیٹھا ہوا ہے جہاں حضرت یحیٰی اور حضرت عیسیٰ کی روح ہے اور نیز جس حالت میں قرآن شریف اور حدیث کی رو سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بلاشبہ فوت ہو گئے تھے تو پھر اس ثبوت کے بعد رفع سے مراد جسم کے ساتھ اُٹھایا جانا کمال درجہ کی غلطی ہے بلکہ صریح اور بدیہی طور پر سیاق وسباق قرآن شریف سے ثابت ہو رہا ہے کہ حضرت عیسیٰ کے فوت ہونے کے بعد اُن کی روح ﴿۲۶۴﴾ آسمان کی طرف اُٹھائی گئی۔ وجہ یہ کہ قرآن شریف میں صاف طور پر لکھا گیا ہے کہ ہر یک مومن جو فوت ہوتا ہے تو اس کی روح خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھائی جاتی ہے اور بہشت میں داخل کی جاتی ہے جیسا کہ اللہ جلّشانہٗ فرماتا ہے:۔

يَاۤاَيَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَٮِٕنَّةُ ‌ۖ. ارۡجِعِىۡۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً ‌ۚ. فَادۡخُلِىۡ فِىۡ عِبٰدِىۡ ۙ. وَادۡخُلِىۡ جَنَّتِى [1] اے وہ نفس جو خدائے تعالیٰ سے آرام یافتہ ہے اپنے رب کی طرف چلا آ۔ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی پس میرے بندوں میں داخل ہو جا اور میرے بہشت میں اندر آ۔ اس جگہ صاحب تفسیر معالم اس آیت کی تفسیر کر کے اپنی کتاب کے صفحہ ۹۷۵ میں لکھتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب بندہ مومن وفات پانے پر ہوتا ہے تو اس کی طرف **اللہ جلّشانہٗ** دو فرشتے بھیجتا ہے اور اُن کے ساتھ کچھ بہشت کا تحفہ بھی بھیجتا ہے اور وہ فرشتے آ کر اس کی روح کو کہتے ہیں کہ اے نفس مطمئنہ تو رَوح اور رَیحان اور اپنے رب کی طرف جو تجھ سے راضی ہے نکل آ۔ تب وہ روح مشک کی اس خوشبو کی طرح جو بہت لطیف اور خوش کرنے والی ہو

[1] الفجر: ۲۸ تا ۳۱

﴿۲۶۵﴾ جو ناک میں پہنچ کر دماغ کو معطّر کر دیتی ہو باہر نکل آتی ہے اور فرشتے آسمان کے کناروں پر کہتے ہیں کہ ایک روح چلی آتی ہے جو بہت پاکیزہ اور خوشبو دار ہے۔ تب آسمان کا کوئی دروازہ ایسا نہیں ہوتا جو اس کے لئے کھولا نہ جائے اور کوئی فرشتہ آسمان کا نہیں ہوتا کہ اُس کے لئے دعا نہ کرے یہاں تک کہ وہ روح پایۂ عرش الٰہی تک پہنچ جاتی ہے تب خدائے تعالیٰ کو سجدہ کرتی ہے پھر میکائیل کو حکم ہوتا ہے کہ جہاں اور روحیں ہیں وہیں اس کو بھی لے جا۔

اب قرآن شریف کی اس آیت اور حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت سے بخوبی ثابت ہو گیا کہ روح مومن کی اُس کے فوت ہونے کے بعد بلا توقف آسمان پر پہنچائی جاتی ہے جبکہ حقیقت حال یہ ہے تو پھر قرآن شریف کی اس آیت کو کہ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ [1] ہے یا اس آیت کو کہ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ [2] ہے اس طرف کھینچنا کہ گویا حضرت عیسیٰ جسم کے ساتھ آسمان پر اُٹھائے گئے تھے صریح تحکّم اور زبردستی ہو گی کیونکہ جبکہ برطبق روایت ابن عباس وسیاق وسباق کلام الٰہی **متوفّیک** کے معنی یہی ہیں کہ میں تجھے ماروں گا تو پھر صاف ظاہر ہے جیسا کہ ابھی ہم بحوالہ کلام الٰہی لکھ چکے ہیں کہ ﴿۲۶۶﴾ موت کے بعد نیک بختوں کی روح بلا توقف آسمان کی طرف جاتی ہے یہ تو نہیں کہ فرشتہ ملک الموت روح کو نکال کر کئی گھنٹہ تک وہیں کھڑا رہتا ہے۔ اب اگر ہم فرض کے طور پر وہب کی روایت کو قبول کر لیں کہ حضرت عیسیٰ تین گھنٹہ تک مرے رہے یا سات گھنٹہ تک مردہ پڑے رہے تو کیا ہم یہ بھی قبول کر سکتے ہیں کہ تین گھنٹہ تک یا سات گھنٹہ تک فرشتہ ملک الموت اُن کی روح اپنی مٹھی میں لے کر اُسی جگہ بیٹھا رہا یا جہاں جہاں لاش کو لوگ لے جاتے رہے ساتھ پھرتا رہا اور آسمان کی طرف اس روح کو اُٹھا کر نہیں لے گیا۔ ایسا وہم تو سراسر خلاف نص وحدیث اور مخالف تمام کتب الہامیہ ہے اور جبکہ ضروری طور پر یہی ماننا پڑا کہ ہر یک مومن کی روح مرنے کے بعد آسمان کی طرف اُٹھائی جاتی ہے تو اس سے صاف طور پر کُھل گیا کہ **رافعک الیّ** کے یہی معنے ہیں کہ جب حضرت عیسیٰ فوت ہو چکے تو اُن کی روح

---
[1] آل عمران: ۵۶ [2] النساء: ۱۵۹

آسمان کی طرف اُٹھائی گئی بلاشبہ ہریک شخص کا نورِقلب اور کانشنس بلاتردّد اس بات کو سمجھ لیتا اور قبول کر لیتا ہے کہ ایک شخص مومن کی موت کے بعد شرعی اور طبعی طور پر یہی ضروری امر ہے کہ اس کی روح آسمان کی طرف اُٹھائی جائے اور اس طریق کا انکار کرنا گویا امہات ﴿۲۶۷﴾ مسائل دین کا انکار ہے اور نص اور حدیث سے کوئی ثبوت اس کا نہیں مل سکتا اگر حضرت عیسیٰ حقیقت میں موت کے بعد پھر جسم کے ساتھ اُٹھائے گئے تھے تو قرآن شریف میں عبارت یوں چاہیے تھی **یا عیسٰی انی متوفیک ثم مُحییک ثم رافعک مع جسدک الی السمآء** یعنی اے عیسیٰ میں تجھے وفات دوں گا پھر زندہ کروں گا پھر تجھے تیرے جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اُٹھالوں گا لیکن اب تو بجز مجرد **رافعک** کے جو **متوفّی** کے بعد ہے کوئی دوسرا لفظ **رافعک** کا تمام قرآن شریف میں نظر نہیں آتا جو **ثم محییک** کے بعد ہو۔ اگر کسی جگہ ہے تو وہ دکھلانا چاہیے۔ میں بدعویٰ کہتا ہوں کہ اس ثبوت کے بعد کہ حضرت عیسیٰ فی الحقیقت فوت ہو گئے تھے یقینی طور پر یہی ماننا پڑے گا کہ جہاں جہاں **رافعک** یا **بل رفعه الله الیه** ہے اس سے مراد اُن کی روح کا اُٹھایا جانا ہے جو ہریک مومن کے لئے ضروری ہے۔ ضروری کو چھوڑ کر غیر ضروری کا خیال دل میں لانا سراسر جہل ہے۔ ہم بیان کر چکے ہیں کہ تمام نبی خدائے تعالیٰ کی طرف ہی اُٹھائے جاتے ہیں۔

﴿۲۶۸﴾ اب ہم بخوبی ثابت کر چکے ہیں کہ یہ عقیدہ کہ مسیح جسم کے ساتھ آسمان پر چلا گیا تھا قرآن شریف اور احادیث صحیحہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا صرف بیہودہ اور بے اصل اور متناقض روایات پر اس کی بنیاد معلوم ہوتی ہے مگر اس فلسفی الطبع زمانہ میں جو عقلی شائستگی اور ذہنی تیزی اپنے ساتھ رکھتا ہے ایسے عقیدوں کے ساتھ دینی کامیابی کی اُمید رکھنا ایک بڑی بھاری غلطی ہے اگر افریقہ کے ریگستان یا عرب کے صحرانشین اُمّیوں اور بدّوؤں میں یا سمندر کے جزیروں کے اور وحشی لوگوں کی جماعتوں میں یہ بے سروپا باتیں پھیلائیں تو شاید آسانی سے پھیل سکیں لیکن ہم ایسی تعلیمات کو جو عقل اور تجربہ اور طبعی اور فلسفہ سے

بکلی مخالف اور نیز ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ثابت نہیں ہوسکتیں بلکہ اُن کے مخالف حدیثیں ثابت ہو رہی ہیں تعلیم یافتہ لوگوں میں ہرگز پھیلا نہیں سکتے اور نہ یورپ امریکہ کے محقق طبع لوگوں کی طرف جو اپنے دین کے لغویات سے دست بردار ہو رہے ہیں بطور ہدیہ وتحفہ بھیج سکتے ہیں۔ جن لوگوں کے دل اور دماغ کو نئے علوم کی روشنی نے انسانی قوتوں میں ترقی دے دی ہے وہ ایسی باتوں کو کیوں کر تسلیم کر لیں گے جن میں سراسر خدائے تعالیٰ کی توہین اور اسؔ کی توحید کی اہانت اور اس کے قانون قدرت کا ابطال اور اس کے کتابی اصول کی تنسیخ پائی جاتی ہے۔ ﴿۲۶۹﴾

اس جگہ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ مسیح کا جسم کے ساتھ آسمان سے اُترنا اُس کے جسم کے ساتھ چڑھنے کی فرع ہے لہٰذا یہ بحث بھی کہ مسیح اُسی جسم کے ساتھ آسمان سے اُترے گا جو دنیا میں اُس کو حاصل تھا اس دوسری بحث کی فرع ہوگی جو مسیح جسم کے ساتھ آسمان پر اُٹھایا گیا تھا جبکہ یہ بات قرار پائی تو اوّل ہمیں اُس عقیدہ پر نظر ڈالنا چاہیے جو اصل قرار دیا گیا ہے کہ کہاں تک وہ قرآن اور حدیث سے ثابت ہے۔ کیونکہ اگر اصل کا کما حقہٗ تصفیہ ہو جائے گا تو پھر اُس کی فرع ماننے میں کچھ تامل نہیں ہوگا اور کم سے کم امکانی طور پر ہم قبول کر سکیں گے کہ جب کہ ایک شخص کا جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر چلے جانا ثابت ہو گیا ہے تو پھر اُسی جسم کے ساتھ واپس آنا اُس کا کیا مشکل ہے لیکن اگر اصل بحث قرآن اور حدیث سے ثابت نہ ہو سکے بلکہ حقیقت امر اس کے مخالف ثابت ہو تو ہم فرع کو کسی طرح سے تسلیم نہیں کر سکتے اگر فرع کی تائید میں بعض حدیثیں بھی ہوں گی تو ہم پر فرض ہوگا کہ اُن کو اصل سے تطبیق دینے کے لئے کوششؔ کریں اور اگر برعایت اصل وہ حدیثیں حقیقت پر حمل نہ ہو سکیں تو پھر ہم پر واجب ہوگا کہ انہیں استعارات ومجازات میں داخل کر لیں اور بجائے مسیح کے اُترنے کے کسی مثیل مسیح کا اُترنا مان لیں جیسا کہ خود حضرت مسیح نے ایلیا نبی کی نسبت مان لیا حالانکہ تمام یہودیوں کا اسی پر اجماع تھا اور اب تک ہے کہ ایلیا آسمان سے اُتر آئے گا۔ ﴿۲۷۰﴾

یاد رکھنا چاہیے کہ ایلیا کا آسمان پر جانا اور پھر آسمان سے کسی زمانہ میں اُترنا بطور پیشگوئی ایک وعدہ تھا اور یہودیوں کا اجماعی عقیدہ مسلمانوں کی طرح اب تک یہی ہے کہ حضرت ایلیا جسم کے ساتھ آسمان پر زندہ اُٹھائے گئے اور پھر آخری زمانہ میں اُسی جسم کے ساتھ پھر آسمان سے اُتریں گے چنانچہ ایلیا کا جسم کے ساتھ آسمان پر جانا سلاطین ۲ باب ۲ آیت ۱۱ میں مندرج ہے اور پھر اس کے اُترنے کا وعدہ صحیفہ ملا کی کے باب ۴ آیت ۵ میں بطور پیشگوئی کے دیا گیا ہے جس کے اب تک یہودی لوگ منتظر ہیں اور حضرت مسیح نے جو حضرت یحیٰؑ کی نسبت کہا کہ ایلیا جو آنیوالا تھا یہی ہے یہ کلمہ جمہور یہود کے اجماع کے برخلاف تھا۔ اسی وجہ سے اُنہوں نے نہ مسیح کو قبول کیا نہ یحیٰؑ کو کیونکہ وہ تو آسمان کی راہ دیکھ رہے تھے کہ کب ایلیا فرشتوں کے ﴿۲۷۱﴾
کندھوں پر اُترتا ہے اور بڑے مشکلات اُن کو یہ پیش آ گئے تھے کہ اسی طور کے اُترنے پر اُن کا اجماع ہو چکا تھا اور ظواہر نصوص صحیفہ سلاطین وصحیفہ ملا کی اسی پر دلالت کرتے تھے۔ سو انہوں نے اس آزمائش میں پڑ کر حضرت یحیٰؑ علیہ السلام کو قبول نہ کیا بلکہ مسیح کی نبوت سے بھی انکاری رہے کیونکہ اُن کی کتابوں میں لکھا تھا کہ ضرور ہے کہ مسیح کے آنے سے پہلے ایلیا آسمان سے اُتر آوے سو چونکہ ایلیا کا آسمان سے اُترنا جس طرح انہوں نے اپنے دلوں میں مقرر کر رکھا تھا اُسی طرح ظہور میں نہ آیا۔ اس لئے ظاہر پرستی کی شامت سے یہودیوں کو دو سچے نبیوں کی نبوت سے منکر رہنا پڑا یعنی مسیح اور یحیٰؑ سے۔ اگر وہ لوگ اس ظاہر پرستی سے باز آ کر سلاطین اور ملا کی کی عبارتوں کو استعارات ومجازات پر حمل کر لیتے تو آج دنیا میں ایک بھی یہودی نظر نہ آتا سب کے سب عیسائی ہو جاتے کیونکہ صحیفہ سلاطین اور صحیفہ ملا کی میں ایلیا نبی کے دوبارہ آنے سے درحقیقت مراد یہی تھی کہ ظلی اور مثالی وجود کے ساتھ پھر ایلیا دنیا میں آئے گا جس ﴿۲۷۲﴾
سے مراد حضرت یحیٰؑ کا آنا تھا جو باعتبار اپنے روحانی خواص کے مثیل ایلیا تھے لیکن یہودیوں نے اپنی بدقسمتی اور بے سعادتی کی وجہ سے اُن روحانی معنوں کی طرف رخ نہ کیا اور ظاہر پرستی میں پھنسے رہے۔ اور درحقیقت ذرہ غور سے دیکھیں تو یہودیوں کو حضرت یحیٰؑ کے

قبول کرنے کے بارہ میں جو مشکلات پیش آ گئے تھے اتنے بڑے مشکلات ہمارے بھائی مسلمانوں کو ہرگز پیش نہیں آئے کیونکہ سلاطین ۲ باب ۲ میں صاف طور پر لکھا ہوا اب تک موجود ہے کہ ایلیا نبی جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اُٹھایا گیا اور چادر اُس کی زمین پر گر پڑی اور پھر ملا کی باب ۴ آیت ۵ میں ایسی ہی صفائی کے ساتھ وعدہ دیا گیا ہے کہ پھر وہ دنیا میں آئے گا اور مسیح کے لئے راہ درست کرے گا لیکن ہمارے بھائی مسلمان ان تمام مشکلات سے بالکل آزاد ہیں کیونکہ قرآن شریف میں جسم کے ساتھ اُٹھائے جانے کا اشارہ تک بھی نہیں بلکہ مسیح کے فوت ہو جانے کا بتصریح ذکر ہے اگرچہ حدیثوں کی بے سروپا روایتوں میں سند منقطع کے ساتھ ایسا ذکر بہت سے تناقض سے بھرا ہوا کہیں کہیں پایا جاتا ہے لیکن ساتھ اس کے اُنہیں حدیثوں میں مسیح کا فوت ہونا بھی بیان کیا گیا ہے۔ اب ظاہر ہے کہ باوجود اس تعارض اور تناقض کے ضرورت ہی کیا ہے جو غیر معقول شق کی طرف توجہ کی جائے جس حالت میں ﴿۲۷۳﴾ قرآن اور حدیث کی رو سے وہ راہ بھی کھلی ہوئی نظر آتی ہے جس پر کوئی اعتراض شرع اور عقل کا نہیں یعنی مسیح کا فوت ہو جانا اور روح کا اُٹھایا جانا تو کیوں ہم اُسی راہ کو قبول نہ کریں جس پر قرآن شریف کی بینات زور دے رہی ہیں؟۔

ہم نے ایلیا کے صعود و نزول کا قصہ اس غرض سے اس جگہ لکھا ہے کہ تا ہمارے بھائی مسلمان ذرہ غور کر کے سوچیں کہ جس مسیح ابن مریم کے لئے وہ لڑتے مرتے ہیں اُسی نے یہ فیصلہ دیا ہے اور اسی فیصلہ کی قرآن شریف نے بھی تصدیق کی ہے۔ اگر آسمان سے اُترنا اِسی طور سے جائز نہیں جیسے طور سے ایلیا کا اُترنا حضرت مسیح نے بیان فرمایا ہے تو پھر مسیح منجانب اللہ نبی نہیں ہے بلکہ نعوذ باللہ قرآن شریف پر بھی اعتراض آتا ہے جو مسیح کی نبوت کا مصدق ہے۔ اب اگر مسیح کو سچا نبی ماننا ہے تو اس کے فیصلہ کو بھی مان لینا چاہیے زبردستی سے یہ نہیں کہنا چاہیے کہ یہ ساری کتابیں محرف و مبدل ہیں بلا شبہ ان مقامات سے تحریف کا کچھ علاقہ نہیں اور دونوں فریق یہود و نصاریٰ ان عبارتوں کی صحت کے قائل ہیں اور پھر ہمارے امام المحدثین

حضرت اسمٰعیل صاحب اپنی صحیح بخاری میں یہ بھی لکھتے ہیں کہ ان کتابوں میں کوئی لفظی تحریف نہیں۔

یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے اور پہلے بھی ہم کئی مرتبہ ذکر کر آئے ہیں کہ جس قدر ﴿۲۷۴﴾
پیشگوئیاں خدائے تعالیٰ کی کتابوں میں موجود ہیں اُن سب میں ایک قسم کی آزمائش ارادہ کی گئی ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ اگر کوئی پیشگوئی صاف اور صریح طور پر کسی نبی کے بارے میں بیان کی جاتی تو سب سے پہلے مستحق ایسی پیشگوئی کے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کیونکہ اگر مسیح کے اُترنے سے انکار کیا جائے تو یہ امر کچھ مستوجب کفر نہیں لیکن اگر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت سے انکار کیا جاوے تو بلاشبہ وہ انکار جاودانی جہنم تک پہنچائے گا مگر ناظرین کو معلوم ہوگا کہ تمام توریت وانجیل میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اور ایسا ہی حضرت مسیح کی نسبت بھی کوئی ایسی کھلی کھلی اور صاف پیشگوئی نہیں پائی جاتی جس کے ذریعہ سے ہم یہودیوں کو جا کر گردن سے پکڑ لیں۔ حضرت مسیح بھی بار بار یہودیوں کو کہتے رہے کہ میری بابت موسیٰ نے توریت میں لکھا ہے مگر یہودیوں نے ہمیشہ انہیں یہی جواب دیا کہ اگر چہ یہ سچ ہے کہ ہماری کتابوں میں ایک مسیح کے آنے کی بھی خبر دی گئی ہے مگر تم خود دیکھ لو کہ مسیح کے آنے کا ہمیں یہ نشان دیا گیا ہے کہ ضرور ہے کہ اس سے پہلے ایلیا آسمان سے اُترے
جس کا آسمان پر جانا سلاطین کی کتاب مِیں بیان کیا گیا ہے اس کے جواب میں ہر چند ﴿۲۷۵﴾
حضرت مسیح یہی کہتے رہے کہ وہ ایلیا یوحنا یعنی یحیٰی زکریا کا بیٹا ہے مگر اس دور دراز تاویل کو کون سنتا تھا اور ظاہر تقریر کی رو سے یہودی لوگ اس عذر میں سچے معلوم ہوتے تھے سو اگر چہ خدائے تعالیٰ قادر تھا کہ ایلیا نبی کو آسمان سے اُتارتا اور یہودیوں کے تمام وساوس بکلی رفع کر دیتا لیکن اُس نے ایسا نہیں کیا تا صادق اور کاذب دونوں آزمائے جائیں کیونکہ شریر آدمی صرف ظاہری حجت کی رو سے بے شبہ ایسے مقام میں سخت انکار کر سکتا ہے لیکن ایک راستباز آدمی کے سمجھنے کے لئے یہ راہ کھلی تھی کہ آسمان سے اُترنا کسی اور طور سے تعبیر کیا جائے اور ایک نبی جو دوسری علامات صدق اپنے ساتھ رکھتا ہے

اُن علامات کے لحاظ سے اُس پر ایمان لایا جاوے ہاں یہ سچ اور بالکل سچ ہے کہ اگر سلاطین اور ملاکی کے بیانات کو مسلمان لوگ بھی یہودیوں کی طرح محمول پر ظاہر کریں تو وہ بھی کسی طرح یحیٰی بن زکریا کو مصداق اُس کی پیشگوئی کا نہیں ٹھہرا سکتے اور اس پیچ میں آکر مسیح ابن مریم کی نبوت بھی ہرگز ثابت نہیں ہو سکتی۔ قرآن شریف نے مسیح کی تاویل کو جو ایلیا نبی کے آسمان سے اُترنے کے بارہ میں
﴿۲۷۶﴾ انہوں نے کی تھی قبول کر لیا اور مسیح کو اور یحیٰی کو سچا نبی ٹھہرایا ورنہ اگر قرآن شریف ایلیا کا آسمان سے اُترنا اسی طرح معتبر سمجھتا یعنی ظاہری طور پر جیسا کہ ہمارے بھائی مسلمان مسیح کے اُترنے کے بارہ میں سمجھتے ہیں تو ہرگز مسیح کو نبی قرار نہ دیتا کیونکہ سلاطین اور ملاکی آسمانی کتابیں ہیں اگر ان مقامات میں اُن کے ظاہری معنے معتبر ہیں تو ان معانی کے چھوڑنے سے وہ سب کتابیں نکمّی اور بے کار ٹھہر جائیں گی۔ **میرے دوست مولوی محمد حسین صاحب اس مقام میں بھی غور کریں**؟ اور اگر یہ کہا جائے کہ کیا یہ ممکن نہیں کہ سلاطین اور ملاکی کے وہ مقامات محرف و مبدل ہوں تو جیسا کہ ابھی میں لکھ چکا ہوں تو یہ سراسر وہم و گمان باطل ہے کیونکہ اگر وہ مقام محرف و مبدل ہوتے تو مسیح بن مریم کا یہودیوں کے مقابل پر یہ عمدہ جواب تھا کہ جو کچھ تمہاری کتابوں میں ایلیا کا آسمان پر جانا اور پھر اُترنے کا وعدہ لکھا ہے یہ بات ہی غلط ہے اور یہ مقامات تحریف شدہ ہیں۔

بلکہ مسیح نے تو ایسا عذر پیش نہ کرنے سے اُن مقامات کی صحت کی تصدیق کر دی۔ ماسوا اس کے وہ کتابیں جیسے یہودیوں کے پاس تھیں ویسے ہی حضرت مسیح اور اُن کے حواری اُن کتابوں کو
﴿۲۷۷﴾ پڑھتے تھے اور اُن کے نگہبان ہو گئے تھے اور یہودیوں کے لئے ہم کوئی ایسا موجب عندالعقل قرار نہیں دے سکتے جو ان مقامات کے محرف کرنے کے لئے انہیں بے قرار کرتا۔ اب حاصل کلام یہ کہ مسیح کی پیشگوئی کے بارے میں ایلیا کے قصہ نے یہودیوں کی راہ میں ایسے پتھر ڈال دئے کہ اب تک وہ اپنے اس راہ کو صاف نہیں کر سکے اور بے شمار روحیں اُن کی کفر کی حالت میں اِس دنیا سے کوچ کر گئیں۔

اب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں توریت کی پیشگوئیوں پر نظر ڈالیں کہ اگرچہ توریت کے دو مقام میں ایسی پیشگوئیاں ملتی ہیں کہ جو غور کرنے والوں پر بشرطیکہ منصف بھی ہوں ظاہر کرتی ہیں کہ درحقیقت وہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں لکھی گئی ہیں لیکن کج بحثی کے لئے ان میں گنجائش ہی بہت ہے۔ مثلاً توریت میں لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو کہا کہ خداوند تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی قائم کرے گا۔ اس پیشگوئی میں مشکلات یہ ہیں کہ اُسی توریت کے بعض مقامات میں بنی اسرائیل کو ہی بنی اسرائیل کے بھائی لکھا ہے اور بعض جگہ بنی اسمٰعیل کو بھی بنی اسرائیل کے بھائی لکھا ہے ایسا ہی دوسرے بھائیوں کا بھی ذکر ہے۔ اب اس بات کا ﴿۲۷۸﴾ قطعی اور بدیہی طور پر کیوں کر فیصلہ ہو کہ بنی اسرائیل کے بھائیوں میں سے مراد فقط بنی اسمٰعیل ہی ہیں بلکہ یہ لفظ کہ ’’تیرے ہی درمیان سے‘‘ لکھا ہے زیادہ عبارت کو مشتبہ کرتا ہے اور گو ہم لوگ بہت سے دلائل اور قرائن کو ایک جگہ جمع کر کے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت موسیٰ میں جو مماثلت ہے بپایۂ ثبوت پہنچا کر ایک حق کے طالب کے لئے نظری طور پر یہ بات ثابت کر دکھاتے ہیں کہ درحقیقت اس جگہ اس پیشگوئی کا مصداق بجز ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی شخص نہیں لیکن یہ پیشگوئی ایسی صاف اور بدیہی تو نہیں کہ ہر ایک اجہل اور احمق کو اس کے ذریعہ سے ہم قائل کر سکیں بلکہ اس کا سمجھنا بھی پوری عقل کا محتاج ہے اور پھر سمجھانا بھی پوری عقل کا محتاج۔ اگر خدائے تعالیٰ کو ابتلا خلق اللہ کا منظور نہ ہوتا اور ہر طرح سے کھلے کھلے طور پر پیشگوئی کا بیان کرنا ارادۂ الٰہی ہوتا تو پھر اس طرح پر بیان کرنا چاہیے تھا کہ اے موسیٰ میں تیرے بعد بائیسویں صدی میں ملک عرب میں بنی اسمٰعیل میں سے ایک نبی پیدا کروں گا جس کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا اور اُن کے باپ کا نام عبداللہ اور دادا کا نام عبدالمطلب اور والدہ کا نام آمنہ ہوگا۔ اور وہ مکہ شہر میں پیدا ہوں گے

﴿۲۷۹﴾ اور اُن کا یہ حلیہ ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ اگر ایسی پیشگوئی توریت میں لکھی جاتی تو کسی کو چون و چرا کرنے کی حاجت نہ رہتی اور تمام شریروں کے ہاتھ پَیر باندھے جاتے لیکن خدائے تعالیٰ نے ایسا نہیں کیا۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا خدائے تعالیٰ ایسا کرنے پر قادر نہ تھا؟ اس کا جواب یہی ہے کہ بلا شبہ قادر تھا بلکہ اگر چاہتا تو اس سے بڑھ کر ایسے صاف صاف اور کھلے کھلے نشان لکھ دیتا کہ سب گردنیں اُن کی طرف جھک جاتیں اور دنیا میں کوئی منکر نہ رہتا مگر اُس نے اِس تصریح اور توضیح سے لکھنا اس لئے پسند نہیں کیا کہ ہمیشہ پیشگوئیوں میں ایک قسم کا ابتلا بھی اُسے منظور ہوتا ہے تا سمجھنے والے اور حق کے سچے طالب اس کو سمجھ لیں۔ اور جن کے نفسوں میں نخوت اور تکبر اور جلد بازی اور ظاہر بینی ہے وہ اس کے قبول کرنے سے محروم رہ جائیں۔

اب یقیناً سمجھو کہ یہی حال اس پیشگوئی کا ہے کہ جو کہا گیا ہے کہ ابن مریم دو فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دمشق کے شرقی طرف منارہ کے پاس اُترے گا کیونکہ اگر اسی طور اور اسی ظاہری صورت پر پیشگوئی نے پورا ہونا ہے تو پھر ایسے طور سے اُترنے کے وقت میں دنیا کے باشندوں میں سے کون منکر رہ سکتا ہے؟ تمام قوموں کو جو اَب دنیا پر بستی ہیں کیا یہودی اور کیا عیسائی اور کیا ہندو اور بدھ مذہب والے اور مجوسی غرض سب فرقوں کو پوچھ کر دیکھ لو کہ ﴿۲۸۰﴾ اگر اس طور سے اُترتا کوئی نبی تمہیں دکھائی دے تو کیا پھر بھی تم اس کی نبوت اور اس کے دین میں کچھ شک اور شبہ رکھتے رہو گے؟ بلا شبہ تمام لوگ یہی جواب دیں گے کہ اگر ہم ایسا بزرگ فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے آسمان سے اُترتا ہوا دیکھ لیں تو بلا شبہ ایمان لے آویں گے حالانکہ اللہ جلَّ شَانُہٗ قرآن شریف میں یہ فرماتا ہے یٰحَسۡرَۃً عَلَی الۡعِبَادِ مَا یَاۡتِیۡہِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا کَانُوۡا بِہٖ یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ [۱] یعنی اے حسرت بندوں پر کہ ایسا کوئی نبی نہیں آتا جس سے وہ ٹھٹھا نہ کریں۔ ایسا ہی قرآن شریف کے دوسرے مقامات میں

[۱] یٰسٓ: ۳۱

جا بجا لکھا ہوا ہے کہ کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس کو لوگوں نے بالاتفاق مان لیا ہو۔ اب اگر حضرت مسیح بن مریم نے درحقیقت ایسے طور سے ہی اُترنا ہے جس طور سے ہمارے علماء یقین کئے بیٹھے ہیں تو ظاہر ہے کہ اس سے کوئی فرد بشر انکار نہیں کرسکتا لیکن ہمارے علماء کو یاد رکھنا چاہیے کہ ایسا کبھی نہیں ہوگا کیونکہ خدائے تعالیٰ قرآن شریف میں صاف فرماتا ہے کہ اگر میں فرشتوں کو بھی زمین پر نبی مقرر کر کے بھیجتا تو انہیں بھی التباس اور اشتباہ سے خالی نہ رکھتا یعنی اُن میں بھی شبہ اور شک کرنے کی جگہ باقی رہتی ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ یہی معجزہ ﴿۲۸۱﴾ آسمان سے اُترنے کا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مانگا گیا تھا اور اُس وقت اِس معجزہ کے دکھلانے کی بھی ضرورت بہت تھی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انکار رسالت کرنے سے جہنم ابدی کی سزا تھی مگر پھر بھی خدائے تعالیٰ نے یہ معجزہ نہ دکھایا اور سائلوں کو صاف جواب ملا کہ اس دارالابتلاء میں ایسے کھلے معجزات خدائے تعالیٰ ہرگز نہیں دکھاتا تا ایمان بالغیب کی صورت میں فرق نہ آوے۔ کیونکہ جب خدائے تعالیٰ کی طرف سے ایک بندہ اُترتا ہوا دیکھ لیا اور فرشتے بھی آسمان سے اُترتے ہوئے نظر آئے تو پھر تو بات ہی بکلّی فیصلہ ہوگئی تو پھر کون بد بخت ہے جو اس سے منکر رہے گا؟ قرآن شریف اس قسم کی آیات سے بھرا پڑا ہے جن میں لکھا ہے کہ ایسے معجزات دکھانا خدائے تعالیٰ کی عادت نہیں ہے اور کفار مکہ ہمیشہ ایسے ہی معجزات مانگا کرتے تھے۔ اور خدائے تعالیٰ برابر انہیں یہ کہتا تھا کہ اگر ہم چاہیں تو کوئی نشان آسمان سے ایسا نازل کریں جس کی طرف تمام منکروں اور کافروں کی گردنیں جھک جائیں۔ لیکن اس دارالابتلاء میں ایسا نشان ظاہر کرنا ہماری عادت نہیں کیونکہ اس سے ایمان بالغیب جس پر تمام ثواب مترتب ہوتا ہے ﴿۲۸۲﴾ ضائع اور دُور ہو جاتا ہے۔ سو اے بھائیو! میں محض نصیحتاً للّٰہ آپ لوگوں کو سمجھاتا ہوں کہ اس خیال محال سے باز آجاؤ۔ ان دو قرینوں پر متوجہ ہو کر نظر ڈالو کہ کس قدر قوی اور

کھلے کھلے ہیں۔اوّل ایلیا نبی کا آسمان سے اُترنا کہ آخر وہ اُترے تو کس طرح اُترے۔ دوسرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال ہونا اور قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ[1] اس کا جواب ملنا۔ اپنے دلوں میں سوچو کہ کیا یہ اس بات کے سمجھنے کے لئے قرائن قویہ اور دلائل کافیہ نہیں کہ آسمان سے اُترنے سے مراد حقیقی اور واقعی طور پر اُترنا نہیں بلکہ مثالی اور ظلّی طور پر اُترنا مراد ہے۔ابتدائے عالم آفرینش سے آج تک اسی طور سے مقدس لوگ آسمان سے اُترتے رہے ہیں اور مثالی طور پر ہمیشہ یہ کہتے آئے ہیں کہ یہ آدم ثانی آیا ہے اور یہ یوسف ثانی اور یہ ابراہیم ثانی لیکن آدم زاد کا جسم خاکی کے ساتھ آسمان سے اُترنا اب تک کسی نے مشاہدہ نہیں کیا۔پس وہ امر جو اصول نظامِ عالم کے برخلاف اور قانون قدرت کے مبائن ومخالف اور تجارب موجودہ ومشہودہ کا ضد پڑا ہے اس کے ماننے کے لئے صرف ضعیف اور متناقض اور رکیک ﴿۲۸۳﴾
روایتوں سے کام نہیں چل سکتا سو یہ امید مت رکھو کہ سچ مچ اور درحقیقت تمام دنیا کو حضرت مسیح ابن مریم آسمان سے فرشتوں کے ساتھ اُترتے ہوئے دکھائی دیں گے۔اگر اسی شرط سے اس پیشگوئی پر ایمان لانا ہے تو پھر حقیقت معلوم، وہ اُتر چکے تو تم ایمان لا چکے **ایسا نہ ہو کہ کسی غبارہ (بیلون) پر چڑھنے والے اور پھر تمہارے سامنے اُترنے والے کے دھوکہ میں آجاؤ**۔سو ہوشیار رہنا آئندہ اس اپنے جمے ہوئے خیال کی وجہ سے کسی ایسے اُترنے والے کو ابن مریم نہ سمجھ بیٹھنا۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جو شخص سچ کو قبول نہیں کرتا پھر دوسرے وقت میں اس کو جھوٹ قبول کرنا پڑتا ہے۔جن بے سعادت اور بدبخت لوگوں نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قبول نہیں کیا تھا انہیں نے مسیلمہ کذاب کو قبول کرلیا حتیٰ کہ چھ سات ہفتہ کے اندر ہی ایک لاکھ سے زیادہ اس پر ایمان لے آئے۔سو خدائے تعالیٰ سے ڈرو اور الگ الگ گوشوں میں بیٹھ کر فکر کرو کہ اب تک سنت اور عادت الٰہی کس طرح پر چلی آئی ہے۔اور یہ بھی سوچ لو کہ صحیح حدیثوں میں آسمان سے اُترنے کا کبھی کہیں ذکر نہیں اور صرف نزل یا ینزل کا لفظ آسمان سے اُترنے پر ﴿۲۸۴﴾

[1] بنی اسرائیل: ۹۴

ہرگز دلالت نہیں کرتا اور اگر فرض کے طور پر آسمان کا لفظ بھی ہوتا تب بھی ہمارے مطلب کو مضر ومخل نہیں تھا کیونکہ توریت وانجیل میں ایسی آیتیں بہت سی پائی جاتی ہیں جن میں نبیوں کی نسبت لکھا ہے کہ وہ آسمان سے ہی اُترتے ہیں۔ مثلاً یوحنا کی انجیل میں حضرت یحیٰ کی طرف سے یہ قول لکھا ہے کہ وہ جو زمین سے آتا ہے وہ زمینی ہے اور زمین سے کہتا ہے وہ جو آسمان سے آتا ہے سب کے اوپر ہے (یعنی نبیوں کا قول دوسرے عقلمندوں کے قول پر مقدم ہے کیونکہ نبی آسمان سے اُترتا ہے) دیکھو یوحنا باب ۳ آیت ۳۱۔ پھر دوسرا قول یہ ہے۔ میں آسمان پر سے اس لئے نہیں اُترا کہ اپنی مرضی پر چلوں۔ یوحنا باب ۶ آیت ۱۱۔ پھر تیسرا قول یہ ہے کہ کوئی آسمان پر نہیں گیا سوا اُس شخص کے کہ جو آسمان پر سے اُترا۔ یوحنا باب ۳ آیت ۱۳۔ اور فقط یہ کہنا کہ ہم نے اُتارا یا اُترا اس بات پر ہرگز دلالت نہیں کرتا کہ آسمان سے اُتارا گیا ہے کیونکہ قرآن شریف میں یہ بھی☆ فرمایا گیا ہے کہ ہم نے لوہا اُتارا اور چار پائے (مویشی) اُتارے۔ ﴿۲۸۵﴾

اب ظاہر ہے کہ یہ تمام مویشی توالد تناسل کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں کسی شخص نے کوئی گھوڑا یا بیل یا گدھا وغیرہ آسمان سے اُترتا کبھی نہیں دیکھا ہوگا حالانکہ اس جگہ صریح لفظ نزول کا موجود ہے اور کوئی شخص اس آیت کو ظاہر پر حمل نہیں کرتا۔ پھر جبکہ یہ معلوم ہوگیا کہ خدائے تعالیٰ کی کلام میں ایسے ایسے استعارات ومجازات وکنایات بھی موجود ہیں جن کے ظاہر لفظوں میں صریح اور صاف طور پر فرمایا گیا ہے کہ لوہا اور تمام مویشی

☆حاشیہ: قال اللہ تعالیٰ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ[1] سورۃ الحدید الجزو نمبر ۲۷ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا[2] وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ[3] سورۃ الزمر الجزو نمبر ۲۳ یعنی ہم نے لوہا اُتارا اور ہم نے تم پر لباس اُتارا۔ اور تمہارے لئے چار پائے اُتارے۔ ایسا ہی توریت میں یہ فقرات ہیں۔ ہمارا اُترنا بیابان میں۔ گنتی باب ۱۰ آیت ۳۱۔ مجھے یردن کے پار اُترنا نہ ہوگا استثناء باب ۴ آیت ۲۲۔ ہمارے اُترنے کی جگہ ہے۔ پیدائش ۲۴۔۲۳۔ اب ان تمام آیات سے ظاہر ہے کہ اُترنے کا لفظ آسمان سے اُترنے پر ہرگز دلالت نہیں کرتا اور اُترنے کے ساتھ آسمان کا لفظ زیادہ کر لینا ایسا ہے جیسا کسی بھوکے سے پوچھا جائے کہ دو اور دو کتنے ہوتے ہیں تو وہ جواب دے کہ چار روٹیاں۔ منہ

[1] الحدید: ۲۶ [2] الاعراف: ۲۷ [3] الزمر: ۷

﴿۲۸۶﴾ ہم نے اُتارے ہیں اور مراد اس سے کوئی اور رکھی گئی ہے تو اس سے ظاہر ہے کہ عادت اللہ اسی طرح پر واقع ہے کہ اُترنا کسی چیز کا بیان فرماتا ہے اور اصل مقصود اس اُترنے سے کچھ اور ہی ہوتا ہے۔ انصاف کرنا چاہیے کہ کیا حضرت مسیح کا آسمان سے اُترنا ان آیات کی نسبت زیادہ صفائی سے بیان کیا گیا ہے؟ بلکہ مسیح کا اُترنا صرف بعض حدیثوں کی رو سے خیال کیا جاتا ہے اور حدیثیں بھی ایسی ہیں جن میں آسمان کا ذکر ہی نہیں صرف اُترنا لکھا ہے لیکن گدھوں اور بیلوں کا آسمان سے اُترنا قرآن کریم آپ فرما رہا ہے۔ پس سوچ کر دیکھو کہ کس طرف کو ترجیح ہے اگر حضرت مسیح کا آسمان سے اترنا صرف اس لحاظ سے ضروری سمجھا جاتا ہے تو اس سے زیادہ صاف گدھوں اور بیلوں کا اُترنا ہے۔ اگر ظاہر پر ہی ایمان لانا ہے تو پہلے گدھوں اور بیلوں پر ایمان لاؤ کہ وہ حقیقت میں آسمان سے اُترتے ہیں یا اپنا پیچھا چھڑانے کے لئے یوں کرو کہ اَنۡزَلۡنَا کے لفظ کو مضارع استقبال کے معنوں پر حمل کر کے آیت کی اس طرح پر تفسیر کر لو کہ آخری زمانہ میں جب حضرت مسیح آسمان سے اُتریں گے تو ساتھ ہی بہت سے گدھے خاص کر سواری کا گدھا ایسا ہی بہت سے بیل اور گھوڑے اور خچریں اور لوہا بھی آسمان سے اُترے گا تا آیات اور حدیث کی معانی میں پوری تطبیق ہو جائے ورنہ ہر یک شخص ﴿۲۸۷﴾ اعتراض کرنے کا حق رکھتا ہے کہ قرآن شریف میں کیوں معنے آیات کے ظاہر سے باطن کی طرف پھیرے جاتے ہیں اور حدیثوں میں جو حضرت عیسیٰ کے اُترنے کے بارے میں وہی الفاظ ہیں کیوں اُن کے ظاہری معنے اپنی حد سے بڑھ کر قبول کئے جاتے ہیں حالانکہ قرائن قویہ سے ثابت ہو رہا ہے کہ مسیح جسم کے ساتھ آسمان پر ہرگز نہیں گیا اور نہ آسمان کا لفظ اس آیت میں موجود ہے بلکہ لفظ تو صرف یہ ہے یٰعِیۡسٰۤی اِنِّیۡ مُتَوَفِّیۡکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ [1] پھر دوسری جگہ ہے بَلۡ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیۡہِ [2] جس کے یہ معنے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے مسیح کو موت دے کر پھر اپنی طرف اٹھا لیا جیسا کہ یہ عام محاورہ ہے کہ نیک بندوں کی نسبت جب وہ مر جاتے ہیں یہی کہا کرتے ہیں کہ فلاں بزرگ کو خدائے تعالیٰ نے

[1] اٰل عمران: ۵۶ [2] النساء: ۱۵۹

اپنی طرف اُٹھا لیا ہے جیسا کہ آیت ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ [1] اسی کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ خدائے تعالیٰ تو ہر جگہ موجود اور حاضر ناظر ہے اور جسم اور جسمانی نہیں اور کوئی جہت نہیں رکھتا پھر کیوں کر کہا جائے کہ جو شخص خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھایا گیا ضرور اس کا جسم آسمان میں پہنچ گیا ہوگا۔ یہ بات کس قدر صداقت سے بعید ہے راستباز لوگ روح اور روحانیت کی رو سے خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھائے جاتے ہیں نہ یہ کہ اُن کا گوشت اور پوست اور اُن کی ہڈیاں ﴿۲۸۸﴾ خدائے تعالیٰ تک پہنچ جاتی ہیں۔ خدائے تعالیٰ خود ایک آیت میں فرماتا ہے لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ [2] یعنی خدائے تعالیٰ تک گوشت اور خون قربانیوں کا ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اعمال صالحہ کی رُوح جو تقویٰ اور طہارت ہے وہ تمہاری طرف سے پہنچتی ہے۔

اس تمام تقریر سے ایک سچائی کے طالب کے لئے ایک پوری پوری اطمینان اور تسلّی ملتی ہے کہ جہاں جہاں قرآن شریف اور حدیث میں کسی مجسم چیز کا آسمان سے اتارا جانا لکھا ہے خواہ حضرت مسیح ہیں یا اور چیزیں، وہ سب الفاظ ظاہر پر ہرگز محمول نہیں ہیں چنانچہ ہمارے علماء بھی ایک مسیح کو باہر نکال کر باقی تمام مقامات میں ظاہر معانی کو باطن کی طرف پھیر لیتے ہیں فقط مسیح کی نسبت کچھ ایسی ضد اور چڑ ان کی طبیعتوں میں بیٹھ گئی ہے کہ بجز اس کے راضی نہیں ہوتے کہ اُن کے جسم کو آسمان پر پہنچاویں اور پھر کسی نامعلوم زمانہ میں اُسی جسم کا آسمان سے اُترنا یقین کریں۔

﴿۲۸۹﴾ ہمارے علماء خدائے تعالیٰ ان کے حال پر رحم کرے ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ و شان کو نہیں دیکھتے کہ سب سے زیادہ خدائے تعالیٰ کا انہیں پر فضل تھا مگر باوجودیکہ آنحضرت کے رفع جسمی کے بارہ میں یعنی اس بارہ میں کہ وہ جسم کے سمیت شب معراج میں آسمان کی طرف اُٹھائے گئے تھے تقریباً تمام صحابہ کا یہی اعتقاد تھا جیسا کہ مسیح کے اُٹھائے جانے کی نسبت اس زمانہ کے لوگ اعتقاد رکھتے ہیں یعنی جسم کے ساتھ اُٹھائے جانا اور پھر جسم کے ساتھ اترنا

[1] الفجر: ۲۹ [2] الحج: ۳۸

لیکن پھر بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اِس بات کو تسلیم نہیں کرتیں اور کہتی ہیں کہ وہ ایک رؤیا صالحہ تھی اور کسی نے حضرت عائشہ صدیقہ کا نام نعوذ باللہ ملحدہ یا ضالہ نہیں رکھا اور نہ اجماع کے برخلاف بات کرنے سے اُنہیں ٹوٹ کر پڑ گئے۔ اب اے منصفو! اے حق کے طالبو! اے خدائے تعالیٰ سے ڈرنے والے بندو! اس مقام میں ذرہ ٹھہر جاؤ!!! اور آہستگی اور تدبر سے خوب غور کرو کہ کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمان پر جسم کے ساتھ چڑھ جانا اور پھر جسم کے ساتھ اُترنا ایسا عقیدہ نہیں ہے جس پر صدر اوّل کا اجماع تھا اور بعض صحابی جو اس اجماع کے مخالف قائل ہوئے کسی نے اُن کی تکفیر نہیں کی۔ نہ اُن کا نام ملحد اور ضال اور مأوّل مخطی رکھا۔ پھر یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسمانی معراج کا مسئلہ بالکل مسیح کے جسمانی طور پر آسمان پر چڑھنے اور آسمان سے اُترنے کا ہم شکل ہے اور ایک ہم شکل مقدمہ کے بارہ میں بعض صحابہ جلیلہ کا ہماری رائے کے مطابق رائے ظاہر کرنا درحقیقت ایک دوسرے پیرایہ میں ہماری رائے کی تائید ہے یعنی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمانی معراج کی نسبت انکار کرنا درحقیقت اور درپردہ مسیح کے جسمانی رفع و معراج سے بھی انکار ہے۔ سو ہر یک ایسے مومن کے لئے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور عزت مسیح کی عظمت اور عزت سے برتر و بہتر سمجھتا ہے طریق ادب یہی ہے کہ یہ اعتقاد رکھے کہ جو مرتبہ قرب اور کمال کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جائز نہیں وہ مسیح کے لئے بھی بوجہ اولیٰ جائز نہیں ہوگا کیونکہ جس حالت میں مسلمانوں کا عام طور پر یہ مذہب ہے کہ **مسیح ابن مریم آخری زمانہ میں ایک اُمتی بنکر آئے گا۔ اور مقتدی ہوگا نہ مقتدا یعنی نماز میں**۔ پس اس صورت میں صاف ظاہر ہے کہ اس شخص کا درجہ کہ جو آخر اُمتی بن کر آئے گا اُس دوسرے شخص کے درجہ سے نہایت ہی کمتر اور فروتر ہونا چاہیے جس کو اُمتی کا نبی اور رسول اور پیشوا ٹھہرایا گیا ہے یعنی ہمارے سیّد و مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بڑے تعجب کا مقام ہوگا کہ ایک اُمتی کی وہ تعریفیں کی جائیں

﴿۲۹۰﴾ ﴿۲۹۱﴾

جو اس کے رسول کی نہیں کی گئیں۔ اور وہ عظمت اس امتی کو دی جائے جو اس کے رسول کو نہیں دی گئی۔
اور اگر یہ کہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اُمتی کر کے کہاں پکارا گیا ہے تو میں کہتا ہوں کہ صحیح بخاری کی وہ حدیث دیکھو جس میں **اِمَامُکُمْ مِنْکُمْ** موجود ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ منکم کے خطاب کے مخاطب اُمتی لوگ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے دنیا کے اخیر تک ہوتے رہیں گے۔ اب ظاہر ہے کہ جب مخاطب صرف اُمتی لوگ ہیں اور یہ اُمتیوں کو خوشخبری دی گئی کہ ابن مریم جو آنے والا ہے وہ تم میں سے ہی ہوگا اور تم میں سے ہی پیدا ہوگا تو دوسرے لفظوں میں اس فقرے کے یہی معنے ہوئے کہ وہ ابن مریم جو آنے والا ہے کوئی نبی نہیں ہوگا بلکہ فقط اُمتی لوگوں میں سے ایک شخص ہوگا۔ ﴿۲۹۲﴾
اب سوچنا چاہیے کہ اس سے بڑھ کر اس بات کے لئے اور کیا قرینہ ہوگا کہ ابن مریم سے اس جگہ وہ نبی مراد نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی کیونکہ نبوت ایک **عطاء غیر مجذوذ** ہے اور نبی کا اس عطا سے محروم و بے نصیب کیا جانا ہرگز جائز نہیں اور اگر فرض کر لیں کہ وہ نبی ہونے کی حالت میں ہی آئیں گے اور بحیثیت نبوت نزول فرمائیں گے تو ختم نبوت اس کا مانع ہے۔ سو یہ قرینہ ایک بڑا بھاری قرینہ ہے بشرطیکہ کسی کے دل و دماغ میں خداداد تقویٰ و فہم موجود ہو۔
میرے دوست **مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب** اپنے ایک خط میں مجھے لکھتے ہیں کہ اگر آپ کا مثیل موعود ہونا مان لیا جائے تو پھر بخاری و مسلم و دیگر صحاح نکمی و بے کار ہو جائیں گی اور ایک سخت تفرقہ اُمہات مسائل دین میں پڑے گا۔ سو اوّل میں ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ یہ میرے دوست وہی مولوی صاحب ہیں کہ جو اپنے اشاعۃ السنۃ نمبر ۶ جلد سات ۷ میں امکانی طور پر اس عاجز کا **مثیل مسیح اور پھر موعود بھی ہونا** تسلیم کر چکے ہیں کیونکہ براہین احمدیہ میں جس کا مولوی صاحب نے ریویو لکھا ہے ان دونوں دعووں کا ذکر ہے یعنی اس عاجز نے براہین میں صاف اور صریح طور پر لکھا ہے کہ یہ عاجز مثیل مسیح ہے اور نیز موعود بھی ہے۔ جس کے آنے کا وعدہ قرآن شریف اور حدیث میں روحانی طور پر دیا گیا ہے۔ ﴿۲۹۳﴾

اب مجھے مولوی صاحب کے اس بیان پر کہ اس عاجز کے مثیل مسیح ماننے سے صحیح بخاری و صحیح مسلم بے کار ہو جائیں گی دینی عقائد میں ابتری پڑ جائے گی سخت تعجب ہے کیونکہ میں نے اب اِن رسالوں میں کوئی نئی بات تو نہیں لکھی۔ یہ تو وہی پرانی باتیں ہیں جو میں اس سے پہلے براہین احمدیہ میں لکھ چکا ہوں جن کی نسبت مولوی صاحب موصوف اپنے ریویو کے معرض بیان میں سکوت اختیار کر کے اس عاجز کی صداقت دعویٰ کی نسبت شہادت دے چکے ہیں بلکہ امکانی طور مثیل مسیح ہونا اس عاجز کا اپنے صریح بیان سے تسلیم کر چکے ہیں۔ ہاں اس رسالہ میں مَیں نے خدائے تعالیٰ سے علم قطعی و یقینی پا کر براہین احمدیہ کے مضمون سے اس قدر زیادہ لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم مثالی اور ظلّی وجود کے ساتھ آئے گا نہ وہی اصلی مسیح۔ سو میں نے اجماعی عقیدہ کی (اگر اجماع فرض کیا جائے) ایک تفسیر کی ہے نہ اس کے برخلاف کچھ کہا ہے اور مولوی صاحب کو معلوم ہوگا کہ برخلاف اجماع صحابہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج کے دونوں ٹکڑوں کی نسبت یہی رائے ظاہر کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جسم کے ساتھ نہ بیت المقدس میں گئے نہ آسمان پر بلکہ وہ ایک رؤیا صالحہ تھی۔ اب ظاہر ہے کہ عائشہ صدیقہ کا یہ قول بخاری اور مسلم کا کچھ خلل انداز نہیں ہوا اور نہ صحاح ستّہ کو اس نے نکما اور بے کار کر دیا تو پھر اس عاجز کے اس دعویٰ اور اس الہام سے صحاح ستّہ کیوں کر نکمّی اور بے کار ہو جائیں گی؟ مسیح کا جسم کے ساتھ آسمان پر جانا کہاں ایسا ثابت ہے جیسا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سوا ے میرے عزیز بھائی اس مقام میں تامل کر اور جلدی نہ کر ۲۹۴

تامل کناں درخطا و صواب  بہ از ژاژ خایانِ حاضر جواب

اور اگر مولوی صاحب یہ عذر پیش کریں کہ ہم نے اگرچہ اپنے ریویو میں امکانی طور پر مثیل مسیح ہونا آپ کا مان لیا ہے اور ایسا ہی ظلّی اور روحانی طور پر مسیح موعود ہونا بھی مان لیا لیکن ہم نے یہ کب مانا ہے کہ آپ بہمہ وجوہ ان پیشگوئیوں کے مصداق کامل ہیں جو مسیح ابن مریم کے بارہ میں صحاح میں موجود ہیں۔

اس عذر کا جواب یہ ہے کہ اس عاجز کی طرف سے بھی یہ دعویٰ نہیں ہے کہ مسیحیت کا میرے وجود پر ہی خاتمہ ہے اور آئندہ کوئی مسیح نہیں آئے گا بلکہ میں تو مانتا ہوں اور بار بار کہتا ہوں کہ
﴿۲۹۵﴾ ایک کیا دس ہزار سے بھی زیادہ مسیح آ سکتا ہے اور ممکن ہے کہ ظاہری جلال و اقبال کے ساتھ بھی آوے اور ممکن ہے کہ اوّل وہ دمشق میں ہی نازل ہو۔ مگر اے میرے دوست مجھے اس بات کے ماننے اور قبول کرنے سے معذور تصور فرمایئے کہ وہی مسیح ابن مریم جو فوت ہو چکا ہے اپنے خاکی جسم کے ساتھ پھر آسمان سے اُترے گا۔ اسلام اگرچہ خدائے تعالیٰ کو قادر مطلق بیان فرماتا ہے اور فرمودۂ خدا اور رسول کو عقل پر فوقیت دیتا ہے مگر پھر بھی وہ عقل کو معطل اور بے کار ٹھہرانا نہیں چاہتا اور اگر صاف اور صریح طور پر کوئی امر خلاف عقل کسی الہامی کتاب میں واقع ہو اور ہم اس کے چاروں طرف نظر ڈال کر اس حقیقت تک پہنچ جائیں کہ دراصل یہ امر خلاف عقل ہے برتر از عقل نہیں تو ہمیں شریعت اور کتاب الٰہی ہرگز اجازت نہیں دیتی کہ ہم اس امر غیر معقول کو حقیقت پر حمل کر بیٹھیں بلکہ قرآن شریف میں ہمیں صاف تاکید فرمائی گئی ہے کہ آیات متشابہات یعنی جن کا سمجھنا عقل پر مشتبہ رہے اُن کے ظاہری معانی پر ہرگز زور نہیں دینا چاہیے کہ درحقیقت یہی مطلب اور
﴿۲۹۶﴾ مراد خدائے تعالیٰ کی ہے☆ بلکہ اس پر ایمان لانا چاہیے اور اس کی اصل حقیقت کو

﴿۲۹۶﴾ ☆حاشیہ بعض لوگ موحدین کے فرقہ میں سے بحوالہ آیت قرآنی یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت مسیح ابن مریم انواع واقسام کے پرندے بنا کر اور ان میں پھونک مار کر زندہ کر دیا کرتے تھے۔ چنانچہ اسی بناء پر اس عاجز پر اعتراض کیا ہے کہ جس حالت میں مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ ہے تو پھر آپ بھی کوئی مٹی کا پرندہ بنا کر پھر اس کو زندہ کر کے دکھلایئے۔ کیونکہ جس حالت میں حضرت مسیح کے کروڑ ہا پرندے بنائے ہوئے اب تک موجود ہیں جو ہر طرف پرواز کرتے نظر آتے ہیں تو پھر مثیل مسیح بھی کسی پرندہ کا خالق ہونا چاہیے۔

ان تمام اوہام باطلہ کا جواب یہ ہے کہ وہ آیات جن میں ایسا لکھا ہے متشابہات میں سے ہیں اور ان کے یہ معنے کرنا کہ گویا خدائے تعالیٰ نے اپنے ارادہ اور اذن سے حضرت عیسیٰ کو صفات خالقیت میں شریک کر رکھا تھا صریح
﴿۲۹۷﴾ الحاد اور سخت بے ایمانی ہے کیونکہ اگر خدائے تعالےٰ اپنی صفات خاصۂ الوہیت بھی دوسروں کو دے سکتا ہے

حوالہ بخدا کر دینا چاہیے۔ اب دیکھو کہ یہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسی کامل تعلیم ہے کہ اُسی کی برکت سے ہم ہزارہا ایسے جھگڑوں سے نجات پا سکتے ہیں جو قصصِ ماضیہ یا پیشگوئیوں کی نسبت اس زمانہ میں پیدا ہو رہے ہیں کیونکہ ہر یک
۲۹۷ اعتراض خلاف عقل معنے کو حقیقت پر حمل کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جبکہ ہم نے اس ضد کو ہی چھوڑ دیا اور اپنے مولیٰ کی ہدایت کے موافق تمام متشابہات میں جن کا سمجھنا عقل پر مشتبہ رہتا ہے یہی اصول مقرر کر رکھا کہ اُن پر اجمالی طور پر ایمان لاویں
۲۹۸ اور اُن کی اصل حقیقت حوالہ بخدا کریں تو پھر اعتراض کے لئے کوئی بنیاد پیدا نہیں ہو سکتی مثلاً ایک صحیح حدیث میں یہ لکھا ہو کہ اگر دس اور دس کو جمع کریں تو وہ بیس۲۰

بقیہ حاشیہ

تو اس سے اس کی خدائی باطل ہوتی ہے اور موحد صاحب کا یہ عذر کہ ہم ایسا اعتقاد تو نہیں رکھتے کہ اپنی ذاتی طاقت سے حضرت عیسیٰ خالق طیور تھے بلکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ یہ طاقت خدائے تعالیٰ نے اپنے اذن اور ارادہ سے اُن کو دے رکھی تھی اور اپنی مرضی سے ان کو اپنی خالقیت کا حصہ دار بنا دیا تھا اور یہ اس کو اختیار ہے کہ جس کو چاہے اپنا مثیل بنا دیوے قادر مطلق جو ہوا۔ یہ سراسر مشرکانہ باتیں ہیں اور کفر سے بدتر۔ اس موحد کو یہ بھی کہا گیا کہ کیا تم اب شناخت کر سکتے ہو کہ ان پرندوں میں سے کون سے ایسے پرندے ہیں جو خدائے تعالیٰ کے بنائے ہوئے ہیں اور کون سے ایسے پرندے ہیں جو
۲۹۸ اُن پرندوں کی نسل ہیں جن کے حضرت عیسیٰ خالق ہیں؟ تو اس نے اپنے ساکت رہنے سے یہی جواب دیا کہ میں شناخت نہیں کر سکتا۔

اب واضح رہے کہ اس زمانہ کے بعض موحدین کا یہ اعتقاد کہ پرندوں کے نوع میں سے کچھ تو خدائے تعالیٰ کی مخلوق اور کچھ حضرت عیسیٰ کی مخلوق ہے۔ سراسر فاسد اور مشرکانہ خیال ہے اور ایسا خیال رکھنے والا بلاشبہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اور یہ عذر کہ ہم حضرت عیسیٰ کو خدا تو نہیں مانتے بلکہ یہ مانتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے بعض اپنی خدائی کی صفتیں انکو عطا کر دی تھیں نہایت مکروہ اور باطل عذر ہے کیونکہ اگر خدائے تعالیٰ اپنے اذن اور ارادہ سے اپنی خدائی کی صفتیں بندوں کو دے سکتا ہے تو بلاشبہ وہ اپنی ساری صفتیں خدائی کی ایک بندے کو
۲۹۹ دے کر پورا خدا بنا سکتا ہے۔ پس اس صورت میں مخلوق پرستوں کے کل مذاہب سچے ٹھہر جائیں گے کیونکہ اگر خدائے تعالیٰ کسی بشر کو اپنے اذن اور ارادہ سے خالقیت کی صفت عطا کر سکتا ہے تو پھر وہ اسی طرح کسی کو اذن اور ارادہ سے اپنی طرح عالم الغیب بھی بنا سکتا ہے اور اس کو ایسی قوت بخش سکتا ہے جو خدائے تعالیٰ

نہیں بلکہ پندرہ ہوں گے تو ہمیں کیا ضرورت ہے کہ اس حدیث کے مضمون کو حقیقت
پر حمل کر بیٹھیں اور ناحق بیجا ضد کرنے سے مخالفوں سے ہنسی کرائیں۔ ہمارے لئے ﴿۲۹۹﴾
قرآن کی تعلیم سے یہ راہ کھلی ہے کہ ہم اس حدیث کو متشابہات میں داخل کریں
اور فتنہ سے اپنے تئیں بچاویں لیکن اگر ہم علم میں ایسے راسخ کئے جاویں جو الہامی
طور پر ہمیں وہ معقولی راہ دکھلائی جاوے جس سے لوگ مطمئن ہو سکتے ہیں تو پھر کچھ ﴿۳۰۰﴾
ضرورت نہیں کہ ہم ایسی آیت یا حدیث کو متشابہات میں داخل رکھیں بلکہ اُن معقولی
معنوں کو جو الہام کے ذریعہ سے ظاہر ہوئے ہیں شکر کے ساتھ ہم قبول کرلیں گے۔

---

بقیہ حاشیہ

کی طرح ہر جگہ حاضر و ناظر ہو اور ظاہر ہے کہ اگر خدائی کی صفتیں بھی بندوں میں تقسیم ہو سکتی ہیں تو
پھر خدائے تعالیٰ کا وحدہٗ لاشریک ہونا باطل ہے۔ جس قدر دنیا میں مخلوق پرست ہیں وہ بھی یہ تو
نہیں کہتے کہ ہمارے معبود خدا ہیں بلکہ ان موحدوں کی طرح ان کا بھی درحقیقت یہی قول ہے کہ
ہمارے معبودوں کو خدائے تعالیٰ نے خدائی کی طاقتیں دے رکھی ہیں۔ ربّ اعلیٰ و برتر تو وہی ہے
اور یہ صرف چھوٹے چھوٹے خدا ہیں۔ تعجب کہ یہ لوگ **یا رسول اللہ** کہنا شرک کا کلمہ سمجھ کر منع کرتے ﴿۳۰۰﴾
ہیں لیکن مریم کے ایک عاجز بیٹے کو خدائی کا حصہ دار بنا رہے ہیں۔ بھائیو! آپ لوگوں کا دراصل
یہی مذہب ہے کہ خدائی بھی مخلوق میں تقسیم ہو سکتی ہے اور خدائے تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی صفت
خالقیت و رازقیت و عالمیت و قادریت وغیرہ میں ہمیشہ کے لئے شریک کر دیتا ہے تو پھر آپ لوگوں
نے اپنے بدعتی بھائیوں سے اس قدر جنگ و جدل کیوں شروع کر رکھی ہے وہ بیچارے بھی تو اپنے
اولیاء کو خدا کر کے نہیں مانتے صرف یہی کہتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے اپنے اذن اور ارادہ سے
کچھ کچھ خدائی طاقتیں انہیں دے رکھی ہیں اور انہیں طاقتوں کی وجہ سے جو باذن الٰہی ان کو حاصل
ہیں وہ کسی کو بیٹا دیتے ہیں اور کسی کو بیٹی۔ اور ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں۔ نذریں نیازیں لیتے ہیں اور
مرادیں دیتے ہیں۔ اب اگر کوئی طالب حق یہ سوال کرے کہ اگر ایسے عقائد سراسر باطل اور مشرکانہ ﴿۳۰۱﴾
خیالات ہیں تو ان آیات فرقانیہ کے صحیح معنے کیا ہیں جن میں لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم مٹی کے
پرندے بنا کر پھونک اُن میں مارتا تھا تو وہ باذن الٰہی پرندے ہو جاتے تھے۔
سو واضح ہو کہ انبیاء کے معجزات دو قسم کے ہوتے ہیں۔ (۱) ایک وہ جو محض سماوی امور ہوتے ہیں

﴿۳۰۱﴾ اور اگر یہ کہا جاوے کہ قرآن شریف کے ایسے معنے کرنا کہ جو پہلوں سے منقول نہیں ہیں الحاد ہے جیسے مولوی عبدالرحمان صاحبزادہ مولوی محمد لکھووالہ نے اس عاجز کی نسبت لکھا ہے تو میں کہتا ہوں کہ میں نے کوئی ایسے اجنبی معنے نہیں کئے جو مخالف اُن معنوں کے ہوں جن پر صحابہ
﴿۳۰۲﴾ کرام اور تابعین اور تبع تابعین کا اجماع ہو اکثر صحابہ مسیح کا فوت ہو جانا مانتے رہے، دجّال معہود کا فوت ہو جانا مانتے رہے پھر مخالفانہ اجماع کہاں سے ثابت ہو قرآن شریف میں تیس کے قریب ایسی شہادتیں ہیں جو مسیح ابن مریم کے فوت ہونے پر دلالت بیّن کر رہی ہیں غرض یہ
﴿۳۰۳﴾ بات کہ مسیح جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر چڑھ گیا اور اسی جسم کے ساتھ اُترے گا نہایت لغو

بقیہ حاشیہ

جن میں انسان کی تدبیر اور عقل کو کچھ دخل نہیں ہوتا جیسے شق القمر جو ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا اور خدائے تعالیٰ کی غیر محدود قدرت نے ایک راستباز اور کامل نبی کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے اس کو دکھایا تھا۔ (۲) دوسرے عقلی معجزات ہیں جو اس خارق عادت عقل کے
﴿۳۰۲﴾ ذریعہ سے ظہور پذیر ہوتے ہیں جو الہام الٰہی سے ملتی ہے جیسے حضرت سلیمان کا وہ معجزہ جو صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ [1] ہے جس کو دیکھ کر بلقیس کو ایمان نصیب ہوا۔

اب جاننا چاہیے کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت مسیح کا معجزہ حضرت سلیمان کے معجزہ کی طرح صرف عقلی تھا۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ اُن دنوں میں ایسے امور کی طرف لوگوں کے خیالات جھکے ہوئے تھے کہ جو شعبدہ بازی کی قسم میں سے اور دراصل بے سود اور عوام کو فریفتہ کرنے والے تھے۔ وہ لوگ جو فرعون کے وقت میں مصر میں ایسے ایسے کام کرتے تھے جو سانپ بنا کر دکھلا دیتے تھے اور کئی قسم کے جانور طیار کر کے ان کو زندہ جانوروں کی طرح چلا دیتے تھے۔ وہ حضرت مسیح کے وقت
﴿۳۰۳﴾ میں عام طور پر یہودیوں کے ملکوں میں پھیل گئے تھے اور یہودیوں نے اُن کے بہت سے ساحرانہ کام سیکھ لئے تھے جیسا کہ قرآن کریم بھی اس بات کا شاہد ہے۔ سو کچھ تعجب کی جگہ نہیں کہ خدائے تعالیٰ نے حضرت مسیح کو عقلی طور سے ایسے طریق پر اطلاع دے دی ہو جو ایک مٹی کا کھلونا کسی کل کے دبانے یا کسی پھونک مارنے کے طور پر ایسا پرواز کرتا ہو جیسے پرندہ پرواز کرتا ہے یا اگر پرواز نہیں تو پیروں سے چلتا ہو کیونکہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس ۲۲ برس کی مدت تک

[1] النمل: ۴۵

اور بے اصل بات ہے صحابہ کا ہرگز اس پر اجماع نہیں۔ بھلا اگر ہے تو کم سے کم تین سو یا چار سو صحابہ کا نام لیجئے جو اس بارہ میں اپنی شہادت ادا کر گئے ہیں ورنہ ایک یا دو آدمی کے بیان کا نام اجماع رکھنا سخت بددیانتی ہے۔ ماسوا اس کے یہ بھی ان حضرات کی سراسر غلطی ہے کہ قرآن کریم ﴿۳۰۴﴾
کے معانی کو بزمانہ گذشتہ محدود و مقید سمجھتے ہیں۔ اگر اس خیال کو تسلیم کر لیا جاوے تو پھر قرآن شریف معجزہ نہیں رہ سکتا اور اگر ہو بھی تو شاید ان عربیوں کے لئے جو بلاغت شناسی کا مذاق رکھتے ہیں۔
جاننا چاہیے کہ کھلا کھلا اعجاز قرآن شریف کا جو ہر ایک قوم اور ہر یک اہل زبان پر روشن ﴿۳۰۵﴾

حاشیہ

نجاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ بڑھئی کا کام درحقیقت ایک ایسا کام ہے جس میں کلوں کے ایجاد کرنے اور طرح طرح کی صنعتوں کے بنانے میں عقل تیز ہو جاتی ہے اور جیسے انسان میں قویٰ موجود ہوں انہیں کے موافق اعجاز کے طور پر بھی مدد ملتی ہے جیسے ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی قویٰ جو دقائق اور معارف تک پہنچنے میں نہایت تیز و قوی تھے سو انہی کے موافق ﴿۳۰۴﴾
قرآن شریف کا معجزہ دیا گیا جو جامع جمیع دقائق و معارف الٰہیہ ہے۔ پس اس سے کچھ تعجب نہیں کرنا چاہیے کہ حضرت مسیح نے اپنے دادا سلیمان کی طرح اس وقت کے مخالفین کو یہ عقلی معجزہ دکھلایا ہو اور ایسا معجزہ دکھانا عقل سے بعید بھی نہیں کیونکہ حال کے زمانہ میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر صناع ایسی ایسی چڑیاں بنا لیتے ہیں کہ وہ بولتی بھی ہیں اور ہلتی بھی ہیں اور دُم بھی ہلاتی ہیں اور میں نے سنا ہے کہ بعض چڑیاں کَل کے ذریعہ سے پرواز بھی کرتی ہیں۔ بمبئی اور کلکتہ میں ایسے کھلونے بہت بنتے ہیں اور یوروپ اور امریکہ کے ملکوں میں بکثرت ہیں اور ہر سال نئے نئے نکلتے آتے ہیں۔ اور چونکہ قرآن شریف اکثر استعارات سے بھرا ہوا ہے اس لئے ان آیات کے روحانی طور پر یہ معنی بھی کر سکتے ہیں کہ مٹی کی چڑیوں سے مراد وہ اُمی اور نادان لوگ ہیں جن کو حضرت عیسیٰ نے اپنا رفیق بنایا گویا اپنی صحبت میں لے کر پرندوں کی صورت کا خاکہ کھینچا پھر ہدایت کی روح اُن میں پھونک دی جس سے وہ پرواز کرنے لگے۔
ماسوا اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق **عمل التِّرب** یعنی مسمریزمی طریق ﴿۳۰۴﴾

ہوسکتا ہے جس کو پیش کر کے ہم ہر یک ملک کے آدمی کو خواہ ہندی ہو یا پارسی یا یوروپین یا
امریکن یا کسی اَور ملک کا ہو ملزم و ساکت و لاجواب کر سکتے ہیں۔ وہ غیر محدود معارف و ﴿۳۰۶﴾
حقائق و علوم حکمیہ قرآنیہ ہیں جو ہر زمانہ میں اس زمانہ کی حاجت کے موافق کھلتے جاتے
ہیں اور ہر یک زمانہ کے خیالات کو مقابلہ کرنے کے لئے مسلح سپاہیوں کی طرح کھڑے ہیں
اگر قرآن شریف اپنے حقائق و دقائق کے لحاظ سے ایک محدود چیز ہوتی تو ہرگز وہ معجزہ تامہ ﴿۳۰۷﴾
نہیں ٹھہر سکتا تھا۔ فقط بلاغت و فصاحت ایسا امر نہیں ہے جس کی اعجازی کیفیت ہر یک خواندہ
ناخواندہ کو معلوم ہو جائے کھلا کھلا اعجاز اس کا تو یہی ہے کہ وہ غیر محدود معارف و دقائق

بقیہ حاشیہ

سے بطور لہو و لعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں کیونکہ **عمل التِّرب** میں جس کو زمانۂ حال میں
مسمریزم کہتے ہیں ایسے ایسے عجائبات ہیں کہ اس میں پوری پوری مشق کرنے والے اپنی روح کی
گرمی دوسری چیزوں پر ڈال کر ان چیزوں کو زندہ کے موافق کر دکھاتے ہیں۔ انسان کی روح میں کچھ
ایسی خاصیت ہے کہ وہ اپنی زندگی کی گرمی ایک جماد پر جو بالکل بے جان ہے ڈال سکتی ہے۔ تب
جماد سے وہ بعض حرکات صادر ہوتی ہیں جو زندوں سے صادر ہوا کرتی ہیں۔ راقم رسالہ ہذا نے اس علم
کے بعض مشق کرنے والوں کو دیکھا جو انہوں نے ایک لکڑی کی تپائی پر ہاتھ رکھ کر ایسا اپنی حیوانی روح ﴿۳۰۶﴾
سے اُسے گرم کیا کہ اس نے چارپایوں کی طرح حرکت کرنا شروع کر دیا اور کتنے آدمی گھوڑے کی طرح
اس پر سوار ہوئے اور اس کی تیزی اور حرکت میں کچھ کمی نہ ہوئی۔ سو یقینی طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ اگر
ایک شخص اس فن میں کامل مشق رکھنے والا مٹی کا ایک پرند بنا کر اس کو پرواز کرتا ہوا بھی دکھا دے تو
کچھ بعید نہیں کیونکہ کچھ اندازہ نہیں کیا گیا کہ اس فن کے کمال کی کہاں تک انتہاء ہے۔ اور جبکہ ہم بچشم خود
دیکھتے ہیں کہ اس فن کے ذریعہ سے ایک جماد میں حرکت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ جانداروں کی طرح
چلنے لگتا ہے تو پھر اگر اس میں پرواز بھی ہو تو بعید کیا ہے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ ایسا جانور جو مٹی یا لکڑی
وغیرہ سے بنایا جاوے اور **عمل التِّرب** سے اپنی روح کی گرمی اس کو پہنچائی جائے وہ درحقیقت ﴿۳۰۷﴾
زندہ نہیں ہوتا بلکہ بدستور بے جان اور جماد ہوتا ہے صرف عامل کے روح کی گرمی بارُوت☆ کی طرح
اُس کو جنبش میں لاتی ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ان پرندوں کا پرواز کرنا قرآن شریف سے

☆ اسے آجکل ''بارود'' لکھا جاتا ہے (ناشر)

۳۰۸ اپنے اندر رکھتا ہے۔ جو شخص قرآن شریف کے اس اعجاز کو نہیں مانتا وہ علمِ قرآن سے سخت بے نصیب ہے **ومن لم یؤمن بذالک الاعجاز فواللہ ما قدر القرآن حق قدرہ**
۳۰۹ **وما عرف اللّٰہ حق معرفتہ وما وقر الرسول حق توقیرہ۔**

اے بندگانِ خدا! یقیناً یاد رکھو کہ قرآن شریف میں غیر محدود معارف وحقائق کا اعجاز ایسا کامل اعجاز ہے جس نے ہر ایک زمانہ میں تلوار سے زیادہ کام کیا ہے اور ہر یک زمانہ اپنی نئی
۳۰۹ حالت کے ساتھ جو کچھ شبہات پیش کرتا ہے یا جس قسم کے اعلیٰ معارف کا دعویٰ کرتا ہے اس کی پوری مدافعت اور پورا الزام اور پورا پورا مقابلہ قرآن شریف میں موجود ہے کوئی شخص

---

بقیہ حاشیہ

ہرگز ثابت نہیں ہوتا بلکہ ان کا ہلنا اور جنبش کرنا بھی بپایہ ثبوت نہیں پہنچتا اور نہ درحقیقت ان کا زندہ ہوجانا ثابت ہوتا ہے۔ اس جگہ یہ بھی جاننا چاہیے کہ سلبِ امراض کرنا یا اپنی روح کی گرمی جماد میں ڈال دینا درحقیقت یہ سب **عمل التِّرب** کی شاخیں ہیں۔ ہر یک زمانہ میں ایسے لوگ ہوتے رہے ہیں اور اب بھی ہیں جو اس روحانی عمل کے ذریعہ سے سلبِ امراض کرتے رہے ہیں اور مفلوج،
۳۰۸ مبروص، مدقوق وغیرہ ان کی توجہ سے اچھے ہوتے رہے ہیں۔ جن لوگوں کی معلومات وسیع ہیں وہ میرے اس بیان پر شہادت دے سکتے ہیں کہ بعض فقراء نقشبندی وسہروردی وغیرہ نے بھی ان مشقوں کی طرف بہت توجہ کی تھی اور بعض ان میں یہاں تک مشّاق گذرے ہیں کہ صدہا بیماروں کو اپنے یمین ویسار میں بٹھا کر صرف نظر سے اچھا کر دیتے تھے اور محی الدین ابن عربی صاحب کو بھی اس میں خاص درجہ کی مشق تھی۔ اولیاء اور اہل سلوک کی تواریخ اور سوانح پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کاملین ایسے عملوں سے پرہیز کرتے رہے ہیں مگر بعض لوگ اپنی ولایت کا ایک ثبوت بنانے کی غرض سے یا کسی اور نیت سے ان مشغلوں میں مبتلا ہوگئے تھے۔ اور اب یہ بات قطعی اور یقینی طور پر ثابت ہو چکی
۳۰۹ ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم باذن وحکم الٰہی **الیسع** نبی کی طرح اس **عمل التِّرب** میں کمال رکھتے تھے گو **الیسع** کے درجہ کاملہ سے کم رہے ہوئے تھے کیونکہ الیسع کی لاش نے بھی وہ معجزہ دکھلایا کہ اس کی ہڈیوں کے لگنے سے ایک مردہ زندہ ہوگیا مگر چوروں کی لاشیں مسیح کے جسم کے ساتھ لگنے سے ہرگز زندہ نہ ہوسکیں یعنی وہ دو چور جو مسیح کے ساتھ مصلوب ہوئے تھے۔ بہرحال مسیح کی یہ ترب کارروائیاں زمانہ کے مناسب حال بطور خاص مصلحت کے تھیں مگر یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں جیسا کہ

برہمو ہو یا بدھ مذہب والا یا آریہ یا کسی اور رنگ کا فلسفی کوئی ایسی الٰہی صداقت نکال
نہیں سکتا جو قرآن شریف میں پہلے سے موجود نہ ہو۔ قرآن شریف کے عجائبات کبھی ﴿۳۱۱﴾
ختم نہیں ہو سکتے اور جس طرح صحیفۂ فطرت کے عجائب وغرائب خواص کسی پہلے زمانہ
تک ختم نہیں ہو چکے بلکہ جدید در جدید پیدا ہوتے جاتے ہیں یہی حال ان صحف مطہرہ
کا ہے تا خدائے تعالیٰ کے قول اور فعل میں مطابقت ثابت ہو اور میں اس سے پہلے لکھ
چکا ہوں کہ قرآن شریف کے عجائبات اکثر بذریعہ الہام میرے پر کھلتے رہتے ہیں اور ﴿۳۱۲﴾
اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ تفسیروں میں اُن کا نام ونشان نہیں پایا جاتا۔ مثلاً یہ جو اس
عاجز پر کھلا ہے کہ ابتدائے خلقت آدم سے جس قدر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

بقیہ حاشیہ

عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدائے تعالیٰ
کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا لیکن
مجھے وہ روحانی طریق پسند ہے جس پر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قدم مارا ہے اور حضرت مسیح نے ﴿۳۱۰﴾
بھی اس عمل جسمانی کو یہودیوں کے جسمانی اور پست خیالات کی وجہ سے جو ان کی فطرت میں
مرکوز تھے باذن وحکم الٰہی اختیار کیا تھا ورنہ دراصل مسیح کو بھی یہ عمل پسند نہ تھا۔ واضح ہو کہ اس عمل جسمانی
کا ایک نہایت بُرا خاصہ یہ ہے کہ جو شخص اپنے تئیں اس مشغولی میں ڈالے اور جسمانی مرضوں کے رفع
دفع کرنے کے لئے اپنی دلی ودماغی طاقتوں کو خرچ کرتا رہے وہ اپنی اُن روحانی تاثیروں میں جو روح
پر اثر ڈال کر روحانی بیماریوں کو دور کرتی ہیں بہت ضعیف اور نکما ہو جاتا ہے اور امر تنویر باطن اور تزکیہ
نفوس کا جو اصل مقصد ہے اس کے ہاتھ سے بہت کم انجام پذیر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ گو حضرت مسیح
جسمانی بیماروں کو اس عمل کے ذریعہ سے اچھا کرتے رہے مگر ہدایت اور توحید اور دینی استقامتوں کے کامل ﴿۳۱۱﴾
طور پر دلوں میں قائم کرنے کے بارے میں ان کی کارروائیوں کا نمبر ایسا کم درجہ کا رہا کہ قریب قریب
ناکام کے رہے لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چونکہ ان جسمانی امور کی طرف توجہ نہیں فرمائی اور
تمام زور اپنی روح کا دلوں میں ہدایت پیدا ہونے کیلئے ڈالا اسی وجہ سے تکمیل نفوس میں سب سے بڑھ کر
رہے اور ہزارہا بندگانِ خدا کو کمال کے درجہ تک پہنچا دیا اور اصلاح خلق اور اندرونی تبدیلیوں میں وہ ید بیضا
دکھلایا کہ جس کی ابتدائے دنیا سے آج تک نظیر نہیں پائی جاتی۔ حضرت مسیح کے **عمل التِّرب** سے وہ
مردے جو زندہ ہوتے تھے یعنی وہ قریب الموت آدمی جو گویا نئے سرے زندہ ہو جاتے تھے وہ بلاتوقف

کے زمانہ بعثت تک مدت گزری تھی وہ تمام مدت سورۃ والعصر کے اعداد حروف میں بحساب قمری
مندرج ہے یعنی چار ہزار سات سو چالیس ۴۷۴۰۔ اب بتلاؤ کہ یہ دقائق قرآنیہ جس میں قرآن کریم کا ﴿۳۱۳﴾
اعجاز نمایاں ہے کس تفسیر میں لکھے ہیں۔ ایسا ہی خدائے تعالیٰ نے میرے پر یہ نکتہ معارف
قرآنیہ کا ظاہر کیا کہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةِ الۡقَدۡرِ۔[1] کے صرف یہی معنے نہیں کہ ایک
بابرکت رات ہے جس میں قرآن شریف اُترا بلکہ باوجود ان معنوں کے جو بجائے خود صحیح ہیں اس ﴿۳۱۴﴾
آیت کے بطن میں دوسرے معنے بھی ہیں جو رسالہ فتح اسلام میں درج کئے گئے ہیں۔ اب فرمایئے کہ
یہ تمام معارفِ حقہ کس تفسیر میں موجود ہیں اور یہ بھی یاد رکھیں کہ قرآن شریف کے ایک معنے کے ساتھ

---

بقیہ حاشیہ

چند منٹ میں مر جاتے تھے کیونکہ بذریعہ **عمل الترب** روح کی گرمی اور زندگی صرف عارضی طور ﴿۳۱۲﴾
پر ان میں پیدا ہو جاتی تھی مگر جن کو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زندہ کیا وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے اور
یہ جو میں نے مسمریزمی طریق کا **عمل الترب** نام رکھا جس میں حضرت مسیح بھی کسی درجہ تک مشق رکھتے
تھے یہ الہامی نام ہے اور خدائے تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا کہ یہ عمل الترب ہے اور اس عمل کے عجائبات کی
نسبت یہ بھی الہام ہوا **ھٰذا ھو الترب الذی لا یعلمون** یعنی یہ وہ عمل الترب ہے جس کی اصل
حقیقت کی زمانہ حال کے لوگوں کو کچھ خبر نہیں۔ ورنہ خدائے تعالیٰ اپنی ہر یک صفت میں واحد لاشریک
ہے اپنی صفات الوہیت میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔ فرقان کریم کی آیات بیّنات میں اس قدر اس مضمون کی
تائید پائی جاتی ہے جو کسی پر مخفی نہیں جیسا کہ وہ عزّ اسمہٗ فرماتا ہے الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ﴿۳۱۳﴾
وَ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّ لَمۡ یَكُنۡ لَّهٗ شَرِیۡكٌ فِی الۡمُلۡكِ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیۡءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقۡدِیۡرًا۔
وَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا یَخۡلُقُوۡنَ شَیۡـًٔا وَّ هُمۡ یُخۡلَقُوۡنَ وَ لَا یَمۡلِكُوۡنَ لِاَنۡفُسِهِمۡ ضَرًّا وَّ لَا نَفۡعًا
وَّ لَا یَمۡلِكُوۡنَ مَوۡتًا وَّ لَا حَیٰوةً وَّ لَا نُشُوۡرًا۔[2] سورۃ الفرقان الجزو ۱۸ یعنی خدا وہ خدا ہے جو تمام
زمین و آسمان کا اکیلا مالک ہے کوئی اس کا حصہ دار نہیں۔ اس کا کوئی بیٹا نہیں اور نہ اس کے ملک
میں کوئی اُس کا شریک اور اسی نے ہر ایک چیز کو پیدا کیا اور پھر ایک حد تک اس کے جسم
اور اس کی طاقتوں اور اس کی عمر کو محدود کر دیا اور مشرکوں نے بجز اس خدائے حقیقی کے
اَور اَور ایسے ایسے خدا مقرر کر رکھے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ آپ پیدا شدہ اور ﴿۳۱۴﴾
مخلوق ہیں اپنے ضرر اور نفع کے مالک نہیں ہیں اور نہ موت اور زندگی اور جی اُٹھنے کے مالک ہیں

[1] القدر : ۲ [2] الفرقان : ۳،۴

﴿۳۱۵﴾ اگر دوسرے معنی بھی ہوں تو ان دونوں معنوں میں کوئی تناقض پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہدایت قرآنی میں کوئی نقص عائد حال ہوتا ہے بلکہ ایک نور کے ساتھ دوسرا نور مل کر عظمت فرقانی کی روشنی نمایاں طور پر دکھائی دیتی ہے اور چونکہ زمانہ غیر محدود انقلابات کی وجہ سے غیر محدود
﴿۳۱۶﴾ خیالات کا بالطبع محرک ہے لہٰذا اس کا نئے پیرایہ میں ہوکر جلوہ گر ہونا یا نئے نئے علوم کو بمنصۂ ظہور لانا یا نئے نئے بدعات اور محدثات کو دکھلانا ایک ضروری امر اس کے لئے پڑا ہوا ہے۔ اب اس حالت میں ایسی کتاب جو خاتم الکتب ہونے کا دعویٰ کرتی ہے اگر زمانہ
﴿۳۱۷﴾ کے ہر یک رنگ کے ساتھ مناسب حال اس کا تدارک نہ کرے تو وہ ہرگز خاتم الکتب نہیں

بقیہ حاشیہ: اب دیکھو خدائے تعالیٰ صاف صاف طور پر فرما رہا ہے کہ بجز میرے کوئی اور خالق نہیں بلکہ ایک دوسری آیت میں فرماتا ہے کہ تمام جہان مل کر ایک مکھی بھی پیدا نہیں کرسکتا۔ اور صاف فرماتا ہے کہ کوئی شخص موت اور حیات اور ضرر اور نفع کا مالک نہیں ہوسکتا۔ اس جگہ ظاہر ہے کہ اگر کسی مخلوق کو موت اور حیات کا مالک بنا دینا اور اپنی صفات میں شریک کر دینا اس کی عادت میں داخل ہوتا تو وہ بطور استثناء ایسے لوگوں کو ضرور باہر رکھ لیتا اور ایسی اعلیٰ توحید کی ہمیں ہرگز تعلیم نہ دیتا۔ اگر یہ وسواس دل میں گذرے کہ پھر اللہ جلّشانہ، نے مسیح ابن مریم کی نسبت ﴿۳۱۴﴾ اس قصہ میں جہاں پرندہ بنانے کا ذکر ہے **تخلق** کا لفظ کیوں استعمال کیا جس کے بظاہر یہ معنے ہیں کہ تو پیدا کرتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس جگہ حضرت عیسیٰ کو خالق قرار دینا بطور استعارہ ہے جیسا کہ اس دوسری آیت میں فرمایا ہے فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِيۡنَ[1] بلاشبہ حقیقی اور سچا خالق خدائے تعالیٰ ہے۔ اور جو لوگ مٹی یا لکڑی کے کھلونے بناتے ہیں وہ بھی خالق ہیں مگر جھوٹے خالق جن کے فعل کی اصلیت کچھ بھی نہیں۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ کیوں بطور معجزہ جائز نہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام اذن اور ارادہ الٰہی سے حقیقت میں پرندے بنا لیتے ہوں اور وہ پرندے ان کی اعجازی پھونک سے پرواز کر جاتے ہوں تو اس کا جواب یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ اپنے اذن اور ارادہ سے کسی شخص کو موت اور حیات اور ضرر اور نفع کا مالک نہیں بناتا۔ نبی لوگ دعا اور تضرع سے معجزہ مانگتے ہیں۔ معجزہ نمائی کی ایسی قدرت نہیں رکھتے جیسا کہ انسان کو ہاتھ پیر ہلانے کی قدرت ہوتی ہے۔ غرض معجزہ کی حقیقت اور مرتبہ سے یہ امر بالاتر

[1] المؤمنون: ۱۵

ٹھہر سکتی اور اگر اس کتاب میں مخفی طور پر وہ سب سامان موجود ہے جو ہر یک حالتِ زمانہ کے لئے درکار ہے تو اس صورت میں ہمیں ماننا پڑے گا کہ قرآن شریف بلا ریب غیر محدود معارف پر مشتمل ہے اور ہر یک زمانہ کی ضروراتِ لاحقہ کا کامل طور پر متکفّل ہے۔ ﴿۳۱۸﴾

اب یہ بھی یاد رہے کہ عادت اللہ ہر یک کامل مُلہم کے ساتھ یہی رہی ہے کہ عجائباتِ مخفیہ فرقان اس پر ظاہر ہوتے رہے ہیں بلکہ بسا اوقات ایک ملہم کے دل پر قرآن شریف کی آیت الہام کے طور پر القا ہوتی ہے اور اصل معنی سے پھیر کر کوئی اور مقصود اس سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ ﴿۳۱۹﴾ مولوی عبداللہ صاحب مرحوم غزنوی اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں کہ مجھے ایک مرتبہ

---

﴿۳۱۶﴾ بقیہ حاشیہ

اور ان صفات خاصہ خدائے تعالیٰ میں سے ہے جو کسی حالت میں بشر کو مل نہیں سکتیں۔ معجزہ کی حقیقت یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ ایک امر خارق عادت یا ایک امر خیال اور گمان سے باہر اور امید سے بڑھکر ایک اپنے رسول کی عزت اور صداقت ظاہر کرنے کے لئے اور اس کے مخالفین کے عجز اور مغلوبیت جتلانے کی غرض سے اپنے ارادہ خاص سے یا اس رسول کی دعا اور درخواست سے آپ ظاہر فرماتا ہے مگر ایسے طور سے جو اس کی صفات وحدانیت و تقدّس و کمال کے منافی و مغائر نہ ہو اور کسی دوسرے کی وکالت یا کارسازی کا اس میں کچھ دخل نہ ہو۔

اب ہر یک دانشمند سوچ سکتا ہے کہ یہ صورت ہرگز معجزہ کی صورت نہیں کہ خدائے تعالیٰ دائمی طور پر ایک شخص کو اجازت اور اذن دیدے کہ تو مٹی کے پرندے بنا کر پھونک مارا کر وہ حقیقت میں جانور بن جایا کریں گے اور ان میں گوشت او رہڈی اور خون اور تمام اعضا جانوروں کے بن جائیں گے۔ ظاہر ہے کہ اگر خدائے تعالیٰ پرندوں کے بنانے میں اپنی خالقیت کا کسی کو وکیل ٹھہرا سکتا ہے تو تمام امور خالقیت میں وکالتِ تامّہ کا عہدہ بھی کسی کو دے سکتا ہے۔ اس صورت میں خدائے تعالیٰ کی صفات میں شریک ہونا جائز ہوگا گو اس کے حکم اور اذن سے ہی سہی اور نیز ایسے خالقوں کے سامنے اور فتشابه الخلق علیهم کی مجبوری سے خالق حقیقی کی معرفت مشتبہ ہو جائے گی۔ غرض یہ اعجاز کی صورت نہیں یہ تو خدائی کا حصہ دار بنانا ہے۔ ﴿۳۱۷﴾

بعض دانشمند شرک سے بچنے کے لئے یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ حضرت مسیح جو پرندے بناتے تھے وہ بہت دیر تک جیتے نہیں تھے ان کی عمر چھوٹی ہوتی تھی تھوڑی مسافت تک پرواز کر کے پھر گر کر مر جاتے تھے۔

الہام ہوا **قلنا یا نار کونی بردًا وّ سلامًا** ۔مگر میں اس کے معنے نہ سمجھا پھر الہام ہوا **قلنا**
**یاؔ صبر کونی بردا و سلاما** تب میں سمجھ گیا کہ نار سے مراد اس جگہ صبر ہے اور پھر فرماتے ﴿۳۲۰﴾
ہیں کہ ایک دفعہ مجھے الہام ہوا **رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق**
اور اس سے مراد اصلی معنی نہیں تھے بلکہ یہ مراد تھی کہ مولوی صاحب کوہستان ریاست کابل سےؔ ﴿۳۲۱﴾
پنجاب کے ملک میں بزیر سایہ سلطنت برطانیہ آ جائیں گے۔اسی طرح انہوں نے اپنے
الہامات میں کئی آیات فرقانی لکھی ہیں اور اُن کے اصلی معنے چھوڑ کر کوئی اور معنے مراد لئے ہیں۔

---

لیکنؔ یہ عذر بالکل فضول ہے اور صرف اس حالت میں ماننے کے لائق ہے کہ جب یہ اعتقاد رکھا جائے ﴿۳۱۸﴾
کہ ان پرندوں میں واقعی اور حقیقی حیات پیدا نہیں ہوتی تھی بلکہ صرف ظلّی اور مجازی اور جھوٹی حیات
جو عمل الترب کے ذریعہ سے پیدا ہوسکتی ہے ایک جھوٹی جھلک کی طرح ان میں نمودار ہو جاتی تھی۔
پس اگر اتنی ہی بات ہے تو ہم اس کو پہلے سے تسلیم کر چکے ہیں ہمارے نزدیک ممکن ہے کہ عمل الترب کے
ذریعہ سے پھونک کی ہوا میں وہ قوت پیدا ہو جائے جو اس دخان میں پیدا ہوتی ہے جس کی تحریک سے
غبارہ اوپر کو چڑھتا ہے۔صانع فطرت نے اس مخلوقات میں بہت کچھ خواص مخفی رکھے ہوئے ہیں۔
ایک شریک صفات باری ہونا ممکن نہیں اور کونسی صنعت ہے جو غیر ممکن ہے؟۔

اورؔ اگر یہ اعتقاد رکھا جائے کہ اُن پرندوں میں واقعی اور حقیقی حیات پیدا ہو جاتی تھی اور سچ مچ اُن میں ﴿۳۱۹﴾
ہڈیاں گوشت پوست خون وغیرہ اعضا بن کر جان پڑ جاتی تھی تو اس صورت میں یہ بھی ماننا پڑیگا کہ اُن میں
جاندار ہونے کے تمام لوازم پیدا ہو جاتے ہوں گے اور وہ کھانے کے بھی لائق ہوتے ہونگے اور اُن کی نسل
بھی آج تک کروڑہا پرندے زمین پر موجود ہوں گے اور کسی بیماری سے یا شکاری کے ہاتھ سے مرتے ہوں گے تو
ایسا اعتقاد بلاشبہ شرک ہے۔ بہت لوگ اس وسوسہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اگر کسی نبی کے دعا کرنے سے
کوئی مردہ زندہ ہو جائے یا کوئی جماد جاندار بن جائے تو اس میں کونسا شرک ہے۔ایسے لوگوں کو جاننا چاہیے
کہ اس جگہ دعا کا کچھ ذکر نہیں اور دعا کا قبول کرنا یا نہ کرنا اللہ جلّ شانہٗ کے اختیار میں ہوتا ہے اور دؔعا پر ﴿۳۲۰﴾
جو فعل مترتب ہوتا ہے وہ فعل الٰہی ہوتا ہے نبی کا اس میں کچھ دخل نہیں ہوتا اور نبی خواہ دعا کرنے کے بعد فوت
ہو جائے نبی کے موجود ہونے یا نہ ہونے کی اس میں کچھ حاجت نہیں ہوتی۔غرض نبی کی طرف سے صرف دعا
ہوتی ہے جو کبھی قبول اور کبھی ردّ بھی ہو جاتی ہے لیکن اس جگہ وہ صورت نہیں۔اناجیل اربعہ کے دیکھنے سے

اُن کے بعض مکتوبات اس عاجز کے پاس موجود ہیں انشاء اللہ بوقت ضرورت شائع کئے جائیں گے۔
اب مولوی عبد الرحمان صاحب براہ مہربانی بیان فرماویں کہ جبکہ سلف صالح کے ﴿۳۲۲﴾
برخلاف قرآن شریف کے معنے کرنے سے انسان ملحد ہو جاتا ہے اور اسی وجہ سے یہ عاجز
بھی اُن کی نظر میں ملحد ہے کہ خدائے تعالیٰ کے الہام سے بعض آیات کے معانی مخفی ظاہر کرتا
ہے تو پھر مولوی عبداللہ صاحب مرحوم غزنوی کی نسبت جو اُن کے مرشد ہیں کیا فتویٰ ہے؟ ﴿۳۲۳﴾

---

بقیہ حاشیہ

صاف ظاہر ہے کہ مسیح جو جو کام اپنی قوم کو دکھلاتا تھا وہ دعا کے ذریعہ سے ہرگز نہیں تھے اور
قرآن شریف میں بھی کسی جگہ یہ ذکر نہیں کہ مسیح بیماروں کے چنگا کرنے یا پرندوں کے بنانے کے
وقت دعا کرتا تھا بلکہ وہ اپنی روح کے ذریعہ سے جس کو روح القدس کے فیضان سے برکت بخشی گئی تھی
ایسے ایسے کام اقتداری طور پر دکھاتا تھا چنانچہ جس نے کبھی اپنی عمر میں غور سے انجیل پڑھی ہوگی وہ ﴿۳۲۱﴾
ہمارے اس بیان کی بہ یقین تمام تصدیق کرے گا اور قرآن شریف کی آیات بھی باآواز بلند یہی پکار
رہی ہیں کہ مسیح کے ایسے عجائب کاموں میں اس کو طاقت بخشی گئی تھی اور خدائے تعالیٰ نے صاف فرما دیا
ہے کہ وہ ایک فطرتی طاقت تھی جو ہر یک فرد بشر کی فطرت میں مودّع ہے مسیح سے اس کی کچھ خصوصیت
نہیں۔ چنانچہ اس بات کا تجربہ اسی زمانہ میں ہو رہا ہے۔ مسیح کے معجزات تو اس تالاب کی وجہ سے
بے رونق اور بے قدر تھے جو مسیح کی ولادت سے بھی پہلے مظہر عجائبات تھا جس میں ہر قسم کے بیمار اور
تمام مجذوم مفلوج مبروص وغیرہ ایک ہی غوطہ مار کر اچھے ہو جاتے تھے لیکن بعد کے زمانوں میں جو
لوگوں نے اس قسم کے خوارق دکھلائے اُس وقت تو کوئی تالاب بھی موجود نہیں تھا۔
غرض یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہے کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر اور اُن ﴿۳۲۲﴾
میں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا۔ نہیں بلکہ صرف عمل الترب تھا جو روح کی قوت
سے ترقی پذیر ہوگیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ مسیح ایسے کام کے لئے اس تالاب کی مٹی لاتا تھا جس میں
روح القدس کی تاثیر رکھی گئی تھی۔ بہرحال یہ معجزہ صرف ایک کھیل کی قسم میں سے تھا اور وہ مٹی
درحقیقت ایک مٹی ہی رہتی تھی۔ جیسے سامری کا گوسالہ۔ **فتدبّر ۔ فانہ نکتۃ جلیلۃ ما یلقّٰھا اِلّا
ذوحظٍ عظیم۔ منہ**

جن کو ایسے ایسے الہام بھی ہوگئے کہ جو آیتیں خاص پیغمبروں کے حق میں تھیں وہ اُمتی لوگوں کے حق میں قرار دے دیں۔ چنانچہ دو دفعہ بعض وہ آیتیں جو صحابہ کبار کے حق میں قرآن کریم میں تھیں اس عاجز کی طرف اپنے خط میں لکھ کر بھیج دیں کہ آپ کی نسبت مجھے یہ الہام ہوا ہے انہیں میں سے یہ آیات بھی ہیں (۱) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا [۱] (۲) اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ [۲] اور یہ عاجز کہ جو مولوی عبداللہ غزنوی مرحوم سے محبت اور حسن ظن رکھتا ہے تو درحقیقت اس کی یہی وجہ ہے کہ اُن کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوا کہ یہ عاجز من جانب اللہ مامور ہونے والا ہے اور انہوں نے کئی خط لکھے اور اپنے الہاماتِ متبرکہ ظاہر کئے اور بعض لوگوں کے پاس اس بارے میں بیان بھی کیا اور عالم کشف میں بھی اپنی یہ مراد ظاہر کی۔

---

## اُن سوالوں کے جوابات جو متفرق طور پر لوگ پیش کرتے ہیں ﴿۳۲۴﴾

**سوال۔** مسیح ابن مریم کا فوت ہونا قرآن شریف سے کہاں ثابت ہوتا ہے بلکہ یہ دونوں فقرے آیات کے یعنی رَافِعُکَ اِلَیَّ اور بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ دلالت کر رہے ہیں کہ مسیح جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اٹھایا گیا۔ ایسا ہی یہ آیت کہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ [۳] اسی پر دلالت کر رہی ہے کہ مسیح نہ مصلوب ہوا اور نہ مقتول ہوا۔

**الجواب** ۔ پس واضح ہو کہ خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھائے جانے کے یہی معنے ہیں کہ فوت ہو جانا۔ خدائے تعالیٰ کا یہ کہنا کہ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ [۴] اور یہ کہنا کہ اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ [۵] ایک ہی معنے رکھتا ہے۔ سوا اس کے جس وضاحت اور تفصیل اور توضیح کے ساتھ قرآن شریف میں مسیح کے فوت ہو جانے کا ذکر ہے اس سے بڑھ کر متصور نہیں کیونکہ خداوند عزّوجلّ نے

[۱] الشمس :۱۰ [۲] البقرة :۲۸۷ [۳] النساء :۱۵۸ [۴] الفجر :۲۹ [۵] ال عمران :۵٦

عام اور خاص دونوں طور پر مسیح کا فوت ہوجانا بیان فرمایا ہے عام طور پر جیسا کہ وہ فرماتا ہے
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى
﴿۳۲۵﴾ اَعْقَابِكُمْ [۱] یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) صرف ایک رسول ہے اور اس سے پہلے ہر یک رسول
جو آیا وہ گذر گیا اور انتقال کر گیا اب کیا تم اس رسول کے مرنے یا قتل ہوجانے کی وجہ سے دین
اسلام چھوڑ دو گے؟ اب دیکھو یہ آیت جو استدلالی طور پر پیش کی گئی ہے صریح دلالت کرتی ہے کہ
ہر یک رسول کو موت پیش آتی رہی ہے خواہ وہ موت طبعی طور پر ہو یا قتل وغیرہ سے اور گذشتہ
نبیوں میں سے کوئی ایسا نبی نہیں جو مرنے سے بچ گیا ہو۔ سو اس جگہ ناظرین بداہت سمجھ سکتے
ہیں کہ اگر حضرت مسیح جو گذشتہ رسولوں میں سے ایک رسول ہیں اب تک مرے نہیں بلکہ
زندہ آسمان پر اُٹھائے گئے تو اس صورت میں مضمون اس آیت کا جو عام طور پر ہر یک گذشتہ نبی
کے فوت ہونے پر دلالت کر رہا ہے صحیح نہیں ٹھہر سکتا بلکہ یہ استدلال ہی لغو اور قابل جرح ہوگا۔

پھر دوسری آیت جو عام استدلال کے طریق سے مسیح ابن مریم کے فوت ہوجانے پر دلالت
کرتی ہے یہ آیت ہے وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ [۲] یعنی
کسی نبی کا ہم نے ایسا جسم نہیں بنایا جو کھانے کا محتاج نہ ہو اور وہ سب مر گئے کوئی اُن میں
سے باقی نہیں۔ ایسا ہی عام طور پر یہ بھی فرمایا وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ
اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ [۳]

﴿۳۲۶﴾ پھر تیسری آیت جو عام استدلال کے طریق سے مسیح کے فوت ہوجانے پر دلالت
کرتی ہے یہ آیت ہے وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ
لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا [۴] سورۃ الحج الجزو ۱۷۔ یعنی اے بنی آدم! تم
دو گروہ ہو۔ ایک وہ جو پیرانہ سالی سے پہلے فوت ہوجاتے ہیں یعنی پیر فرتوت
ہو کر نہیں مرتے بلکہ پہلے ہی مر جاتے ہیں۔ دوسرا وہ گروہ جو اس قدر بڑھے
ہوجاتے ہیں جو ایک ارذل حالت زندگی کی جو قابل نفرت ہے اُن میں

[۱] ال عمران: ۱۴۵ [۲] الانبیاء: ۹ [۳] الانبیاء: ۳۵، ۳۶ [۴] الحج: ۶

پیدا ہو جاتی ہے یہاں تک کہ عالم اور صاحب عقل ہونے کے بعد سراسر نادان بچے کی طرح بن جاتے ہیں اور تمام عمر کا آموختہ بیک دفعہ سب بھول جاتا ہے۔

اب چونکہ خدائے تعالیٰ نے طرز حیات کے بارے میں بنی آدم کی صرف دو گروہ میں تقسیم محدود کردی تو بہر حال حضرت مسیح ابن مریم خدائے تعالیٰ کے تمام خاکی بندوں کی طرح اس تقسیم سے باہر نہیں رہ سکتے یہ حکماء کا قانونِ قدرت نہیں جو کوئی اس کو رد کر دے گا یہ تو سنت اللہ ہے جس کو خود اللہ **جلَّ شَانُہٗ** نے تصریح سے بیان فرمادیا ہے۔

سو اس تقسیم الٰہی کی رو سے لازم آتا ہے کہ یا تو حضرت مسیح **مِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّتَوَفّٰى** میں داخل ہوں اور وفات پا کر بہشت بریں میں اُس تخت پر بیٹھے ہوں جس کی نسبت انہوں نے آپ ہی انجیل میں بیان فرمایا ہے اور یا اگر اس قدر مدت تک فوت نہیں ہوئے تو زمانہ کی تاثیر سے اس ارذل عمر تک پہنچ گئے ہوں جس میں بباعث بیکاری حواس اُن کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ ﴿۳۲۷﴾

اور جو خاص طور پر مسیح کے فوت ہو جانے پر آیات بیّنات دلالت کر رہی ہیں کچھ ضروری نہیں کہ ہم ان کو بار بار ذکر کریں۔ یہ بات ظاہر ہے کہ اگر مسیح ابن مریم اس جماعت مرفوعہ سے الگ ہے جو دنیا سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو کر خدائے تعالیٰ کی طرف اٹھائی گئی ہے تو ان میں جو عالم آخرت میں پہنچ گئے ہرگز شامل نہیں ہو سکتا بلکہ مرنے کے بعد پھر شامل ہوگا اور اگر یہ بات ہو کہ اُن میں جا ملا اور بموجب آیت **فَادۡخُلِىۡ فِىۡ عِبٰدِىۡ** [1] ان فوت شدہ بندوں میں داخل ہو گیا تو پھر انہیں میں سے شمار کیا جاوے گا۔ اور معراج کی حدیث سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مسیح اُن فوت شدہ نبیوں میں جا ملا اور یحییٰ نبی کے پاس ﴿۳۲۸﴾ اس کو مقام ملا۔ اس صورت میں ظاہر ہے کہ معنے اس آیت کے کہ **اِنِّىۡ مُتَوَفِّيۡكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ** [2] ہے یہ ہوں گے کہ **انّی متوفّیک ورافعک الی عبادی المتوفین المقربین و ملحقک بالصّٰلحین**۔ سو عقلمند کے لئے جو متعصّب نہ ہو اسی قدر کافی ہے کہ اگر مسیح زندہ ہی اُٹھایا گیا تو پھر مُردوں میں کیوں جا گھسا۔ ہاں اس قدر ذکر کرنا اور بھی ضروری ہے کہ جیسے بعض نادان یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ آیات ذو معنیین ہیں یہ

[1] الفجر: ۳۰ [2] اٰل عمران: ۵۶

خیال سراسر فاسد ہے مومن کا یہ کام نہیں کہ تفسیر بالرائے کرے بلکہ قرآن شریف کے بعض مقامات بعض دوسرے مقامات کے لئے خود مفسّر اور شارح ہیں۔ اگر یہ بات سچ نہیں کہ مسیح کے حق میں جو یہ آیتیں ہیں کہ انّی متوفّیک اور فلمّا توفّیتنی یہ درحقیقت مسیح کی موت پر ہی دلالت کرتی ہیں بلکہ ان کے کوئی اور معنے ہیں تو اس نزاع کا فیصلہ قرآن شریف سے ہی کرانا چاہیے۔ اور اگر قرآن شریف مساوی طور پر کبھی اس لفظ کو موت کے لئے استعمال کرتا ہے اور کبھی ان معنوں کے لئے جو موت سے کچھ علاقہ نہیں رکھتے تو محل متنازعہ فیہ میں مساوی طور پر احتمال رہے گا اور اگر ﴿۳۲۹﴾
ایک خاص معنے اغلب اور اکثر طور پر مستعملات قرآنی میں سے ہیں تو انہی معنوں کو اس مقامِ بحث میں ترجیح ہوگی اور اگر قرآن شریف اوّل سے آخر تک اپنے کُل مقامات میں ایک ہی معنوں کو استعمال کرتا ہے تو محل مجوث فیہ میں بھی یہی قطعی فیصلہ ہوگا کہ جو معنے توفّی کے سارے قرآن شریف میں لئے گئے ہیں وہی معنے اس جگہ بھی مراد ہیں کیونکہ یہ بالکل غیرممکن اور بعید از قیاس ہے کہ خدائے تعالیٰ اپنے بلیغ اور فصیح کلام میں ایسے تنازع کی جگہ میں جو اس کے علم میں ایک معرکہ کی جگہ ہے ایسے شاذ اور مجہول الفاظ استعمال کرے جو اس کے تمام کلام میں ہرگز استعمال نہیں ہوئے۔ اگر وہ ایسا کرے تو گویا وہ خلق اللہ کو آپ ورطۂ شبہات میں ڈالنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس نے ہرگز ایسا نہیں کیا ہوگا یہ کیوں کر ممکن ہے کہ خدائے تعالیٰ اپنے قرآن کریم کے تیئیس ۲۳ مقام میں تو ایک لفظ کے ایک ہی معنے مراد لیتا جاوے اور پھر دو مقام میں جو زیادہ تر محتاج صفائی بیان کے تھے کچھ اور کا اور مراد لے کر آپ ہی خلق اللہ کو گمراہی میں ڈال دے۔

﴿۳۳۰﴾ اب اے ناظرین! آپ پر واضح ہو کہ اس عاجز نے اول سے آخر تک تمام وہ الفاظ جن میں توفّی کا لفظ مختلف صیغوں میں آ گیا ہے قرآن شریف میں غور سے دیکھے تو صاف طور سے کھل گیا کہ قرآن کریم میں علاوہ محل متنازعہ فیہ کے یہ لفظ تیئیس ۲۳ جگہ لکھا ہے اور ہر یک جگہ موت اور قبضِ روح کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے اور ایک بھی ایسا مقام نہیں

جس میں توفّی کا لفظ کسی اور معنے پر استعمال کیا گیا ہو اور وہ یہ ہیں:۔

| نام سورة | الجزو | آیت قرآن کریم |
|---|---|---|
| نساء | نمبر۴ | حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ |
| ال عمران | نمبر۴ | وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ |
| سجدة | ۲۱ | قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ |
| نساء | ۵ | اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىٓ اَنْفُسِهِمْ |
| مؤمن | ۲۴ | فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ |
| النحل | ۱۴ | الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىٓ اَنْفُسِهِمْ |
| // | ۱۴ | تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ |
| بقر | ۲ | يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ |
| // | ۲ | يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ |
| انعام | ۷ | تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا |
| اعراف | ۸ | رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ |
| // | ۹ | تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ |
| التوبة☆ | ۱۰ | يَتَوَفَّى |
| سورة محمد صلعم | ۲۶ | فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ |
| يونس | ۱۱ | وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ |
| يوسف | ۱۳ | تَوَفَّنِىْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِيْنَ |
| رعد | ۱۳ | اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ |
| مؤمن | ۲۴ | وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى |
| // | ۲۴ | اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ ❁ |
| نحل | ۱۴ | ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ |
| حج | ۱۷ | وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى |
| زمر | ۲۴ | اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِىْ لَمْ تَمُتْ فِىْ |

﴿۳۳۱﴾

☆ الانفال چاہیے التوبة سہواً درج ہوا ہے۔ ❁ یہ آیت نمبر۵ پر آچکی ہے سہواً دوبارہ درج ہوئی ہے

| نام سورۃ | الجزو | آیت قرآن کریم |
|---|---|---|
| زمر | ۲۴ | مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۔ |
| الانعام | ۷ | هُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰى اَجَلٌ مُّسَمًّى ☆ |

اب ظاہر ہے کہ ان تمام مقامات قرآن کریم میں **توفّی** کے لفظ سے موت اور قبض روح ہی مراد ہے اور دو مؤخر الذکر آیتیں اگرچہ بظاہر نیند سے متعلق ہیں مگر درحقیقت ان دونوں آیتوں میں بھی نیند نہیں مراد لی گئی بلکہ اس جگہ بھی اصل مقصد اور مدعا موت ہے اور یہ ظاہر کرنا منظور ہے کہ نیند بھی ایک قسم کی موت ہی ہے اور جیسی موت میں روح قبض کی جاتی ہے نیند میں بھی روح قبض کی جاتی ہے۔ سو ان دونوں مقامات میں نیند پر توفّی کے لفظ کا اطلاق کرنا ایک استعارہ ہے جو بہ نصب قرینۂ نوم استعمال کیا گیا ہے یعنی صاف لفظوں میں نیند کا ذکر کیا گیا ہے تا ہر ایک شخص سمجھ لیوے کہ اسجگہ **توفّی** سے مراد حقیقی موت نہیں ہے بلکہ مجازی موت مراد ہے جو نیند ہے۔ یہ بات ادنیٰ ذی علم کو بھی معلوم ہوگی کہ جب کوئی لفظ حقیقت مسلّمہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یعنی ایسے معنوں پر جن کے لئے وہ عام طور پر موضوع یا عام طور پر مستعمل ہو گیا ہے تو اس جگہ متکلم کے لئے کچھ ضروری نہیں ہوتا کہ اس کی شناخت کے لئے کوئی قرینہ قائم کرے کیونکہ وہ اُن معنوں میں شائع متعارف اور متبادر الفہم ہے لیکن جب ایک متکلم کسی لفظ کے معانی حقیقت مسلّمہ سے پھیر کر کسی مجازی معنی کی طرف لے جاتا ہے تو اس جگہ صراحتاً یا کنایتاً یا کسی دوسرے رنگ کے پیرایہ میں کوئی قرینہ اس کو قائم کرنا پڑتا ہے تا اس کا سمجھنا مشتبہ نہ ہو اور اس بات کے دریافت کے لئے کہ متکلّم نے ایک لفظ بطور حقیقت مُسلّمہ استعمال کیا ہے یا بطور مجاز اور استعارہ نادرہ کے بھی کھلی کھلی علامت ہوتی ہے کہ وہ حقیقت مسلّمہ کو ایک متبادر اور شائع و متعارف لفظ سمجھ کر ﴿۳۲۳﴾

☆ اس فہرست میں سورۃ یونس آیت نمبر ۱۰۵ (اَلَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ) درج ہونے سے رہ گئی ہے۔ (ناشر)

بغیر احتیاج قرائن کے یونہی مختصر بیان کر دیتا ہے مگر مجاز یا استعارہ نادرہ کے وقت ایسا اختصار پسند نہیں کرتا بلکہ اس کا فرض ہوتا ہے کہ کسی ایسی علامت سے جس کو ایک دانشمند سمجھ سکے اپنے اس مدعا کو ظاہر کر جائے کہ یہ لفظ اپنے اصل معنوں پر مستعمل نہیں ہوا۔ ﴿۳۳۴﴾

اب چونکہ یہ فرق حقیقت اور مجاز کا صاف طور پر بیان ہو چکا تو جس شخص نے قرآن کریم پر اوّل سے آخر تک نظر ڈالی ہوگی اور جہاں جہاں **توفّی** کا لفظ موجود ہے بنظر غور دیکھا ہوگا وہ ایماناً ہمارے بیان کی تائید میں شہادت دے سکتا ہے۔ چنانچہ بطور نمونہ دیکھنا چاہیے کہ یہ آیات

(۱) اِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ [۱] (۲) تَوَفَّنِىْ مُسْلِمًا [۲]
(۳) وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى [۳] (۴) تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ [۴] (۵) يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ [۵]
(۶) تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا [۶] (۷) رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ [۷] (۸) تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ [۸]
(۹) وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ [۹] (۱۰) ثُمَّ يَتَوَفّٰكُمْ [۱۰]

کیسی صریح اور صاف طور پر موت کے معنوں میں استعمال کی گئی ہیں مگر کیا قرآن شریف میں کوئی ایسی آیت بھی ہے کہ ان آیات کی طرح مجرد **توفّی** کا لفظ لکھنے سے اس سے کوئی اور معنے مراد لئے گئے ہوں۔ موت مراد نہ لی گئی ہو۔ بلا شبہ قطعی اور یقینی طور پر اوّل سے آخر تک قرآنی محاورہ یہی ثابت ہے کہ ہر جگہ درحقیقت **توفّی** کے لفظ سے موت ہی مراد ہے تو پھر متنازعہ فیہ دو آیتوں کی نسبت جو **اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ** اور **فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ** ہیں اپنے دل سے کوئی معنے مخالف عام محاورہ قرآن کے گھڑنا اگر الحاد اور تحریف نہیں تو اور کیا ہے؟ ﴿۳۳۵﴾

اور اس جگہ یہ نکتہ بیان کرنے کے لائق ہے کہ قرآن شریف میں ہر جگہ موت کے محل پر **توفّی** کا لفظ کیوں استعمال کیا ہے **اِمَاتت** کا لفظ کیوں استعمال نہیں کیا؟ اس میں بھید یہ ہے کہ موت کا لفظ ایسی چیزوں کے فنا کی نسبت بھی بولا جاتا ہے جن پر فنا طاری ہونے کے بعد کوئی روح اُن کی باقی نہیں رہتی۔ اسی وجہ سے جب نباتات اور جمادات اپنی صورت نوعیہ کو چھوڑ کر کوئی اور صور قبول کر لیں تو اُن پر بھی موت کا لفظ

[۱] یونس: ۴۷ [۲] یوسف: ۱۰۲ [۳] الحج: ۶ [۴] النّسآء: ۹۸ [۵] البقرۃ: ۲۴۱
[۶] الانعام: ۶۲ [۷] الاعراف: ۳۸ [۸] الاعراف: ۱۲۷ [۹] اٰل عمران: ۱۹۴ [۱۰] النحل: ۷۱

اطلاق پاتا ہے جیسے کہتے ہیں کہ یہ لوہا مر گیا اور کشتہ ہوگیا اور چاندی کا ٹکڑہ مر گیا اور کشتہ ہوگیا۔ایسا ہی تمام جاندار اور کیڑے مکوڑے جن کی روح مرنے کے بعد باقی نہیں رہتی اور مورد ثواب وعقاب نہیں ہوتے اُن کے مرنے پر بھی **توفّی** کا لفظ نہیں بولتے بلکہ صرف یہی کہتے ہیں کہ فلاں جانور مر گیا یا فلاں کیڑا مر گیا۔ چونکہ خدا تعالیٰ کو اپنے کلام عزیز میں یہ منظور ہے کہ کھلے کھلے طور پر یہ ظاہر کرے کہ انسان ایک ایسا جاندار ہے کہ جس کی موت کے ﴿۳۳۶﴾ بعد بکلّی اس کی فنا نہیں ہوتی بلکہ اس کی روح باقی رہ جاتی ہے جس کو قابض ارواح اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے اسی وجہ سے موت کے لفظ کو ترک کر کے بجائے اس کے توفّی کا لفظ استعمال کیا ہے تا اس بات پر دلالت کرے کہ ہم نے اس پر موت وارد کر کے بکلّی اس کو فنا نہیں کیا بلکہ صرف جسم پر موت وارد کی ہے اور روح کو اپنے قبضہ میں کر لیا ہے اور اس لفظ کے اختیار کرنے میں دہریوں کا ردّ بھی منظور ہے جو بعد موت جسم کے روح کی بقا کے قائل نہیں ہیں۔

جاننا چاہیئے کہ قرآن شریف میں اوّل سے آخر تک **توفّیٰ** کے معنے روح کو قبض کرنے اور جسم کو بیکار چھوڑ دینے کے لئے گئے ہیں اور انسان کی موت کی حقیقت بھی صرف اسی قدر ہے کہ روح کو خدائے تعالیٰ قبض کر لیتا ہے اور جسم کو اس سے الگ کر کے چھوڑ دیتا ہے اور چونکہ نیند کی حالت بھی کسی قدر اس حقیقت میں اشتراک رکھتی ہے اسی وجہ سے مذکورہ بالا دو آیتوں میں نیند کو بھی بطور استعارہ **توفّی** کی حالت سے تعبیر کیا ہے کیونکہ کچھ شک نہیں کہ نیند میں بھی ﴿۳۳۷﴾ ایک خاص حد تک روح قبض کی جاتی ہے اور جسم کو بے کار اور معطّل کیا جاتا ہے لیکن **توفّی** کی کامل حالت جس میں کامل طور پر روح قبض کی جائے اور کامل طور پر جسم بے کار کر دیا جائے وہ انسان کی موت ہے اسی وجہ سے توفّی کا لفظ عام طور پر قرآن شریف میں انسان کی موت کے بارے میں ہی استعمال کیا گیا ہے اور اوّل سے آخر تک قرآن شریف اسی استعمال سے بھرا پڑا ہے

اور نیند کے محل پر توفّی کا لفظ صرف دو جگہ قرآن شریف میں آیا ہے اور وہ بھی قرینہ قائم کرنے کے ساتھ۔ اور اُن آیتوں میں صاف طور پر بیان کر دیا گیا ہے کہ اس جگہ بھی توفّی کے لفظ سے نیند مراد نہیں ہے بلکہ موت ہی مراد ہے اور اس بات کا اظہار مقصود ہے کہ نیند بھی ایک موت ہی کی قسم ہے جس میں روح قبض کی جاتی ہے اور جسم معطل کیا جاتا ہے صرف اتنا فرق ہے کہ نیند ایک ناقص موت ہے اور موت حقیقی ایک کامل موت ہے۔

یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ توفّی کا لفظ جو قرآن شریف میں استعمال کیا گیا ہے خواہ وہ اپنے حقیقی معنوں پر مستعمل ہے یعنی موت پر یا غیر حقیقی معنوں پر یعنی نیند پر۔ ہر یک جگہ اُس ﴿۳۳۸﴾ لفظ سے مراد یہی ہے کہ روح قبض کی جائے اور جسم معطل اور بے کار کر دیا جائے۔ اب جبکہ یہ معنے مذکورہ بالا ایک مسلّم قاعدہ ٹھہر چکا جس پر قرآن شریف کی تمام آیتیں جن میں توفّی کا لفظ موجود ہے شہادت دے رہی ہیں تو اس صورت میں اگر فرض محال کے طور پر ایک لمحہ کے لئے یہ خیال باطل بھی قبول کر لیں کہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ کے معنے اِنِّیْ مُنِیْمُکَ ہے یعنی یہ کہ میں تجھے سلانے والا ہوں تو اس سے بھی جسم کا اُٹھایا جانا غلط ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس جگہ اِنّی متوفّی☆ کے معنے از روئے قاعدہ متذکرہ بالا یہی کریں گے کہ میں تجھ پر نیند کی حالت غالب کر کے تیری روح کو قبض کرنے والا ہوں۔ اب ظاہر ہے کہ انّی متوفّیک کے بعد جو رافعک الیّ فرمایا ہے یعنی میں تیری روح کو قبض کر کے پھر اپنی طرف اُٹھاؤں گا یہ رافعک کا لفظ انیّ متوفّیک کے لفظ سے تعلق رکھتا ہے جس سے بداہت یہ معنے نکلتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے روح کو قبض کیا اور روح کو ہی اپنی طرف اُٹھایا کیوں کہ جو چیز قبض کی گئی وہی اُٹھائی جائے گی جسم کے قبض کرنے کا تو کہیں ذکر نہیں۔ چنانچہ دوسری آیات میں جو ﴿۳۳۹﴾ نیند کے متعلق ہیں خدائے تعالیٰ صاف صاف فرما چکا ہے کہ نیند میں بھی موت کی طرح روح ہی قبض کی جاتی ہے جسم نہیں قبض کیا جاتا۔ اب ہر یک شخص سمجھ سکتا ہے کہ جو قبض کیا جاتا ہے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’مُتَوَفِّیْکَ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اُٹھایا بھی وہی جائے گا۔ یہ تو نہیں کہ قبض کیا جائے روح اور پھر جسم کو اُٹھایا جائے۔ ایسے معنے تو قرآن شریف کی تمام آیات اور منشائے ربّانی سے صریح صریح مخالف ہیں۔ قرآن شریف نیند کے مقامات میں بھی جو تــوفّی کے لفظ کو بطور استعارہ استعمال کرتا ہے اس جگہ بھی صاف فرماتا ہے کہ ہم روح کو قبض کر لیتے ہیں اور جسم کو بے کار چھوڑ دیتے ہیں۔ اور موت اور نیند میں صرف اتنا فرق ہے کہ موت کی حالت میں ہم روح کو قبض کر کے پھر چھوڑتے نہیں بلکہ اپنے پاس رکھتے ہیں۔ اور نیند کی حالت میں ایک مدت تک روح کو قبض کر کے پھر اس روح کو چھوڑ دیتے ہیں اور پھر وہ جسم سے تعلق پکڑ لیتی ہے۔

اب سوچنا چاہیے کہ کیا یہ بیان قرآن شریف کا اس بات کے سمجھنے کے لئے کافی نہیں کہ خدائے تعالیٰ کو جسم کے قبض کرنے اور اٹھانے سے دونوں حالتوں موت اور نیند میں کچھ سروکار نہیں بلکہ جیسا کہ اس نے خود فرمایا ہے یہ جسم خاک سے پیدا کیا گیا ہے اور آخر خاک میں ہی داخل ہوتا ہے۔ خدائے تعالیٰ ابتدائے دنیا سے صرف روحوں کو قبض کرتا آیا ہے اور روحوں کو ہی اپنی طرف اُٹھاتا ہے اور جب کہ یہی امر واقعی اور یہی صحیح اور سچ ہے تو اس صورت میں اگر ہم فرض بھی کر لیں کہ انّی متوفّیک کے یہی معنے ہیں کہ میں تیری روح کو اسی طور سے قبض کرنے والا ہوں جیسا کہ سونے والے کی روح قبض کی جاتی ہے تو پھر بھی جسم کو اس قبض سے کچھ علاقہ نہیں ہو گا اور اس طور کی تاویل سے اگر کچھ ثابت ہوگا تو یہ ہوگا کہ حضرت مسیح کی روح خواب کے طور پر قبض کی گئی اور جسم اپنی جگہ زمین پر پڑا رہا اور پھر کسی وقت روح جسم میں داخل ہوگئی۔ اور ایسے معنے سراسر باطل اور دونوں فریق کے مقصد کے مخالف ہیں کیونکہ صرف کچھ عرصہ کے لئے حضرت مسیح کا سونا اور پھر جاگ اُٹھنا ہماری اس بحث سے کچھ علاقہ نہیں رکھتا۔ اور قرآن کریم کی آیت ممدوحہ بالا صاف بلند آواز سے پکار رہی ہے کہ حضرت مسیح کی روح جو قبض کی گئی تو پھر سونے والے کی روح کی طرح جسم کی طرف نہیں چھوڑی گئی بلکہ خدائے تعالیٰ نے اس کو اپنی طرف اُٹھا لیا جیسا کہ الفاظ

۳۴۰

صَرِیحۃ الدلالت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ [1] سے ظاہر ہے۔ ﴿۳۴۱﴾
انصاف کی آنکھ سے دیکھنا چاہیے کہ جس طرح حضرت مسیح کے حق میں اللہ جلّ شانُہٗ نے قرآن کریم میں اِنِّی مُتَوَفِّیک فرمایا ہے اسی طرح ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں فرمایا ہے وَاِمَّا نُرِیَنَّکَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُھُمْ اَوْ نَتَوَفَّیَنَّکَ [2] یعنی دونوں جگہ مسیح کے حق میں اور ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں توفّی کا لفظ موجود ہے پھر کس قدر ناانصافی کی بات ہے کہ ہمارے سیّد و مولیٰ کی نسبت جو توفّی کا لفظ آیا ہے تو اس جگہ تو ہم وفات کے ہی معنے کریں اور اُسی لفظ کو حضرت عیسیٰ کی نسبت اپنے اصلی اور شائع متعارف معنوں سے پھیر کر اور اُن متفق علیہ معنے سے جو اوّل سے آخر تک قرآن شریف سے ظاہر ہو رہے ہیں انحراف کر کے اپنے دل سے کچھ اور کے اور معنے تراش لیں۔ اگر یہ الحاد اور تحریف نہیں تو پھر الحاد اور تحریف کس کو کہتے ہیں!!! جس قدر مبسوط تفاسیر دنیا میں موجود ہیں جیسے کشاف اور معالم اور تفسیر رازی اور ابن کثیر اور مدارک اور فتح ﴿۳۴۲﴾
البیان سب میں زیر تفسیر یا عیسیٰ انی متوفّیک یہی لکھا ہے کہ انّی ممیتک حتف انفک یعنی اے عیسیٰ میں تجھے طبعی موت سے مارنے والا ہوں بغیر اس کے کہ تُو مصلوب یا مضروب ہونے کی حالت میں فوت ہو۔ غایت ما فی الباب بعض مفسرین نے اپنی کوتہ اندیشی سے اس آیت کی اَور وجوہ پر بھی تفسیریں کی ہیں لیکن صرف اپنے بے بنیاد خیال سے نہ کسی آیت یا حدیث صحیح کے حوالہ سے۔ اگر وہ زندہ ہوتے تو اُن سے پوچھا جاتا کہ حق کے ساتھ تم نے باطل کو کیوں اور کس دلیل سے ملایا؟ بہرحال جب وہ اس بات کا اقرار کر گئے کہ منجملہ اقوال مختلفہ کے یہ بھی ایک قول ہے کہ ضرور حضرت مسیح فوت ہو گئے تھے اور ان کی روح اُٹھائی گئی تھی تو ان کی دوسری لغزشیں قابل عفو ہیں ان میں سے بعض جیسا کہ صاحب کشّاف خود اپنی قلم سے دوسرے اقوال کو قِیْلَ کے لفظ سے ضعیف ٹھہرا گئے ہیں۔

[1] اٰل عمران :۵۶ [2] یونس :۴۷

اب جبکہ توفّی کے لفظ کی بخوبی تحقیقات ہو چکی اور ثابت ہو گیا کہ تمام قرآن شریف میں اوّل سے آخر تک یہ لفظ فقط روح کے قبض کرنے کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے تو اب یہ دیکھنا باقی رہا کہ اس کے بعد جو فقرہ رافعک الیّ میں رفع کا لفظ ہے یہ کن معنوں پر قرآن شریف میں مستعمل ہے۔ ﴿۳۴۳﴾

جاننا چاہیئے کہ رَفع کا لفظ قرآن شریف میں جہاں کہیں انبیاء اور اخیار ابرار کی نسبت استعمال کیا گیا ہے عام طور پر اس سے یہی مطلب ہے کہ جو ان برگزیدہ لوگوں کو خدائے تعالیٰ کی جناب میں باعتبار اپنے روحانی مقام اور نفسی نقطہ کے آسمانوں میں کوئی بلند مرتبہ حاصل ہے اس کو ظاہر کر دیا جائے اور ان کو بشارت دی جائے کہ بعد موت و مفارقت بدن اُن کی روح اُس مقام تک جو اُن کے لئے قرب کا مقام ہے اُٹھائی جائے گی۔ جیسا کہ اللہ جلَّ شَانُہٗ ہمارے سیّد و مولیٰ کا اعلیٰ مقام ظاہر کرنے کی غرض سے قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ[۱]۔ یعنی یہ تمام رسول اپنے مرتبہ میں یکساں نہیں بعض اُن میں سے وہ ہیں جن کو روبرو کلام کرنے کا شرف بخشا گیا اور بعض وہ ہیں جن کا رفع درجات سب سے بڑھ کر ہے۔

﴿۳۴۴﴾ اسؔ آیت کی تفسیر احادیث نبویہ میں یہی بیان کی گئی ہے کہ موت کے بعد ہر یک نبی کی روح آسمان کی طرف اُٹھائی جاتی ہے اور اپنے درجہ کے موافق اس روح کو آسمانوں میں سے کسی آسمان میں کوئی مقام ملتا ہے جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ اس مقام تک اس روح کا رفع عمل میں آیا ہے تا جیسا کہ باطنی طور پر اس روح کا درجہ تھا خارجی طور پر وہ درجہ ثابت کر کے دکھلایا جائے سو یہ رفع جو آسمان کی طرف ہوتا ہے تحقیق درجات کے لئے وقوع میں آتا ہے اور آیت مذکورہ بالا میں جو رفع بعضھم درجات ہے یہ اشارہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رفع تمام نبیوں کے رفع سے

[۱] البقرۃ:۲۵۴

بلند تر ہے اور اُن کی روح مسیح کی روح کی طرح دوسرے آسمان میں نہیں اور نہ حضرت موسیٰ کی روح کی طرح چھٹے آسمان میں بلکہ سب سے بلند تر ہے اسی کی طرف معراج کی حدیث بتصریح دلالت کر رہی ہے بلکہ معالم النبوۃ میں بصفحہ ۵۱۷ یہ حدیث لکھی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں چھٹے آسمان سے آگے گذر گئے تو حضرت موسیٰ نے کہا رَبِّ لَمْ اَظُنَّ
اَنْ یُّرْفَعَ عَلَیَّ اَحَدٌ یعنی اے میرے خداوند! مجھے یہ گمان نہیں تھا کہ کوئی نبی مجھ سے اوپر ﴿۳۴۵﴾
اُٹھایا جائے گا اور اپنے رفع میں مجھ سے آگے بڑھ جائے گا۔ اب دیکھو کہ **رفع** کا لفظ محض تحقق درجات کے لئے استعمال کیا گیا ہے اور آیت موصوفہ بالا کے احادیث نبویہ کی رو سے یہ معنے کھلے کہ ہر یک نبی اپنے درجہ کے موافق آسمانوں کی طرف اٹھایا جاتا ہے اور اپنے قرب کے انداز کے موافق **رفع** سے حصہ لیتا ہے اور انبیاء اور اولیاء کی روح اگرچہ دنیوی حیات کے زمانہ میں زمین پر ہو مگر پھر بھی اُس آسمان سے اُس کا تعلق ہوتا ہے جو اس کی روح کے لئے حد رفع ٹھہرایا گیا ہے اور موت کے بعد وہ روح اُس آسمان میں جا ٹھہرتی ہے جو اس کے لئے حد رفع مقرر کیا گیا ہے۔ چنانچہ وہ حدیث جس میں عام طور پر موت کے بعد روحوں کے اُٹھائے جانے کا ذکر ہے اس بیان کی مؤید ہے اور چونکہ یہ بحث نہایت صریح اور صاف ہے اور کسی قدر ہم پہلے لکھ بھی چکے ہیں اس لئے کچھ ضرورت نہیں کہ اس کو زیادہ طول دیا جائے۔

اِس مقام میں یہ بھی بیان کرنے کے لائق ہے کہ بعض مفسّروں نے جب دیکھا کہ ﴿۳۴۶﴾
درحقیقت انّی متوفّیک میں توفّی کے معنے وفات دینے کے ہیں اور بعد اس کے جو رافعک الیّ واقع ہے وہ بقرینہ صریحہ وفات کے روح کے **رفع** پر دلالت کر رہا ہے تو انہیں یہ فکر پڑی کہ یہ صریح ہماری رائے کے مخالف ہے اس لئے انہوں نے گویا اپنے تئیں نظم فرقانی کا مصلح قرار دے کر یا اپنے لئے استادی کا منصب تجویز کر کے یہ اصلاح

کی کہ اس جگہ **رافعک** مقدّم اور **انّی متوفیک** مؤخر ہے۔ مگر ناظرین جانتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کے ابلغ و افصح کلام میں یہ کس قدر بے جا اور اس کلام کی کسرِ شان کا موجب ہے۔ اس جگہ یہ بھی جاننا چاہیے کہ خدائے تعالیٰ نے جو حضرت مسیح کے حق میں یہ فرمایا کہ مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ [1] اس سے ہرگز یہ مراد نہیں کہ مسیح فوت نہیں ہوا۔ کیا مرنے کے لئے یہی ایک راہ ہے کہ انسان قتل کیا جائے یا صلیب پر کھینچا جائے؟ بلکہ اس نفی سے مدعا اور مطلب یہ ہے کہ توریت استثناء باب ۲۱ آیت ۲۳ میں لکھا ہے کہ جو پھانسی دیا جاتا ہے خدا کا ملعون ہے۔ اور یہود جنھوں نے اپنے زعم میں حضرت عیسیٰ کو پھانسی دے دیا تھا وہ ﴿۳۴۷﴾
بہ تمسک اس آیت کے یہ خیال رکھتے تھے کہ مسیح ابن مریم نہ نبی تھا اور نہ مقبول الٰہی کیونکہ وہ پھانسی دیا گیا اور توریت بیان کر رہی ہے کہ جو شخص پھانسی دیا جائے وہ لعنتی ہوتا ہے۔ سو خدائے تعالیٰ کو منظور تھا کہ اصل حقیقت ظاہر کر کے اُن کے اس قول کو ردّ کرے سو اس نے فرمایا کہ مسیح ابن مریم درحقیقت مصلوب نہیں ہوا اور نہ مقتول ہوا بلکہ اپنی موت سے فوت ہوا۔

(۲) **سوال**۔ یہ کہاں اور کس کتاب میں لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم جس کے آنے کا وعدہ دیا گیا ہے وہ درحقیقت مسیح ابن مریم نہیں ہے بلکہ کوئی اس کا مثیل مراد ہے؟

**جواب**۔ اس بات کو پہلے تو قرآن شریف ہی بتصریح ذکر کر چکا ہے جبکہ اس نے صاف لفظوں میں فرما دیا کہ کوئی نبی نہیں آیا جو **فوت** نہ ہوا ہو۔ مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ [2]۔ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ [3] وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ [4]۔ ﴿۳۴۸﴾
اب ظاہر ہے کہ باوجود اِن تمام آیات کے جو بآواز بلند مسیح کی موت پر شہادت دے رہی ہیں پھر بھی مسیح کو زندہ خیال کرنا اور یہ اعتقاد رکھنا کہ برخلاف مفہوم آیت **وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ** مسیح جسم خاکی کے ساتھ

[1] النساء :۱۵۸ [2] اٰل عمران :۱۴۵ [3] الانبیاء :۳۵ [4] الانبیاء :۹

دوسرے آسمان میں بغیر حاجت طعام کے یونہی فرشتوں کی طرح زندہ ہے درحقیقت خدا تعالیٰ کے پاک کلام سے روگردانی ہے۔

پھر میں کہتا ہوں کہ اگر مسیح اسی جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر زندہ ہے تو خدا تعالیٰ کا آیت ممدوحہ بالا میں یہ دلیل پیش کرنا کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگر **فوت ہو گیا** تو اس کی نبوت پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ ابتدا سے سارے نبی **مرتے** ہی آئے ہیں بالکل نکمّی اور لغو بلکہ خلاف واقعہ ٹھہر جائے گی اور خدائے تعالیٰ کی شان اس سے بلند ہے کہ جھوٹ بولے یا خلاف واقعہ کہے۔

﴿۳۴۹﴾ اب ظاہر ہے کہ جبکہ مسیح **فوت ہو چکا** تو اب وہ **موت** کے بعد آنہیں سکتا اور نہ اُس کے مرنے کے بعد قرآن شریف میں کوئی خبر اُس کے پھر زندہ ہونے کی دی گئی ہے پس بلاشبہ آنے والا مسیح اُس کا کوئی مثیل ہوگا۔ ماسوا اس کے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پاک احادیث میں اس بات کی طرف اشارہ بھی کر دیا ہے کہ آنے والا مسیح دراصل مسیح ابن مریم نہیں ہے بلکہ اس کا مثیل ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جانے والے مسیح کا اور حلیہ بتلایا ہے اور آنے والے مسیح کا اور حلیہ ظاہر کیا ہے اور مسیح گذشتہ کی نسبت قطعی طور پر کہا ہے کہ وہ نبی تھا لیکن آنے والے مسیح کو اُمتی کر کے پکارا ہے جیسا کہ حدیث **امامکم منکم** سے ظاہر ہے اور حدیث **علماء اُمّتی کانبیاء بنی اسرائیل** میں اشارۃً مثیل مسیح کے آنے کی خبر دی ہے۔ چنانچہ اس کے مطابق آنے والا مسیح محدث ہونے کی وجہ سے مجازاً نبی بھی ہے۔ پس اس سے زیادہ اَور کیا بیان ہوگا۔ ماسوا اس کے حضرت مسیح ابن مریم جس کی روح اُٹھائی گئی برطبق آیت کریمہ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِىْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِىْ فِىْ عِبٰدِىْ وَادْخُلِىْ جَنَّتِىْ[1] بہشت میں داخل ہو چکی۔ اب کیوں کر پھر اس غم کدہ میں آ جائیں گو اس کو ہم نے مانا کہ وہ کامل درجہ دخول بہشت کا جو جسمانی اور روحانی دونوں طور پر ہوگا وہ حشر اجساد کے بعد ہر یک مستحق کو عطا کیا جائے گا مگر اب بھی جس قدر بہشت کی لذات

[1] الفجر: ۲۸ تا ۳۱

عطا ہوچکیں اس سے مقرب لوگ باہر نہیں کئے جاتے اور قیامت کے دن میں بحضور ربّ ﴿۳۵۰﴾
العالمین اُن کا حاضر ہونا اُن کو بہشت سے نہیں نکالتا کیونکہ یہ تو نہیں کہ بہشت سے باہر کوئی لکڑی یا لوہے یا چاندی کا تخت بچھایا جائے گا اور خدائے تعالیٰ مجازی حکام اور سلاطین کی طرح اس پر بیٹھے گا اور کسی قدر مسافت طے کر کے اُس کے حضور میں حاضر ہونا ہوگا تا یہ اعتراض لازم آوے کہ اگر بہشتی لوگ بہشت میں داخل شدہ تجویز کئے جائیں تو طلبی کے وقت انہیں بہشت سے نکلنا پڑے گا اور اس لق و دق جنگل میں جہاں تخت ربّ العالمین بچھایا گیا ہے حاضر ہونا پڑے گا۔ ایسا خیال تو سراسر جسمانی اور یہودیت کی سرشت سے نکلا ہوا ہے اور حق یہی ہے کہ ہم عدالت کے دن پر ایمان تو لاتے ہیں اور تخت ربّ العالمین کے قائل ہیں لیکن جسمانی طور پر اس کا خاکہ نہیں کھینچتے اور اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ اللہ اور رسول نے فرمایا ہے وہ سب کچھ ہوگا لیکن ایسے پاک طور پر کہ جو خدائے تعالیٰ کے تقدس اور تنزہ اور اس کی تمام صفات کاملہ کے منافی و مغائر نہ ہو۔ بہشت تجلی گاہِ حق ہے یہ کیوں کر کہہ سکیں کہ
اُس دن خدائے تعالیٰ ایک مجسم شخص کی طرح بہشت سے باہر اپنا خیمہ یا یوں کہو کہ اپنا تخت ﴿۳۵۱﴾
بچھوا دے گا بلکہ حق یہ ہے کہ اس دن بھی بہشتی بہشت میں ہوں گے اور دوزخی دوزخ میں لیکن رحم الٰہی کی تجلی عظمیٰ راستبازوں اور ایمانداروں پر ایک جدید طور سے لذاتِ کاملہ کی بارش کر کے اور تمام سامان بہشتی زندگی کا حسی اور جسمانی طور پر ان کو دکھلا کر اُس نئے طور پر کے دارالسلام میں ان کو داخل کر دے گی۔ ایسا ہی خدائے تعالیٰ کی قہری تجلی جہنم کو بھی بعد از حساب اور الزام صریح کے نئے رنگ میں دکھلا کر گویا جہنمی لوگوں کو نئے سرے جہنم میں داخل کرے گی۔ روحانی طور پر بہشتیوں کا بلا توقف بعد موت کے بہشت میں داخل ہو جانا اور دوزخیوں کا دوزخ میں گرایا جانا بتواتر قرآن شریف اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ کہاں تک ہم اس رسالہ کو طول دیتے جائیں۔ اے خداوند قادر اس قوم پر رحم کر جو کلام الٰہی کو پڑھتے ہیں لیکن وہ پاک کلام اُن کے حلق سے آگے نہیں گذرتا۔

(۳) **سوال**۔ مسیح کے دوبارہ آنے کے ابطال میں جو یہ دلیل پیش کی گئی ہے کہ مسیح کا فوت ہونا ثابت ہے اور ہر یک مومن راستباز مرنے کے بعد بہشت میں داخل ہوجاتا ہے اور ہر یک جو بہشت میں داخل ہوجاتا ہے وہ برطبق آیت وَ مَا ھُمۡ مِّنۡھَا بِمُخۡرَجِیۡنَ[۱] ہمیشہ رہنے کا ﴿۳۵۲﴾
بہشت میں حق رکھتا ہے۔ یہ دلیل صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اگر یہ صحیح ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ وہ قصہ صحیح نہ ہو جو عزیر نبی کی نسبت قرآن شریف میں بیان کیا گیا ہے کہ وہ سَو برس تک مرا رہا اور پھر خدائے تعالیٰ نے اس کو زندہ کیا وجہ یہ کہ برطبق قاعدہ مفروضۂ بالا زندہ ہونے سے یہ ماننا پڑتا ہے کہ وہ بہشت سے خارج کیا گیا۔ ایسا ہی اس آیت کو ظاہر پر حمل کرنے سے مُردوں کا قبروں سے جی اُٹھنا اور میدانِ حساب میں ربّ العالمین کے حضور میں آنا یہ سب باتیں اس آیت کے ایسے معنے کرنے سے کہ راستباز انسان مرنے کے بعد بہشت میں بلاتوقف داخل ہوجاتا ہے اور پھر اس سے کبھی نہیں نکلتا باطل ہوجاتے ہیں اور مسلّمات عقیدہ اسلام میں ایک سخت انقلاب پیدا ہوجاتا ہے۔

**اما الجواب**۔ پس واضح ہو کہ حقیقت میں یہ سچ ہے کہ جو شخص بہشت میں داخل کیا جاتا ہے پھر وہ اس سے کبھی خارج نہیں کیا جاتا۔ جیسا کہ اللہ جلَّ شَانُہٗ مومنین کو وعدہ صادقہ دے کر فرماتا ہے لَا یَمَسُّھُمۡ فِیۡھَا نَصَبٌ وَّ مَا ھُمۡ مِّنۡھَا بِمُخۡرَجِیۡنَ[۲] یعنی بہشت میں داخل ﴿۳۵۳﴾
ہونے والے ہر یک رنج اور تکلیف سے رہائی پا گئے اور وہ کبھی اس سے نکالے نہیں جائیں گے۔ سورۃ الحجر الجزو نمبر ۱۴۔ پھر ایک دوسری جگہ فرماتا ہے وَاَمَّا الَّذِیۡنَ سُعِدُوۡا فَفِی الۡجَنَّةِ خٰلِدِیۡنَ فِیۡھَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالۡاَرۡضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً غَیۡرَ مَجۡذُوۡذٍ[۳]۔ الجزو نمبر ۱۲ سورہ ہود۔ یعنی سعید لوگ مرنے کے بعد بہشت میں داخل کئے جاتے ہیں اور ہمیشہ اُس میں رہیں گے جب تک آسمان و زمین ہے اور اگر یہ آسمان اور زمین بدلائے بھی جائیں جیسا کہ قیامت کے آنے کے وقت ہوگا تب بھی

[۱،۲] الحجر:۴۹ [۳] ھود:۱۰۹

سعید لوگ بہشت سے باہر نہیں ہو سکتے اور نہ ان چیزوں کے فساد سے بہشت میں کچھ فساد ہو سکتا ہے کیونکہ بہشت اُن کے لئے ایک ایسی عطا ہے جو ایک لمحہ کے لئے بھی اس سے محروم نہیں رہ سکتے۔

ایسا ہی قرآن شریف کے دوسرے مقامات میں بھی بہشتیوں کے ہمیشہ بہشت میں رہنے کا جا بجا ذکر ہے اور سارا قرآن شریف اس سے بھرا پڑا ہے۔ جیسا کہ فرماتا ہے
﴿۳۵۴﴾ وَلَهُمْ فِيهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ [1] اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ [2] وغیرہ۔ وغیرہ۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ مومن کو فوت ہونے کے بعد بلا توقف بہشت میں جگہ ملتی ہے جیسا کہ ان آیات سے ظاہر ہو رہا ہے قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِىْ يَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَ لِىْ رَبِّىْ وَجَعَلَنِىْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ [3] اور دوسری یہ آیت فَادْخُلِىْ فِىْ عِبٰدِىْ وَ ادْخُلِىْ جَنَّتِىْ [4] اور تیسری یہ آیت وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ۔ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ [5] اور احادیث میں تو اس قدر اس کا بیان ہے کہ جس کا باستیفاء ذکر کرنا موجب تطویل ہوگا بلکہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنا چشم دید ماجرا بیان فرماتے ہیں کہ ’’مجھے دوزخ دکھلایا گیا تو میں نے اکثر اُس میں عورتیں دیکھیں اور بہشت دکھلایا گیا تو میں نے اکثر اُس میں فقراء دیکھے‘‘۔ اور انجیل لوقا باب ۱۶ میں ایک قصہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے کہ لعزر جو ایک غریب آدمی تھا مرنے کے بعد
﴿۳۵۵﴾ ابرھام کی گود میں بٹھایا گیا یعنی نعیم جنت سے متمتع ہوا لیکن ایک دولت مند جو انہیں دنوں میں مرا دوزخ میں ڈالا گیا اور اس نے لعزر سے ٹھنڈا پانی مانگا مگر اُسے دیا نہ گیا۔

ماسوا اس کے ایسی آیات بھی ہیں جو ظاہر کرتی ہیں جو حشر اجساد ہوگا اور حساب کے بعد بہشتی بہشت میں داخل کئے جائیں گے اور دوزخی دوزخ میں اور بظاہر اِن دونوں

[1] البقرة:۲۶ [2] البقرة:۸۳ [3] یٰسٓ:۲۷،۲۸ [4] الفجر:۳۰،۳۱ [5] اٰل عمران:۱۷۰،۱۷۱

قسموں کی آیات پر نظر ڈالنے سے تعارض معلوم ہوتا ہے قرآن شریف اور احادیث میں ارواح طیبہ کا بہشت میں مرنے کے بعد داخل ہونا تو بدیہی اور کھلے کھلے طور پر ثابت ہے مگر ایک بھی ایسی آیت یا حدیث نہیں ملے گی جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ یوم الحساب میں بہشتی لوگ بہشت سے باہر نکال دیئے جائیں گے بلکہ حسب وعدہ الٰہی بہشت میں ہمیشہ رہنا بہشتیوں کا جابجا قرآن شریف اور احادیث میں مندرج ہے۔ ہاں دوسری طرف یہ بھی ثابت ہے کہ قبروں میں سے مردے جی اٹھیں گے اور ہر یک شخص حکم سننے کے لئے خدائے تعالیٰ کے حضور میں کھڑا ہوگا اور ہر یک شخص کے عمل اور ایمان کا اندازہ الٰہی ترازو سے اُس پر ظاہر کیا جائے گا تب جو لوگ بہشت کے لائق ہیں بہشت میں داخل کئے جائیں گے اور جو دوزخ میں جلنے کے سزاوار ہیں وہ دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے۔

﴿۳۵۶﴾ اب واضح ہو کہ اس تعارض کے دور کرنے کے لئے جو آیات اور احادیث میں باہم واقعہ ہے یہ راہ نہیں ہے کہ یہ اعتقاد ظاہر کیا جائے کہ موت کے بعد تمام روحیں ایک فنا کی حالت میں رہتی ہیں۔ نہ کہ کسی قسم کی اُن کو راحت حاصل ہوتی ہے اور نہ کسی نوع کی عقوبت میں گرفتار ہوتی ہیں اور نہ جنت کی ٹھنڈی ہوا اُن کو پہنچتی ہے اور نہ دوزخ کی بھاپ ان کو جلاتی ہے کیونکہ ایسا اعتقاد نصوص بیّنہ فرقان اور حدیث سے بکلی مغائر ہے۔ میت کے لئے جو دعا کی جاتی ہے یا صدقات کئے جاتے ہیں اور میت کی نیت سے مساکین کو طعام کھلایا جاتا ہے یا کپڑا دیا جاتا ہے اگر اس درمیانی زمانہ میں جو قبل از حشر اجساد ہے جنت اور جہنم کا میت سے کچھ علاقہ نہیں تو یہ سب اعمال ایک مدت دراز تک بطور عبث کے متصور ہوں گے اور یہ ماننا پڑے گا کہ اِس درمیانی زمانہ میں میت کو راحت اور رنج اور ثواب اور عقاب سے کچھ علاقہ نہیں ہوتا حالانکہ ایسا گمان تعلیم نبوی سے سراسر مخالف ہے۔

﴿۳۵۷﴾ پس وہ واقعی امر جس سے اِن دونوں قسم کی آیات کا تعارض دور ہوتا ہے یہ ہے کہ جنت اور جہنم تین درجوں پر منقسم ہے۔

**پہلا درجہ** جو ایک ادنیٰ درجہ ہے اُس وقت سے شروع ہوتا ہے کہ جب انسان اس عالم سے رخصت ہو کر اپنی خواب گاہ قبر میں جا لیٹتا ہے اور اس درجہ ضعیفہ کو استعارہ کے طور پر احادیث نبویہ میں کئی پیرایوں میں بیان کیا گیا ہے۔ منجملہ اُن کے ایک یہ بھی پیرایہ ہے کہ میت عبد صالح کے لئے قبر میں جنت کی طرف ایک کھڑکی کھولی جاتی ہے جس کی راہ سے وہ جنت کی باغ و بہار دیکھتا ہے اور اس کی دلربا ہوا سے متمتع ہوتا ہے اور اس کھڑکی کی کشادگی بحسب مرتبہ ایمان و عمل اس میت کے ہوتی ہے لیکن ساتھ اس کے یہ بھی لکھا ہے کہ جو ایسے فنا فی اللہ ہونے کی حالت میں دنیا سے جدا ہوتے ہیں کہ اپنی جان عزیز کو محبوب حقیقی کی راہ میں فدا کر دیتے ہیں جیسے شہداء یا وہ صدیق لوگ جو شہداء سے بھی بڑھ کر آگے قدم رکھتے ہیں اُن کے لئے اُن کی موت کے بعد صرف بہشت کی طرف کھڑکی ہی نہیں کھولی جاتی بلکہ وہ اپنے سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ بہشت میں داخل ہو جاتے ہیں مگر پھر بھی قیامت کے دن سے پہلے ﴿۳۵۸﴾ اکمل اور اتم طور پر لذات جنت حاصل نہیں کر سکتے۔

ایسا ہی اس درجہ میں میت خبیث کے لئے دوزخ کی طرف قبر میں ایک کھڑکی کھولی جاتی ہے جس کی راہ سے دوزخ کی ایک جلانے والی بھاپ آتی رہتی ہے اور اُس کے شعلوں سے ہر وقت وہ خبیث روح جلتی رہتی ہے لیکن ساتھ اس کے یہ بھی ہے کہ جو لوگ اپنی کثرت نافرمانی کی وجہ سے ایسے فنا فی الشیطان ہونے کی حالت میں دنیا سے جدا ہوتے ہیں کہ شیطان کی فرمانبرداری کی وجہ سے بکلی تعلقات اپنے مولیٰ حقیقی سے توڑ دیتے ہیں اُن کے لئے اُن کی موت کے بعد صرف دوزخ کی طرف کھڑکی ہی نہیں کھولی جاتی بلکہ وہ اپنے سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ خاص دوزخ میں ڈال دئے جاتے ہیں جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا [1] سورہ نوح مگر پھر بھی وہ لوگ قیامت کے دن سے پہلے اکمل اور اتم طور پر عقوبات جہنم کا

[1] نوح:۲۶

مزہ نہیں چکھتے۔

**دوسرا درجہ۔** پھر اس درجہ سے اوپر جو ابھی ہم نے بہشتیوں اور دوزخیوں کے لئے بیان کیا ہے ﴿۳۵۹﴾
ایک اور درجہ دخول جنت دخول جہنم ہے جس کو درمیانی درجہ کہنا چاہیے اور وہ حشر اجساد کے بعد اور جنت عظمیٰ یا جہنم کبریٰ میں داخل ہونے سے پہلے حاصل ہوتا ہے اور بوجہ تعلق جسد کامل قویٰ میں ایک اعلیٰ درجہ کی تیزی پیدا ہو کر اور خدائے تعالیٰ کی تجلی رحم یا تجلی قہر کا حسب حالت اپنے کامل طور پر مشاہدہ ہو کر اور جنت عظمیٰ کو بہت قریب پا کر یا جہنم کبریٰ کو بہت ہی قریب دیکھ کر وہ لذات یا عقوبات ترقی پذیر ہو جاتے ہیں جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ آپ فرماتا ہے وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ـ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ [1] وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ـ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ـ وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ـ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ـ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ [2] اس دوسرے درجہ میں بھی لوگ مساوی نہیں ہوتے بلکہ اعلیٰ درجہ کے بھی ہوتے ہیں جو بہشتی ہونے کی حالت میں بہشتی انوار اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔ اُنہیں کی طرف اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ [3] ایسا ہی دوزخی ہونے کی حالت میں اعلیٰ درجہ کے کفار ہوتے ہیں کہ قبل اس کے جو کامل طور پر دوزخ میں پڑیں اُن کے دلوں پر
﴿۳۶۰﴾ دوزخ کی آگ بھڑکائی جاتی ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ـ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ [4]

پھر اس درجہ کے اُوپر جو آخری درجہ ہے **تیسرا درجہ** ہے جو منتہائے مدارج ہے جس میں یوم الحساب کے بعد لوگ داخل ہوں گے اور اکمل اور اتم طور پر سعادت یا شقاوت کا مزہ چکھ لیں گے۔

اب حاصل کلام یہ ہے کہ ان تینوں مدارج میں انسان ایک قسم کی بہشت یا ایک قسم کے دوزخ میں ہوتا ہے اور جبکہ یہ حال ہے تو اس صورت میں صاف ظاہر ہے کہ اِن مدارج میں سے کسی درجہ پر ہونے کی حالت میں انسان بہشت یا دوزخ میں سے نکالا نہیں جاتا۔

[1] الشعراء: ۹۱، ۹۲ [2] عبس: ۳۹-۴۲ [3] التحریم: ۹ [4] الھمزۃ: ۷، ۸

ہاں جب اس درجہ سے ترقی کرتا ہے تو ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ درجہ میں آ جاتا ہے۔

اس ترقی کی ایک یہ بھی صورت ہے کہ جب مثلاً ایک شخص ایمان اور عمل کی ادنیٰ حالت میں فوت ہوتا ہے تو تھوڑی سی سوراخ بہشت کی طرف اس کے لئے نکالی جاتی ہے کیونکہ بہشتی تجلّی کی اُسی قدر اس میں استعداد موجود ہوتی ہے۔ پھر بعد اس کے اگر وہ اولاد صالح چھوڑ کر مرا ﴿۳۶۱﴾ ہے جو جدو جہد سے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور صدقات و خیرات اُس کی مغفرت کی نیّت سے مساکین کو دیتے ہیں یا ایسے کسی اہل اللہ سے اس کی محبت تھی جو تضرعات سے جناب الٰہی سے اس کی بخشش چاہتا ہے یا کوئی ایسا خلق اللہ کے فائدہ کا کام وہ دنیا میں کر گیا ہے جس سے بندگانِ خدا کو کسی قسم کی مدد یا آرام پہنچتا ہے تو اس خیر جاری کی برکت سے وہ کھڑکی اس کی جو بہشت کی طرف کھولی گئی دن بدن اپنی کشادگی میں زیادہ ہوتی جاتی ہے اور سبقت رحمتی علی غضبی کا منشاء اور بھی اس کو زیادہ کرتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ کھڑکی ایک بڑا وسیع دروازہ ہو کر آخر یہاں تک نوبت پہنچتی ہے کہ شہیدوں اور صدیقوں کی طرح وہ بہشت میں ہی داخل ہو جاتا ہے۔ اس بات کو سمجھنے والے سمجھ سکتے ہیں کہ یہ بات شرعاً وانصافاً وعقلاً بے ہودہ ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ باوجود اس کے کہ ایک مرد مسلم فوت شدہ کے بعد ایک قسم کی خیر اس کے لئے جاری رہے اور ثواب اور اعمال صالحہ کی بعض وجوہ اس کے لئے کھلی رہیں مگر پھر بھی وہ کھڑکی جو بہشت کی طرف اس کے لئے کھولی گئی ہے ہمیشہ اُتنی کی اُتنی ہی رہے جو پہلے دن کھولی گئی تھی۔ ﴿۳۶۲﴾

یاد رکھنا چاہیے کہ خدائے تعالیٰ نے اس کھڑکی کے کھولنے کے لئے پہلے سے اس قدر سامان کر رکھے ہیں جن سے بتصریح معلوم ہوتا ہے کہ اس کریم کا دراصل منشاء ہی یہی ہے کہ اگر ایک ذرّہ ایمان وعمل لے کر بھی اس کی طرف کوئی سفر کرے تو وہ ذرّہ بھی نشوونما کرتا رہے گا اور اگر کسی اتفاق سے تمام سامان اس خیر کے جو میت کو اس عالم کی طرف سے پہنچتی ہے ناپیدا رہیں تاہم یہ سامان کسی طرح ناپیدا اور گُم نہیں ہوسکتا کہ جو تمام مومنوں

اور نیک بختوں اور شہیدوں اور صدیقوں کے لئے تاکیدی طور پر یہ حکم فرمایا گیا کہ وہ اپنے اُن بھائیوں کے لئے بدل و جان دعائے مغفرت کرتے رہیں جو اُن سے پہلے اس عالم میں گذر چکے ہیں اور ظاہر ہے کہ جن لوگوں کے لئے ایک لشکر مومنوں کا دعا کر رہا ہے وہ دعا ہرگز ہرگز خالی نہیں جائے گی بلکہ وہ ہر روز کام کر رہی ہے اور گنہگار ایماندار جو فوت ہو چکے ہیں اُن کی اُس کھڑکی کو جو بہشت کی طرف تھی بڑے زور سے کھول رہی ہے اِن دعاؤں نے اب تک بے شمار کھڑکیوں کو اس حد تک کشادہ کر دیا ہے کہ بے انتہاء ایسے لوگ بہشت میں پہنچ چکے ہیں جن کو اوّل دنوں میں صرف ایک چھوٹی سی کھڑکی بہشت کے دیکھنے کے لئے عطا کی گئی تھی۔ ﴿۳۶۳﴾

اِس زمانہ کے اُن تمام مسلمانوں کو جو مُوحّد کہلاتے ہیں یہ دھوکا بھی لگا ہوا ہے کہ وہ خیال کرتے ہیں کہ مرنے کے بعد بہشت میں داخل ہونے والے صرف شہید لوگ ہیں اور باقی تمام مومنین یہاں تک کہ انبیاء اور رسول بھی یوم الحساب تک بہشت سے باہر رکھے جائیں گے صرف ایک کھڑکی اُن کے لئے بہشت کی طرف کھولی جائے گی۔ مگر اب تک انہوں نے اس بات کی طرف توجہ نہیں کی کہ کیا انبیاء اور تمام صدیق روحانی طور پر شہیدوں سے بڑھ کر نہیں ہیں اور کیا بہشت سے دور رہنا ایک قسم کا عذاب نہیں جو مغفورین کے حق میں تجویز نہیں ہوسکتا؟ جس کے حق میں خدائے تعالیٰ یہ کہے کہ رَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ [1] کیا ایسا شخص سعادت اور فوز مرام میں شہیدوں کے پیچھے رہ سکتا ہے؟ افسوس کہ ان لوگوں نے اپنی نافہمی سے شریعت غرا کو اُلٹا دیا ہے۔ اُن کے زعم میں سب سے پہلے بہشت میں داخل ہونے والے شہید ہیں اور شاید کہیں بے شمار برسوں کے بعد نبیوں اور صدیقوں کی بھی نوبت آوے اس کسر شان کا الزام اُن لوگوں پر بڑا بھاری ہے جو بودے عذروں سے دور نہیں ہوسکتا بے شک یہ بات ﴿۳۶۴﴾ سب کے فہم میں آسکتی ہے کہ جو لوگ ایمان اور عمل میں سابقین ہیں وہی لوگ **دخول فی الجنت** میں بھی سابقین چاہیے نہ یہ کہ اُن کے لئے صرف ضعیف الایمان لوگوں کی طرح

[1] البقرۃ:۲۵۴

کھڑکی کھولی جائے اور شہید لوگ دنیا سے رخصت ہوتے ہی ہر یک پھل بہشت کا چن چن کر کھانے لگیں۔ اگر بہشت میں داخل ہونا کامل ایمان کامل اخلاص کامل جانفشانی پر موقوف ہے تو بلاشبہ نبیوں اور صدیقوں سے اور کوئی بڑھ کر نہیں جن کی تمام زندگی خدائے تعالیٰ کے لئے وقف ہو جاتی ہے اور جو خدائے تعالیٰ کی راہ میں ایسے فدا ہوتے ہیں کہ بس مرہی رہتے ہیں اور تمنا رکھتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کی راہ میں شہید کئے جائیں اور پھر زندہ ہوں اور پھر شہید کئے جائیں اور پھر زندہ ہوں اور پھر شہید کئے جائیں۔

اب ہماری اس تمام تقریر سے بخوبی ثابت ہو گیا کہ بہشت میں داخل ہونے کے لئے ایسے زبردست اسباب موجود ہیں کہ قریباً تمام مومنین یوم الحساب سے پہلے اس میں پورے طور پر داخل ہو جائیں گے اور یوم الحساب اُن کو بہشت سے خارج نہیں کرے گا بلکہ اُس وقت اَور بھی بہشت نزدیک ہو جائے گا۔ کھڑکی کی مثال سے سمجھ لینا چاہیے کہ کیوں کر بہشت قبر سے نزدیک کیا جاتا ہے۔ کیا قبر کے متصل جو زمین پڑی ہے اُس میں بہشت آ جاتا ہے؟ نہیں۔ بلکہ روحانی طور پر نزدیک کیا جاتا ہے۔ اسی طرح روحانی طور پر بہشتی لوگ میدانِ حساب میں بھی ہوں گے اور بہشت میں بھی ہوں گے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری قبر کے نیچے روضہ بہشت ہے۔ اِس پر خوب غور کرو کہ یہ کس بات کی طرف اشارہ ہے؟ ﴿۳۶۵﴾

اور عُزیرؑ کے فوت ہونے اور پھر سو برس کے بعد زندہ ہونے کی حجت جو پیش کی گئی ہے یہ حجت مخالف کے لئے کچھ مفید نہیں ہے کیونکہ ہرگز بیان نہیں کیا گیا کہ عُزیرؑ کو زندہ کر کے پھر دنیا کے دارالہموم میں بھیجا گیا تا یہ فساد لازم آوے کہ وہ بہشت سے نکالا گیا بلکہ اگر اِن آیات کو اُن کے ظاہری معانی پر محمول کیا جاوے تو صرف یہ ثابت ہوگا کہ خدائے تعالیٰ کے کرشمۂ قدرت نے ایک لمحہ کے لئے عزیرؑ کو زندہ کر کے دکھلا دیا تا اپنی قدرت پر اس کو یقین دلا دے مگر وہ دنیا میں آنا صرف عارضی تھا اور دراصل عزیرؑ

بہشت میں ہی موجود تھا۔ جاننا چاہیئے کہ تمام انبیاء اور صدیق مرنے کے بعد پھر زندہ ہو جاتے ہیں اور ایک نورانی جسم بھی انہیں عطا کیا جاتا ہے اور کبھی کبھی بیداری میں راستبازوں سے ملاقات بھی کرتے ہیں۔ چنانچہ اس بارہ میں یہ عاجز خود صاحب تجربہ ہے۔ پھر اگر عزیرؑ کو خدائے تعالیٰ نے اسی طرح زندہ کر دیا ہو تو تعجب کیا ہے لیکن اس زندگی سے یہ نتیجہ نکالنا کہ وہ زندہ ہو کر بہشت سے خارج کئے گئے یہ عجیب طور کی نادانی ہے بلکہ اس زندگی سے تو بہشت کی تجلی زیادہ تر بڑھ جاتی ہے۔ ﴿۳۶۶﴾

(۴) **سوال**۔ قرآن شریف کی آیت مندرجہ ذیل مسیح ابن مریم کی زندگی پر دلالت کرتی ہے اور وہ یہ ہے وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ [1] کیونکہ اس کے یہ معنے ہیں کہ مسیح کی موت سے پہلے تمام اہل کتاب اس پر ایمان لے آویں گے۔ سو اس آیت کے مفہوم سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرور ہے کہ مسیح اس وقت تک جیتا رہے جب تک کہ تمام اہل کتاب اس پر ایمان لے آویں۔

**امّا الجواب**۔ پس واضح ہو کہ سائل کو یہ دھوکا لگا ہے کہ اس نے اپنے دل میں یہ خیال کر لیا ہے کہ آیت فرقانی کا یہ منشاء ہے کہ مسیح کی موت سے پہلے تمام اہل کتاب کے فرقوں کا اُس پر ایمان لانا ضروری ہے کیونکہ اگر ہم فرض کے طور پر تسلیم کر لیں کہ آیت موصوفہ بالا کے یہی معنے ہیں جیسا کہ سائل سمجھا ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ زمانہ صعود مسیح سے اس زمانہ تک کہ مسیح نازل ہو جس قدر اہل کتاب دنیا میں گذرے ہیں یا اب موجود ہیں یا آئندہ ہوں گے وہ سب مسیح پر ایمان لانے والے ہوں حالانکہ یہ خیال بہداہت باطل ہے۔ ہر یک شخص خوب جانتا ہے کہ بے شمار اہل کتاب مسیح کی نبوت سے کافر رہ کر اب تک واصل جہنم ہو چکے ہیں اور خدا جانے آئندہ بھی کس قدر کفران کی وجہ سے اس آتشی تنور میں پڑیں گے اگر خدائے تعالیٰ کا یہ منشاء ہوتا کہ وہ تمام اہل کتاب فوت شدہ مسیح کے نازل ہونے کے وقت اُس پر ایمان لاویں گے تو وہ اُن سب کو اُس وقت تک زندہ رکھتا جب تک کہ مسیح ﴿۳۶۷﴾

[1] النساء:۱۶۰

آسمان سے نازل ہوتا لیکن اب مرنے کے بعد اُن کا ایمان لانا کیوں کر ممکن ہے؟

بعض لوگ نہایت تکلف اختیار کر کے یہ جواب دیتے ہیں کہ ممکن ہے کہ مسیح کے نزول کے وقت خدائے تعالیٰ اُن سب اہل کتاب کو پھر زندہ کرے جو مسیح کے وقت بعث سے مسیح کے
﴿۳۶۸﴾ دوبارہ نزول تک کفر کی حالت میں مر گئے ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یوں تو کوئی کام خدائے تعالیٰ سے غیر ممکن نہیں لیکن زیر بحث تو یہ امر ہے کہ کیا قرآن کریم اور احادیث صحیحہ میں ان خیالات کا کچھ نشان پایا جاتا ہے اگر پایا جاتا ہے تو کیوں وہ پیش نہیں کیا جاتا؟۔

بعض لوگ کچھ شرمندے سے ہو کر دبی زبان یہ تاویل پیش کرتے ہیں کہ اہل کتاب سے مراد وہ لوگ ہیں جو مسیح کے دوبارہ آنے کے وقت دنیا میں موجود ہوں گے اور وہ سب مسیح کو دیکھتے ہی ایمان لے آویں گے اور قبل اس کے جو مسیح فوت ہو وہ سب مومنوں کی فوج میں داخل ہو جائیں گے۔ لیکن یہ خیال بھی ایسا باطل ہے کہ زیادہ لکھنے کی حاجت نہیں اوّل تو آیت موصوفہ بالا صاف طور پر فائدہ تعمیم کا دے رہی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل کتاب کے لفظ سے تمام وہ اہل کتاب مراد ہیں جو مسیح کے وقت میں یا مسیح کے بعد برابر ہوتے رہیں گے۔ اور آیت میں ایک بھی ایسا لفظ نہیں جو آیت کو کسی خاص محدود زمانہ سے متعلق اور وابستہ کرتا ہو۔ علاوہ اس کے یہ
﴿۳۶۹﴾ معنے بھی جو پیش کئے گئے ہیں بداہت فاسد ہیں۔ کیونکہ احادیث صحیحہ بآواز بلند بتلا رہی ہیں کہ مسیح کے دم سے اُس کے منکر خواہ وہ اہل کتاب ہیں یا غیر اہل کتاب کفر کی حالت میں مریں گے ☆ اور کچھ ضرور نہیں کہ ہم بار بار ان حدیثوں کو نقل کریں۔ اسی رسالہ میں اپنے موقعہ پر دیکھ لینا چاہیے ماسوا اس کے مسلمانوں کا یہ عقیدہ مسلّمہ ہے کہ دجال بھی اہل کتاب میں سے ہی ہوگا اور یہ بھی مانتے ہیں کہ وہ مسیح پر ایمان نہیں لائے گا۔ اب میں اندازہ نہیں کر سکتا کہ اس خیال کے

☆**حاشیہ** مسیحی دم سے مر جانے کے حقیقی معنے ہم بیان کر آئے ہیں کہ اس سے مراد حجت اور بیّنہ کی رو سے مرنا ہے۔ ورنہ دور از ادب بات ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ کوئی زہرناک اور وبائی مادہ مسیح کے مُنہ سے نکل کر اور ہوا سے مل کر کمزور کافروں کو ماریگا مگر دجال کو مار نہیں سکے گا۔ منہ

پیروان حدیثوں کو پڑھ کر کس قدر شرمندہ ہوں گے۔ یہ بھی مانا گیا اور مسلم میں موجود ہے کہ مسیح کے بعد شریر رہ جائیں گے جن پر قیامت آئے گی۔ اگر کوئی کافر نہیں رہے گا تو وہ کہاں سے آجائے گی۔

اب بالطبع یہ سوال پیدا ہوگا کہ اگر آیت متذکرہ بالا کے وہ معنے صحیح نہیں ہیں تو پھر کون سے معنے صحیح ہیں؟ تو اس کے جواب میں واضح ہو کہ صحیح معنے وہی ہیں جو اس مقام کی تمام آیات متعلقہ پر نظر ڈالنے سے ضروری التسلیم معلوم ہوتے ہیں جن کے ماننے سے کسی وجہ کا نقص لازم نہیں آتا۔ سو اوّل وہ تمام آیتیں ذیل میں ذکر کرتا ہوں۔ پھر بعد اس کے وہ حقیقی معنے جو ﴿۳۷۰﴾
اِن آیات کی رو سے ثابت ہوتے ہیں ثابت کروں گا۔ اور آیات یہ ہیں:۔

وَ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۔ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۔ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا [۱] الجزو نمبر ۶ سورۃ النساء۔

ترجمہ:۔ اور یہودی جو خدائے تعالیٰ کی رحمت اور ایمان سے بے نصیب ہو گئے اس کا سبب اُن کے وہ برے کام ہیں جو انہوں نے کئے۔ منجملہ اُن کے یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ لو ہم نے اس مسیح عیسیٰ ابن مریم کو قتل کر دیا جو رسول اللہ ہونے کا دعویٰ کرتا تھا (یہودیوں کا یہ کہنا کہ ﴿۳۷۱﴾
ہم نے عیسیٰ رسول اللہ کو قتل کر دیا اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ وہ حضرت مسیح کو رسول جانتے تھے کیونکہ اگر وہ اس کو سچا رسول جانتے تو سولی دینے کے لئے کیوں آمادہ ہوتے بلکہ یہ قول اُن کا کہ لو ہم نے اس رسول کو پھانسی دے دیا بطور استہزاء کے تھا اور اس ہنسی ٹھٹھے کی بناء توریت کے اس قول پر تھی جو لکھا ہے کہ جو پھانسی دیا جائے وہ ملعون ہے یعنی خدائے تعالیٰ کی رحمت اور قرب الٰہی سے دور و مہجور ہے۔ اور یہودیوں کے اس قول سے مدعا یہ تھا کہ اگر

[۱] النساء: ۱۵۸ تا ۱۶۰

عیسیٰ ابن مریم سچا رسول ہوتا تو ہم اس کو پھانسی دینے پر ہرگز قادر نہ ہوسکتے کیونکہ توریت بلند آواز سے پکار رہی ہے کہ مصلوب لعنتی ہوتا ہے) اب قرآن شریف اس آیت کے بعد فرماتا ہے کہ درحقیقت یہودیوں نے مسیح ابن مریم کو قتل نہیں کیا اور نہ پھانسی دیا بلکہ یہ خیال اُن کے دلوں میں شعبہ کے طور پر ہے یقینی نہیں اور خدائے تعالیٰ نے ان کو آپ ہی شبہ میں ڈال دیا ہے تا اُن کی بیوقوفی اُن پر اور نیز اپنی قادریت اُن پر ظاہر کرے۔ اور پھر فرمایا کہ وہ لوگ جو اس شک میں پڑے ہوئے ہیں کہ شاید مسیح پھانسی ہی مل گیا ہو اُن کے پاس کوئی یقینی وقطعی دلیل اس بات پر نہیں صرف ایک ظن کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور وہ خوب جانتے ہیں کہ انہیں یقینی طور پر اس بات کا علم نہیں کہ مسیح پھانسی دیا گیا بلکہ یقینی امر یہ ہے کہ وہ **فوت** ہو گیا اور اپنی طبعی موت سے مرا اور ﴿۳۷۲﴾ خدائے تعالیٰ نے اس کو راستباز بندوں کی طرح اپنی طرف اُٹھالیا۔ اور خدا عزیز ہے اُن کو عزت دیتا ہے جو اس کے ہو رہتے ہیں اور حکیم ہے اپنی حکمتوں سے اُن لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے جو اس پر توکّل کرتے ہیں۔ اور پھر فرمایا کہ کوئی اہل کتاب میں سے ایسا نہیں جو ہمارے اس بیان مذکورہ بالا پر (جو ہم نے اہل کتاب کے خیالات کی نسبت ظاہر کیا ہے) ایمان نہ رکھتا ہو قبل اس کے جو وہ اس حقیقت پر ایمان لاوے جو مسیح اپنی طبعی **موت** سے مر گیا یعنی ہم جو پہلے بیان کر آئے ہیں کہ کوئی اہل کتاب اس بات پر دلی یقین نہیں رکھتا کہ درحقیقت مسیح مصلوب ہو گیا ہے کیا عیسائی اور کیا یہودی صرف ظن اور شبہ کے طور پر اُن کے مصلوب ہونے کا خیال رکھتے ہیں۔ یہ ہمارا بیان صحیح ہے کوئی اس سے انکار نہیں کرسکتا۔ ہاں اس کی موت کے بارہ میں اُنہیں خبر نہیں کہ وہ کب مرا۔ سو اس کی ہم خبر دیتے ہیں کہ وہ مر گیا اور اس کی روح عزت کے ساتھ ہماری طرف اُٹھائی گئی۔

﴿۳۷۳﴾ اس جگہ یاد رہے کہ خدائے تعالیٰ کا یہ کہنا کہ کوئی اہل کتاب میں سے ایسا نہیں کہ ہمارے اس بیان پر جو اُن کے خیالات کے بارہ میں ہم نے ظاہر کیا ایمان نہ رکھتا ہو۔ یہ ایک

اعجازی بیان ہے اور یہ اس آیت کے موافق ہے جیسا کہ یہودیوں کوفرمایا تھا فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ[1] سو اس فرمانے سے مدعا یہ تھا کہ درحقیقت یہودیوں کا یہ بیان کہ ہم نے درحقیقت مسیح کو پھانسی دے دیا جس سے یہ نتیجہ نکالنا منظور تھا کہ نعوذ باللہ مسیح ملعون ہے اور نبی صادق نہیں۔ اور ایسا ہی عیسائیوں کا یہ بیان کہ درحقیقت مسیح پھانسی کی موت سے مر گیا جس سے یہ نتیجہ نکالنا منظور تھا کہ مسیح عیسائیوں کے گناہ کے لئے کفارہ ہوا۔ یہ دونوں خیال یہودیوں اور عیسائیوں کے غلط ہیں اور کسی کو ان دونوں گروہ میں سے اِن خیالات پر دلی یقین نہیں بلکہ دلی ایمان اُن کا صرف اِسی پر ہے کہ مسیح یقینی طور پر مصلوب نہیں ہوا۔ اس تقریر سے خدائے تعالیٰ کا یہ مطلب تھا کہ تا یہودیوں اور عیسائیوں کی خاموشی سے منصفین قطعی طور پر سمجھ لیویں کہ اس بارے میں بجز شک کے اُن کے پاس کچھ نہیں اور یہودی اور عیسائی جو اس آیت کو سن کر چپ رہے اور انکار کے لئے میدان میں نہ آئے تو اس کی یہ وجہ تھی کہ وہ خوب جانتے تھے کہ اگر ہم مقابل پر ﴿۳۷۴﴾
آئے اور وہ دعویٰ کیا جو ہمارے دل میں نہیں تو ہم سخت رسوا کئے جائیں گے اور کوئی ایسا نشان خدائے تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہو جائے گا جس سے ہمارا جھوٹا ہونا ثابت ہو جائے گا۔ اس لئے انہوں نے دم نہ مارا اور چپ رہے۔ اور اگرچہ وہ خوب جانتے تھے کہ ہماری اس خاموشی سے ہمارا مان لینا ثابت ہو جائے گا جس سے ایک طرف تو ان کفار کے اس عقیدہ کی بیخ کنی ہوگی اور ایک طرف یہ یہودی عقیدہ باطل ثابت ہو جائے گا کہ مسیح خدائے تعالیٰ کا سچا رسول اور راستباز نہیں اور اُن میں سے نہیں جن کا خدائے تعالیٰ کی طرف عزت کے ساتھ رفع ہوتا ہے لیکن **محمد رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی کی چمکتی ہوئی تلوار اُن کی آنکھوں کو خیرہ کر رہی تھی۔ پس جیسا کہ قرآن شریف میں انہیں کہا گیا کہ اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کرو لیکن مارے خوف کے کسی نے یہ تمنا نہ کی۔ اسی طرح اس جگہ بھی مارے خوف کے انکار نہ کر سکے یعنی یہ دعویٰ نہ کر سکے کہ ہم تو مسیح کے مصلوب ہونے پر یقین رکھتے ہیں ہمیں کیوں بے یقینوں میں

[1] البقرة:۹۵

داخل کیا جاتا ہے؟ سو اُن کا نبی کے زمانہ میں خاموشی اختیار کرنا ہمیشہ کے لئے حجت ہوگئی اور
اُن کے ساختہ پرداختہ کا اثر اُن کی آنے والی ذریتوں پر بھی پڑا کیونکہ سلف خلف کے لئے ﴿۳۷۵﴾
بطور وکیل کے ہوتے ہیں اور ان کی شہادتیں آنیوالی ذریت کو ماننی پڑتی ہیں۔

اب ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے جو اس بحث کو چھیڑا کہ مسیح مصلوب نہیں ہوا بلکہ اپنی موت سے فوت ہوا۔ اس تمام بحث سے یہی غرض تھی کہ مسیح کے مصلوب ہونے سے دو مختلف فرقے یعنی یہود اور عیسائی دو مختلف نتیجے اپنی اپنی اغراض کی تائید میں نکالتے تھے۔ یہودی کہتے تھے کہ مسیح مصلوب ہوگیا اور توریت کی رو سے مصلوب لعنتی ہوتا ہے یعنی قرب الٰہی سے مہجور اور رفع کی عزّت سے بے نصیب رہتا ہے اور شانِ نبوت اس حالت ذلت سے برتر و اعلیٰ ہے۔ اور عیسائیوں نے یہودیوں کی لعن وطعن سے گھبرا کر یہ جواب بنالیا تھا کہ مسیح کا مصلوب ہونا اُس کے لئے مضر نہیں بلکہ یہ لعنت اُس نے اِس لئے اپنے ذمہ لے لی کہ تا گنہگاروں کو لعنت سے چھڑاوے۔ سو خدائے تعالیٰ نے ایسا فیصلہ کیا کہ ان دونوں فریق کے بیانات مذکورہ بالا کو کالعدم کر دیا اور ظاہر فرما دیا کہ کسی کو اِن دونوں گروہ میں سے مسیح کے مصلوب ہونے پر
یقین نہیں اور اگر ہے تو وہ سامنے آوے۔ سو وہ بھاگ گئے اور کسی نے دم بھی نہ مارا اور یہ ﴿۳۷۶﴾
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن شریف کا ایک معجزہ ہے جو اس زمانہ کے نادان مولویوں کی نگاہ سے چھپا ہوا ہے **اور مجھے اُس ذات کی قسم ہے کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ابھی اور اسی وقت کشفی طور پر یہ صداقت مذکورہ بالا میرے پر ظاہر کی گئی ہے اور اُسی معلم حقیقی کی تعلیم سے میں نے وہ سب لکھا ہے جو ابھی لکھا ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔**

اور عقلی طور پر بھی اگر دیکھا جائے تو اس بیان کی سچائی پر ہر یک عقل سلیم گواہی دے گی کیونکہ خدائے تعالیٰ کا کلام لغو باتوں سے منزہ ہونا چاہیے۔ اور ہر یک عقلمند سمجھ سکتا ہے کہ اگر اس بحث میں یہ مقاصد عظمیٰ درمیان نہ ہوں تو یہ سارا بیان ایسا لغو ہوگا

جس کے تحت کوئی حقیقت نہیں کیونکہ اس صورت میں یہ جھگڑا کہ کوئی نبی پھانسی ملا یا اپنی طبعی
موت سے مرا بالکل بے فائدہ جھگڑا ہے جس سے کوئی عمدہ نتیجہ پیدا نہیں ہوسکتا۔ سو غور سے ﴿۳۷۷﴾
دیکھنا چاہیئے کہ خدائے تعالیٰ اپنے اس پر جوش اور کروفر کے بیان میں کہ کسی یہودی یا عیسائی کو
یقینی طور پر مسیح کی مصلوبیت پر ایمان نہیں کونسی بڑی غرض رکھتا ہے؟ اور کونسا بھارا مدعا اس کے
زیر نظر ہے جس کے اثبات کے لئے اُس نے دونوں فریق یہود اور نصاریٰ کو خاموش اور لاجواب
کر دیا ہے۔ سو یہی مدعا ہے جس کو خدائے تعالیٰ نے **اپنے اس عاجز بندہ پر کہ جو مولویوں
کی نظر میں کافر اور ملحد ہے اپنے خاص کشف کے ذریعہ سے کھول دیا ہے۔**

اے خدا جانم بر اسرارت فدا    اُمیاں را مے دہی فہم و ذکا
در جہالت ہا مرا نشو و نما ست    در جہانت ہیچومن اُمی کجا ست
من عجب تراز مسیحے بے پدر    کِرمکے بودم مرا کردی بشر

اور اگر یہ سوال کیا جائے کہ مسیح کی عدم مصلوبیت پر انجیل کی رو سے کوئی استدلال پیدا
ہوسکتا ہے یا نہیں یعنی یہ ثابت ہوسکتا ہے یا نہیں کہ گو بظاہر صورت مسیح کو صلیب ہی دی گئی ہو
مگر تکمیل اس فعل کی نہ ہوئی ہو یعنی مسیح اس صلیب کی وجہ سے وفات یاب نہ ہوا ہو۔ ﴿۳۷۸﴾

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اناجیل اربعہ قرآن شریف کے اس قول پر کہ **ما قتلوہ
وما صلبوہ** صاف شہادت دے رہی ہیں کیونکہ قرآن کریم کا منشاء **ما صلبوہ** کے لفظ
سے یہ ہرگز نہیں ہے کہ مسیح صلیب پر چڑھایا نہیں گیا بلکہ منشاء یہ ہے کہ جو صلیب پر چڑھانے
کا اصل مدعا تھا یعنی قتل کرنا اس سے خدائے تعالیٰ نے مسیح کو محفوظ رکھا اور یہودیوں کی
طرف سے اس فعل یعنی قتل عمد کا **اقدام** تو ہوا مگر قدرت اور حکمت الٰہی سے تکمیل نہ پا سکا۔
اور جیسا کہ انجیلوں میں لکھا ہے یہ واقعہ پیش آیا کہ جب پیلاطوس سے صلیب دینے کے
لئے یہودیوں نے مسیح کو جو حوالات میں تھا مانگا تو پلاطوس نے بہت کوشش کی کہ کسی
طرح مسیح کو چھوڑ دے کیونکہ وہ صاف دیکھتا تھا کہ مسیح بے گناہ ہے لیکن یہودیوں نے

بہت اصرار کیا کہ اس کو صلیب دے۔ اور سب مولوی اور فقیہ یہودیوں کے اکٹھے ہو کر کہنے لگے کہ یہ کافر ہے اور توریت کے احکام سے لوگوں کو پھیرتا ہے۔ پلاطوس اپنے دل
﴿۳۷۹﴾ میں خوب سمجھتا تھا کہ اِن جزئی اختلافات کی وجہ سے ایک راستباز آدمی کو قتل کر دینا بے شک سخت گناہ ہے اسی وجہ سے وہ حیلے پیدا کرتا تھا کہ کسی طرح مسیح کو چھوڑ دیا جائے مگر حضرات مولوی کب باز آنے والے تھے انہوں نے جھٹ ایک اور بات بنالی کہ یہ شخص یہ بھی کہتا ہے کہ میں یہودیوں کا بادشاہ ہوں اور درپردہ قیصر کی گورنمنٹ سے باغی ہے۔ اگر تو نے اس کو چھوڑ دیا تو پھر یاد رکھ کہ ایک باغی کو تو نے پناہ دی۔ تب پلاطوس ڈر گیا کیونکہ وہ قیصر کا ماتحت تھا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ پھر بھی اس خونِ ناحق سے ڈرتا رہا۔ اور اس کی عورت نے خواب دیکھی کہ یہ شخص راستباز ہے اگر پلاطوس اس کو قتل کرے گا تو پھر اسی میں اُس کی تباہی ہے۔ سو پلاطوس اس خواب کو سن کر اَور بھی ڈھیلا ہو گیا اس خواب پر غور کرنے سے جو انجیل میں لکھی ہے ہر یک ناظر بصیر سمجھ سکتا ہے کہ ارادہ الٰہی یہی تھا کہ مسیح کو قتل ہو جانے سے بچاوے۔ سو پہلا اشارہ منشاء الٰہی کا اس خواب سے ہی نکلتا ہے اس پر **خوب غور کرو۔**

بعد اس کے ایسا ہوا کہ پلاطوس نے آخری فیصلہ کے لئے اجلاس کیا اور نابکار مولویوں اور فقیہوں کو بہتیرا
﴿۳۸۰﴾ سمجھایا کہ مسیح کے خون سے باز آ جاؤ مگر وہ باز نہ آئے بلکہ چیخ چیخ کر بولنے لگے کہ ضرور صلیب دیا جائے دین سے پھر گیا ہے۔ تب پلاطوس نے پانی منگوا کر ہاتھ دھوئے کہ دیکھو میں اس کے خون سے ہاتھ دھوتا ہوں۔ تب سب یہودیوں اور فقیہوں اور مولویوں نے کہا کہ اس کا خون ہم پر اور ہماری اولاد پر۔

پھر بعد اس کے مسیح اُن کے حوالہ کیا گیا اور اس کو تازیانے لگائے گئے اور جس قدر گالیاں سننا اور فقیہوں اور مولویوں کے اشارہ سے طمانچے کھانا اور ہنسی اور ٹھٹھے سے اُڑائے جانا اس کے حق میں مقدر تھا سب اُس نے دیکھا۔ آخر صلیب دینے کے لئے طیار ہوئے یہ جمعہ کا دن تھا

اور عصر کا وقت۔ اور اتفاقاً یہ یہودیوں کی عیدِ فسح کا بھی دن تھا۔ اس لئے فرصت بہت کم تھی اور آگے سبت کا دن آنے والا تھا جس کی ابتدا غروب آفتاب سے ہی سمجھی جاتی تھی کیونکہ یہودی لوگ مسلمانوں کی طرح پہلی رات کو اگلے دن کے ساتھ شامل کر لیتے تھے اور یہ ایک شرعی تاکید تھی کہ سبت میں کوئی لاش صلیب پر لٹکی نہ رہے۔ تب یہودیوں نے جلدی سے مسیح کو دو چوروں کے ساتھ صلیب پر چڑھا دیا تا شام سے پہلے ہی لاشیں اُتاری جائیں۔ مگر اتفاق سے اُسی وقت ایک سخت آندھی آ گئی جس سے سخت اندھیرا ہو گیا۔ یہودیوں کو یہ فکر پڑ گئی کہ اب اگر اندھیری میں ہی شام ہو گئی تو ہم اس جرم کے مرتکب ہو جائیں گے جس کا ابھی ذکر کیا گیا ہے۔ سو انہوں نے اس فکر کی وجہ سے تینوں مصلوبوں کو صلیب پر سے اُتار لیا۔ اور ﴿۳۸۱﴾ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ بالاتفاق مان لیا گیا ہے کہ وہ صلیب اس قسم کی نہیں تھی جیسا کہ آج کل کی پھانسی ہوتی ہے اور گلے میں رسہ ڈال کر ایک گھنٹہ میں کام تمام کیا جاتا ہے بلکہ اس قسم کا کوئی رسہ گلے میں نہیں ڈالا جاتا تھا صرف بعض اعضاء میں کیلیں ٹھوکتے تھے اور پھر احتیاط کی غرض سے تین تین دن مصلوب بھوکے پیاسے صلیب پر چڑھائے رہتے تھے اور پھر بعد اس کے ہڈیاں توڑی جاتی تھیں اور پھر یقین کیا جاتا تھا کہ اب مصلوب مر گیا مگر خدائے تعالیٰ کی قدرت سے مسیح کے ساتھ ایسا نہ ہوا۔ عیدِ فسح کی کم فرصتی اور عصر کا تھوڑا سا وقت اور آگے سبت کا خوف اور پھر آندھی کا آ جانا ایسے اسباب یکدفعہ پیدا ہو گئے جس کی وجہ سے چند منٹ میں ہی مسیح کو صلیب پر سے اُتار لیا گیا اور دونوں چور بھی اُتارے گئے۔ اور پھر ہڈیوں کے توڑنے کے وقت خدائے تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کا یہ نمونہ دکھایا کہ بعض سپاہی پلاطوس کے جن کو در پردہ خواب کا خطرناک انجام سمجھایا گیا تھا وہ اس وقت موجود تھے جن کا مدعا ﴿۳۸۲﴾ یہی تھا کہ کسی طرح یہ بلا مسیح کے سر پر سے ٹل جائے ایسا نہ ہو کہ مسیح کے قتل ہونے کی وجہ سے وہ خواب سچی ہو جائے جو پلاطوس کی عورت نے دیکھی تھی۔ اور ایسا نہ ہو کہ پلاطوس کسی

بلا میں پڑے۔ سو پہلے انہوں نے چوروں کی ہڈیاں توڑائیں اور چونکہ سخت آندھی تھی اور تاریکی ہوگئی تھی اور ہوا تیز چل رہی تھی اس لئے لوگ گھبرائے ہوئے تھے کہ کہیں جلد گھروں کو جاویں۔ سو سپاہیوں کا اس موقعہ پر خوب داؤ لگا۔ جب چوروں کی ہڈیاں توڑ چکے اور مسیح کی نوبت آئی تو ایک سپاہی نے یونہی ہاتھ رکھ کر کہہ دیا کہ یہ تو مر چکا ہے کچھ ضرور نہیں کہ اس کی ہڈیاں توڑی جائیں۔ اور ایک نے کہا کہ میں ہی اس لاش کو دفن کر دوں گا، اور آندھی ایسی چلی کہ یہودیوں کو اس نے دھکے دے کر اس جگہ سے نکالا۔ پس اس طور سے مسیح زندہ بچ گیا اور پھر وہ حواریوں کو ملا اور اُن سے مچھلی لے کر کھائی لیکن یہودی جب گھروں میں پہنچے اور آندھی فرو ہوگئی تو اپنی ناتمام کارروائی سے شک میں پڑ گئے اور سپاہیوں کی نسبت بھی اُن کے دلوں میں ظن پیدا ہوگیا۔ چنانچہ اب تک عیسائیوں اور یہودیوں کا یہی حال ہے کہ کوئی اُن میں سے قسم کھا کر اور اپنے نفس کے لئے بلا اور عذاب کا وعدہ دے کر نہیں ﴿۳۸۳﴾
کہہ سکتا کہ مجھے درحقیقت یہی یقین ہے کہ سچ مسیح قتل کیا گیا۔ یہ شکوک اُسی وقت پیدا ہو گئے تھے اور پولس نے اپنی چالاکی سے کوشش بھی کی کہ ان شکوک کو مٹاوے مگر وہ اَور بھی بڑھتے گئے۔ چنانچہ پولس کے بعض خطوط سے صاف ظاہر ہوتا ہے مسیح جب صلیب پر سے اتارا گیا تو اس کے زندہ ہونے پر ایک اور پختہ ثبوت یہ پیدا ہوگیا کہ اس کی پسلی کے چھیدنے سے فی الفور اس میں سے خون رواں ہوا۔ یہودی اپنی شتاب کاری کی وجہ سے اور عیسائی انجیل کی روئداد موجودہ کے لحاظ سے اس شک میں شریک ہیں۔ اور کوئی عیسائی ایسا نہیں جو انجیل پر غور کرے اور پھر یقینی طور پر یہ اعتقاد رکھے کہ سچ مچ مسیح صلیب کے ذریعہ فوت ہوگیا بلکہ اُن کے دل آج تک شک میں پڑے ہوئے ہیں اور جس کفارہ کو وہ لئے پھرتے ہیں اس کی ایسے ریگ کے تودہ پر بنا رہی جس کو انجیل کے بیانات نے ہی برباد کر دیا ہے۔ سو قرآن کریم کی آیت موصوفہ بالا یعنی یہ کہ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ [1]

[1] النساء: ۱۶۰

﴿۳۸۴﴾ پیشگوئی کی صورت پر نہیں جیسا کہ ہمارے بھائی مولوی صاحبان جو بڑے علم کا دم مارتے ہیں خیال کررہے ہیں بلکہ یہ تو اس واقعہ کا بیان ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں موجود تھا یعنی یہودیوں اور عیسائیوں کے خیالات کی جو اُس وقت حالت تھی خدائے تعالیٰ **اتمامًا للحجة** اُنہیں سنا رہا ہے اور اُن کے دلوں کی حقیقت اُن پر ظاہر کررہا ہے اور اُن کو ملزم کر کے انہیں یہ سمجھا رہا ہے کہ اگر ہمارا یہ بیان صحیح نہیں ہے تو مقابل پر آکر صاف طور پر دعویٰ کرو کہ یہ خبر غلط بتائی گئی ہے اور ہم لوگ شکوک وشبہات میں مبتلا نہیں ہیں بلکہ یقینی طور پر سمجھ بیٹھے ہیں کہ سچ مچ مسیح مصلوب ہو گیا ہے۔

اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ آخر آیت میں جو یہ لفظ واقعہ ہے کہ **قَبْلَ مَوْتِهٖ** اس کلام سے اللہ **جلَّ شانہٗ** کا یہ مطلب ہے کہ کوئی شخص مسیح کی عدم مصلوبیت سے یہ نتیجہ نہ نکال لیوے کہ چونکہ مسیح صلیب کے ذریعہ سے مارا نہیں گیا اس لئے وہ مرا بھی نہیں۔ سو بیان فرما دیا کہ یہ تمام حال تو قبل از موت طبعی ہے اِس سے اُس موت کی نفی نہ نکال لینا جو بعد اس کے طبعی طور پر مسیح کو پیش آگئی۔ گویا اس آیت میں یوں فرماتا ہے کہ یہود اور نصاریٰ ہمارے اِس بیان پر بالاتفاق ایمان رکھتے ہیں کہ مسیح یقینی طور پر صلیب کی موت سے نہیں مرا صرف شکوک وشبہات ﴿۳۸۵﴾ ہیں۔ سو قبل اس کے جو وہ لوگ مسیح کی موت طبعی پر ایمان لاویں جو درحقیقت واقعہ ہوگئی ہے۔ اس موت کے مقدمہ پر اُنہیں ایمان ہے کیونکہ جب مسیح صلیب کی موت سے نہیں مرا جس سے یہود اور نصاریٰ اپنے اپنے اغراض کی وجہ سے خاص خاص نتیجے نکالنے چاہتے تھے تو پھر اُس کی طبعی موت پر بھی ایمان لانا اُن کے لئے ضروری ہے کیونکہ پیدائش کے لئے موت لازمی ہے۔ سو **قبل موتہٖ** کی تفسیر یہ ہے کہ **قبل ایمانہٖ بموتہٖ**۔

اور دوسرے طور پر آیت کے یہ بھی معنے ہیں کہ مسیح تو ابھی مرا بھی نہیں تھا کہ جب سے یہ خیالات شک وشبہ کے یہود و نصاریٰ کے دلوں میں چلے آتے ہیں۔ پس ان معنوں کی رو سے بھی قرآن کریم بطور اشارۃ النص مسیح کے فوت ہو جانے کی شہادت دے رہا ہے غرض قرآن شریف

میں تین جگہ مسیح کا فوت ہو جانا بیان کیا گیا ہے۔ پھر افسوس کہ ہمارے مولوی صاحبان اُن مقامات پر نظر نہیں ڈالتے اور بعض اُن میں سے بڑی چالاکی سے کہتے ہیں کہ یہ تو ہم نے مانا کہ قرآن کریم یہی فرماتا ہے کہ مسیح فوت ہو گیا مگر کیا اللہ جلّ شَانُہٗ اس بات پر قادر نہیں کہ پھر زندہ کر کے اس کو دنیا میں لاوے؟ مگر ان علماء کے علم اور فہم پر رونا آتا ہے۔ ﴿۳۸۶﴾ اے حضرات! ہم نے یہ بھی مانا کہ خدائے تعالیٰ ہر یک چیز پر قادر ہے چاہے تو تمام نبیوں کو زندہ کر دیوے مگر آپ سے سوال تو یہ کیا تھا کہ قرآن شریف تو حضرت مسیح کو وفات تک پہنچا کر پھر چپ ہو گیا ہے اگر آپ کی نظر میں کوئی ایسی آیت قرآن کریم میں ہے جس میں یہ ذکر ہو کہ مسیح کو مارنے کے بعد پھر ہم نے زندہ کر دیا تو وہ آیت پیش کیجئے ورنہ یہ قرآن شریف کا مخالفانہ مقابلہ ہے کہ وہ تو مسیح کا فوت ہو جانا بیان کرے اور آپ اُس کے برخلاف یہ دعویٰ کریں کہ مسیح مرا نہیں بلکہ زندہ ہے۔

بعض علماء نہایت سادگی سے یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ کے آگے جو رَافِعُکَ اور بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ[1] قرآن کریم میں آیا ہے اس سے زندہ ہو جانا ثابت ہوتا ہے اور کہتے ہیں کہ اگر یہ معنے سچ نہیں تو پھر بجز مسیح کے اور کسی کے حق میں رَافِعُکَ کا لفظ کیوں نہیں آیا؟ مگر میں اسی رسالہ **ازالہ اوہام** میں اِن تمام وہموں کا مفصل جواب لکھ چکا ہوں کہ **رفع** سے مراد روح کا عزت کے ساتھ اُٹھائے جانا ہے جیسا کہ وفات کے بعد بموجب نص قرآن اور حدیث صحیح کے ہر یک مومن کی روح عزت کے ساتھ ﴿۳۸۷﴾ خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھائی جاتی ہے اور مسیح کے **رفع** کا جو اس جگہ ذکر کیا گیا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ مسیح کو دعوت حق میں قریباً ناکامی رہی اور یہودیوں نے خیال کیا کہ یہ کاذب ہے کیونکہ ضرور تھا کہ سچے مسیح سے پہلے ایلیا آسمان سے نازل ہو سو انہوں نے اس سے انکار کیا کہ مسیح کا اور نبیوں کی طرح عزت کے ساتھ خدائے تعالیٰ کی طرف **رفع** ہو بلکہ اس کو نعوذ باللہ لعنتی قرار دیا اور لعنتی اس کو کہتے ہیں جس کو عزت کے ساتھ **رفع** نصیب نہ ہو

[1] النساء: ۱۵۹

سو خدائے تعالیٰ کو منظور تھا کہ یہ الزام مسیح کے سر پر سے اُٹھاوے۔ سو اوّل اس نے اس بنیاد کو باطل ٹھہرایا جس بنیاد پر حضرت مسیح کا لعنتی ہونا نابکار یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنے اپنے دلوں میں سمجھ لیا تھا اور پھر بعد اس کے بتصریح یہ بھی ذکر کر دیا کہ مسیح نعوذ باللہ ملعون نہیں جو **رفع** سے روکا گیا ہے بلکہ عزت کے ساتھ اس کا **رفع** ہوا ہے۔ چونکہ مسیح ایک بے کس کی طرح دنیا میں چند روزہ زندگی بسر کر کے چلا گیا اور یہودیوں نے اس کی ذلت کے لئے بہت سا غلو کیا۔ اُس کی والدہ پر ناجائز تہمتیں لگائیں اور اس کو ملعون ٹھہرایا اور راستبازوں کی طرح اُس کے رفع سے انکار کیا۔ اور نہ صرف یہودیوں نے بلکہ عیسائی بھی مؤخر الذکر ﴿۳۸۸﴾
خیال میں مبتلا ہو گئے اور کمینگی کی راہ سے اپنی نجات کا یہ حیلہ نکالا کہ ایک راستباز کو ملعون ٹھہراویں اور یہ خیال نہ کیا کہ اگر مسیح کے ملعون ہونے پر ہی نجات موقوف ہے اور تبھی نجات ملتی ہے کہ مسیح جیسے ایک راستباز پاک روش خدائے تعالیٰ کے پیارے کو لعنتی ٹھہرایا جاوے تو حیف ہے ایسی نجات پر۔ اس سے تو ہزار درجہ دوزخ بہتر ہے۔ غرض جب مسیح کے لئے دونوں فریق یہود و نصاریٰ نے ایسے دور از ادب القاب روا رکھے تو خدائے تعالیٰ کی غیرت نے نہ چاہا کہ اس پاک روش کی عزت کو بغیر شہادت کے چھوڑ دیوے۔ سو اس نے جیسا کہ انجیل میں پہلے سے وعدہ دیا گیا تھا ہمارے سیّد و مولیٰ ختم المرسلین کو مبعوث فرما کر مسیح کی عزت اور رفع کی قرآن کریم میں شہادت دی۔ رفع کا لفظ قرآن کریم میں کئی جگہ واقع ہے ایک جگہ بلعم کے قصہ میں بھی ہے کہ ہم نے اس کا رفع چاہا مگر وہ زمین کی طرف جھک گیا اور ایک ناکام نبی کی نسبت اس نے فرمایا وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا [1] درحقیقت یہ بھی ایک ایسا نبی ہے جس کی رفعت سے لوگوں نے انکار کیا تھا۔ اور چونکہ اس عاجز کی بھی مسیح کی طرح ذلت کی گئی ہے کوئی کافر کہتا ہے اور کوئی ملحد اور کوئی بے ایمان نام رکھتا ہے اور ﴿۳۸۹﴾
فقیہ اور مولوی صلیب دینے کو بھی تیار ہیں جیسا کہ میاں عبد الحق اپنے اشتہار میں لکھتے ہیں کہ اس شخص کے لئے مسلمانوں کو کچھ ہاتھ سے بھی کام لینا چاہیے لیکن پلاطوس سے زیادہ

[1] مریم: ۵۸

یہ گورنمنٹ بے گناہ کی رعایت رکھتی ہے اور پلاطوس کی طرح رعیّت کے رعب میں نہیں آتی مگر ہماری اس قوم نے ذلیل کرنے کے لئے کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا تا دونوں طرف سے مشابہت ثابت کر کے دکھا دیوے۔ انہیں الہام بھی ہو گئے کہ یہ جہنمی ہے آخر جہنم میں پڑے گا اور **اُن میں داخل نہیں ہوگا جن کا عزت کے ساتھ خدائے تعالیٰ کی طرف رفع ہوتا ہے۔ سو آج میں اُس الہام کے معنی سمجھا جو اس سے کئی سال پہلے براہین میں درج ہو چکا ہے اور وہ یہ ہے** يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ[1] ۳۹۰ یعنی یہ مولوی صاحبان عبدالرحمان و عبدالحق تو مجھے اس وقت قطعی دوزخی بناتے ہیں لیکن اُن کے اس بیان سے دس سال پہلے خدائے تعالیٰ مجھے جنتی ہونے کا وعدہ دے چکا ہے اور جس طرح یہودیوں نے خیال کیا تھا کہ نعوذ باللہ عیسٰی مسیح لعنتی ہے اور ہرگز عزت کے ساتھ اس کا رفع نہیں ہوگا اور اُن کے ردّ میں یہ آیت نازل ہوئی تھی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَ رَافِعُکَ اِلَیَّ۔ اِسی طرح خدائے تعالیٰ نے اس جگہ بھی پہلے سے ہی اپنے علم قدیم کی وجہ سے یہ الہام بطور پیشگوئی اس عاجز کے دل پر القا کیا چونکہ وہ جانتا تھا کہ چند سال کے بعد میاں عبدالحق اور میاں عبدالرحمٰن اُسی طرح اس عاجز کو لعنتی ٹھہرائیں گے جس طرح یہودیوں نے حضرت مسیح کو ٹھہرایا تھا اِس لئے اُس نے پیش از وقوع اس پیشگوئی کو براہین میں درج کرا کر گویا سارے جہان میں مشہور کر دیا تا اس کی قدرت و حکمت ظاہر ہو اور تا یہ بھی معلوم ہو کہ جس طرح مسیح کے عہد کے مولویوں نے اس کو لعنتی سمجھا اور اس کے بہشتی ۳۹۱ ہونے سے انکار کیا اور اس کا عزت کے ساتھ خدائے تعالیٰ کی طرف رفع ہونا اور راستبازوں کی جماعت میں جا ملنا قبول نہ کیا ایسا ہی اس عاجز کے ہم مذہب مولویوں نے اس ناکارہ کو

[1] اٰل عمران: ۵۶

خدائے تعالیٰ کی رحمت سے محروم کرنا چاہا۔ اور سخت گنہگار مومن کی بھی کسی قدر عزت ہوتی ہے مگر انہوں نے کچھ بھی پروانہ رکھ کر عام طور پر یہ تقریریں کیں اور خط لکھے اور اشتہار شائع کیئے۔ سو خدائے تعالیٰ نے اس مشابہت کے پیدا کرنے کے لئے اُن سے ایک کام لیا ہے اور دوزخی یا بہشتی ہونے کی اصل حقیقت تو مرنے کے بعد ہر یک کو معلوم ہوگی جس وقت بعض بصد حسرت دوزخ میں پڑے ہوئے کہیں گے مَالَنَا لَا نَرٰی رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ [۱]

عیب رِنداں مکن اے زاہد پاکیزہ سرشت توچہ دانی کہ پس پردہ چہ خوب ست وچہ زشت

اب حاصل کلام یہ ہے کہ جو رفع کا لفظ حضرت مسیح کے لئے قرآن کریم میں آیا ہے وہی لفظ الہام کے طور پر اس عاجز کے لئے بھی خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

﴿۳۹۲﴾ اگر کوئی یہ اشکال پیش کرے کہ مسیح تو انجیل میں کہتا ہے کہ ضرور ہے کہ میں مارا جاؤں اور تیسرے دن جی اٹھوں تو بیان مذکورہ بالا کیونکر اس کے مطابق ہو۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس موت سے حقیقی موت مراد نہیں ہے بلکہ مجازی موت مراد ہے۔ یہ عام محاورہ ہے کہ جو شخص قریب مرگ ہو کر پھر بچ جائے اس کی نسبت یہی کہا جا سکتا ہے کہ وہ نئے سرے سے زندہ ہوا۔ مسیح پر جو یہ مصیبت آئی کہ وہ صلیب پر چڑھایا گیا اور کیلیں اُس کے اعضاء میں ٹھوکی گئیں جن سے وہ غشی کی حالت میں ہو گیا یہ مصیبت درحقیقت موت سے کچھ کم نہیں تھی اور عام طور پر یہ بول چال ہے کہ جو شخص ایسی مصیبت تک پہنچ کر بچ جائے اس کی نسبت یہی کہتے ہیں کہ وہ مر مر کر بچا اور اگر وہ کہے کہ میں تو نئے سرے زندہ ہوا ہوں تو اس بات کو کچھ جھوٹ یا مبالغہ خیال نہیں کیا جاتا۔

اور اگر یہ سوال ہو کہ کونسا قرینہ خاص مسیح کے لفظ کا اس بات پر ہے کہ اس موت سے مراد حقیقی موت مراد نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قرینہ بھی خود حضرت مسیح نے فرمایا ہے جبکہ فقیہ اور فریسی اور یہودیوں کے مولوی اکٹھے ہو کر اس کے پاس گئے کہ تو نے مسیح ہونے کا تو دعویٰ کیا پر اس دعویٰ کو ہم کیونکر بغیر معجزہ کے مان لیں۔ تو حضرت مسیح نے اُن فقیہوں اور

[۱] صٓ:۶۳

﴿۳۹۳﴾ مولویوں کو جواب دیا کہ اسؔ زمانہ کے حرامکار لوگ مجھ سے معجزہ مانگتے ہیں لیکن اُن کو بجز یونس نبی کے معجزہ کے اور کوئی معجزہ نہیں دکھایا جائے گا۔

یعنی یہ معجزہ دکھایا جائے گا کہ جیسے یونس نبی تین دن مچھلی کے پیٹ میں زندہ رہا اور مرا نہیں ایسا ہی قدرت الٰہی سے مسیح بھی تین دن تک بحالت زندگی قبر میں رہے گا اور نہیں مرے گا۔

اب خیال کرنا چاہیے کہ اگر مسیح کے الفاظ مذکورہ بالا کو حقیقی موت پر حمل کرلیں تو یہ معجزہ یونس کی مشابہت کا باطل ہو جائے گا کیونکہ یونس مچھلی کے پیٹ میں بحالت زندگی رہا تھا نہ مردہ ہو کر۔ سو اگر مسیح مر گیا تھا اور موت کی حالت میں قبر میں داخل کیا گیا تو اس کو یونس کے اس واقعہ سے کیا مشابہت۔ اور یونس کے واقعہ کو اس کے اس واقعہ سے کیا مناسبت؟ اور مُردوں کو زندوں سے کیا مماثلت۔ سو یہ کافی اور کامل قرینہ ہے کہ مسیح کا یہ کہنا کہ میں تین دن تک مروں گا حقیقت پر محمول نہیں بلکہ اس سے مجازی موت مراد ہے جو سخت غشی کی حالت تھی۔

اور اگر یہ عذر پیش ہو کہ مسیح نے مصلوب ہونے کے وقت یہ بھی کہا تھا کہ آج میں بہشت میں داخل ہوں گا پس اس سے صفائی کے ساتھ مسیح کا فوت ہونا ثابت ہوتا ہے۔ سو واضح ہو کہ مسیح کو ﴿۳۹۴﴾ بہشت میں داخل ہونے اور خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھائے جانے کا وعدہ دیا گیا تھا مگر وہ کسی اور وقت پر موقوف تھا جو مسیح پر ظاہر نہیں کیا گیا تھا جیسا کہ قرآن کریم میں **انّی متوفیک و رافعک الیّ** وارد ہے۔ سو اُس سخت گھبراہٹ کے وقت میں مسیح نے خیال کیا کہ شاید آج ہی وہ وعدہ پورا ہوگا۔ چونکہ مسیح ایک انسان تھا اور اس نے دیکھا کہ تمام سامان میرے مرنے کے موجود ہو گئے ہیں لہٰذا اس نے برعایت اسباب گمان کیا کہ شاید آج میں مر جاؤں گا۔ سو بباعث ہیبت تجلّی جلالی حالت موجودہ کو دیکھ کر ضعف بشریت اُس پر غالب ہو گیا تھا تبھی اس نے دل برداشتہ ہو کر کہا **ایلی ایلی لما سبقتنی** یعنی اے میرے خدا! اے میرے خدا!

تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا اور کیوں اس وعدہ کا ایفاء نہ کیا جو تو نے پہلے سے کر رکھا تھا کہ تو مرے گا نہیں بلکہ یونس کی طرح تیرا حال ہوگا۔ اگر کہا جائے کہ خدائے تعالیٰ کے وعدۂ حفاظت میں مسیح نے کیوں شک کیا سو واضح ہو کہ یہ شک ضعف بشریت سے ہے۔ جلالی تجلّی کے سامنے بشریت کی کچھ پیش نہیں جاتی۔ ہریک نبی کو خدائے تعالیٰ یہ دن دکھاتا ہے۔ اوّل ﴿۳۹۵﴾
وہ کوئی وعدہ بشارت اپنے نبی کو دیتا ہے اور پھر جب وہ نبی اس وعدہ پر خوش ہو جاتا ہے تو ابتلا کے طور پر چاروں طرف سے ایسے موانع قائم کر دیتا ہے کہ جو نومیدی اور ناکامی پر دلالت کرتے ہوں بلکہ قطع اور یقین کی حد تک پہنچ گئے ہوں جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے ایک طرف تو ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بدر کی لڑائی میں فتح اور نصرت کی بشارت دی اور دوسری طرف جب لڑائی کا وقت آیا تو پھر پتہ لگا کہ مخالفوں کی اس قدر جمعیت ہے کہ بظاہر کامیابی کی امید نہیں۔ تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت کرب وقلق ہوا اور جناب الٰہی میں رو رو کر دعائیں کیں کہ یا الٰہی اس گروہ کو فتح بخش اور اگر تو فتح نہیں دے گا اور ہلاک کر دے گا تو پھر قیامت تک کوئی تیری پرستش نہیں کرے گا۔ سو یہ الفاظ درحقیقت اس بات پر دلالت نہیں کرتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیشگوئی کی نسبت شک میں پڑ گئے تھے بلکہ حالات موجودہ کو خلاف مراد دیکھ کر خدائے تعالیٰ کے غنائے ذاتی پر نظر تھی اور اس کی جلالی ہیبت سے متأثر ہو گئے تھے اور درحقیقت ہریک جگہ جو قرآن شریف میں نبی کریم کو کہا گیا ہے
کہ تو ہمارے وعدہ میں شک مت کر وہ سب مقامات اِسی قسم کے ہیں جن میں بظاہر سخت ﴿۳۹۶﴾
ناکامی کی صورتیں پیدا ہو گئی تھیں اور اسباب مخالفہ نے ایسا رُعب ناک اپنا چہرہ دکھلایا تھا جن کو دیکھ کر ہریک انسان ضعف بشریت کی وجہ سے حیران ہو جاتا ہے۔ سو اِن وقتوں میں نبی کریم کو بطور تسلی دہی کے فرمایا گیا کہ اگرچہ حالت نہایت نازک ہے مگر تو بباعث ضعف بشریت شک مت کر یعنی یہ خیال مت کر کہ شاید اس پیشگوئی کے اور معنے ہوں گے۔

راقم رسالہ ھٰذا اس مقام میں خود صاحبِ تجربہ ہے۔ عرصہ قریباً تین برس کا ہوا ہے کہ بعض تحریکات کی وجہ سے جن کا مفصل ذکر اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء میں مندرج ہے خدائے تعالیٰ نے پیشگوئی کے طور پر اس عاجز پر ظاہر فرمایا کہ **مرزا احمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ ہوشیارپوری کی** دختر کلاں انجام کار تمہارے نکاح میں آئے گی اور وہ لوگ بہت عداوت کریں گے اور بہت مانع آئیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو لیکن آخر کار ایسا ہی ہوگا اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ ہر طرح سے اس کو تمہاری طرف لائے گا باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کر کے اور ہر یک روک کو درمیان سے اٹھاوے گا اور اس کام کو ضرور پورا کرے گا کوئی نہیں جو اُس کو روک سکے۔ چنانچہ اس پیشگوئی کا مفصل بیان معہ اس کی میعاد خاص اور اس کے اوقات مقرّر ﴿۳۹۷﴾ شدہ کے اور معہ اس کے اُن تمام لوازم کے جنہوں نے انسان کی طاقت سے اُس کو باہر کر دیا ہے اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء میں مندرج ہے اور وہ اشتہار عام طور پر طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے جس کی نسبت آریوں کے بعض منصف مزاج لوگوں نے بھی شہادت دی کہ اگر یہ پیشگوئی پوری ہو جائے تو بلاشبہ یہ خدائے تعالیٰ کا فعل ہے۔ اور یہ پیشگوئی ایک سخت مخالف قوم کے مقابل پر ہے جنہوں نے گویا دشمنی اور عناد کی تلواریں کھینچی ہوئی ہیں اور ہر یک کو جو اُن کے حال سے خبر ہوگی وہ اس پیشگوئی کی عظمت خوب سمجھتا ہوگا۔ ہم نے اس پیشگوئی کو اس جگہ مفصل نہیں لکھا تا بار بار کسی متعلق پیشگوئی کی دل شکنی نہ ہو لیکن جو شخص اشتہار پڑھے گا وہ گو کیسا ہی متعصّب ہوگا اس کو اقرار کرنا پڑے گا کہ مضمون اس پیشگوئی کا انسان کی قدرت سے بالاتر ہے اور اس بات کا جواب بھی کامل اور مسکت طور پر اسی اشتہار سے ملے گا کہ خدائے تعالیٰ نے کیوں یہ پیشگوئی بیان فرمائی اور اس میں کیا مصالح ہیں۔ اور کیوں اور کس دلیل سے یہ انسانی طاقتوں سے بلند تر ہے۔

﴿۳۹۸﴾ اب اس جگہ مطلب یہ ہے کہ جب یہ پیشگوئی معلوم ہوئی اور ابھی پوری نہیں ہوئی تھی

(جیسا کہ اب تک بھی جو ۱۶؍اپریل ۱۸۹۱ء ہے پوری نہیں ہوئی) تو اس کے بعد اس عاجز کو ایک سخت بیماری آئی یہاں تک کہ قریب موت کے نوبت پہنچ گئی بلکہ موت کو سامنے دیکھ کر وصیت بھی کر دی گئی۔ اُس وقت گویا یہ پیشگوئی آنکھوں کے سامنے آگئی اور یہ معلوم ہو رہا تھا کہ اب آخری دم ہے اور کل جنازہ نکلنے والا ہے۔ تب میں نے اس پیشگوئی کی نسبت خیال کیا کہ شاید اس کے اَور معنے ہوں گے جو میں سمجھ نہیں سکا۔ تب اُسی حالت قریب الموت میں مجھے الہام ہوا **الحق من ربک فلا تکوننّ من الممترین** یعنی یہ بات تیرے رب کی طرف سے سچ ہے تو کیوں شک کرتا ہے۔ سو اُس وقت مجھ پر یہ بھید کھلا کہ کیوں خدائے تعالیٰ نے اپنے رسول کریم کو قرآن کریم میں کہا کہ تو شک مت کر۔ سو میں نے سمجھ لیا کہ درحقیقت یہ آیت ایسے ہی نازک وقت سے خاص ہے جیسے یہ وقت تنگی اور نومیدی کا میرے پر ہے اور میرے دل میں یقین ہو گیا کہ جب نبیوں پر بھی ایسا ہی وقت آجاتا ہے جو میرے پر آیا تو خدائے تعالیٰ تازہ یقین دلانے کے لئے اُن کو کہتا ہے کہ تو کیوں شک کرتا ہے اور مصیبت نے تجھے کیوں نوامید کر دیا تو نوامید مت ہو۔ ﴿۳۹۹﴾

(۵) **سوال**: ابن مریم کے اترنے کا ذکر جو احادیث میں موجود ہے کسی نے سلف اور خلف میں سے اس کی یہ تاویل نہیں کی کہ ابن مریم کے لفظ سے جو ظاہر طور پر حضرت عیسیٰ مسیح سمجھا جاتا ہے درحقیقت یہ مراد نہیں ہے بلکہ کوئی اس کا مثیل مراد ہے۔ ماسوا اس کے اس بات پر اجماع ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے اور بغیر قرائن قویہ کے باطن کی طرف نہیں پھیرنا چاہیے۔

**امّا الجوب**: پس واضح ہو کہ سلف اور خلف کے لئے یہ ایک ایمانی امر تھا جو پیشگوئی کو اجمالی طور پر مان لیا جائے انہوں نے ہرگز یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ہم اس پیشگوئی کی تہ تک پہنچ گئے ہیں اور درحقیقت ابن مریم سے ابن مریم ہی مراد ہے۔ اگر اُن کی طرف سے ایسا دعویٰ ہوتا تو وہ دجال کے فوت ہو جانے کے قائل نہ ہوتے اور نہ قرآن شریف کے

اُن مقامات کو جن میں مسیح کی موت کا ذکر ہے یونہی بحث سے خارج سمجھ کر خاموشی اختیار کرتے
اور اگر فرض کے طور پر یہ بھی مان لیں کہ کوئی صحابہ میں سے یہی سمجھ بیٹھا تھا کہ ابن مریم سے ﴿۴۰۰﴾
ابن مریم ہی مراد ہے تو تب بھی کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا کیونکہ پیشگوئیوں کے سمجھنے میں قبل
اس کے جو پیشگوئی ظہور میں آوے بعض اوقات نبیوں نے بھی غلطی کھائی ہے پھر اگر کسی صحابی
نے غلطی کھائی تو کون سے بڑے تعجب کی بات ہے۔ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
فراست اور فہم تمام اُمت کی مجموعی فراست اور فہم سے زیادہ ہے بلکہ اگر ہمارے بھائی جلدی
سے جوش میں نہ آجائیں تو میرا تو یہی مذہب ہے جس کو دلیل کے ساتھ پیش کر سکتا ہوں کہ
تمام نبیوں کی فراست اور فہم آپ کے فہم اور فراست سے برابر نہیں مگر پھر بھی بعض پیشگوئیوں
کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اقرار کیا ہے کہ میں نے اُن کی اصل حقیقت
سمجھنے میں غلطی کھائی میں پہلے اس سے چند دفعہ لکھ چکا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے صاف طور پر فرما دیا تھا کہ میری وفات کے بعد میری بیبیوں میں سے پہلے وہ مجھ سے
ملے گی جس کے ہاتھ لمبے ہوں گے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو ہی بیبیوں
نے باہم ہاتھ ناپنے شروع کر دیئے چونکہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس پیشگوئی کی ﴿۴۰۱﴾
اصل حقیقت سے خبر نہ تھی اس لئے منع نہ کیا کہ یہ خیال تمہارا غلط ہے۔ آخر اس غلطی کو
پیشگوئی کے ظہور کے وقت نے نکالا۔ اگر زمانہ اُن بیبیوں امہات المؤمنین کو مہلت دیتا
اور وہ سب کی سب ہمارے اِس زمانہ تک زندہ رہتیں تو صاف ظاہر ہے کہ صحابہ کے عہد
سے لے کر آج تک تمام اُمت کا اِسی بات پر اتفاق ہو جاتا کہ پہلے لمبے ہاتھ والی بی بی
فوت ہو گی اور پھر ظہور کے وقت جب کوئی اَور ہی بیوی پہلے فوت ہو جاتی جس کے
اوروں کی نسبت لمبے ہاتھ نہ ہوتے تو اس تمام اجماع کو کیسی خجالتیں اُٹھانی پڑتیں اور کس
طرح ناحق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتک کراتے اور اپنے ایمان کو شبہات میں ڈالتے۔

اس وقت مجھے اپنے ایک دوست کی بات یاد آئی ہے۔ خدا اس کو غریق رحمت کرے نام اس مرحوم کا **حافظ ہدایت علی** تھا اور یہ کسی زمانہ میں ضلع گورداسپور کے اکسٹرا اسسٹنٹ تھے اور مدت تک بٹالہ میں تحصیلدار بھی رہے ایک جلسہ میں انہوں نے فرمایا کہ جس قدر بعض امور کے ظہور کا آخری زمانہ کے بارے میں وعدہ دیا گیا ہے اور بعض پیشگوئیاں فرمائی گئی ہیں ﴿۴۰۲﴾ ہمیں اُن کی نسبت یہ اعتقاد نہیں رکھنا چاہیے کہ وہ ضرور اپنی ظاہری صورت میں ہی ظہور پذیر ہوں گی تا اگر آئندہ اُن کی حقیقت کسی اور طور پر کھلے تو ہم ٹھوکر نہ کھاویں۔ اور ہمارا ایمان سلامت رہ جائے۔ اور کہا کہ چونکہ غالباً ہم اُسی زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں جس کو آج سے کچھ کم تیرہ سو برس پہلے آخری زمانہ کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔ اس لئے کچھ تعجب نہیں کہ ان میں سے بعض پیشگوئیاں ہماری ہی زندگی میں ظاہر ہو جائیں۔ سو ہمیں اجمالی ایمان کا اصول محکم پکڑنا چاہیے اور کسی شق پر ایسا زور نہیں دینا چاہیے جیسا کہ اس حالت میں دیا جاتا ہے کہ جب ایک حقیقت کی تہ تک ہم پہنچ جاتے ہیں۔ **تمّ کلامہٗ**

اور واقعی یہ سچ اور بالکل سچ ہے کہ اُمت کے اجماع کو پیشگوئیوں کے امور سے کچھ تعلق نہیں اور ہمارے حال کے مولویوں کو یہ سخت دھوکا لگا ہوا ہے کہ پیشگوئیوں کو بھی جن کی اصل حقیقت ہنوز در پردۂ غیب ہے اجماع کے شکنجہ میں کھینچنا چاہتے ہیں۔

﴿۴۰۳﴾ دراصل پیشگوئیاں حاملہ عورتوں سے مشابہت رکھتی ہیں اور مثلاً ہم ایک حاملہ عورت کی نسبت یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ اس کے پیٹ میں کوئی بچہ ضرور ہے اور یقیناً وہ نو مہینے اور دس دن کے اندر اندر پیدا بھی ہو جائے گا مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ کیا شکل رکھتا ہے اور اس کی حالت جسمی کیسی ہے اور اس کے نقوش چہرہ کس طرز کے واقع ہیں اور لڑکا ہے یا بلاشبہ لڑکی ہے۔

شاید اس جگہ کسی کے دل میں یہ اعتراض خلجان کرے کہ اگر پیشگوئیوں کا ایسا ہی

حال ہے تو لائق اعتبار نہ رہیں اور اس لائق نہ رہیں کہ نبی کی صدقِ نبوت پر بطور دلیل اور شاہد ناطق کے تصور کی جائیں یا کسی مخالف منکر کے سامنے پیش کی جائیں تو اس بات کا جواب یہ ہے کہ یہ بات کہ پیشگوئیاں کبھی اپنے ظاہر پر ہی پوری ہو جاتی ہیں اور کبھی باطنی طور پر اُن کا ظہور ہوتا ہے۔ اس سے ربانی پیشگوئیوں کی عظمت میں کچھ بھی فرق نہیں آتا بلکہ باریک بینوں کی نظر میں اور بھی عظمت کھلتی ہے۔ کیا اگر ایک فلاسفر کا قول کوئی موٹی عقل کا آدمی اُلٹے طور پر سمجھ لیوے اور پھر اس کے معقول معنے جو نہایت مدلل اور ثابت شدہ ہیں کھل جائیں تو اس غلطی سے ان صحیح معنوں کو کچھ حرج پہنچ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ ﴿۴۰۴﴾

ماسوا اس کے پیشگوئیوں میں ایک قدرِ مشترک بہر حال ایسا باقی رہتا ہے کہ خواہ وہ حقیقت پر محمول سمجھی جائیں اور یا بالآخر کوئی مجازی معنے نکل آویں وہ قدر مشترک بدیہی طور پر ظاہر کر دیتا ہے کہ یہ پیشگوئی درحقیقت سچی اور انسانی طاقتوں سے بالاتر ہے۔

علاوہ اس کے جن پیشگوئیوں کو مخالف کے سامنے دعویٰ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے وہ ایک خاص طور کی روشنی اور بداہت اپنے اندر رکھتی ہیں اور ملہم لوگ حضرت احدیت میں خاص طور پر توجہ کر کے اُن کا زیادہ تر انکشاف کرا لیتے ہیں مگر معمولی طور پر بہت کچھ چھپے ہوئے گوشے پیشگوئیوں کے ہوتے ہیں۔ اور یہ سراسر نادانی کی ضد ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ خواہ نخواہ پیشگوئی حقیقت پر محمول ہوا کرتی ہے۔ جس نے یہودیوں اور عیسائیوں کی کتابوں کو دیکھا ہوگا وہ اس بات کو خوب جانتا ہوگا کہ کس قدر پیشگوئیوں میں استعارات اُن کتابوں نے استعمال کئے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض مواضع میں دن ذکر کر کے اُس سے برس مراد لیا ہے۔ درحقیقت پیشگوئیاں از قبیل مکاشفات ہوتی ہیں اور اس چشمہ سے نکلتی ہیں جو استعارات کے رنگ سے بھرا ہوا ہے اپنی خوابوں کو دیکھو کیا کوئی سیدھے طور پر بھی خواب آتی ہے مگر شاذ و نادر۔ ﴿۴۰۵﴾ ایسا ہی خدائے تعالیٰ مکاشفات کو استعارات کی خلعت سے آراستہ کر کے اپنے نبیوں کی معرفت

ظاہر کرتا ہے سو اس صداقت کے قبول کرنے کا نام الحاد رکھنا خود الحاد ہے کیونکہ الحاد اسی کو کہتے ہیں کہ ایک معنے اپنے اصل سے پھیرے جائیں۔ سو جبکہ خدائے تعالیٰ کے قانون قدرت نے مکاشفات اور رؤیائے صالحہ کے لئے یہی اصل مقرر کر دیا ہے کہ وہ اکثر استعارات سے پُر ہوتے ہیں تو اس اصل سے معنے کو پھیرنا اور یہ دعویٰ کرنا کہ ہمیشہ پیشگوئیاں ظاہر پر ہی محمول ہوتی ہیں اگر الحاد نہیں تو اور کیا ہے؟ صوم اور صلوٰۃ کی طرح پیشگوئی کو بھی ایک حقیقت منکشفہ سمجھنا بڑی غلطی اور بڑا بھارا دھوکہ ہے۔ یہ احکام تو وہ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کر کے دکھلا دئے اور بکلی اُن کا پردہ اُٹھا دیا مگر کیا ان پیشگوئیوں کے حق میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا ہے کہ یہ من کل الوجوہ مکشوف ہیں اور ان میں کوئی ایسی حقیقت اور کیفیت مخفی نہیں جو ظہور کے وقت سمجھ آسکے اگر کوئی ایسی حدیث صحیح موجود ہے تو کیوں پیش نہیں کی جاتی۔ آپ لوگ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ علم وفراست نہیں رکھتے۔ صحیح بخاری کی حدیث کو دیکھو کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ابریشم کے ٹکڑہ پر حضرت عائشہ صدیقہ کی تصویر دکھائی گئی کہ یہ تیرے نکاح میں آئے گی تو آپ نے ہرگز یہ دعویٰ نہ کیا کہ عائشہ سے درحقیقت عائشہ ہی مراد ہے بلکہ آپ نے فرمایا کہ اگر درحقیقت اس عائشہ کی صورت سے عائشہ ہی مراد ہے تو وہ مل ہی رہے گی ورنہ ممکن ہے کہ عائشہ سے مراد کوئی اور عورت ہو۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ ابوجہل کے لئے مجھے بہشتی خوشہ انگور دیا گیا مگر اس پیشگوئی کا مصداق عکرمہ نکلا۔ اور جب تک خدائے تعالیٰ نے خاص طور پر تمام مراتب کسی پیشگوئی کے آپ پر نہ کھولے تب تک آپ نے اُس کی کسی شق خاص کا کبھی دعویٰ نہ کیا۔ ﴿۴۰۶﴾

آپ لوگ جانتے ہیں کہ جب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابوجہل سے شرط لگائی اور قرآن شریف کی وہ پیشگوئی مدار شرط رکھی کہ الٓمّٓ ۔ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۔ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۔ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ [1]۔ اور تین برس کا عرصہ ٹھہرایا

[1] الروم :۲تا۵

تو آپ پیشگوئی کی صورت کو دیکھ کر فی الفور دور اندیشی کو کام میں لائے اور شرط کی کسی قدر ترمیم کرنے کے لئے ابوبکر صدیق کو حکم فرمایا اور فرمایا کہ **بضع سنین** کا لفظ مجمل ہے اور اکثر نو برس تک اطلاق پاتا ہے۔ ﴿۴۰۷﴾

ایسا ہی آپ نے اُمت کے سمجھانے کے لئے بعض پیشگوئیوں کے سمجھنے میں خود اپنا غلطی کھانا بھی ظاہر فرمایا۔ اب کیا یہ تعلیم نبوی کافی نہیں اور کیا یہ تعلیم بآواز بلند نہیں بتلا رہی کہ پیشگوئیوں پر اجمالی طور پر ایمان لاؤ اور اُن کی اصل حقیقت حوالہ بخدا کرو۔ اُمت محمدیہ میں تفرقہ مت ڈالو اور تقویٰ کا طریق اختیار کرلو۔

اے حضرات! اکیلے اکیلے اپنے گھروں میں بیٹھ کر فکر کرو۔ اور اپنے بستروں پر لیٹے ہوئے سادگی سے میری بات کو سوچو۔ قبرستان میں جاؤ اور اپنی موت کو یاد کر کے ایک بے غبار نظر اپنے لئے لاؤ اور خوب دیکھ لو کہ تقویٰ کا کونسا طریق ہے اور احتیاط اور خداترسی کی کونسی راہیں ہیں؟ اگر آپ پر یہ بات مشتبہ ہے جو میں نے پیش کی ہے تو کیا آپ لوگوں کا اس بات میں بھی کچھ حرج ہے کہ آپ اجمالی طور پر اپنے ایمان پر قائم رہیں اور اس کی تفاصیل مخفیہ میں خواہ نخواہ دخل نہ دیں اور مجھے میرے خدائے تعالیٰ کے ساتھ چھوڑ دیں۔ میں کسی پر جبر نہیں کرتا۔ ایک تبلیغ ہے چاہے کوئی سنے یا نہ سنے اگر کسی کو خدائے تعالیٰ یقین بخشے اور وہ مجھے پہچان لے اور میری باتوں کو مان لیوے تو وہ میرا خاص طور پر بھائی ہے اور اس کو بلاشبہ اپنے ایمان کا اجر ہے لیکن اگر آپ لوگ اتنا بھی کریں کہ اس پیشگوئی کے دقائق مخفیہ کو خدائے تعالیٰ کے سپرد کر رکھیں اور ایمان کی حد پر ٹھہرے رہیں اور خواہ نخواہ کامل عرفان کا دعویٰ نہ کریں تو سوچو اس میں آپ کے لئے خرابی کیا ہے اور عنداللہ کونسا مؤاخذہ ہے؟ کیا اگر آپ ایسا کریں تو اس سے آپ کو مؤاخذہ ہوگا؟ لیکن اگر آپ اپنے ایمان کی حد سے بڑھ کر قدم رکھیں اور وہ دعوے کریں جس کا آپ کو علم نہیں دیا گیا تو بے شک اس دخل بے جا کی باز پُرس ہوگی۔ ﴿۴۰۸﴾

اے حضرات مولوی صاحبان! کیوں لوگوں کو بلا میں ڈالتے ہو اور کیوں اپنے علم سے بڑھ کر دعویٰ کرتے ہو۔ اگر ابن مریم کے نزول کی حدیث میں کوئی مخالفانہ قرینہ قائم نہ ہوتا اور صرف الہام ہی کے ذریعہ ایک مسلمان اُس کے معنے آپ پر کھولتا کہ ابن مریم سے اِس جگہ ﴿۴۰۹﴾ درحقیقت ابن مریم مراد نہیں ہے تب بھی بمقابل اس کے آپ لوگوں کو یہ دعویٰ نہیں پہنچتا تھا کہ ابن مریم سے مراد درحقیقت ابن مریم ہے کیونکہ مکاشفات میں استعارات غالب ہیں اور حقیقت سے پھیرنے کے لئے الہام الٰہی قرینہ قویہ کا کام دے سکتا ہے اور آپ حسن ظن کے لئے مامور ہیں۔

لیکن اس جگہ تو صرف الہام ہی نہیں دوسرے قرائن قویہ بھی موجود ہیں کیا یہ کم قرینہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے مسیح کی وفات کے بارے میں تو کئی آیتیں بیان کیں مگر اُن کے زندہ رہنے اور زندہ اُٹھائے جانے پر اشارہ تک نہیں کیا۔ کیا یہ کم قرینہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے والے ابن مریم کا وہ حلیہ بیان نہیں کیا جو جانے والے کا بیان فرمایا۔ کیا یہ کم قرینہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے والے مسیح کو ایک اُمتی ٹھہرایا اور خانہ کعبہ کا طواف کرتے اس کو دیکھا۔

اور یہ عذر کہ اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے یعنی قرآن اور حدیث کے ظاہری معنے لینے چاہئیں۔ سو واضح ہو کہ یہ عذر درحقیقت ایسا عذر ہے جس سے ہمارے مخالفوں پر ہماری حجت پوری ہوتی ہے کیونکہ یہ ناجائز طریقہ انہیں ﴿۴۱۰﴾ لوگوں نے اختیار کیا ہے کہ نصوص بیّنہ کلام الٰہی کو بغیر قیام قرینہ کے باطن کی طرف پھیر رہے ہیں۔ قرآن کریم نے اپنے پچیس مقام میں **توفّی** کے لفظ کو قبض روح کے معنوں پر استعمال کیا ہے اور صاف جا بجا ظاہر کر دیا ہے کہ **توفّی** کے یہ معنے ہیں کہ روح قبض کی جائے اور جسم کو چھوڑ دیا جائے۔ لیکن یہ لوگ (خدا ان کو ہدایت دے) تیئیس مقام میں تو یہی معنے مذکورہ بالا قبول کرتے اور دو متنازعہ فیہ جگہوں میں جہاں مسیح کی

وفات کا ذکر ہے اپنی طرف سے اور اور معنے گھڑتے ہیں۔ اب دیکھنا چاہیے کہ ظواہر نصوص سے انہوں نے منہ پھیرا یا ہم نے؟ ہاں ابن مریم کے نزول سے جو حدیثوں میں آیا ہے ہمارے نزدیک درحقیقت ابن مریم مراد نہیں ہے مگر اس سے لازم نہیں آتا کہ ہم نے نص کو ظاہر سے باطن کی طرف پھیرا ہے بلکہ قطع نظر الہام الٰہی سے یہ استعارہ اس لئے ماننا پڑا کہ نصوص بیّنہ قرآن کریم واحادیث صحیحہ اُس کو حقیقت پر حمل کرنے سے روکتی ہیں چنانچہ ہم بار باران دلائل صریحہ واضحہ کو بیان کر چکے ہیں کہاں تک اعادہ کلام کریں۔

(۶) **سوال**۔ مسیح موعود کے ساتھ احادیث میں کہیں مثیل کا لفظ دیکھا نہیں جاتا یعنی یہ کسی جگہ نہیں لکھا کہ مثیل مسیح ابن مریم آوے گا بلکہ یہ لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم آوے گا۔

﴿۴۱۱﴾ **اما الجواب**۔ پس سوچنا چاہیے کہ جب خدائے تعالیٰ نے آنے والے مثیل مسیح کا ابن مریم ہی نام رکھ دیا تو پھر وہ اس کو مثیل ابن مریم کر کے کیوں لکھتا۔ مثلاً تم سوچو کہ جو لوگ اپنی اولاد کے نام موسیٰ وداؤد وعیسیٰ وغیرہ رکھتے ہیں اگرچہ اُن کی غرض تو یہی ہوتی ہے کہ وہ نیکی اور خیر وبرکت میں ان نبیوں کے مثیل ہو جائیں مگر پھر وہ اپنی اولاد کو اس طرح کر کے تو نہیں پکارتے کہ اے مثیل موسیٰ۔ اے مثیل داؤد۔ اے مثیل عیسیٰ بلکہ اصل نام ہی بطور تفاؤل پکارا جاتا ہے۔ پس کیا جو امر انسان محض تفاؤل کی راہ سے کر سکتا ہے وہ قادر مطلق نہیں کر سکتا؟ کیا اس کو طاقت نہیں کہ ایک آدمی کی روحانی حالت کی☆ ایک دوسرے آدمی کے مشابہ کر کے وہی نام اُس کا بھی رکھ دیوے؟ کیا اُس نے اسی روحانی حالت کی وجہ سے حضرت یحییٰ کا نام ایلیا نہیں رکھ دیا تھا؟ کیا اسی روحانی مناسبت کی وجہ سے حضرت مسیح ابن مریم کا نام توریت پیدائش باب ۴۹ میں سیلا نہیں رکھا گیا اور سیلا یہودا بن یعقوب علیہ السلام کے پوتے کا نام تھا۔ یہودا کو اسی باب میں مسیح ابن مریم کے آنے کی ان لفظوں میں بشارت دی گئی کہ یہودا سے ریاست کا عصا جدا نہ ہوگا جب تک سیلا نہ آوے۔ یہ نہ کہا گیا کہ جب تک ابن مریم نہ آوے۔ چونکہ مسیح ابن مریم اُس خاندان سے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' حالت کو'' ہونا چاہیے۔(ناشر)

پیدا ہونے کی وجہ سے یہودا کا پوتا ہی تھا اس وجہ سے اس کا نام سیلا ہی رکھ دیا گیا۔ اسی توریت
پیدائش باب ۴۸ آیت پندرہ ۱۵ میں حضرت یعقوب کی یہ دعا ذکر کی ہے کہ اُس نے یوسف ﴿۴۱۲﴾
کے لئے برکت چاہی اور یوسف کے لڑکوں کے لئے دعا کر کے کہا کہ وہ خدا جس نے ساری عمر
آج کے دن تک میری پاسبانی کی اِن جوانوں کو برکت دیوے اور جو میرا اور میرے باپ
دادوں ابراہام اور اسحاق کا نام ہے سو اُن کا رکھا جاوے۔ پس اللہ جلّشانہٗ کی اس عادت قدیمہ
سے انکار نہیں ہوسکتا کہ وہ روحانی مناسبت کی وجہ سے جو ایک کا نام ہے وہ دوسرے کا رکھ دیتا
ہے۔ ابراہیمی المشرب اس کے نزدیک ابراہیم ہے اور موسوی المشرب اس کے نزدیک موسیٰ
ہے اور عیسوی المشرب اس کے نزدیک عیسیٰ ہے اور جو اِن تمام مشربوں سے حصہ رکھتا ہے وہ
اِن تمام ناموں کا مصداق ہے۔ ہاں اگر کوئی امر بحث کے لائق ہے تو یہ ہے کہ ابن مریم کے
لفظ کو اس کے ظاہری اور متبادر معنوں سے کیوں پھیرا جائے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ بوجہ
قیام قرینہ قویہ کے کیونکہ قرآن کریم اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوضاحت ناطق ہے
کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ جاں بحق ہوا اور خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھایا گیا اور اپنے بھائیوں
میں جا ملا۔ اور رسول مقبول نبی آخر الزمان نے اپنی معراج کی رات میں یحیٰ نبی شہید کے
ساتھ دوسرے آسمان میں اُس کو دیکھا یعنی گذشتہ اور وفات یافتہ لوگوں کی جماعت میں اُس کو
پایا۔ قرآن کریم واحادیث صحیحہ یہ امید اور بشارت بتواتر دے رہی ہیں کہ مثیل ابن مریم اور
دوسرے مثیل بھی آئیں گے مگر کسی جگہ یہ نہیں لکھا کہ کوئی گذشتہ اور وفات یافتہ نبی بھی ﴿۴۱۳﴾
پھر دنیا میں آجائے گا۔ لہٰذا یہ بات ببداہت ثابت ہے کہ ابن مریم سے وہ ابن مریم
رسول اللہ مراد نہیں ہے جو فوت ہو چکا اور فوت شدہ جماعت میں جا ملا اور خدائے تعالیٰ
کی اس حکمت عجیبہ پر بھی نظر ڈالو کہ اُس نے آج سے قریباً دس برس پہلے اس عاجز کا نام
عیسیٰ رکھا اور بتوفیق وفضل خود براہین میں چھپوا کر ایک عالم میں اس نام کو مشہور کر دیا۔

اب ایک مدت دراز کے بعد اپنے خاص الہام سے ظاہر فرمایا کہ یہ وہی عیسیٰ ہے جس کے آنے کا وعدہ تھا۔ برابر دس۱۰ برس تک لوگ اس نام کو کتاب براہین میں پڑھتے رہے اور خدائے تعالیٰ نے دس برس تک اس دوسرے الہام کو جو پہلے الہام کے لئے بطور تشریح تھا پوشیدہ رکھا تا اس کے پُرحکمت کام ایک غور کرنے والے کی نظر میں بناوٹ سے مصفّٰی ثابت ہو جائیں کیونکہ بناوٹ کا سلسلہ اس قدر لمبا نہیں ہو سکتا جس کی بنیاد ایک طول طویل مدت سے پہلے ہی رکھی گئی ہو۔ فتدبروا یا اولوا الابصار۔

(۷) **سوال**۔ یہ جو بیان کیا گیا ہے کہ ممکن ہے کہ اور مثیل مسیح بھی آویں تو کیا اُن میں سے موعود ایک ہی ہے جو آپ ہیں یا سب موعود ہوں گے اور کن کن کو ہم سچا موعود تسلیم کریں؟

**امّا الجواب**۔ پس واضح ہو کہ وہ مسیح موعود جس کا آنا انجیل اور احادیث صحیحہ کی رو سے ﴿۴۱۴﴾ ضروری طور پر قرار پا چکا تھا وہ تو اپنے وقت پر اپنے نشانوں کے ساتھ آ گیا اور آج وہ وعدہ پورا ہو گیا جو خدائے تعالیٰ کی مقدس پیشگوئیوں میں پہلے سے کیا گیا تھا لیکن اگر کسی کے دل میں یہ خلجان پیدا ہو کہ بعض احادیث کی اس آنے والے مسیح کی حالت سے بظاہر مطابقت معلوم نہیں ہوتی جیسے مسلم کی دمشقی حدیث۔ تو اوّل تو اس کا یہی جواب ہے کہ درحقیقت یہ سب استعارات ہیں اور مکاشفات میں استعارات غالب ہوتے ہیں۔ بیان کچھ کیا جاتا ہے اور مراد اُس سے کچھ لیا جاتا ہے۔ سو یہ ایک بڑا دھوکہ اور غلطی ہے جو اُن کو ظاہری طور پر مطابق کرنے کے لئے کوشش کی جائے اور یا اس تردّد اور فکر اور حیرت میں اپنے تئیں ڈال دیا جائے کہ کیوں یہ نشانیاں ظاہری طور پر مطابق نہیں آتیں۔ کیا یہ سچ نہیں کہ ان حدیثوں کی تشریح کے وقت فریق مخالف کو بھی اکثر مقامات میں تاویلوں کی حاجت پڑی ہے اور بڑے تکلف کے ساتھ تاویلیں کی ہیں جیسے مسیح ابن مریم کا یہ عمدہ کام جو بیان کیا گیا ہے جو وہ دنیا میں آ کر خنزیروں کو قتل کرے گا۔ دیکھنا چاہیے کہ اس کی تشریح میں علماء نے کس قدر الفاظ کو ظاہر سے باطن کی طرف پھیرنے کے لئے کوشش کی ہے۔

ایسا ہی دجال کے طواف کعبہ میں کس قدر دور از حقیقت تاویلوں سے کام لیا ہے۔ سو اگر
فریق ثانی اِن مقامات میں تاویلوں سے بکلی دستکش رہتے تو البتہ وہ ہمیں ماوّل خیال ﴿۴۱۵﴾
کرنے میں کسی قدر معذور ٹھہرتے لیکن اب وہ آپ ہی اس راہ پر قدم مار کر کس منہ سے ہم کو
یہ الزام دیتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ چونکہ در حقیقت یہ کشفی عبارتیں استعارات سے پُر ہیں
اس لئے کسی فریق کے لئے ممکن نہیں کہ ان کو ہریک جگہ ظاہر پر حمل کر سکے۔ لمبے ہاتھوں کی
حدیث لمبے ہاتھ کر کے بتلا رہی ہے کہ اِن مکاشفات میں ظاہر پر زور مت دو ورنہ دھوکہ
کھاؤ گے مگر کوئی اُس کی ہدایت کو قبول نہیں کرتا جو قبر کے عذاب کی نسبت حدیثوں میں
بکثرت یہ بیان پایا جاتا ہے کہ ان میں گنہگار ہونے کی حالت میں بچھو ہوں گے اور سانپ
ہوں گے اور آگ ہوگی۔ اگر ظاہر پر ہی ان حدیثوں کو حمل کرنا ہے تو ایسی چند قبریں کھود و اور
اُن میں سانپ اور بچھو دکھلاؤ۔

پھر بعد اس کے ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر ظاہر پر ہی اِن بعض مختلف حدیثوں کو جو ہنوز
ہماری حالت موجودہ سے مطابقت نہیں رکھتیں محمول کیا جائے تب بھی کوئی حرج کی بات
نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ خدائے تعالیٰ ان پیشگوئیوں کو اس عاجز کے ایک ایسے کامل متبع کے
ذریعہ سے کسی زمانہ میں پورا کر دیوے جو منجانب اللہ مثیل مسیح کا مرتبہ رکھتا ہو۔ اور ہریک
آدمی سمجھ سکتا ہے کہ متبعین کے ذریعہ سے بعض خدمات کا پورا ہونا در حقیقت ایسا ہی ہے کہ گویا
ہم نے اپنے ہاتھ سے وہ خدمات پوری کیں۔ بالخصوص جب بعض متبعین فنا فی الشیخ کی
حالت اختیار کر کے ہمارا ہی روپ لے لیں اور خدائے تعالیٰ کا فضل انہیں وہ مرتبہ ظلّی طور پر ﴿۴۱۶﴾
بخش دیوے جو ہمیں بخشا۔ تو اس صورت میں بلا شبہ اُن کا ساختہ پرداختہ ہمارا ساختہ پرداختہ
ہے کیونکہ جو ہمارے راہ پر چلتا ہے۔ وہ ہم سے جدا نہیں اور جو ہمارے مقاصد کو ہم میں ہو کر
پورا کرتا ہے وہ در حقیقت ہمارے ہی وجود میں داخل ہے۔ اس لئے وہ جزو اور شاخ ہونے کی
وجہ سے مسیح موعود کی پیشگوئی میں بھی شریک ہے کیونکہ وہ کوئی جدا شخص نہیں۔ پس اگر

ظلّی طور پر وہ بھی خدائے تعالیٰ کی طرف سے مثیلِ مسیح کا نام پاوے اور موعود میں بھی داخل ہو تو کچھ حرج نہیں کیونکہ گو مسیح موعود ایک ہی ہے مگر اس ایک میں ہو کر سب موعود ہی ہیں کیونکہ وہ ایک ہی درخت کی شاخیں اور ایک ہی مقصد موعود کی روحانی یگانگت کی راہ سے متمّم و مکمل ہیں اور اُن کو اُن کے پھلوں سے شناخت کرو گے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ خدائے تعالیٰ کے وعدے جو اس کے رسولوں اور نبیوں اور محدثوں کی نسبت ہوتے ہیں کبھی تو بلا واسطہ پورے ہوتے ہیں اور کبھی بالواسطہ اُن کی تکمیل ہوتی ہے۔ حضرت مسیح ابن مریم کو بھی جو نصرت اور فتح کے وعدے دئے گئے تھے وہ اُن کی زندگی میں پورے نہیں ہوئے بلکہ ایک دوسرے نبی کے ذریعہ سے جو تمام نبیوں کا سردار ہے یعنی سیدنا و امامنا حضرت محمد مصطفٰے خاتم الرسل کے ظہور سے پورے ہوئے اور اسی طرح حضرت موسیٰ کلیم اللہ کو جو کنعان کی فتح کی بشارتیں دی گئی تھیں بلکہ صاف صاف حضرت موصوف کو وعدہ دیا گیا تھا کہ تو اپنی قوم کو کنعان میں لے جائے گا اور کنعان کی سرسبز زمین کا انہیں مالک کر دے گا۔ یہ وعدہ حضرت موسیٰ کی زندگی میں پورا نہ ہو سکا اور وہ راہ میں ہی فوت ہو گئے لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ پیشگوئی غلط نکلی جو اب تک توریت میں موجود ہے کیونکہ موسیٰ کی وفات کے بعد موسوی قوت اور موسوی روح اس کے شاگرد یوشع کو عطا ہوئی۔ اور وہ خدائے تعالیٰ کے حکم اور اس کے نفخ روح سے موسیٰ میں ہو کر اور موسوی صورت پکڑ کر وہ کام بجا لایا جو موسیٰ کا کام تھا۔ سو خدائے تعالیٰ کے نزدیک وہ موسیٰ ہی تھا کیونکہ اُس نے موسیٰ میں ہو کر اور موسیٰ کی پیروی میں پوری فنا اختیار کر کے اور خدائے تعالیٰ سے موسوی روح پا کر اس کام کو کیا تھا۔ ایسا ہی ہمارے سیّد و مولیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت توریت میں بعض پیشگوئیاں ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بلا واسطہ پوری نہیں ہو سکیں بلکہ وہ بواسطہ اُن خلفائے کرام کے پوری کی گئیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور پیروی میں فانی تھے۔ سو اس میں کون کلام ﴿۴۱۷﴾

کر سکتا ہے جو ایک مامور من اللہ کی نسبت جن جن فتوحات اور امور عظیمہ کا تذکرہ پیشگوئی کے لباس میں ہوتا ہے اس میں یہ ہرگز ضروری نہیں سمجھا جاتا کہ وہ سب کچھ اُسی کے ذریعہ سے پورا بھی ہو جائے بلکہ اُس کے خالص متبعین اس کے ہاتھوں اور پیروں کی طرح سمجھے ﴿۴۱۸﴾ جاتے ہیں اور ان کی تمام کارروائیاں اُسی کی طرف منسوب ہوتی ہیں۔ جیسے ایک سپہ سالار کسی معرکۂ جنگ میں عمدہ عمدہ سپاہیوں اور مدبروں کی مدد سے کسی دشمن کو گرفتار کرتا ہے یا قتل کر دیتا ہے تو وہ تمام کارروائی اُسی کی طرف منسوب کی جاتی ہے اور بلا تکلف کہا جاتا ہے کہ اُس نے گرفتار کیا یا قتل کیا۔ پس جبکہ یہ محاورہ شائع متعارف ہے تو اس بات میں کونسا تکلف ہے کہ اگر فرض کے طور پر بھی تسلیم کر لیں کہ بعض پیشگوئیوں کا اپنی ظاہری صورت پر بھی پورا ہونا ضروری ہے تو ساتھ اس کے یہ بھی تسلیم کر لینا چاہیے کہ وہ پیشگوئیاں ضرور پوری ہوں گی اور ایسے لوگوں کے ہاتھ سے اُن کی تکمیل کرائی جائے گی کہ جو پورے طور پر پیروی کی راہوں میں فانی ہونے کی وجہ سے اور نیز آسمانی روح کے لینے کے باعث سے اس عاجز کے وجود کے ہی حکم میں ہوں گے اور ایک پیشگوئی بھی جو **براہین** میں درج ہو چکی ہے اسی کی طرف اشارہ کر رہی ہے اور وہ الہام یہ ہے **یا عیسٰی انّی متوفیک ورافعک الیّ وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الٰی یوم القیامۃ**. اس مسیح کو بھی یاد رکھو جو اس عاجز کی ذریت میں سے ہے جس کا نام ابن مریم بھی رکھا گیا ہے کیونکہ اس عاجز کو براہین میں مریم کے نام سے بھی پکارا ہے۔

﴿۴۱۹﴾ (۸) **سوال**۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عیسائیوں کا یہی عقیدہ تھا کہ درحقیقت مسیح ابن مریم ہی دوبارہ دنیا میں آئیں گے پس اگر یہ عقیدہ صحیح نہیں تھا تو کیوں خدائے تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس کی تکذیب نہ کی بلکہ حدیثوں میں ابن مریم کے آنے کا وعدہ دیا گیا۔

**امّا الجواب**۔ پس واضح ہو کہ خدائے تعالیٰ نے تو قرآن کریم میں اس عقیدہ کی تکذیب کر دی جبکہ بیان کر دیا کہ درحقیقت مسیح ابن مریم فوت ہوگیا ہے اور پھر مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کا کہیں ذکر نہیں کیا اور حدیثوں میں بھی اس مدعا کے بارہ میں کہیں قرآن شریف کی مخالفت نہیں کی گئی۔ ایک حدیث بھی ایسی نہیں ملے گی جو مسیح ابن مریم کا زندہ بجسدہ العنصری آسمان کی طرف اُٹھائے جانا بیان کرتی ہو۔ غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس عقیدہ کی تکذیب کرنے میں کچھ فرق نہیں رکھا۔ آنے والے مسیح کو اُمتی ٹھہرایا۔ حلیہ اوّل و آخر میں اختلاف ڈال دیا اور مسیح کا فوت ہوجانا بیان کر دیا۔ سو اس قدر بیان کافی تھا۔ اور چونکہ پیشگوئیوں میں خلق اللہ کے ابتلا کے لئے یہ بھی منظور ہوتا ہے کہ کچھ کیفیت اُن کی پوشیدہ رکھی جائے اس لئے کسی قدر پوشیدہ بھی رکھا گیا تا وقت پر صادقوں اور کاذبوں کا امتحان ہو جائے۔ اور یہ بیان بھی صحیح نہیں ہے کہ عیسائیوں کا متفق علیہ یہی عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح دنیا میں پھر آئیں گے کیونکہ بعض فرقے اُن کے حضرت مسیح کے فوت ہوجانے کے قائل ہیں۔ اور حواریوں کی دونوں انجیلوں نے یعنی متی اور یوحنا نے اس بیان کی ہرگز تصدیق نہیں کی کہ مسیح درحقیقت آسمان پر اٹھایا گیا۔ ہاں مرقس اور لوقا کی انجیل میں لکھا ہے مگر وہ حواری نہیں ہیں اور نہ کسی حواری کی روایت سے انہوں نے لکھا۔ ﴿۴۲۰﴾

(۹) **سوال**۔ لیلۃ القدر کے اَور معنی کر کے نیچریت اور باطنیت کا دروازہ کھول دیا ہے۔

**امّا الجواب**۔ معترض صاحب نے اس اعتراض سے لوگوں کو دھوکا دیا ہے اس جگہ اصل حقیقت یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اس عاجز پر ظاہر کیا ہے کہ پہلے معنے لیلۃ القدر کے جو علماء کرتے ہیں وہ بھی مسلّم اور بجا ہیں اور ساتھ اُن کے یہ بھی معنے ہیں۔ اور اِن دونوں میں کچھ منافات نہیں۔ قرآن شریف ظہر بھی رکھتا اور بطن بھی اور صدہا معارف اس کے اندر پوشیدہ ہیں۔ پس اگر اس عاجز نے تفہیم الٰہی سے لیلۃ القدر

کے یہ معنے کئے تو کہاں سے سمجھا گیا کہ پہلے معنوں سے انکار کیا ہے۔ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ خیر القرون نہیں کہلاتا؟ کیا اس زمانہ کی عبادات ثواب میں بڑھ کر نہیں تھیں؟ کیا اُس زمانہ میں نصرت دین کے لئے فرشتے نازل نہیں ہوتے تھے؟ کیا روح الامین نازل نہیں ہوتا تھا؟ پس ظاہر ہے کہ لیلۃ القدر کے تمام آثار وانوار وبرکات اُس زمانہ میں موجود تھے ایک ظلمت بھی موجود تھی جس کے دُور کرنے کے لئے یہ انوار وملائک اور روح الامین اور طرح طرح کی روشنی نازل ہو رہی تھی۔ پھر اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مقدس زمانہ کا نام بھی الہام الٰہی سے لیلۃ القدر ظاہر کیا گیا تو اس سے کونسی قباحت لازم آ گئی؟ جو شخص قرآن شریف کے ایک معنی کو مسلّم رکھ کر ایک دوسرا لطیف نکتہ اس کا بیان کرتا ہے تو کیا اس کا نام ملحد رکھنا چاہیے؟ اس خیال کے آدمی بلاشبہ قرآن شریف کے دشمن اور اس کے اعجاز کے منکر ہیں۔ ﴿۴۲۱﴾

(۱۰) **سوال**۔ ملائک اور جبرئیل علیہ السلام کے وجود سے انکار کیا ہے اور ان کو توضیح مرام میں صرف کواکب کی قوتیں ٹھہرایا ہے۔

**اما الجواب**۔ یہ آپ کا دھوکا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ عاجز ملائک اور حضرت جبرائیلؑ کے وجود کو اُسی طرح مانتا ہے جس طرح قرآن اور حدیث میں وارد ہے اور جیسا کہ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کی رو سے ملائک کے اجرامِ سماوی سے خادمانہ تعلقات پائے جاتے ہیں یا جو جو کام خاص طور پر انہیں سپرد ہو رہا ہے اسی کی تشریح رسالہ توضیح مرام میں ہے۔

چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطا است     سخن شناس نۂ دلبرا خطا اینجا است

(۱۱) **سوال**۔ رسالہ فتح اسلام میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔

**امّا الجواب**۔ نبوت کا دعویٰ نہیں بلکہ محدثیت کا دعویٰ ہے جو خدائے تعالیٰ کے حکم سے کیا گیا ہے۔ اور اس میں کیا شک ہے کہ محدثیت بھی ایک شعبہ قویہ نبوت کا اپنے اندر رکھتی ہے۔ جس حالت میں رویائے صالحہ نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے ﴿۴۲۲﴾

تو محدثیت جو قرآن شریف میں نبوت کے ساتھ اور رسالت کے ہم پہلو بیان کی گئی ہے جس کے لئے صحیح بخاری میں حدیث بھی موجود ہے اس کو اگر ایک مجازی نبوت قرار دیا جائے یا ایک شعبہ قویہ نبوت کا ٹھہرایا جائے تو کیا اس سے نبوت کا دعویٰ لازم آ گیا؟ قرآن شریف کی وہ قراءت یاد کرو کہ جو ابن عباس نے لی ہے اور وہ یہ ہے **وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی ولا محدّث الا اذا تمنّٰی القی الشیطٰن فی امنیته فینسخ الله ما یلقی الشیطٰن ثم یحکم الله اٰیٰته** ۔ وحی الٰہی پر صرف نبوت کاملہ کی حد تک کہاں مہر لگ گئی ہے اور اگر ایسا ہی ہے تو پھر اس آیت کے کیا معنے ہیں؟ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا [1] ۔ اے غافلو! اس اُمت مرحومہ میں وحی کی نالیاں قیامت تک جاری ہیں مگر حسب مراتب۔

(۱۲) **سوال**۔ سورۃ زخرف میں یہ آیت موجود ہے وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا [2] (الجزو نمبر۲۵) یعنی وہ قیامت کے وجود پر نشان ہے سو تم باوجود موجود ہونے نشان کے قیامت کے بارے میں شک مت کرو۔ نشان سے مراد حضرت عیسیٰ ہیں جو قیامت کے قریب نازل ہوں گے اور اس آیت سے اُن کا نازل ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ﴿۴۲۳﴾

**اما الجواب**۔ ظاہر ہے کہ خدائے تعالیٰ اس آیت کو پیش کر کے قیامت کے منکرین کو ملزم کرنا چاہتا ہے کہ تم اس نشان کو دیکھ کر پھر مُردوں کے جی اُٹھنے سے کیوں شک میں پڑے ہو۔ سو اس آیت پر غور کر کے ہر یک عقلمند سمجھ سکتا ہے کہ اس کو حضرت عیسیٰ کے نزول سے کچھ بھی تعلق نہیں آیت تو یہ بتلا رہی ہے کہ وہ نشان مُردوں کے جی اٹھنے کا اب موجود ہے اور منکرین کو ملزم کر رہی ہے کہ اب بھی تم کیوں شک کرتے ہو۔ اب ہر یک عقلمند سمجھ سکتا ہے کہ اگر خدائے تعالیٰ کا اس آیت میں یہ مطلب ہے کہ جب حضرت مسیح آسمان سے نازل ہوں گے تب اُن کا آسمان سے نازل ہونا مُردوں کے جی اُٹھنے کے لئے بطور دلیل یا علامت کے ہوگا تو پھر اس دلیل کے ظہور سے پہلے خدائے تعالیٰ لوگوں کو کیوں کر ملزم کر سکتا ہے

[1] الرعد:۱۸ [2] الزخرف:۶۲

کیا اس طرح اتمام حجت ہوسکتا ہے؟ کہ دلیل تو ابھی ظاہر نہیں ہوئی اور کوئی نام ونشان اس کا پیدا نہیں ہوا اور پہلے سے ہی منکرین کو کہا جاتا ہے کہ اَب بھی تم کیوں یقین نہیں کرتے کیا اُن کی طرف سے یہ عذر صحیح طور پر نہیں ہوسکتا کہ یا الٰہی ابھی دلیل آیا نشان قیامت کا کہاں ﴿۴۲۴﴾ ظہور میں آیا جس کی وجہ سے فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا کی دھمکی ہمیں دی جاتی ہے۔ کیا یہ اتمام حجت کا طریق ہے؟ کہ دلیل تو ابھی پردۂ غیب میں ہو اور یہ سمجھا جائے کہ الزام پورا ہو گیا ہے۔ ایسے معنے قرآن شریف کی طرف منسوب کرنا گویا اس کی بلاغت اور پُرحکمت بیان پر دھبہ لگانا ہے۔ سچ ہے کہ بعض نے یہی معنے لئے ہیں مگر انہوں نے سخت غلطی کھائی بلکہ حق بات یہ ہے کہ اِنَّهٗ کا ضمیر قرآن شریف کی طرف پھرتا ہے اور آیت کے یہ معنے ہیں کہ قرآن شریف مُردوں کے جی اُٹھنے کے لئے نشان ہے کیونکہ اس سے مُردہ دل زندہ ہو رہے ہیں۔ قبروں میں گلے سڑے ہوئے باہر نکلتے آتے ہیں اور خشک ہڈیوں میں جان پڑتی جاتی ہے چنانچہ قرآن شریف خود اپنے تئیں قیامت کا نمونہ ظاہر کرتا ہے جیسا کہ اللہ جلّشانہٗ فرماتا ہے وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا [۱] (سورۃ فرقان الجزو نمبر ۱۹) یعنی ہم نے آسمان سے پاک پانی اُتارا یعنی قرآن تا ہم اس کے ساتھ مردہ زمین کو زندہ کریں پھر فرماتا ہے وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ [۲] سورۃ ق الجزو نمبر ۲۶۔

[۱] الفرقان: ۴۹، ۵۰ [۲] قٓ: ۱۲

ٹائیٹل بار اوّل

حصّہ دوم

دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اُسے قبول کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دیگا

# اِزالۂ اَوْھَام

فِیْہِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

الحمد و المنت کہ باہ مبارک ذی الحجہ ۱۳۰۸ھ کتاب جامع معارف قرآنی و شارح اسرار کلام ربانی از تالیفات مرسل یزدانی و مامور رحمانی جناب میرزا غلام احمد صاحب قادیانی

مطبع ریاض ہند امرتسر باہتمام و سعی شیخ نور احمد مالک مطبع مطبوع گردید

قیمت فی جلد عہ ۸ر

تعداد جلد ۷۰۰

# اعلان

واضح ہو کہ اس رسالہ ازالہ اوہام میں ان تمام سوالات کا جواب ہے کہ جو اکثر لوگ کوتہ اندیشی کی رو سے حضرت مسیح کی حیات ممات کے متعلق کیا کرتے ہیں اور کچھ شک نہیں کہ جو شخص اس کتاب کو اوّل سے آخر تک خوب غور سے پڑھے گا اس کا کوئی شبہ باقی نہیں رہے گا سو اس پر یہ فرض ہے کہ اگر خدا تعالیٰ اس کتاب کے ذریعہ سے اس کو ہدایت بخشے اور اس کے سینہ کو کھول دیوے تو وہ اپنی معلومات سے اوروں کو بھی فیض پہنچاوے۔ ہر یک جو اس کتاب کی ہدایت کو اپنے پورے اخلاص سے قبول کرے اُس پر یہ بھی لازم ہو گا کہ اس کی عام اشاعت کے لئے کوشش فرماوے اور اس کتاب کے شائع ہونے کے بعد منکروں کے لئے انسب واولیٰ طریق یہی ہے کہ زبانی مباحثات کا دروازہ بند رکھ کر اس کتاب کے مطالب کو غور سے پڑھیں پھر اگر ہدایت نصیب نہ ہو تو اس کے دلائل کو رد کر کے دکھلاویں اور ہماری آخری نصیحت اُن کے حق میں یہی ہے کہ اللہ جلَّ شانہ‘ سے ڈریں۔ ولمقت اللّٰہ اکبر من مقتھم. والسلام علٰی من اتبع الھدٰی.

الـــــمـــــعـــــلـــــن

**میرزا غلام احمد قادیانی** از لودہانہ محلّہ اقبال گنج

یعنی قرآن کے ساتھ ہم نے زمین مردہ کو زندہ کیا۔ ایسا ہی حشر اجساد بھی ہوگا۔ پھر فرماتا ہے ﴿۴۲۵﴾
اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَنَکۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَاٰثَارَھُمۡ [1] یعنی ہم قرآن کے ساتھ مردوں کو زندہ کر رہے ہیں اور پھر فرماتا ہے اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ یُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِھَا [2] یعنی اے لوگو جان لو کہ زمین مرگئی تھی اور خدا اب نئے سرے اس کو زندہ کر رہا ہے۔ غرض جا بجا قرآن شریف کو نمونہ قیامت ٹھہرایا گیا ہے بلکہ ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ قیامت میں ہی ہوں جیسا کہ فرمایا ہے **وانا الحاشر الذی یحشر الناس علٰی قدمی** یعنی میں ہی قیامت ہوں میرے قدموں پر لوگ اُٹھائے جاتے ہیں یعنی میرے آنے سے لوگ زندہ ہو رہے ہیں۔ میں قبروں سے انہیں اُٹھا رہا ہوں اور میرے قدموں پر زندہ ہونے والے جمع ہوتے جاتے ہیں۔ اور درحقیقت جب ہم ایک منصفانہ نگاہ سے عرب کی آبادیوں پر نظر ڈالیں کہ اپنی روحانی حالت کی رو سے وہ کیسے قبرستان کے حکم میں ہو گئے تھے اور کس درجہ تک سچائی اور خداترسی کی روح اُن کے اندر سے نکل گئی تھی
﴿۴۲۶﴾ اور کیسے وہ طرح طرح کی خرابیوں کی وجہ سے جو اُن کے اخلاق اور اعمال اور عقائد پر اثر کر گئی تھیں سڑگل گئے تھے تو بلا اختیار ہمارے اندر سے یہ شہادت نکلتی ہے کہ اُن کا زندہ کرنا جسمانی طور پر مُردوں کے جی اُٹھنے سے بمراتب عجیب تر ہے جس کی عظمت نے بے شمار عقلمندوں کی نگاہوں کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔

اب خلاصہ کلام یہ کہ آیت موصوفہ بالا کے حقیقی معنے یہ ہیں جو ہم نے ذکر کئے ہیں یعنی خدائے تعالیٰ جسمانی طور پر مُردوں کے جی اُٹھنے پر روحانی طور پر مردوں کا جی اُٹھنا بطور بدیہی نشان کے پیش کرتا ہے جو درحقیقت دلوں پر نہایت مؤثر ہوا اور بے شمار کفار اس نشان کے قائل ہو گئے اور ہوتے جاتے ہیں۔ اور ایک جماعت محققین کی بھی یہی معنے آیت موصوفہ بالا کے لیتی ہے۔ چنانچہ تفسیر معالم میں زیر تفسیر اس آیت کے

[1] یٰسٓ: ۱۳ [2] الحدید: ۱۸

یہ معنے لکھے ہیں جیسا کہ تفسیر کی عبارت یہ ہے **وقال الحسن وجماعة وانّہ یعنی وان القراٰن لعلم للسّاعة یعلمکم قیامھا ویخبر کم باحوالھا و اھوالھا فلا تمترن بھا یعنی فلا تشکن فیھا بعد القران یعنی** حسن اور ایک جماعت نے اس آیت کے یہی معنے کئے ہیں کہ قرآن قیامت کے لئے نشان ہے اور زبان قال اور حال سے خبر دے رہا ہے ﴿۴۲۷﴾
کہ قیامت اور اُس کے حالات اور اس کے ہولناک نشان واقع ہونے والے ہیں سو بعد اس کے کہ قرآن قیامت کے آنے پر اپنے اعجازی بیانات اور تاثیرات احیاء موتی سے دلیل محکم قائم کر رہا ہے تم شک مت کرو۔

**(۱۳) سوال**۔ الہام جس کی بناء پر حلقہ اجماع اُمت سے خروج اختیار کیا گیا ہے خود بے اصل اور بے حقیقت اور بے سود چیز ہے جس کا ضرر اس کے نفع سے بڑھ کر ہے۔

**اما الجواب**۔ پس واضح ہو کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ اجماع کو پیشگوئیوں سے کچھ علاقہ نہیں۔ اجماع اُن امور پر ہوتا ہے جن کی حقیقت بخوبی سمجھی گئی اور دیکھی گئی اور دریافت کی گئی اور شارع علیہ السلام نے اُن کے تمام جزئیات سمجھا دئے دکھا دئے سکھلا دئے جیسے صوم وصلوٰۃ وزکوٰۃ وحج و عقائد توحید وثواب وعقاب مگر یہ دنیوی پیشگوئیاں تو ابھی مخفی امور ہیں جن کی شارح علیہ السلام نے اگر کچھ شرح بھی بیان کی تو ایسی کہ جو استعارہ کی طرف توجہ دلاتی ہے۔ مثلاً کیا ان احادیث پر اجماع ثابت ہوسکتا ہے کہ مسیح آ کر جنگلوں میں خنزیروں کا شکار کھیلتا پھرے گا اور ﴿۴۲۸﴾ دجال خانہ کعبہ کا طواف کرے گا اور ابن مریم بیماروں کی طرح دو آدمیوں کے کاندھے پر ہاتھ دھر کے فرض طوافِ کعبہ بجالائے گا۔ کیا معلوم نہیں کہ جو لوگ ان حدیثوں کی شرح کرنے والے گذرے ہیں وہ کیسے بے ٹھکانہ اپنی اپنی تکیں ہانک رہے ہیں۔ اگر کوئی بات اجماع کے طور پر تصفیہ یافتہ ہوتی تو کیوں وہ لوگ مختلف خیالات کو ظاہر کرتے کیا کفر کا خوف نہیں تھا؟

اب رہی یہ بات کہ الہام بے اصل اور بے سود اور بے حقیقت چیز ہے جس کا ضرر اس کے نفع سے بڑھ کر ہے۔ سو جاننا چاہیے کہ ایسی باتیں وہی شخص کرے گا جس نے کبھی

اس شراب طہور کا مزہ نہیں چکھا اور نہ یہ خواہش رکھتا ہے کہ سچا ایمان اس کو حاصل ہو بلکہ رسم اور عادت پر خوش ہے اور کبھی نظر اس طرف اُٹھا کر نہیں دیکھتا کہ مجھے خداوند کریم پر یقین کہاں تک حاصل ہے اور میری معرفت کا درجہ کس حد تک ہے اور مجھے کیا کرنا چاہیئے کہ تا میری اندرونی کمزوریاں دور ہوں اور میرے اخلاق اور اعمال اور ارادوں میں ایک زندہ تبدیلی پیدا ہو جائے۔ اور مجھے وہ عشق اور محبت حاصل ہو جائے ﴿۴۲۹﴾ جس کی وجہ سے میں باآسانی سفرِ آخرت کر سکوں اور مجھ میں ایک نہایت عمدہ قابل ترقی مادہ پیدا ہو جائے۔

بے شک یہ بات سب کے فہم میں آسکتی ہے کہ انسان اپنی اس غافلانہ زندگی میں جو ہر دم تحت الثریٰ کی طرف کھینچ رہی ہے اور علاوہ اس کے تعلقات زن و فرزند اور ننگ و ناموس کے بوجھل اور بھاری پتھر کی طرح ہر لحظہ نیچے کی طرف لے جا رہے ہیں ایک بالائی طاقت کا ضرور محتاج ہے جو اس کو سچی بینائی اور سچا کشف بخش کر خدائے تعالیٰ کے جمال باکمال کا مشتاق بنا دیوے۔ سو جاننا چاہیئے کہ وہ بالائی طاقت **الہام ربانی** ہے جو عین دکھ کے وقت میں سرور پہنچاتا ہے اور مصائب کے ٹیلوں اور پہاڑوں کے نیچے بڑے آرام اور لذت کے ساتھ کھڑا کر دیتا ہے۔ وہ دقیق در دقیق وجود جس نے عقلی طاقتوں کو خیرہ کر رکھا ہے اور تمام حکیموں کی عقل اور دانش کو سکتہ میں ڈال دیا ہے وہ الہام ہی کے ذریعہ سے کچھ اپنا پتہ دیتا ہے اور **انا الموجود** کہہ کر سالکوں کے دلوں کو تسلّی بخشتا ہے اور سکینت نازل کرتا ہے اور انتہائی وصول کی ٹھنڈی ہوا سے جان پُژمردہ ﴿۴۳۰﴾ کو تازگی بخشتا ہے۔ یہ بات تو سچ ہے کہ قرآن کریم ہدایت دینے کے لئے کافی ہے مگر قرآن کریم جس کو ہدایت کے چشمہ تک پہنچاتا ہے اُس میں پہلی علامت یہی پیدا ہو جاتی ہے کہ مکالمہ طیبہ الٰہیہ اس سے شروع ہو جاتا ہے جس سے نہایت درجہ کی انکشافی معرفت اور چشم دید برکت و نورانیت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ عرفان حاصل ہونا شروع ہو جاتا ہے

جو مجرد تقلیدی اٹکلوں یا عقلی ڈھکوسلوں سے ہرگز مل نہیں سکتا کیونکہ تقلیدی علوم محدود و مشتبہ ہیں اور عقلی خیالات ناقص و ناتمام ہیں اور ہمیں ضرورحاجت ہے کہ براہ راست اپنے عرفان کی توسیع کریں کیونکہ جس قدر ہمارا عرفان ہوگا اُسی قدر ہم میں ولولہ وشوق جوش مارے گا۔ کیا ہمیں باوجود ناقص عرفان کے کامل ولولہ وشوق کی کچھ توقع ہے؟ نہیں کچھ بھی نہیں۔ سو حیرت اور تعجب ہے کہ وہ لوگ کیسے بدفہم ہیں جو ایسے ذریعہ کاملہ وصولِ حق سے اپنے تئیں مستغنی سمجھتے ہیں جس سے روحانی زندگی وابستہ ہے۔

یاد رکھنا چاہیئے کہ روحانی علوم اور روحانی معارف صرف بذریعہ الہامات و مکاشفات ہی ملتے ہیں اور جب تک ہم وہ درجہ روشنی کا نہ پالیں تب تک ہماری انسانیت کسی حقیقی معرفت یا ﴿۴۳۱﴾
حقیقی کمال سے بہرہ یاب نہیں ہوسکتی۔ صرف کوے کی طرح یا بھیڑی کی مانند ایک نجاست کو ہم حلوہ سمجھتے رہیں گے اور ہم میں ایمانی فراست بھی نہیں آئے گی۔ صرف لومڑی کی طرح داؤ پیچ بہت یاد ہوں گے۔

ہم ایک بڑے بھاری مطلب کے لئے جو یقینی معرفت ہے پیدا کئے گئے ہیں اور وہی معرفت ہماری نجات کا مدار بھی ہے جو ہریک خبیث اور مغشوش طریق سے ہمیں آزادی بخش کر ایک پاک اور شفاف دریا کے کنارہ پر ہمارا منہ رکھ دیتی ہے اور وہ صرف **بذریعہ الہام** الٰہی ہمیں ملتی ہے۔ جب ہم اپنے نفس سے بکلّی فنا ہوکر دردمند دل کے ساتھ لایُدرک وجود میں ایک گہرا غوطہ مارتے ہیں تو ہماری بشریت الوہیت کے دریا میں پڑنے سے عندالعود کچھ آثار و انوار اس عالم کے ساتھ لے آتی ہے۔ سو جس چیز کو اس دنیا کے لوگ بنظرِ حقارت دیکھتے ہیں۔ درحقیقت وہی ایک چیز ہے جو مدت کے جدا شدہ کو ایک دم میں اپنے محبوب سے ملاتی ہے وہی ہے جس سے عشاق الٰہی تسلّی پاتے ہیں اور طرح طرح کی نفسانی قیدوں سے بیک بار اپنا
پیر باہر نکال لیتے ہیں جب تک وہ سچی روشنی دلوں پر نازل نہ ہو ہرگز ممکن ہی نہیں کہ کوئی دل ﴿۴۳۲﴾
منور ہوسکے۔ غرض انسانی عقل کی ناقابلیت اور رسمی علوم کی محدودیت ضرورتِ الہام پر

شہادت دے رہی ہے۔ جس قدر دنیا میں عقلمند ہیں یا ایسے زاہد جن کے دل درحقیقت اس پاک سلسلے سے بے نصیب ہیں اُن کے چال چلن اور ان کا اخلاقی انقباض اور اُن کے سفلی خیالات اور ان کی سب شرمناک کارستانیاں اس میرے بیان پر شاہد ہیں کہ وہ بغیر اس چشمہ طیبہ کے کس قدر قابل کراہت کثافتوں میں مبتلا ہیں اور جس طرح گندے کنوئیں کے پانی کے ایک قطرہ سے اس کی تمام کثافت ثابت ہو جاتی ہے اسی طرح اُن کے گندے خیالات اپنے بُرے نمونہ سے پہچانے جاتے ہیں۔

اگرچہ ایسے لوگوں کی فلاسفی عام خیالات میں ہل چل مچانے والی ہو مگر چونکہ **سچی روشنی** اس کے ساتھ نہیں اس لئے وہ جلد اور بہت جلد اپنی ظلمت دکھا دیتی ہے اور باوجود تمام لاف وگزاف ہمہ دانی کے ایسے لوگوں کی اندرونی حالت ہاتھ پھیلا پھیلا کر اپنی مفلسی ظاہر کرتی رہتی ہے اور بسا اوقات **روحانی تشفّی** کے نہ ملنے کی وجہ سے ایسے فلاسفروں اور حکیموں اور مولویوں اور ﴿۴۳۳﴾ فاضلوں سے ایسی حرکتیں صادر ہو جاتی ہیں جن سے صاف شہادت ملتی ہے کہ وہ تسلّی بخش چشمہ سے کیسے اور کس قدر **دور ومہجور** ہیں اور کیونکر حقیقی خوشحالی کے نہ پانے کے سبب سے ایک عذاب الیم یا یوں کہو کہ ایک درد اور جلن اور بے چینی میں **دن رات مبتلا** ہیں۔

اس جگہ بعض دلوں میں بالطبع یہ اعتراض پیدا ہوگا کہ اکثر لوگ الہام کا دعویٰ کرتے ہیں بلکہ فقرات الہامیہ سناتے بھی رہتے ہیں لیکن اُن کی معرفت میں کچھ بھی ترقی نظر نہیں آتی اور معمولی بشریت سے اُن کی عرفانی حالت کا درجہ بڑھا ہوا معلوم نہیں دیتا بلکہ وہی موٹی سمجھ اور سطحی خیالات اور فطرتی تاریکی اور پستی اُن میں دکھائی دیتی ہے اور اُن کے اخلاقی یا ذہنی یا روحانی قویٰ میں کوئی امر عام عادت سے بڑھ کر نظر نہیں آتا۔ پھر کیونکر ایسے لوگوں کو ہم **مُلہم** سمجھیں اور اس چشمۂ فیض کا ہم کلام مان لیویں جس کے قرب اور شرف مکالمت سے خارق عادت تبدیلی پیدا ہو جانا ضروری ہے۔ کم سے کم اس قدر تبدیلی کہ بعض باتیں

اُس مُلہم میں ایسی ہوں کہ دوسروں میں پائی نہ جائیں۔

سو جاننا چاہیے کہ درحقیقت ایسے لوگ واقعی طور پر ملہم نہیں ہوتے بلکہ ایک قسم کے ابتلاء میں مبتلا ہوتے ہیں جس کو وہ اپنی نادانی سے الہام سمجھ لیتے ہیں۔ خدائے تعالیٰ کا حقیقی اور واقعی طور پر مکالمہ کچھ تھوڑی سی بات نہیں۔ جس طرح تم دیکھتے ہو کہ جب ایک تاریکی میں بیٹھے ہوئے آدمی کے لئے ناگہانی طور پر آفتاب کی طرف کھڑکی کھل جائے تو کیسی یکدفعہ اس کی حالت بدل جاتی ہے اور کیوں کر آسمانی روشنی اس کے حواس پر کام کر کے ایک تبدیل شدہ زندگی اس کے لئے پیدا کر دیتی ہے اور کیوں کر تاریکی سے جو بالطبع افسردگی کی موجب ہے باہر نکل کر ایک سرور و ذوق اس کے دل میں اور ایک روشنائی اس کی آنکھوں میں اور ایک استقامت اس کی حالت میں پیدا ہو جاتی ہے۔ سو یہی حالت اُس کھڑکی کی ہے جو آسمان کی طرف سے کھلتی ہے اور بہت ہی کم لوگ ہیں جو واقعی اور حقیقی طور پر اُس کو پاتے ہیں اور تم انہیں خارق عادت علامتوں سے شناخت کرو گے۔ ﴿۴۳۴﴾

(۱۴) **سوال**۔ قرآن شریف سے اگرچہ مسیح کی موت ثابت ہوتی ہے مگر اس موت کا کوئی وقت خاص تو ثابت نہیں ہوتا۔ پس تعارض حدیث اور قرآن کا دور کرنے کے لئے ﴿۴۳۵﴾ بجز اس کے اور کیا راہ ہے کہ اس موت کا زمانہ وہ قرار دیا جائے کہ جب پھر حضرت مسیح نازل ہوں گے۔

**اما الجواب**۔ پس واضح ہو کہ قرآن شریف کی نصوص بینہ اسی بات پر بصراحت دلالت کر رہی ہیں کہ مسیح اپنے اُسی زمانہ میں فوت ہو گیا ہے جس زمانہ میں وہ بنی اسرائیل کے مفسد فرقوں کی اصلاح کے لئے آیا تھا جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْۤا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ [۱]۔ اب اس جگہ ظاہر ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ پہلے لکھا ہے اور رَافِعُکَ بعد اس کے بیان فرمایا ہے

[۱] اٰل عمران: ۵۶

جس سے ثابت ہوا کہ وفات پہلے ہوئی اور رفع بعد از وفات ہوا۔ اور پھر اور ثبوت یہ ہے کہ اس پیشگوئی میں اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے کہ میں تیری وفات کے بعد تیرے متبعین کو تیرے مخالفوں پر جو یہودی ہیں قیامت کے دن تک غالب رکھوں گا۔ اب ظاہر ہے اور تمام عیسائی اور مسلمان اس بات کو قبول کرتے ہیں کہ یہ پیشگوئی حضرت مسیح
«۴۳۶» کے بعد اسلام کے ظہور تک بخوبی پوری ہوگئی کیونکہ خدائے تعالیٰ نے یہودیوں کو اُن لوگوں کی رعیت اور ماتحت کر دیا جو عیسائی یا مسلمان ہیں اور آج تک صدہا برسوں سے وہ ماتحت چلے آتے ہیں یہ تو نہیں کہ حضرت مسیح کے نزول کے بعد پھر ماتحت ہوں گے۔ ایسے معنے تو بہ بداہت فاسد ہیں۔

دیکھنا چاہیے کہ قرآن شریف میں یہ بھی آیت ہے جو حضرت مسیح کی زبان سے اللہ جلّ شَانہٗ فرماتا ہے وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَادُمْتُ حَیًّا وَّ بَرًّا بِوَالِدَتِیْ [۱] یعنی حضرت مسیح فرماتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے مجھے فرمایا ہے نماز پڑھتا رہ اور زکوٰۃ دیتا رہ اور اپنی والدہ پر احسان کرتا رہ جب تک تو زندہ ہے۔ اب ظاہر ہے کہ ان تمام تکلیفات شرعیہ کا آسمان پر بجالانا محال ہے۔ اور جو شخص مسیح کی نسبت یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ وہ زندہ مع جسدہٖ آسمان کی طرف اٹھایا گیا اس کو اس آیت موصوفہ بالا کے منشاء کے موافق یہ بھی ماننا پڑے گا کہ تمام احکام شرعی جو انجیل اور توریت کی رو سے انسان پر واجب العمل ہوتے ہیں وہ حضرت مسیح پر اب بھی واجب ہیں حالانکہ یہ تکلیف مالا یطاق ہے۔ عجیب بات ہے کہ ایک طرف تو خدا تعالیٰ یہ حکم دیوے کہ اے عیسٰی جب تک تو
«۴۳۷» زندہ ہے تیرے پر واجب ہے کہ تو اپنی والدہ کی خدمت کرتا رہے اور پھر آپ ہی اس کے زندہ ہونے کی حالت میں ہی اس کو والدہ سے جدا کر دیوے اور تا بحیات زکوٰۃ کا حکم دیوے اور پھر زندہ ہونے کی حالت میں ہی ایسی جگہ پہنچا دے جس جگہ نہ وہ آپ زکوٰۃ دے سکتے ہیں اور نہ زکوٰۃ کے لئے کسی دوسرے کو نصیحت کر سکتے ہیں اور صلوٰۃ کے لئے

[۱] مریم: ۳۲، ۳۳

تا کید کرے اور جماعت مومنین سے دور پھینک دیوے جن کی رفاقت صلوٰۃ کی تکمیل کے لئے ضروری تھی۔ کیا ایسے اُٹھائے جانے سے بجز بہت سے نقصان عمل اور ضائع ہونے حقوق عباد اور فوت ہونے خدمت امر معروف اور نہی منکر کے کچھ اَور بھی فائدہ ہوا؟ اگر یہی اٹھارہ سوا کانوے ۱۸۹۱ برس زمین پر زندہ رہتے تو اُن کی ذات جامع البرکات سے کیا کیا نفع خلق اللہ کو پہنچتا لیکن اُن کے اُوپر تشریف لے جانے سے بجز اس کے اور کون سا نتیجہ نکلا کہ اُن کی اُمت بگڑ گئی اور وہ خدمات نبوت کے بجالانے سے بکلی محروم رہ گئے۔

پھر جب ہم اس آیت پر بھی نظر ڈالیں کہ جو اللہ جلّ شانہٗ قرآن شریف میں فرماتا ہے کہ کوئی جسم کسی بشر کا ہم نے ایسا نہیں بنایا کہ بغیر روٹی کے زندہ رہ سکے تو ﴿۴۳۸﴾ ہمارے مخالفوں کے عقیدہ کے موافق یہ بھی لازم آتا ہے کہ وہ آسمان پر روٹی بھی کھاتے ہوں پاخانہ بھی پھرتے ہوں اور ضروریات بشریّت جیسے کپڑے اور برتن اور کھانے کی چیزیں سب موجود ہوں مگر کیا یہ سب کچھ قرآن اور حدیث سے ثابت ہو جائے گا؟ ہرگز نہیں۔ آخر ہمارے مخالف یہی جواب دیں گے کہ جس طرز سے وہ آسمان پر زندگی بسر کرتے ہیں وہ انسان کی معمولی زندگی سے نرالی ہے اور وہ انسانی حاجتیں جو زمین پر زندہ انسانوں میں پائی جاتی ہیں وہ سب اُن سے دور کر دی گئی ہیں اور اُن کا جسم اب ایک ایسا جسم ہے کہ نہ خوراک کا محتاج ہے اور نہ پوشاک کا اور نہ پاخانہ کی حاجت انہیں ہوتی ہے اور نہ پیشاب کی۔ اور نہ زمین کے جسموں کی طرح اُن کے جسم پر زمانہ اثر کرتا ہے اور نہ وہ اب مکلّف احکام شرعیہ ہیں۔ تو اس کا یہ جواب ہے کہ خدائے تعالیٰ تو صاف فرماتا ہے کہ ان تمام خاکی جسموں کے لئے جب تک زندہ ہیں۔ یہ تمام لوازم غیر منفک ہیں جیسا کہ اس نے فرمایا وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ[1]۔ ظاہر ہے کہ اس آیت میں جز کے ذکر سے کُل مراد ہے یعنی

[1] الانبیاء: ۹

گو اُتنا ہی ذکر فرمایا کہ کسی نبی کا جسم ایسا نہیں بنایا گیا جو بغیر طعام کے رہ سکے مگر اس کے ضمن میں کُل وہ لوازم ونتائج جو طعام کو لگے ہوئے ہیں سب اشارۃ النص کے طور پر فرما دئے۔ سو اگر مسیح ابن مریم اسی جسم خاکی کے ساتھ آسمان پر گیا ہے تو ضرور ہے کہ طعام کھاتا ہو اور پاخانہ اور پیشاب کی ضروری حاجتیں سب اس کی دامنگیر ہوں کیونکہ کلام الٰہی میں کذب جائز نہیں۔ اور اگر یہ کہو کہ دراصل بات یہ ہے کہ مسیح اس جسم کے ساتھ آسمان پر نہیں گیا بلکہ یہ جسم تو زمین میں دفن کیا گیا اور ایک اور نورانی جسم مسیح کو ملا جو کھانے پینے سے پاک تھا اس جسم کے ساتھ اُٹھایا گیا تو حضرت **یہی تو موت** ہے جس کا آخر آپ نے اقرار کرلیا۔ ہمارا ابھی تو یہی مذہب ہے کہ مقدس لوگوں کو موت کے بعد ایک **نورانی جسم** ملتا ہے اور وہی نور جو وہ ساتھ رکھتے ہیں جسم کی طرح اُن کے لئے ہو جاتا ہے سو وہ اس کے ساتھ آسمان کی طرف اُٹھائے جاتے ہیں اسی کی طرف اشارہ ہے جو اللہ جلَّ شَانہٗ فرماتا ہے اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ [1] یعنی پاک روحیں جو نورانی الوجود ہیں خدائے تعالیٰ کی طرف صعود کرتی ہیں اور عمل صالح اُن کا رفع کرتا ہے یعنی جس قدر عمل صالح ہو اُسی قدر روح کا رفع ہوتا ہے۔ ﴿۴۳۹﴾ ﴿۴۴۰﴾

اس جگہ خدائے تعالیٰ نے روح کا نام **کلمہ** رکھا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ درحقیقت تمام ارواح کلمات اللہ ہی ہیں جو ایک لایُدرک بھید کے طور پر جس کی تہ تک انسان کی عقل نہیں پہنچ سکتی روحیں بن گئی ہیں۔ اسی بناء پر اس آیت کا مضمون بھی ہے وَكَلِمَتُهٗٓ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ [2]۔ اور چونکہ یہ سِر ربوبیت ہے اس لئے کسی کی مجال نہیں کہ اس سے بڑھ کر کچھ بول سکے کہ کلمات اللہ ہی بحکم وباذن ربّی لباس روح کا پہن لیتے ہیں اور ان میں وہ تمام طاقتیں اور قوتیں اور خاصیتیں پیدا ہو جاتی ہیں جو روحوں میں پائی جاتی ہیں اور پھر چونکہ ارواح طیبہ **فنا فی اللہ** ہونے کی حالت میں

[1] فاطر: ۱۱ [2] النساء: ۱۷۲

اپنے تمام قویٰ چھوڑ دیتی ہیں اور اطاعت الٰہی میں فانی ہو جاتی ہیں تو گویا پھر وُہ روح کی حالت سے باہر آ کر کلمۃ اللہ ہی بن جاتی ہیں جیسا کہ ابتدا میں وہ کلمۃ اللہ تھیں۔ سو کلمۃ اللہ کے نام سے ان پاک روحوں کو یاد کرنا اُن کے اعلیٰ درجہ کے کمال کی طرف اشارہ ہے سو انہیں نور کا لباس ملتا ہے اور اعمال صالحہ کی طاقت سے اُن کا خدائے تعالیٰ کی طرف رفع ہوتا ہے۔

﴿۴۴۱﴾ اور ہمارے ظاہر بین علماء اپنے محدود خیالات کی وجہ سے کلماتِ طیبہ سے مراد محض عقائد یا اذکار و اشغال رکھتے ہیں اور اعمال صالحہ سے مراد بھی اذکار و خیرات وغیرہ ہیں تو گویا وہ اس تاویل سے علت اور معلول کو ایک کر دیتے ہیں۔ اگرچہ کلمات طیبہ بھی خدائے تعالیٰ کی طرف ہی رجوع کرتے ہیں لیکن عارفوں کے لئے یہ بطنی معنے ہیں جن پر قرآن کریم کے دقیق اشارات مشتمل ہیں۔

**(۱۵) سوال۔** مسیح ابن مریم نے تو بہت سے معجزات سے اپنے منجانب اللہ ہونے کا ثبوت دیا تھا آپ نے کیا ثبوت دیا۔ کیا کوئی مُردہ زندہ کر دیا یا کوئی مادرزاد اندھا آپ سے اچھا ہوا۔ اگر ہم فرض بھی کر لیں کہ آپ مثیل مسیح ہیں تو ہمیں آپ کے وجود سے کیا فائدہ ہوا؟

**اما الجواب۔** پس واضح ہو کہ انجیل کو پڑھ کر دیکھ لو کہ یہی اعتراض ہمیشہ مسیح پر رہا کہ اس نے کوئی معجزہ تو دکھایا ہی نہیں یہ کیسا مسیح ہے۔ کیونکہ ایسا مردہ تو کوئی زندہ نہ ہوا کہ وہ بولتا اور اُس جہان کا سب حال سناتا اور اپنے وارثوں کو نصیحت کرتا کہ میں تو دوزخ میں سے آیا ہوں تم جلد ایمان لے آؤ۔ اگر مسیح صاف طور پر یہودیوں کے باپ دادے زندہ کر کے دکھا دیتا اور اُن سے گواہی دلواتا تو بھلا کس کو انکار کی مجال تھی غرض پیغمبروں نے نشان تو دکھائے مگر پھر بھی بے ایمانوں سے مخفی رہے۔ ایسا ہی یہ عاجز بھی خالی نہیں آیا بلکہ مُردوں کے زندہ ہونے کے لئے بہت سا آبِ حیات خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو بھی دیا ہے بے شک جو شخص اس میں سے پئے گا زندہ ہو جائے گا۔ بلا شبہ میں اقرار کرتا ہوں کہ اگر میرے کلام سے مردے زندہ نہ ہوں اور ﴿۴۴۲﴾

اندھے آنکھیں نہ کھولیں اور مجذوم صاف نہ ہوں تو میں خدائے تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا کیونکہ خدائے تعالیٰ نے آپ اپنے پاک کلام میں میری طرف اشارہ کر کے فرمایا ہے نبی ناصری کے نمونہ پر اگر دیکھا جائے **تو معلوم ہوگا کہ وہ بندگانِ خدا کو بہت صاف کر رہا ہے اس سے زیادہ کہ کبھی جسمانی بیماریوں کو صاف کیا گیا ہو۔**

یقیناً سمجھو کہ روحانی حیات کا تخم ایک رائی کے بیج کی طرح بویا گیا مگر قریب ہے ہاں بہت قریب ہے کہ ایک بڑا درخت ہو کر نظر آئے گا۔ جسمانی خیالات کا انسان جسمانی باتوں کو پسند کرتا ہے اور اُن کو بڑی چیز سمجھتا ہے مگر جس کو کچھ روحانیت کا حصہ دیا گیا ہے وہ روحانی زندگی کا طالب ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے راستباز بندے دنیا میں اس لئے نہیں آتے کہ لوگوں کو تماشے دکھلائیں بلکہ اصل مطلب اُن کا جذب الی اللہ ہوتا ہے اور آخر کار وہ اسی قوت قدسیہ کی وجہ سے شناخت کئے جاتے ہیں۔ وہ نور جو اُن کے اندر قوت جذب رکھتا ہے اگرچہ کوئی شخص امتحان کے طور سے اس کو دیکھ نہیں سکتا بلکہ ٹھوکر کھاتا ہے۔ مگر وہ نور آپ ہی ایک ایسی جماعت کو اپنی طرف کھینچ کر جو کھینچے جانے کے لائق ہے اپنا خارق عادت اثر ظاہر کر دیتا ہے۔ ﴿۴۴۳﴾

(۱) خدائے تعالیٰ کے خالص دوستوں کی یہ علامتیں ہیں کہ ایک خالص محبت ان کو عطا کی جاتی ہے جس کا اندازہ کرنا اس جہان کے لوگوں کا کام نہیں۔

(۲) اُن کے دلوں پر ایک خوف بھی ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ دقائق اطاعت کی رعایت رکھتے ہیں ایسا نہ ہو کہ یارِ قدیم آزردہ ہو جائے۔

﴿۴۴۴﴾ (۳) ان کو خارق عادت استقامت دی جاتی ہے کہ اپنے وقت پر دیکھنے والوں کو حیران کر دیتی ہے۔

(۴) جب اُن کو کوئی بہت ستاتا ہے اور باز نہیں آتا تو اُن کے لئے غضب اس ذات قوی کا جو اُن کا متولّی ہے یکدفعہ بھڑکتا ہے۔

(۵) جب اُن سے کوئی بہت دوستی کرتا ہے اور سچی وفاداری اور اخلاص کے ساتھ اُن کی راہ میں فدا ہو جاتا ہے تو خدائے تعالیٰ اس کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور اس پر ایک خاص رحمت نازل کرتا ہے۔

(۶) اُن کی دعائیں بہ نسبت اوروں کے بہت زیادہ قبول ہوتی ہیں یہاں تک کہ وہ شمار نہیں کر سکتے کہ کس قدر قبول ہوئیں۔

(۷) اُن پر اکثر اسرار غیب ظاہر کئے جاتے ہیں اور وہ باتیں جو ابھی ظہور میں نہیں آئیں اُن پر کھولی جاتی ہیں اگرچہ اور مومنوں کو بھی سچی خوابیں اور سچے مکاشفات معلوم ہو جاتے ہیں مگر یہ لوگ تمام دنیا سے نمبر اوّل پر ہوتے ہیں۔

(۸) خدائے تعالیٰ خاص طور پر اُن کا متولّی ہو جاتا ہے اور جس طرح اپنے بچوں کی کوئی پرورش کرتا ہے اس سے بھی زیادہ نگاہِ رحمت اُن پر رکھتا ہے۔

(۹) جب اُن پر کوئی بڑی مصیبت کا وقت آتا ہے تو اُس وقت دو طور میں سے ایک طور کا ان سے معاملہ ہوتا ہے یا خارق عادت طور پر اس مصیبت سے رہائی دی جاتی ہے اور یا ایک ایسا صبر جمیل عطا کیا جاتا ہے جس میں لذت اور سرور اور ذوق ہو۔ ﴿۴۴۵﴾

(۱۰) اُن کی اخلاقی حالت ایک ایسے اعلیٰ درجہ کی کی جاتی ہے جو تکبر اور نخوت اور کمینگی اور خود پسندی اور ریاکاری اور حسد اور بُخل اور تنگدلی سب دور کی جاتی ہے اور انشراح صدر اور بشاشت عطا کی جاتی ہے۔

(۱۱) اُن کی توکّل نہایت اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے اور اس کے ثمرات ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔

(۱۲) اِن کو ان اعمال صالحہ کے بجالانے کی قوت دی جاتی ہے جو دوسرے اُن میں کمزور ہوتے ہیں۔

(۱۳) اُن میں ہمدردی خلق اللہ کا مادہ بہت بڑھایا جاتا ہے اور بغیر توقع کسی اجر اور

بغیر خیال کسی ثواب کے انتہائی درجہ کا جوش اُن میں خلق اللہ کی بھلائی کے لئے ہوتا ہے اور خود بھی نہیں سمجھ سکتے کہ اس قدر جوش کس غرض سے ہے کیونکہ یہ امر فطرتی ہوتا ہے۔ ﴿۴۴۶﴾

(۱۴) خدائے تعالیٰ کے ساتھ ان لوگوں کو نہایت کامل وفاداری کا تعلق ہوتا ہے اور ایک عجیب مستی جانفشانی کی اُن کے اندر ہوتی ہے اور اُن کی روح کو خدائے تعالیٰ کی روح کے ساتھ وفاداری کا ایک راز ہوتا ہے جس کو کوئی بیان نہیں کر سکا۔ اس لئے حضرت احدیت میں اُن کا ایک مرتبہ ہوتا ہے جس کو خلقت نہیں پہچانتی وہ چیز جو خاص طور پر اُن میں زیادہ ہے اور جو سرچشمہ تمام برکات کا ہے اور جس کی وجہ سے یہ ڈوبتے ہوئے پھر نکل آتے ہیں اور موت تک پہنچ کر پھر زندہ ہو جاتے ہیں اور ذلتیں اُٹھا کر پھر تاجِ عزت دکھا دیتے ہیں اور مہجور اور اکیلے ہو کر پھر نا گہاں ایک جماعت کے ساتھ نظر آتے ہیں وہ یہی راز وفاداری ہے جس کے رشتہ محکم کو نہ تلواریں قطع کر سکتی ہیں اور نہ دنیا کا کوئی بلوہ اور خوف اور مفسدہ اس کو ڈھیلا کر سکتا ہے۔ **السّلام علیهم من اللّٰه و ملآئکته و من الصلحاء اجمعین۔**

﴿۴۴۷﴾ (۱۵) پندرھویں علامت ان کی علم قرآن کریم ہے۔ قرآن کریم کے معارف اور حقائق و لطائف جس قدر ان لوگوں کو دئے جاتے ہیں دوسرے لوگوں کو ہرگز نہیں دئے جاتے۔ یہ لوگ وہی **مطهّرون** ہیں جن کے حق میں اللہ **جلّ شانہٗ** فرماتا ہے لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ [1]

(۱۶) ان کی تقریر و تحریر میں اللہ **جلّ شانہٗ** ایک تاثیر رکھ دیتا ہے جو علماء ظاہری کی تحریروں و تقریروں سے نرالی ہوتی ہے اور اس میں ایک ہیبت اور عظمت پائی جاتی ہے اور بشرطیکہ حجاب نہ ہو دلوں کو پکڑ لیتی ہے۔

(۱۷) اُن میں ایک ہیبت بھی ہوتی ہے جو خدائے تعالیٰ کی ہیبت سے رنگین ہوتی ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ ایک خاص طور پر اُن کے ساتھ ہوتا ہے اور اُن کے چہروں پر

[1] الواقعة :۸۰

عشق الٰہی کا ایک نور رہتا ہے جو شخص اس کو دیکھ لے اُس پر نار جہنم حرام کی جاتی ہے۔ اُن سے ذنب اور خطا بھی صادر ہوسکتا ہے مگر اُن کے دلوں میں ایک آگ ہوتی ہے جو ذنب اور خطا کو بھسم کر دیتی ہے اور ان کا خطا ٹھہرنے والی چیز نہیں بلکہ اس چیز کی مانند ہے جو ایک تیز چلنے والے پانی میں بہتی ہوئی چلی جاتی ہے۔ سو اُن کا نکتہ چین ہمیشہ ٹھوکر کھاتا ہے۔

(۱۸) خدائے تعالیٰ اُن کو ضائع نہیں کرتا اور ذلت اور خواری کی مار اُن پر نہیں مارتا کیونکہ وہ اس کے عزیز اور اس کے ہاتھ کے پودے ہیں۔ ان کو اس لئے بلندی سے نہیں گراتا کہ تا ہلاک کرے بلکہ اس لئے گراتا ہے کہ تا اُن کا خارق عادت طور پر بچ جانا دکھاوے۔ ان کو اس لئے آگ میں دھکا نہیں دیتا تا اُن کو جلا کر خاکستر کر دیوے بلکہ اس لئے دھکا دیتا ہے تا لوگ دیکھ لیویں کہ پہلے تو آگ تھی مگر اب کیسا خوشنما گلزار ہے۔ ﴿۴۴۸﴾

(۱۹) ان کو موت نہیں دیتا جب تک وہ کام پورا نہ ہو جائے جس کے لئے وہ بھیجے گئے ہیں اور جب تک پاک دلوں میں اُن کی قبولیت نہ پھیل جائے تب تک البتہ سفر آخرت ان کو پیش نہیں آتا۔

(۲۰) اُن کے آثار خیر باقی رکھے جاتے ہیں اور خدائے تعالیٰ کئی پشتوں تک اُن کی اولاد اور ان کے جانی دوستوں کی اولاد پر خاص طور پر نظر رحمت رکھتا ہے اور ان کا نام دنیا سے نہیں مٹاتا۔

یہ آثار اولیاء الرحمٰن ہیں اور ہر یک قسم ان میں سے اپنے وقت پر جب ظاہر ہوتی ہے تو بھاری کرامت کی طرح جلوہ دکھاتی ہے مگر اس کا ظاہر کرنا خدائے تعالیٰ کے ہی اختیار میں ہوتا ہے۔

اب یہ عاجز بحکم وَاَمَّا بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ[1] اس بات کے اظہار میں کچھ مضائقہ نہیں

[1] الضحیٰ :۱۲

دیکھتا کہ خداوند کریم و رحیم نے محض فضل و کرم سے اِن تمام امور سے اس عاجز کو حصہ وافرہ
دیا ہے اور اس ناکارہ کو خالی ہاتھ نہیں بھیجا اور نہ بغیر نشانوں کے مامور کیا بلکہ یہ تمام نشان ﴿۴۴۹﴾
دئے ہیں جو ظاہر ہو رہے ہیں اور ہوں گے اور خدائے تعالیٰ جب تک کھلے طور پر حجت
قائم نہ کرلے تب تک ان نشانوں کو ظاہر کرتا جائے گا۔ اور یہ جو کہا کہ تمہارے وجود سے
ہمیں کیا فائدہ؟ تو اس کے جواب میں یاد رکھنا چاہیے کہ جو شخص مامور ہو کر آسمان سے آتا
ہے اس کے وجود سے علیٰ حسب مراتب سب کو بلکہ تمام دنیا کو فائدہ ہوتا ہے اور درحقیقت
وہ ایک روحانی آفتاب نکلتا ہے جس کی کم و بیش دور دور تک روشنی پہنچتی ہے۔ اور جیسی
آفتاب کی مختلف تاثیریں حیوانات و نباتات و جمادات اور ہر یک قسم کے جسم پر پڑ رہی ہیں
اور بہت کم لوگ ہیں جو اُن تاثیروں پر باستیفا علم رکھتے ہیں۔ اسی طرح وہ شخص جو مامور
ہو کر آتا ہے تمام طبائع اور اطراف اکناف عالم پر اس کی تاثیریں پڑتی ہیں اور جبھی سے
کہ اس کا پُر رحمت تعین آسمان پر ظاہر ہوتا ہے آفتاب کی کرنوں کی طرح فرشتے آسمان
سے نازل ہونے شروع ہوتے ہیں اور دنیا کے دور دور کناروں تک جو لوگ راستبازی
کی استعداد رکھتے ہیں ان کو سچائی کی طرف قدم اٹھانے کی قوت دیتے ہیں اور پھر خود بخود
نیک نہاد لوگوں کی طبیعتیں سچ کی طرف مائل ہوتی جاتی ہیں۔ سو یہ سب اسؔ ربانی آدمی ﴿۴۵۰﴾
کی صداقت کے نشان ہوتے ہیں۔ جس کے عہد ظہور میں آسمانی قوتیں تیز کی جاتی ہیں۔
سچی وحی کا خدائے تعالیٰ نے یہی نشان دیا ہے کہ جب وہ نازل ہوتی ہے تو ملائک بھی
اس کے ساتھ ضرور اُترتے ہیں اور دنیا دن بدن راستی کی طرف پلٹا کھاتی جاتی ہے۔ سو یہ
عام علامت اُس مامور کی ہے جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور خاص علامتیں وہ
ہیں جو ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں۔

**(۱۶) سوال۔** انجیل میں لکھا ہے کہ مسیح جلال کے ساتھ دنیا میں آئے گا اور دنیا اس کو
قبول کر لے گی لیکن اس جگہ جلالی ظہور کی کوئی علامت نہیں اور نہ دنیا نے قبول کیا ہے؟

**اما الجواب**۔ یہ ذکر جو انجیل متی باب پچیس ۲۵ آیت ۳۱ سے ۴۶ تک ہے۔ جو ابن آدم اپنے جلال سے آوے گا اور سب پاک فرشتے اس کے ساتھ ہوں گے یہ درحقیقت اس دنیا سے متعلق نہیں بلکہ اس قسم کا آنا اس دنیا کے قطع سلسلہ کے بعد ہے جو حشر اجساد کے بعد وقوع میں آوے گا۔ جب ہریک مقدس نبی اپنے جلال میں ظہور کرے گا اور اپنی اُمت کے راستبازوں کو خوشخبری دے گا اور نافرمانوں کو ملزم کرے گا لیکن انہی آیات میں ﴿۴۵۱﴾
مسیح نے بتلا دیا کہ میرا آنا غریبی کی حالت میں بھی ہوگا جیسا کہ اسی انجیل کی چونتیسویں آیت میں لکھا ہے۔ اے میرے باپ کے مبارک لوگو! اس بادشاہت کو جو دنیا کی بنیاد ڈالنے سے تمہارے لئے طیار کی گئی میراث میں لو کیونکہ میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا کھلایا میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی پلایا میں پردیسی تھا تم نے مجھے اپنے گھر میں اُتارا ننگا تھا تم نے مجھے کپڑا پہنایا۔ بیمار تھا تم نے میری عیادت کی۔ قید میں تھا تم میرے پاس آئے۔ راستباز اُسے جواب میں کہیں گے۔ اے خداوند کب ہم نے تجھے بھوکا دیکھا اور کھانا کھلایا یا پیاسا اور پانی پلایا۔ کب ہم نے تجھے پردیسی دیکھا اور اپنے گھر میں اُتارا یا ننگا اور کپڑا پہنایا۔ ہم کب تجھے بیمار اور قید میں دیکھ کر تجھ پاس آئے۔ تب بادشاہ اُن سے جواب میں کہے گا میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ جب تم نے میرے ان سب سے چھوٹے بھائیوں میں سے ایک کے ساتھ کیا تو میرے ساتھ کیا۔ تب وہ بائیں طرف والوں سے بھی کہے گا۔ اے ملعونو! میرے سامنے سے اس ہمیشہ کی آگ میں جاؤ جو شیطان اور اس کے فرشتوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ کیونکہ میں بھوکا تھا پر تم نے مجھے ﴿۴۵۲﴾
کھانے کو نہ دیا۔ پیاسا تھا تم نے مجھے پانی نہ پلایا۔ پردیسی تھا تم نے مجھے اپنے گھر میں نہ اُتارا۔ ننگا تھا تم نے مجھے کپڑا نہ پہنایا۔ بیمار اور قید میں تھا تم نے میری خبر نہ لی۔ تب وے بھی جواب میں اُسے کہیں گے اے خداوند کب ہم نے تجھے بھوکا یا پیاسا یا پردیسی یا ننگا یا بیمار یا قیدی دیکھا اور تیری خدمت نہ کی۔ تب وہ انہیں جواب میں کہے گا میں تم سے

سچ کہتا ہوں کہ جب تم نے میرے ان سب چھوٹے بھائیوں میں سے ایک کے ساتھ نہ کیا تو میرے ساتھ بھی نہ کیا۔ اور وہ ہمیشہ کے عذاب میں جائیں گے پر راستباز ہمیشہ کی زندگی میں۔

اب غور کرنا چاہیئے کہ ان تمام آیات سے ظاہر ہے کہ مسیح نے اپنے بعض مثیلوں کا ذکر کر کے اُن کا دنیا میں آنا اور تکلیف اٹھانا گویا اپنا آنا اور تکلیف اُٹھانا قرار دیا ہے اور چھوٹے بھائیوں سے مراد بجز اُن کے اور کون لوگ ہو سکتے ہیں جو کسی قدر مسیح کے منصب اور مسیح کی طبیعت اور مسیح کے درجہ سے حصہ لیں اور اس کے نام پر مامور ہو کر آویں۔ عیسائی تو نہیں کہہ سکتے کہ ہم مسیح کے بھائی ہیں۔ اور کچھ شک نہیں کہ محدث نبی کا چھوٹا بھائی ہوتا ہے اور تمام انبیاء عِلّاتی بھائی کہلاتے ہیں۔ اور یہ نہایت لطیف ﴿۴۵۳﴾ اشارہ ہے جو مسیح نے اُن کا آنا اپنا آنا قرار دیا ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ آنا اس عاجز کا نسبتی طور پر جلالی آنا بھی ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے توحید کی اشاعت کے لئے یہ بڑی بڑی کامیابیوں کی تمہید ہے۔ اور جلالی آنے سے مراد اگر طریق سیاست رکھا جاوے تو یہ درست نہیں۔ یہ بات انصاف سے بعید ہے کہ کوئی شخص غافلوں کے جگانے کے لئے مامور ہو کر آوے اور آتے ہی زدوکوب اور قتل اور سفک دماء سے کام لیوے جب تک پورے طور سے اتمام حجت نہ ہو خدائے تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل نہیں کرتا۔ غرض مسیح کا جلالی طور پر آنا جن معنوں سے عیسائی بیان کرتے ہیں وہ اس دنیا سے متعلق نہیں۔ اس دنیا میں جو مسیح کے آنے کا وعدہ ہے اس وعدہ کو ایسے جلالی طور سے کچھ علاقہ نہیں۔ عیسائیوں نے بات کو کہیں کا کہیں ملا دیا ہے اور حق الامر کو اپنے پر مشتبہ کر دیا ہے۔ چنانچہ متی کی آیات مذکورہ بالا تو صاف بیان کر رہی ہیں کہ یہ جلالی طور کا آنا اُس وقت ہوگا کہ جب حشر اجساد کے بعد ہر یک کا حساب ہوگا کیونکہ بجز حشر اجساد کے کامل طور پر شریروں اور راستبازوں کی جماعتیں جو فوت

ہوچکی ہیں کیونکر ایک جگہ اکٹھی ہوسکتی ہیں۔لیکن برخلاف اس مضمون کے جو متی کے پچیس ۲۵ باب آیات مذکورہ بالا سے ظاہر ہوتا ہے متی کے چوبیسویں باب سے اسی دنیا میں مسیح کا آنا بھی ﴿۴۵۴﴾ سمجھا جاتا ہے اور دونوں قسم کے بیانات میں تطبیق اس طرح ہوسکتی ہے کہ آخرت میں جو حشر اجساد کے بعد آئے گا وہ خود مسیح ہے لیکن دنیا میں مسیح کے نام پر آنیوالا مثیل مسیح ہے جو اس کا چھوٹا بھائی اور اُسی کے قول کے مطابق اس کے وجود میں داخل ہے۔دنیا میں آنے کی نسبت مسیح نے صاف کہہ دیا کہ پھر مجھے نہیں دیکھو گے پس وہ کیوں کر دنیا میں آسکتا ہے حالانکہ وہ خود کہہ گیا کہ پھر مجھے نہیں دیکھو گے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا کے قبول کرنے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ اُسی وقت قبول کرلیوے۔دنیا ہمیشہ آہستہ آہستہ مانتی ہے۔اُن لوگوں کا ہونا بھی تو ضروری ہے کہ جو ایمان نہیں لائیں گے مگر مسیح کے دم کی ہوا سے مریں گے۔دم کی ہوا سے مرنا حجت قاطعہ سے مرنا ہے۔انجیلوں میں بھی تو لکھا ہے کہ مسیح کے نزول کے وقت بعض پکڑے جائیں گے اور بعض چھوڑے جائیں گے یعنی بعض پر عذاب نازل کرنے کے لئے حجت قائم ہوجائے گی۔گویا وہ پکڑے گئے اور بعض نجات پانے کے لئے استحقاق حاصل کرلیں گے گویا نجات پا گئے۔

**(۱۷) سوال۔** اِس وقت مثیل مسیح کے آنے کی کیا ضرورت تھی؟

**اَمّا الجواب۔** اِس وقت مثیل مسیح کی سخت ضرورت تھی اور نیز اُن ملائک کی جو زندہ ﴿۴۵۵﴾ کرنے کے لئے اُترا کرتے ہیں سخت حاجت تھی کیونکہ روحانی موت اور غفلت ایک عالم پر طاری ہوگئی ہے اور اللہ جلَّ شانہٗ کی محبت ٹھنڈی ہوگئی اور سخت دلی اور دنیا پرستی پھیل گئی اور وہ تمام وجوہ پیدا ہوگئے جن کی وجہ سے توریت کی تائید میں مسیح ابن مریم دنیا میں آیا تھا۔اور دجال نے بھی بڑے زور کے ساتھ خروج کیا اور حضرت آدم کی پیدائش کے حساب سے الف ششم کا آخری حصہ آگیا جو بموجب آیت اِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ

کَاَلۡفِ سَنَۃٍ مِّمَّا تَعُدُّوۡنَ[1] چھٹے دن کے قائم مقام ہے۔سو ضرور تھا کہ اس چھٹے دن میں آدم پیدا ہوتا جو اپنی روحانی پیدائش کی رو سے مثیل مسیح ہے اس لئے خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو مثیل مسیح اور نیز آدم الف ششم کر کے بھیجا جیسا کہ اُس نے فرمایا جو براہین میں چھپ چکا ہے اور وہ یہ ہے **اردت ان استخلف فخلقت اٰدم** یعنی میں نے ارادہ کیا جو اپنا خلیفہ پیدا کروں سو میں نے آدم کو پیدا کیا۔پھر دوسری جگہ فرماتا ہے **خلق اٰدم فاکرمہ** یعنی آدم کو پیدا کیا پھر اس کو عزت بخشی اور جیسا کہ آدم کو تحقیر کی نظر سے دیکھا گیا اور مفسد قرار دیا گیا۔ ﴿۴۵۶﴾ یہی صورت اس جگہ بھی پیش آئی۔اور چونکہ آدم اور مسیح میں باہم مماثلت ہے اس لئے اس عاجز کا نام آدم بھی رکھا گیا اور مسیح بھی۔

**(۱۸) سوال۔** ابن صیاد کو اگر مسیح دجّال قرار دیا گیا ہے تو اس سے مسلم کی دمشق والی حدیث کو کیا نقصان پہنچتا ہے کیونکہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن صیاد گم ہوگیا اور قیامت کے قریب پھر ظاہر ہوگا۔

**امّا الجواب۔** ابن صیّاد کا گم ہونا روایت صحیح سے ہرگز ثابت نہیں۔لیکن اس کا ایمان لانا اور مرنا ثابت ہے۔جیسا کہ ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں اور مدینہ میں فوت ہونا اس کا بپایہ ثبوت پہنچ چکا ہے۔علاوہ اس کے فرض محال کے طور پر اگر وہ مفقود الخبر بھی ہو تو کیا اِس سے اُس کا اب تک زندہ رہنا ثابت ہو جائے گا؟ کیا اب آپ کو وہ صحیح حدیثیں بھی بھول گئیں کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہمارے زمانہ سے سو برس تک کوئی انسان زمین پر زندہ نہیں رہے گا۔

یہ بات یاد رہے کہ شیعہ لوگ امام محمد مہدی کی نسبت بھی یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ زندہ ہونے کی حالت میں ہی ایک غار میں چھپ گئے اور مفقود ہیں اور قریب قیامت ظاہر ہوں گے اور سنت جماعت کے لوگ اُن کے اس خیال کو باطل تصور کرتے ہیں اور یہ ﴿۴۵۷﴾

[1] الحج: ۴۸

حدیثیں پیش کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سو برس کے بعد کوئی شخص زمین پر زندہ نہیں رہ سکتا۔ سو سُنّت جماعت کا یہ مذہب ہے کہ امام محمد مہدی فوت ہو گئے ہیں اور آخری زمانہ میں انہیں کے نام پر ایک اور امام پیدا ہوگا لیکن محققین کے نزدیک مہدی کا آنا کوئی یقینی امر نہیں ہے۔

اس جگہ مجھے غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ درحقیقت اس مسئلہ میں شیعہ اور سنت جماعت میں جو اختلاف ہے اُس میں کسی تاریخی غلطی کو دخل نہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ شیعہ کی روایات کی بعض سادات کرام کے کشفِ لطیف پر بنیاد معلوم ہوتی ہے چونکہ ائمہ اثنا عشر نہایت درجہ کے مقدس اور راستباز اور اُن لوگوں میں سے تھے جن پر کشف صحیح کے دروازے کھولے جاتے ہیں اس لئے ممکن اور بالکل قرین قیاس ہے جو بعض اکابر ائمہ نے خدائے تعالیٰ سے الہام پا کر اس مسئلہ کو اُسی طرز اور ایسے رنگ سے بیان کیا ہو جیسا کہ ملاکی کی کتاب میں ملاکی نبی نے ایلیاہ نبی کے دوبارہ آنے کا حال بیان کیا تھا اور جیسا کہ مسیح کے دوبارہ آنے کا شور مچا ہوا ہے اور درحقیقت مراد صاحب کشف کی یہ ہوگی کہ کسی زمانہ میں اس امام کے ہمرنگ ایک اور ﴿۴۵۸﴾ امام آئے گا جو اس کا ہم نام اور ہم قوت اور ہم خاصیت ہوگا گویا وہی آئے گا۔ پھر یہ لطیف نکتہ جب جسمانی خیالات کے لوگوں میں پھیلا تو اُن لوگوں نے موافق اپنی موٹی سمجھ کے سچ مچ یہی اعتقاد کر لیا ہوگا کہ وہ امام صدہا برس سے کسی غار میں چھپا ہوا ہے اور آخری زمانہ میں باہر نکل آئے گا مگر ظاہر ہے کہ ایسا خیال صحیح نہیں ہے۔ یہ عام محاورہ کی بات ہے کہ جب کوئی شخص کسی کا ہمرنگ اور ہم خاصیت ہو کر آتا ہے تو کہتے ہیں کہ گویا وہی آ گیا۔ متصوفین بھی اِن باتوں کے عام طور پر قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ بعض اولیاء گذشتہ کی روحیں اُن کے بعد میں آنے والے ولیوں میں سماتی رہی ہیں اور اس قول سے اُن کا مطلب یہ ہے کہ بعض ولی بعض اولیاء کی قوت اور طبع لیکر آتے ہیں گویا وہی ہوتے ہیں۔

**(۱۹) سوال۔** اگر مسیح ابن مریم درحقیقت فوت ہوگیا ہے تو پھر کیا یہ بات جو تیرہ سو برس سے آج تک مشہور چلی آتی ہے کہ مسیح زندہ آسمان کی طرف اُٹھایا گیا آج غلط ثابت ہوگئی؟

**اما الجواب۔** پس واضح ہو کہ یہ بالکل افتراء ہے کہ تیرہ سو برس سے بالا جماع یہی مانا گیا ہے کہ مسیح جسم کے ساتھ زندہ آسمان پر اٹھایا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر سلف اور خلف کا کسی ایک بات پر اجماع ہوتا تو تفسیروں کے لکھنے والے متفرق قولوں کو نہ لکھتے لیکن کون سی ایسی تفسیر ہے جو اس بارہ میں اقوال متفرقہ سے خالی ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ مسیح نیند کی حالت میں اُٹھایا گیا اور کبھی کہتے ہیں کہ وہ مرگیا اور اس کی روح اٹھائی گئی اور کبھی قرآن شریف کی غلطی نکالتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ[۱] میں دراصل مُتَوَفِّیکَ بعد میں ہونا چاہیے اور رَافِعُکَ اِلَیَّ اس سے پہلے۔ اب ظاہر ہے کہ اگر اُن کا اجماع ایک خاص شق پر ہوتا تو اپنی تفسیروں میں مختلف اقوال کیوں جمع کرتے۔ اور جب ایک خاص بات پر یقین ہی نہیں تو پھر اجماع کہاں۔ اور یہ اعتراض کہ تیرہ سو برس کے بعد یہ بات تمہیں کو معلوم ہوئی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ درحقیقت یہ قول نیا تو نہیں پہلے راوی اس کے تو ابن عباس ہی تھے لیکن اب خدائے تعالیٰ نے اس عاجز پر اس قول کی حقیقت ظاہر کردی اور دوسرے اقوال کا بطلان ثابت کردیا تا قولی طور پر اپنے ایک عاجز بندہ کی اس طرح پر ایک کرامت دکھاوے اور تا عقلمند لوگ سمجھ جاویں کہ یہ رہبری خاص خدائے تعالیٰ کی طرف سے ہے کیونکہ اگر یہ معمولی فہم اور عقل کا کام ہوتا تو دوسرے لوگ بھی اس صداقت کو مع اِس کے اُن سب دلائل کے جو اِن رسالوں میں درج ہو چکے ہیں بیان کر سکتے۔ ﴿۴۵۹﴾

﴿۴۶۰﴾ اب یہ تمام سوالات ختم ہوئے اور ان سوالات سے بجز اس کے کہ صداقت اور بھی ظاہر ہو اور چمکے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکا۔ اس رسالہ کے ناظرین جو اوّل سے آخر تک اس رسالہ کو پڑھیں گے بخوبی یقین کرلیں گے کہ ہمارے مخالفین کے ہاتھ میں

[۱] اٰل عمران :۵٦

بجز اوہام کے اور کچھ بھی نہیں اور وہ ہر طرف سے شکست کھا کر بار بار یہ وہم پیش کرتے ہیں کہ **ابن مریم** کا اُترنا کتابوں میں لکھا ہوا ہے اور ہماری اس بات کو سمجھ نہیں سکتے کہ کیا خدائے تعالیٰ باعتبار بعض صفات خاصہ کے کسی دوسرے کا نام ابن مریم نہیں رکھ سکتا۔ تعجب کہ آپ تو ہمیشہ اپنی اولاد کے پیغمبروں کے نام رکھتے ہیں بلکہ ایک ایک نام میں دو دو پیغمبروں کے نام ہوتے ہیں جیسے محمد یعقوب، محمد ابراہیم، محمد مسیح، محمد عیسیٰ، محمد اسمٰعیل، احمد ہارون۔ لیکن اگر خدائے تعالیٰ کسی اپنے بندہ کو اِن ناموں میں سے کسی نام کے ساتھ پکارے یا ان نبیوں کے ناموں اور کُنیتوں میں سے کوئی نام یا کنیت کسی اپنے مامور کو عطا کرے تو یہ کفر سمجھتے ہیں گویا جو کام انہیں کرنا جائز ہے وہ خدائے تعالیٰ کو کرنا جائز نہیں۔ نہیں دیکھتے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرما گئے ہیں کہ اس اُمت میں **مثیل انبیاء بنی اسرائیل** آئیں گے تو کیا ضرور ہی نہ تھا کہ وہ مثیل ﴿۴۶۱﴾ دنیا میں آتے۔ پھر اگر خدائے تعالیٰ نے **مثیل مسیح** ہونے کی وجہ سے کسی کا نام **ابن مریم** رکھ دیا تو کیا برا کیا۔ اور قرینہ ظاہر ہے کہ فوت شدہ تو دوبارہ دنیا میں نہیں آسکتا اور نہ خدائے تعالیٰ انبیاء پر دو موتیں وارد کرتا ہے اور اس کا حکم بھی ہے کہ جو شخص اس دنیا سے گیا وہ گیا جیسا کہ وہ فرماتا ہے فَیُمۡسِکُ الَّتِیۡ قَضٰی عَلَیۡہَا الۡمَوۡتَ [1] یعنی جس پر موت وارد کی گئی وہ پھر کبھی دنیا میں آنہیں سکتا۔ اور پھر فرمایا لَا یَذُوۡقُوۡنَ فِیۡہَا الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَۃَ الۡاُوۡلٰی [2]۔ یعنی بہشتیوں پر دوسری موت نہیں آئے گی۔ ایک موت جو آچکی سو آچکی۔ اب جو لوگ کہتے ہیں کہ مسیح جو مر گیا کیا خدائے تعالیٰ قادر نہیں کہ اس کو پھر زندہ کر کے بھیجے گویا اُن کے نزدیک مسیح بہشتی نہیں جو اس کے لئے دو موتیں تجویز کرتے ہیں۔ حضرات اپنی بات کی ضد کے لئے مسیح کو بار بار کیوں مارنا چاہتے ہو اس کا کون سا گناہ ہے جو اس پر دو موتیں آویں اور پھر ان دو موتوں کا حدیث اور قرآن کی رو سے ثبوت کیا ہے۔ کچھ پیش تو کرو۔ اور اگر اب بھی ہمارے مخالف الرائے مولوی صاحبان ماننے میں نہیں آتے تو ہم انہیں مخطی

[1] الزمر: ۴۳ [2] الدخان: ۵۷

ہونے کی وجہ سے مباہلہ کے لئے نہیں بلاتے کیونکہ اگر اختلافات باہمی کی وجہ سے مسلمانوں
کا باہم مباہلہ جائز ہو تو اس کا نتیجہ یہ ہو کہ مسلمانوں پر عذاب نازل ہونا شروع ہو جائے اور
بجز کسی خاص فرد کے جو بکلی خطا سے خالی ہو تمام مسلمان نیست و نابود کئے جائیں۔ سو ﴿۴۶۲﴾
خدائے تعالیٰ کا یہ ارادہ نہیں اس لئے صرف اختلافات کی بناء پر مباہلہ بھی جائز نہیں۔ ہاں اگر
ہمارے مخالف اپنے تئیں سچ پر سمجھتے ہیں اور اس بات پر سچ مچ یقینی طور پر ایمان رکھتے ہیں کہ
درحقیقت وہی مسیح ابن مریم آسمان سے نازل ہوگا جس پر انجیل نازل ہوئی تھی تو اس فیصلہ
کے لئے ایک یہ بھی عمدہ طریق ہے کہ وہ ایک جماعت کثیر جمع ہو کر خوب تضرع اور عاجزی سے
اپنے مسیح موہوم کے اُترنے کے لئے دعا کریں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ جماعت صادقین
کی دعا قبول ہو جاتی ہے بالخصوص ایسے صادق کہ جن میں ملہم بھی ہوں۔ پس اگر وہ سچے ہیں تو
ضرور مسیح اُتر آئے گا اور وہ دعا بھی ضرور کریں گے اور اگر وہ حق پر نہیں اور یاد رہے کہ وہ ہرگز
حق پر نہیں ہیں تو دعا بھی ہرگز نہیں کریں گے کیونکہ وہ دلوں میں یقین رکھتے ہیں کہ دعا قبول
نہیں ہوگی۔ ہاں ہماری اس درخواست کو کچے بہانوں سے ٹال دیں گے تا ایسا نہ ہو کہ رُسوائی
اُٹھانی پڑے۔ اور اگر کوئی کہے کہ اہل حق کی دعا اہل باطل کے مقابل پر قبول ہونی ضروری
نہیں ورنہ لازم آتا ہے کہ ہندوؤں کے مقابل پر مسلمانوں کی دعا قیامت کے بارہ میں قبول
ہو کر ابھی قیامت آجائے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مقرر ہو چکا ہے کہ قیامت سات ہزار برس ﴿۴۶۳﴾
گذرنے سے پہلے واقع نہیں ہوسکتی۔ اور ضرور ہے کہ خدا اُسے روکے رہے جب تک وہ
ساری علامتیں کامل طور پر ظاہر نہ ہو جائیں جو حدیثوں میں لکھی گئی ہیں لیکن مسیح کے ظہور کا
وقت تو یہی ہے جس کی نسبت اُس مولوی مرحوم نے بھی شہادت دی ہے جس کا مجدد ہونا
مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی تصدیق کر چکے ہیں اور وہ تمام علامتیں بھی پیدا ہو گئی ہیں جن کا
مسیح کے وقت پیدا ہونا ضروری تھا جیسا کہ اسی رسالہ میں ہم نے ثابت کر دیا ہے۔ پھر اگر اب بھی

مسیح کے اُترنے کے لئے دعا منظور نہ ہو تو صاف ثابت ہوگا کہ وہ دعا تحصیل حاصل میں داخل ہے اسی وجہ سے منظور نہیں ہوئی۔

ہمارے دوست مولوی! ابوسعید **محمد حسین** صاحب اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں کہ میں عقلی طور پر اس امر (**وفات مسیح**) کو ثابت کر دکھاؤں گا مگر کچھ معلوم نہیں ہوا کہ مولوی صاحب کی عقلی طور سے کیا مراد ہے۔ کیا **بیلون** میں آسمان کی طرف چڑھ کر ناظرین کو کوئی تماشہ دکھانا چاہتے ہیں۔ حضرت مولوی صاحب کو لازم ہے کہ عقلی طور کا نام نہ لیں تا نئے فلسفہ والے ان کے گردنہ ہو جائیں بلکہ یہ کہا کریں کہ جو شخص عقل کا نام لے وہ کافر ہے۔ اگر کوئی دن ایسے ہی ﴿۴۶۴﴾ اعتقاد کے ساتھ گذارہ کرنا ہے تو بجز تکفیر کے اور کوئی کارآمد حربہ نہیں لیکن ہمارا تو اس بات پر ایمان ہے کہ خدائے تعالیٰ نے انسان کے وجود میں عقل کو بھی بیکار پیدا نہیں کیا اور اگر مسلمانوں کے دو فریق میں سے جو کسی جزئی مسئلہ پر جھگڑتے ہیں اور باہم اختلاف رکھتے ہیں ایک فریق ایسا ہے کہ علاوہ دلائل شرعی اور نصوص قرآن اور حدیث کے عقل کو بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے تو بلاشبہ وہی فریق سچا ہے کیونکہ اس کی تائید دعویٰ کے لئے گواہ بہت ہیں۔ سو اب دیکھنا چاہیے کہ مسیح کی وفات کے بارے میں کیسے قرآن کریم اور حدیث اور عقل اور تجربہ ہمارا مؤید ہو رہا ہے لیکن ہمارے مخالفین کو اِن تمام شواہد میں سے کوئی مدد نہیں دیتا۔ قرآن کریم کے سامنے جاتے ہیں تو قرآن کریم کہتا ہے کہ چل دور ہو۔ میرے خزانہ حکمت میں تیرے خیال کے لئے کوئی مؤید بات نہیں۔ پھر وہاں سے محروم ہو کر حدیثوں کی طرف آتے ہیں تو حدیثیں کہتی ہیں کہ اے سرکش قوم یکجائی نظر سے ہمیں دیکھ اور مومن ببعض اور کافر ببعض نہ ہو تا تجھے معلوم ہو کہ میں قرآن کریم کے مخالف نہیں۔ پھر حدیثوں سے نومید ہو کر سلف و خلف ﴿۴۶۵﴾ کے اقوال متفرقہ کی طرف آتے ہیں تو اُن کو کسی ایک خاص شق پر قائم نہیں دیکھتے بلکہ تفسیروں کو رطب و یابس کا ذخیرہ پاتے ہیں اور جب دیکھنا چاہتے ہیں کہ مبسوط تفسیروں میں

اِنِّـیْ مُتَوَفِّیْکَ کے کیا معنے نکلتے ہیں تو پہلے بسم اللہ کر کے ابن عباس سے یہی حدیث نکلتی ہے کہ حضرت مسیح فوت ہو چکے ہیں پھر قرآن اور حدیث سے قطع امید کر کے عقل کی طرف دوڑتے ہیں تو عقل ایک روشن دلیل کا طمانچہ مار کر دوسری طرف منہ پھیر دیتی ہے اور پھر کانشنس اور نورِ قلب کی طرف آتے ہیں تو وہ اپنے نزدیک آنے سے دھکے دیتا ہے۔ پس اس سے زیادہ محرومی کیا ہوگی کہ کوئی اِن لوگوں کو قبول نہیں کرتا اور کسی جگہ اپنے **مورچے** باندھ نہیں سکتے۔

بعض چالاکی سے قرآن شریف کے کھلے کھلے ثبوت پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ **توفّی** کا لفظ لغت کی کتابوں میں کئی معنوں پر آیا ہے حالانکہ اپنے دلوں میں خوب جانتے ہیں کہ جن لفظوں کو قرآن شریف اصطلاحی طور پر بعض معانی کے لئے خاص کر لیتا ہے اور اپنے متواتر بیان سے بخوبی سمجھا دیتا ہے کہ فلاں معنے کے لئے اُس نے فلاں لفظ خاص کر رکھا ہے ﴿۴۶۶﴾ اس معنی سے اس لفظ کو صرف اس خیال سے پھیرنا کہ کسی لغت کی کتاب میں اس کے اَور معنے بھی آئے ہیں صریح الحاد ہے۔ مثلاً کتب لغت میں اندھیری رات کا نام بھی کافر ہے مگر تمام قرآن شریف میں کافر کا لفظ صرف کافرِ دین یا کافر نعمت پر بولا گیا ہے۔ اب اگر کوئی شخص کفر کا لفظ الفاظ مروجہ فرقان سے پھیر کر اندھیری رات اس سے مراد لے اور یہ ثبوت دے کہ لغت کی کتابوں میں یہ معنے بھی لکھے ہیں تو سچ کہو کہ اُس کا یہ ملحدانہ طریق ہے یا نہیں؟ اسی طرح کتب لغت میں صوم کا لفظ صرف روزہ میں محدود نہیں بلکہ عیسائیوں کے گرجا کا نام بھی صوم ہے اور شتر مرغ کے سرگین کو بھی صوم کہتے ہیں لیکن قرآن شریف کی اصطلاح میں صوم صرف روزہ کا نام ہے اور اسی طرح صلوٰۃ کے لفظ کے معنے بھی لغت میں کئی ہیں مگر قرآن شریف کی اصطلاح میں صرف نماز اور درود اور دعا کا نام ہے۔ یہ بات سمجھنے والے جانتے ہیں کہ ہر یک فن ایک اصطلاح کا محتاج ہوتا ہے اور اہل اس فن کے حاجات کے موافق بعض الفاظ کو متعدّد معنوں سے

مجرد کر کے کسی ایک معنی سے مخصوص کر لیتے ہیں۔ مثلاً طبابت کے فن کو دیکھئے کہ بعض الفاظ جو کئی معنے رکھتے تھے صرف ایک معنے میں اصطلاحی طور پر محصور و محدود رکھے گئے ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ کوئی علم بغیر اصطلاحی الفاظ کے چل ہی نہیں سکتا۔ پس جو شخص الحاد کا ارادہ نہیں رکھتا اس کے لئے سیدھی راہ یہی ہے کہ قرآن شریف کے معنے اس کے مروجہ اور مصطلحہ الفاظ کے ﴿۴۶۷﴾ لحاظ سے کرے ورنہ تفسیر بالرائے ہوگی۔

اگر یہ کہا جائے کہ اگر تَوَفّی کے معنے الفاظ مروجہ قرآن میں عام طور پر قبض روح ہی ہے تو پھر مفسّروں نے اس کے برخلاف اقوال کیوں لکھے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ موت کے معنے بھی تو وہ برابر لکھتے چلے آئے ہیں۔ اگر ایک قوم کا ان معنوں پر اجماع نہ ہوتا تو کیوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے آج تک جو تیرہ سو برس گذر گئے یہ معنے تفسیروں میں درج ہوتے چلے آئے۔ سو اِن معنوں کا مسلسل طور پر درج ہوتے چلے آنا صریح اس بات پر دلیل ہے کہ صحابہ کے وقت سے آج تک ان معنوں پر اجماع چلا آیا ہے۔ رہی یہ بات کہ پھر دوسرے معنے انہیں تفسیروں میں کیوں لکھے گئے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ وہ بعض لوگوں کی غلط رائے ہے اور اس رائے کی غلطی ثابت کرنے کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ رائے سراسر قرآن شریف کے منشاء کے برخلاف ہے اور نیز یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ اُن میں سے بعض وہ لوگ بھی ہیں جو خیال کرتے ہیں جو حضرت عیسیٰ تین گھنٹہ یا سات گھنٹہ یا تین دن تک مُردہ رہے اور پھر آسمان کی طرف زندہ کر کے اُٹھائے گئے۔ اور اس رائے پر ﴿۴۶۸﴾ ادنیٰ نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنہوں نے ابتدا میں یہ رائے قائم کی ہے اُن کا یہ منشاء ہوگا کہ جیسا کہ بعض حدیثوں میں آیا ہے اور مولوی عبدالحق صاحب دہلوی نے بھی اس بارے میں اپنی کتابوں میں بہت کچھ لکھا ہے اور متصوفین بھی اس کے قائل ہیں کہ جب کوئی مقدس اور راستباز بندہ فوت ہو جائے تو پھر وہ زندہ کیا جاتا ہے۔ اور قدرت حق سے ایک قسم کا اس کو جسم نورانی عطا ہوتا ہے اور وہ اس جسم کے ساتھ آسمان پر

حسب اپنے مرتبہ کے رہائش اختیار کرتا ہے سو کیوں مسیح کے اُٹھائے جانے کا ایک نرالا مسئلہ بناویں۔ ہم قبول کرتے ہیں کہ وہ ایک نورانی جسم کے ساتھ آسمان کی طرف اٹھایا گیا جیسا کہ اور نبی اُٹھائے گئے۔ اس کو نورانی جسم دیا گیا تبھی تو وہ کھانے اور پینے اور پاخانہ اور پیشاب کرنے کا محتاج نہ ہوا۔ اگر یہ کثیف اور خاکی جسم ہوتا تو آسمان پر اس کے لئے ایک باورچی خانہ اور ایک پاخانہ بھی چاہیے تھا کیونکہ اس خاکی جسد کے لئے خدائے تعالیٰ نے یہ تمام ضروری امور ٹھہرائے ہیں جیسا کہ قرآن شریف کی آیات بینات سے ظاہر ہے۔

اے حضرات مولوی صاحبان جبکہ عام طور پر قرآن شریف سے مسیح کی وفات ثابت ہوتی ہے اور ابتدا سے آج تک بعض اقوال صحابہ اور مفسرین بھی اس کو مارتے ہی چلے آئے ہیں تو اب آپ لوگ ناحق کی ضد کیوں کرتے ہیں **کہیں عیسائیوں کے خدا کو مرنے بھی تو دو۔ کب تک اس کو حی لایموت کہتے جاؤ گے**۔ کچھ انتہاء بھی ہے۔ پھر اگر آپ محض ضد کی راہ سے یہ کہیں کہ مسیح ابن مریم فوت تو ضرور ہو گیا تھا مگر اُسی خاکی جسم میں اُس کی روح آ گئی تو کیا اس کا کوئی ثبوت بھی ہے۔ ماسوا اس کے اس صورت میں دو موتیں اس کے لئے تجویز کرو گے۔ یہ کہاں لکھا ہے اور کس کی ہدایت ہے کہ خدائے تعالیٰ **موتت اُولیٰ** پر کفایت نہ کرے اور سارے جہان کے لئے ایک موت اور مسیح ناکردہ گناہ پر دو موتوں کی تکلیف نازل ہو۔ کیا کوئی حدیث ہے یا قرآن شریف کی آیت ہے جو اِن دو موتوں کے بارے میں آپ کے پاس ہے۔ یوں تو آپ حضرت مسیح کی لاش کو بڑی عزت کے ساتھ دفن کرنا چاہتے ہیں جبکہ کہتے ہیں کہ حضرت سیّدنا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں دفن کئے جائیں گے لیکن یہ خیال نہیں کرتے کہ یہ دوسری موت اُن کے لئے کس سخت گناہ کا پاداش ہوگی۔ اور واضح رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں اُن کا آخری زمانہ میں دفن ہونا یہ اس بات کی فرع ہے کہ پہلے اُن کا اسی جسم خاکی کے ساتھ زندہ اُٹھایا جانا ثابت ہو۔ ورنہ فرض کے طور پر اگر اس حدیث کو جو

﴿۴۶۹﴾ ﴿۴۷۰﴾

نصوص بینہ کے مخالف صریح پڑی ہوئی ہے صحیح بھی مان لیں اور اس کے معنے کو ظاہر پر ہی حمل کریں تو ممکن ہے کہ کوئی مثیل مسیح ایسا بھی ہو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ کے پاس مدفون ہو کیونکہ اس حدیث کی رو سے کہ جو **علماء امّتی کا نبیاء بنی اسرائیل** ہے مثیلوں کی کمی نہیں اور ایسا ہی یہ آیت کریمہ بھی مثیلوں کی طرف اشارہ کر رہی ہے اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ [1] اور نیز قرائن قویہ کی وجہ سے بفرض صحت اس کو ایک استعارہ تسلیم کر کے یہ معنے بھی ہو سکتے ہیں کہ یہ ایک اشارہ معیت اور اتحاد کی طرف ہے۔ مثلاً جو دشمن ہو اس کے لئے انسان کہتا ہے کہ اس کی قبر بھی میرے نزدیک نہ ہو لیکن دوست کے لئے قبر کا بھی ساتھ چاہتا ہے اور مکاشفات میں اکثر ایسے امور دیکھے جاتے ہیں۔ ایک مدت کی بات ہے جو اس عاجز نے خواب میں دیکھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارکہ پر میں کھڑا ہوں اور کئی لوگ مر گئے ہیں ﴿۴۷۱﴾ یا مقتول ہیں ان کو لوگ دفن کرنا چاہتے ہیں۔ اِسی عرصہ میں روضہ کے اندر سے ایک آدمی نکلا اور اس کے ہاتھ میں ایک سرکنڈہ تھا اور وہ اس سرکنڈہ کو زمین پر مارتا تھا اور ہر یک کو کہتا تھا کہ تیری اس جگہ قبر ہوگی۔ تب وہ یہی کام کرتا کرتا میرے نزدیک آیا اور مجھ کو دکھلا کر اور میرے سامنے کھڑا ہو کر روضۂ شریفہ کے پاس کی زمین پر اس نے اپنا سرکنڈہ مارا اور کہا کہ تیری اس جگہ قبر ہوگی۔ تب آنکھ کھل گئی اور میں نے اپنے اجتہاد سے اس کی یہ تاویل کی کہ یہ معیت معادی کی طرف اشارہ ہے کیونکہ جو شخص فوت ہونے کے بعد روحانی طور پر کسی مقدس کے قریب ہو جائے تو گویا اس کی قبر اس مقدس کی قبر کے قریب ہوگئی۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَحْکَمُ

---

[1] الفاتحۃ : ۶،۷

﴿۴۷۲﴾
# نورؔ افشاں مطبوعہ ۲۳/ اپریل کا اعتراض

پرچہ نور افشان میں مسیح کے صعود کی نسبت یہ دلیل پیش کی گئی ہے کہ مسیح کے صعود کی نسبت گیارہ شاگرد بچشم دید گواہ موجود ہیں جنہوں نے اُسے آسمان کو جہاں تک حد نظر ہے جاتے دیکھا۔ چنانچہ معترض صاحب نے اپنے دعوے کی تائید میں رسولوں کے اعمال باب اوّل کی یہ آیتیں پیش کی ہیں۔

(۳) اُن پر (یعنی اپنے گیارہ شاگردوں پر) اُس نے (یعنی مسیح نے) اپنے مرنے کے پیچھے آپ کو بہت سی قوی دلیلوں سے زندہ ثابت کیا کہ وہ چالیس[۴۰] دن تک انہیں نظر آتا رہا اور خدا کی بادشاہت کی باتیں کہتا رہا۔ اور اُن کے ساتھ ایک جا ہو کے حکم دیا کہ یروشلم سے باہر نہ جاؤ... اورؔ وہ یہ کہہ کے اُن کے دیکھتے ہوئے اُوپر اُٹھایا گیا اور بدلی نے اُن کی نظروں سے چھپا لیا۔ اور اس کے جاتے ہوئے جب وے آسمان کی طرف تک رہے تھے دیکھو دو مرد سفید پوشاک پہنے ہوئے اُن کے پاس کھڑے تھے (۱۱) اور کہنے لگے اے جلیلی مردو تم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو یہی یسوع جو تمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے اُسی طرح جس طرح تم نے اسے آسمان کو جاتے دیکھا پھر آوے گا۔ ﴿۴۷۳﴾

اب پادری صاحب صرف اس عبارت پر خوش ہو کر سمجھ بیٹھے ہیں کہ درحقیقت اِسی جسم خاکی کے ساتھ مسیح اپنے مرنے کے بعد آسمان کی طرف اُٹھایا گیا۔ لیکن انہیں معلوم ہے کہ یہ بیان لوقا کا ہے جس نے نہ مسیح کو دیکھا اور نہ اُس کے شاگردوں سے کچھ سُنا۔ پھر ایسے شخص کا بیان کیوں کر قابل اعتبار ہو سکتا ہے جو شہادت رویت نہیں اور نہ کسی دیکھنے والے کے نام کا اُس میں حوالہ ہے۔ ماسوا اس کے یہ بیان سراسر غلط فہمی سے بھرا ہوا ہے۔ یہ تو سچ ہے کہ مسیح اپنے وطن گلیل میں جا کر فوت ہو گیا۔ لیکن یہ ہرگز سچ نہیں کہ وہی جسم جو دفن ہو چکا تھا پھر زندہ ہو گیا۔ بلکہ اسی باب کی تیسری آیت ظاہر کر رہی ہے

کہ بعد فوت ہو جانے کے کشفی طور پر مسیح چالیس دن تک اپنے شاگردوں کو نظر آتا رہا۔ اس جگہ کوئی یہ نہ سمجھ لیوے کہ مسیح بوجہ مصلوب ہونے کے فوت ہوا کیونکہ ہم ثابت کر آئے ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے صلیب سے مسیح کی جان بچائی تھی بلکہ یہ تیسری آیت باب اوّل اعمال کی مسیح کی طبعی موت کی نسبت گواہی دے رہی ہے جو گلیل میں اس کو پیش آئی۔ اس موت کے بعد ﴿۴۷۴﴾ مسیح چالیس دن تک کشفی طور پر اپنے شاگردوں کو نظر آتا رہا۔ جو لوگ کشف کی حقیقت کو نہیں سمجھتے وہ ایسے مقامات میں بڑا دھوکہ کھاتے ہیں۔ اِسی وجہ سے حال کے عیسائی بھی جو روحانی روشنی سے بے بہرہ ہیں اس عالم کشف کو درحقیقت عالم جسمانی سمجھ بیٹھے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ مقدس اور راستباز لوگ مرنے کے بعد پھر زندہ ہو جایا کرتے ہیں اور اکثر صاف باطن اور پُر محبت لوگوں کو عالمِ کشف میں جو بعینہٖ عالم بیداری ہے نظر آجایا کرتے ہیں۔ چنانچہ اس بارہ میں خود یہ عاجز صاحب تجربہ ہے۔ بارہا عالم بیداری میں بعض مقدس لوگ نظر آئے ہیں۔ اور بعض مراتب کشف کے ایسے ہیں کہ میں کسی طور سے کہہ نہیں سکتا کہ اُن میں کوئی حصہ غنودگی یا خواب یا غفلت کا ہے بلکہ پورے طور پر بیداری ہوتی ہے اور بیداری میں گذشتہ لوگوں سے ملاقات ہوتی ہے اور باتیں بھی ہوتی ہیں۔ یہی حال حواریوں کی رویت کا ہے جو انہیں کشفی طور پر مسیح ابن مریم مرنے کے بعد جبکہ وہ جلیل میں جا کر کچھ عرصہ کے بعد فوت ہو گیا چالیس دن برابر نظر آتا رہا اور انہوں نے اس کشفی حالت میں صرف مسیح کو نہیں دیکھا بلکہ دو فرشتے بھی دیکھے جو سفید پوشاک پہنے ہوئے کھڑے تھے جس سے ﴿۴۷۵﴾ اور زیادہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ کشف کا ہی عالم تھا۔ انجیل میں یہ بھی آیا ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے کشفی طور پر حضرت موسیٰ اور حضرت یحییٰ کو بھی خواب میں دیکھا تھا۔ غرض اعلیٰ درجہ کا کشف بعینہٖ عالم بیداری ہوتا ہے اور اگر کسی کو اس کوچہ میں کچھ دخل ہو تو ہم بڑی آسانی سے اس کو تسلیم کرا سکتے ہیں مگر محض بیگانوں اور بے خبروں کے مقابل پر کیا کیا جائے۔

میں کئی بار لکھ چکا ہوں اور پھر بھی لکھتا ہوں کہ اہل کشف کے نزدیک یہ بات ثابت شدہ ہے کہ مقدس اور راستباز لوگ مرنے کے بعد پھر زندہ ہو جایا کرتے ہیں اور ایک قسم کا انہیں جسم نورانی مل جاتا ہے اور اس جسم کے ساتھ وہ آسمان کی طرف اُٹھائے جاتے ہیں اور بعض احادیث میں آیا ہے کہ بعد موت کے اکثر مدت مقدس لوگوں کی زمین پر رہنے کی چالیس دن[۴۰] ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کوئی نبی فوت ہونے کے بعد چالیس[۴۰] دن سے زیادہ زمین پر نہیں ٹھہرتا بلکہ اس عرصہ کے اندر اندر آسمان کی طرف اُٹھایا جاتا ہے۔
چنانچہ خود اپنی نسبت آنجناب فرماتے ہیں کہ مجھے ہرگز امید نہیں کہ خدائے تعالیٰ چالیس دن ﴿۴۷۶﴾
سے زیادہ مجھ کو قبر میں رکھے۔ سو سمجھنا چاہیے کہ آسمان کی طرف مع الجسد اُٹھایا جانا حضرت مسیح کا جس کی نسبت کیا عیسائی اور کیا مسلمان شور مچا رہے ہیں دراصل یہی معنے رکھتا ہے اور اس بارے میں مسیح کی کچھ بھی خصوصیت نہیں۔ ہر یک مقدس اور کامل راستباز کا رفع اسی طرح ہوتا ہے۔ اور یہ امر اہل کشف کے نزدیک مسلّمات اور مشاہدات میں سے ہے قرآن کریم میں مسیح کے رفع کا ذکر اس کی راستبازی کی تصدیق کے لئے ہے۔ اور مسیح کے شاگردوں کو جو کشفی طور پر اس کا اُٹھایا جانا دکھایا گیا یہ اُن کی تقویت ایمان کے لئے تھا کیونکہ اس وقت کے مولویوں اور فقیہوں کی طرح اس وقت کے فقیہوں اور فریسیوں نے بھی حضرت مسیح پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا اور قریب تھا کہ وہ لوگ اپنی مکاریوں سے بہت سے شبہات دلوں میں ڈال دیتے لہٰذا خداوند کریم نے مسیح کے شاگردوں کی کشفی آنکھ کھول دی اور انہوں نے دیکھا کہ وہ خاص مقربوں کی طرح آسمان کی طرف اُٹھایا گیا۔ اگر یہ کشف نہ ہوتا تو نامحرم اور بدعقیدہ بیگانہ لوگ بھی اس حالت کو دیکھتے کیونکہ وہ کوئی ایسی جگہ نہیں تھی کہ
جہاں دوسروں کی آمد و رفت حرام تھی۔ پس بیگانے لوگ جو آیندروند تھے صرف اسی وجہ سے ﴿۴۷۷﴾
نہیں دیکھ سکے کہ وہ ایک کشفی امر تھا اور پھر اخیر میں گیارہ آیت میں جو لکھا ہے جو فرشتوں نے جو وہاں کھڑے تھے یہ کہا کہ اے گلیلی مردو! یہی یسوع جو تمہارے پاس سے آسمان پر

اُٹھایا گیا ہے اسی طرح جس طرح تم نے اُسے آسمان کو جاتے دیکھا پھر آوے گا یہ ایک لطیف اشارہ اس بات کی طرف ہے جو تم نے عالم کشف میں جو عالم مثال ہے مسیح کو آسمان کی طرف جاتے دیکھا اسی طرح مثالی طور پر اور مثالی وجود کے ساتھ مسیح پھر آوے گا جیسا کہ **ایلیا** آیا اور یاد رہے کہ یہ تاویلات اس حالت میں ہیں کہ ہم ان عبارتوں کو صحیح اور غیر محرف قبول کر لیں لیکن اس قبول کرنے میں بڑی دقتیں ہیں۔ جاننے والے خوب جانتے ہیں کہ مسیح کا آسمان کی طرف اُٹھائے جانا انجیل کی کسی الہامی عبارت سے ہرگز ثابت نہیں ہوسکتا اور جنہوں نے اپنی اٹکل سے بغیر رویت کے کچھ لکھا۔ اُن کے بیانات میں علاوہ اس خرابی کے کہ اُن کا بیان چشم دید نہیں اس قدر تعارض ہے کہ ایک ذرّہ ہم اُن میں سے شہادت کے طور پر نہیں لے سکتے۔

## ضرور تھا کہ مسیح دجال گرجا میں سے ہی نکلے ﴿۴۷۸﴾

ہم بیان کر آئے ہیں کہ مسیح دجال کی تعیین وتشخیص میں اسلام کے قرن اوّل کے بزرگوں میں اختلاف رہا ہے۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم قطعی اور یقینی طور پر ابن صیاد کو مسیح دجال سمجھ بیٹھے تھے۔ چنانچہ حضرت **عمر** رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو قسم کھا کر کہا کہ **الدجال** یہی ہے یعنی مسیح دجال کیونکہ **الدجال** بجز مسیح دجال کے اور کسی کو نہیں کہا جاتا۔ ایسا ہی ابن عمرؓ نے بھی صریح لفظوں میں کہا کہ مسیح الدجال یہی ہے۔ اور ہم پہلے اس سے تحریر کر چکے ہیں کہ بعض احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ابن صیاد مسلمان ہونے کے بعد مدینہ میں فوت ہوگیا اور مسلمانوں نے اس کا جنازہ پڑھا۔ بعض یہ کہتے ہیں کہ وہ گم ہوگیا مگر قول اوّل ارجح ہے کیونکہ فوت کی خبر میں زیادت علم ہے جو موجب قطع ویقین ہے۔ بہرحال جبکہ مسلم کی حدیث سے ابن صیاد کا اسلام ثابت ہے اور ارتداد

ثابت نہیں تو خواہ نخواہ ایک مسلمان کے پیچھے پڑنا اور اس کو دجال دجال کر کے پکارنا اور پھر ﴿۴۷۹﴾
اس کی نسبت یہ یقین رکھنا کہ وہی ابن صیاد یہودی الاصل آخری زمانہ میں پھر کفر کا جامہ پہن
کر اور خدائی کا دعویٰ کر کے خروج کرے گا۔ میرے نزدیک بالکل نامناسب اور ایک مسلمان
بھائی کی ناحق کی غیبت اور بدگوئی ہے جو آیت کریمہ لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ
عِلْمٌ[1] کے تحت میں داخل ہے۔ علاوہ اس کے ابن صیاد سے اس کی کفر کی حالت میں بھی
کوئی ایسا کام فتنہ اور شرارت کا صادر نہیں ہوا۔ جس سے وہ اپنے وقت میں فتنہ انگیزی میں
بے نظیر سمجھا گیا ہو۔ پھر جب اس کے دل میں لاالٰہ الّا اللّٰہ کا نور داخل ہو گیا اور تصدیق
رسالت نبوی سے اس کا سینہ منور کیا گیا تو پھر شک کرنے کی کوئی وجہ بھی باقی نہ رہی۔ بے شک
وہ حدیثیں نہایت حیرت انگیز ہیں جن میں یقین کے طور پر بیان کیا گیا ہے کہ مسیح دجال یہی
شخص ہے۔ اور اب ہم اُن کی کوئی تاویل نہیں کر سکتے بجز اس کے کہ یہ کہیں کہ جو آخری زمانہ
میں دجال پیدا ہونے کی خبر دی گئی ہے اس دجال میں بعض صفات ابن صیاد کی بھی ہوں گی اور
کفر کی حالت میں جو کچھ مکر وفریب کی ابن صیاد کو مشق تھی۔ اور جو سیرت غفلت اور دلیری
اور دھوکہ دہی اس میں موجود تھی وہی صفتیں اور خصلتیں اس آنے والے دجال میں بھی ہوں گی ﴿۴۸۰﴾
گویا وہ اس کا مثیل ہوگا اور اس کے کفر کی حالت کا رنگ اس میں پایا جائے گا۔

لیکن گرجا سے نکلنے والا دجال جس کے بارے میں امام مسلم نے اپنی صحیح میں **فاطمہ بنت قیس** سے روایت کی ہے اور جس کو نہایت درجہ کا قوی ہیکل اور زنجیروں سے جکڑا ہوا بیان کیا ہے اور اس کے ایک جساسہ کی بھی خبر لکھی ہے۔ اور یہ دجال وہ ہے جس کو تمیم داری نے کسی جزیرہ کے ایک گرجا میں دیکھا کہ خوب مضبوط بندھا ہوا تھا اور اس کے ہاتھ اس کی گردن کی طرف جکڑے ہوئے تھے۔ اس دجال پر علماء کی بہت نظر ہے کہ درحقیقت یہی دجال ہے جو آخری زمانہ میں نکلے گا۔ اور یہ تو کسی کا بھی مذہب نہیں

[1] بنی اسرائیل :۳۷

کہ آخری زمانہ میں دجال تولد کے طور پر کسی عورت کے پیٹ سے پیدا ہوگا بلکہ بالاتفاق سلف وخلف یہی کہتے آئے ہیں کہ دجال معہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں موجود تھا اور پھر آخری زمانہ میں بڑی قوت کے ساتھ خروج کرے گا۔ اور اب تک وہ زندہ کسی جزیرہ میں موجود ہے۔ مگر یہ خیال کہ اب تک وہ زندہ ہے ہرگز صحیح نہیں ہے۔ مسلم☆ کی دو حدیثیں مفصلہ ذیل اس خیال کی بکلی استیصال کرتی ہیں اور وہ یہ ہیں:۔ ﴿۴۸۱﴾

(۱) **عن جابر قال سمعت النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قبل ان یموت بشھر تسئلونی عن الساعۃ وانما علمھا عنداللّٰہ واقسم باللہ ماعلی الارض من نفس منفوسۃ یاتی علیھا مائۃ سنۃ وھی حیۃ یومئذٍ رواہ مسلم** یعنی روایت ہے جابر سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے مہینہ بھر پہلے اپنی وفات سے جو تکمیل مقاصد دین اور اظہار بقایا اسرار کا وقت تھا کہ تم مجھ سے پوچھتے ہو کہ قیامت کب آئے گی اور بجز خدائے تعالیٰ کے کسی کو اس کا علم نہیں اور میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتا ہوں کہ روئے زمین پر کوئی ایسا نفس نہیں جو پیدا ہو گیا ہو اور موجود ہو اور پھر آج سے سو برس اس پر گذرے اور وہ زندہ رہے۔

(۲) پھر دوسری حدیث صحیح مسلم کی یہ ہے **وعن ابی سعید عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لایاتی مائۃ سنۃ وعلی الارض نفس منفوسۃ رواہ مسلم** یعنی ابوسعید سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں آوے گی سو برس اس حال میں کہ زمین پر کوئی شخص بھی آج کے لوگوں میں سے زندہ موجود ہو۔

اب اِن دونوں حدیثوں کی رو سے جن میں سے ایک میں ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم بھی کھائی ہے اگر ہم تکلفات سے تاویلیں نہ کریں تو صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ جساسہ والا دجال بھی ابن صیاد کی طرح فوت ہو گیا ہے۔ اسی کی نسبت علماء کا خیال ہے کہ آخری زمانہ میں نکلے گا اور حال یہ ہے کہ اگر اس کو آج تک زندہ فرض کیا جائے ﴿۴۸۲﴾

☆ بحوالہ مشکوٰۃ المصابیح کتاب الفتن باب قرب الساعۃ۔ (ناشر)

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حتمی حدیثوں کی تکذیب لازم آتی ہے اور اس حدیث میں دجال کا یہ قول انی انا المسیح و انی ان یوشک☆ ان یوذن لی فی الخروج جو زیادہ تر اس کے مسیح دجال ہونے پر دلالت کرتا ہے بظاہر اس شبہ میں ڈالتا ہے کہ آخری زمانہ میں وہ نکلنے والا ہے لیکن بہت آسانی سے یہ شبہ رفع ہوسکتا ہے جبکہ اس طرح پر سمجھ لیں کہ یہ عیسائی دجال بطور مورث اعلیٰ کے اس دجال کے لئے ہے جو عیسائی گروہ میں ہی پیدا ہوگا اور گرجا میں سے ہی نکلے گا۔ اور ظاہر ہے کہ وارث اور موروث کا وجود ایک ہی حکم رکھتا ہے اور ممکن ہے کہ اس بیان میں استعارات ہوں اور زنجیروں سے مراد وہ موانع ہوں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عیسائی واعظوں کو روک رہے تھے اور وہ مجبور ہوکر گویا ایک جگہ بند تھے۔ اور یہ اشارہ ہو کہ آخری زمانہ میں بڑی قوت کے ساتھ ان کا خروج ہوگا جیسا کہ ﴿۴۸۳﴾ آج کل ہے۔ اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ حدیث مذکورہ بالا میں اس دجال نے خدائی کا دعویٰ نہیں کیا بلکہ فقرہ وانی یوشک ان یوذن لی صاف دلالت کرتا ❁ رہا ہے کہ دجال کو خدائے تعالیٰ کے وجود کا اقرار ہے۔ اور حدیثوں میں کوئی ایسا لفظ پایا نہیں جاتا جس سے معلوم ہو کہ جساسہ والا دجال اپنے آخری ظہور کے وقت میں بالجہر خالق السمٰوات والارض ہونے کا دعویٰ کرے گا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ تکبر کی راہ سے خداوند خداوند کہلائے گا جیسے اُن لوگوں کا طریقہ ہوتا ہے جو خدائے تعالیٰ کو بکلی فراموش کر دیتے ہیں اور اس کی پرستش اور اطاعت سے کچھ غرض نہیں رکھتے اور چاہتے ہیں کہ لوگ ان کو ربّی ربّی کہیں یعنی خداوند خداوند کر کے پکاریں اور ایسی اُن کی اطاعت کریں جیسی خدائے تعالیٰ کی کرنی چاہیے۔ اور یہی بدمعاشی اور غفلت کا اعلیٰ درجہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کی تحقیر دل میں بیٹھ جائے۔ مثلاً ایک ایسا امیر ہے کہ نماز پڑھنے سے منع کرتا ہے کہ واہیات کام ہے اس سے کیا فائدہ۔ اور روزہ پر ٹھٹھا کرتا ہے۔ اور خدائے تعالیٰ کی عظمت کو کچھ بھی چیز نہیں سمجھتا اور اس کی آسمانی تقدیروں کا قائل نہیں بلکہ اپنی تدبیروں اور مکروں کو تمام کامیابیوں کا مدار سمجھتا ہے اور چاہتا ہے کہ لوگ ﴿۴۸۴﴾

☆ ''انی یوشک'' ہونا چاہیے بحوالہ مشکوٰۃ المصابیح کتاب الفتن باب العلامات بین یدی الساعۃ۔ (ناشر)

❁ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' کررہا'' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

ایسے اُس کے آگے جھکیں جیسے خدائے تعالیٰ کے آگے جھکنا چاہیئے اور خدائے تعالیٰ کی فرمانبرداری پر چڑتا ہے اور اس کے احکام کو ذلیل اور خوار سمجھتا ہے اور اپنے احکام کو قابل عزت خیال کرتا ہے اور اپنی اطاعت کو خدائے تعالیٰ کی اطاعت پر مقدم رکھنا چاہتا ہے وہ حقیقت میں خدائی کا دعویٰ کررہا ہے۔ اگرچہ قال سے نہیں مگر حال سے ضرور یہ دعویٰ اُس سے صادر ہوتا ہے بلکہ قال سے بھی دعویٰ کرتا ہے کیونکہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کو خداوند خداوند کہیں۔ سو اسی قسم کا دجال کا دعویٰ معلوم ہوتا ہے۔

اس تمام تقریر سے معلوم ہوا کہ مسیح ابن مریم کے مثیل کی طرح دجال کا بھی مثیل ہی آنے والا ہے یعنی ایسا گروہ جو باعتبار اپنی سیرت وخاصیت کے پہلے دجال کا ہم رنگ ہو لیکن اس طرز تقریر کے اختیار کرنے میں کہ مثیل مسیح اترے گا اور مثیل دجال خروج کرے گا یہ حکمت ہے تا ظاہر کیا جائے کہ دجال کا آنا بطور بلا و ابتلا کے ہوگا اور مسیح کا آنا بطور ایسی نعمت کے جو بارادۂ خاص الٰہی مومنوں کی نصرت کے لئے نازل ہوتی ہے جیسا کہ قرآن شریف میں ہے کہ ﴿۴۸۵﴾
ہم نے تمہارے لئے لوہا اتارا اور تمہارے لئے مویشی اتارے یعنی تمہارے فائدہ کے لئے بطور رحمت یہ چیزیں پیدا کیں۔ اور یہ بھی ہے کہ جو چیز زمین سے نکلتی ہے وہ ظلمت اور کثافت رکھتی ہے اور جو اوپر سے آتی ہے اس کے ساتھ نور و برکت ہوتی ہے اور نیز اوپر سے آنے والی نیچے والی پر غالب ہوتی ہے۔ غرض جو شخص آسمانی برکتیں اور آسمانی نور ساتھ رکھتا ہے اُس کے آنے کے لئے نزول کا لفظ مناسب حال ہے اور جس کے وجود میں زمینی ظلمت اور خبث اور کدورت بھری ہوئی ہے اس کے ظہور کے لئے خروج کا لفظ مناسبت رکھتا ہے کیونکہ نورانی چیزیں آسمان سے ہی نازل ہوتی ہیں جو ظلمت پر فتح پاتی ہیں۔ اب اس تحقیق سے ظاہر ہوگیا کہ جیسے مثیل مسیح کو مسیح ابن مریم کہا گیا اس امر کو نظر میں رکھ کر کہ اس نے مسیح ابن مریم کی روحانیت کو لیا اور مسیح کے وجود کو باطنی طور پر قائم کیا۔ ایسا ہی وہ دجال جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں فوت ہو چکا ہے اس کی ظل اور مثال نے اِس

آخری زمانہ میں اس کی جگہ لی اور گرجا سے **نکل کر مشارق و مغارب میں پھیل گیا** اس تقریر سے
مثلیت کا محاورہ اور بھی ثابت ہوتا ہے۔ جو دونوں طور کے مسیحوں طیّب و خبیث میں دائر و سائر ﴿۴۸۶﴾
ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ حدیثوں میں تو صرف اتنا لفظ آیا ہے کہ مسیح ابن مریم اُترے گا اور
دجال خروج کرے گا پھر ان دونوں کے ساتھ مثیل کا لفظ کیوں ملایا جاتا ہے۔ کیا یہ الحاد
نہیں ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ بعد اس کے کہ ہم نصوص قطعیہ بینہ سے ثابت کر چکے ہیں
کہ حضرت مسیح ابن مریم جن پر انجیل نازل ہوئی تھی وفات پا چکے ہیں اور ایسا ہی دجال بھی
فوت ہو چکا۔ اور اُن کے زندہ ہونے کا کوئی ذکر قرآن کریم اور احادیث میں موجود نہیں بلکہ
آیات بینہ اُن کے دنیا میں واپس آنے سے سخت انکار کرتی ہیں۔ تو اس صورت میں اگر ہم
آنے والے مسیح اور دجال سے اُن کے مثیل مراد نہ لیں تو اور کیا کریں۔ ہاں اگر حدیثوں میں
یہ لفظ وارد ہوتے کہ وہ مسیح ابن مریم جو فوت ہو چکا ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی اور وہ
دجال جو جزیرہ میں مقید تھا جس کے ساتھ جساسہ تھے وہی دونوں زندہ ہو کر آخری زمانہ میں
آجائیں گے تو پھر تاویل کی گنجائش نہ ہوتی مگر اب تاویل نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے
اور چونکہ بحکم **علماء اُمتی کانبیاء بنی اسرائیل** ابن مریم کے نام پر کوئی آنا چاہیے
تھا اور آنا بھی وہ چاہیے تھا جو درحقیقت اُمتی ہو نہ کہ حقیقی طور پر نبی۔ لہٰذا یہ ضروری تھا کہ
ابن مریم کی جگہ کوئی ایسا اُمتی ظاہر ہو جو خدائے تعالیٰ کے نزدیک ابن مریم کے رنگ
میں ہے۔ سو خدائے تعالیٰ نے مسیح ابن مریم کا مثیل عین وقت میں بھیج کر اُسی مثیل کی
معرفت مسیح ابن مریم کا فی الواقعہ فوت ہو جانا ظاہر کر دیا اور سب دلائل اس کے کھول ﴿۴۸۷﴾
دیئے۔ اگر خدانخواستہ سچ مچ فرقان کریم میں لکھا ہوتا کہ مسیح برخلاف اس سنت اللہ کے جو
تمام بنی آدم کے لئے جاری ہے زندہ آسمان کی طرف اُٹھایا گیا اور قیامت کے قریب
تک زندہ ہی رہے گا تو عیسائیوں کو بڑے بڑے سامان بہکانے کے ہاتھ آجاتے۔ سو
**بہت ہی خوب ہوا کہ عیسائیوں کا خدا فوت ہو گیا اور یہ حملہ ایک برچھی کے حملہ سے**

**کم نہیں جو اس عاجز نے خدائے تعالیٰ کی طرف سے مسیح ابن مریم کے رنگ میں ہو کر ان دجال سیرت لوگوں پر کیا ہے جن کو پاک چیزیں دی گئی تھیں مگر انہوں نے ساتھ اس کے پلید چیزیں ملا دیں اور وہ کام کیا جو دجال کو کرنا چاہیے تھا۔**

اب یہ سوال بھی قابل حل ہے کہ مسیح ابن مریم تو دجال کے لئے آئے گا آپ اگر مسیح ابن ﴿۴۸۸﴾
مریم کے رنگ میں ہو کر آئے ہیں تو آپ کے مقابل پر دجال کون ہے؟ اس سوال کا جواب میری طرف سے یہ ہے کہ گو میں اس بات کو تو مانتا ہوں کہ ممکن ہے کہ میرے بعد کوئی اور مسیح ابن مریم بھی آوے اور بعض احادیث کی رو سے وہ موعود بھی ہو اور کوئی ایسا دجال بھی آوے جو مسلمانوں میں فتنہ ڈالے مگر میرا مذہب یہ ہے کہ اس زمانہ کے پادریوں کی مانند کوئی اب تک دجال پیدا نہیں ہوا اور نہ قیامت تک پیدا ہوگا۔ **مسلم کی حدیث میں ہے وعن عمران بن حصین قال سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول ما بین خلق اٰدم الٰی قیام الساعۃ امر اکبر من الدجال یعنی** عمران ابن حصین سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیدائش آدم سے قیامت تک کوئی امر فتنہ اور ابتلاء کے رو سے دجال کے وجود سے بڑھ کر نہیں۔ اب اوّل تو یاد رکھنا چاہیے کہ لغت میں دجال جھوٹوں کے گروہ کو کہتے ہیں جو باطل کو حق کے ساتھ مخلوط کر دیتے
ہیں اور خلق اللہ کے گمراہ کرنے کے لئے مکر اور تلبیس کو کام میں لاتے ہیں۔ اب میں دعویٰ ﴿۴۸۹﴾
کے ساتھ کہتا ہوں کہ مطابق منشاء مسلم کی حدیث کے جو ابھی میں بیان کر آیا ہوں اگر ہم حضرت آدم کی پیدائش سے آج تک بذریعہ ان تمام تحریری وسائل کے جو ہمیں ملے ہیں دنیا کے تمام ایسے لوگوں کی حالت پر نظر ڈالیں جنہوں نے دجالیت کا اپنے ذمہ کام لیا تھا تو اس زمانہ کے پادریوں کی دجالیت کی نظیر ہرگز ہم کو نہیں ملے گی۔ انہوں نے ایک موہومی اور فرضی مسیح اپنی نظر کے سامنے رکھا ہوا ہے جو بقول اُن کے زندہ ہے

اور خدائی کا دعویٰ کر رہا ہے۔ سو حضرت مسیح ابن مریم نے خدائی کا دعویٰ ہرگز نہیں کیا۔ یہ لوگ خود اس کی طرف سے وکیل بن کر خدائی کا دعویٰ کر رہے ہیں اور اس دعویٰ کے سرسبز کرنے کے لئے کیا کچھ انہوں نے تحریفیں نہیں کیں۔ اور کیا کچھ تلبیس کے کام استعمال میں نہیں لائے اور مکہ اور مدینہ چھوڑ کر اَور کونسی جگہ ہے جہاں یہ لوگ نہیں پہنچے۔ کیا کوئی دھوکہ دینے کا کام یا گمراہ کرنے کا منصوبہ یا بہکانے کا کوئی طریقہ ایسا بھی ہے جو اُن سے ظہور میں نہیں آیا۔ کیا یہ سچ نہیں کہ یہ لوگ اپنے دجّالانہ منصوبوں کی وجہ سے ایک عالم پر دائرہ کی طرح محیط ہو گئے ہیں۔ ﴿۴۹۰﴾ جہاں یہ لوگ جائیں اور جہاں اپنا مشن قائم کریں ایک عالم کو تہ وبالا کر دیتے ہیں۔ دولتمند اس قدر ہیں کہ گویا دنیا کے تمام خزانے اُن کے ساتھ ساتھ پھرتے ہیں **اگرچہ گورنمنٹ انگریزی** کو مذاہب سے کچھ سروکار نہیں اپنے شاہانہ انتظام سے مطلب ہے مگر درحقیقت پادری صاحبوں کی بھی ایک الگ گورنمنٹ ہے جو بے شمار روپے کی مالک اور گویا تمام دنیا میں اپنا تاروپود پھیلا رہی ہے اور ایک قسم کا جنت اور جہنم اپنے ساتھ ساتھ لئے پھرتے ہیں۔ جو شخص اُن کے مذہب میں آنا چاہتا ہے اس کو وہ جنت دکھلایا جاتا ہے اور جو شخص اُن کا اشد مخالف ہو جائے اس کے لئے جہنم کی دھمکی ہے۔ ان کے گھر میں روٹیاں بہت ہیں گویا ایک پہاڑ روٹیوں کا جس جگہ رہیں ساتھ رہتا ہے۔ اور اکثر شکم بندہ لوگ اُن کی سفید سفید روٹیوں پر مفتون ہو کر **ربنا المسیح** کہنا شروع کر دیتے ہیں۔ مسیح دجال کی کوئی بھی ایسی علامت نہیں جو اُن میں نہ پائی جائے۔ ایک وجہ سے یہ مُردوں کو بھی زندہ کرتے ہیں اور زندوں کو مارتے ہیں (سمجھنے والا سمجھ لے) اور اس میں تو شک نہیں کہ اُن کی آنکھ ایک ہی ہے جو بائیں ہے اگر اُن کی دائیں آنکھ موجود ہوتی تو یہ لوگ خدائے تعالیٰ سے ڈرتے اور خدائی کے دعوے سے باز آتے۔ ﴿۴۹۱﴾ بے شک یہ بھی سچ ہے کہ پہلی کتابوں میں اس قوم دجال کا ذکر ہے حضرت مسیح ابن مریم نے بھی انجیل میں بہت ذکر کیا ہے پہلے صحیفوں میں بھی جابجا ان کا ذکر پایا جاتا ہے۔ بلاشبہ ایسا ہی چاہیئے تھا کہ ہر یک نبی اس مسیح دجّال کے آنے کی اور پہلے سے خبر دیتا۔ سو ہر یک نے

تصریحاً یا اجمالاً، اشارتاً یا کنایتاً خبر دی ہے۔ حضرت نوح سے لے کر ہمارے سیّد و مولیٰ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک تک اس مسیح دجّال کی خبر موجود ہے جس کو میں دلائل کے ساتھ ثابت کرسکتا ہوں۔

اور جس قدر اسلام کو اِن لوگوں کے ہاتھ سے ضرر پہنچا ہے اور جس قدر انہوں نے سچائی اور انصاف کا خون کیا ہے اِن تمام خرابیوں کا کون اندازہ کرسکتا ہے۔ ہجرت مقدسہ کی تیرھویں صدی سے پہلے ان تمام فتنوں کا نام ونشان نہ تھا اور جب تیرھویں صدی کچھ نصف سے زیادہ گذر گئی تو یک دفعہ اس دجالی گروہ کا خروج ہوا اور پھر ترقی ہوتی گئی یہاں تک کہ اس صدی کے اواخر میں بقول پادری ہیکر صاحب پانچ لاکھ تک صرف ہندوستان میں ہی کرسٹان شدہ لوگوں کی ۴۹۲ نوبت پہنچ گئی اور اندازہ کیا گیا کہ قریباً بارہ سال میں ایک لاکھ آدمی عیسائی مذہب میں داخل ہوجاتا ہے جو ایک عاجز بندہ کو خدا خدا کر کے پکارتا ہے۔ اس بات سے کوئی دانا بے خبر نہیں کہ ایک جماعت کثیر اسلام کی یا یوں کہو کہ اسلام کے بھوکوں اور ننگوں کا ایک گروہ پادری صاحبوں نے صرف روٹیاں اور کپڑے دکھلا کر اپنے قبضہ میں کرلیا ہے اور جو روٹیوں کے ذریعہ سے قابو نہ آئے وہ عورتوں کے ذریعہ سے اپنے پنجہ میں کئے گئے اور جو اس طرح پر بھی دام میں پھنس نہ سکے اُن کے لئے ملحد اور بے دین کرنے والا فلسفہ پھیلایا گیا جس میں آج لاکھوں نوخیز بچے مسلمانوں کے گرفتار اور مبتلا پائے جاتے ہیں جو نماز پر ہنستے اور روزہ کو ٹھٹھے سے یاد کرتے اور وحی الٰہی کو ایک خواب پریشان خیال کرتے ہیں۔ اور جو لوگ اس لائق بھی نہیں تھے کہ انگریزی فلسفہ کی تعلیم پاویں اُن کے لئے بہت سے بناوٹی قصے جو محض پادری صاحبوں کے بائیں ہاتھ کا کرتب تھا جن میں کسی تاریخ یا کہانی کے پیرایہ میں ہجو اسلام درج تھی عام طور پر شائع کردئے گئے اور پھر اسلام ۴۹۳ کے ردّ میں اور ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب میں بے شمار کتابیں تالیف کر کے اِن لوگوں نے ایک دنیا میں مفت تقسیم کیں اور اکثر کتابوں کے بہت سی زبانوں میں ترجمے

کر کے شائع کئے۔ رسالہ فتح اسلام کے ۴۶ صفحہ کے حاشیہ کو پڑھ کر دیکھو کہ اکیس۲۱ سال میں اِن لوگوں نے اپنے پُرتلبیس خیالات کے پھیلانے کے لئے سات کروڑ سے کچھ زیادہ کتابیں مفت تقسیم کی ہیں تا کسی طرح اسلام سے لوگ دستبردار ہو جائیں اور حضرت مسیح کو خدا مان لیا جائے۔ **اللہ اکبر اگر اب بھی ہماری قوم کی نظر میں یہ لوگ اوّل درجہ کے دجال نہیں اور ان کے الزام کے لئے ایک سچے مسیح کی ضرورت نہیں تو پھر اس قوم کا کیا حال ہوگا۔**

دیکھو! اے غافلو دیکھو!! کہ اسلامی عمارت کے مسمار کرنے کے لئے کس درجہ کی یہ کوشش کر رہے۔ اور کس کثرت سے ایسے وسائل مہیا کئے گئے ہیں اور اُن کے پھیلانے میں اپنی ﴿۴۹۴﴾ جانوں کو بھی خطرہ میں ڈال کر اور اپنے مال کو پانی کی طرح بہا کر وہ کوششیں کی ہیں کہ انسانی طاقتوں کا خاتمہ کر دیا ہے۔ یہاں تک کہ نہایت شرمناک ذریعے اور پاکیزگی کے برخلاف منصوبے اس راہ میں ختم کئے گئے اور سچائی اور ایمانداری کے اُڑانے کے لئے طرح طرح کی سرنگیں طیار کی گئیں اور اسلام کے مٹا دینے کے لئے جھوٹ اور بناوٹ کی تمام باریک باتیں نہایت درجہ کی جانکاہی سے پیدا کی گئیں۔ ہزار ہا قصے اور مباحثات کی کتابیں محض افترا کے طور پر اور محض اس غرض سے بنائی گئیں تا اگر اور طریق سے نہیں تو اسی طریق سے دلوں پر بداثر پڑے۔ کیا کوئی ایسا رہزنی کا طریق ہے جو ایجاد نہیں کیا گیا؟۔ کیا کوئی ایسی سبیل گمراہ کرنے کی باقی ہے جس کے یہ موجد نہیں؟ پس ظاہر ہے کہ یہ کرسچن قوموں اور تثلیث کے حامیوں کی جانب سے وہ ساحرانہ کارروائیاں ہیں اور سحر کے اس کامل درجہ کا نمونہ ہے جو بجز اوّل درجہ کے دجّال کے جو **دجال معہود** ہے اور کسی سے ظہور پذیر نہیں ہوسکتیں۔ لہٰذا ﴿۴۹۵﴾ انہیں لوگوں کو جو پادری صاحبوں کا گروہ ہے دجال معہود ماننا پڑا۔ اور جبکہ ہم دنیا کے اس اکثر حصہ کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھتے ہیں جو گذر چکا تو ہماری نظر اس استقرائی شہادت کو ساتھ لے کر عود کرتی ہے کہ زمانہ کے سلسلہ گذشتہ میں جہاں تک پتہ مل سکتا ہے دجالیت کی صفت

اور اس کی کامیابیوں میں کوئی اِن لوگوں کا نظیر نہیں اور ان کے ان ساحرانہ کاموں میں کوئی ان کے مساوی نہیں۔ اور چونکہ احادیث صحیحہ میں دجال معہود کی یہی علامت لکھی ہے کہ وہ ایسے فتنے برپا کرے گا کہ جہاں تک اس وقت سے ابتدائے دنیا کے وقت تک نظر ڈالیں اس کا نظیر نہیں ملے گا لہٰذا اس بات پر قطع اور یقین کرنا چاہیے کہ وہ **مسیح دجّال جو گرجا سے نکلنے والا ہے یہی لوگ ہیں** جن کے سحر کے مقابل پر معجزہ کی ضرورت تھی۔ اور اگر انکار ہے تو پھر زمانہ گذشتہ کے دجالین میں سے ان کی نظیر پیش کرو۔

اب یہ سوال جو کیا جاتا ہے کہ ضرور ہے کہ مسیح ابن مریم سے پہلے دجال آ گیا ہو۔ اس کا جواب ظاہر ہو گیا اور بپایہ ثبوت پہنچ گیا کہ مسیح دجال جس کے آنے کی انتظار تھی یہی پادریوں کا گروہ ہے جو ٹڈی کی طرح دنیا میں پھیل گیا ہے۔ سواے بزرگو! دجال معہود یہی ہے جو آ چکا ﴿۴۹۶﴾ مگر تم نے اُسے شناخت نہیں کیا۔ ہاتھ میں ترازو لو اور وزن کر کے دیکھو کہ کیا ان سے بڑھ کر کوئی اور ایسا دجال آنا ممکن ہے جو فریبوں میں ان سے زیادہ ہو۔ اس دجال کے لئے جو تمہارے وہم میں ہے تم لوگ بار بار یہ حدیث پیش کرتے ہو کہ اس قدر اس کا بڑا فتنہ ہو گا کہ ستر ہزار مسلمان اس کا معتقد ہو جائے گا لیکن اس جگہ تو لاکھوں آدمی دین اسلام کو چھوڑ گئے اور چھوڑتے جاتے ہیں تمہاری عورتیں، تمہارے بچے، تمہارے پیارے دوست، تمہارے بڑے بڑے بزرگوں اور ولیوں کی اولاد، تمہارے بڑے بڑے خاندانوں کے آدمی اس دجالی مذہب میں داخل ہوتے جاتے ہیں۔ کیا یہ اسلام کے لئے سخت ماتم کی جگہ نہیں۔ سوچ کر دیکھو کہ کس قدر ان لوگوں کے فتنوں نے دامن پھیلا رکھا ہے اور کس قدر ان لوگوں کی کوششیں انتہاء تک پہنچ گئی ہیں کیا کوئی ایسا بھی دقیقہ فریب اور مکر کا ہے جو انہوں نے رہزنی کے لئے استعمال نہیں کیا۔ کروڑ ہا کتابیں اسی غرض سے ملکوں میں پھیلائیں۔ ہزار ہا واعظ اور منادا اسی غرض کے لئے جا بجا چھوڑ دئے۔ کروڑ ہا روپیہ اسی راہ میں ﴿۴۹۷﴾ خرچ ہو رہا ہے۔ نہایت دشوار گزار راہوں سے پُر خطر پہاڑوں اور یاغستان کے ملک

اور کافرستان کے وحشی لوگوں اور افریقہ کے جنگلیوں☆ آدمیوں کے پاس جاتے ہیں اور اسی غرض سے ہمیشہ خشکی اور تری کا سفر کرتے رہتے ہیں تا کسی شخص کو اپنے دام میں لاویں۔ حضرت آدم سے آج تک جو متفرق طور پر گمراہ کرنے کے لئے لوگوں نے فریب کئے ہیں اِن مشنوں میں اُن تمام کا مجموعہ پایا جاتا ہے۔ کوئی شخص اگر ایک سال تک سوچتا رہے اور گمراہ کرنے کے جدید جدید فریب نکالے تو آخر جب غور کر کے دیکھے گا تو وہ سب فریب ان مشنوں میں پائے گا۔ بہت جگہ ان لوگوں نے ڈاکٹری عہدے بھی حاصل کئے ہیں تا اگر اور نہیں تو مصیبت زدہ بیمار ہی قابو آویں۔ بہت سا غلہ اس غرض سے خریدا جاتا ہے کہ تا اگر قحط پڑے تو قحط زدہ لوگوں کو وہ غلہ مفت دیا جاوے اور کچھ وعظ بھی سنا دیا جائے۔ اکثر جگہ دیکھا گیا ہے کہ اتوار کے دن پادری صاحبان کا خیرات خانہ کھلتا ہے اور بہت سے مسکین اکٹھے ہو جاتے ہیں اور مناسب وقت کچھ کچھ وعظ کے طور پر اُن کو سنا کر پھر پیسے ٹکے اُن کو دئے جاتے ہیں۔ بہت سی ایسی مسوں نے جو پادری کا منصب رکھتی ہیں دونوں وقت لوگوں کے گھروں میں پھرنا اختیار کر رکھا ہے اور اشرافوں کی لڑکیوں کو سینا پرونا اور کئی قسم کا سوئی کا کام سکھلاتی ہیں اور رہزنی کے لئے آلہ نقب بھی بغل میں ہوتا ہے موقعہ پر وہ حربہ بھی چلایا جاتا ہے۔ چنانچہ کئی جوان لڑکیاں اچھے اچھے خاندانوں کی سیّد اور شیخ اور مغل اور نوابوں اور شہزادوں کی اولاد کہلا کر پھر مس صاحبوں کی کوششوں سے عیسائی جماعت میں جا ملی ہیں۔ اور جن مستورہ اور شریفہ عورتوں نے کبھی مدت العمر غیر آدمی کی شکل بھی نہ دیکھی تھی اب وہ عیسائی ہو کر نامحرموں کے ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر پھرتی ہیں۔ پاک محبت کے خیال سے نامحرم اگر بوسہ بھی لے لیں تو کچھ بُرا نہیں سمجھا جاتا۔ اور یا تو انہوں نے کبھی شراب کا نام بھی نہ سنا تھا اور یا اس خبیث عرق کی دن رات خوب مشق ہو رہی ہے اور **برانڈی، شیری، وہسکی، رَم، پوٹ، وائن** وغیرہ شرابوں کے نام نوک زبان ہو رہے ہیں۔ اسی طرح ہزار ہالا وارث بچے مسلمانوں کے اُن لوگوں کے قبضہ میں آکر اور اُن کے تلبیسات کی تعلیم پا کر اب پکے دشمن

﴿۴۹۸﴾ ﴿۴۹۹﴾

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ جنگلی ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اسلام کے نظر آتے ہیں کیا کوئی فتنہ اندازی کا کام خیال میں آسکتا ہے جو ان لوگوں نے نہیں کیا۔ کیا دین اسلام کے مٹانے والی تدبیریں کوئی ایسی بھی باقی رہ گئی ہیں جو ان کے ہاتھ سے ظہور میں نہیں آئیں۔ اب انصاف کرنا چاہیئے کہ جس حالت میں دنیا کی ابتدا سے آج تک تلبیس کے تمام کاموں میں اور دجّالیت کے تمام طریقوں میں انہیں لوگوں کا نمبر سب سے اوّل معلوم ہوتا ہے اور اِس قسم کی وبا کے پھیلانے میں دنیا کے صفحہ میں اوّل سے آج کے دن تک کوئی نظیر ان کی معلوم نہیں ہوتی اور ان لوگوں کی زہرناک تاثیروں نے بعض لوگوں کو تو پورے طور پر ہلاک کر دیا ہے۔ اور بعض کا مفلوج کی طرح نصف حصہ بیکار کر دیا ہے اور بعض کے خون میں جذامیوں کی طرح فساد ڈال دیا ہے۔ جن کے چہروں پر بڑے بڑے داغ جذام کے نظر آتے ہیں اور بعض کی آنکھوں پر ایسا ہاتھ پھیر دیا ہے کہ اب اُن کو کچھ بھی نظر نہیں آتا۔ اور نو کرسٹانوں کی ذریت کے پھیلنے کی وجہ سے مادر زاد اندھوں کی بھی جماعت بڑھتی جاتی ہے اور کروڑہا تیرہ طبع لوگوں میں ناپاک روحیں شور کر رہی ہیں۔ غرض اس وبا پھیلانے والی ہوا کی وجہ سے ایسا زمانہ آگیا ہے کہ کروڑہا جذامی اور کروڑہا مادر زاد اندھے اور کروڑہا مفلوج اور کروڑہا مُردوں کی لاشیں سڑی گلی ہوئی نظر آرہی ہیں۔ **اب پھر میں کہتا ہوں کہ کیا اُن کے لئے کوئی مسیح ابن مریم مُحی اموات نہیں آنا چاہیئے تھا جس حالت میں ایسا مسیح دجال آگیا تو کیا مسیح ابن مریم نہ آتا؟** ﴿۵۰۰﴾

اب یہ شبہات پیش کئے جاتے ہیں کہ دجال دائیں آنکھ سے کانا ہوگا اور یاجوج ماجوج اسی زمانہ میں ظہور کریں گے اور دابۃ الارض بھی آئے گا اور دُخان بھی اور طلوع شمس مغرب کی طرف سے ہوگا اور امام محمد مہدی بھی اس وقت ظہور کرے گا اور دجال کے ساتھ بہشت اور دوزخ ہوگا اور زمین کے خزانے بھی اس کے ساتھ ہوں گے اور ایک پہاڑ روٹیوں کا بھی ساتھ ہوگا۔ اور ایک گدھا بھی ہوگا اور دجال اپنے شعبدے دکھائے گا اور ﴿۵۰۱﴾ آسمان اور زمین دونوں اس کے حکم میں ہوں گے جس قوم پر چاہے بارش نازل کرے

اور جس قوم کو چاہے خشک سالی سے ہلاک کردے۔ اور انہیں دنوں میں قومیں یاجوج اور ماجوج کی ترقی پر ہوں گی اور زمین کو دباتی چلی جاویں گی اور ہر یک بلند زمین سے دوڑے گی اور دجال ایک جسیم آدمی سرخ رنگ ہوگا۔ یہ تمام علامتیں اب کہاں پائی جاتی ہیں۔

اِن شبہات کا ازالہ اس طرح پر ہے کہ یک چشم سے مراد درحقیقت یک چشم نہیں۔ اللہ جلَّ شانہٗ قرآن کریم میں فرماتا ہے مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى[1] کیا اس جگہ نابینائی سے مراد جسمانی نابینائی ہے بلکہ روحانی نابینائی مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ دجال میں دینی عقل نہیں ہوگی اور گو دنیا کی عقل اس میں تیز ہوگی اور ایسی حکمتیں ایجاد کرے گا اور ایسے عجیب کام دکھلائے گا کہ گویا خدائی کا دعویٰ کررہا ہے لیکن دین کی آنکھ بالکل نہیں ہوگی۔ جیسے آج کل یورپ اور امریکہ کے لوگوں کا حال ہے کہ دنیا کی تدبیروں کا انہوں نے خاتمہ کردیا ہے۔ اور حدیث میں جو کَاَنِّی کا لفظ موجود ہے وہ بھی دلالت کررہا ہے جو یہ ایک کشفی امر اور لائق تعبیر ہے جیسا کہ ملّا علی قاری نے اسی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اور یاجوج ماجوج کی نسبت تو فیصلہ ہو چکا ہے جو یہ دنیا کی دو بلند اقبال قومیں ہیں جن میں سے ﴿۵۰۲﴾ ایک انگریز اور دوسرے روس ہیں۔ یہ دونوں قومیں بلندی سے نیچے کی طرف حملہ کررہی ہیں یعنی اپنی خداداد طاقتوں کے ساتھ فتحیاب ہوتی جاتی ہیں۔ مسلمانوں کی بدچلنیوں نے مسلمانوں کو نیچے گرا دیا اور اُن کی تہذیب اور متانت شعاری اور ہمت اور اولوالعزمی اور معاشرت کے اعلیٰ اصولوں نے بحکم و مصلحت قادر مطلق ان کو اقبال دے دیا۔ ان دونوں قوموں کا بائبل میں بھی ذکر ہے۔

اور دآبۃ الارض سے مراد کوئی لایعقل جانور نہیں بلکہ بقول حضرت علی رضی اللہ عنہ آدمی کا نام ہی دآبۃ الارض☆ ہے۔ اور اس جگہ لفظ دآبۃ الارض سے ایک ایسا طائفہ انسانوں کا

☆نوٹ: آثار القیامہ میں لکھا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجھہ سے پوچھا گیا کہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ دآبۃ الارض آپ ہی ہیں تب آپ نے جواب دیا کہ دآبۃ الارض میں تو کچھ چار پایوں اور کچھ پرندوں کی بھی مشابہت ہوگی۔ مجھ میں وہ کہاں ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ دآبۃ الارض اسم جنس ہے جس سے ایک طائفہ مراد ہے۔ منہ

[1] بنی اسرائیل: ۷۳

مراد ہے جو آسمانی روح اپنے اندر نہیں رکھتے لیکن زمینی علوم وفنون کے ذریعہ سے منکرین اسلام کو لاجواب کرتے ہیں اور اپنا علم کلام اور طریق مناظرہ تائید دین کی راہ میں خرچ کر کے بجان ودل خدمت شریعت غرا بجالاتے ہیں۔ سو وہ چونکہ درحقیقت زمینی ہیں آسمانی نہیں۔ اور
﴿۵۰۳﴾ آسمانی روح کامل طور پر اپنے اندر نہیں رکھتے اس لئے **دآبۃ الارض** کہلاتے ہیں اور چونکہ کامل تزکیہ نہیں رکھتے اور نہ کامل وفاداری۔ اس لئے چہرہ اُن کا انسانوں کا ہے مگر بعض اعضاء اُن کے بعض دوسرے حیوانات سے مشابہ ہیں۔ اسی کی طرف اللہ جلّ شانہٗ اشارہ فرماتا ہے وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ[1] یعنی جب ایسے دن آئیں گے جو کفار پر عذاب نازل ہو اور ان کا وقت مقدر قریب آجائے گا تو ہم ایک گروہ دابۃ الارض کا زمین میں سے نکالیں گے وہ گروہ متکلمین کا ہوگا جو اسلام کی حمایت میں تمام ادیان باطلہ پر حملہ کرے گا یعنی وہ علماء ظاہر ہوں گے جن کو علم کلام اور فلسفہ میں ید طولیٰ ہوگا۔ وہ جابجا اسلام کی حمایت میں کھڑے ہو جائیں گے اور اسلام کی سچائیوں کو استدلالی طور پر مشارق مغارب میں پھیلائیں گے اور اس جگہ اَخْرَجْنَا کا لفظ اس وجہ سے اختیار کیا کہ آخری زمانہ میں اُن کا خروج ہوگا نہ حدوث یعنی تخمی طور پر یا کم مقدار کے طور پر تو پہلے ہی سے تھوڑے بہت ہر یک زمانہ میں وہ
﴿۵۰۴﴾ پائے جائیں گے لیکن آخری زمانہ میں بکثرت اور نیز اپنے کمال لائق کے ساتھ پیدا ہوں گے اور حمایت اسلام میں جابجا واعظین کے منصب پر کھڑے ہو جائیں گے اور شمار میں بہت بڑھ جائیں گے۔

واضح ہو کہ یہ خروج کا لفظ قرآن شریف میں دوسرے پیرایہ میں یاجوج ماجوج کے لئے بھی آیا ہے اور دخان کے لئے بھی قرآن شریف میں ایسا ہی لفظ استعمال کیا گیا ہے جس کے معنوں کا ماحصل خروج ہی ہے اور دجال کے لئے بھی حدیثوں میں یہی خروج کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ سو اس لفظ کے استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے تا اس بات کی طرف

[1] النمل :۸۳

اشارہ ہو کہ یہ چیزیں جو آخری زمانہ میں ظہور پذیر ہوں گی وہ ابتدائی زمانوں میں بکلی معدوم نہیں ہوں گی بلکہ اپنے وجود نوعی یا مثالی کے ساتھ جو آخری وجود کا ہم رنگ اور مماثل ہوگا پہلے بھی بعض افراد میں ان کا وجود متحقق ہوگا لیکن وہ وجود ایک ضعف اور کمزوری اور ناکامی کی حالت میں ہوگا مگر دوسرا وجود جس کو خروج کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے اس میں ایک جلالی حالت ہوگی یعنی پہلے وجود کی طرح ضعف اور کمزوری نہیں ہوگی اور ایک طاقت کے ساتھ اس کا ظہور ہوگا جس کے اظہار کے لئے خروج کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اِسی بنا پر مسلمانوں میں
﴿۵۰۵﴾ یہ خیال چلا آتا ہے کہ مسیح دجال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت سے موجود ہے اور پھر اُن کے خیالات میں ایسی غلطی پک گئی ہے کہ اب تک مسیح ابن مریم کی طرح اس کو زندہ سمجھا ہوا ہے جو کسی جزیرہ میں مقید اور جکڑا ہوا ہے اور اس کی جساسہ بھی اب تک زندہ ہے جو اس کو خبریں پہنچا رہی ہے افسوس کہ یہ لوگ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں غلط فہمی کر کے کیسی مصیبتوں میں پھنس گئے۔ ایسا ہی یہ لوگ یاجوج ماجوج کو بھی وجود شخصی کے ساتھ زندہ سمجھتے ہیں یعنی بقاء شخصی کے قائل ہیں۔ اب جبکہ دجال اور اس کی جساسہ اور یاجوج ماجوج کے کروڑہا آدمی اور دابۃ الارض اور بقول بعض ابن صیاد بھی اب تک زندہ ہیں تو حضرت مسیح اگر زندہ نہ ہوں تو ان کی حق تلفی ہے۔ میرے نزدیک بہت سہل طریق ثبوت کا یہ ہے کہ مولوی صاحبان کوشش کر کے کوئی یاجوج ماجوج کا آدمی یا دجال کی جساسہ یا ابن صیاد کو ہی کسی جنگل سے پکڑ کر لے آویں پھر کیا بات ہے سب مان جائیں گے کہ اسی طرح حضرت مسیح بھی آسمان پر زندہ ہیں اور مفت میں فتح ہو جائے گی۔ حضرات! اب ہمت کیجئے کہیں سے دجال شریر کی
﴿۵۰۶﴾ جساسہ کو ہی پکڑ لیجئے حوصلہ نہ ہاریں آخر یہ سب زمین پر ہی ہیں۔ ابن تمیم کی حدیث کو مسلم میں پڑھ کر اسی پتہ سے جساسہ دجال کا سراغ لگائیے یا خبیث دجال کو ہی جو زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے بچشم خود دیکھ کر پھر اوروں کو دکھلائیے۔ بات تو خوب ہے۔ انگریزوں نے ہمت اور

کوشش کر کے نئی دنیا کا سراغ لگا ہی لیا۔ آپ اس ایک ناکارہ کام میں ہی کامیابی دکھلایئے شاید ان لوگوں میں سے کسی کا پتہ چلے بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد۔ اگر خارے بود گلدستہ گردد۔ اور اگر ایسا نہیں کرو گے تو پھر خیر اس میں ہے کہ ان بیہودہ خیالات سے باز آجائیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قسمیں کھا کر فرمایا ہے کہ کوئی جاندار اس وقت سے سو برس تک زمین پر زندہ نہیں رہ سکتا۔ مگر آپ ناحق ان سب جانداوں کو اس زمانہ سے آج تک زندہ خیال کر رہے ہیں۔ یہ تحقیق اور تدقیق کا زمانہ ہے اسلام کا ایسا خاکہ کھینچ کر نہ دکھلایئے جس پر بچہ بچہ ہنسی کرے۔ غور کر کے سوچئے کہ یہ کروڑ ہا انسان جو صدہا برسوں سے زندہ فرض کئے گئے ہیں جواب تک مرنے میں نہیں آتے کس ملک اور کس شہر میں رہتے ہیں۔ تعجب کہ معمورۂ دنیا کی حقیقت بخوبی کھل گئی اور پہاڑوں اور ﴿۵۰۷﴾ جزیروں کا حال بھی بخوبی معلوم ہو گیا اور تفتیش کرنے والوں نے یہاں تک اپنی تفتیش کو کمال تک پہنچا دیا جو ایسی آبادیاں جو ابتداءِ دنیا سے معلوم نہ تھیں وہ اب معلوم ہو گئیں مگر اب تک اس جساسہ اور دجال اور ابن صیاد مفقود الخبر اور دابۃ الارض اور یاجوج ماجوج کے کروڑ ہا انسانوں کا کچھ پتہ نہیں ملتا۔ سوا ے حضرات! یقیناً سمجھو کہ وہ سب جاندار جو انسان کی قسم میں سے تھے اس دنیا سے کوچ کر گئے پردۂ زمین میں چھپ گئے اور مسلم کی سو برس والی حدیث نے اپنی جلالی سچائی سے موت کا مزہ اُنہیں چکھا دیا۔ اب ان کی انتظار آپ کی خام خیالی ہے۔ اب تو اِنّا للّٰہ کہہ کر ان کو رخصت شدہ سمجھئے۔

اور اگر آپ کے دل میں یہ خلجان گذرے کہ احادیث نبویہ میں اُن کے خروج کا وعدہ ہے اس کے اس صورت میں کیا معنے ہوں گے۔ سو سنو! اس کے سچے معنے جو اللہ جلّ شانہٗ نے میرے پر ظاہر کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ اِن سب چیزوں کا آخری زمانہ میں جلالی طور پر صور مثالیہ میں ظہور مراد ہے مثلاً پہلے دجال کو اس طرح پر دیکھا گیا کہ وہ زنجیروں میں جکڑا ہوا کمزور اور ضعیف ہے کسی پر حملہ نہیں کر سکتا مگر اس آخری زمانہ میں عیسائی مشن کا ﴿۵۰۸﴾

دجال اُسی دجال کے رنگ میں ہوکر قوت کے ساتھ خروج کر رہا ہے اور گویا مثالی اور ظلی وجود کے ساتھ وہی ہے اور جیسا کہ وہ اوّل زمانہ میں گرجا میں جکڑا ہوا نظر آیا تھا اب وہ اس بند سے مَخلصی پاکر عیسائیوں کے گرجا سے ہی نکلا ہے اور دنیا میں ایک آفت برپا کر رہا ہے۔

ایسا ہی یاجوج ماجوج کا حال بھی سمجھ لیجئے۔ یہ دونوں پرانی قومیں ہیں جو پہلے زمانوں میں دوسروں پر کھلے طور پر غالب نہیں ہوسکیں اور اُن کی حالت میں ضعف رہا لیکن خدائے تعالیٰ فرماتا ہے کہ آخری زمانہ میں یہ دونوں قومیں خروج کریں گی یعنی اپنی جلالی قوت کے ساتھ ظاہر ہوں گی جیسا کہ سورۂ کہف میں فرماتا ہے وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ[۱] یعنی یہ دونوں قومیں دوسروں کو مغلوب کر کے پھر ایک دوسرے پر حملہ کریں گی اور جس کو خدائے تعالیٰ چاہے گا فتح دے گا۔ چونکہ ان دونوں قوموں سے مراد انگریز اور روس ہیں اس لئے ﴿۵۰۹﴾ ہر یک سعادتمند مسلمان کو دعا کرنی چاہیے کہ اُس وقت انگریزوں کی فتح ہو کیونکہ یہ لوگ ہمارے محسن ہیں۔ اور سلطنت برطانیہ کے ہمارے سر پر بہت احسان ہیں۔ سخت جاہل اور سخت نادان اور سخت نالائق وہ مسلمان ہے جو اس گورنمنٹ سے کینہ رکھے اگر ہم ان کا شکر نہ کریں تو پھر ہم خدائے تعالیٰ کے بھی ناشکر گزار ہیں کیونکہ ہم نے جو اس گورنمنٹ کے زیرسایہ آرام پایا اور پا رہے ہیں وہ آرام ہم کسی اسلامی گورنمنٹ میں بھی نہیں پا سکتے۔ ہرگز نہیں پا سکتے۔

ایسا ہی دابۃ الارض یعنی وہ علماء و واعظین جو آسمانی قوت اپنے اندر نہیں رکھتے ابتدا سے ﴿۵۱۰﴾ چلے آتے ہیں لیکن قرآن کا مطلب یہ ہے کہ آخری زمانہ میں ان کی حد سے زیادہ کثرت ہوگی اور اُن کے خروج سے مراد وہی اُن کی کثرت ہے۔

اور یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جیسی ان چیزوں کے بارے میں جو آسمانی قوت

[۱] الکھف: ۹۹

اپنے اندر نہیں رکھتیں اور آخری زمانہ میں پورے جوش اور طاقت کے ساتھ ظہور کریں گی۔ خروج کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ ایسا ہی اُس شخص کے بارے میں جو حدیثوں میں لکھا ہے کہ آسمانی وحی اور قوت کے ساتھ ظہور کرے گا نزول کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ سو اِن دونوں لفظوں خروج اور نزول میں درحقیقت ایک ہی امر مدنظر رکھا گیا ہے یعنی اس بات کا سمجھانا منظور ہے کہ یہ ساری چیزیں جو آخری زمانہ میں ظاہر ہونے والی ہیں باعتبار اپنی قوتِ ظہور کے خروج اور نزول کی صفت سے متصف کی گئی ہیں جو آسمانی قوت کے ساتھ آنے والا تھا اس کو نزول کے لفظ سے یاد کیا گیا اور جو زمینی قوت کے ساتھ نکلنے والا تھا اس کو خروج کے لفظ کے ساتھ پکارا گیا تا نزول کے لفظ سے آنے والے کی ایک عظمت سمجھی جائے اور خروج کے لفظ ﴿۵۱۱﴾ سے ایک خفت اور حقارت ثابت ہو اور نیز یہ بھی معلوم ہو کہ نازل خارج پر غالب ہے۔

ایسا ہی **دخان** جس کا قرآن شریف میں ذکر ہے کچھ آخری زمانہ سے ہی خاص نہیں ہے ہاں آخری زمانہ میں جو ہمارا زمانہ ہے اس کا بیّن اور کھلے کھلے طور پر ظہور ہوا ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے حٰمٓ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ[1] سورة الدخان الجز و نمبر ۲۵ یعنی اس روشن اور کھلی کتاب کی قسم ہے کہ ہم نے اس قرآن کریم کو ایک مبارک رات میں اُتارا ہے کیونکہ ہمیں منظور تھا کہ نافرمانی کے نتائج سے ڈراویں۔ وہ رات ایک ایسی بابرکت رات ﴿۵۱۲﴾ ہے کہ تمام حکمت کی باتیں اس میں کھولی جاتی ہیں اور ایسا ہی ہم نے چاہا ہے اور تیرے

[1] الدخان :۲تا۱۳

رب نے رحمت کی راہ سے ایسا ہی ارادہ کیا ہے کہ کل معارف ودقائق الٰہیہ کا تیری بعثت مبارکہ پر ہی خاتمہ ہو اور وہی کلام کل معارف حکمیہ کا جامع ہو جو تجھ پر نازل ہوا ہے اور یہ بات ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں کہ اس برکت والی رات سے مراد ایک تو وہی معنے ہیں جو مشہور ہیں اور دوسری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ بعثت کی رات ہے اور اس کا دامن قیامت کے دن تک پھیلا ہوا ہے اور آیت فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ[۱] میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ تمام زمانہ جو قیامت تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد رسالت کے تحت میں ہے فیوض قرآن کریم سے بہت فائدہ اُٹھائے گا اور وہ تمام معارف الٰہیہ جو دنیا میں مخفی چلے آتے تھے اس زمانہ میں **وقتًا فوقتًا** ظہور پذیر ہوتے رہیں گے اور نیز آیت فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ میں یہ بھی اشارہ ہے کہ اس زمانہ بابرکت کے خواص میں سے یہ بھی ہوگا کہ معاش اور معاد کے کل علوم حکمیہ اپنے اعلیٰ درجہ کے کمالات کے ساتھ ظہور پذیر ہوں گے اور کوئی امر حکمت ایسا نہیں رہے گا جس کی تفصیل نہ کی جائے۔ پھر آگے فرمایا کہ خدا وہ خدا ہے جس نے زمین وآسمان کو بنایا اور جو کچھ اس کے درمیان ہے سب اُسی نے پیدا کیا تا تم اُسی صانع حقیقی پر یقین لاؤ اور شک کرنے کی کوئی وجہ نہ رہے۔ کوئی معبود اس کے سوا نہیں۔ وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے تمہارا رب ہے اور تمہارے اُن باپ دادوں کا رب جو تم سے پہلے گذر چکے ہیں بلکہ وہ تو شکوک وشبہات میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان دلائل کی طرف انہیں کہاں نظر ہے۔ پس تو اُس دن کا امیدوار رہ جس دن آسمان ایک کھلا کھلا دھواں لائے گا جس کو دیکھ کر کہیں گے کہ یہ عذاب دردناک ہے اور کہیں گے کہ اے ہمارے خدا یہ عذاب ہم سے اٹھا۔ ہم ایمان لائے۔ ﴿۵۱۳﴾

اس جگہ دخان سے مراد قحط عظیم وشدید ہے جو سات برس تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں پڑا یہاں تک کہ لوگوں نے مُردے اور ہڈیاں کھائی تھیں جیسا کہ ابن مسعود کی حدیث میں مفصل اس کا بیان ہے لیکن آخری زمانہ کے لئے بھی جو ہمارا زمانہ ہے

[۱] الدخان: ۵

اس دخان مبین کا وعدہ تھا اس طرح پر کہ قبل از ظہور مسیح نہایت درجہ کی شدت سے اس کا ظہور ہوگا۔ اب سمجھنا چاہیے کہ یہ آخری زمانہ کا قحط جسمانی اور روحانی دونوں طور سے وقوع میں آیا۔ ﴿۵۱۴﴾ جسمانی طور سے اس طرح کہ اگر اب سے پچاس برس گذشتہ پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ جیسے اب غلہ اور ہر یک چیز کا نرخ عام طور پر ہمیشہ کم رہتا ہے اس کی نظیر پہلے زمانوں میں کہیں نہیں پائی جاتی۔ کبھی خواب خیال کی طرح چند روز گرانی غلہ ہوتی تھی اور پھر وہ دن گزر جاتے تھے لیکن اب تو یہ گرانی لازم غیر منفک کی طرح ہے اور قحط کی شدت اندر ہی اندر ایک عالم کو تباہ کر رہی ہے۔

اور روحانی طور پر صداقت اور امانت اور دیانت کا قحط ہو گیا ہے اور مکر اور فریب اور علوم وفنون مظلمہ دُخان کی طرح دنیا میں پھیل گئی ہیں اور روز بروز ترقی پر ہیں۔ اس زمانہ کے مفاسد کی صورت پہلے زمانوں کے مفاسد سے بالکل مختلف ہے۔ پہلے زمانوں میں اکثر نادانی اور اُمیت رہزن تھی اس زمانہ میں تحصیل علوم رہزن ہو رہی ہے۔ ہمارے زمانہ کی نئی روشنی جس کو دوسرے لفظوں میں دخان سے موسوم کرنا چاہیے عجیب طور پر ایمان اور دیانت اور اندرونی سادگی کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ سوفسطائی تقریروں کے غبار نے صداقت کے آفتاب کو چھپا دیا ہے اور فلسفی مغالطات نے سادہ لوحوں کو طرح طرح کے شبہات میں ﴿۵۱۵﴾ ڈال دیا ہے۔ خیالات باطلہ کی تعظیم کی جاتی ہے اور حقیقی صداقتیں اکثر لوگوں کی نظر میں کچھ حقیر سی معلوم ہوتی ہیں۔ سو خدائے تعالیٰ نے چاہا کہ عقل کے رہزدوں کو عقل سے درست کرے اور فلسفہ کے سرگشتوں کو آسمانی فلسفہ کے زور سے راہ پر لاوے سو یہ کامل درجہ کا دُخان مبین ہے جو اس زمانہ میں ظاہر ہوا ہے۔

ایسا ہی طلوع شمس کا جو مغرب کی طرف سے ہوگا۔ ہم اس پر بہر حال ایمان لاتے ہیں لیکن اس عاجز پر جو ایک رؤیا میں ظاہر کیا گیا وہ یہ ہے جو مغرب کی طرف سے آفتاب کا چڑھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ ممالک مغربی جو قدیم سے ظلمت کفر وضلالت میں ہیں آفتاب صداقت

سے منور کئے جائیں گے اور اُن کو اسلام سے حصہ ملے گا۔ اور میں نے دیکھا کہ میں شہر لنڈن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلل بیان سے اسلام کی صداقت ظاہر کر رہا ہوں۔ بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے پکڑے جو چھوٹے چھوٹے درختوں
﴿۵۱۶﴾ پر بیٹھے ہوئے تھے اور اُن کے رنگ سفید تھے اور شاید تیتر کے جسم کے موافق اُن کا جسم ہوگا۔ سو میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اگرچہ میں نہیں مگر میری تحریریں اُن لوگوں میں پھیلیں گی۔ اور بہت سے راستباز انگریز صداقت کے شکار ہو جائیں گے۔ درحقیقت آج تک مغربی ملکوں کی مناسبت دینی سچائیوں کے ساتھ بہت کم رہی ہے گویا خدا تعالیٰ نے دین کی عقل تمام ایشیا کو دے دی اور دنیا کی عقل تمام یورپ اور امریکہ کو۔ نبیوں کا سلسلہ بھی اوّل سے آخر تک ایشیا کے ہی حصہ میں رہا اور ولایت کے کمالات بھی انہیں لوگوں کو ملے۔ اب خدائے تعالیٰ ان لوگوں پر نظر رحمت ڈالنا چاہتا ہے۔

اور یاد رہے کہ مجھے اس بات سے انکار نہیں کہ **طلوع الشمس من مغربها** کے کوئی اور معنے بھی ہوں میں نے صرف اُس کشف کے ذریعہ سے جو خدائے تعالیٰ نے مجھے عطا کیا ہے مذکورہ بالا معنے کو بیان کیا ہے۔ اگر کوئی مولوی ملّا ان الٰہی مکاشفات کو الحاد کی طرف منسوب کرے تو وہ جانے اور اس کا کام۔ **وما قلت من عقد نفسی بل اتبعت ما کشف علیّ و اللّٰہ بصیر بحالی و سمیع لمقالی فاتقوا اللّٰہ ایّها العلماء۔**

﴿۵۱۷﴾ لیکن اگر کوئی اس جگہ یہ سوال کرے کہ جب مغرب کی طرف سے آفتاب طلوع کرے گا تو جیسا کہ لکھا ہے توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا تو پھر اگر یہی معنے سچ ہیں تو ایسے اسلام سے کیا فائدہ جو مقبول ہی نہیں۔

اِس کا جواب یہ ہے کہ توبہ کا دروازہ بند ہونے سے یہ مطلب تو نہیں کہ توبہ منظور ہی نہیں ہوگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب ممالک مغربی کے لوگ فوج در فوج دین اسلام میں داخل ہو جائیں گے تب ایک انقلاب عظیم ادیان میں پیدا ہوگا۔ اور جب یہ آفتاب

پورے طور پر ممالک مغربی میں طلوع کرے گا تو وہی لوگ اسلام سے محروم رہ جائیں گے جن پر دروازہ توبہ کا بند ہے یعنی جن کی فطرتیں بالکل مناسب حال اسلام کے واقع نہیں۔ سو توبہ کا دروازہ بند ہونے کے یہ معنے نہیں کہ لوگ توبہ کریں گے مگر منظور نہ ہوگی۔ اور خشوع اور خضوع سے روئیں گے مگر رد کئے جائیں گے کیونکہ یہ تو اس دنیا میں اس رحیم و کریم کی شان سے بالکل بعید ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اُن کے دل سخت ہو جائیں گے اور ان کو توبہ کی توفیق نہیں دی جائے گی اور وہ وہی اشرار ہیں جن پر قیامت آئے گی۔ **فتفکّر و تدبّر۔**

ایسا ہی مہدی کے بارہ میں جو بیان کیا جاتا ہے کہ ضرور ہے کہ پہلے امام محمدؑ مہدی آویں اور بعد اس کے ظہور مسیح ابن مریم کا ہو۔ یہ خیال قلّت تدبر کی وجہ سے پیدا ہوا ہے اگر مہدی کا ﴿۵۱۸﴾ آنا مسیح ابن مریم کے زمانہ کے لئے ایک لازم غیر منفک ہوتا اور مسیح کے سلسلہ ظہور میں داخل ہوتا تو دو بزرگوار شیخ اور امام حدیث کے یعنی حضرت محمد اسمٰعیل صاحب صحیح بخاری اور حضرت امام مسلم صاحب صحیح مسلم اپنی صحیحوں سے اس واقعہ کو خارج نہ رکھتے لیکن جس حالت میں انہوں نے اس زمانہ کا تمام نقشہ کھینچ کر آگے رکھ دیا اور حصر کے طور پر دعویٰ کر کے بتلا دیا کہ فلاں فلاں امر کا اس وقت ظہور ہوگا لیکن امام محمد مہدی کا نام تک بھی تو نہیں لیا۔ پس اس سے سمجھا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنی صحیح اور کامل تحقیقات کی رو سے اُن حدیثوں کو صحیح نہیں سمجھا جو مسیح کے آنے کے ساتھ مہدی کا آنا لازم غیر منفک ٹھہرا رہی ہیں اور دراصل یہ خیال بالکل فضول اور مہمل معلوم ہوتا ہے کہ باوجودیکہ ایک ایسی شان کا آدمی ہو کہ جس کو باعتبار باطنی رنگ اور خاصیت اس کی کے مسیح ابن مریم کہنا چاہیے دنیا میں ظہور کرے اور پھر اس کے ساتھ کسی دوسرے مہدی کا آنا بھی ضروری ہو۔ کیا وہ خود مہدی نہیں ہے؟ کیا وہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے ہدایت پا کر نہیں آیا؟ کیا اُس کے پاس اس قدر جواہرات وخزائن واموال معارف ودقائق نہیں ہیں کہ لوگ لیتے لیتے تھک جائیں اور اِس ﴿۵۱۹﴾ قدر اُن کا دامن بھر جائے جو قبول کرنے کی جگہ نہ رہے۔ پس اگر یہ سچ ہے تو اُس وقت

دوسرے مہدی کی ضرورت ہی کیا ہے اور یہ صرف امامین موصوفین کا ہی مذہب نہیں بلکہ ابن ماجہ اور حاکم نے بھی اپنی صحیح میں لکھا ہے کہ **لا مھدی الّا عیسٰی** یعنی بجز عیسیٰ کے اُس وقت کوئی مہدی نہ ہوگا۔ اور یوں تو ہمیں اس بات کا اقرار ہے کہ پہلے بھی کئی مہدی آئے ہوں اور ممکن ہے کہ آئندہ بھی آویں اور ممکن ہے کہ امام محمدؑ کے نام پر بھی کوئی مہدی ظاہر ہو لیکن جس طرز سے عوام کے خیال میں ہے اس کا ثبوت پایا نہیں جاتا۔ چنانچہ یہ صرف ہماری ہی رائے نہیں اکثر محقق یہی رائے ظاہر کرتے آئے ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ اچھا مہدی کا قصہ جانے دو لیکن یہ جو بار بار حدیثوں میں بیان کیا گیا ہے کہ عیسیٰ آئے گا۔ مسیح ابن مریم نازل ہوگا۔ اِن صریح لفظوں کی کیوں تاویل کی جائے۔ اگر اللہ **جلَّ شَانُہٗ** کے علم اور ارادہ میں ابن مریم سے مراد ابن مریم نہیں تھا تو اس نے لوگوں کو دانستہ اِن مشکلات میں کیوں ڈالا اور سیدھا کیوں یہ نہ کہہ دیا کہ کوئی مثیل مسیح آئے گا بلکہ ﴿۵۲۰﴾ کون سی ضرورت اس بات کی طرف داعی تھی جو ضرور مثیل مسیح آتا کوئی اور نہ آتا۔ اب کھلے کھلے لفظوں سے کیوں کر انکار کریں یہ انکار تو دراصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب ہے اور درپردہ اس انکار کے یہ معنے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشگوئی غلط ہے۔

لیکن واضح ہو کہ یہ تمام اوہام باطلہ ہیں۔ قرآن کریم اور احادیث میں بغرض آزمائش خلق اللہ ایسے ایسے استعارات کا مستعمل ہونا کوئی انوکھی اور بے اصل بات نہیں۔ اور پہلی کتابوں میں ایسے استعارات کی نظیر موجود ہے فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ[۱] ایلیا کے قصہ کو دیکھو جس کو یوحنا کہا گیا ہے۔ جبکہ قرآن شریف نے قطعی اور یقینی طور پر ظاہر کر دیا کہ حضرت مسیح ابن مریم فوت ہو گئے ہیں تو اب اس سے بڑھ کر ضرورتِ تاویل کے لئے اور کیا قرینہ ہوگا۔ مثلاً فرض کے طور پر بیان کرتا ہوں کہ ایک مستند خط کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ ایک شخص کلکتہ میں رہنے والا عبد الرحمٰن نام جس کی شہادت کسی مقدمہ کے لئے مؤثر تھی فوت ہو گیا ہے۔ پھر بعد اس کے ہم نے ایک ایسا کاغذ تمسک دیکھا جس پر

[۱] النحل: ۴۴

﴿۵۲۱﴾ ایک شخص عبدالرحمٰن نام کلکتہ کے رہنے والے کی گواہی تاریخ وفات کے بعد میں درج تھی تو کیا ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ وہی عبدالرحمٰن جو فوت ہو چکا تھا زندہ ہو کر اپنی گواہی لکھ گیا ہے۔ پس چونکہ اس عبدالرحمٰن کے زندہ ہو جانے کا ہمارے پاس کوئی بھی ثبوت نہیں تو کیا صرف خدائے تعالیٰ کی قدرت کے حوالہ سے ہم کسی ایسی صورت کے مقدمہ میں جو عدالت میں پیش ہے بغیر اس بات کے ثبوت دینے کے کہ درحقیقت وہی عبدالرحمٰن زندہ ہو کر اپنی گواہی لکھ گیا ہے ڈگری کے پانے کے مستحق ٹھہر سکتے ہیں ہرگز نہیں۔

اور یہ دغدغہ کہ کیوں مسیح ابن مریم کے لفظ کو اختیار کیا گیا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اُسی طرز کا محاورہ ہے جیسے یحییٰ ابن زکریا کے لئے ایلیا کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ خدائے تعالیٰ کو منظور تھا کہ آخری زمانہ میں کوئی شخص مسیح کی قوت اور طبع میں پیدا ہو اور وہ اس گروہ کذاب کا مقابلہ کرے جن کی طبیعت اس طبیعت کے مغائر و مخالف واقع ہے۔ سو گروہ کذاب کا نام اُس نے مسیح دجال رکھا اور حامی حق کا نام مسیح ابن مریم قرار دیا اور اس کو بھی ایک گروہ بنایا جو مسیح ابن مریم کے نام سے سچائی کی فتح کے لئے دنیا کے اخیر تک کوشش کرتا رہے گا۔ ﴿۵۲۲﴾ سو ضرور تھا کہ یہ آنے والا مسیح ابن مریم کے نام سے ہی آتا کیونکہ جس تاثیر اماتت احیاء کو مسیح دجال نے پھیلانا چاہا ہے اس تاثیر کے مخالف مسیح ابن مریم کو تاثیر دی گئی ہے جو روح القدس کے ذریعہ سے اس کو ملی ہے سو جو شخص مسیح کے قدم پر وہ تاثیر لے کر آیا اور زہرناک ہوا کے مقابل پر جو ہلاک کرتی ہے یا ہلاکت تک پہنچاتی ہے ایک تریاقی نفس اس کو عطا ہوا۔ اس وجہ سے وہ مسیح ابن مریم کہلایا کیونکہ وہ روحانی طور پر مسیح کے رنگ میں ہو کر آیا۔ مسیح کیوں کر آ سکتا۔ وہ رسول تھا اور خاتم النبیین کی دیوار روئیں اس کو آنے سے روکتی ہے۔ سو اس کا ہم رنگ آیا۔ وہ رسول نہیں مگر رسولوں کے مشابہ ہے اور امثل ہے۔ کیا عام لفظوں میں کسی حدیث میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ بعض گزشتہ رسولوں میں سے پھر اس امت میں آئیں گے جیسا کہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ اُن کے مثیل آئیں گے اور امثل آئیں گے

جو فطرتاً انبیاء سے بہت اقرب ہیں سو جن کے آنے کا صاف طور پر بلا تعارض وعدہ دیا گیا ہے اُن سے منہ مت پھیرو اور اُن کے الہام سے بھی شہادت کا فائدہ اُٹھاؤ کیونکہ اُن کی گواہی اس بات کو کھولتی ہے جو تم اپنی عقلوں سے کھول نہیں سکتے۔ آسمانی گواہی کے ردّ کرنے میں ﴿۵۲۳﴾ جرأت نہ کرو کیونکہ یہ بھی اُسی پاک چشمہ سے نکلی ہے جس سے وحی نبوت نکلی ہے۔ سو یہ وحی کے معنے کی شارح اور صراط مستقیم کو دکھلانے والی ہے۔

# وصیت الحق

اے ناظرین! اب یہ عاجز اس مضمون کو ختم کر چکا اور اس تمام تحقیقات سے معلوم ہوا کہ شرعی اور نقلی طور پر ہمارے اس الہام کی تصدیق یا تکذیب کے لئے جو مسیح ابن مریم وفات پا چکا ہے تین راہیں ہیں۔ (۱) قرآن کریم (۲) احادیث (۳) اقوال سلف وخلف۔ اور اِن تینوں راہوں کے ذریعہ سے ہمارے الہام کی تصدیق ہو رہی ہے۔ سب سے سیدھی راہ اور بڑا ذریعہ جو انوار یقین اور تواتر سے بھرا ہوا اور ہماری روحانی بھلائی اور ترقی علمی کے لئے کامل رہنما ہے قرآن کریم ہے جو تمام دنیا کے دینی نزاعوں کے فیصل کرنے کے متکفل ہو کر ﴿۵۲۴﴾ آیا ہے جس کی آیت آیت اور لفظ لفظ ہزارہا طور کا تواتر اپنے ساتھ رکھتی ہے اور جس میں بہت سا آبِ حیات ہماری زندگی کے لئے بھرا ہوا ہے اور بہت سے نادر اور بیش قیمت جواہر اپنے اندر مخفی رکھتا ہے جو ہر روز ظاہر ہوتے جاتے ہیں۔ یہی ایک عمدہ محک ہے جس کے ذریعہ سے ہم راستی اور ناراستی میں فرق کر سکتے ہیں۔ یہی ایک روشن چراغ ہے جو عین سچائی کی راہیں دکھاتا ہے۔ بلا شبہ جن لوگوں کو راہ راست سے مناسبت اور ایک قسم کا رشتہ ہے اُن کا دل قرآن شریف کی طرف کھنچا چلا جاتا ہے اور خدائے کریم نے اُن کے دل ہی اس طرح کے بنا رکھے ہیں کہ وہ عاشق کی طرح اپنے اس محبوب کی طرف جھکتے ہیں اور بغیر اس کے کسی جگہ

قرار نہیں پکڑتے اور اس سے ایک صاف اور صریح بات سن کر پھر کسی دوسرے کی نہیں سنتے اس کی ہر یک صداقت کو خوشی سے اور دوڑ کر قبول کر لیتے ہیں اور آخر وہی ہے جو موجب اشراق اور روشن ضمیری کا ہو جاتا ہے اور عجیب در عجیب انکشافات کا ذریعہ ٹھہرتا ہے اور ہر یک کو حسب استعداد معراج ترقی پر پہنچاتا ہے۔ راستبازوں کو قرآن کریم کے انوار کے نیچے چلنے کی ہمیشہ حاجت رہی ہے اور جب کبھی کسی حالتِ جدیدہ زمانہ نے اسلام کو کسی دوسرے مذہب کے ساتھ ٹکرا دیا ہے تو وہ تیز اور کارگر ہتھیار جو فی الفور کام آیا ہے قرآن کریم ہی ہے۔ ایسا ہی جب کہیں فلسفی خیالات مخالفانہ طور پر شائع ہوتے رہے تو اس خبیث پودہ کی بیخ کنی آخر قرآن کریم ہی نے کی اور ایسا اس کو حقیر اور ذلیل کر کے دکھلا دیا کہ ناظرین کے آگے آئینہ رکھ دیا کہ سچا فلسفہ یہ ہے نہ وہ۔ حال کے زمانہ میں بھی جب اوّل عیسائی واعظوں نے سر اُٹھایا اور بدفہم اور نادان لوگوں کو توحید سے کھینچ کر ایک عاجز بندہ کا پرستار بنانا چاہا اور اپنے مغشوش طریق کو سوفسطائی تقریروں سے آراستہ کر کے اُن کے آگے رکھ دیا اور ایک طوفان ملک ہند میں برپا کر دیا آخر قرآن کریم ہی تھا جس نے انہیں پسپا کیا کہ اب وہ لوگ کسی باخبر آدمی کو منہ بھی نہیں دکھلا سکتے اور اُن کے لمبے چوڑے عذرات کو یوں الگ کر کے رکھ دیا جس طرح کوئی کاغذ کا تختہ لپیٹے۔ قرآن کریم نے اُن کے ایک بڑے بھارے عقیدہ کو جو کفارہ کا عقیدہ تھا مَاقَتَلُوْہُ وَمَاصَلَبُوْہُ کا ثبوت دے کر معدوم کر دیا۔ اور انسان کی نجات کے لئے وہ طبعی اور فطرتی طریقہ بتلایا جو آدم کی پیدائش سے ہر یک آدمی کی جبلت کو لازم ہے۔ اب وہ لوگ اس بات سے تو رہے کہ اپنا پُرظلم اور بے اثر کفارہ عقلمند انسانوں کے سامنے پیش کر سکیں ہاں یہ ممکن ہے کہ اب جنات کی طرف جن کا وجود انجیل کی رو سے ثابت ہے اس کفارہ کے لئے کوئی مشن بھیجیں کیونکہ ان کو تو بھی تو خدائے تعالیٰ نے ہلاکت کے لئے پیدا نہیں کیا۔ مگر مشکل تو یہ ہے کہ یہ دروغ بے فروغ اسی حد تک بُنا گیا تھا کہ مسیح ابن مریم بنی آدم کے کفارہ کے لئے آیا ہے۔

﴿۵۲۵﴾

﴿۵۲۶﴾

اور ابن آدم کہلا کر اور آدمی کا ہم جنس ہو کر اس کو یہ استحقاق بنی نوع کی ہمدردی کا پیدا ہوا ہے ہاں یہ ممکن ہے کہ یہ حجت پیش کی جائے کہ مسیح کا ایک اور بھائی تھا کہ جو ابن آدم نہیں بلکہ ابن جن کہلاتا تھا وہ جنات کے کفارہ کے لئے مصلوب ہوا تھا مگر پھر بھی انجیل کی رو سے کوئی ثبوت پیش کرنا پڑے گا۔

ایسا ہی قرآن کریم نے ہندوؤں پر بھی بہت سی صداقتیں ظاہر کی ہیں اور وہ قیّوم العالمین جس سے وہ بے خبر تھے ان کا انہیں پتہ دیا ہے اگر وہ لوگ اس صداقت کو قبول کرتے تو اس خدا کو دیکھ لیتے جس کی عظمت وقدرت سے وہ غافل ہیں لیکن انہوں نے انگریزوں کے فلسفہ جدیدہ کو دیکھ کر فلسفی بننا چاہا اور ہر یک چیز کے اسباب تلاش کرنا شروع کئے تا قرآن کریم ﴿۵۲۷﴾ کی حقانی فلاسفی کے ساتھ مقابلہ کریں مگر یہ حرکت اُن کے لئے بڑی سرگشتگی کا موجب ہوئی اور یہاں تک نوبت پہنچی کہ انہوں نے اپنے اعتقادات اور اعمال کی نسبت جو وید کی تعلیم کے رو سے اُن کے ایمان میں داخل ہیں دو بُرے نمونے ظاہر کر دئے۔ اعتقاد کی نسبت یہ نمونہ کہ خدائے تعالیٰ کی خالقیت کی نسبت انکار کر کے اس کے وجود کے پتہ لگنے کی راہیں اپنے پر بند کر دیں اور دنیا کے ذرّہ ذرّہ اور تمام ارواح کو خود بخود اور قدیم اور واجب الوجود سمجھ کر توحید کے اس دقیق راز کو چھوڑ دیا جس پر سچی معرفت اور سچا گیان اور سچی مکتی موقوف ہے اور اعمال کی نسبت یہ نمونہ کہ نیوگ کا ایک قابل شرم مسئلہ جو ویدوں میں چھپا ہوا چلا آتا تھا جس کے رو سے ایک شوہر دار عورت کسی آریہ کی اولاد حاصل کرنے کی غرض سے کسی غیر آدمی سے ہم بستر ہو سکتی ہے اپنی کتابوں میں شائع کیا۔ اگر ایسے اعتقاد کو ایک مختص الزمان قانون کی طرح سمجھتے تو شاید اس کی قباحت کسی قدر نرم ہو جاتی مگر اب تو یہ مسئلہ ہمیشہ کے لئے اور ہر زمانہ کے لئے ایک غیر متبدل قانون کی طرح سمجھا گیا ہے جو ویدوں کی طرح ﴿۵۲۸﴾ انادی چلا آیا اور انادی ہی رہے گا۔ پس یہ قرآن کریم کی مخالفت کی سزا ہے جس کو ہم

انشاء اللہ القدیر براہین احمدیہ کے حصص باقیہ میں بتصریح وتفصیل بیان کریں گے۔ سو اسی قرآن کریم نے حضرت مسیح کی وفات کے منکرین کو ایسی زک دی ہے کہ اب وہ ذرا ٹھہر نہیں سکتے اور اس جنگ میں ناسمجھ لوگوں نے ایسی شکست کھائی ہے کہ اس شکست کی کوفت عمر بھر انہیں نہیں بھولے گی۔ غرض قرآن شریف دھکے دے دے کر اُن کو اپنے دربار سے باہر نکال رہا ہے۔

اب رہی حدیثیں سو سب سے اوّل یہ بات سوچنے کے لائق ہے کہ قرآن کریم کے مقابل پر حدیثوں کی کیا قدر اور منزلت ہے اور جب قرآن کریم کے نصوص بیّنہ سے کوئی حدیث مخالف پڑے تو کہاں تک اس کے اعتبار کو وزن دے سکتے ہیں۔

سو جاننا چاہیے کہ قرآن کریم وہ یقینی اور قطعی کلام الٰہی ہے جس میں انسان کا ایک نقطہ یا ایک شعشہ تک دخل نہیں اور وہ اپنے الفاظ اور معانی کے ساتھ خدائے تعالیٰ کا ہی کلام ہے اور کسی فرقہ اسلام کو اس کے ماننے سے چارہ نہیں۔ اس کی ایک ایک آیت اعلیٰ درجہ کا تواتر اپنے ساتھ رکھتی ہے۔ وہ وحی متلو ہے جس کے حرف حرف گنے ہوئے ہیں۔ وہ بباعث اپنے اعجاز کے بھی تبدیل اور تحریف سے محفوظ ہے لیکن احادیث تو انسانوں کے دخل سے بھری ہوئی ہیں۔ جو ان میں سے صحیح کہلاتی ہیں اُن کا اتنا بھی مرتبہ نہیں جو ایک آیت کے مقابلہ پر ایک کروڑ اُن میں سے وہ رنگ اور شان پیدا کر سکے جو اللہ جلَّ شَانُہٗ کی بے مثل کلام کو حاصل ہے اگرچہ حدیث صحیح بھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہ سند متصل ثابت ہو ایک قسم کی وحی ہے مگر وہ ایسی تو نہیں جو قائم مقام قرآن شریف ہو سکے۔ اسی وجہ سے قرآن شریف کی جگہ صرف حدیث پڑھ کر نماز نہیں ہو سکتی۔ حدیثوں میں ضعف کی وجوہات اس قدر ہیں کہ ایک دانا آدمی اُن پر نظر ڈال کر ہمیشہ اس بات کا محتاج ہوتا ہے کہ اُن کو تقویت دینے کے لئے کم سے کم نص قرآنی کا کوئی اشارہ ہی ہو۔ یہ سچ ہے کہ حدیثیں صحابہ کی زبان سے بتوسط کئی راویوں کے مؤلفین صحاح تک پہنچی ہیں اور یہ بھی سچ ہے

﴿۵۲۹﴾

کہ جہاں تک ممکن ہے مؤلفین صحاح نے حدیثوں کی تنقید و تفتیش میں بڑی بڑی کوششیں کی ﴿۵۳۰﴾
ہیں مگر پھر بھی ہمیں ان پر وہ بھروسا نہیں کرنا چاہیے جو اللہ جلّ شانہٗ کی کلام پر کیا جاتا ہے
کیونکہ وہ کئی واسطوں سے اور معمولی انسانوں کے ہاتھوں سے دست مال ہو کر آئمہ حدیث کو
ملی ہیں مثلاً ایک حدیث کا راوی عمر رضی اللہ عنہ ہے جو خلیفہ رسول اللہ اور رئیس الثقات ہے
چونکہ چھ سات راوی درمیان میں ایسے ہیں جو اُن کا تزکیہ نفس اور کمال طہارت ثابت نہیں اور
اُن کی راستبازی اور خدا ترسی اور دیانت گو سرسری نظر سے بطور حسن ظن تسلیم کی گئی ہو مگر
بانکشاف تام کچھ ثابت نہیں سو وہ کیوں کر راستبازی میں حضرت عمر کے قائمقام سمجھے جائیں گے
اور کیوں جائز نہیں کہ انہوں نے عمداً یا سہواً بعض احادیث کی تبلیغ میں خطا کی ہو۔ اسی نظر سے
بعض ائمہ نے احادیث کی طرف توجہ کم کی ہے جیسا کہ امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ جن کو
اصحاب الرائے میں سے خیال کیا گیا ہے اور ان کے مجتہدات کو بواسطہ وقت معانی احادیث صحیحہ
کے برخلاف سمجھا گیا ہے۔ مگر اصل حقیقت یہ ہے کہ امام صاحب موصوف اپنی قوت اجتہادی
اور اپنے علم اور درایت اور فہم و فراست میں ائمہ ثلاثہ باقیہ سے افضل و اعلیٰ تھے اور اُن کی خداداد ﴿۵۳۱﴾
قوت فیصلہ ایسی بڑھی ہوئی تھی کہ وہ ثبوت عدم ثبوت میں بخوبی فرق کرنا جانتے تھے اور ان کی
قوت مدرکہ کو قرآن شریف کے سمجھنے میں ایک خاص دستگاہ تھی اور اُن کی فطرت کو کلام الٰہی سے
ایک خاص مناسبت تھی اور عرفان کے اعلیٰ درجہ تک پہنچ چکے تھے۔ اسی وجہ سے اجتہاد و استنباط میں
اُن کے لئے وہ درجہ علیا مسلّم تھا جس تک پہنچنے سے دوسرے سب لوگ قاصر تھے۔ سبحان اللہ
اس زیرک اور ربانی امام نے کیسے ایک آیت کے ایک اشارہ کی عزت اعلیٰ وارفع سمجھ کر بہت سی
حدیثوں کو جو اس کے مخالف تھیں ردّی کی طرح سمجھ کر چھوڑ دیا اور جہلا کے طعن کا کچھ اندیشہ
نہ کیا مگر افسوس کہ آج وہ زمانہ ہے کہ بے سروپا اقوال قرآن شریف پر مقدم سمجھے جاتے ہیں اور
ایک بے اصل لکیر کو اجماع کی صورت میں خیال کیا جاتا ہے اور اگرچہ قرآن کریم کی نصوص بینہ

کے سامنے حدیثوں کا ذکر کرنا ایسا ہے کہ جیسا آفتاب کے مقابل پر کرم شب تاب کو پیش
کیا جائے مگر پھر بھی ہمارے مخالفین کی سخت بے نصیبی ہے کہ اس قسم کی حدیثیں بھی تو نہیں ملتیں ﴿۵۳۲﴾
جن سے یہ ثابت ہو کہ مسیح ابن مریم سچ مچ اسی جسم خاکی عنصری کے ساتھ آسمان کی طرف زندہ
اٹھایا گیا۔ ہاں اس قسم کی حدیثیں بہت ہیں کہ ابن مریم آئے گا مگر یہ تو کہیں نہیں لکھا کہ وہی
ابن مریم اسرائیلی نبی جس پر انجیل نازل ہوئی تھی جس کو قرآن شریف مار چکا ہے وہی زندہ ہو کر
پھر آجائے گا۔ ہاں یہ بھی سچ ہے کہ آنے والے مسیح کو نبی کر کے بھی بیان کیا گیا ہے مگر اس کو
اُمتی کر کے بھی تو بیان کیا گیا ہے بلکہ خبر دی گئی کہ اے اُمتی لوگو وہ تم میں سے ہی ہوگا اور
تمہارا امام ہوگا اور نہ صرف قولی طور پر اس کا امتی ہونا ظاہر کیا بلکہ فعلی طور پر بھی دکھلا دیا کہ وہ
امتی لوگوں کے موافق صرف قال اللہ وقال الرسول کا پیرو ہوگا اور حل مغلقات و **معضلات**
دین نبوت سے نہیں بلکہ اجتہاد سے کرے گا اور نماز دوسروں کے پیچھے پڑھے گا۔ اب اِن
تمام اشارات سے صاف ظاہر ہے کہ وہ واقعی اور حقیقی طور پر نبوت تامہ کی صفت سے متصف
نہیں ہوگا۔ ہاں نبوت ناقصہ اُس میں پائی جائے گی جو دوسرے لفظوں میں محدثیت کہلاتی ہے
اور نبوت تامہ کی شانوں میں سے ایک شان اپنے اندر رکھتی ہے۔ سو یہ بات کہ اس کو اُمتی ﴿۵۳۳﴾
بھی کہا اور نبی بھی۔ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دونوں شانیں اُمتیت اور نبوت کی اُس میں
پائی جائیں گی جیسا کہ محدث میں ان دونوں شانوں کا پایا جانا ضروری ہے لیکن صاحب نبوت
تامہ تو صرف ایک شان نبوت ہی رکھتا ہے۔ غرض محدثیت دونوں رنگوں سے رنگین ہوتی ہے
اِسی لئے خدائے تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں بھی اس عاجز کا نام اُمتی بھی رکھا اور نبی بھی۔ اور
یہ بھی سوچنا چاہیے کہ جب اسرائیلی نبی مسیح ابن مریم فوت ہو چکا اور پھر اس کے زندہ ہو جانے
کا کہیں قرآن شریف میں ذکر نہیں تو بجز اس کے اور کیا سمجھ میں آسکتا ہے کہ یہ آنے والا
ابن مریم اور ہی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ کیا خدائے تعالیٰ قادر نہیں کہ مسیح ابن مریم کو زندہ کر کے

بھیج دے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر صرف قدرت کو دیکھنا ہے اور نصوص قرآنیہ سے کچھ غرض نہیں
تو ظاہر ہے کہ قدرت خدائے تعالیٰ کی دونوں طور سے متعلق ہے چاہے تو زندہ کر کے بھیج
دے اور چاہے تو ہرگز زندہ نہ کرے اور نہ دنیا میں بھیجے۔ اور دیکھنا تو یہ چاہیے کہ اِن دونوں ﴿۵۳۴﴾
طور کی قدرتوں میں سے اُس کے منشاء کے موافق کونسی قدرت ہے۔ سوادنیٰ سوچ سے ظاہر
ہوگا کہ یہ قدرت کہ جس کو ایک دفعہ مار دیا پھر خواہ نخواہ دو موتوں کا عذاب اس پر نازل کرے
ہرگز اس کے منشاء کے موافق نہیں جیسا کہ وہ خود اس بارہ میں فرماتا ہے۔ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ
قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ[1] یعنی جس کو ایک دفعہ مار دیا پھر اُس کو دنیا میں نہیں بھیجے گا اور جیسا
کہ صرف ایک موت کی طرف اشارہ کر کے فرماتا ہے لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا
الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى[2] سو یہ بات اس کے سچے وعدہ کے برخلاف ہے کہ مُردوں کو پھر دنیا میں
بھیجنا شروع کر دیوے اور کیونکر ممکن تھا کہ خاتم النبیین کے بعد کوئی اور نبی اسی مفہوم تام
اور کامل کے ساتھ جو نبوت تامہ کی شرائط میں سے ہے آسکتا۔ کیا یہ ضروری نہیں کہ ایسے نبی کی
نبوت تامہ کے لوازم جو وحی اور نزول جبرئیل ہے اس کے وجود کے ساتھ لازم ہونی چاہیے
کیونکہ حسب تصریح قرآن کریم رسول اُسی کو کہتے ہیں جس نے احکام وعقائد دین جبرئیل
کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی ہے کیا یہ مہر
اُس وقت ٹوٹ جائے گی۔ اور اگر کہو کہ مسیح ابن مریم نبوت تامہ سے معزول کر کے بھیجا ﴿۵۳۵﴾
جائے گا تو اس سزا کی کوئی وجہ بھی تو ہونی چاہیے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ
وہ بے استحقاق معبود قرار دیا گیا تھا سو خدائے تعالیٰ نے چاہا کہ اس کی سزا میں نبوت سے
اس کو الگ کر دیا جائے اور وہ زمین پر آکر دوسروں کے پیرو بنیں اَوروں کے پیچھے
نماز پڑھیں اور امام اعظم کی طرح صرف اجتہاد سے کام لیں۔ اور حنفی الطریق ہو کر حنفی
مذہب کی تائید کریں۔ لیکن یہ جواب معقول نہیں ہے خدائے تعالیٰ نے قرآن کریم
میں اس الزام سے اُن کو بری کر دیا ہے اور ان کی نبوت کو ایک دائمی نبوت قرار دیا ہے۔

[1] الزمر: ۴۳ [2] الدخان: ۵۷

بھائیو! کیوں کھسیانے بن کر بیہودہ باتیں کرتے ہو اور ناحق اپنے ذمہ گناہ لیتے ہو۔ خدائے تعالیٰ قرآن کریم میں اُس مسیح ابن مریم کو مار چکا جو اسرائیلی نبی تھا جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔ اب یہ لفظ اپنے گھر سے حدیثوں میں زیادہ مت کرو کہ وہی مسیح فوت شدہ پھر آئے گا۔ اے خدا کے بندو کچھ تو خدا سے ڈرو۔ کیا خدائے تعالیٰ آپ کے نزدیک اس بات پر قادر نہیں کہ وہ اپنے ایک بندہ میں ایک ایسی روح ڈال دیوے جس سے وہ ابن مریم کے روپ ﴿۵۳۶﴾ میں ہی ہو جائے کیا اس کی مثالیں خدائے تعالیٰ کی کتابوں میں نہیں کہ اس نے ایک نبی کا نام دوسرے پر رکھ دیا کیا حدیثوں میں یہ مذکور نہیں کہ مثیل ابن مریم وغیرہ اس اُمت میں پیدا ہوں گے تو پھر جب قرآن مسیح ابن مریم کو مارتا ہے اور حدیثیں مثیل ابن مریم کے آنے کا وعدہ دیتی ہیں تو اس صورت میں کیا اشکال باقی رہا۔ کیا اس میں کچھ جھوٹ ہے کہ جو ابن مریم کی سیرت رکھتا ہے وہ ابن مریم ہی ہے۔

در آں ابن مریم خدائی نبود ز موت و ز فوتش رہائی نبود
رہا کرد خود را ز شرک و دوئی تو ہم کن چنیں ابن مریم توئی

اے مولوی صاحبان فضولی کو چھوڑو اور مجھے کوئی ایک ہی حدیث ایسی دکھلاؤ کہ جو صحیح ہو اور جو مسیح کا خاکی جسم کے ساتھ زندہ اٹھایا جانا اور اب تک آسمان پر زندہ ہونا ثابت کرتی ہو اور تواتر کی حد تک پہنچی ہو اور اس مقدار ثبوت تک پہنچ گئی ہو جو عند العقل مفید یقین قطعی ہو جاوے اور صرف شک کی حد تک محدود نہ رہے۔ آپ جانتے ہیں کہ قرآن کریم کی تمام آیات بیّنہ کیسی مفید یقین ہیں۔ اب جبکہ ہمارا دعویٰ مبنی بر نصوص بیّنہ قرآنیہ ہے اور ﴿۵۳۷﴾ اس کی تائید میں صحیح حدیثیں بھی ہمارے پاس ہیں اور ایسا ہی اقوال سلف و خلف بھی ہماری تائید میں کچھ تھوڑے نہیں اور الہامی شہادت اِن سب کے علاوہ ہے۔ سو اب تم انصاف کے ترازو لے کر بیٹھ جاؤ اور ایک پلہ میں اپنے خیالات رکھو اور دوسرے پلہ میں ہماری یہ سب وجوہات۔ اور آپ ہی انصاف کر لو۔ خوب سوچ لو کہ اگر ہمارے پاس صرف نصوص قرآن کریم ہی ہوتیں تو فقط وہی کافی تھیں۔ اب جس حالت میں بعض حدیثیں بھی ان

نصوص کے مطابق ہوں تو پھر گویا وہ یقین نـورٌ علٰی نور ہے جس سے عمداً انحراف ایک قسم
کی بے ایمانی میں داخل ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ جو حدیثیں اس اعلیٰ درجہ کے ثبوت کے
برخلاف ہوں گی تو اگر ہم اُن کو غلط نہ کہیں اور نہ اُن کا موضوع نام رکھیں تو زیادہ سے زیادہ
نرمی ہماری اُن حدیثوں کی نسبت یہ ہوگی کہ ہم اُن کی تاویل کریں۔ ورنہ حق ہمارا تو یہی ہے کہ
اُن کو قطعی طور پر ساقط الاعتبار سمجھیں۔ بعض یہ وہم پیش کرتے ہیں کہ قرآن شریف میں موت
﴿۵۳۸﴾ مسیح کے بارہ میں صرف توفی کا لفظ موجود ہے مگر لغت میں یہ لفظ کئی معنوں پر آیا ہے۔ سو اس
وہم کا جواب یہ ہے کہ کلام تو اِس بات میں ہے کہ یہ لفظ قرآن کریم میں کئی معنوں پر آیا ہے یا
ایک معنی پر۔ دراصل بات یہ ہے کہ قرآن کریم نے بعض الفاظ لغت سے لے کر اصطلاحی طور
پر ایک معنی کے لئے خاص کر دئے ہیں جیسے صوم، صلوٰۃ، رحمانیت، رحیمیت، توفی۔ اور ایسا ہی
اللہ کا لفظ۔ اور کئی اَور الفاظ۔ سو اصطلاحی امر میں لغت کی طرف رجوع کرنا حماقت ہے۔
قرآن شریف کی قرآن شریف سے ہی تفسیر کرو اور دیکھو کہ وہ ایک ہی معنی کا التزام رکھتا ہے یا
متفرق معنی لیتا ہے۔ اور اقوال سلف وخلف درحقیقت کوئی مستقل حجت نہیں اور اُن کے اختلاف
کی حالت میں وہ گروہ حق پر ہوگا جن کی رائے قرآن کریم کے مطابق ہے۔ اگر یہ اقوال
رطب ویابس جو تفسیروں میں لکھے ہیں کچھ استحکام رکھتے تو اِن تفسیروں میں اقوال متضادہ
کیوں درج ہوتے۔ اگر ماخذ اجماع کا یہی اقوال متضادہ ہیں تو حقیقت اجماع معلوم شد۔

اب ہم اس وصیت میں یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ قرآن شریف اپنے زبردست ثبوتوں
﴿۵۳۹﴾ کے ساتھ ہمارے دعوے کا مصدق اور ہمارے مخالفین کے اوہام باطلہ کی بیخ کنی کر رہا
ہے اور وہ گذشتہ نبیوں کے واپس دنیا میں آنے کا دروازہ بند کرتا ہے۔ اور بنی اسرائیل
کے مثیلوں کے آنے کا دروازہ کھولتا ہے۔ اُسی نے یہ دعا تعلیم فرمائی ہے۔ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اس دعا کا ماحصل کیا ہے

یہی تو ہے کہ ہمیں اے ہمارے خدا نبیوں اور رسولوں کا مثیل بنا۔اور پھر حضرت یحیٰی کے حق میں فرماتا ہے لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا [1] یعنی یحییٰ سے پہلے ہم نے کوئی اس کا مثیل دنیا میں نہیں بھیجا جس کو باعتبار ان صفات کے یحییٰ کہا جائے یہ آیت ہماری تصدیق بیان کے لئے اشارۃ النص ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ نے اس جگہ آیت موصوفہ میں قبل کی شرط لگائی بعد کی نہیں لگائی تا معلوم ہو کہ بعد میں اسرائیلی نبیوں کے ہم ناموں کے آنے کا دروازہ کھلا ہے جن کا نام خدائے تعالیٰ کے نزدیک وہی ہوگا جو اُن نبیوں کا نام ہوگا جن کے وہ مثیل ہیں یعنی جو مثیل موسیٰ ہے اس کا نام موسیٰ ہوگا اور جو مثیل عیسیٰ ہے اس کا نام عیسیٰ یا ابن مریم ہوگا۔ اور خدائے تعالیٰ نے اس آیت میں سَمِی کہا مثیل نہیں کہا تا معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کا منشاء یہ ہے کہ جو شخص کسی اسرائیلی نبی کا مثیل بن کر آئے گا وہ مثیل کے نام سے نہیں پکارا جائے گا بوجہ ﴿۵۴۰﴾ انطباق کلی اسی نام سے پکارا جائے گا جس نبی کا وہ مثیل بن کر آئے گا۔

اور مسیح ابن مریم کی وفات کے بارہ میں اگر خدائے تعالیٰ قرآن شریف میں کسی ایسے لفظ کو استعمال کرتا جس کو اس نے مختلف معنوں میں استعمال کیا ہوتا تو کسی خائن کو خیانت کرنے کی گنجائش ہوتی۔سو خیانت پیشہ لوگوں کا خدا تعالیٰ نے ایسا بندوبست کیا کہ توفّی کے لفظ کو جو حضرت عیسیٰ کی وفات کے لئے استعمال کیا گیا تھا پچیس جگہ پر ایک ہی معنی پر استعمال کیا اور اس کو ایک اصطلاحی لفظ بنا کر ہریک جگہ میں اس کے یہ معنے لئے ہیں کہ روح کو قبض کر لینا اور جسم کو بے کار چھوڑ دینا۔تا یہ لفظ اس بات پر دلالت کرے کہ روح ایک باقی رہنے والی چیز ہے جو بعد موت اور ایسا ہی حالت خواب میں بھی خدائے تعالیٰ کے قبضہ میں آجاتی ہے اور جسم پر فنا طاری ہوتی ہے مگر روح پر نہیں۔اور چونکہ یہی معنی بالالتزام ہریک محل میں جہاں **توفی** کا لفظ آیا ہے لئے گئے اور ان سے خروج نہیں کیا گیا اس لئے یہ معنے نصوص صریحہ بیّنہ ظاہرہ قرآن کریم میں سے ٹھہر گئے جن سے انحراف کرنا الحاد ہوگا کیونکہ یہ مسلّم ہے کہ **النصوص یحمل علٰی ظواھرھا** ۔ پس قرآن کریم نے توفّی ﴿۵۴۱﴾

[1] مریم:۸

کے لفظ کو جو محل متنازعہ فیہ میں یعنی مسیح کی وفات کے متعلق ہے تیئیس جگہ ایک ہی معنوں پر اطلاق کر کے ایسا کھول دیا ہے کہ اب اس کے ان معنوں میں کہ روح قبض کرنا اور جسم کو چھوڑ دینا ہے ایک ذرہ شک وشبہ کی جگہ نہیں رہی بلکہ یہ اول درجہ کے بینات اور مطالب صریحہ ظاہرہ بدیہہ میں سے ہوگیا جس کو قطع اور یقین کا اعلیٰ مرتبہ حاصل ہے جس سے انکار کرنا بھی اوّل درجہ کی نادانی ہے۔

اب قرآن کریم میں اس لفظ کی تشریح کرنے میں صرف دو سبیل ہیں تیسرا کوئی سبیل نہیں۔

(۱) دائمی طور پر روح کو قبض کر کے جسم کو بیکار چھوڑ دینا جس کا دوسرے لفظوں میں اِمَاتَت نام ہے یعنی مار دینا۔

(۲) دوسرے کچھ تھوڑی مدت کے لئے روح کا قبض کرنا اور جسم کو بیکار چھوڑ دینا جس کا دوسرے لفظوں میں اِنَــامَـت نام ہے یعنی سلا دینا لیکن ظاہر ہے کہ محل متنازعہ فیہ سے دوسرے قسم کے معنے کو کچھ تعلق نہیں کیونکہ سونا اور پھر جاگ اُٹھنا ایک معمولی بات ہے۔ جب تک انسان سویا رہا روح اس کی خدا تعالیٰ کے قبضہ میں رہی اور جب جاگ اُٹھا تو پھر روح اس جسم میں آ گئی جو بطور بیکار چھوڑا گیا تھا۔ یہ بات صفائی سے سمجھ میں آ سکتی ہے کہ ﴿۵۴۲﴾ جبکہ توفّی کے لفظ سے صرف روح کا قبضہ میں کر لینا مراد ہے بغیر اس کے جو جسم سے کچھ سروکار ہو بلکہ جسم کا بیکار چھوڑ دینا توفی کے مفہوم میں داخل ہے تو اس صورت میں اس سے بڑھ کر اور کوئی حماقت نہیں کہ توفی کے یہ معنے کئے جائیں کہ خدائے تعالیٰ جسم کو اپنے قبضہ میں کر لیوے کیونکہ اگر یہ معنے صحیح ہیں تو نمونہ کے طور پر قرآن کریم کے کسی اور مقام میں بھی ایسے معنے ہونے چاہئیں مگر ابھی ہم ظاہر کر چکے ہیں کہ قرآن کریم اول سے آخر تک صرف یہی معنے ہر یک جگہ مراد لیتا ہے کہ روح کو قبض کر لینا اور جسم سے کچھ تعلق نہ رکھنا بلکہ اِس کو بیکار چھوڑ دینا مگر فرض کے طور پر اگر مسیح ابن مریم کے محل وفات میں دوسرے معنے مراد لیں تو اُن کا ماحصل یہ ہوگا کہ مسیح کچھ مدت تک سویا رہا اور پھر جاگ اُٹھا۔ پس اس سے تو

ثابت نہ ہوسکا کہ جسم آسمان پر چلا گیا۔ کیا جو لوگ رات کو یا دن کو سوتے ہیں تو اُن کا جسم آسمان پر چلا جایا کرتا ہے۔ سونے کی حالت میں جیسا کہ ابھی میں بیان کر چکا ہوں صرف تھوڑی مدت تک روح قبض کر لی جاتی ہے جسم کے اٹھائے جانے سے اس کو علاقہ ہی کیا ہے۔ ابھی ﴿۵۴۳﴾ میں بیان کر چکا ہوں کہ نصوص ظاہرہ متواترہ صریحہ قرآن کریم نے توفّی کے لفظ کو صرف روح تک محدود رکھا ہے یعنی روح کو اپنے قبضہ میں کر لینا اور جسم کو بیکار چھوڑ دینا۔ اور جبکہ یہ حال ہے تو پھر توفّی کے لفظ سے یہ نکالنا کہ گویا خدائے تعالیٰ نے نہ صرف مسیح ابن مریم کی روح کو اپنی طرف اٹھایا بلکہ اس کے جسم عنصری کو بھی ساتھ ہی اٹھا لیا۔ یہ کیسا سخت جہالت سے بھرا ہوا خیال ہے جو صریح اور بدیہی طور پر نصوص بیّنہ قرآن کریم کے مخالف ہے۔ قرآن کریم نے نہ ایک بار نہ دو بار بلکہ پچیس بار فرما دیا کہ توفّی کے لفظ سے صرف قبض روح مراد ہے جسم سے کچھ غرض نہیں۔ پھر اگر اب بھی کوئی نہ مانے تو اس کو قرآن کریم سے کیا غرض۔ اس کو تو صاف یہ کہنا چاہیے کہ میں اپنے چند موہومی بزرگوں کی لکیر کو کسی حالت میں چھوڑنا نہیں چاہتا۔

پھر قرآن کریم کے بعد حدیثوں کا مرتبہ ہے سو تقریباً تمام حدیثیں تصریح کے ساتھ قرآن کریم کے بیان کے موافق ہیں اور ایک بھی ایسی حدیث نہیں جس میں یہ لکھا ہو کہ وہی مسیح ابن مریم اسرائیلی نبی جس کو قرآن شریف مار چکا ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی ﴿۵۴۴﴾ پھر دنیا میں آئے گا۔ ہاں بار بار لکھا ہے کہ ان اسرائیلی نبیوں کے ہم نام آئیں گے۔ سچ ہے کہ حدیثوں میں درج ہے کہ ابن مریم آئے گا لیکن انہیں حدیثوں نے حلیہ میں اختلاف ڈال کر اور آنے والے ابن مریم کو اُمتی ٹھہرا کر صاف بتلا دیا ہے کہ یہ ابن مریم اَور ہے۔ اور پھر اگر اس قسم کی حدیثوں کی تشریح کے لئے جو متنازعہ فیہ ہیں دوسری حدیثوں سے مدد لینا چاہیں تو پھر کوئی ایسی حدیث نہیں ملتی جس سے یہ ثابت ہو کہ گذشتہ نبیوں میں سے کبھی کوئی نبی بھی دنیا میں آئے گا۔ ہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ اُن کے مثیل آئیں گے اور

انہیں کے اسم سے موسوم ہوں گے۔
اور یہ بات ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں کہ خاتم النبیّین کے بعد مسیح ابن مریم رسول کا آنا فساد عظیم کا موجب ہے اس سے یا تو یہ ماننا پڑے گا کہ وحی نبوت کا سلسلہ پھر جاری ہو جائے گا اور یا یہ قبول کرنا پڑے گا کہ خدائے تعالیٰ مسیح ابن مریم کو لوازم نبوت سے الگ کر کے اور محض ایک اُمتی بنا کر بھیجے گا اور یہ دونوں صورتیں ممتنع ہیں۔

اس جگہ یہ بیان کرنا بھی بے جا نہ ہوگا کہ جس حالت میں تقریباً کل حدیثیں قرآن شریف ﴿۵۴۵﴾
کے مطابق اور ہمارے بیان کی مؤید ہیں۔ پھر اگر بطور شاذ و نادر کوئی ایسی حدیث بھی ہو جو اس مجموعہ یقینیہ کے مخالف ہو تو ہم ایسی حدیث کو یا تو نصوص میں سے خارج کریں گے اور یا اس کی تاویل کرنی پڑے گی کیونکہ یہ تو ممکن نہیں کہ ایک ضعیف اور شاذ حدیث سے وہ مستحکم عمارت گرادی جائے جس کو نصوص بیّنہ فرقانیہ و حدیثیہ نے طیار کیا ہے بلکہ ایسی حدیث اُن کے معارض ہو کر خود ہی گرے گی یا قابل تاویل ٹھہرے گی۔ ہر یک عاقل سمجھ سکتا ہے کہ ایک خبر واحد غایت کار مفید ظن ہے۔ سو وہ یقینی اور قطعی ثبوت کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ بہت سی حدیثیں مسلم اور بخاری کی ہیں جو امام اعظم صاحب نے جو رئیس الائمہ ہیں قبول نہیں کیں۔ بعض حدیثوں کو شافعی نے نہیں لیا۔ بعض حدیثوں کو جو نہایت صحیح سمجھی جاتی ہیں امام مالک نے چھوڑ دیا۔ بعض محدثین نے لکھا ہے کہ مسیح موعود جب دنیا میں آئے گا تو اکثر استدلال اس کا قرآن شریف سے ہوگا اور بعض ایسی حدیثوں کو چھوڑ دے گا جن پر علماءِ وقت کا پختہ یقین ہوگا اور مجدد الف ثانی صاحب اپنے مکتوبات کی مجلد ثانی مکتوب
﴿۵۴۶﴾ پنجاہ و پنجم میں لکھتے ہیں کہ مسیح موعود جب دنیا میں آئے گا تو علماءِ وقت کے بمقابل اس کے آمادہ مخالفت کے ہو جائیں گے کیونکہ جو باتیں بذریعہ اپنے استنباط اور اجتہاد کے وہ بیان کرے گا وہ اکثر دقیق اور غامض ہوں گی اور بوجہ دقت اور غموض ماخذ کے ان سب مولویوں کی نگاہ میں کتاب اور سنت کے برخلاف نظر آئیں گی حالانکہ درحقیقت برخلاف

نہیں ہوں گی۔ دیکھو صفحہ نمبر ۱۰۷ مکتوبات امام ربانی مطبوعہ مطبع احمدی دہلی۔

سو اب اے بھائیو! برائے خدا دھکہ اور زبردستی مت کرو ضرور تھا کہ میں ایسی باتیں پیش کرتا جن کے سمجھنے میں تمہیں غلطی لگی ہوئی تھی۔ اگر تم پہلے ہی راہ صواب پر ہوتے تو میرے آنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔ میں کہہ چکا ہوں کہ میں اس اُمت کی اصلاح کے لئے ابن مریم ہو کر آیا ہوں اور ایسا ہی آیا ہوں کہ جیسے حضرت مسیح ابن مریم یہودیوں کی اصلاح کے لئے آئے تھے۔ میں اسی وجہ سے تو اُن کا مثیل ہوں کہ مجھے وہی اور اُسی طرز کا کام سپرد ہوا ہے جیسا کہ انہیں سپرد ہوا تھا۔ مسیح نے ظہور فرما کر یہودیوں کو بہت سی غلطیوں اور بے بنیاد خیالات سے رہائی دی تھی۔ منجملہ اس کے ایک یہ بھی تھا کہ یہودی لوگ ایلیا نبیؑ کے دوبارہ ﴿۵۴۷﴾ دنیا میں آنے کی ایسی ہی اُمید باندھے بیٹھے تھے جیسے آج کل مسلمان مسیح ابن مریم رسول اللہ کے دوبارہ آنے کی امید باندھے بیٹھے ہیں۔ سو مسیح نے یہ کہہ کر کہ ایلیا نبی اب آسمان سے اُتر نہیں سکتا زکریا کا بیٹا یحییٰ ایلیا ہے جس نے قبول کرنا ہے کرے اس پُرانی غلطی کو دور کیا اور یہودیوں کی زبان سے اپنے تئیں ملحد اور کتابوں سے پھرا ہوا کہلایا مگر جو سچ تھا وہ ظاہر کر دیا۔ یہی حال اُس کے مثیل کا بھی ہوا اور حضرت مسیح کی طرح اس کو بھی ملحد کا خطاب دیا گیا۔ کیا یہ اعلیٰ درجہ کی مماثلت نہیں۔

اس باریک نکتہ کو یاد رکھو کہ مسلمانوں کو یہ کیوں خوشخبری دی گئی کہ تم میں مسیح ابن مریم نازل ہوگا۔ دراصل اس میں بھید یہ ہے کہ ہمارے سیّد و مولیٰ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم مثیل موسیٰ علیہ السلام ہیں اور یہ اُمت محمدیہ مثیل اُمت بنی اسرائیل ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ آخری زمانہ میں یہ اُمت ایسی ہی بگڑ جائے گی جیسے یہودی اپنے آخری وقت میں بگڑ گئے تھے اور حقیقی نیکی اور حقیقی سچائی اور حقیقی ایمانداری اُن میں سے اُٹھ گئی تھی اور نکمے اور بے اصل جھگڑے اُن میں برپا ہو گئے تھے اور ایمانی ﴿۵۴۸﴾ محبت ٹھنڈی ہو گئی تھی اور فرمایا کہ تم تمام وہی کام کرو گے جو یہودیوں نے کئے۔ یہاں تک

کہ اگر یہودی سوسمار کے سوراخ میں داخل ہوئے ہیں تو تم بھی اُسی سوراخ میں داخل ہوگے یعنی پورے پورے یہودی ہو جاؤ گے۔ اور چونکہ یہودیوں کی اس تباہ حالت میں خدائے تعالیٰ نے انہیں فراموش نہیں کیا تھا بلکہ اُن کے اخلاق و اعمال درست کرنے کے لئے اور اُن کی غلطیوں کی اصلاح کرنے کی غرض سے مسیح ابن مریم کو انہیں میں سے بھیجا تھا لہٰذا اس اُمت کو بھی بشارت دی گئی کہ جب تمہاری حالت بھی اُن سخت دل یہودیوں کے موافق ہو جائے گی اور تم بھی ظاہر پرست اور بدچلن اور رو بدنیا ہو جاؤ گے اور تمہارے فقراء اور علماء اور دنیاداروں میں اپنی اپنی طرز پر مکاری اور بدچلنی پھیل جائے گی اور وہ شے جس کا نام توحید اور خداپرستی اور خداترسی اور خداخواہی ہے بہت ہی کم رہ جائے گی تو مثالی طور پر تمہیں بھی ایک ابن مریم تم میں سے ہی دیا جائے گا تا تمہاری اخلاقی اور عملی اور ایمانی حالت کے درست کرنے کے لئے ایسا ہی زور لگاوے جیسا کہ مسیح ابن مریم نے لگایا تھا۔

﴿۵۴۹﴾ اب صاف اور نہایت کھلا کھلا قرینہ ہے کہ چونکہ اس زمانہ کے مسلمان دراصل یہودی نہیں ہیں بلکہ انہوں نے اپنی سخت دلی اور دنیا پرستی کی وجہ سے یہودیوں سے ایک مشابہت پیدا کر لی ہے اس لئے جو مسیح ابن مریم اُن کے لئے نازل ہوا وہ بھی دراصل مسیح ابن مریم نہیں ہے بلکہ اپنے اس منصبی کام میں جو اس کے سپرد ہوا ہے مسیح سے مماثلت رکھتا ہے۔

یقیناً سمجھو کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا اور خدا تعالیٰ نے اس کو فوت ہونے کے بعد اُسی قسم کی زندگی بخشی جو وہ ہمیشہ نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں کو بخشتا آیا ہے۔ سو وہ خدائے تعالیٰ کی طرف ایک پاک اور لطیف زندگی کے ساتھ جو جسم خاکی اور اُس کے لوازم کثیفہ اور مکدرہ سے منزہ ہے اُٹھایا گیا اور اسی قسم کے زندوں کی جماعت میں جا ملا۔ اگر وہ جسم خاکی کے ساتھ اُٹھایا جاتا تو اس خاکی جسم کے لوازم بھی اُس کے ساتھ رہتے کیونکہ اللہ جلَّ شَانُہٗ فرماتا ہے کہ ہم نے کوئی ایسا جسد خاکی نہیں بنایا کہ وہ زندہ تو ہو مگر روٹی نہ کھاتا ہو لیکن آپ لوگ مانتے ہیں کہ اب مسیح ابن مریم کا جسم

﴿۵۵۰﴾ آسمان پر ایسا ہے کہ اُس میں خاکی جسم کے لوازم ہرگز نہیں پائے جاتے۔ وہ بڈھا نہیں ہوتا اُس پر زمانہ اثر نہیں کرتا۔ وہ اناج اور پانی کا محتاج نہیں۔ سو آپ نے تو ایک طور سے مان بھی لیا کہ وہ اور رنگ اور شان کا جسم ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ معراج کی رات میں جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمانوں پر نبیوں کو دیکھا تو کیا بالخصوص مسیح کو ہی جسم کے سمیت دیکھا اور دوسروں کی فقط روحیں دیکھیں بلکہ ظاہر ہے کہ سب کو روح اور جسم دونوں کے ساتھ دیکھا اور سب کا جسمانی حلیہ بھی بیان کیا اور مسیح کا وہ حلیہ بیان کیا جو آنے والے مسیح سے بالکل مخالف تھا۔ پس کیا یہ قوی دلیل اس بات پر نہیں ہے کہ مسیح کو اس کے مرنے کے بعد اُسی رنگ اور طرز کا جسم ملا جو یحییٰ نبی اور ادریس اور یوسف اور حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم کو ملا تھا۔ کیا کوئی نرالی بات مسیح میں دیکھی گئی جو اوروں میں نہیں تھی۔ اب جبکہ ایسی وضاحت سے مسیح کا وفات پا جانا اور پھر دوسرے نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں کی طرح زندہ ہو کر آسمان کی طرف اُٹھائے جانا ثابت ہوتا ہے تو کیوں ناحق مسیح کے سفلی اور کثیف جسم اور ناپائدار حیات کے لئے ضد کی جاتی ہے اور سب کے لئے ایک موت اور اس کے لئے دو موتیں روا رکھی جاتی ہیں۔ قرآن شریف میں ادریسؑ نبی کے حق میں ہے ﴿۵۵۱﴾ وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا[1] اور اس کے ساتھ توفّی کا کہیں لفظ نہیں تاہم علماء ادریسؑ کی وفات کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ اس جہان سے ایسا اٹھایا گیا کہ پھر نہیں آئے گا یعنی مر گیا کیونکہ بغیر مرنے کے کوئی اس جہان سے ہمیشہ کے لئے رخصت نہیں ہوسکتا۔ وجہ یہ کہ اس دنیا سے نکلنے اور بہشت میں داخل ہونے کا موت ہی دروازہ ہے وَكُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ[2]۔ اور اگر انہیں کہا جائے کہ کیا ادریس آسمان پر مر گیا یا پھر آ کر مرے گا یا آسمان پر ہی اس کی روح قبض کی جائے گی تو ادریسؑ کے دوبارہ دنیا میں آنے سے صاف انکار کرتے ہیں۔ اور چونکہ دخول جنت سے پہلے موت ایک لازمی امر ہے لہٰذا ادریس کا فوت ہو جانا مان لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

[1] مریم:۵۸ [2] العنکبوت:۵۸

رفع کے اس جگہ معنے موت ہی ہیں۔ پھر جبکہ مسیح کے رفع کے ساتھ توفّی کا لفظ بھی موجود ہے تو کیوں اور کس دلیل سے اس کی حیات کے لئے ایک شور قیامت برپا کر دیا ہے۔ افسوس کہ اس وقت کے مولوی جب دیکھتے ہیں کہ قرآن کریم مسیح ابن مریم کو مار چکا ہے اور کوئی حدیث صحیح اس کے منافی ومغائر نہیں تو لاچار ہوکر اجماع کی طرف دوڑتے ہیں۔ ہر چند اِن لوگوں کو بار بار کہا جاتا ہے کہ حضرات اجماع کا لفظ پیشگوئیوں کے متعلق ہرگز نہیں ہوسکتا۔ قبل از ظہور ایک نبی کی اجتہادی تاویل میں بھی غلطی ممکن ہے لیکن یہ لوگ نہیں مانتے اور یہ بھی نہیں جانتے کہ اجماع کی بناء یقین اور انکشاف کلی پر ہوا کرتی ہے لیکن سلف وخلف کے ہاتھ میں جن کی طرف اجماع کا دعویٰ منسوب کیا جاتا ہے نہ یقین کلی تھا نہ انکشاف تام۔ اگر ان کے خیالات کی بناء ایک کامل یقین پر ہوتی تو اُن سے اقوال متفرقہ صادر نہ ہوتے۔ اور تفسیر کی کتابوں میں زیر تفسیر آیت **یٰعیسٰی انّی متوفیک** چھ چھ سات سات اقوال ﴿۵۵۲﴾ متضادہ نہ لکھے جاتے بلکہ ایک ہی شق مسلّم کو مانتے چلے آتے اور اگر انکشاف تام اُن کے نصیب ہوتا تو وہ بحوالہ قرآن کریم واحادیث صحیحہ ضرور لکھتے کہ آنے والا مسیح ابن مریم دراصل وہی مسیح ابن مریم رسول اللہ ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی جو اسرائیلی نبی تھا بلکہ انہوں نے اس مقام کی تصریح میں دم بھی نہیں مارا اور اصل حقیقت کو حوالہ بخدا کر کے گذر گئے جیسا کہ صلحاء کی سیرت ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ زمانہ آ گیا جو خدا تعالیٰ نے وہ اصل حقیقت اپنے ایک بندہ پر کھول دی اور جو راز مخفی چلا آتا تھا اس پر ظاہر کر دیا تا اس کے حق میں یہ خارق عادت تفہیم جس کے دریافت سے تمام علماء کی عقلیں قاصر رہیں ایک کرامت میں شمار کی جائے۔ **وذٰلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشآء**۔

سو اے بھائیو! برائے خدا جلدی مت کرو اور اپنے علم اور فراست پر داغ مت لگاؤ یقیناً سمجھو کہ گریز کی تمام راہیں بند ہیں اور انکار کے تمام طرق مسدود ہیں۔ اگر یہ کاروبار انسان کی طرف سے ہوتا یا اگر کسی افترا پر اس کی بنیاد ہوتی تو یہ دلائل بینہ اس کے

شامل حال ہرگز نہ ہوتے۔ بعض کہتے ہیں کہ اگر ہم قبول بھی کر لیں کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ ﴿۵۵۳﴾
فوت ہو گیا ہے تو اس بات کا ثبوت کیا ہے کہ تم ہی ہو جو اس کے قائم مقام بھیجے گئے ہو۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہر یک انسان اپنے کاموں سے شناخت کیا جاتا ہے۔ ہر چند عوام کی نظر میں یہ دقیق اور غامض بات ہے لیکن زیرک لوگ اس کو خوب جانتے ہیں کہ ایسے مامور من اللہ کی صداقت کا اس سے بڑھ کر اور کوئی ثبوت ممکن نہیں کہ جس خدمت کے لئے اس کا دعویٰ ہے کہ اس کے بجالانے کے لئے میں بھیجا گیا ہوں۔ اگر وہ اس خدمت کو ایسی طرز پسندیدہ اور طریق برگزیدہ سے ادا کر دیوے جو دوسرے اس کے شریک نہ ہو سکیں تو یقیناً سمجھا جائے گا کہ وہ اپنے دعویٰ میں سچا تھا کیونکہ ہر یک چیز اپنی علت غائی سے شناخت کی جاتی ہے۔ اور یہ خیال بالکل فضول ہے کہ جو مثیل مسیح کہلاتا ہے وہ مسیح کی طرح مُردوں کو زندہ کر کے دکھلاوے یا بیماروں کو اچھا کر کے دکھلاوے کیونکہ مماثلت علت غائی میں ہوتی ہے۔ درمیانی افعال کی مماثلت معتبر نہیں ہوتی۔ بائبل کی کتابوں کو پڑھنے والے جانتے ہیں کہ جو خوارق مسیح کی ﴿۵۵۴﴾
طرف منسوب کئے گئے ہیں یعنی مردوں کا زندہ کرنا یا بیماروں کو اچھا کرنا یہ مسیح سے مخصوص نہیں ہے بلکہ بعض بنی اسرائیلی ایسے بھی گزرے ہیں کہ اِن سب کاموں میں نہ صرف مسیح ابن مریم کے برابر بلکہ اس سے بھی آگے بڑھے ہوئے تھے لیکن پھر بھی ان کو مثیل مسیح نہیں کہا جاتا نہ مسیح کو اُن کا مثیل ٹھہرایا جاتا ہے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مثیل موسیٰ قرار دئے گئے ہیں۔ قرآن کریم اس پر ناطق ہے لیکن کبھی کسی نے نہیں سنا ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سوٹے سے حضرت موسیٰ کی طرح سانپ بنایا ہو یا آسمان سے خون اور جوئیں اور مینڈکیں برسائی ہوں بلکہ اس جگہ بھی علت غائی میں مشابہت مراد ہے چونکہ حضرت موسیٰ بنی اسرائیل کی رہائی دلانے کے لئے مامور کئے گئے تھے سو یہی خدمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد ہوئی تا اس وقت کے فرعونوں سے زبردست ہاتھ کے ساتھ مومنوں کو رہائی دلاویں اور جیسا کہ نصرت الٰہی ایک خاص رنگ میں حضرت موسیٰ کے

شامل حال ہوئی۔ ایسا ہی نصرت الٰہی ایک دوسرے رنگ میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شامل ہوگئی اور درحقیقت وہی نصرت ہے جو اپنے اپنے محل پر رنگا رنگ کے معجزات کے نام سے موسوم ہوتی ہے۔ سو میں خوب جانتا ہوں کہ جیسا کہ نصرت الٰہی حضرت مسیح کے شامل ﴿۵۵۵﴾
حال ہوئی تھی میں بھی اس نصرت سے بے نصیب نہیں رہوں گا لیکن یہ ضرور نہیں کہ وہ نصرت جسمانی بیماروں کے اچھا کرنے کے ذریعہ سے ظاہر ہو بلکہ خدائے تعالیٰ نے ایک الہام میں میرے پر ظاہر فرمایا ہے کہ خلق اللہ کی روحانی بیماریوں اور شکوک اور شبہات کو وہ نصرت دور کرے گی جیسا کہ میں پہلے اس سے لکھ چکا ہوں اور میں دیکھتا ہوں کہ مستعد دلوں پر اثر پڑتا جاتا ہے اور پرانی بیماریاں دور ہوتی جاتی ہیں اور نصرت الٰہی اندر ہی اندر کام کر رہی ہے اور خدا تعالیٰ نے اپنے خاص کلام سے میری طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ نبی ناصری کے نمونہ پر اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ روحانی بیماریوں کو بہت صاف کر رہا ہے اس سے زیادہ کہ کبھی جسمانی بیماریوں کو صاف کیا گیا ہو۔

حال کے نیچری جن کے دلوں میں کچھ بھی عظمت قال اللہ اور قال الرسول کی باقی نہیں رہی یہ بے اصل خیال پیش کرتے ہیں کہ جو مسیح ابن مریم کے آنے کی خبریں صحاح میں موجود ہیں یہ تمام خبریں ہی غلط ہیں۔ شاید اُن کا ایسی باتوں سے مطلب یہ ہے کہ تا اس ﴿۵۵۶﴾
عاجز کے اس دعوے کی تحقیر کر کے کسی طرح اس کو باطل ٹھہرایا جاوے لیکن وہ اس قدر متواترات سے انکار کر کے اپنے ایمان کو خطرہ میں ڈالتے ہیں۔ یہ بات ظاہر ہے کہ تواتر ایک ایسی چیز ہے کہ اگر غیر قوموں کی تواریخ کے رو سے بھی پایا جائے تو تب بھی ہمیں قبول کرنا ہی پڑتا ہے جیسا کہ ہندوؤں کے بزرگوں رام چندر اور کرشن وغیرہ کا وجود تواتر کے ذریعہ سے ہی ہم نے قبول کیا ہے۔ گو تحقیق و تفتیش تاریخی واقعات میں ہندو لوگ بہت کچے ہیں مگر باوجود اس قدر تواتر کے جو اُن کی مسلسل تحریروں سے پایا جاتا ہے ہرگز یہ گمان نہیں ہوسکتا کہ راجہ رام چندر اور راجہ کرشن یہ سب فرضی ہی نام ہیں۔

اب سمجھنا چاہیئے کہ گو اجمالی طور پر قرآن شریف اکمل واتم کتاب ہے مگر ایک حصہ کثیرہ دین کا اور طریقہ عبادات وغیرہ کا مفصل اور مبسوط طور پر احادیث سے ہی ہم نے لیا ہے اور اگر احادیث کو ہم بکلی ساقط الاعتبار سمجھ لیں تو پھر اس قدر بھی ثبوت دینا ہمیں مشکل ہوگا کہ درحقیقت حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما وعثمان ذوالنورین ؓ اور جناب علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ
﴿۵۵۷﴾ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام اور امیر المؤمنین تھے اور وجود رکھتے تھے صرف فرضی نام نہیں کیونکہ قرآن کریم میں ان میں سے کسی کا نام نہیں۔ ہاں اگر کوئی حدیث قرآن شریف کی کسی آیت سے صریح مخالف ومغائر پڑے مثلاً قرآن شریف کہتا ہے کہ مسیح ابن مریم فوت ہو گیا اور حدیث یہ کہے کہ فوت نہیں ہوا تو ایسی حدیث مردود اور ناقابل اعتبار ہوگی لیکن جو حدیث قرآن شریف کے مخالف نہیں بلکہ اس کے بیان کو اور بھی بسط سے بیان کرتی ہے وہ بشرطیکہ جرح سے خالی ہو قبول کرنے کے لائق ہے۔ پس یہ کمال درجہ کی بے نصیبی اور بھاری غلطی ہے کہ یک لخت تمام حدیثوں کو ساقط الاعتبار سمجھ لیں اور ایسی متواتر پیشگوئیوں کو جو خیر القرون میں ہی تمام ممالک اسلام میں پھیل گئی تھیں اور مسلّمات میں سے سمجھی گئی تھیں بمد موضوعات داخل کر دیں۔ یہ بات پوشیدہ نہیں کہ مسیح ابن مریم کے آنے کی پیشگوئی ایک اوّل درجہ کی پیشگوئی ہے جس کو سب نے باتفاق قبول کر لیا ہے اور جس قدر صحاح میں پیشگوئیاں لکھی گئی ہیں کوئی پیشگوئی اس کے ہم پہلو اور ہم وزن ثابت نہیں ہوتی۔ تواتر کا اوّل درجہ اس کو حاصل ہے۔ انجیل بھی اس کی مصدق ہے۔ اب اس قدر ثبوت پر پانی پھیرنا اور یہ کہنا کہ یہ تمام حدیثیں موضوع ہیں درحقیقت اُن لوگوں کا کام ہے جن کو خدائے تعالیٰ نے بصیرت دینی اور حق شناسی سے کچھ بھی بخرہ اور حصہ نہیں دیا اور بباعث اس کے کہ اُن لوگوں کے دلوں میں قال اللہ اور قال الرسول کی عظمت باقی نہیں رہی اس لئے جو بات اُن کی اپنی سمجھ سے
﴿۵۵۸﴾ بالاتر ہو اس کو محالات اور ممتنعات میں داخل کر لیتے ہیں۔ قانون قدرت بے شک حق اور باطل کے آزمانے کے لئے ایک آلہ ہے مگر ہر ایک قسم کی آزمائش کا اسی پر مدار نہیں۔

اس کے علاوہ اور آلات اور محک بھی تو ہیں جن کے ذریعہ سے اعلیٰ درجہ کی صداقتیں آزمائی جاتی ہیں بلکہ اگر سچ پوچھو تو قانون قدرت مصطلحہ حکماء کے ذریعہ سے جو جو صداقتیں معلوم ہوتی ہیں وہ ایک ادنیٰ درجہ کی صداقتیں ہیں لیکن اس فلسفی قانون قدرت سے ذرہ اوپر چڑھ کر ایک اور قانون قدرت بھی ہے جو نہایت دقیق اور غامض اور بباعث دقت وغموض موٹی نظروں سے چھپا ہوا ہے جو عارفوں پر ہی کھلتا ہے اور فانیوں پر ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اس دنیا کی عقل اور اس دنیا کے قوانین شناس اس کو شناخت نہیں کر سکتے اور اس سے منکر رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جو امور اس کے ذریعہ سے ثابت ہو چکے ہیں اور جو سچائیاں اس کی طفیل سے بپایہ ثبوت پہنچ چکی ہیں وہ ان سفلی فلاسفروں کی نظر میں اباطیل میں داخل ہیں۔ ملائک کو یہ لوگ صرف قویٰ خیال کرتے ہیں اور وحی کو یہ لوگ صرف فکر اور سوچ کا
﴿۵۵۹﴾ ایک نتیجہ سمجھتے ہیں یا ہر یک بات جو دل میں پڑتی ہے اس کا نام وحی رکھ لیتے ہیں اور قرآن کریم اور دوسری الٰہی کتابوں کو ایسا خیال کرتے ہیں کہ گویا نبیوں نے آپ بنا لی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ذات قوی اور قیوم جو اس عالم کے ظاہر و باطن کی مدبر ہے اس کی عظمت اُن کے دل میں نہیں اور اس کو ایک مردہ یا سویا ہوا یا ناتواں اور غافل خیال کیا گیا ہے اور اس کی تمام قدرتی عمارت کے مسمار کرنے کی فکر میں ہیں۔ معجزات سے بکلی منکر اور فرقانی پیشگوئیوں سے انکاری ہیں اور اپنی نابینائی کی وجہ سے فرقان کریم کو ایک ادنیٰ سا معجزہ بھی نہیں سمجھتے حالانکہ وہ تمام معجزات سے برتر و اعلیٰ ہے۔ بہشت اور دوزخ کی ایسی ضعیف طور پر تاویل کرتے ہیں کہ جس سے منکر ہونا ہی ثابت ہوتا ہے۔ حشر اجساد سے بکلی انکاری ہیں۔ عبادات اور صوم وصلوٰۃ پر ہنسی اور ٹھٹھا کرتے ہیں اور روبحق ہونے کی جگہ روبدنیا ہونا ان کے نزدیک بہتر ہے اور جو شخص روبحق ہو وہ اُن کے نزدیک سادہ لوح اور ابلہ اور ایک بیوقوف درویش ہے۔ مسلمانوں کی بدقسمتی سے یہ فرقہ بھی اسلام میں پیدا ہو گیا جس کا
﴿۵۶۰﴾ قدم دن بدن الحاد کے میدانوں میں آگے ہی آگے چل رہا ہے۔

اے خدا اے میرے قادر خدا مدد کر کہ لوگوں نے افراط اور تفریط کی راہیں لے لی ہیں۔ بعض نے تیرے کلام کے بینات تیرے کلام کے اشارات تیرے کلام کے دلالات تیرے کلام کی فحوا کو بکلّی چھوڑ کر بے بنیاد لکیر کو اس کی جگہ پسند کر لیا اور بعض نے تیرے کلام کو بھی چھوڑا اور لکیر کو بھی چھوڑا اور صرف اپنی ناقص عقل کو اپنا رہبر بنا لیا اور امام الرسل کو چھوڑ کر یورپ کے تاریک خیال مجوب فلاسفروں کو اپنا امام بنا لیا۔

اے میرے دوستو! اب میری ایک آخری وصیت کو سنو اور ایک راز کی بات کہتا ہوں اس کو خوب یاد رکھو کہ تم اپنے ان تمام مناظرات کا جو عیسائیوں سے تمہیں پیش آتے ہیں پہلو بدل لو اور عیسائیوں پر یہ ثابت کر دو کہ درحقیقت مسیح ابن مریم ہمیشہ کے لئے فوت ہو چکا ہے۔ یہی ایک بحث ہے جس میں فتحیاب ہونے سے تم عیسائی مذہب کی روئے زمین سے صف لپیٹ دو گے۔ تمہیں کچھ بھی ضرورت نہیں کہ دوسرے لمبے لمبے جھگڑوں میں اپنے اوقاتِ عزیز کو ضائع کرو۔ صرف مسیح ابن مریم کی وفات پر زور دو اور پُر زور دلائل سے عیسائیوں کو لاجواب ﴿۵۶۱﴾ اور ساکت کر دو۔ جب تم مسیح کا مُردوں میں داخل ہونا ثابت کر دو گے اور عیسائیوں کے دلوں میں نقش کر دو گے تو اُس دن تم سمجھ لو کہ آج عیسائی مذہب دنیا سے رخصت ہوا۔ یقیناً سمجھو کہ جب تک ان کا خدا فوت نہ ہو اُن کا مذہب بھی فوت نہیں ہو سکتا۔ اور دوسری تمام بحثیں اُن کے ساتھ عبث ہیں۔ اُن کے مذہب کا ایک ہی ستون ہے اور وہ یہ ہے کہ اب تک مسیح ابن مریم آسمان پر زندہ بیٹھا ہے۔ اس ستون کو پاش پاش کرو پھر نظر اُٹھا کر دیکھو کہ عیسائی مذہب دنیا میں کہاں ہے۔ چونکہ خدائے تعالیٰ بھی چاہتا ہے کہ اِس ستون کو ریزہ ریزہ کرے اور یوروپ اور ایشیا میں توحید کی ہوا چلا دے۔ اِس لئے اُس نے مجھے بھیجا اور میرے پر اپنے خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح ابن مریم فوت ہو چکا ہے۔ چنانچہ اس کا الہام یہ ہے کہ **مسیح ابن مریم رسول اللّٰہ فوت ہو چکا ہے اور اُس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے وکان وعداللّٰہ** ﴿۵۶۲﴾ **مفعولا انت معی وانت علی الحق المبین انت مصیب ومعین للحق۔**

میں نے اس کتاب میں نہایت زبردست ثبوتوں سے مسیح کا فوت ہوجانا اور اموات میں داخل ہونا ثابت کر دیا ہے اور میں نے بداہت کی حد تک اس بات کو پہنچا دیا ہے کہ مسیح زندہ ہو کر جسم عنصری کے ساتھ ہرگز آسمان کی طرف اُٹھایا نہیں گیا بلکہ اور نبیوں کی موت کی طرح اُس پر بھی موت آئی اور دائمی طور پر وہ اس جہان سے رخصت ہوا۔ اگر کوئی مسیح کا ہی پرستار ہے تو سمجھ لے کہ وہ مر گیا اور مرنے والوں کی جماعت میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو گیا۔ سو تم تائیدِ حق کے لئے اس کتاب سے فائدہ اٹھاؤ اور سرگرمی کے ساتھ پادریوں کے مقابل پر کھڑے ہو جاؤ۔ چاہیے کہ یہی ایک مسئلہ ہمیشہ تمہارے زیرِ توجہ اور پورا بھروسہ کرنے کے لائق ہو جو درحقیقت مسیح ابن مریم فوت شدہ گروہ میں داخل ہے۔ میں نے اس بحث کو اس کتاب میں بڑی دلچسپی کے ساتھ کامل اور قوی دلائل سے انجام تک پہنچایا ہے اور خدائے تعالیٰ نے اس تالیف ﴿۵۶۳﴾ میں میری وہ مدد کی ہے جو میں بیان نہیں کر سکتا اور میں بڑے دعوے اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدائے تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے اور جہاں تک میں دوربین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے۔ جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے اور آسمان پر ایک جوش اور ابال پیدا ہوا ہے جس نے ایک پُتلی کی طرح اس مُشتِ خاک کو کھڑا کر دیا ہے۔ ہر یک وہ شخص جس پر توبہ کا دروازہ بند نہیں عنقریب دیکھ لے گا کہ میں اپنی طرف سے نہیں ہوں۔ کیا وہ آنکھیں بینا ہیں جو صادق کو شناخت نہیں کر سکتیں۔ کیا وہ بھی زندہ ہے جس کو اس آسمانی صدا کا احساس نہیں۔

# وقتؔ و تاریخ نزول مسیح موعود ﴿۵۶۴﴾

## حسب اقوال اکابر سلف و خلف

## و دیگر حالات

## منقولہ از کتاب آثار القیامۃ

مولوی سید صدیق حسن خاں صاحب مرحوم نے جن کو مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب مجدّد قرار دے چکے ہیں۔ اپنی کتاب آثار القیامۃ کے صفحہ ۳۹۵ میں بتصریح لکھا ہے کہ ظہور مہدی اور نزول عیسیٰ اور خروج دجال ایک ہی صدی میں ہوگا۔ پھر لکھا ہے کہ امام جعفر صادق کی یہ پیشگوئی تھی کہ سن ۲۰۰ ذوسو ہجری میں مہدی ظہور فرمائے گا لیکن وہ برس تو گذر گئے اور مہدی ظاہر نہ ہوا۔ اگر اس پیشگوئی کی کسی کشف یا الہام پر بناء تھی تو تاویل کی جائے گی یا اس کشف کو غلط ماننا پڑے گا۔ پھرؔ بیان کیا ہے کہ اہل سنت کا یہی مذہب ہے کہ **اَلْاٰیَاتُ بَعْدَ الْمِأَتَیْن** ﴿۵۶۵﴾ یعنی بارہ سو برس کے گذرنے کے بعد یہ علامات شروع ہو جائیں گی اور مہدی اور مسیح اور دجال کے نکلنے کا وقت آ جائے گا۔ پھر نعیم بن حماد کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ ابو قبیل کا قول ہے کہ سن بارہ سو چار ہجری میں مہدی کا ظہور ہوگا لیکن یہ قول بھی صحیح نہ نکلا۔ پھر بعد اس کے شاہ ولی اللہ صاحب محدّث دہلوی کا ایک کشف لکھتے ہیں کہ ان کو تاریخ ظہور مہدی کشفی طور پر **چراغ دین** کے لفظ میں بحساب جمل منجانب اللہ معلوم ہوئے تھے یعنی ۱۲۶۸۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ سال بھی گذر گئے اور مہدی کا دنیا میں کوئی نشان نہ پایا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ شاہ ولی اللہ کا یہ کشف یا الہام صحیح نہیں تھا۔ میں کہتا ہوں کہ صرف مقررہ سالوں کا گزر جانا اس کشف کی غلطی پر دلالت نہیں کرتا ہاں غلط فہمی پر دلالت کرتا ہے۔

کیونکہ پیشگوئیوں کے اوقات معینہ قطعی الدلالت نہیں ہوتے۔ بسا اوقات ان میں ایسے استعارات بھی ہوتے ہیں کہ دن بیان کئے جاتے ہیں اور اُن سے برس مراد لئے جاتے ہیں۔ پھر قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے رسالہ سیفؔ مسلول کا حوالہ دے کر لکھتے ہیں کہ رسالہ ﴿۵۶۶﴾
مذکورہ میں لکھا ہے کہ علماء ظاہری اور باطنی کا اپنے ظن اور تخمین سے اس بات پر اتفاق ہے کہ تیرھویں صدی کے اوائل میں ظہور مہدی کا ہوگا۔ پھر لکھتے ہیں کہ بعض مشائخ اپنے کشف سے یہ بھی کہہ گئے ہیں کہ مہدی کا ظہور بارہ سو برس سے پیچھے ہوگا اور تیرھویں صدی سے تجاوز نہیں کرے گا۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ سال تو گذر گئے اور تیرھویں صدی سے صرف دس برس رہ گئے اور اب تک نہ مہدی نہ عیسیٰ دنیا میں آئے۔ یہ کیا ہوا۔ پھر اپنی رائے لکھتے ہیں کہ میں بلحاظ قرائن قو یہ گمان کرتا ہوں کہ چودھویں صدی کے سر پر اُن کا ظہور ہوگا۔ پھر لکھتے ہیں کہ قرائن یہ ہیں کہ تیرھویں صدی میں دجالی فتنے بہت ظہور میں آ گئے ہیں اور اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح نمودار ہو رہے ہیں اور اس تیرھویں صدی کا فتن وآفات کا ایک مجموعہ ہونا ایک ایسا امر ہے کہ چھوٹے بڑے کی زبان پر جاری ہے۔ یہاں تک کہ جب ہم بچے تھے تو بڈھی عورتوں سے سنتے تھے کہ حیوانات نے بھی اس تیرھویں صدی سے پناہ چاہی ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ ہر چند یہ مضمون کسی صحیح حدیث سے ٹھیک ٹھیک معلوؔم نہیں ہوتا لیکن جب ﴿۵۶۷﴾
انقلاب عالم کا ملاحظہ کریں اور بنی آدم کے احوال میں جو فرق صریح آ گیا ہے اس کو دیکھیں تو یہ ایک سچا گواہ اِس بات پر ملتا ہے کہ پہلے اس سے دنیا کا رنگ اس عنوان پر نہیں تھا سو اگرچہ مکاشفات مشائخ کے پورے بھروسہ کے لائق نہیں کیونکہ کشف میں خطا کا احتمال بہت ہے لیکن کہہ سکتے ہیں کہ اب وہ وقت قریب ہے جو مہدی اور عیسیٰ کا ظہور ہو کیونکہ امارات صغریٰ **بجمیعھا** وقوع میں آ گئی ہیں اور عالم میں ایک تغیر عظیم پایا جاتا ہے اور اہل عالم کی حالت نہایت درجہ پر بدل گئی ہے اور کامل درجہ کا ضعف اسلام پر وارد ہو گیا ہے۔ اور وہ حقیقت نورانیہ جس کا نام علم ہے وہ دنیا سے اُٹھ گئی ہے اور جہل بڑھ گیا ہے

اور شائع ہو گیا ہے اور فسق و فجور کا بازار گرم ہے اور بغض اور حسد اور عداوت پھیل گئی ہے اور مال کی محبت حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے اور تحصیل اسباب معاش سے ہمتیں ہار گئیں اور دارآخرت سے بکلی فراموشی ہوگئی اور کامل طور پر دنیا کو اختیار کیا گیا۔ سو یہ علامات بیّنہ اور امارات جلیہ اس بات پر ہیں کہ اب وہ وقت بہت نزدیک ہے۔ میں کہتا ہوں کہ مولوی صدیق حسن صاحب کا یہ کہنا کہ کسی صحیح حدیث سے مسیح کے ظہور کا کوئی زمانہ خاص ثابت نہیں ہوتا صرف اولیاء کے مکاشفات سے معلوم ہوتا ہے کہ غایت کار تیرھویں صدی کے اخیر تک اس کی حد ہے۔ یہ مولوی صاحب کی سراسر غلطی ہے اور آپ ہی وہ مان چکے ہیں کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہوگیا ہے کہ آدم کی پیدائش کے بعد عمر دنیا کی سات ہزار برس ہے اور اب عمر دنیا میں سے بہت ہی تھوڑی باقی ہے۔ پھر صفحہ ۳۸۵ میں لکھتے ہیں کہ ابن ماجہ نے انس سے یہ حدیث بھی لکھی ہے جس کو حاکم نے بھی مستدرک میں بیان کیا ہے کہ **لا مھدی الّا عیسٰی ابن مریم** یعنی عیسیٰ بن مریم کے سوا اور کوئی مہدی موعود نہیں۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ مہدی کا آنا بہت سی حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ مہدی کی خبریں ضعف سے خالی نہیں ہیں اِسی وجہ سے امامین حدیث نے ان کو نہیں لیا۔ اور ابن ماجہ اور مستدرک کی حدیث ابھی معلوم ہو چکی ہے کہ عیسیٰ ہی مہدی ہے لیکن ممکن ہے کہ ہم اس طرح پر تطبیق کر دیں کہ جو شخص عیسیٰ کے نام سے آنے والا احادیث میں لکھا گیا ہے اپنے وقت کا وہی مہدی اور وہی امام ہے اور ممکن ہے کہ اس کے بعد کوئی اور مہدی بھی آوے اور یہی مذہب حضرت اسمٰعیل بخاری کا بھی ہے کیونکہ اگر اُن کا بجز اس کے کوئی اور اعتقاد ہوتا تو ضرور وہ اپنی حدیث میں ظاہر فرماتے لیکن وہ صرف اسی قدر کہہ کر چپ ہو گئے کہ ابن مریم تم میں اُترے گا جو تمہارا امام ہوگا اور تم میں سے ہی ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ امام وقت ایک ہی ہوا کرتا ہے۔ ﴿۵۶۸﴾

پھر صفحہ ۴۲۵ میں فرماتے ہیں کہ اِس بات پر تمام سلف و خلف کا اتفاق ہو چکا ہے کہ عیسیٰ جب نازل ہوگا تو اُمت محمدیہ میں داخل کیا جائے گا۔ اور فرماتے ہیں کہ قسطلانی نے بھی مواہب لدنیہ میں یہی لکھا ہے اور عجب تر یہ کہ وہ اُمتی بھی ہوگا اور پھر نبی بھی لیکن افسوس کہ مولوی صاحب مرحوم کو یہ سمجھ نہ آیا کہ صاحب نبوت تامہ ہرگز اُمتی نہیں ہوسکتا۔ اور جو شخص کامل طور پر رسول اللہ کہلاتا ہے وہ کامل طور پر دوسرے نبی کا مطیع اور اُمتی ہو جانا نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ کے رو سے بکلّی ممتنع ہے اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ [1] یعنی ہر یک رسول مطاع اور امام بنانے کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ اس غرض سے نہیں بھیجا جاتا کہ کسی دوسرے کا مطیع اور تابع ہو۔ ہاں محدث جو مرسلین میں سے ہے اُمتی بھی ہوتا ہے اور ناقص طور پر نبی بھی۔ اُمتی وہ اس وجہ سے کہ وہ بکلّی تابع شریعت رسول اللہ اور مشکوٰۃ رسالت سے فیض پانے والا ہوتا ہے اور نبی اس وجہ سے کہ خدائے تعالیٰ نبیوں سا معاملہ اس سے کرتا ہے اور محدث کا وجود انبیاء اور اُمم میں بطور برزخ کے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وہ اگرچہ کامل طور پر اُمتی ہے مگر ایک وجہ سے نبی بھی ہوتا ہے اور محدث کے لئے ضرور ہے کہ وہ کسی نبی کا مثیل ہو اور خدائے تعالیٰ کے نزدیک وہی نام پاوے جو اس نبی کا نام ہے۔

﴿۵۶۹﴾ ﴿۵۷۰﴾

اب سمجھنا چاہیے کہ چونکہ مقدر تھا کہ آخری زمانہ میں نصاریٰ اور یہود کے خیالاتِ باطلہ زہر ہلاہل کی طرح تمام دنیا میں سرایت کر جائیں گے اور نہ ایک راہ سے بلکہ ہزاروں راہوں سے اُن کا بد اثر لوگوں پر پہنچے گا اور اس زمانہ کے لئے پہلے سے احادیث میں خبر دی گئی تھی کہ عیسائیت اور یہودیت کی بُری خصلتیں یہاں تک غلبہ کریں گی کہ مسلمانوں پر بھی اس کا سخت اثر ہوگا، مسلمانوں کا طریقہ، مسلمانوں کا شعار، مسلمانوں کی وضع بکلّی یہود و نصاریٰ سے مشابہ ہو جائے گی اور جو عادتیں یہود اور نصاریٰ کو پہلے ہلاک کر چکی ہیں وہی عادتیں اسباب تاثر کے پیدا ہو جانے کی وجہ سے مسلمانوں میں آ جائیں گی۔

[1] النساء :۶۵

یہ اِس زمانہ کی طرف اشارہ ہے کہ جب عیسائی سوسائٹی جو یہودیت کی صفتیں بھی اپنے اندر رکھتی ہے، عام طور پر مسلمانوں کے خیالات، مسلمانوں کے عادات، مسلمانوں کے لباس، مسلمانوں کی طرز معاشرت پر اپنے جذبات کا اثر ڈالے۔ سو دراصل وہ یہی زمانہ ہے جس ﴿۵۷۱﴾
سے روحانیت بکلی دور ہوگئی ہے خدائے تعالیٰ کو منظور تھا کہ اس زمانہ کے لئے کوئی ایسا مصلح بھیجے جو یہودیت اور عیسائیت کی زہرناک خصلتوں کو مسلمانوں سے مٹا دے۔ پس اُس نے ایک مصلح ابن مریم کے نام پر بھیج دیا تا معلوم ہو کہ جن کی طرف وہ بھیجا گیا ہے وہ بھی یہودیوں اور عیسائیوں کی طرح ہو چکے ہیں۔ سو جہاں یہ لکھا ہے کہ تم میں ابن مریم اُترے گا وہاں صریح اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اُس وقت تمہاری ایسی حالت ہوگی جیسی مسیح ابن مریم کے مبعوث ہونے کے وقت یہودیوں کی حالت تھی۔ بلکہ یہ لفظ اسی اشارہ کی غرض سے اختیار کیا گیا ہے تا ہر یک کو خیال آ جائے کہ خدائے تعالیٰ نے پہلے ان مسلمانوں کو جن میں ابن مریم کے اُترنے کا وعدہ دیا تھا یہودی ٹھہرا لیا ہے۔ افسوس کہ ہمارے علماء میں سے اس اشارہ کو کوئی نہیں سمجھتا اور یہودیوں کی طرح صرف ظاہر لفظ کو پکڑ کر بار بار یہی بات پیش کرتے ہیں کہ سچ مچ مسیح ابن مریم کا آنا ضروری ہے وہ ذرہ خیال نہیں کرتے کہ اگر کسی کو کہا جائے کہ تو فرعون کی طرح بگڑ گیا ہے اب تیرے درست کرنے کے لئے موسیٰ آئے گا تو کیا اس عبارت کے یہ معنے ہوں گے کہ سچ مچ موسیٰ رسول اللہ جس پر توریت نازل ہوئی تھی پھر زندہ ہو کر آ جائیں گے۔ ظاہر ہے کہ ہرگز یہ معنے نہیں ہوں گے بلکہ ایسے قول سے مراد یہ ہوگی کہ کوئی مثیل موسیٰ ﴿۵۷۲﴾
تیرے درست کرنے کے لئے آئے گا۔ سو اسی طرح جاننا چاہیے کہ احادیث نبویہ کا لب لباب اور خلاصہ یہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب تم آخری زمانہ میں یہودیوں کی طرح چال چلن خراب کر دو گے تو تمہارے درست کرنے کے لئے عیسیٰ ابن مریم آئے گا یعنی جب تم اپنی شرارتوں کی وجہ سے یہودی بن جاؤ گے تو میں بھی عیسیٰ ابن مریم کسی کو

بنا کر تمہاری طرف بھیجوں گا اور جب تم اشد سرکشیوں کی وجہ سے سیاست کے لائق ٹھہر جاؤ گے تو محمد ابن عبداللہ ظہور کرے گا جو مہدی ہے۔ واضح رہے کہ یہ دونوں وعدے کہ محمد بن عبداللہ آئے گا یا عیسیٰ ابن مریم آئے گا دراصل اپنی مراد و مطلب میں ہمشکل ہیں۔ محمد بن عبداللہ کے آنے سے مقصود یہ ہے کہ جب دنیا ایسی حالت میں ہو جائے گی جو اپنی درستی کے لئے سیاست کی محتاج ہوگی تو اُس وقت کوئی شخص مثیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہو کر ظاہر ہوگا اور یہ ضرور نہیں کہ درحقیقت اس کا نام محمد ابن عبداللہ ہو۔ بلکہ احادیث کا مطلب یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کے نزدیک اس کا نام محمد ابن عبداللہ ہوگا۔ کیونکہ وہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کا ﴿۵۷۳﴾ مثیل بن کر آئے گا۔ اسی طرح عیسیٰ بن مریم کے آنے سے مقصود یہ ہے کہ جب عقل کی بداستعمالی سے دنیا کے لوگ یہودیوں کے رنگ پر ہو جائیں گے اور روحانیت اور حقیقت کو چھوڑ دیں گے اور خدا پرستی اور حب الٰہی دلوں سے اُٹھ جائے گی تو اُس وقت وہ لوگ اپنی روحانی اصلاح کے لئے ایک ایسے مصلح کے محتاج ہوں گے جو روح اور حقیقت اور حقیقی نیکی کی طرف ان کو توجہ دلاوے اور جنگ اور لڑائیوں سے کچھ واسطہ نہ رکھے اور یہ منصب مسیح ابن مریم کے لئے مسلّم ہے کیونکہ وہ خاص ایسے کام کے لئے آیا تھا اور یہ ضرور نہیں کہ آنے والے کا نام درحقیقت عیسیٰ بن مریم ہی ہو بلکہ احادیث کا مطلب یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کے نزدیک قطعی طور پر اس کا نام عیسیٰ بن مریم ہے۔ جیسے یہودیوں کے نام خدائے تعالیٰ نے بندر اور سؤر رکھا اور فرمادیا وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ [1] ایسا ہی اُس نے اِس اُمت کے مفسد طبع لوگوں کو یہودی ٹھہرا کر اس عاجز کا نام مسیح ابن مریم رکھ دیا اور اپنے الہام میں فرمادیا **جعلناک المسیح ابن مریم۔**

پھر مولوی صدیق حسن صاحب اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ عیسیٰ ابن مریم جب نازل ہوگا تو قرآن کریم کے تمام احکام حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعہ سے اُن پر کھولے جائیں گے یعنی وحی اُن پر نازل ہوا کرے گی مگر وہ حدیث کی طرف رجوع نہیں کرے گا کیونکہ وحی کے

[1] المائدة :۶۱

﴿۵۷۴﴾ ذریعہ سے قرآن کریم کی تفسیر اُن پر نازل ہو جائے گی جو حدیث سے مستغنی کر دے گی۔
پھر لکھتے ہیں کہ بعض کا یہ بھی خیال ہے کہ عیسیٰ ابن مریم جب نازل ہوگا تو محض اُمتی ہوگا ایک ذرہ اس میں نبوت یا رسالت نہیں ہوگی۔ پھر لکھتے ہیں کہ حق یہ ہے کہ وہ اُمتی بھی ہوگا اور نبی بھی۔ اور عام اُمتی لوگوں کی طرح متابعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اُس پر واجب کی جائے گی۔ اور جن باتوں پر اجماع اُمت ہو چکا ہے وہ سب باتیں اُسے ماننی پڑیں گی۔ اور چونکہ معراج کی رات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ دیکھ چکا ہے اس لئے وہ صحابہ میں بھی داخل ہے اور ایک صحابی ہے مگر باتفاق سنت و جماعت تمام صحابہ سے ابوبکر درجہ ومرتبہ میں افضل ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ وہ باوجود نبی ہونے کے اُمتی کیوں بن گئے۔ اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ انہوں نے دعا کی تھی کہ خداوندا مجھے نبی آخرالزمان کی اُمت میں داخل کر۔ اس لئے خدائے تعالیٰ نے انہیں باوجود نبوت کے اُمتی بھی بنا دیا۔ اور پھر صفحہ ۴۲۷ میں لکھتے ہیں کہ وہ وقت کے مجدد ہوں گے اور اس اُمت کے مجددوں میں سے شمار کئے جائیں گے۔
﴿۵۷۵﴾ لیکن وہ امیر المومنین نہیں ہوں گے کیونکہ خلیفہ تو قریش میں سے ہونا چاہیے مسیح ابن مریم کیوں کر اُن کا حق لے سکتا ہے۔ اس لئے وہ خلافت کا کوئی بھی کام نہیں کرے گا نہ جدال نہ قتال نہ سیاست بلکہ خلیفۂ وقت کا تابع اور محکوموں کی طرح آئے گا۔
اس جگہ بڑے شبہات یہ پیش آتے ہیں کہ جس حالت میں مسیح ابن مریم اپنے نزول کے وقت کامل طور پر اُمتی ہوگا تو پھر وہ باوجود اُمتی ہونے کے کسی طرح سے رسول نہیں ہو سکتا کیونکہ رسول اور اُمتی کا مفہوم متبائن ہے اور نیز خاتم النبیین ہونا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی دوسرے نبی کے آنے سے مانع ہے۔ ہاں ایسا نبی جو مشکوٰۃ نبوت محمدؐیہ سے نور حاصل کرتا ہے اور نبوت تامہ نہیں رکھتا جس کو دوسرے لفظوں میں محدث بھی کہتے ہیں وہ اس تحدید سے باہر ہے کیونکہ وہ بباعث اتباع اور فنا فی الرسول

ہونے کے جناب ختم المرسلین کے وجود میں ہی داخل ہے جیسے جز کل میں داخل ہوتی ہے لیکن مسیح ابن مریم جس پر انجیل نازل ہوئی جس کے ساتھ جبرائیلؑ کا بھی نازل ہونا ایک لازمی امر سمجھا گیا ہے کسی طرح اُمتی نہیں بن سکتا کیونکہ اُس پر اُس وحی کا اتباع فرض ہوگا جو وقتاً فوقتاً
﴿۵۷۶﴾ اس پر نازل ہوگی جیسا کہ رسولوں کی شان کے لائق ہے اور جب کہ وہ اپنی ہی وحی کا متبع ہوا اور جونئی کتاب اس پر نازل ہوگی اُسی کی اُس نے پیروی کی تو پھر وہ اُمتی کیوں کر کہلائے گا۔ اور اگر یہ کہو کہ جو احکام اُس پر نازل ہوں گے وہ احکام قرآنیہ کے مخالف نہیں ہوں گے تو میں کہتا ہوں کہ محض اس توارد کی وجہ سے وہ اُمتی نہیں ٹھہر سکتا۔ صاف ظاہر ہے کہ بہت سا حصہ توریت کا قرآن کریم سے بکلی مطابق ہے تو کیا نعوذ باللہ اس توارد کی وجہ سے ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت موسیٰ کی اُمت میں سے شمار کئے جائیں گے۔ توارد اور چیز ہے اور محکوم بن کر تابعدار ہو جانا اور چیز ہے۔ ہم ابھی لکھ چکے ہیں کہ خدائے تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ کوئی رسول دنیا میں مطیع اور محکوم ہو کر نہیں آتا بلکہ وہ مطاع اور صرف اپنی اس وحی کا متبع ہوتا ہے جو اس پر بذریعہ جبرائیل علیہ السلام نازل ہوتی ہے اب یہ سیدھی سیدھی بات ہے کہ جب حضرت مسیح ابن مریم نازل ہوئے اور حضرت جبرائیل لگاتار آسمان سے وحی لانے لگے اور وحی کے ذریعہ سے انہیں تمام اسلامی عقائد اور صوم اور صلوٰۃ اور زکوٰۃ اور حج
﴿۵۷۷﴾ اور جمیع مسائل فقہ کے سکھلائے گئے تو پھر بہرحال یہ مجموعہ احکام دین کا کتاب اللہ کہلائے گا۔ اگر یہ کہو کہ مسیح کو وحی کے ذریعہ سے صرف اتنا کہا جائے گا کہ تو قرآن پر عمل کر اور پھر وحی مدت العمر تک منقطع ہو جائے گی اور کبھی حضرت جبرئیل اُن پر نازل نہیں ہوں گے بلکہ وہ بکلّی مسلوب النبوت ہو کر اُمتیوں کی طرح بن جائیں گے تو یہ طفلانہ خیال ہنسی کے لائق ہے۔ ظاہر ہے کہ اگرچہ ایک ہی دفعہ وحی کا نزول فرض کیا جائے اور صرف ایک ہی فقرہ حضرت جبرئیل لاویں اور پھر چپ ہو جاویں یہ امر بھی ختم نبوت کا منافی ہے کیونکہ جب ختمیت کی مہر ہی ٹوٹ گئی اور وحی رسالت پھر نازل ہونی شروع ہوگئی تو پھر تھوڑا یا بہت

نازل ہونا برابر ہے۔ ہر یک دانا سمجھ سکتا ہے کہ اگر خدائے تعالیٰ صادق الوعد ہے اور جو آیت خاتم النبیین میں وعدہ دیا گیا ہے اور جو حدیثوں میں بتصریح بیان کیا گیا ہے کہ اب جبرائیل بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کے لئے وحی نبوت لانے سے منع کیا گیا ہے یہ تمام باتیں سچ اور صحیح ہیں تو پھر کوئی شخص بحیثیت رسالت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد
﴿۵۷۸﴾ ہرگز نہیں آ سکتا لیکن اگر ہم فرض کے طور پر مان بھی لیں کہ مسیح ابن مریم زندہ ہو کر پھر دنیا میں آئے گا تو ہمیں کسی طرح اس سے انکار نہیں ہوسکتا کہ وہ رسول ہے اور بحیثیت رسالت آئے گا اور جبرئیل کے نزول اور کلام الٰہی کے اُترنے کا پھر سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ جس طرح یہ بات ممکن نہیں کہ آفتاب نکلے اور اس کے ساتھ روشنی نہ ہو۔ اسی طرح ممکن نہیں کہ دنیا میں ایک رسول اصلاح خلق اللہ کے لئے آوے اور اس کے ساتھ وحی الٰہی اور جبرائیل نہ ہو۔ علاوہ اس کے ہر یک عاقل معلوم کر سکتا ہے کہ اگر سلسلہ نزول جبرائیل اور کلام الٰہی کے اُترنے کا حضرت مسیح کے نزول کے وقت بکلی منقطع ہوگا تو پھر وہ قرآن شریف کو جو عربی زبان میں ہے کیوں کر پڑھ سکیں گے۔ کیا نزول فرما کر دو چار سال تک مکتب میں بیٹھیں گے اور کسی ملّا سے قرآن شریف پڑھ لیں گے۔ اگر فرض کر لیں کہ وہ ایسا ہی کریں گے تو پھر وہ بغیر وحی نبوت کے تفصیلات مسائل دینیہ مثلاً نماز ظہر کی سنت جو اتنی رکعت ہیں اور نماز مغرب کی سنت جو اتنی رکعات ہیں اور یہ کہ زکوٰۃ کن لوگوں پر فرض ہے۔ اور نصاب کیا ہے کیوں کر
﴿۵۷۹﴾ قرآن شریف سے استنباط کر سکیں گے۔ اور یہ تو ظاہر ہو چکا کہ وہ حدیثوں کی طرف رجوع بھی نہیں کریں گے۔ اور اگر وحی نبوت سے ان کو یہ تمام علم دیا جائے گا تو بلاشبہ جس کلام کے ذریعہ سے یہ تمام تفصیلات اُن کو معلوم ہوں گی وہ بوجہ وحی رسالت ہونے کے کتاب اللہ کہلائے گی۔ پس ظاہر ہے کہ اُن کے دوبارہ آنے میں کس قدر خرابیاں اور کس قدر مشکلات ہیں۔ منجملہ اُن کے یہ بھی کہ وہ بوجہ اس کے کہ وہ قوم کے قریشی نہیں ہیں کسی حالت میں امیر نہیں ہو سکتے۔ ناچار اُن کو کسی دوسرے امام اور امیر کی بیعت کرنی پڑے گی۔ بالخصوص جبکہ

ایسا خیال کیا گیا ہے کہ اُن کے نزول سے پہلے محمد ابن عبداللہ مہدی کی بیعت میں سب داخل ہوچکیں گے تو اس صورت میں اور بھی یہ مصیبت پیش آئے گی کہ اُن کا مہدی کی بیعت سے تخلّف کرنا سخت معصیت میں داخل ہوگا بلکہ وہ بموجب حدیث مَن شذَّ شُذَّ فِی النارِ ضرور مہدی کی بیعت کریں گے یا خلیفۂ وقت کے نہ ماننے کی وجہ سے اُن پر فتویٰ......لگ جائے گا۔

پھر اسی کتاب آثار القیامۃ کے صفحہ ۴۲۷ میں لکھا ہے کہ ابن خلدون کا قول ہے کہ متصوفین نے اپنے کشف سے یہ گمان کیا ہے کہ سن سات سو تینتالیس میں خروج دجّال ہوگا۔ پھر لکھتے ﴿۵۸۰﴾ ہیں کہ یہ کشف بھی صحیح نہ نکلا۔ پھر لکھتے ہیں کہ یعقوب بن اسحاق کندی نے بھی کشف کی رو سے چھ سو اٹھانوے سال نزول مسیح کے لئے دریافت کئے تھے مگر اس سے بھی بہت زیادہ مدت گذر گئی لیکن اب تک مسیح نہ آیا۔ پھر لکھتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں امید رکھتا ہوں کہ اگر میری عمر کچھ لمبی ہوگی تو عیسٰی بن مریم میرے ہی وقت میں ظہور کرے گا یعنی محمد بن عبداللہ مہدی کا درمیان میں ہونا ضروری نہیں بلکہ امید سے بعید نہیں کہ میرے ہی وقت میں مسیح ابن مریم آجائے لیکن اگر میری عمر وفا نہ کرے تو جو شخص اس کو دیکھے میری طرف سے اس کو السلام علیکم کہہ دے۔ اس حدیث کو مسلم اور احمد نے بھی لکھا ہے۔ اس جگہ مولوی صدیق حسن صاحب لکھتے ہیں کہ اگر میرے جیتے جیتے حضرت مسیح آجائیں تو میری تمنا ہے کہ حضرت خاتم المرسلین کا السلام علیکم میں اُن کو پہنچا دوں مگر یہ سب تمنا ہی تھی۔ خدائے تعالیٰ اُن پر رحم کرے۔ مجدد الف ثانی صاحب نے ٹھیک لکھا ہے کہ جب مسیح آئے گا تو تمام مولوی اُن کی مخالفت پر آمادہ ہو جائیں گے اور خیال کریں گے ﴿۵۸۱﴾ کہ یہ اہل الرائے ہے اور اجماع کو ترک کرتا ہے اور کتاب اللہ کے معنے اُلٹاتا ہے۔

پھر لکھتے ہیں کہ عیسٰی کی موت قبل از رفع کے بارے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک یہ ہے کہ وہ موت کے بعد اُٹھایا گیا ہے اور پھر بھی آکر مرے گا اِس لئے اُس کے لئے دو موتیں ہیں۔ اور ہر چند آیت وَرَفَعۡنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا[۱] میں ادریس کی موت کا ذکر نہیں لیکن صحیح مذہب

[۱] مریم:۵۸

یہی ہے کہ وہ بھی موت کے بعد ہی اُٹھایا گیا تھا۔ پھر لکھتے ہیں کہ شیعہ کا یہ بھی قول ہے کہ آسمان سے آنے والا عیسیٰ کوئی بھی نہیں درحقیقت مہدی کا نام ہی عیسیٰ ہے پھر بعد اس کے تحریر فرماتے ہیں کہ بعض صوفیوں نے اپنے کشف سے اسی کے مطابق اِس حدیث کے معنے کہ **لَا مَھْدِی اِلّا عِیْسٰی** یہ کئے ہیں کہ مہدی جو آنے والا ہے درحقیقت عیسیٰ ہی ہے کسی اور عیسیٰ کی حاجت نہیں جو آسمان سے نازل ہو۔ اور صوفیوں نے اس طرح آخرالزمان کے مہدی کو عیسیٰ ٹھہرایا ہے کہ وہ شریعت محمدیہ کی خدمت کے لئے اُسی طرز اور طریق سے آئے گا ﴿۵۸۲﴾ جیسے عیسیٰ شریعت موسویہ کی خدمت اور اتباع کے لئے آیا تھا۔

پھر صفحہ ۴۳۱ میں **لکھتے ہیں** کہ احادیث سے ثابت ہے کہ عیسیٰ پر اس کے نزول کے بعد رسولوں کی طرح وحی نبوت نازل ہوتی رہے گی جیسا کہ مسلم کے نزدیک نواس بن سمعان کی حدیث میں ہے کہ **یقتل عیسی الدجال عند باب لد الشرقی فبینھما ھم کذالک اذ اوحی اللہ تعالٰی الٰی عیسی بن مریم یعنی** جب عیسیٰ دجّال کو قتل کرے گا تو اس پر اللہ تعالیٰ وحی نازل کرے گا۔ پھر لکھتے ہیں کہ وحی کا لانے والا جبرائیل ہوگا کیونکہ جبرائیل ہی پیغمبروں پر وحی لاتا ہے۔

اس تمام تقریر سے معلوم ہوا کہ چالیس۴۰ سال تک برابر جو مدّت توقف حضرت مسیح کی دنیا میں بعد دوبارہ آنے کے لئے قرار دی گئی ہے حضرت جبرائیل وحی الٰہی لے کر نازل ہوتے رہیں گے۔ اب ہر یک دانشمند اندازہ کر سکتا ہے کہ جس حالت میں تئیس۲۳ برس میں تیس۳۰ جزو قرآن شریف کی نازل ہوگئی تھیں تو بہت ضروری ہے کہ اس چالیس۴۰ برس میں کم سے کم پچاس ﴿۵۸۳﴾ جزو کی کتاب اللہ حضرت مسیح پر نازل ہو جائے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ بات مستلزم محال ہے کہ خاتم النبیین کے بعد پھر جبرائیل علیہ السلام کی وحی رسالت کے ساتھ زمین پر آمد و رفت شروع ہو جائے اور ایک نئی کتاب اللہ گو مضمون میں قرآن شریف سے توارد رکھتی ہو پیدا ہو جائے۔ اور جو امر مستلزم محال ہو وہ محال ہوتا ہے **فتدبّر**۔

اور اس انقلاب عظیم پر خوب غور سے نظر دوڑانی چاہیے کہ چونکہ حضرت مسیح (اگر اُن کا نزول فرض کیا جائے) ایسی حالت میں آئیں گے کہ اُن کو شریعت محمدیہ سے جو غیر زبان میں ہے کچھ بھی خبر نہیں ہوگی اور وہ اس بات کے محتاج ہوں گے کہ قرآنی تعلیم پر اُن کو اطلاع ہو اور ان تفصیلات احکام دین پر بھی مطلع ہو جائیں جو احادیث کی رو سے معلوم ہوتے ہیں غرض شریعت محمدیہ کے تمام اجزاء پر خواہ وہ از قبیل عقائد ہیں یا از قسم عبادات یا از نوع معاملات یا از قبیل قوانین قضاء و فصل مقدمات اطلاع پانا اُن کے لئے ضروری ہوگا اور
﴿۵۸۴﴾ یہ تو ممکن ہی نہیں کہ معمر ہونے کی حالت میں ایک عمر خرچ کر کے دوسروں کی شاگردی کریں لہٰذا اُن کے لئے یہی لابُدی اور ضروری ہے کہ جمیع اجزاء شریعت کے نئے سرے اُن پر نازل ہوں کیونکہ بجز اس طریق کے استعلام مجہولات کے لئے اور کوئی اُن کے لئے راہ نہیں۔ اور رسولوں کی تعلیم اور اعلام کے لئے یہی سنت اللہ قدیم سے جاری ہے جو وہ بواسطہ جبرائیل علیہ السلام کے اور بذریعہ نزول آیات ربانی اور کلام رحمانی کے سکھلائی جاتی ہیں اور جبکہ تمام قرآن کریم اور احادیث صحیحہ نبویہ نئے سرے معرفت جبرائیل علیہ السلام کے حضرت مسیح کی زبان میں ہی اُن پر نازل ہو جائے گی اور جیسا کہ احادیث میں آیا ہے جزیہ وغیرہ کے متعلق بعض بعض احکام قرآن شریف کے منسوخ بھی ہو جائیں گے تو ظاہر ہے کہ اس نئی کتاب کے اُترنے سے قرآن شریف توریت وانجیل کی طرح منسوخ ہو جائے گا اور مسیح کا نیا قرآن جو قرآن کریم سے کسی قدر مختلف بھی ہوگا اجرا اور نفاذ پائے گا اور حضرت مسیح نماز میں اپنا قرآن ہی پڑھیں گے اور وہی قرآن جبراً قہراً دوسروں کو بھی سکھلایا جائے گا۔
﴿۵۸۵﴾ اور بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہ کلمہ بھی کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کسی قدر ترمیم و تنسیخ کے لائق ٹھہرے گا کیونکہ جبکہ کل شریعت محمدؐیہ کی نعوذ باللہ (نقل کفر کفر نباشد) بیخ کنی ہوگئی اور ایک اور ہی قرآن گو وہ ہمارے قرآن کریم سے کسی قدر مطابق ہی سہی آسمان سے نازل ہوگیا تو پھر کلمہ بھی ضرور واجب التبدیل ہوگا۔ بعض بہت

منفعل ہوکر جواب دیتے ہیں کہ اگرچہ درحقیقت یہ صریح خرابیاں ہیں جن سے انکار نہیں ہو سکتا مگر کیا کریں درحقیقت اِسی بات پر اجماع ہوگیا ہے کہ حضرت مسیح رسول اللہ ہونے کی حالت میں نزول فرمائیں گے اور چالیس برس حضرت جبرائیل علیہ السلام ان پر نازل ہوتے رہیں گے۔ چنانچہ یہی مضمون حدیثوں سے بھی نکلتا ہے اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ اس قدر تو بالکل سچ ہے کہ اگر وہی مسیح رسول اللہ صاحب کتاب آ جائیں گے جن پر جبرائیل نازل ہوا کرتا تھا تو وہ شریعت محمدیہ کے قوانین دریافت کرنے کے لئے ہرگز کسی کی شاگردی اختیار نہیں کریں گے بلکہ سنت اللہ کے موافق جبرائیل کی معرفت وحی الٰہی اُن پر نازل ہوگی اور ﴿۵۸۶﴾ شریعت محمدیہ کے تمام قوانین اور احکام نئے سرے اور نئے لباس اور نئے پیرایہ اور نئی زبان میں اُن پر نازل ہوجائیں گے اور اس تازہ کتاب کے مقابل پر جو آسمان سے نازل ہوئی ہے قرآن کریم منسوخ ہو جائے گا لیکن خدائے تعالیٰ ایسی ذلت اور رسوائی اس اُمت کے لئے اور ایسی ہتک اور کسر شان اپنے نبی مقبول خاتم الانبیاء کے لئے ہرگز روا نہیں رکھے گا کہ ایک رسول کو بھیج کر جس کے آنے کے ساتھ جبرائیل کا آنا ضروری امر ہے اسلام کا تختہ ہی اُلٹا دیوے حالانکہ وہ وعدہ کر چکا ہے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی رسول نہیں بھیجا جائے گا۔ اور حدیثوں کے پڑھنے والوں نے یقیناً یہ بڑی بھاری غلطی کھائی ہے کہ صرف عیسیٰ یا ابن مریم کے لفظ کو دیکھ کر اس بات کو یقین کر لیا ہے کہ سچ مچ وہی ابن مریم آسمان سے نازل ہو جائے گا جو رسول اللہ تھا۔ اور اس طرف خیال نہیں کیا کہ اُس کا آنا گویا دین اسلام کا دنیا سے رخصت ہونا ہے یہ تو اجماعی عقیدہ ہو چکا۔ اور مسلم میں اِس بارہ میں حدیث بھی ہے کہ مسیح نبی اللہ ہونے کی حالت میں آئے گا۔ اب اگر مثالی طور پر مسیح یا ابن مریم کے لفظ سے کوئی اُمتی شخص ﴿۵۸۷﴾ مراد ہو جو محدثیت کا مرتبہ رکھتا ہو تو کوئی بھی خرابی لازم نہیں آتی کیونکہ محدث من وجہٍ نبی بھی ہوتا ہے مگر وہ ایسا نبی ہے جو نبوت محمدیہ کے چراغ سے روشنی حاصل کرتا ہے اور اپنی

طرف سے براہ راست نہیں بلکہ اپنے نبی کے طفیل سے علم پاتا ہے جیسا کہ براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۳۹ میں جو ایک الہام اس عاجز کا درج ہے وہ اسی کی طرف اشارہ کرتا ہے اور وہ یہ ہے **کل برکۃٍ من محمدٍ صلی اللّٰہ علیہ وسلم . فتبارک من عَلَّمَ وتَعَلَّمَ** یعنی ہر یک برکت جو اس عاجز پر بہ پیرایہ الہام وکشف وغیرہ نازل ہو رہی ہے وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے اور اُن کے توسط سے ہے پس اس ذات میں کثرت سے برکتیں ہیں جس نے سکھلایا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اُس میں بھی کثرت سے برکتیں ہیں جس نے سیکھا یعنی یہ عاجز لیکن اگر واقعی اور حقیقی طور پر مسیح ابن مریم کا نازل ہونا خیال کیا جائے تو اس قدر خرابیاں پیش آتی ہیں جن کا شمار نہیں ہوسکتا اور اس بات کے سمجھنے کے لئے نہایت صریح اور صاف قرائن موجود ہیں کہ اس جگہ حقیقی طور پر نزول ہرگز مراد نہیں بلکہ ایک استعارہ کے لحاظ سے دوسرا استعارہ استعمال کیا گیا ہے یعنی جبکہ اِس اُمت کے لوگوں کو ﴿۵۸۸﴾ استعارہ کے طور پر یہود ٹھہرایا گیا اور اُن میں اِن تمام خرابیوں کا دخل کر جانا بیان کیا گیا جو حضرت مسیح ابن مریم کے وقت دخل کر گئی تھیں تو اسی مناسبت کے لحاظ سے یہ بھی کہا گیا کہ تمہاری اصلاح کے لئے اور تمہارے مختلف فرقوں کا فیصلہ کرنے کے لئے بطور حَکَم کے تم میں سے ہی ایک شخص بھیجا جائے گا جس کا نام مسیح یا عیسیٰ یا ابن مریم ہوگا۔ یہ اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ اُمت ایسی ناکارہ اور نالائق اُمت نہیں کہ صرف اپنے اندر یہی مادہ رکھتی ہو کہ اُن وحشی طبع یہودیوں کا نمونہ بن جائے جو حضرت مسیح کے وقت میں تھے بلکہ یہ مسیح بھی بن سکتی ہے۔ پس جس وقت بعض یہودی بن جائیں گے اُس وقت بعض مسیح ابن مریم بن کر آئیں گے تا لوگوں کو معلوم ہو کہ یہ اُمت مرحومہ جیسے ادنیٰ اور نفسانی آدمیوں کو اپنے گروہ میں داخل رکھتی ہے ایسا ہی اس گروہ میں وہ لوگ بھی داخل ہیں جن کو اُن کے کمالات کی وجہ سے عیسیٰ بن مریم یا موسیٰ بن عمران بھی کہہ سکتے ہیں اور دونوں قسم کی استعدادیں اِس اُمت میں موجود ہیں۔ می تواند شد یہودی می تواند شد مسیح۔ واضح ہو کہ

﴿۵۸۹﴾ حضرت عیسیٰ ابنؔ مریم بھی اِسی کام کے لئے آئے تھے اور اُس زمانہ میں آئے تھے جبکہ یہودیوں کے مسلمانوں کی طرح بہت فرقے ہوگئے تھے اور توریت کے صرف ظاہر الفاظ کو انہوں نے پکڑ لیا تھا اور روح اور حقیقت اس کی چھوڑ دی تھی اور نکمی نکمی باتوں پر جھگڑے برپا ہوگئے تھے اور باہم کمینگی اور کم حوصلگی کی وجہ سے بغض اور حسد اور کینہ ان متفرق فرقوں میں پھیل گیا تھا۔ ایک کو دوسرا دیکھ نہیں سکتا تھا اور شیر اور بکری کی عداوت کی طرح ذاتی عداوتوں تک نوبت پہنچ گئی تھی اور بباعث اختلاف عقیدہ اپنے بھائیوں سے محبت نہیں رہی تھی بلکہ درندگی پھیل گئی تھی اور اخلاقی حالت بغایت درجہ بگڑ گئی تھی اور باہمی رحم اور ہمدردی بکلی دور ہوگئی تھی۔ اور وہ لوگ ایسے حیوانات کی طرح ہو گئے تھے کہ حقیقی نیکی کو ہرگز شناخت نہیں کر سکتے تھے اور تباغض تحاسد کا بازار گرم ہوگیا تھا اور صرف چند رسوم اور عادات کو مذہب سمجھا گیا تھا۔ سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اُمت کو بشارت دی تھی کہ آخری ﴿۵۹۰﴾ زمانہ میں تمہارا بھی یہی حال ہوگا۔ بہت سے فرقے تم میں نکل آئیں گے اورؔ بہت سے متضاد خیالات پیدا ہو جائیں گے اور ایک گروہ دوسرے گروہ کو یہودیوں کی طرح کافر سمجھے گا اور اگر ننانوے وجوہ اسلام کے موجود ہوں تو صرف ایک وجہ کو کفر کی وجہ سمجھ کر کافر ٹھہرایا جائے گا۔ سو باہمی تکفیر کی وجہ سے سخت نفرت اور بغض اور عداوت باہم پیدا ہو جائے گی۔ اور بوجہ اختلاف رائے کے کینہ اور حسد اور درندوں کی سی خصلتیں پھیل جائیں گی اور وہ اسلامی خصلت جو ایک وجود کی طرح کامل اتحاد کو چاہتی ہے اور محبت اور ہمدردی باہمی سے پُر ہوتی ہے بکلّی تم میں سے دور ہو جائے گی اور ایک دوسرے کو ایسا اجنبی سمجھ لے گا کہ جس سے مذہبی رشتہ کا بکلی تعلق ٹوٹ جائے گا اور ایک گروہ دوسرے کو کافر بنانے میں کوشش کرے گا جیسا کہ مسیح ابن مریم کی بعثت کے وقت یہی حال یہود کا ہو رہا تھا اور اس اندرونی تفرقہ اور بغض اور حسد اور عداوت کی وجہ سے دوسری قوموں کی نظر میں نہایت درجہ کے حقیر اور ذلیل اور کمزور ہو جائیں گے اور اس معکوس ترقی کی

وجہ سے جو اندرونی جھگڑوں کی طفیل سے کمال کو پہنچے گی فنا کے قریب ہو جائیں گے اور کیڑوں
کی طرح ایک دوسرے کو کھا جانے کا قصد کریں گے اور بیرونی حملوں کو اپنے پر وارد ہونے ﴿۵۹۱﴾
کے لئے موقعہ دیں گے جیسا کہ اس زمانہ میں یہودیوں کے ساتھ ہوا جو اندرونی نفاقوں کی
وجہ سے اُن کی ریاست بھی گئی اور قیصر کے تحت میں غلاموں کی طرح بسر کرنے لگے۔ سو
خدائے تعالیٰ نے اپنے نبی کریمؐ کی معرفت فرمایا کہ آخری زمانہ میں ایسا ہی تمہارا حال ہوگا۔
تمہاری مذہبی عداوتیں اپنے ہی بھائیوں سے انتہاء تک پہنچ جائیں گی۔ بغض اور حسد اور کینہ
سے بھر جاؤ گے۔ اس شامت سے نہ تمہاری دنیا کی حالت اچھی رہے گی نہ دین کی نہ انسانی
اخلاق کی نہ خداترسی باقی رہے گی نہ حق شناسی۔ اور پورے وحشی اور ظالم اور جاہل ہو جاؤ گے
اور وہ علم جو دلوں پر نیک اثر ڈالتا ہے تم میں باقی نہیں رہے گا۔ اور یہ تمام بے دینی اور
ناخداترسی اور بے مہری پہلے ممالک مشرقیہ میں ہی پیدا ہوگی اور دجال اور یاجوج ماجوج
انہیں ممالک سے خروج کریں گے یعنی اپنی قوت اور طاقت کے ساتھ دکھلائی دیں گے۔
ممالک مشرقیہ سے مراد ملک فارس اور نجد اور ملک ہندوستان ہے کیونکہ یہ سب ممالک
زمین حجاز سے مشرق کی طرف ہی واقع ہیں اور ضرور تھا کہ حسب پیشگوئی رسول اللہ ﴿۵۹۲﴾
صلی اللہ علیہ وسلم کفر اور کافری انہیں جگہوں سے قوت کے ساتھ اپنا جلوہ دکھاوے انہیں
ممالک میں سے کسی جگہ دجّال خروج کرے اور انہیں میں مسیح بھی نازل ہو کیونکہ جو جگہ محل
کفر اور فتن ہو جائے وہی جگہ صلاح اور ایمان کی بنا ڈالنے کے لئے مقرر ہونی چاہیے سو
ان ممالک مشرقیہ میں سے ملک ہند جیسا زیادہ تر محل کفر اور فتن اور نفاق اور بغض اور کینہ
ہو گیا ہے۔ ایسا ہی وہ زیادہ تر اس بات کے لائق تھا کہ مسیح بھی اسی ملک میں ظہور کرے اور
جیسا کہ سب سے اوّل آدم کے خروج کے بعد اسی ملک پر نظر رحم ہوئی تھی ایسا ہی آخری زمانہ
میں بھی اسی ملک پر نظر رحم ہو۔ اور ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کھلے کھلے طور پر اپنی اُمت کے حق میں فرما دیا تھا کہ تم آخری زمانہ میں بکلی یہودیوں کے

قدم پر قدم رکھ کر یہودی بن جاؤ گے اور یہ بلائیں آخری زمانہ میں سب سے زیادہ مشرقی ملکوں میں پھیلیں گی یعنی ہندوستان وخراسان وغیرہ میں۔ تب اس یہودیت کی بیخ کنی کے لئے مسیح ابن مریم نازل ہوگا یعنی مامور ہو کر آئے گا۔ اور فرمایا کہ جیسا کہ یہ اُمت یہودی بن جائے گی ایسا ہی ابن مریم بھی اپنی صورت مثالی میں اسی اُمت میں سے پیدا ہوگا نہ یہ کہ یہودی تو ﴿۵۹۳﴾ یہ اُمت بنی اور ابن مریم بنی اسرائیل میں سے آوے۔ ایسا خیال کرنے میں سراسر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کسر شان ہے اور نیز آیت ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ [1] کے برخلاف۔ اس جگہ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ متصوفین کے مذاق کے موافق صعود اور نزول کے ایک خاص معنے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ جب انسان خلق اللہ سے بکلّی انقطاع کر کے خدائے تعالیٰ کی طرف جاتا ہے تو اس حالت کا نام متصوفین کے نزدیک صعود ہے اور جب مامور ہو کر نیچے کو اصلاح خلق اللہ کے لئے آتا ہے تو اس حالت کا نام نزول ہے۔ اسی اصطلاحی معنے کے لحاظ سے نزول کا لفظ اختیار کیا گیا ہے اسی کی طرف اشارہ ہے جو اس آیت میں اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ [2]۔ اب اس تمام تحقیقات سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ نے ابن مریم سے مراد وہ ابن مریم ہرگز نہیں لیا جو رسول اللہ تھے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی بلکہ اوّل استعارہ کے طور پر آخری زمانہ کے لوگوں کو یہودی قرار دے کر اور اُن یہودیوں کا ہر یک باب میں مثیل ٹھہرا کر جو حضرت ﴿۵۹۴﴾ مسیح ابن مریم کے وقت میں تھے پھر پہلے استعارہ کے مناسب حال ایک دوسری پیشگوئی بطور استعارہ کے فرما دی کہ جب تم ایسے یہودی بن جاؤ گے تو تمہارے حال کے مناسب حال ایسا ہی ایک مسیح تم میں سے ہی تمہیں دیا جائے گا اور وہ تم میں حَکَم ہوگا اور تمہارے کینہ اور بغض کو دور کر دے گا۔ شیر اور بکری کو ایک جگہ بٹھا دے گا اور سانپوں کی زہر نکال دے گا اور بچے تمہارے سانپوں اور بچھوؤں سے کھیلیں گے اور اُن کی زہر سے ضرر نہیں اُٹھاویں گے۔ یہ تمام اشارات اِسی بات کی طرف ہیں کہ جب مذہبی اختلافات

[1] الواقعة: ۴۰، ۴۱ [2] بنی اسرائیل: ۱۰۶

دور ہو جاویں گے تو یکدفعہ فطرتی محبت کا چشمہ جوش مارے گا اور تباغض اور تحاسد دور ہو جائے گا اور تعصب کی زہریں نکل جائیں گی اور ایک بھائی دوسرے بھائی پر نیک ظن پیدا کرے گا۔ تب اسلام کے دن پھر سعادت اور اقبال کی طرف پھریں گے اور سب مل کر اس کوشش میں لگیں گے کہ اسلام کو بڑھایا جائے اور مسلمانوں کی کثرت ہو جیسا کہ آج کل یہ کوشش ہو رہی ہے کہ مسلمانوں کو جہاں تک ممکن ہے کم کر دیا جائے اور بدسرشت مولویوں کے حکم و فتوے سے
﴿۵۹۵﴾ دین اسلام سے خارج کر دئے جائیں اور اگر ہزار وجہ اسلام کی پائی جائے تو اس سے چشم پوشی کر کے ایک بیہودہ اور بے اصل وجہ کفر کی نکال کر اُن کو ایسا کافر ٹھہرا دیا جائے کہ گویا وہ ہندوؤں اور عیسائیوں سے بدتر ہیں اور نہ صرف شرع کی بداستعمالی سے یہ جدوجہد شروع ہے بلکہ ایسے مادہ کے لوگوں کو الہام بھی ہو رہے ہیں کہ فلاں مسلم کافر ہے اور فلاں مسلم جہنمی ہے اور فلاں ایسا کفر میں غرق ہے کہ ہرگز ہدایت پذیر نہیں ہوگا۔ اور درندگی کے جوشوں کی وجہ سے لعنتوں پر بڑا ازور دیا جاتا ہے اور لعنت بازی کے لئے باہم مسلمانوں کے مباہلہ کے فتوے دئے جاتے ہیں۔ اور یہ سب ملّا یا یوں کہو کہ ایک دوسرے کو کھانے والے کیڑے اس بات کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتے کہ مسلمانوں کے تمام مذاہب میں عام طور پر اختلافات جزئیہ جاری وساری ہیں اور کسی بات میں کوئی خطا پر ہے اور کسی بات میں کوئی۔ اب کیا یہ انسانیت ہے یا ہمدردی اور ترحم میں داخل ہے کہ طریق تصفیہ یہ ٹھہرایا جائے کہ تمام مسلمانوں کیا ائمہ اربعہ کے پیرو اور کیا محدثین کے پیرو اور کیا متصوفین۔ اِن ادنیٰ ادنیٰ اختلافات کی وجہ سے
﴿۵۹۶﴾ مباہلہ کے میدان میں آکر ایک دوسرے پر لعنت کرنا شروع کر دیں۔ اب عقلمند سوچ سکتا ہے کہ اگر مباہلہ اور ملاعنہ کے بعد صاعقہ قہر الٰہی فرقہ مخطیہ پر ضروری الوقوع ہے تو کیا اس کا بجز اس کے کوئی اور نتیجہ ہوگا کہ یکدفعہ خدائے تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ہلاک کر دے گا اور اپنے اپنے اجتہادی خطا کی وجہ سے سب ہلاک کئے جائیں گے۔ یہ نادان کہتے ہیں کہ ابن مسعود نے جو مباہلہ کی درخواست کی تھی اس سے نکلتا ہے کہ مسلمانوں کا باہم مباہلہ

جائز ہے مگر یہ ثابت نہیں کر سکتے کہ ابن مسعود نے اپنے اس قول سے رجوع نہیں کیا اور نہ یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ مباہلہ ہو کر مخطیوں پر یہ عذاب نازل ہوا تھا۔ حق بات یہ ہے کہ ابن مسعود ایک معمولی انسان تھا نبی اور رسول تو نہیں تھا۔ اُس نے جوش میں اگر غلطی کھائی تو کیا اس کی بات کو اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی[1] میں داخل کیا جائے۔ صحابہ کے مشاجرات اور اختلافات پر نظر ڈالو جن کی بعض اوقات سیف وسنان تک نوبت پہنچ گئی تھی۔ حضرت معاویہ بھی تو صحابی ہی تھے جنہوں نے خطا پر جم کر ہزاروں آدمیوں کے خون کرائے۔ اگر ابن مسعود نے خطا کی تو کون سا غضب آ گیا۔ اور بے شک اُس نے اگر جزئی اختلافات میں مباہلہ کی درخواست کی تو سخت خطا کی جبکہ صحابی سے اور باتوں میں خطا ممکن ہے تو کیا پھر مباہلہ کی درخواست میں خطا ممکن نہیں۔ ظاہر ہے کہ صحابہ میں کس قدر اختلافات واقع تھے۔ ﴿۵۹۷﴾
کوئی جساسہ والے دجال کو دجال معہود سمجھتا تھا اور کوئی قسم کھا کر کہتا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے۔ کوئی جسمانی معراج کا قائل تھا اور کوئی اس کو خواب بناتا تھا اور کوئی بعض سورتوں کو جیسے معوذتین قرآن شریف کی جزو سمجھتا تھا اور کوئی اس سے باہر خیال کرتا تھا۔ اب کیا یہ سارے سچ پر تھے اور جب ایک قسم کی کسی سے غلطی ہوئی تو دوسری قسم کی بھی ہو سکتی ہے۔ یہ کیا جہالت ہے کہ صحابی کو بکلی غلطی اور خطا سے پاک سمجھا جائے اور اس کے مجرد اپنے ہی قول کو ایسا قبول کیا جائے جیسا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول قبول کرنا چاہیے۔

**مسلمانو!** آؤ خدا سے **شرماؤ** اور یہ نمونہ اپنی مولویت اور تفقہ کا مت دکھلاؤ۔ مسلمان تو آگے ہی تھوڑے ہیں تم ان تھوڑوں کو اور نہ گھٹاؤ اور کافروں کی تعداد نہ بڑھاؤ۔ اور اگر ہمارے کہنے کا کچھ اثر نہیں تو اپنی ہی تحریرات مطبوعہ کو شرم سے دیکھو اور فتنہ انگیز تقریروں سے باز آؤ۔

[1] النجم: ۵

﴿۵۹۸﴾

# قرآن شریف کی وہ تیس۳۰ آیتیں

## جن سے مسیح ابن مریم کا فوت ہونا ثابت ہوتا ہے

(۱) پہلی آیت۔ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ [۱] یعنی اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا ہوں اور پھر عزت کے ساتھ اپنی طرف اٹھانے والا اور کافروں کی تہمتوں سے پاک کرنے والا ہوں اور تیرے متبعین کو تیرے منکروں پر قیامت تک غلبہ دینے والا ہوں۔

(۲) دوسری آیت جو مسیح ابن مریم کی موت پر دلالت کرتی ہے یہ ہے بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ [۲] یعنی مسیح ابن مریم مقتول اور مصلوب ہو کر مردود اور ملعون لوگوں کی موت سے نہیں مرا جیسا کہ عیسائیوں اور یہودیوں کا خیال ہے بلکہ خدائے تعالیٰ نے ﴿۵۹۹﴾ عزت کے ساتھ اس کو اپنی طرف اٹھا لیا۔ جاننا چاہیے کہ اس جگہ رفع سے مراد وہ موت ہے جو عزت کے ساتھ ہو جیسا کہ دوسری آیت اس پر دلالت کرتی ہے وَ رَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِیًّا [۳] یہ آیت حضرت ادریس کے حق میں ہے اور کچھ شک نہیں کہ اس آیت کے یہی معنے ہیں کہ ہم نے ادریس کو موت دے کر مکان بلند میں پہنچا دیا کیونکہ اگر وہ بغیر موت کے آسمان پر چڑھ گئے تو پھر بوجہ ضرورت موت جو ایک انسان کے لئے ایک لازمی امر ہے یہ تجویز کرنا پڑے گا کہ یا تو وہ کسی وقت اوپر ہی فوت ہو جائیں اور یا زمین پر آ کر فوت ہوں۔ مگر یہ دونوں شق ممتنع ہیں کیونکہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ جسم خاکی موت کے بعد پھر خاک ہی میں داخل کیا جاتا ہے اور خاک ہی کی طرف عود کرتا ہے اور خاک ہی سے اس کا حشر ہوگا۔ اور ادریس کا پھر زمین پر آنا اور دوبارہ آسمان سے

[۱] ال عمران: ۵۶ [۲] النساء: ۱۵۹ [۳] مریم: ۵۸

نازل ہونا قرآن اور حدیث سے ثابت نہیں۔ لہٰذا یہ امر ثابت ہے کہ **رفع** سے مراد اس جگہ موت ہے مگر ایسی موت جو عزت کے ساتھ ہو جیسا کہ مقربین کے لئے ہوتی ہے کہ بعد موت اُن کی روحیں **علّیین** تک پہنچائی جاتی ہیں فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ[۱]۔ ﴿۶۰۰﴾

(۳) تیسری آیت جو حضرت عیسیٰ ابن مریم کے مرنے پر کھلی کھلی گواہی دے رہی ہے یہ ہے فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ[۲] یعنی جب تو نے مجھے وفات دی تو تو ہی اُن پر نگہبان تھا۔ ہم پہلے ثابت کر آئے ہیں کہ تمام قرآن شریف میں **توفّی** کے معنی یہ ہیں کہ روح کو قبض کرنا اور جسم کو بیکار چھوڑ دینا جیسا کہ اللہ جلّ شانُہٗ فرماتا ہے کہ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ[۳] اور پھر فرماتا ہے وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ[۴] اور پھر فرماتا ہے کہ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ[۵] اور پھر فرماتا ہے حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ (الجزو نمبر ۸ سورۃ الاعراف)[۶] اور پھر فرماتا ہے تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا[۷]۔ ایسا ہی قرآن شریف کے تیئیس مقام میں برابر **توفّی** کے معنے اماتت اور قبض روح ہے لیکن افسوس کہ بعض علماء نے محض الحاد اور تحریف کی رو سے اس جگہ تَوَفَّيْتَنِيْ سے مراد رَفَعْتَنِيْ لیا ہے اور اس طرف ذرہ خیال نہیں کیا کہ یہ معنے نہ صرف لغت کے مخالف بلکہ سارے قرآن کے مخالف ہیں۔ پس یہی تو الحاد ہے کہ جن خاص معنوں کا قرآن کریم ﴿۶۰۱﴾ نے اوّل سے آخر تک التزام کیا ہے ان کو بغیر کسی قرینہ قویہ کے ترک کر دیا گیا ہے۔ توفّی کا لفظ نہ صرف قرآن کریم میں بلکہ جابجا احادیث نبویہ میں بھی وفات دینے اور قبض روح کے معنوں پر ہی آتا ہے۔ چنانچہ جب میں نے غور سے صحاح ستہ کو دیکھا تو ہر یک جگہ جو **توفّی** کا لفظ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے نکلا ہے یا کسی صحابی کے منہ سے تو انہیں معنوں میں محدود پایا گیا۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ کسی ایک صحیح حدیث میں بھی کوئی ایسا **توفّی** کا لفظ نہیں ملے گا جس کے کوئی اور معنے ہوں۔ میں نے معلوم کیا ہے کہ اسلام میں

[۱] القمر: ۵۶ [۲] المائدۃ: ۱۱۸ [۳] السجدۃ: ۱۲ [۴] یونس: ۱۰۵ [۵] النساء: ۱۶
[۶] الاعراف: ۳۸ [۷] الانعام: ۶۲

بطور اصطلاح کے قبض روح کے لئے یہ لفظ مقرر کیا گیا ہے تا روح کی بقا پر دلالت کرے۔

افسوس کہ بعض علماء جب دیکھتے ہیں کہ توفّی کے معنے حقیقت میں وفات دینے کے ہیں تو
﴿۲۰۲﴾ پھر یہ دوسری تاویل پیش کرتے ہیں کہ آیت فلمّا توفّیتنی میں جس توفّی کا ذکر ہے وہ حضرت عیسیٰ کے نزول کے بعد واقع ہوگی لیکن تعجب کہ وہ اس قدر تاویلات رکیکہ کرنے سے ذرہ بھی شرم نہیں کرتے۔ وہ نہیں سوچتے کہ آیت فلمّا توفّیتنی سے پہلے یہ آیت ہے وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ[1] الخ اور ظاہر ہے کہ قَال کا صیغہ ماضی کا ہے اور اس کے اوّل اذ موجود ہے جو خاص واسطے ماضی کے آتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ قصہ وقت نزول آیت زمانہ ماضی کا ایک قصہ تھا نہ زمانہ استقبال کا اور پھر ایسا ہی جو جواب حضرت عیسیٰ کی طرف سے ہے یعنی فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ وہ بھی بصیغہ ماضی ہے اور اس قصہ سے پہلے جو بعض دوسرے قصے قرآن کریم میں اسی طرز سے بیان کئے گئے ہیں وہ بھی انہیں معنوں کے مؤید ہیں۔ مثلاً یہ قصہ وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً[2] کیا اس کے یہ معنے کرنے چاہیے کہ خدائے تعالیٰ کسی استقبال کے زمانہ میں ملائکہ سے ایسا سوال کرے گا ماسوا اس کے قرآن شریف اس سے بھرا پڑا ہے اور حدیثیں بھی اس کی مصدق ہیں کہ موت کے بعد قبل از قیامت بھی بطور باز پرس سوالات ہوا کرتے ہیں۔

﴿۲۰۳﴾ (۴) چوتھی آیت جو مسیح کی موت پر دلالت کرتی ہے وہ یہ آیت ہے کہ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ۔[3] اور ہم اسی رسالہ میں اس کی تفسیر بیان کر چکے ہیں۔

(۵) پانچویں یہ آیت ہے مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ[4] (الجزو نمبر ۶) یعنی مسیح صرف ایک رسول ہے اس سے پہلے نبی فوت ہو چکے ہیں اور ماں اس کی صدیقہ ہے جب وہ دونوں زندہ تھے تو طعام کھایا کرتے تھے۔ یہ آیت بھی صریح نص حضرت مسیح کی موت پر ہے کیونکہ اس آیت میں

[1] المائدۃ:۱۱۷ [2] البقرۃ:۳۱ [3] النساء:۱۶۰ [4] المائدۃ:۷۶

بتصریح بیان کیا گیا ہے کہ اب حضرت عیسیٰ اور اُن کی والدہ مریم طعام نہیں کھاتے ہاں کسی زمانہ میں کھایا کرتے تھے جیسا کہ **کَانَا** کا لفظ اس پر دلالت کر رہا ہے جو حال کو چھوڑ کر گذشتہ زمانہ کی خبر دیتا ہے۔ اب ہر یک شخص سمجھ سکتا ہے کہ حضرت مریم طعام کھانے سے اسی وجہ سے روکی گئی کہ وہ
﴿۲۰۴﴾ فوت ہوگئی اور چونکہ **کَانَا** کے لفظ میں جو تثنیہ کا صیغہ ہے حضرت عیسیٰ بھی حضرت مریمؔ کے ساتھ شامل ہیں اور دونوں ایک ہی حکم کے نیچے داخل ہیں لہٰذا حضرت مریم کی موت کے ساتھ اُن کی موت بھی ماننی پڑی کیونکہ آیت موصوفہ بالا میں ہرگز یہ بیان نہیں کیا گیا کہ حضرت مریم تو بوجہ موت طعام کھانے سے روکے گئے لیکن حضرت ابن مریم کسی اَور وجہ سے۔ اور جب ہم اس آیت مذکورہ بالا کو اس دوسری آیت کے ساتھ ملا کر پڑھیں کہ مَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ [1] جس کے یہ معنے ہیں کہ کوئی ہم نے ایسا جسم نہیں بنایا کہ زندہ تو ہو مگر کھانا نہ کھاتا ہو تو اس یقینی اور قطعی نتیجہ تک ہم پہنچ جائیں گے کہ فی الواقعہ حضرت مسیح فوت ہوگئے کیونکہ پہلی آیت سے ثابت ہو گیا کہ اب وہ کھانا نہیں کھاتے اور دوسری آیت بتلا رہی ہے کہ جب تک یہ جسم خاکی زندہ ہے طعام کھانا اس کے لئے ضروری ہے۔ اس سے قطعی طور پر یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ اب وہ زندہ نہیں ہیں۔

(۶) چھٹی یہ آیت ہے وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ [2]۔ اس آیت کا پہلی آیت کے ساتھ ابھی بیان ہو چکا ہے اور درحقیقت یہی اکیلی آیت کافی طور پر مسیح کی
﴿۲۰۵﴾ موت پر دلالت کر رہی ہے کیونکہ جبکہ کوئی جسم خاکی بغیر طعام کے نہیں رہ سکتا یہیؔ سنت اللہ ہے تو پھر حضرت مسیح کیونکر اب تک بغیر طعام کے زندہ موجود ہیں اور اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا [3]۔ اور اگر کوئی کہے کہ اصحاب کہف بھی تو بغیر طعام کے زندہ موجود ہیں۔ تو میں کہتا ہوں کہ اُن کی زندگی بھی اس جہان کی زندگی نہیں۔ مسلم کی حدیث سو برس والی اُن کو بھی مار چکی ہے۔ بیشک ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ

[1،2] الانبیاء :۹ [3] الاحزاب :۶۳

اصحاب کہف بھی شہداء کی طرح زندہ ہیں۔ اُن کی بھی کامل زندگی ہے مگر وہ دنیا کی ایک ناقصہ کثیفہ زندگی سے نجات پا گئے ہیں۔ دنیا کی زندگی کیا چیز ہے اور کیا حقیقت۔ ایک جاہل اِسی کو بڑی چیز سمجھتا ہے اور ہر یک قسم کی زندگی کو جو قرآن شریف میں مذکور و مندرج ہے اِسی کی طرف گھسیٹتا چلا جاتا ہے۔ وہ یہ خیال نہیں کرتا کہ دنیوی زندگی تو ایک ادنیٰ درجہ کی زندگی ہے جس کے ارذل حصہ سے حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پناہ مانگی ہے اور جس کے ساتھ نہایت غلیظ اور مکروہ لوازم لگے ہوئے ہیں۔ اگر ایک انسان کو اس سفلی زندگی سے ایک بہتر زندگی حاصل ہو جائے اور سنت اللہ میں فرق نہ آوے تو اس سے زیادہ اور کون سی خوبی ہے۔ ﴿۶۰۶﴾

(۷) ساتویں آیت یہ ہے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ [1] یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم صرف ایک نبی ہیں ان سے پہلے سب نبی فوت ہو گئے ہیں۔ اب کیا اگر وہ بھی فوت ہو جائیں یا مارے جائیں تو ان کی نبوت میں کوئی نقص لازم آئے گا جس کی وجہ سے تم دین سے پھر جاؤ۔ اس آیت کا ماحصل یہ ہے کہ اگر نبی کے لئے ہمیشہ زندہ رہنا ضروری ہے تو کوئی ایسا نبی پہلے نبیوں میں سے پیش کرو جو اب تک زندہ موجود ہے اور ظاہر ہے۔ کہ اگر مسیح ابن مریم زندہ ہے تو پھر یہ دلیل جو خدائے تعالیٰ نے پیش کی صحیح نہیں ہوگی۔

(۸) آٹھویں یہ آیت ہے وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاۡىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ [2] ۔ یعنی ہم نے تجھ سے پہلے کسی بشر کو ہمیشہ زندہ اور ایک حالت پر رہنے والا نہیں بنایا۔ پس کیا اگر تو مر گیا تو یہ لوگ باقی رہ جائیں گے۔ اس آیت کا مدعا یہ ہے کہ تمام لوگ ایک ہی سنت اللہ کے نیچے داخل ہیں اور کوئی موت سے بچا نہیں اور نہ آئندہ بچے گا۔ اور لغت کے رو سے خلود کے مفہوم میں یہ بات داخل ہے کہ ہمیشہ ایک ہی حالت میں رہے کیونکہ تغیر موت اور زوال کی تمہید ہے پس نفی خلود سے ثابت ہوا ﴿۶۰۷﴾

[1] ال عمران: ۱۴۵ [2] الانبیاء: ۳۵

کہ زمانہ کی تاثیر سے ہر یک شخص کی موت کی طرف حرکت ہے اور پیرانہ سالی کی طرف رجوع اور اس سے مسیح ابن مریم کا بوجہ امتداد زمانہ اور شیخ فانی ہو جانے کی باعث سے فوت ہو جانا ثابت ہوتا ہے۔

(۹) نویں آیت تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ [1] یعنی اس وقت سے جتنے پیغمبر پہلے ہوئے ہیں یہ ایک گروہ تھا جو فوت ہو گیا۔ اُن کے اعمال اُن کے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے اور اُن کے کاموں سے تم نہیں پوچھے جاؤ گے۔

(۱۰) دسویں آیت وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا [2]۔ اس کی تفصیل ہم اسی رسالہ میں بیان کر چکے ہیں۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ انجیلی طریق پر نماز پڑھنے کے لئے حضرت عیسیٰ کو وصیت کی گئی تھی اور وہ آسمان پر عیسائیوں کی طرح نماز پڑھتے ہیں اور حضرت یحییٰ ان کی نماز کی حالت میں اُن کے پاس یونہی پڑے رہتے ہیں مردے جو ہوئے۔ اور جب دنیا میں حضرت عیسیٰ آئیں گے تو برخلاف اس وصیت کے اُمتی بن کر مسلمانوں کی طرح نماز پڑھیں گے۔

(۱۱) گیارھویں آیت وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدتُّ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ ﴿۲۰۸﴾
حَيًّا [3]۔ اس آیت میں واقعات عظیمہ جو حضرت مسیح کے وجود کے متعلق تھے۔ صرف تین بیان کئے گئے ہیں حالانکہ اگر رفع اور نزول واقعات صحیحہ میں سے ہیں تو ان کا بیان بھی ضروری تھا۔ کیا نعوذ باللہ رفع اور نزول حضرت مسیح کا مورد اور محل سلام الٰہی نہیں ہونا چاہیے تھا۔ سو اس جگہ پر خدائے تعالیٰ کا اس رفع اور نزول کو ترک کرنا جو مسیح ابن مریم کی نسبت مسلمانوں کے دلوں میں بسا ہوا ہے صاف اس بات پر دلیل ہے کہ وہ خیال ہیچ اور خلاف واقعہ ہے بلکہ وہ رفع **یوم اموت** میں داخل ہے اور نزول سراسر باطل ہے۔

(۱۲) بارھویں آیت وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا [4]۔ اس آیت میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ سنت اللہ دو ہی طرح سے تم پر جاری ہے۔

[1] البقرۃ:۱۳۵ [2] مریم:۳۲ [3] مریم:۳۴ [4] الحج:۶

﴿۶۰۹﴾ بعض تم میں سے عمر طبعی سے پہلے ہی فوت ہو جاتے ہیں اور بعض عمر طبعی کو پہنچتے ہیں۔ یہاں تک کہ ارذل عمر کی طرف رد کئے جاتے ہیں اور اس حد تک نوبت پہنچتی ہے کہ بعد علم کے نادان محض ہو جاتے ہیں۔ یہ آیت بھی مسیح ابن مریم کی موت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان اگر زیادہ عمر پاوے تو دن بدن ارذل عمر کی طرف حرکت کرتا ہے یہاں تک کہ بچے کی طرح نادان محض ہو جاتا ہے اور پھر مر جاتا ہے۔

(۱۳) تیرھویں یہ آیت ہے وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلَىٰ حِيْنٍ [۱] یعنی تم اپنے جسم خاکی کے ساتھ زمین پر ہی رہو گے یہاں تک کہ اپنے تمتع کے دن پورے کر کے مر جاؤ گے۔ یہ آیت جسم خاکی کو آسمان پر جانے سے روکتی ہے کیونکہ لَكُمْ جو اس جگہ فائدہ تخصیص کا دیتا ہے اس بات پر بصراحت دلالت کر رہا ہے کہ جسم خاکی آسمان پر جا نہیں سکتا بلکہ زمین سے ہی نکلا اور زمین میں ہی رہے گا اور زمین میں ہی داخل ہوگا۔

﴿۶۱۰﴾ (۱۴) چودھویں یہ آیت ہے وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ [۲] ۔یعنی جس کو ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو اُس کی پیدائش کو اُلٹا دیتے ہیں۔ یعنی انسانیت کی طاقتیں اور قوتیں اس سے دور ہو جاتی ہیں۔ حواس میں اس کے فرق آ جاتا ہے۔ عقل اس کی زائل ہو جاتی ہے۔ اب اگر مسیح ابن مریم کی نسبت فرض کیا جائے کہ اب تک جسم خاکی کے ساتھ زندہ ہیں تو یہ ماننا پڑے گا کہ ایک مدت دراز سے اُن کی انسانیت کے قویٰ میں بکلی فرق آ گیا ہوگا اور یہ حالت خود موت کو چاہتی ہے اور یقینی طور پر ماننا پڑتا ہے کہ مدت سے وہ مر گئے ہوں گے۔

(۱۵) پندرھویں آیت یہ ہے اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً [۳] ۔یعنی خدا وہ خدا ہے جس نے تمہیں ضعف سے پیدا کیا پھر ضعف کے بعد قوت دے دی۔ پھر قوت کے بعد ضعف اور پیرانہ سالی دی۔ یہ آیت بھی صریح طور پر اس بات پر دلالت کر رہی ہے

[۱] البقرۃ:۳۷ [۲] یٰسٓ:۶۹ [۳] الروم:۵۵

کہ کوئی انسان اس قانون قدرت سے باہر نہیں اور ہر یک مخلوق اس محیط قانون میں داخل ہے
کہ زمانہ اُس کی عمر پر اثر کر رہا ہے یہاں تک کہ تاثیر زمانہ کی سے وہ پیر فرتوت ہو جاتا ہے ﴿۶۱۱﴾
اور پھر مر جاتا ہے۔

(۱۶) سولھویں آیت یہ ہے۔ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ [1] الخ یعنی اس زندگی دنیا کی مثال یہ ہے کہ جیسے اس پانی کی مثال ہے جس کو ہم آسمان سے اتارتے ہیں پھر زمین کی روئیدگی اس سے مل جاتی ہے پھر وہ روئیدگی بڑھتی اور پھولتی ہے اور آخر کاٹی جاتی ہے یعنی کھیتی کی طرح انسان پیدا ہوتا ہے اوّل کمال کی طرف رخ کرتا ہے پھر اس کا زوال ہوتا جاتا ہے کیا اس قانون قدرت سے مسیح باہر رکھا گیا ہے۔

(۱۷) سترھویں آیت ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ [2] الجزو نمبر ۱۸ سورۃ المومنون یعنی اول رفتہ رفتہ خدائے تعالیٰ تم کو کمال تک پہنچاتا ہے اور پھر تم اپنا کمال پورا کرنے کے بعد زوال کی طرف میل کرتے ہو یہاں تک کہ مر جاتے ہو یعنی تمہارے لئے خدائے تعالیٰ کی طرف سے
یہی قانون قدرت ہے کوئی بشر اس سے باہر نہیں۔ اے خداوند قدیر اپنے اس قانون قدرت ﴿۶۱۲﴾
کے سمجھنے کے لئے اِن لوگوں کو بھی آنکھ بخش جو مسیح ابن مریم کو اس سے باہر سمجھتے ہیں۔

(۱۸) اٹھارھویں آیت اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ [3] الجزو نمبر ۲۳ سورۃ الزمر اِن آیات میں بھی مثال کے طور پر یہ ظاہر کیا ہے کہ انسان کھیتی کی طرح رفتہ رفتہ اپنی عمر کو پورا کر لیتا ہے اور پھر مر جاتا ہے۔

[1] یونس :۲۵ [2] المومنون :۱۶ [3] الزمر :۲۲

(۱۹) اُنیسویں آیت یہ ہے وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ اِلَّاۤ اِنَّهُمۡ لَيَاۡكُلُوۡنَ الطَّعَامَ وَيَمۡشُوۡنَ فِى الۡاَسۡوَاقِ [۱] الجزو نمبر ۱۸ سورۃ الفرقان یعنی ہم نے تجھ سے پہلے جس قدر رسول بھیجے ہیں وہ سب کھانا کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں پھرتے تھے۔ اس آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اب وہ تمام نبی نہ کھانا کھاتے ہیں اور نہ بازاروں میں پھرتے ہیں اور پہلے ہم بہ نصِ قرآنی ثابت کر چکے ہیں کہ دنیوی حیات کے لوازم ﴿۶۱۳﴾ میں سے طعام کا کھانا ہے سو چونکہ وہ اب تمام نبی طعام نہیں کھاتے لہٰذا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ سب فوت ہو چکے ہیں جن میں بوجہ کلمہ حصر مسیح بھی داخل ہے۔

(۲۰) بیسویں آیت یہ ہے وَالَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَا يَخۡلُقُوۡنَ شَيۡـًٔـا وَّهُمۡ يُخۡلَقُوۡنَ اَمۡوَاتٌ غَيۡرُ اَحۡيَآءٍ ۔ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ اَيَّانَ يُبۡعَثُوۡنَ [۲] سورۃ النحل الجزو نمبر ۱۴ یعنی جو لوگ بغیر اللہ کے پرستش کئے جاتے اور پکارے جاتے ہیں وہ کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے بلکہ آپ پیدا شدہ ہیں۔ مر چکے ہیں زندہ بھی تو نہیں ہیں اور نہیں جانتے کہ کب اُٹھائے جائیں گے۔ دیکھو یہ آیتیں کس قدر صراحت سے مسیح اور اُن سب انسانوں کی وفات پر دلالت کر رہی ہیں جن کو یہود اور نصاریٰ اور بعض فرقے عرب کے اپنا معبود ٹھہراتے تھے اور اُن سے دعائیں مانگتے تھے۔ اگر اب بھی آپ ﴿۶۱۴﴾ لوگ مسیح ابن مریم کی وفات کے قائل نہیں ہوتے تو سیدھے یہ کیوں نہیں کہہ دیتے کہ ہمیں قرآن کریم کے ماننے میں کلام ہے۔ قرآن کریم کی آیتیں سن کر پھر وہیں ٹھہر نہ جانا کیا ایمانداروں کا کام ہے۔

(۲۱) اکیسویں آیت یہ ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنۡ رِّجَالِكُمۡ وَلٰـكِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ [۳] یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی مرد کا باپ نہیں ہے مگر وہ رسول اللہ ہے اور ختم کرنے والا نبیوں کا۔ یہ آیت بھی صاف دلالت کر رہی ہے کہ بعد ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔ پس اس سے بھی بکمال وضاحت ثابت ہے کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ دنیا میں آ نہیں سکتا کیونکہ

[۱] الفرقان: ۲۱ [۲] النحل: ۲۱، ۲۲ [۳] الاحزاب: ۴۱

مسیح ابن مریم رسول ہے اور رسول کی حقیقت اور ماہیت میں یہ امر داخل ہے کہ دینی علوم کو بذریعہ جبرائیل حاصل کرے۔ اور ابھی ثابت ہو چکا ہے کہ اب وحیٔ رسالت تا بقیامت منقطع ہے۔ اس سے ضروری طور پر یہ ماننا پڑتا ہے کہ مسیح ابن مریم ہرگز نہیں آئے گا اور یہ امر خود مستلزم اس بات کو ہے کہ وہ مرگیا۔ اور یہ خیال کہ پھر وہ موت کے بعد زندہ ہو گیا مخالف کو کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتا کیونکہ اگر وہ زندہ بھی ہو گیا تاہم اس کی رسالت جو اس کے لئے لازم غیر منفک ہے ﴿۶۱۵﴾
اس کے دنیا میں آنے سے روکتی ہے۔ ماسوا اس کے ہم بیان کر آئے ہیں کہ مسیح کا مرنے کے بعد زندہ ہونا اس قسم کا نہیں جیسا کہ خیال کیا گیا ہے بلکہ شہداء کی زندگی کے موافق ہے جس میں مراتب قرب وکمال حاصل ہوتے ہیں۔ اس قسم کی حیات کا قرآن کریم میں جابجا بیان ہے۔ چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبان سے یہ آیت قرآن شریف میں درج ہے۔ وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ ثُمَّ یُحْیِیْنِ[1] یعنی وہ خدا جو مجھے مارتا ہے اور پھر زندہ کرتا ہے۔ اس موت اور حیات سے مراد صرف جسمانی موت اور حیات نہیں بلکہ اس موت اور حیات کی طرف اشارہ ہے جو سالک کو اپنے مقامات ومنازل سلوک میں پیش آتی ہے۔ چنانچہ وہ خلق کی محبت ذاتی سے مارا جاتا ہے اور خالق حقیقی کی محبت ذاتی کے ساتھ زندہ کیا جاتا ہے اور پھر اپنے رفقاء کی محبت ذاتی سے مارا جاتا ہے اور رفیق اعلیٰ کی محبت ذاتی کے ساتھ زندہ کیا جاتا ہے۔ اور پھر اپنے نفس کی محبت ذاتی سے مارا جاتا ہے اور محبوب حقیقی کی محبت ذاتی کے ﴿۶۱۶﴾
ساتھ زندہ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح کئی موتیں اس پر وارد ہوتی رہتی ہیں اور کئی حیاتیں۔ یہاں تک کہ کامل حیات کے مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے سو وہ کامل حیات جو اس سفلی دنیا کے چھوڑنے کے بعد ملتی ہے وہ جسم خاکی کی حیات نہیں بلکہ اور رنگ اور شان کی حیات ہے۔ **قال اللّٰہ تعالیٰ** وَ اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَۃَ لَھِیَ الْحَیَوَانُ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ الجزو نمبر ۲۱ [2]

[1] الشعراء :۸۲ [2] العنکبوت :۶۵

(۲۲) بائیسویں آیت یہ ہے فَسۡـَٔلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّكۡرِ اِنۡ كُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ [1] یعنی اگر تمہیں ان بعض امور کا علم نہ ہو جو تم میں پیدا ہوں تو اہل کتاب کی طرف رجوع کرو اور اُن کی کتابوں کے واقعات پر نظر ڈالو تا اصل حقیقت تم پر منکشف ہو جاوے۔ سو جب ہم نے موافق حکم اس آیت کے اہل کتاب یعنی یہود اور نصاریٰ کی کتابوں کی طرف رجوع کیا اور معلوم کرنا چاہا کہ کیا اگر کسی نبی گذشتہ کے آنے کا وعدہ دیا گیا ہو تو وہی آ جاتا ہے یا ایسی عبارتوں کے کچھ اَور معنے ہوتے ہیں تو معلوم ہوا کہ اسی امر متنازعہ فیہ کا ہمشکل ایک مقدمہ حضرت مسیح ابن مریم آپ ہی فیصل کر چکے ہیں اور اُن کے فیصلہ کا ہمارے فیصلہ کے ﴿۶۱۷﴾ ساتھ اتفاق ہے۔ دیکھو کتاب سلاطین و کتاب ملاکی نبی اور انجیل جو ایلیا کا دوبارہ آسمان سے اُترنا کس طور سے حضرت مسیح نے بیان فرمایا ہے۔

(۲۳) تیئیسویں آیت يٰۤاَيَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ ارۡجِعِىۡۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً فَادۡخُلِىۡ فِىۡ عِبٰدِىۡ وَادۡخُلِىۡ جَنَّتِىۡ [2] یعنی اے نفس بحق آرام یافتہ اپنے رب کی طرف واپس چلا آ۔ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی۔ پھر اس کے بعد میرے اُن بندوں میں داخل ہو جا جو دنیا کو چھوڑ گئے ہیں اور میرے بہشت کے اندر آ۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ انسان جب تک فوت نہ ہو جائے گزشتہ لوگوں کی جماعت میں ہرگز داخل نہیں ہو سکتا لیکن معراج کی حدیث سے جس کو بخاری نے بھی مبسوط طور پر اپنی صحیح میں لکھا ہے ثابت ہو گیا ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم فوت شدہ نبیوں کی جماعت میں داخل ہے لہٰذا حسب دلالت ﴿۶۱۸﴾ صریحہ اس نص کے مسیح ابن مریم کا فوت ہو جانا ضروری طور پر ماننا پڑا۔ اٰمنا بکتاب اللّٰہ القرآن الکریم و کفرنا بکلّ ما یخالفہٗ ۔ ایّھا الناس اتبعوا ما انزل الیکم من ربّکم و لا تتّبعوا من دونہٖ اولیآء ۔ قد جاء تکم موعظة من ربّکم و شفاء لما فی الصدور. فاتبعوہ و لا تتّبعوا السبل فتفرق بکم عن سبیلہٖ ۔

[1] النحل:۴۴ [2] الفجر:۲۸تا۳۱

(۲۴) چوبیسویں آیت یہ ہے اَللّٰہُ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ ثُمَّ رَزَقَکُمۡ ثُمَّ یُمِیۡتُکُمۡ ثُمَّ یُحۡیِیۡکُمۡ [1] الجزو نمبر ۲۱ سورۃ الروم۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنا قانون قدرت یہ بتلاتا ہے کہ انسان کی زندگی میں صرف چار واقعات ہیں۔ پہلے وہ پیدا کیا جاتا ہے پھر تکمیل اور تربیت کے لئے روحانی اور جسمانی طور پر رزق مقسوم اُسے ملتا ہے پھر اس پر موت وارد ہوتی ہے۔ پھر وہ زندہ کیا جاتا ہے۔ اب ظاہر ہے کہ ان آیات میں کوئی ایسا کلمہ استثنائی نہیں جس کی رو سے مسیح کے واقعات خاصہ باہر رکھے گئے ہوں حالانکہ قرآن کریم اوّل سے آخر تک یہ ﴿۶۱۹﴾ التزام رکھتا ہے کہ اگر کسی واقعہ کے ذکر کرنے کے وقت کوئی فرد بشر باہر نکالنے کے لائق ہو تو فی الفور اس قاعدہ کلیہ سے اس کو باہر نکال لیتا ہے یا اس کے واقعات خاصہ بیان کر دیتا ہے۔

(۲۵) پچیسویں آیت یہ ہے کُلُّ مَنۡ عَلَیۡہَا فَانٍ وَّ یَبۡقٰی وَجۡہُ رَبِّکَ ذُو الۡجَلٰلِ وَ الۡاِکۡرَامِ [2] الجزو نمبر ۲۷ سورۃ الرحمان یعنی ہر یک چیز جو زمین میں موجود ہے اور زمین سے نکلتی ہے وہ معرض فنا میں ہے یعنی دمبدم فنا کی طرف میل کر رہی ہے۔ مطلب یہ کہ ہر یک جسم خاکی کو نابود ہونے کی طرف ایک حرکت ہے اور کوئی وقت اس حرکت سے خالی نہیں۔ وہی حرکت بچہ کو جوان کر دیتی ہے اور جوان کو بڈھا اور بڈھے کو قبر میں ڈال دیتی ہے اور اس قانون قدرت سے کوئی باہر نہیں۔ خدائے تعالیٰ نے فَانٍ کا لفظ استعمال کیا یَفۡنِیۡ نہیں کہا تا معلوم ہو کہ فنا ایسی چیز نہیں کہ کسی آئندہ زمانہ میں یکدفعہ واقعہ ہو گی بلکہ سلسلہ فنا کا ساتھ ساتھ جاری ہے لیکن ہمارے مولوی یہ گمان کر رہے ہیں کہ مسیح ابن مریم اسی فانی جسم کے ساتھ جس میں بموجب ﴿۶۲۰﴾ نص صریح کے ہر دم فنا کام کر رہی ہے بلاتغیر وتبدل آسمان پر بیٹھا ہے اور زمانہ اُس پر اثر نہیں کرتا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بھی مسیح کو کائنات الارض میں سے مستثنیٰ قرار نہیں دیا۔

[1] الروم: ۴۱ [2] الرحمٰن: ۲۷، ۲۸

اے حضرات مولوی صاحبان کہاں گئی تمہاری توحید اور کہاں گئے وہ لمبے چوڑے دعوے اطاعت قرآن کریم کے۔ **ھل منکم رجل فی قلبہ عظمۃ القراٰن مثقال ذرّۃ؟**

(۲۶) چھبیسویں آیت اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ[۱] الجزو نمبر ۲۷ سورۃ القمر یعنی متقی لوگ جو خدائے تعالیٰ سے ڈر کر ہر یک قسم کی سرکشی کو چھوڑ دیتے ہیں وہ فوت ہونے کے بعد جنات اور نہر میں ہیں صدق کی نشست گاہ میں با اقتدار بادشاہ کے پاس۔ اب ان آیات کی رو سے صاف ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ نے دخول جنت اور مقعد صدق میں تلازم رکھا ہے یعنی خدائے تعالیٰ کے پاس پہنچنا اور جنت میں ﴿۶۲۱﴾ داخل ہونا ایک دوسرے کا لازم ٹھہرایا گیا ہے۔ سو اگر رَافِعُکَ اِلَیَّ کے یہی معنے ہیں جو مسیح خدائے تعالیٰ کی طرف اٹھایا گیا تو بلاشبہ وہ جنت میں بھی داخل ہوگیا جیسا کہ دوسری آیت یعنی ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ[۲] جو رافعک الیّ کے ہم معنی ہے بصراحت اسی پر دلالت کر رہی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کی طرف اٹھائے جانا اور گزشتہ مقربوں کی جماعت میں شامل ہو جانا اور بہشت میں داخل ہو جانا یہ تینوں مفہوم ایک ہی آن میں پورے ہو جاتے ہیں۔ پس اس آیت سے بھی مسیح ابن مریم کا فوت ہونا ہی ثابت ہوا۔ **فالحمد للّٰہ الذی احق الحق وابطل الباطل ونصر عبدہ وایّد مامورہ۔**

(۲۷) ستائیسویں آیت یہ ہے اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ[۳] یعنی جو لوگ جنتی ہیں اور اُن کا جنتی ہونا ہماری طرف سے قرار پا چکا ہے۔ وہ دوزخ ﴿۶۲۲﴾ سے دُور کئے گئے ہیں اور وہ بہشت کی دائمی لذّات میں ہیں۔ اس آیت سے مراد

[۱] القمر: ۵۶،۵۵ [۲] الفجر: ۲۹ [۳] الانبیاء: ۱۰۳،۱۰۲

حضرت عزیر اور حضرت مسیح ہیں اور اُن کا بہشت میں داخل ہو جانا اس سے ثابت ہوتا ہے جس سے اُن کی موت بھی بپایہ ثبوت پہنچتی ہے۔

(۲۸) اٹھائیسویں آیت اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ [۱] الجزو نمبر ۵۔ یعنی جس جگہ تم ہو اُسی جگہ موت تمہیں پکڑے گی اگرچہ تم بڑے مرتفع بُرجوں میں بود و باش اختیار کرو۔ اس آیت سے بھی صریح ثابت ہوتا ہے کہ موت اور لوازم موت ہر یک جگہ جسم خاکی پر وارد ہو جاتے ہیں۔ یہی سنت اللہ ہے اور اس جگہ بھی استثناء کے طور پر کوئی ایسی عبارت بلکہ ایک ایسا کلمہ بھی نہیں لکھا گیا ہے جس سے مسیح باہر رہ جاتا۔ پس بلا شبہ یہ اشارۃ النص بھی مسیح ابن مریم کی موت پر دلالت کر رہے ہیں۔ موت کے تعاقب سے مراد زمانہ کا اثر ہے جو ضعف اور پیری یا امراض و آفات منجرہ الی الموت تک پہنچاتا ہے۔ اس سے کوئی نفس مخلوق خالی نہیں۔ ﴿۶۲۳﴾

(۲۹) انتیسویں آیت مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا [۲] یعنی رسول جو کچھ تمہیں علم و معرفت عطا کرے وہ لے لو اور جس سے منع کرے وہ چھوڑ دو۔ لہٰذا اب ہم اس طرف متوجہ ہوتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارہ میں کیا فرمایا ہے۔ سو پہلے وہ حدیث سنو جو مشکوٰۃ میں ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور وہ یہ ہے۔

**وعنہ قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اعمار امتی ما بین الستین الی السبعین واقلھم من یجوز ذالک رواہ الترمذی و ابن ماجہ.**

یعنی اکثر عمریں میری اُمت کی ساٹھ سے ستر برس تک ہوں گی۔ اور ایسے لوگ کمتر ہوں گے جو ان سے تجاوز کریں۔ یہ ظاہر ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم اس اُمت کے شمار میں ہی آ گئے ہیں۔ پھر اتنا فرق کیونکر ممکن ہے کہ اور لوگ ستر برس تک مشکل سے پہنچیں اور اُن کا یہ حال ہو کہ دو ہزار کے قریب اُن کی زندگی کے برس گذر گئے اور اب تک مرنے میں ﴿۶۲۴﴾

[۱] النساء: ۷۹ [۲] الحشر: ۸

نہیں آتے بلکہ بیان کیا جاتا ہے کہ دنیا میں آکر پھر چالیس[۴۴] یا پینتالیس[۴۵] برس زندہ رہیں گے پھر دوسری حدیث مسلم کی ہے جو جابر سے روایت کی گئی ہے اور وہ یہ ہے۔

وعن جابر قال سمعت النّبی صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول قبل ان یموت بشھرٍ تسئلونی عن الساعة و انّما علمھا عند اللّٰہ واقسم باللّٰہ ماعلی الارض من نفسٍ منفوسة یأتی علیھا مائة سنة وھی حیة ۔ رواہ مسلم. اورروایت ہے جابر سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے جو وہ قسم کھا کر فرماتے تھے کہ کوئی ایسی زمین پر مخلوق نہیں جو اس پر سو برس گذرے اور وہ زندہ رہے۔ اس حدیث کے معنے یہ ہیں کہ جو شخص زمین کی مخلوقات میں سے ہو وہ شخص سو برس کے بعد زندہ نہیں رہے گا۔ اور ارض کی قید سے مطلب یہ ہے کہ تا آسمان کی مخلوقات اس سے باہر نکالی جائے لیکن ظاہر ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم آسمان کی مخلوقات میں سے نہیں ہیں بلکہ وہ زمین کی مخلوقات ﴿۶۲۵﴾
اور ماعلی الارض میں داخل ہیں۔ حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ اگر کوئی جسم خاکی زمین پر رہے تو فوت ہو جائے گا اور اگر آسمان پر چلا جائے تو فوت نہیں ہوگا کیونکہ جسم خاکی کا آسمان پر جانا تو خود بموجب نص قرآن کریم کے ممتنع ہے بلکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو زمین پر پیدا ہوا اور خاک میں سے نکلا وہ کسی طرح سو برس سے زیادہ نہیں رہ سکتا۔

(۳۰) تیسویں آیت یہ ہے اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ .... قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا [۱]۔ یعنی کفار کہتے ہیں کہ تو آسمان پر چڑھ کر ہمیں دکھلا تب ہم ایمان لے آویں گے۔ اِن کو کہہ دے کہ میرا خدا اس سے پاک تر ہے کہ اس دار الابتلاء میں ایسے کھلے کھلے نشان دکھاوے اور میں بجز اس کے اور کوئی نہیں ہوں کہ ایک آدمی۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ کفار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آسمان پر چڑھنے کا نشان مانگا تھا اور انہیں صاف جواب ملا کہ یہ عادت اللہ نہیں کہ کسی جسم خاکی کو ﴿۶۲۶﴾

[۱] بنی اسرائیل :۹۴

آسمان پر لے جاوے۔اب اگر جسم خاکی کے ساتھ ابن مریم کا آسمان پر جانا صحیح مان لیا جائے تو یہ جواب مذکورہ بالا سخت اعتراض کے لائق ٹھہر جائے گا اور کلام الٰہی میں تناقض اور اختلاف لازم آئے گا لہٰذا قطعی اور یقینی یہی امر ہے کہ حضرت مسیح **بجسدہ العنصری** آسمان پر نہیں گئے بلکہ موت کے بعد آسمان پر گئے ہیں۔ بھلا ہم ان لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ کیا موت کے بعد حضرت یحیٰی اور حضرت آدم اور حضرت ادریس اور حضرت ابراہیم اور حضرت یوسف وغیرہ آسمان پر اٹھائے گئے تھے یا نہیں۔اگر نہیں اٹھائے گئے تو پھر کیوں کر معراج کی رات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن سب کو آسمانوں میں دیکھا اور اگر اٹھائے گئے تھے تو پھر ناحق مسیح ابن مریم کی رفع کے کیوں اور طور پر معنے کئے جاتے ہیں۔تعجب کہ **توفّی** کا لفظ جو صریح وفات پر دلالت کرتا ہے جابجا اُن کے حق میں موجود ہے اور اٹھائے جانے کا نمونہ بھی بدیہی طور پر کھلا ہے کیونکہ وہ انہیں فوت شدہ لوگوں میں جا ملے جو اُن سے پہلے اٹھائے گئے تھے۔اور اگر کہو کہ وہ لوگ اٹھائے نہیں گئے تو میں کہتا ہوں کہ وہ پھر آسمان میں کیوں کر پہنچ گئے آخر اٹھائے گئے تبھی تو آسمان میں پہنچے۔کیا تم قرآن شریف میں یہ آیت نہیں پڑھتے ﴿۶۲۷﴾
وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا[1]۔کیا یہ وہی رفع نہیں ہے جو مسیح کے بارہ میں آیا ہے؟ کیا اس کے اٹھائے جانے کے معنے نہیں ہیں فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ۔

# حضرات غزنوی اور مولوی محی الدین صاحب
# کے
# الہامات کے بارے میں کچھ مختصر تحریر

میاں عبدالحق صاحب غزنوی اور مولوی محی الدین صاحب لکھو والے اس عاجز کے حق میں لکھتے ہیں کہ ہمیں الہام ہوا ہے کہ یہ شخص جہنمی ہے۔ چنانچہ عبدالحق صاحب کے الہام میں تو صریح **سیصلٰی نارًا ذات لھبٍ** موجود ہے اور محی الدین صاحب کو یہ الہام ہوا ہے ﴿۶۲۸﴾

[1] مریم: ۵۸

کہ یہ شخص ایسا ملحد اور کافر ہے کہ ہرگز ہدایت پذیر نہیں ہوگا۔ اور ظاہر ہے کہ جس کافر کا مآل کار کفر ہی ہو وہ بھی جہنمی ہی ہوتا ہے۔ غرض ان دونوں صاحبوں نے کہ خدا انہیں بہشت نصیب کرے اس عاجز کی نسبت جہنم اور کفر کا فتویٰ دے دیا اور بڑے زور سے اپنے الہامات کو شائع کر دیا۔ ہم اس جگہ ان صاحبوں کے الہامات کی نسبت کچھ زیادہ لکھنا ضروری نہیں سمجھتے۔ صرف اس قدر تحریر کرنا کافی ہے کہ الہام رحمانی بھی ہوتا ہے اور شیطانی بھی۔ اور جب انسان اپنے نفس اور خیال کو دخل دے کر کسی بات کے استکشاف کے لئے بطور استخارہ واستخبارہ وغیرہ کے توجہ کرتا ہے خاص کر اس حالت میں کہ جب اس کے دل میں یہ تمنا مخفی ہوتی ہے کہ میری مرضی کے موافق کسی کی نسبت کوئی بُرا یا بھلا کلمہ بطور الہام مجھے معلوم ہو جائے تو شیطان اُس وقت اُس کی آرزو میں دخل دیتا ہے اور کوئی کلمہ اس کی زبان پر جاری ہو جاتا ہے اور دراصل وہ شیطانی کلمہ ہوتا ہے۔ یہ دخل کبھی انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے مگر وہ بلاتوقف نکالا جاتا ہے۔ اسی کی طرف اللہ جلّ شانہٗ قرآن کریم میں اشارہ فرماتا ہے ﴿۶۲۹﴾
وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ وَّلَا نَبِىٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلۡقَى الشَّيۡطٰنُ فِىۡۤ اُمۡنِيَّتِهٖ الخ [۱]
ایسا ہی انجیل میں بھی لکھا ہے کہ شیطان اپنی شکل نوری فرشتوں کے ساتھ بدل کر بعض لوگوں کے پاس آجاتا ہے۔ دیکھو خط دوم قرنتھیاں باب ۱۱ آیت ۱۴۔ اور مجموعہ توریت میں سے سلاطین اول باب بائیس آیت انیس میں لکھا ہے کہ ایک بادشاہ کے وقت میں چار سو نبی نے اس کی فتح کے بارہ میں پیشگوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور بادشاہ کو شکست آئی بلکہ وہ اُسی میدان میں مر گیا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا نوری فرشتہ کی طرف سے نہیں تھا اور ان نبیوں نے دھوکا کھا کر ربانی سمجھ لیا تھا۔ اب خیال کرنا چاہیے کہ جس حالت میں قرآن کریم کی رو سے الہام اور وحی میں دخل شیطان ممکن ہے اور پہلی کتابیں توریت اور انجیل اس دخل کی مصدق ہیں اور اسی بناء پر

[۱] الحج: ۵۳

الہام ولایت یا الہام عامہ مومنین بجز موافقت و مطابقت قرآن کریم کے حجت بھی نہیں تو
پھر ناظرین کے لئے غور کا مقام ہے کہ کیوں کر اور کن علامات بیّنہ سے میاں عبدالحق صاحب ﴿۶۳۰﴾
اور میاں محی الدین صاحب نے اپنے الہامات کو رحمانی الہامات سمجھ لیا ہے۔ اُن کے الہامات
کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص عیسیٰ بن مریم کی وفات کا قائل ہو اور دنیا میں انہیں کا دوبارہ آنا
تسلیم نہ کرے وہ کافر ہے لیکن ناظرین اب اس رسالہ کو پڑھ کر بطور حق الیقین سمجھ جائیں گے
کہ درحقیقت واقعی امر جو قرآن شریف سے ظاہر ہو رہا ہے یہی ہے کہ سچ مچ حضرت مسیح
ابن مریم فوت ہی ہو گئے اور فوت شدہ جماعت میں صدہا سال سے داخل ہیں۔ سو بڑی اور
بھاری نشانی میاں محی الدین اور میاں عبدالحق کے شیطانی الہام کی یہ نکل آئی کہ اُن کے اس
خیال کا قرآن شریف مکذب ہے اور شمشیر برہنہ لے کر مقابلہ کر رہا ہے۔ اب اس سے یقینی
طور پر ثابت ہو گیا کہ ابلیس مکار نے کسی اندرونی مناسبت کی وجہ سے اِن دونوں صاحبوں کو
استخارہ کے وقت جا پکڑا اور قرآن کریم کے منشاء کے برخلاف اُن کو تعلیم دی۔ بھلا اگر اِن
صاحبوں کے یہ الہامات سچے ہیں تو اب قرآن کریم کی رو سے مسیح ابن مریم کا زندہ ہونا ثابت
کر کے دکھلاویں اور ہم دس یا بیس آیتوں کا مطالبہ نہیں کرتے صرف ایک آیت ہی زندہ ﴿۶۳۱﴾
ہونے کے بارے میں پیش کریں۔ اور جس فرشتہ نے اس عاجز کے جہنمی یا کافر ہونے کے
بارے میں جھٹ پٹ ان کے کانوں تک دو تین فقرے پہنچا دئے تھے اب اُسی سے
درخواست کریں کہ ہماری مدد کر۔ اور کچھ شک نہیں کہ اگر وہ الہام خدائے تعالیٰ کی طرف سے
ہے تو کم سے کم تنیس۳۰ آیت حضرت عیسیٰ کے زندہ ہونے کے بارے میں فی الفور القاء ہو جائیں
گی کیونکہ ہم نے بھی تو تنیس۳۰ آیت اُن کے مرنے کے ثبوت میں پیش کی ہیں لیکن یاد رکھنا
چاہیے کہ یہ لوگ ایک بھی آیت پیش نہیں کر سکیں گے کیونکہ اُن کے الہامات شیطانی ہیں
اور حزب شیطان ہمیشہ مغلوب ہے۔ وہ بے چارہ لعنتوں کا مارا خود کمزور اور ضعیف ہے

پھر دوسروں کی کیا مدد کرے گا۔

ماسوا اس کے یہ بھی یاد رہے کہ رحمانی الہامات اپنے بابرکت نشانوں سے شناخت کئے جاتے ہیں۔ کوئی دعویٰ بغیر دلیل کے قبول کرنے کے لائق نہیں ہوتا۔ خداوند علیم وحکیم اس بات کو خوب جانتا ہے کہ اس عاجز نے صرف ایسی صورت میں اپنے الہامات کو منجانب اللہ ﴿۶۳۲﴾ سمجھا کہ جب صدہا الہامی پیشگوئیاں روز روشن کی طرح پوری ہوگئیں۔ سو جو شخص اس عاجز کے مقابل پر کھڑا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے الہامات کے منجانب اللہ ہونے کے اثبات میں میری طرح کسی قدر پیشگوئیاں بیان کرے۔ بالخصوص ایسی پیشگوئیاں جو فضل اور احسان باری تعالیٰ پر دلالت کرتی ہوں۔ کیونکہ مقبولین کی شناخت کے لئے ایسی ہی پیشگوئیاں عمدہ دلیل ہیں جو کسی آئندہ عنایات بیّنہ کا وعدہ دیتی ہوں۔ وجہ یہ کہ خدا تعالیٰ انہیں پر فضل و احسان کرتا ہے جن کو بنظر عنایت دیکھتا ہے۔

جن پیشگوئیوں کی سچائی پر میری سچائی کا حصر ہے وہ یہ ہیں کہ خدائے تعالیٰ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تو مغلوب ہو کر یعنی بظاہر مغلوبوں کی طرح حقیر ہو کر پھر آخر غالب ہو جائے گا اور انجام تیرے لئے ہوگا اور ہم وہ تمام بوجھ تجھ سے اتار لیں گے جس نے تیری کمر توڑ دی۔ خدا تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ تیری توحید تیری عظمت تیری کمالیت پھیلاوے خدا تعالیٰ تیرے چہرہ کو ظاہر کرے گا اور تیرے سایہ کو لمبا کر دے گا۔ دنیا میں ایک نذیر آیا ﴿۶۳۳﴾ پر دنیا نے اُسے قبول نہ کیا لیکن خدا اُسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا۔ عنقریب اسے ایک ملک عظیم دیا جائے گا (یعنی اُس کو قبولیت بخشی جائے گی اور خلق کثیر کے دل اس کی طرف مائل کئے جائیں گے) اور خزائن اُس پر کھولے جائیں گے (یعنی خزائن معارف وحقائق کھولے جائیں گے کیونکہ آسمانی مال جو خدائے تعالیٰ کے خاص بندوں کو ملتا ہے جس کو وہ دنیا میں تقسیم کرتے ہیں۔ دنیا کا درم و دینار نہیں بلکہ حکمت و معرفت ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ نے اس کی طرف اشارہ کر کے

فرمایا ہے کہ یُؤْتِی الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا [1] خیر مال کو کہتے ہیں۔ سو پاک مال حکمت ہی ہے جس کی طرف حدیث نبوی میں بھی اشارہ ہے کہ انّما انا قاسم و اللّٰہ ھو المُعطی. یہی مال ہے جو مسیح موعود کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے ) یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے اور تمہاری آنکھوں میں عجیب۔ ہم عنقریب تم میں ہی اور تمہارے اردگرد نشان دکھلاویں گے حجت قائم ہو جائے گی اور فتح کھلی کھلی ہوگی۔ کیا یہ

لوگ کہتے ہیں کہ ہم لوگ ایک بھاری جماعت ہیں یہ سب بھاگ جائیں گے اور پیٹھ پھیر لیں ﴿۶۳۴﴾

گے اگر لوگ تجھے چھوڑ دیں گے پر میں نہیں چھوڑوں گا اور اگر لوگ تجھے نہیں بچائیں گے پر میں بچاؤں گا میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اور قدرت نمائی سے تجھے اٹھاؤں گا اے ابراہیم تجھ پر سلام ہم نے تجھے خالص دوستی کے ساتھ چن لیا۔ خدا تیرے سب کام درست کر دے گا اور تیری ساری مرادیں تجھے دے گا تو مجھ سے ایسا ہے جیسی میری توحید اور تفرید۔ خدا ایسا نہیں جو تجھے چھوڑ دے۔ جب تک وہ خبیث کو طیب سے جدا نہ کرے۔ وہ تیرے مجد کو زیادہ کرے گا اور تیری ذریت کو بڑھائے گا اور من بعد تیرے خاندان کا تجھ سے ہی ابتدا قرار دیا جائے گا میں تجھے زمین کے کناروں تک عزت کے ساتھ شہرت دوں گا اور تیرا ذکر بلند کروں گا اور تیری محبت دلوں میں ڈال دوں گا۔ جعلناک المسیح ابن مریم ( ہم نے تجھ کو مسیح ابن مریم بنایا ) ان کو کہہ دے کہ میں عیسیٰ کے قدم پر آیا ہوں۔ یہ کہیں گے کہ ہم نے پہلوں سے ایسا نہیں سنا۔ سو تو ان کو جواب دے کہ تمہارے معلومات وسیع نہیں خدا بہتر جانتا ہے۔ تم ظاہر

لفظ اور ابہام پر قانع ہو اور اصل حقیقت تم پر مکشوف نہیں۔ جو شخص کعبہ کی بنیاد کو ایک حکمت الٰہی ﴿۶۳۵﴾

کا مسئلہ سمجھتا ہے وہ بڑا عقلمند ہے کیونکہ اس کو اسرار ملکوتی سے حصہ ہے۔ ایک اولی العزم پیدا ہوگا۔ وہ حسن اور احسان میں تیرا نظیر ہوگا وہ تیری ہی نسل سے ہوگا۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند

[1] البقرة: ۲۷۰

**مظھر الحق والعُلاء کانّ اللّٰہ نزل من السماء.**
**یاتی علیک زمان مختلف بازواج مختلفۃ وتریٰ نسلا بعیدا ولنحیینک حیٰوۃً طیّبۃ. ثمانین حولًا او قریبًا من ذالک. انک باعیننا سمیتک المتوکل یحمدک اللّٰہ من عرشہٖ. کذّبوا باٰیٰتنا وکانوا بھا یستھزء ون سیکفیکھم اللہ ویردھا الیک لا تبدیل لکلمات اللّٰہ ان ربک فعال لما یرید۔**
یہ عبارت اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۷ء☆ کی پیشگوئی کی ہے۔
اب جس قدر میں نے بطور نمونہ کے پیشگوئیاں بیان کی ہیں۔ درحقیقت میرے صدق یا کذب کے آزمانے کے لئے یہی کافی ہے اور جو شخص اپنے تئیں ملہم قرار دے کر مجھے کاذب اور جہنمی خیال کرتا ہے اُس کے لئے فیصلہ کا طریق یہ ہے کہ وہ بھی اپنی نسبت چندایسے اپنے الہامات کسی اخبار وغیرہ کے ذریعہ سے شائع کرے جس میں ایسی ہی صاف اور صریح ﴿۶۳۶﴾
پیشگوئیاں ہوں۔ تب خود لوگ ظہور کے وقت اندازہ کرلیں گے کہ کون شخص مقبول الٰہی ہے اور کون مردود الٰہی۔ ورنہ صرف دعووں سے کچھ ثابت نہیں ہوسکتا۔ اور خدائے تعالیٰ کی عنایات خاصہ میں سے ایک یہ بھی مجھ پر ہے کہ اُس نے علم حقائق و معارف قرآنی مجھ کو عطا کیا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ مطہرین کی علامتوں میں سے یہ بھی ایک عظیم الشان علامت ہے کہ علم معارف قرآن حاصل ہو کیونکہ اللہ جلَّ شَانُہٗ فرماتا ہے لَا یَمَسُّہٗۤ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ[۱] سو فریق مخالف پر یہ بھی لازم ہے کہ جس قدر میں اب تک معارف قرآن کریم اپنی متفرق کتابوں میں بیان کر چکا ہوں۔ اس کے مقابل پر کچھ اپنے معارف کا نمونہ دکھلاویں اور کوئی رسالہ چھاپ کر مشتہر کریں تا لوگ دیکھ لیں کہ جو دقائق علم و معرفت اہل اللہ کو ملتے ہیں وہ کہاں تک اُن کو حاصل ہیں مگر بشرطیکہ کتابوں کی نقل نہ ہو۔
﴿۶۳۷﴾ ناظرین پر واضح رہے کہ میاں عبد الحق نے مباہلہ کی بھی درخواست کی تھی لیکن اب تک میں نہیں سمجھ سکتا کہ ایسے اختلافی مسائل میں جن کی وجہ سے کوئی فریق کا فریا ظالم

☆ سہو کتابت ہے" ۱۸۸۸ء "ہونا چاہیے بمطابق روحانی خزائن جلد۵ صفحہ ۲۸۸۔ (ناشر)

[۱] الواقعۃ: ۸۰

نہیں ٹھہر سکتا کیوں کر مباہلہ جائز ہے۔ قرآن کریم سے ظاہر ہے کہ مباہلہ میں دونوں فریق کا اس بات پر یقین چاہیے کہ فریق مخالف میرا کاذب ہے یعنی عمداً سچائی سے روگرداں ہے مخطی نہیں ہے تا ہر یک فریق **لعنت اللّٰہ علی الکاذبین** کہہ سکے۔ اب اگر میاں عبدالحق اپنے قصور فہم کی وجہ سے مجھے کاذب خیال کرتے ہیں لیکن میں انہیں کاذب نہیں کہتا بلکہ مخطی جانتا ہوں اور مخطی مسلمان پر لعنت جائز نہیں۔ کیا بجائے **لعنت اللّٰہ علی الکاذبین** یہ کہنا جائز ہے کہ **لعنت اللّٰہ علی المخطئین**۔ کوئی مجھے سمجھاوے کہ اگر میں مباہلہ میں فریق مخالف حق پر لعنت کروں تو کس طور سے کروں۔ اگر میں لعنت اللہ علی الکاذبین کہوں تو یہ صحیح نہیں کیونکہ میں اپنے مخالفین کو کاذب تو نہیں سمجھتا بلکہ ماوّل مخطی سمجھتا ہوں جو نصوص کو اُن کے ظاہر سے پھیر کر بلا قیام قرینہ باطن کی طرف لے جاتے ہیں اور کذب اس شے کا نام ہے جو عمداً اپنے بیان میں اس یقین کی مخالفت کی جائے جو دل میں حاصل ہے مثلاً ایک شخص کہتا ہے ﴿۶۳۸﴾ کہ آج مجھے روزہ ہے اور خوب جانتا ہے کہ ابھی میں روٹی کھا کے آیا ہوں سو یہ شخص کاذب ہے۔ غرض کذب اور چیز ہے اور خطا اور چیز۔ اور خدائے تعالیٰ فرماتا ہے کہ کاذبوں پر لعنت کرو۔ یہ تو نہیں فرماتا کہ **مخطیوں** پر لعنت کرو۔ اگر مخطی سے مباہلہ اور ملاعنہ جائز ہوتا تو اسلام کے تمام فرقے جو باہم اختلاف سے بھرے ہوئے ہیں۔ بے شک باہم مباہلہ و ملاعنہ کر سکتے تھے اور بلاشبہ اس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ اسلام کا روئے زمین سے خاتمہ ہو جاتا۔ اور مباہلہ میں جماعت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ نص قرآن کریم جماعت کو ضروری ٹھہراتی ہے لیکن میاں عبدالحق نے اب تک ظاہر نہیں کیا کہ مشاہیر علماء کی جماعت اس قدر میرے ساتھ ہے جو مباہلہ کے لئے تیار ہے اور نساء ابناء بھی ہیں۔ پھر جب شرائط مباہلہ متحقق نہیں تو مباہلہ کیونکر ہو۔ اور مباہلہ میں یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ اوّل ازالہ شبہات کیا جائے بجز اس صورت کے کہ کاذب قرار دینے میں کوئی تامل اور شبہ کی جگہ باقی نہ ہو لیکن میاں عبدالحق بحث مباحثہ کا تو نام تک بھی نہیں لیتے۔

ایک پُرانا خیال جو دل میں جما ہوا ہے کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم آسمان سے نازل ہوں گے اِسی ﴿۶۳۹﴾
خیال کو اس طرح پر سمجھ لیا ہے کہ گویا سچ مچ حضرت مسیح ابن مریم رسول اللہ جن پر انجیل نازل
ہوئی تھی کسی زمانہ میں آسمان سے اتریں گے حالانکہ یہ ایک بھاری غلطی ہے۔ جو شخص فوت
ہو چکا اور جس کا فوت ہونا قرآن کریم کی تیس آیات سے بپایہ ثبوت پہنچ گیا وہ کہاں سے اب
زمین پر آجائے گا۔ قرآن شریف کی آیات بیّنات محکمات کو کونسی حدیث منسوخ کر دے گی۔
فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَ اللّٰہِ وَ اٰیٰتِہٖ یُؤۡمِنُوۡنَ [1] سچ ہے کہ خدا تعالیٰ زندہ کرنے پر قادر ہے مگر
یہ قدرت اس کی وعدہ کے مخالف ہے۔ اُس نے صریح اور صاف لفظوں میں فرما دیا ہے کہ جو
لوگ مر گئے پھر دنیا میں نہیں آیا کرتے۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے فَیُمۡسِکُ الَّتِیۡ قَضٰی
عَلَیۡہَا الۡمَوۡتَ [2] اور جیسا کہ فرماتا ہے ثُمَّ اِنَّکُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ تُبۡعَثُوۡنَ [3] الجزو نمبر ۱۸
یعنی تم مرنے کے بعد قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے اور جیسا کہ فرماتا ہے حَرٰمٌ عَلٰی قَرۡیَۃٍ
اَہۡلَکۡنٰہَاۤ اَنَّہُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ [4] اور جیسا کہ فرماتا ہے وَ مَا ہُمۡ مِّنۡہَا بِمُخۡرَجِیۡنَ [5]۔
اور اگر یہ کہو کہ معجزہ کے طور پر مردے زندہ ہوتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ حقیقی ﴿۶۴۰﴾
موت نہیں ہوگی بلکہ غشی یا نیند وغیرہ کی قسم سے ہوگی کیونکہ مَاتَ کے معنے لغت میں نَامَ کے
بھی ہیں دیکھو قاموس۔ غرض وہ موتیٰ جو ایک دم کے لئے زندہ ہو گئے ہوں وہ حقیقی موت
سے باہر ہیں۔ اور کوئی اِس بات کا ثبوت نہیں دے سکتا کہ کبھی حقیقی اور واقعی طور پر کوئی مردہ
زندہ ہو گیا اور دنیا میں واپس آیا اور اپنا ترکہ مقسومہ واپس لیا اور پھر دنیا میں رہنے لگا اور
خود موت کا لفظ قرآن کریم میں ذوالوجوہ ہے۔ کافر کا نام بھی مردہ رکھا ہے۔ اور ہوا و ہوس
سے مرنا بھی ایک قسم کی موت ہے اور قریب الموت کا نام بھی میّت ہے۔ اور یہی تینوں
وجوہ استعمال حیات میں بھی پائی جاتی ہیں۔ یعنی حیات بھی تین قسم کی ہیں لیکن آیت
فَیُمۡسِکُ الَّتِیۡ قَضٰی عَلَیۡہَا الۡمَوۡتَ بیّنات محکمات میں سے ہے اور نہ صرف ایک آیت

[1] الجاثیۃ:۷ [2] الزمر:۴۳ [3] المؤمنون:۱۷ [4] الانبیاء:۹۶ [5] الحجر:۴۹

بلکہ اس قسم کی بہت سی آیات قرآن شریف میں موجود ہیں کہ جو مر گیا وہ ہرگز پھر دنیا میں واپس نہیں آئے گا۔ اور یہ تو ظاہر ہو چکا کہ حضرت مسیح فی الواقعہ فوت ہو چکے ہیں۔ پھر باوجود اس قرینہ صحیحہ بیّنہ کے اگر حدیثوں میں ابن مریم کے نزول کا ذکر آیا ہے تو کیا یہ عقلمندی ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ وہی ابن مریم رسول اللہ آسمان سے اُتر آئے گا۔ مثلاً دیکھئے کہ اللہ جلّ شانہٗ سورۂ بقر میں فرماتا ہے کہ اے بنی اسرائیل ہماری اس نعمت کو یاد کرو کہ ہم نے آل فرعون سے تمہیں چھڑایا تھا جب وہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو رکھ لیتے تھے اور وہ زمانہ یاد کرو جب دریا نے تمہیں راہ دیا تھا اور فرعون اس کے لشکر کے سمیت غرق کیا گیا تھا اور وہ زمانہ یاد کرو جب تم نے موسیٰ کو کہا تھا کہ ہم بغیر دیکھے خدا پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور وہ زمانہ یاد کرو جب ہم نے تمہیں بدلی کا سایہ دیا اور تمہارے لئے من وسلویٰ اتارا اور وہ زمانہ یاد کرو جب ہم نے تم سے عہد لیا اور کوہ طور تمہارے سر کے اوپر ہم نے رکھا تھا پھر تم نے سرکشی اختیار کی۔ اور وہ زمانہ یاد کرو جب ہم نے تم سے عہد لیا تھا کہ تم نے خون نہ کرنا اور اپنے عزیزوں کو اُن کے گھروں سے نہ نکالنا اور تم نے اقرار کر لیا تھا کہ ہم اس عہد پر قائم رہیں گے لیکن تم پھر بھی ناحق کا خون کرتے اور اپنے عزیزوں کو ان کے گھروں سے نکالتے رہے۔ تمہاری یہی عادت رہی کہ جب کوئی نبی تمہاری طرف بھیجا گیا تو بعض کو تم نے جھٹلایا اور بعض کے درپے قتل ہوئے یا قتل ہی کر دیا۔

﴿۶۴۱﴾ ﴿۶۴۲﴾

اب فرمایئے کہ اگر یہ کلمات بطور استعارہ نہیں ہیں اور ان تمام آیات کو ظاہر پر حمل کرنا چاہیے تو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ جو لوگ درحقیقت ان آیات کے مخاطب ہیں جن کو آل فرعون سے نجات دی گئی تھی اور جن کو دریا نے راہ دیا تھا اور جن پر من وسلویٰ اتارے گئے تھے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک زندہ ہی تھے

یا مرنے کے بعد پھر زندہ ہو کر آ گئے تھے۔کیا آپ لوگ جب مسجدوں میں بیٹھ کر قرآن کریم کا
ترجمہ پڑھاتے ہیں تو ان آیات کے معنے یہ سمجھایا کرتے ہیں کہ اِن آیات کے مخاطبین ہی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد رسالت تک بقید حیات تھے یا قبروں سے زندہ ہو کر پھر دنیا
میں آ گئے تھے۔ اگر کوئی طالب علم آپ سے سوال کرے کہ اِن آیات کے ظاہر مفہوم سے تو
یہی معنے نکلتے ہیں کہ مخاطب وہی لوگ ہیں جو حضرت موسیٰ اور دوسرے نبیوں کے وقت موجود
تھے کیا اب یہ اعتقاد رکھا جائے کہ وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں زندہ تھے ﴿۶۴۳﴾
یا زندہ ہو کر پھر دنیا میں آ گئے تھے۔تو کیا آپ کا یہی جواب نہیں کہ بھائی وہ تو سب فوت ہو گئے
اور اب مجازی طور پر مخاطب اُن کی نسل ہی ہے جو اُن کے کاموں پر راضی ہے گویا انہیں کا وجود
ہے یا یوں کہو کہ گویا وہی ہیں۔تو اب سمجھ لو کہ یہی مثال ابن مریم کے نزول کی ہے۔سنت اللہ
اسی طرح پر ہے کہ مراتب وجود دَوری ہیں اور بعض کے ارواح بعض کی صورت مثالی لے کر
اس عالم میں آتے ہیں اور روحانیت ان کی بکلی ایک دوسرے پر منطبق ہوتی ہے۔آیت
تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ [1] کو غور سے پڑھو اس بات کو خوب غور سے سوچنا چاہیے کہ ابن مریم
کے آنے کی اس اُمت میں کیا ضرورت تھی اور یہ بات کس حکمت اور سرمخفی پر مبنی ہے کہ
ابن مریم کے آنے کی خبر دی گئی داؤد یا موسیٰ یا سلیمان کے آنے کی خبر نہیں دی گئی۔اس کی
کیا حقیقت ہے اور کیا اصل ہے اور کیا بھید ہے۔سو جب ہم عمیق نگاہ سے دیکھتے ہیں اور سطحی
خیال کو چھوڑ کر غور کرتے کرتے بحر تدبر اور تفکر میں بہت نیچے چلے جاتے ہیں تو اس گہرا
غوطہ مارنے سے یہ گوہر معرفت ہمارے ہاتھ آتا ہے کہ اس پیشگوئی کے بیان کرنے سے اصل ﴿۶۴۴﴾
مطلب یہ ہے کہ تا محمد مصطفیٰ حبیب اللہ اور موسیٰ کلیم اللہ میں جو عنداللہ مماثلت تامہ ہے اور
اُن کی اُمتوں پر جو احسانات حضرت احدیت متشابہ اور متشاکل طور پر واقع ہیں اُن کو بتصریح
بپایہ ثبوت پہنچایا جائے۔اور ظاہر ہے کہ موسوی شریعت کے آخری زمانہ میں بہت کچھ

[1] البقرة:۱۱۹

فساد یہودیوں میں واقع ہو گیا تھا اور انواع واقسام کے فرقے اُن میں پیدا ہو گئے تھے اور باہمی ہمدردی اور محبت اور حقوق اخوت سب دور ہو کر بجائے اس کے تباغض وتحاسد اور کینہ اور عداوت باہمی پیدا ہو گئے تھے اور خدا تعالیٰ کی پرستش اور خوفِ الٰہی بھی اُن کے دلوں میں سے اُٹھ گیا تھا اور جھگڑے اور فساد اور دنیا پرستی کے خیالات اور انواع اقسام کے مکر زاہدوں اور مولویوں اور دنیاداروں میں اپنے اپنے طرز کے موافق پیدا ہو گئے تھے اور اُن کے ہاتھ میں بجائے مذہب کے صرف رسم اور عادت رہ گئی تھی۔ اور حقیقی نیکی سے بکلّی بے خبر ہو گئے تھے اور دلوں میں از حد سختی بڑھ گئی تھی۔ ایسے زمانہ میں خدائے تعالیٰ نے مسیح ابن مریم کو بنی اسرائیل ﴿۶۴۵﴾ کے نبیوں کا خاتم الانبیاء کر کے بھیجا۔ مسیح ابن مریم تلوار یا نیزہ کے ساتھ نہیں بھیجا گیا تھا اور نہ اس کو جہاد کا حکم تھا بلکہ صرف حجت اور بیان کی تلوار اس کو دی گئی تھی تا یہودیوں کی اندرونی حالت درست کرے اور توریت کے احکام پر دوبارہ اُن کو قائم کر دے۔ ایسا ہی شریعت محمدؐیہ کے آخری زمانہ میں جو یہ زمانہ ہے اکثر مسلمانوں نے سراسر یہودیوں کا رنگ قبول کر لیا اور اپنے باطن کی رُو سے اُسی طرز کے یہودی ہو گئے جو حضرت مسیح کے وقت میں تھے۔ لہٰذا خدائے تعالیٰ نے تجدید احکام فرقان کریم کے لئے ایک شخص کو بعینہٖ مسیح ابن مریم کے رنگ پر بھیج دیا اور استعارہ کے طور پر اس کا نام بھی مسیح عیسیٰ ابن مریم رکھا جیسا کہ حضرت عیسیٰ کا پورا نام فرقان کریم میں یہی ہے۔ کما قال اللّٰہ تعالٰی اسۡمُہُ الۡمَسِیۡحُ عِیۡسَی ابۡنُ مَرۡیَمَ وَجِیۡہًا فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ وَ مِنَ الۡمُقَرَّبِیۡنَ[1]۔ سو چونکہ اس بات کا ظاہر کرنا منظور تھا کہ جب آخری زمانہ میں اس اُمت میں فساد واقع ہوا تو اِس اُمت کو بھی ایک مسیح ابن مریم دیا گیا جیسا کہ حضرت موسیٰ کی اُمت کو دیا گیا تھا۔ ﴿۶۴۶﴾ لہٰذا یہ ضروری ہوا کہ اس آنے والے کا نام بھی ابن مریم ہی رکھا جائے تا یہ احسان باری تعالیٰ کا ہر یک آنکھ کے سامنے آجائے اور تا اُمت موسویہ اور اُمت محمدیہ میں از رو

[1] اٰل عمران: ۴۶

مورد احسانات حضرت عزت ہونے کے پوری پوری مماثلت ثابت ہو جائے۔ کیا یہ سچ نہیں کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب القیامت لوگوں کا نام یہودی رکھا ہے پھر اگر اُسی نبی نے ایسے شخص کا نام ابن مریم رکھ دیا ہو جو اِن یہودیوں کی اصلاح کے لئے بھیجا گیا ہو تو اس میں کونسی تعجب اور قباحت اور استبعاد کی بات ہے۔ بلاغت میں یہ قاعدہ ہوتا ہے کہ ایک فقرہ کے مناسب حال دوسرا فقرہ بیان کرنا پڑتا ہے مثلاً جیسے کوئی کہے کہ تمام دنیا فرعون بن گئی ہے تو اس فقرہ کے مناسب حال یہی ہے کہ اب کوئی موسیٰ اُن کی اصلاح کے لئے آنا چاہیے لیکن اگر اس طرح کہا جائے کہ تمام دنیا فرعون بن گئی ہے اُن کی اصلاح کے لئے اب عیسیٰ آنا چاہیے تو کیسا بُرا اور بے محل معلوم ہوتا ہے کیونکہ فرعون کے ساتھ موسیٰ کا جوڑ ہے نہ عیسیٰ کا۔ اِسی طرح جب آخری زمانہ کی اُمت محمدیہ کو یہودی قرار دیا اور یہودی بھی وہ یہودی جو شریعت موسوی کے آخری عہد میں تھے جن کے لئے حضرت مسیح بھیجے گئے تھے اور تمام خصلتیں اُن کی بیان کر دی گئیں اور بعینہٖ اُن کو یہودی بنا دیا تو کیا اس کے مقابل پر یہ موزوں نہ تھا کہ جب تم یہودی بن جاؤ گے تو تمہارے لئے عیسیٰ ابن مریم بھیجا جائے گا۔ دجّالیت حقیقت میں یہودیوں کا ہی ورثہ تھا اور اُن سے نصاریٰ کو پہنچا۔ اور دجال اس گروہ کو کہتے ہیں جو کذاب ہو۔ اور زمین کو نجس کرے اور حق کے ساتھ باطل کو ملا وے۔ سو یہ صفت حضرت مسیح کے وقت میں یہودیوں میں کمال درجہ پر تھی پھر نصاریٰ نے اُن سے لی۔ سو مسیح ایسی دجالی صفت کے معدوم کرنے کے لئے آسمانی حربہ لے کر اُترا ہے وہ حربہ دنیا کے کاریگروں نے نہیں بنایا بلکہ وہ آسمانی حربہ ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ مثیل موسیٰ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو موسیٰ سے افضل ہیں تو پھر مثیل مسیح کیوں ایک اُمتی آیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مثیل موسیٰ کی شان نبوت ثابت کرنے کے لئے اور خاتم الانبیاء کی عظمت دکھانے

﴿۲۴۷﴾

﴿۶۴۸﴾ کے لئے اگر کوئی نبی آتا تو پھر خاتم الانبیاءؐ کی شان عظیم میں رخنہ پڑتا۔ اور یہ تو ثابت ہے کہ اس مسیح کو اسرائیلی مسیح پر ایک جزئی فضیلت حاصل ہے کیونکہ اِس کی دعوت عام ہے اور اس کی خاص تھی اور اس کو طفیلی طور پر تمام مخالف فرقوں کے اوہام دور کرنے کے لئے ضروری طور پر وہ حکمت اور معرفت سکھلائی گئی ہے جو مسیح ابن مریم کو نہیں سکھلائی تھی کیونکہ بغیر ضرورت کے کوئی علم عطا نہیں ہوتا۔ **ومانُنزّله اِلّا بقدرٍ معلوم۔**

قرآن کریم کے رو سے مثیل مسیح کا آخری زمانہ میں اس اُمت میں آنا اس طور سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کریم اپنے کئی مقامات میں فرماتا ہے کہ اس اُمت کو اسی طرز سے خلافت دی جائی گی اور اسی طرز سے اس اُمت میں خلیفے آئیں گے جو اہل کتاب میں آئے تھے۔ اب ظاہر ہے کہ اہل کتاب کے خلفاء کا خاتمہ مسیح ابن مریم پر ہوا تھا جو بغیر سیف وسنان کے آیا تھا۔ مسیح درحقیقت آخری خلیفہ موسیٰ علیہ السلام کا تھا۔ لہٰذا حسب وعدہ قرآن کریم ضرور تھا کہ اس اُمت کے خلفاء کا خاتمہ بھی مسیح پر ہی ہوتا اور جیسے موسوی شریعت کا ابتدا موسیٰ سے ہوا اور انتہاء مسیح ابن مریم پر۔ ایسا ہی اس اُمت کے لئے ہو۔ **فَطُوْبٰی لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ۔**

﴿۶۴۹﴾ اور احادیث میں جو نزول مسیح ابن مریم کا لفظ ہے ہم اس میں بہ بسط تمام لکھ آئے ہیں کہ نزول کے لفظ سے درحقیقت آسمان سے نازل ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں کھلے کھلے طور پر قرآن شریف میں آیا ہے قَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ ذِکْرًا رَّسُوْلًا [1] تو کیا اس سے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آسمان سے ہی اُترے تھے بلکہ قرآن شریف میں یہ بھی آیت ہے وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُہٗ وَمَا نُنَزِّلُہٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ [2] یعنی دنیا کی تمام چیزوں کے ہمارے پاس خزانے ہیں مگر بقدر ضرورت و بمقتضائے مصلحت وحکمت ہم اُن کو اُتارتے ہیں۔ اس آیت سے صاف طور پر ثابت ہوا کہ ہر یک چیز جو دنیا میں پائی جاتی

[1] الطلاق: ۱۱، ۱۲ [2] الحجر: ۲۲

ہے وہ آسمان سے ہی اُتری ہے۔اس طرح پر کہ اِن چیزوں کے علل موجبہ اُسی خالق حقیقی کی طرف سے ہیں اور نیز اس طرح پر کہ اُسی کے الہام اور القاء اور سمجھانے اور عقل اور فہم بخشنے سے ہر یک صنعت ظہور میں آتی ہے لیکن زمانہ کی ضرورت سے زیادہ ظہور میں نہیں آتی اور ہر یک مامور من اللہ کو وسعت معلومات بھی زمانہ کی ضرورت کے موافق دی جاتی ہے۔علیٰ ہذا القیاس قرآن کریم کے دقائق و معارف و ﴿۶۵۰﴾
حقائق بھی زمانہ کی ضرورت کے موافق ہی کھلتے ہیں۔مثلاً جس زمانہ میں ہم ہیں اور جن معارف فرقانیہ کے بمقابل دجالی فرقوں کی ہمیں اس وقت ضرورت آپڑی ہے وہ ضرورت اُن لوگوں کو نہیں تھی جنہوں نے اِن دجالی فرقوں کا زمانہ نہیں پایا۔سو وہ باتیں اُن پر مخفی رہیں اور ہم پر کھولی گئیں۔مثلاً اس بات کی انتظار میں بہت لوگ گذر گئے کہ سچ مچ مسیح ابن مریم ہی دوبارہ دنیا میں آجائے گا اور خدائے تعالیٰ کی حکمت اور مصلحت نے قبل از وقت اُن پر یہ راز نہ کھولا کہ مسیح کے دوبارہ آنے سے کیا مراد ہے۔اب جو یہودیت کی صفتوں کا عام وبا پھیل گیا اور مسیح کے زندہ ماننے سے نصاریٰ کو اپنے مشرکانہ خیالات میں بہت سی کامیابی ہوئی۔اس لئے خدائے تعالیٰ نے چاہا کہ اب اصل حقیقت ظاہر کرے۔سو اس نے ظاہر کر دیا کہ مسلمانوں کا مسیح مسلمانوں میں سے ہی ہوگا جیسا کہ بنی اسرائیل کا مسیح بنی اسرائیل میں سے ہی تھا۔اور اچھی طرح کھول دیا کہ اسرائیلی مسیح فوت ہو چکا ہے اور یہ بھی بیان کر دیا کہ فوت شدہ پھر دنیا میں آ نہیں سکتا جیسا کہ ﴿۶۵۱﴾
جابرؓ کی حدیث میں بھی مشکوٰۃ کے باب مناقب میں اسی کے مطابق لکھا ہے اور وہ یہ ہے۔قال قد سبق القول منّی انّھم لا یرجعون . رواہ الترمذی یعنی جو لوگ دنیا سے گذر گئے پھر وہ دنیا میں نہیں آئیں گے۔

# قرآن کریم کی شان بلند جو اُسی کے بیان سے ظاہر ہوتی ہے

وکل العلم فی القراٰن لٰکن
تقاصر منہ افہام الرّجال

جاننا چاہیے کہ اس زمانہ میں اسباب ضلالت میں سے ایک بڑا سبب یہ ہے کہ اکثر لوگوں کی نظر میں عظمت قرآن شریف کی باقی نہیں رہی ۔ایک گروہ مسلمانوں کا ایسا فلاسفہ ضالّہ کا مقلد ہوگیا ہے کہ وہ ہر ایک امر کا عقل سے ہی فیصلہ کرنا چاہتے ہیں ۔اُن کا بیان ہے ﴿۶۵۲﴾ کہ اعلیٰ درجہ کا حَکم جو تصفیہ تنازعات کے لئے انسان کو ملا ہے وہ عقل ہی ہے ۔ایسے ہی لوگ جب دیکھتے ہیں کہ وجود جبرائیل اور عزرائیل اور دیگر ملائکہ کرام جیسا کہ شریعت کی کتابوں میں لکھا ہے اور وجود جنت وجہنم جیسا کہ قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے وہ تمام صداقتیں عقلی طور پر بپایۂ ثبوت نہیں پہنچتیں تو فی الفور اُن سے منکر ہو جاتے ہیں اور تاویلات رکیکہ شروع کر دیتے ہیں کہ ملائک سے صرف قوتیں مراد ہیں اور وحی رسالت صرف ایک ملکہ ہے اور جنت اور جہنم صرف ایک روحانی راحت یا رنج کا نام ہے ۔ان بے چاروں کو خبر نہیں کہ آلہ دریافت مجہولات صرف عقل نہیں ہے وبس بلکہ اعلیٰ درجہ کی صداقتیں اور انتہائی مقام کے معارف تو وہی ہیں جو مبلغ عقل سے صدہا درجہ بلند تر ہیں جو بذریعہ مکاشفات صحیحہ ثابت ہوتی ہیں ۔اور اگر صداقتوں کا محک صرف عقل کو ہی ٹھہرایا جائے تو بڑے بڑے عجائبات کارخانہ الوہیت کے در پردۂ مستوری ومحجوبی رہیں گے اور سلسلہ معرفت کا محض ناتمام اور ناقص اور ادھورا رہ جائے گا اور کسی حالت میں انسان ﴿۶۵۳﴾ شکوک اور شبہات سے مَخلصی نہیں پاسکے گا اور اس یک طرفہ معرفت کا آخری نتیجہ یہ ہوگا

کہ بوجہ نہ ثابت ہونے بالائی رہنمائی کے اور بباعث نہ معلوم ہونے تحریکات طاقت بالا کے خود اس صانع کی ذات کے بارہ میں طرح طرح کے وساوس دلوں میں پیدا ہو جائیں گے سوا ایسا خیال کہ خالق حقیقی کے تمام دقیق در دقیق بھیدوں کے سمجھنے کے لئے صرف عقل ہی کافی ہے کس قدر خام اور نا سعادتی پر دلالت کر رہا ہے۔

اور ان لوگوں کے مقابل پر دوسرا گروہ یہ ہے کہ جس نے عقل کو بکلی معطل کی طرح چھوڑ دیا ہے۔ اور ایسا ہی قرآن شریف کو بھی چھوڑ کر جو سرچشمہ تمام علوم الٰہیہ ہے صرف روایات واقوال بے سروپا کو مضبوط پکڑ لیا ہے۔ سو ہم اِن دونوں گروہ کو اس بات کی طرف توجہ دلانا چاہتے ہیں کہ قرآن کریم کی عظمت و نورانیت کا قدر کریں اور اس کے نور کی رہنمائی سے عقل کو بھی دخل دیں اور کسی غیر کا قول تو کیا چیز ہے اگر کوئی حدیث بھی قرآن کریم کے مخالف پاویں تو فی الفور اس کو ﴿۲۵۴﴾ چھوڑ دیں جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ قرآن کریم میں آپ فرماتا ہے فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ [۱] یعنی قرآن کریم کے بعد کس حدیث پر ایمان لاؤ گے۔ اور ظاہر ہے کہ ہم مسلمانوں کے پاس وہ نص جو اوّل درجہ پر قطعی اور یقینی ہے قرآن کریم ہی ہے۔ اکثر احادیث اگر صحیح بھی ہوں تو مفید ظن ہیں وَالظَّنُّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا مندرجہ ذیل صفات قرآن کریم کی غور سے پڑھو اور پھر انصافاً خود ہی کہو کہ کیا مناسب ہے کہ اس کلام کو چھوڑ کر کوئی اور ہادی یا حَکَم مقرر کیا جائے۔ اور وہ آیات یہ ہیں۔ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ [۲]۔ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ [۳]۔ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ [۴] وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ [۵]۔ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ [۶]۔ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ [۷]۔ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ [۸]۔ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ [۹]۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ [۱۰]۔ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ [۱۱]۔ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ [۱۲] اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ [۱۳] لَا رَيْبَ فِيْهِ [۱۴] وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ [۱۵]

۱ الاعراف:۱۸۶ ۲ بنی اسرائیل:۱۰ ۳ الانبیاء:۱۰۷ ۴ الحاقۃ:۴۹ ۵ الحاقۃ:۵۲
۶ القمر:۶ ۷ النحل:۹۰ ۸ النور:۳۶ ۹ یونس:۵۸ ۱۰ الرحمٰن:۲،۳
۱۱ الشوریٰ:۱۸ ۱۲ البقرۃ:۱۸۶ ۱۳ الطارق:۱۴ ۱۴ البقرۃ:۳ ۱۵ النحل:۶۵

﴿۲۵۵﴾ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ [1]. لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ [2].
هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ [3]. فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ
يُؤْمِنُوْنَ [4] قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ [5].
یعنی یہ قرآن اس راہ کی طرف ہدایت کرتا ہے جو نہایت سیدھی ہے اِس میں اُن لوگوں کے لئے جو پرستار ہیں حقیقی پرستش کی تعلیم ہے اور یہ اُن کے لئے جو متقی ہیں کمالات تقویٰ کے یاد دلانے والا ہے یہ حکمت ہے جو کمال کو پہنچی ہوئی ہے اور یہ یقینی سچائی ہے اور اس میں ہر یک چیز کا بیان ہے یہ نورٌ علیٰ نور اور سینوں کو شفا بخشنے والا ہے۔ رحمٰن نے قرآن کو سکھلایا۔ ایسی کتاب نازل کی جو اپنی ذات میں حق ہے اور حق کے وزن کرنے کے لئے ایک ترازو ہے وہ لوگوں کے لئے ہدایت ہے اور اجمالی ہدایتوں کی اس میں تشریح ہے اور وہ اپنے دلائل کے ساتھ حق اور باطل میں فرق کرتا ہے اور وہ قول فصل ہے اور شک اور شبہ سے خالی ہے ہم نے اِس کو اس لئے
﴿۲۵۶﴾ تجھ پر اتارا ہے کہ تا امور متنازعہ فیہ کا اس سے فیصلہ کر دیں اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت کا سامان طیار کر دیں۔ اِس میں وہ تمام صداقتیں موجود ہیں جو پہلی کتابوں میں متفرق اور پراگندہ طور پر موجود تھیں ایک ذرہ باطل کا اس میں دخل نہیں نہ آگے سے اور نہ پیچھے سے۔ یہ لوگوں کے لئے روشن دلیلیں ہیں اور جو یقین لانے والے ہوں اُن کے لئے ہدایت ورحمت ہے سو ایسی کونسی حدیث ہے جس پر تم اللہ اور اُس کی آیات کو چھوڑ کر ایمان لاؤ گے یعنی اگر کوئی حدیث قرآن کریم سے مخالف ہو تو ہرگز نہیں ماننی چاہیے بلکہ رد کر دینی چاہیے۔ ہاں اگر کوئی حدیث بذریعہ تاویل قرآن کریم کے بیان سے مطابق آسکے مان لینا چاہیے۔ پھر بعد اس کے ترجمہ بقیہ آیات کا یہ ہے کہ اُن کو کہہ دے کہ خدائے تعالیٰ کے فضل ورحمت سے یہ قرآن ایک بیش قیمت مال ہے سو اس کو تم خوشی سے قبول کرو۔ یہ اُن مالوں سے اچھا ہے جو تم جمع کرتے ہو۔ یہ اس بات

[1] البیّنۃ: ۴ [2] حٰم السجدۃ: ۴۳ [3] الجاثیۃ: ۲۱ [4] الجاثیۃ: ۷ [5] یونس: ۵۹

کی طرف اشارہ ہے کہ علم اور حکمت کی مانند کوئی مال نہیں۔ یہ وہی مال ہے جس کی نسبت پیشگوئی کے طور پر لکھا تھا کہ مسیح دنیا میں آ کر اس مال کو اس قدر تقسیم کرے گا کہ لوگ لیتے لیتے تھک جائیں گے۔ یہ نہیں کہ مسیح درم و دینار کو جو مصداق آیت اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ [1] ﴿۶۵۷﴾ ہے جمع کرے گا اور دانستہ ہر یک کو مال کثیر دے کر فتنہ میں ڈال دے گا مسیح کی پہلی فطرت کو بھی ایسے مال سے مناسبت نہیں۔ وہ خود انجیل میں بیان کر چکا ہے کہ مومن کا مال درم و دینار نہیں بلکہ جواہر حقائق و معارف اُس کا مال ہیں۔ یہی مال انبیاء خدائے تعالیٰ سے پاتے ہیں اور اِسی کو تقسیم کرتے ہیں۔ اسی مال کی طرف اشارہ ہے کہ **اِنـمـا انا قاسم واللّٰہ ھو الـمُعطی**. حدیثوں میں یہ بات بوضاحت لکھی گئی ہے کہ مسیح موعود اُس وقت دنیا میں آئے گا کہ جب علم قرآن زمین پر سے اُٹھ جائے گا اور جہل شیوع پا جائے گا۔ یہ وہی زمانہ ہے جس کی طرف ایک حدیث میں یہ اشارہ ہے **لو کان الایمان معلّقًا عند الثریا لنا لہٗ رجـل مـن فـارس**. یہ وہ زمانہ ہے جو اس عاجز پر کشفی طور پر ظاہر ہوا جو کمال طغیان اس کا اس سن ہجری میں شروع ہوگا جو آیت وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ [2] میں بحساب جمل مخفی ہے یعنی ۱۲۷۴ھ۔

﴿۶۵۸﴾ اس مقام کو غور سے دیکھو اور جلدی سے نکل نہ جاؤ۔ اور خدا سے دعا مانگو کہ وہ تمہارے سینوں کو کھول دے۔ آپ لوگ تھوڑے سے تامل کے ساتھ یہ بات سمجھ سکتے ہیں کہ حدیثوں میں یہ وارد ہے کہ آخری زمانہ میں قرآن زمین سے اٹھا لیا جائے گا اور علم قرآن مفقود ہو جائے گا اور جہل پھیل جائے گا اور ایمانی ذوق اور حلاوت دلوں سے دور ہو جائے گی۔ پھر ان حدیثوں میں یہ حدیث بھی ہے کہ اگر ایمان ثریا کے پاس جا ٹھہرے گا یعنی زمین پر اس کا نام و نشان نہیں رہے گا تو ایک آدمی فارسیوں میں سے اپنا ہاتھ پھیلائے گا اور وہیں ثریا کے پاس سے اس کو لے لے گا

[1] التغابن :۱۶ [2] المؤمنون :۱۹

اب تم خود سمجھ سکتے ہو کہ اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جب جہل اور بے ایمانی اور ضلالت جو دوسری حدیثوں میں دُخان کے ساتھ تعبیر کی گئی ہے دنیا میں پھیل جائے گی اور زمین میں حقیقی ایمانداری ایسی کم ہو جائے گی کہ گویا وہ آسمان پر اُٹھ گئی ہوگی اور قرآن کریم ایسا متروک ہو جائے گا کہ گویا وہ خدائے تعالیٰ کی طرف اٹھایا گیا ہوگا۔ تب ضرور ہے کہ فارس کی اصل سے ایک شخص پیدا ہو اور ایمان کو ثریا سے لے کر پھر زمین پر نازل ہو۔ سو یقیناً سمجھو کہ نازل ہونے والا ابن مریم یہی ہے جس نے عیسیٰ بن مریم کی طرح اپنے زمانہ میں ﴿۶۵۹﴾ کسی ایسے شیخ والد روحانی کو نہ پایا جو اس کی روحانی پیدائش کا موجب ٹھہرتا۔ تب خدائے تعالیٰ خود اس کا متولّی ہوا اور تربیت کی کنار میں لیا اور اس اپنے بندے کا نام ابن مریم رکھا کیونکہ اُس نے مخلوق میں سے اپنی روحانی والدہ کا تو منہ دیکھا جس کے ذریعہ سے اُس نے قالب اسلام کا پایا لیکن حقیقت اسلام کی اس کو بغیر انسانوں کے ذریعہ کے حاصل ہوئی۔ تب وہ وجود روحانی پا کر خدائے تعالیٰ کی طرف اُٹھایا گیا کیونکہ خدائے تعالیٰ نے اپنے ماسوا سے اس کو موت دے کر اپنی طرف اُٹھالیا اور پھر ایمان اور عرفان کے ذخیرہ کے ساتھ خلق اللہ کی طرف نازل کیا سو وہ ایمان اور عرفان کا ثریا سے دنیا میں تحفہ لایا اور زمین جو سنسان پڑی تھی اور تاریک تھی اس کے روشن اور آباد کرنے کے فکر میں لگ گیا۔ پس مثالی صورت کے طور پر یہی عیسیٰ بن مریم ہے جو بغیر باپ کے پیدا ہوا کیا تم ثابت کر سکتے ہو کہ اس کا کوئی والد روحانی ہے۔ کیا تم ثبوت دے سکتے ہو کہ تمہارے سلاسل اربعہ میں سے کسی سلسلہ میں یہ ﴿۶۶۰﴾ داخل ہے۔ پھر اگر یہ **ابن مریم نہیں تو کون ہے؟**

اور اگر اب بھی تمہیں شک ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ مسلمانوں کے ساتھ جزئی اختلافات کی وجہ سے لعنت بازی صدیقوں کا کام نہیں۔ مومن لعّان نہیں ہوتا لیکن ایک طریق بہت آسان ہے اور وہ درحقیقت قائم مقام مباہلہ ہی ہے جس سے کاذب اور صادق اور مقبول اور مردود کی تفریق ہو سکتی ہے۔ اور وہ یہ ہے جو ذیل میں موٹی قلم سے لکھتا ہوں۔

اے حضرات مولوی صاحبان ! آپ لوگوں کا یہ خیال کہ ہم مومن ہیں اور یہ شخص کافر اور ہم صادق ہیں اور یہ شخص کاذب اور ہم متبع اسلام ہیں اور یہ شخص ملحد اور ہم مقبول الٰہی ہیں اور یہ شخص مردود اور ہم جنتی ہیں اور یہ شخص جہنّمی ۔ اگرچہ غور کرنے والوں کی نظر میں قرآن کریم ﴿۲۶۱﴾
کی رو سے بخوبی فیصلہ پا چکا ہے اور اس رسالہ کے پڑھنے والے سمجھ سکتے ہیں کہ حق پر کون ہے اور باطل پر کون لیکن ایک اور بھی طریق فیصلہ ہے جس کی رو سے صادقوں اور کاذبوں اور مقبولوں اور مردودوں میں فرق ہوسکتا ہے۔ عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ اگر مقبول اور مردود اپنی اپنی جگہ پر خدائے تعالیٰ سے کوئی آسمانی مدد چاہیں تو وہ مقبول کی ضرور مدد کرتا ہے اور کسی ایسے امر سے جو ﴿۲۶۲﴾
انسان کی طاقت سے بالاتر ہے اس مقبول کی قبولیت ظاہر کردیتا ہے۔ سو چونکہ آپ لوگ اہل حق ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور آپ کی جماعت میں وہ لوگ بھی ہیں جو ملہم ہونے کے مدعی ہیں جیسے مولوی محی الدین و عبدالرحمٰن صاحب لکھو والے اور میاں عبدالحق صاحب غزنوی جو اس عاجز کو کافر اور جہنّمی ٹھہراتے ہیں لہٰذا آپ پر واجب ہے کہ اس آسمانی ذریعہ سے بھی دیکھ لیں کہ آسمان پر مقبول کس کا نام ہے اور مردود کس کا نام ﴿۲۶۳﴾

میں اس بات کو منظور کرتا ہوں کہ آپ دس ہفتہ تک اِس بات کے فیصلہ کے لئے احکم الحاکمین کی طرف توجہ کریں تا اگر آپ سچے ہیں تو آپ کی سچائی کا کوئی نشان یا کوئی اعلیٰ درجہ کی پیشگوئی جو راستبازوں کو ملتی ہے آپ کو دی جائے۔ ایسا ہی دوسری طرف میں بھی توجہ کروں گا اور مجھے خداوند کریم وقدیر کی طرف سے یقین دلایا گیا ہے کہ اگر آپ نے اس طور سے میرا مقابلہ کیا تو میری فتح ہوگی۔ میں اس مقابلہ میں کسی پر لعنت کرنا نہیں چاہتا اور نہ کروں گا۔ اور آپ کا اختیار ہے جو چاہیں کریں لیکن اگر آپ لوگ اعراض کر گئے تو گریز پر حمل کیا جائے گا۔ میری اس تحریر کے مخاطب مولوی محی الدین۔ عبدالرحمٰن صاحب لکھووالے اور میاں عبدالحق صاحب غزنوی اور مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور مولوی عبدالجبار صاحب غزنوی اور مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی ہیں اور باقی انہیں کے زیر اثر آجائیں گے۔ ﴿۶۶۴﴾

جو ہمارا تھا وہ اب دلبر کا سارا ہوگیا آج ہم دلبر کے اور دلبر ہمارا ہوگیا ﴿۶۶۵﴾
شکر للہ مل گیا ہم کو وہ لعل بے بدل کیا ہوا گر قوم کا دل سنگ خارا ہوگیا

# مسیح موعود ہونے کا ثبوت

اس میں تو کچھ شک نہیں کہ اس بات کے ثابت ہونے کے بعد کہ درحقیقت حضرت مسیح ابن مریم اسرائیلی نبی فوت ہوگیا ہے ہریک مسلمان کو یہ ماننا پڑے گا کہ فوت شدہ نبی ہرگز دنیا میں دوبارہ نہیں آ سکتا کیونکہ قرآن اور حدیث دونوں بالاتفاق اِس بات پر شاہد ہیں کہ جو شخص مرگیا پھر دنیا میں ہرگز نہیں آئے گا اور قرآن کریم اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ [1] کہہ کر ہمیشہ کے لئے اس دنیا سے اُن کو رخصت کرتا ہے اور قصہ عزیر وغیرہ جو قرآن کریم میں ہے اس بات کے مخالف نہیں کیونکہ لغت میں موت بمعنی نوم اور غشی بھی آیا ہے۔ دیکھو قاموس۔ اور جو عزیر کے قصہ میں ہڈیوں پر گوشت چڑھانے کا ذکر ہے وہ حقیقت میں ﴿۶۶۶﴾ ایک الگ بیان ہے جس میں یہ جتلانا منظور ہے کہ رحم میں خدائے تعالیٰ ایک مردہ کو زندہ کرتا ہے اور اس کی ہڈیوں پر گوشت چڑھاتا ہے اور پھر اس میں جان ڈالتا ہے ماسوا اس کے کسی آیت یا حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوسکتا کہ عزیر دوبارہ زندہ ہوکر پھر بھی فوت ہوا۔ پس اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ عزیر کی زندگی دوم دنیوی زندگی نہیں تھی ورنہ بعد اس کے ضرور کہیں اس کی موت کا بھی ذکر ہوتا۔ ایسا ہی قرآن کریم میں جو بعض لوگوں کی دوبارہ زندگی لکھی ہے وہ بھی دنیوی زندگی نہیں۔

اب حدیثوں پر نظر غور کرنے سے بخوبی یہ ثابت ہوتا ہے کہ آخری زمانہ میں ابن مریم اُترنے والا ہے جس کی یہ تعریفیں لکھی ہیں کہ وہ گندم گوں ہوگا اور بال اس کے سیدھے ہوں گے اور مسلمان کہلائے گا اور مسلمانوں کے باہمی اختلافات دُور کرنے کے لئے آئے گا اور مغز شریعت جس کو وہ بھول گئے ہوں گے انہیں یاد دلائے گا اور ضرور ہے کہ وہ اس وقت نازل ہو جس وقت انتہا تک شرر اور فتن پہنچ جائیں اور مسلمانوں پر

[1] الانبیاء :۹۶

وہ تنزل کا زمانہ ہو جو یہودیوں پر اُن کے آخری دنوں میں آیا تھا۔

﴿۶۶۷﴾ اس زمانہ کے بعض نو تعلیم یافتہ ایسے شخص کے آنے سے ہی شک میں ہیں جو ابن مریم کے نام پر آئے گا وہ کہتے ہیں کہ یہ عظیم الشان شخص جو حدیثوں میں بیان کیا گیا ہے اگر واقعی طور پر ایسا آدمی آنے والا تھا تو چاہیے تھا کہ قرآن کریم میں اس کا کچھ ذکر ہوتا جیسا کہ دابۃ الارض اور دخان اور یاجوج ماجوج کا ذکر ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ لوگ سراسر غلطی پر ہیں۔ خدائے تعالیٰ نے اپنے کشف صریح سے اس عاجز پر ظاہر کیا ہے کہ قرآن کریم میں مثالی طور پر ابن مریم کے آنے کا ذکر ہے اور وہ یوں ہے کہ خدائے تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مثیل موسیٰ قرار دیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَیۡکُمۡ رَسُوۡلًا شَاهِدًا عَلَیۡکُمۡ کَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا [1] اس آیت میں خدائے تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو موسیٰ کی طرح اور کفار کو فرعون کی طرح ٹھہرایا۔ اور پھر دوسری جگہ فرمایا وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِی الۡاَرۡضِ كَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِيۡنَهُمُ الَّذِی ارۡتَضٰى لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ اَمۡنًا ؕ يَعۡبُدُوۡنَنِىۡ لَا يُشۡرِكُوۡنَ بِىۡ شَيۡـــًٔا ؕ وَمَنۡ كَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۶۶۸﴾ الجزو نمبر ۱۸ سورۃ النور [2] یعنی خدائے تعالیٰ نے اس اُمّت کے مومنوں اور نیکو کاروں کے لئے وعدہ فرمایا ہے کہ انہیں زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے پہلوں کو بنایا تھا یعنی اُسی طرز اور طریق کے موافق اور نیز اُسی مدت اور زمانہ کے مشابہ اور اُسی صورت جلالی اور جمالی کی مانند جو بنی اسرائیل میں سنت اللہ گذر چکی ہے اس اُمت میں بھی خلیفے بنائے جائیں گے اور اُن کا سلسلہ خلافت اس سلسلے سے کم نہیں ہوگا جو بنی اسرائیل کے خلفاء کے لئے مقرر کیا گیا تھا اور نہ ان کی طرز خلافت اس طرز سے مبائن و مخالف ہوگی جو بنی اسرائیل کے خلیفوں کے لئے مقرر کی گئی تھی۔ پھر آگے فرمایا ہے کہ ان خلیفوں کے ذریعے سے زمین پر دین

[1] المزمل :۱۶ [2] النور :۵۶

جما دیا جائے گا اور خدا خوف کے دنوں کے بعد امن کے دن لائے گا۔ خالصاً اُسی کی بندگی کریں گے اور کوئی اس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ لیکن اس زمانہ کے بعد پھر کفر پھیل جائے گا۔ مماثلت تامہ کا اشارہ جو **کما استخلف الذین من قبلھم** سے سمجھا جاتا ہے۔ صاف دلالت کررہا ہے کہ یہ مماثلت مدت ایام خلافت اور خلیفوں کی طرز اصلاح اور طرزِ ظہور سے ﴿۶۶۹﴾
متعلق ہے۔ سو چونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل میں خلیفۃ اللہ ہونیکا منصب حضرت موسیٰ سے شروع ہوا اور ایک مدت دراز تک نوبت بہ نوبت انبیاء بنی اسرائیل میں رہ کر آخر چوده ۱۴۰۰ برس☆ کے پورے ہوتے تک حضرت عیسیٰ ابن مریم پر یہ سلسلہ ختم ہوا حضرت عیسیٰ ابن مریم ایسے خلیفۃ اللہ تھے کہ ظاہری عنان حکومت اُن کے ہاتھ میں نہیں آئی تھی اور سیاست ملکی اور اس دنیوی بادشاہی سے ان کو کچھ علاقہ نہیں تھا اور دنیا کے ہتھیاروں سے وہ کچھ کام نہیں لیتے تھے بلکہ اس ہتھیار سے کام لیتے تھے جو اُن کے انفاس طیبہ میں تھا یعنی اس موجہ بیان سے جو اُن کی زبان پر جاری کیا گیا تھا جس کے ساتھ بہت سی برکتیں تھیں اور جس کے ذریعہ سے وہ مرے ہوئے دلوں کو زندہ کرتے تھے اور بہرے کانوں کو کھولتے تھے اور مادرزاد اندھوں کو سچائی کی روشنی دکھا دیتے تھے اُن کا وہ دم ازلی کافر کو مارتا تھا اور اُس پر پوری حجت کرتا تھا لیکن مومن کو زندگی بخشتا تھا۔ وہ بغیر باپ کے پیدا کئے گئے تھے اور ظاہری اسباب اُن کے پاس نہیں تھے اور ہر بات میں خدائے تعالیٰ اُن کا متولّی تھا۔ ﴿۶۷۰﴾
وہ اُس وقت آئے تھے کہ جب یہودیوں نے نہ صرف دین کو بلکہ انسانیت کی خصلتیں بھی چھوڑ دی تھیں اور بے رحمی اور خودغرضی اور کینہ اور بغض اور ظلم اور حسد اور بے جا جوش نفس امارہ کے اُن میں ترقی کر گئے تھے۔ اور نہ صرف بنی نوع کے حقوق کو انہوں نے چھوڑ دیا تھا بلکہ غلبہ شقاوت کی وجہ سے حضرت محسن حقیقی سے عبودیت اور اطاعت اور سچے اخلاص کا رشتہ بھی توڑ بیٹھے تھے۔ صرف بے مغز استخوان کی طرح توریت کے چند الفاظ اُن کے پاس تھے جو قہر الٰہی کی وجہ سے ان کی حقیقت تک وہ نہیں پہنچ سکتے تھے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’چودہ سو برس ‘‘ہونا چاہیے۔(ناشر)

کیونکہ ایمانی فراست اور زیرکی بالکل اُن میں سے اُٹھ گئی تھی اور اُن کے نفوس مظلمہ پر جہل غالب آ گیا تھا اور سفلی مکاریاں اور کراہت کے کام اُن سے سرزد ہوتے تھے اور جھوٹ اور ریاکاری اور غداری اُن میں انتہا تک پہنچ گئی تھی۔ ایسے وقت میں اُن کی طرف مسیح ابن مریم بھیجا گیا تھا جو بنی اسرائیل کے مسیحوں اور خلیفوں میں سے آخری مسیح اور آخری خلیفۃ اللہ تھا جو برخلاف سنت اکثر نبیوں کے بغیر تلوار اور نیزہ کے آیا تھا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ شریعت موسوی میں ﴿۶۷۱﴾ خلیفۃ اللہ کو مسیح کہتے تھے اور حضرت داؤد کے وقت اور یا اُن سے کچھ عرصہ پہلے یہ لفظ بنی اسرائیل میں شائع ہو گیا تھا۔ بہرحال اگرچہ بنی اسرائیل میں کئی مسیح آئے لیکن سب سے پیچھے آنے والا مسیح وہی ہے جس کا نام قرآن کریم میں مسیح عیسیٰ بن مریم بیان کیا گیا ہے۔ بنی اسرائیل میں مریمیں بھی کئی تھیں اور ان کے بیٹے بھی کئی تھے لیکن مسیح عیسیٰ بن مریم یعنی اِن تینوں ناموں سے ایک مرکب نام بنی اسرائیل میں اُس وقت اور کوئی نہیں پایا گیا۔ سو مسیح عیسیٰ بن مریم یہودیوں کی اس خراب حالت میں آیا جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے۔ آیات موصوفہ بالا میں ابھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کا اس اُمت کے لئے وعدہ تھا کہ بنی اسرائیل کی طرز پر ان میں بھی خلیفے پیدا ہوں گے۔ اب ہم جب اس طرز کو نظر کے سامنے لاتے ہیں تو ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ ضرور تھا کہ آخری خلیفہ اس اُمت کا مسیح ابن مریم کی صورت مثالی پر آوے اور اس زمانہ میں آوے کہ جو اُس وقت سے مشابہ ہو جس وقت میں بعد حضرت موسیٰ کے مسیح ابن مریم آئے ﴿۶۷۲﴾ تھے یعنی چودھویں صدی میں یا اس کے قریب اُس کا ظہور ہو اور ایسا ہی بغیر سیف وسنان کے اور بغیر آلات حرب کے آوے جیسا کہ حضرت مسیح ابن مریم آئے تھے اور نیز ایسے ہی لوگوں کی اصلاح کے لئے آوے جیسا کہ مسیح ابن مریم اُس وقت کے خراب اندرون یہودیوں کی اصلاح کے لئے آئے تھے۔ اور جب آیات ممدوحہ بالا کو غور سے دیکھتے ہیں تو ہمیں ان کے اندر سے یہ آواز سنائی دیتی ہے کہ ضرور آخری خلیفہ اس اُمت کا جو چودھویں صدی کے سر پر ظہور کرے گا حضرت مسیح کی صورت مثالی پر آئے گا اور بغیر آلاتِ حرب ظہور کرے گا

دو سلسلوں کی مماثلت میں یہی قاعدہ ہے کہ اوّل اور آخر میں اشد درجہ کی مشابہت اُن میں ہوتی ہے کیونکہ ایک لمبے سلسلہ اور ایک طولانی مدت میں تمام درمیانی افراد کا مفصل حال معلوم کرنا طول بلا طائل ہے۔ پس جبکہ قرآن شریف نے صاف صاف بتلا دیا کہ خلافت اسلامی کا سلسلہ اپنی ترقی اور تنزل اور اپنی جلالی اور جمالی حالت کی رو سے خلافت اسرائیلی سے بکلی مطابق و
﴿۶۷۳﴾ مشابہ و مماثل ہوگا اور یہ بھی بتلا دیا کہ نبی عربی امی مثیل موسیٰ ہے تو اس ضمن میں قطعی اور یقینی طور پر بتلایا گیا کہ جیسے اسلام میں سر دفتر الٰہی خلیفوں کا مثیل موسیٰ ہے جو اس سلسلہ اسلامیہ کا سپہ سالار اور بادشاہ اور تخت عزت کے اوّل درجہ پر بیٹھنے والا اور تمام برکات کا مصدر اور اپنی روحانی اولاد کا مورث اعلیٰ ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔ ایسا ہی اس سلسلہ کا خاتم باعتبار نسبت تامہ وہ مسیح عیسیٰ بن مریم ہے جو اس اُمت کے لوگوں میں سے بحکم ربی مسیحی صفات سے رنگین ہوگیا ہے اور فرمان جَعَلْنَاکَ الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ نے اُس کو درحقیقت وہی بنا دیا ہے وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا [1]۔ اور اس آنے والے کا نام جو **احمد** رکھا گیا ہے وہ بھی اس کے مثیل ہونے کی طرف اشارہ ہے کیونکہ **محمدؐ** جلالی نام ہے اور **احمد** جمالی۔ اور احمد اور عیسیٰ اپنے جمالی معنوں کی رُو سے ایک ہی ہیں۔ اسی کی طرف یہ اشارہ ہے وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ [2]۔ مگر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فقط احمد ہی نہیں بلکہ محمد بھی ہیں یعنی جامع جلال و جمال ہیں لیکن آخری زمانہ میں برطبق پیشگوئی مجرد
﴿۶۷۴﴾ احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسویت رکھتا ہے بھیجا گیا۔ وہ حی و قیوم خدا جو اس بات پر قادر ہے جو انسان کو حیوان بلکہ شرالحیوانات بنا دے جیسا کہ اس نے فرمایا ہے جَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ [3] اور فرمایا کہ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ [4] کیا وہ ایک انسان کو دوسرے انسان کی صورت مثالی پر نہیں بنا سکتا۔ **بلٰی و ھو بکل خلق علیم**۔ پھر جب کہ انسانیت کی حقیقت پر فنا طاری ہونے کے وقت میں ایک ایسے ہی انسان کی ضرورت تھی

[1] الاحزاب: ۲۸ [2] الصّف: ۷ [3] المائدۃ: ۶۱ [4] البقرۃ: ۶۶

جس کا محض خدائے تعالیٰ کے ہاتھ سے تولد ہوتا جس کا آسمان پر ابن مریم نام ہے تو کیوں خدائے تعالیٰ کی قادریت اس ابن مریم کے پیدا کرنے سے مجبور رہ سکتی۔ سو اُس نے محض اپنے فضل سے بغیر وسیلہ کسی زمینی والد کے اس ابن مریم کو روحانی پیدائش اور روحانی زندگی بخشی جیسا کہ اس نے خود اس کو اپنے الہام میں فرمایا **ثم احییناک بعد ما اھلکنا القرون الاولٰی و جعلناک المسیح ابن مریم** یعنی پھر ہم نے تجھے زندہ کیا بعد اس کے جو پہلے قرنوں کو ہم نے ہلاک کر دیا اور تجھے ہم نے مسیح ابن مریم بنایا یعنی بعد اس کے جو عام طور پر مشائخ اور علماء میں موت روحانی پھیل گئی۔ انجیل میں بھی اِسی کی طرف اشارہ ہے کہ مسیح ستاروں کے گرنے کے بعد آئے گا۔

﴿۶۷۵﴾ اب اس تحقیق سے ثابت ہے کہ مسیح ابن مریم کی آخری زمانہ میں آنے کی قرآن شریف میں پیشگوئی موجود ہے۔ قرآن شریف نے جو مسیح کے نکلنے کی چودہ[۱۴۰۰] سو برس تک مدت ٹھہرائی ہے بہت سے اولیاء بھی اپنے مکاشفات کی رُو سے اس مدت کو مانتے ہیں اور آیت وَ اِنَّا عَلٰی ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ [۱] جس کے بحساب جمل ۱۲۷۴ عدد ہیں۔ اسلامی چاند کی سلخ کی راتوں کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں نئے چاند کے نکلنے کی اشارت چھپی ہوئی ہے جو غلام احمد قادیانی کے عددوں میں بحساب جمل پائی جاتی ہے اور یہ آیت کہ هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ [۲] درحقیقت اسی مسیح ابن مریم کے زمانہ سے متعلق ہے کیونکہ تمام ادیان پر روحانی غلبہ بجز اس زمانہ کے کسی اور زمانہ میں ہرگز ممکن نہیں تھا وجہ یہ کہ یہی زمانہ ہے کہ جس میں ہزارہا قسم کے اعتراضات اور شبہات پیدا ہو گئے ہیں اور انواع اقسام کے عقلی حملے اسلام پر کئے گئے ہیں اور خدائے تعالیٰ فرماتا ہے وَ اِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ وَ مَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ [۳] یعنی ہر یک چیز کے ہمارے پاس خزانے ہیں مگر بقدر معلوم اور بقدر ﴿۶۷۶﴾ ضرورت ہم اُن کو اُتارتے ہیں۔ سو جس قدر معارف و حقائق بطون قرآن کریم میں

[۱] المؤمنون: ۱۹ [۲] الصّف: ۱۰ [۳] الحجر: ۲۲

چھپے ہوئے ہیں جو ہر یک قسم کے ادیان فلسفیہ و غیر فلسفیہ کو مقہور و مغلوب کرتے ہیں اُن کے ظہور کا زمانہ یہی تھا۔ کیونکہ وہ بجز تحریک ضرورت پیش آمدہ کے ظاہر نہیں ہو سکتے تھے سو اب مخالفانہ حملے جو نئے فلسفہ کی طرف سے ہوئے تو اُن معارف کے ظاہر ہونے کا وقت آ گیا اور ممکن نہیں تھا کہ بغیر اس کے کہ وہ معارف ظاہر ہوں اسلام تمام ادیان باطلہ پر فتح پا سکے کیونکہ سیفی فتح کچھ چیز نہیں اور چند روزہ اقبال کے دور ہونے سے وہ فتح بھی معدوم ہو جاتی ہے۔ سچی اور حقیقی فتح وہ ہے جو معارف اور حقائق اور کامل صداقتوں کے لشکر کے ساتھ حاصل ہو۔ سو وہ یہ فتح ہے جو اب اسلام کو نصیب ہو رہی ہے۔ بلاشبہ یہ پیشگوئی اسی زمانہ کے حق میں ہے اور سلف صالح بھی ایسا ہی سمجھتے آئے ہیں۔ یہ زمانہ درحقیقت ایک ایسا زمانہ ہے جو بالطبع تقاضا کر رہا ہے جو قرآن شریف اپنے اُن تمام بطون کو ظاہر کرے جو اُس کے اندر مخفی چلے آتے ﴿۶۷۷﴾ ہیں کیونکہ بطنی معارف قرآن کریم کے جن کا وجود احادیث صحیحہ اور آیات بیّنہ سے ثابت ہے فضول طور پر کبھی ظہور نہیں کرتے بلکہ یہ معجزہ فرقانی ایسے ہی وقت میں اپنا جلوہ دکھاتا ہے جبکہ اس روحانی معجزہ کے ظہور کی اشد ضرورت پیش آتی ہے۔ سو اس زمانہ میں کامل طور پر یہ ضرورتیں پیش آ گئی ہیں۔ انسانوں نے مخالفانہ علوم میں بہت ترقی کر لی ہے اور کچھ شک نہیں کہ اگر اس نازک وقت میں بطنی علوم قرآن کریم کے ظاہر نہ ہوں گے تو موٹی تعلیم جس پر حال کے علماء قائم ہیں کبھی اور کسی صورت میں مقابلہ مخالفین کا نہیں کر سکتے اور ان کو مغلوب کرنا تو کیا خود مغلوب ہو جانے کے قوی خطرہ میں پھنسے ہوئے ہیں۔ یہ بات ہر یک فہیم کو جلدی سمجھ میں آ سکتی ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ کی کوئی مصنوع دقائق و غرائب خواص سے خالی نہیں۔ اور اگر ایک مکھی کے خواص اور عجائبات کی قیامت تک تفتیش و تحقیقات کرتے جائیں تو وہ بھی کبھی ختم نہیں ہو سکتی۔ تو اب سوچنا چاہیے کہ کیا خواص و عجائبات قرآن کریم کے اپنے قدر و اندازہ میں مکھی جتنے بھی نہیں۔ بلا شبہ وہ عجائبات تمام مخلوقات کے ﴿۶۷۸﴾

مجموعی عجائبات سے بہت بڑھ کر ہیں اور اُن کا انکار درحقیقت قرآن کریم منجانب اللہ ہونے کا انکار ہے کیونکہ دنیا میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں کہ جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے صادر ہو اور اُس میں بے انتہا عجائبات نہ پائے جائیں۔ اب یہ عذر کہ اگر ہم قرآن کریم کے ایسے دقائق ومعارف بھی مان لیں جو پہلوں نے دریافت نہیں کئے تو اس میں اجماع کی کسر شان ہے۔ گویا ہمیں یہ کہنا پڑے گا کہ جو پہلے اماموں کو معلوم نہیں ہوا تھا وہ ہم نے معلوم کرلیا۔ یہ خیال ان ملّا لوگوں کا بالکل فاسد ہے۔ اُن کو سوچنا چاہیے کہ جبکہ یہ ممکن ہے کہ بعض نباتات وغیرہ میں زمانۂ حال میں کوئی ایسی خاصیت ثابت ہو جائے جو پہلوں پر نہیں کھلی تو کیا یہ ممکن نہیں کہ قرآن کریم کے بعض عجیب حقائق ومعارف اب ایسے کھل جائیں جو پہلوں پر کھل نہیں سکے کیونکہ اس وقت اُن کے کھلنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ ہاں ایمان اورعقائد کے متعلق جو ضروری پاتے ہیں جو شریعت سے علاقہ رکھتے ہیں جو مسلمان بننے کے لئے ضروری ہیں۔ وہ تو ہر یک کی اطلاع کے لئے کھلے کھلے بیان کے ساتھ قرآن شریف میں درج ہیں لیکن وہ نکات و حقائق جو معرفت کو زیادہ کرتے ہیں وہ ہمیشہ حسب ضرورت کھلتے رہتے ہیں اور نئے نئے ﴿۶۷۹﴾
فسادوں کے وقت نئے نئے پُر حکمت معانی بمنصۂ ظہور آتے رہتے ہیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ قرآن کریم بذات خود معجزہ ہے اور بڑی بھاری وجہ اعجاز کی اس میں یہ ہے کہ وہ جامع حقائق غیر متناہیہ ہے مگر بغیر وقت کے وہ ظاہر نہیں ہوتے۔ جیسے جیسے وقت کی مشکلات تقاضہ کرتی ہیں وہ معارف خفیہ ظاہر ہوتے جاتے ہیں۔ دیکھو دنیوی علوم جو اکثر مخالف قرآن کریم اور غفلت میں ڈالنے والے ہیں۔ کیسے آج کل ایک زور سے ترقی کر رہے ہیں اور زمانہ اپنے علوم ریاضی اور طبعی اور فلسفہ کی تحقیقاتوں میں کیسی ایک عجیب طور کی تبدیلیاں دکھلا رہا ہے۔ کیا ایسے نازک وقت میں ضرور نہ تھا کہ ایمانی اور عرفانی ترقیات کے لئے بھی دروازہ کھولا جاتا تا شرور محدثہ کی مدافعت کے لئے آسانی پیدا ہو جاتی۔ سو یقیناً سمجھو کہ وہ

دروازہ کھولا گیا ہے اور خدائے تعالیٰ نے ارادہ کرلیا ہے کہ تا قرآن کریم کے عجائبات مخفیہ اس
دنیا کے متکبر فلسفیوں پر ظاہر کرے۔ اب نیم مُلّاں دشمن اسلام اس ارادہ کو روک نہیں سکتے۔ اگر
اپنی شرارتوں سے باز نہیں آئیں گے تو ہلاک کئے جائیں گے اور قہری طمانچہ حضرت قہار کا ایسا ﴿۶۸۰﴾
لگے گا کہ خاک میں مل جائیں گے۔ اِن نادانوں کو حالت موجودہ پر بالکل نظر نہیں۔ چاہتے
ہیں کہ قرآن کریم مغلوب اور کمزور اور ضعیف اور حقیر سا نظر آوے لیکن اب وہ ایک جنگی بہادر
کی طرح نکلے گا۔ ہاں وہ ایک شیر کی طرح میدان میں آئے گا اور دنیا کے تمام فلسفہ کو کھا جائے
گا اور اپنا غلبہ دکھائے گا اور **لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ** کی پیشگوئی کو پوری کر دے گا اور
پیشگوئی **وَ لَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمْ** کو روحانی طور سے کمال تک پہنچائے گا کیونکہ دین کا زمین
پر بوجہ کمال قائم ہو جانا محض جبر اور اکراہ سے ممکن نہیں۔ دین اُس وقت زمین پر قائم ہوتا ہے کہ
جب اس کے مقابل پر کوئی دین کھڑا نہ رہے اور تمام مخالف سپر ڈال دیں۔ سو اب وہی وقت
آ گیا۔ اب وہ وقت نادان مولویوں کے روکنے سے رک نہیں سکتا۔ اب وہ ابن مریم جس کا
روحانی باپ زمین پر بجز معلّم حقیقی کے کوئی نہیں جو اس وجہ سے آدم سے بھی مشابہت رکھتا ہے
بہت سا خزانہ قرآن کریم کا لوگوں میں تقسیم کرے گا یہاں تک کہ لوگ قبول کرتے کرتے تھک ﴿۶۸۱﴾
جائیں گے اور **لا یقبلہ احد** کا مصداق بن جائیں گے اور ہر یک طبیعت اپنے ظرف کے
مطابق پُر ہو جائے گی۔ وہ خلافت جو آدم سے شروع ہوئی تھی خدائے تعالیٰ کی کامل اور بے تغیر
حکمت نے آخر کار آدم پر ہی ختم کر دی یہی حکمت اس الہام میں ہے کہ **اردت ان استخلف
فخلقت اٰدم** یعنی میں نے ارادہ کیا کہ اپنا خلیفہ بناؤں سو میں نے آدم کو پیدا کر دیا۔ چونکہ
استدارت زمانہ کا یہی وقت ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ اس پر ناطق ہیں اس لئے خدائے تعالیٰ نے
آخر اور اوّل کے لفظ کو ایک ہی کرنے کے لئے آخری خلیفہ کا نام آدم رکھا اور آدم اور عیسیٰ میں
کسی وجہ سے روحانی مباینت نہیں بلکہ مشابہت ہے اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ [1]

[1] اٰل عمران: ۶۰

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ خدائے تعالیٰ نے اگرچہ ایک طرز جدید سے قرآن کریم میں صاف طور پر بیان کر دیا کہ آخری خلیفہ اسلام کے الٰہی خلیفوں کا روحانی طور پر ایسے خلیفہ کا روپ اور رنگ لے کر آئے گا جو اسرائیلی خلیفوں میں سے آخری خلیفہ تھا یعنی مسیح ابن مریم لیکن کیا وجہ ﴿۶۸۲﴾ کہ خدائے تعالیٰ نے اس پیشگوئی میں مسیح ابن مریم کا بصراحت نام لیا۔ گو مطلب وہی نکل آیا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ تا لوگ غلط فہمی سے بلا میں نہ پڑ جائیں کیونکہ اگر خدائے تعالیٰ صاف طور پر نام لے کر بیان کر دیتا کہ اس اُمت کا آخری خلیفہ یہی مسیح ابن مریم ہی ہوگا تو نادان مولویوں کے لئے بلا پر بلا پیدا ہو جاتی اور غلط فہمی کی آفت ترقی کر جاتی۔ سو خدائے تعالیٰ نے اپنے بیان میں دو مسلک اختیار کرنا پسند رکھا۔ ایک وہ مسلک جو حدیثوں میں ہے جس میں ابن مریم کا لفظ موجود ہے اور دوسرا وہ مسلک جو قرآن کریم میں ہے جس کا ابھی بیان ہو چکا ہے۔ اب ثبوت اِس بات کا کہ وہ مسیح موعود جس کے آنے کا قرآن کریم میں وعدہ دیا گیا ہے یہ عاجز ہی ہے۔ اِن تمام دلائل اور علامات اور قرائن سے جو ذیل میں لکھتا ہوں ہر یک طالب حق پر بخوبی کھل جائے گا۔

از انجملہ ایک یہ ہے کہ یہ عاجز ایسے وقت میں آیا ہے جس وقت میں مسیح موعود آنا چاہیے تھا کیونکہ حدیث **الآیات بعد المأتین** جس کے یہ معنے ہیں کہ آیات کبریٰ ﴿۶۸۳﴾ تیرھویں صدی میں ظہور پذیر ہوں گی اسی پر قطعی اور یقینی دلالت کرتی ہے کہ مسیح موعود کا تیرھویں صدی میں ظہور یا پیدائش واقع ہو۔ بات یہ ہے کہ آیات صغریٰ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مبارک سے ہی ظاہر ہونی شروع ہو گئی تھیں۔ پس بلاشبہ **الآیات** سے آیات کبریٰ مراد ہیں جو کسی طرح سے دو سو برس کے اندر ظاہر نہیں ہو سکتی تھیں لہٰذا علماء کا اسی پر اتفاق ہو گیا ہے کہ **بعد المأتین** سے مراد تیرھویں صدی ہے اور **الآیات** سے مراد آیات کبریٰ ہیں جو ظہور مسیح موعود اور دجال اور یاجوج ماجوج وغیرہ ہیں اور ہر یک شخص

سمجھ سکتا ہے کہ اس وقت جو ظہور مسیح موعود کا وقت ہے کسی نے بجز اس عاجز کے دعویٰ نہیں کیا کہ میں مسیح موعود ہوں بلکہ اس مدت تیرہ سو برس میں کبھی کسی مسلمان کی طرف سے ایسا دعویٰ نہیں ہوا کہ میں مسیح موعود ہوں۔ ہاں عیسائیوں نے مختلف زمانوں میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تھا اور کچھ تھوڑا عرصہ ہوا ہے کہ ایک عیسائی نے امریکہ میں بھی مسیح ابن مریم ہونے کا دم مارا تھا لیکن ان مشرک عیسائیوں کے دعویٰ کو کسی نے قبول نہیں کیا۔ ہاں ضرور تھا ﴿۶۸۴﴾ کہ وہ ایسا دعویٰ کرتے تا انجیل کی وہ پیشگوئی پوری ہو جاتی کہ بہتیرے میرے نام پر آئیں گے اور کہیں گے کہ میں مسیح ہوں۔ پر سچا مسیح ان سب کے آخر میں آئے گا اور مسیح نے اپنے حواریوں کو نصیحت کی تھی کہ تم نے آخر کا منتظر رہنا۔ میرے آنے کا یعنی میرے نام پر جو آئے گا اس کا نشان یہ ہے کہ اُس وقت سورج اور چاند تاریک ہو جائے گا۔ اور ستارے زمین پر گر جائیں گے اور آسمان کی قوتیں سُست ہو جائیں گی۔ تب تم آسمان پر ابن آدم کا نشان دیکھو گے۔ یہ تمام اشارہ اس بات کی طرف تھا کہ اس وقت نور علم کا اُٹھ جائے گا اور ربانی علماء فوت ہو جائیں گے اور جہالت کی تاریکی پھیل جائے گی۔ تب ابن مریم آسمانی حکم سے ظاہر ہوگا۔ یہی اشارہ سورۃ الزلزال میں ہے کہ اُس وقت زمین پر سخت زلزلہ آئے گا اور زمین اپنے تمام خزائن اور دفائن باہر نکال دے گی یعنی علوم ارضیہ کی خوب ترقی ہوگی مگر آسمانی علوم کی نہیں یَوۡمَ تَاۡتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیۡنٍ [1]۔

﴿۶۸۵﴾ **ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ مکاشفات اکابر اولیاء بالاتفاق اس بات پر شاہد ہیں کہ مسیح موعود کا ظہور چودھویں صدی سے پہلے یا چودھویں صدی کے سر پر ہوگا اور اس سے تجاوز نہیں کرے گا چنانچہ ہم نمونہ کے طور پر کسی قدر اس رسالہ میں لکھ بھی آئے ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ اس وقت میں بجز اس عاجز کے اور کوئی شخص دعوے دار اس منصب کا نہیں ہوا۔

**ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ مدت ہوئی کہ گروہ دجال ظاہر ہو گیا ہے اور بڑے زور سے اس کا ظہور ہو رہا ہے اور اس کا گدھا بھی جو درحقیقت اُسی کا بنایا ہوا ہے جیسا کہ

[1] الدخان :۱۱

احادیث صحیحہ کا منشاء ہے مشرق ومغرب کا سیر کر رہا ہے اور وہ گدھا دجال کا بنایا ہوا ہوتا جو حدیث کے منشاء کے موافق ہے اس دلیل سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اگر ایسا گدھا معمولی طور پر کسی گدھی کے شکم سے پیدا ہوتا تو اس قسم کے بہت سے گدھے اب بھی موجود ہونے چاہیے تھے کیونکہ بچے کی مشابہت قد وقامت اور سیر وسیاحت اور قوت وطاقت میں اس کے والدین سے ضروری ہے۔ لہٰذا احادیث صحیحہ کا اشارہ اسی بات کی طرف ہے کہ وہ گدھا دجال
﴿۶۸۶﴾ کا اپنا ہی بنایا ہوا ہوگا پھر اگر وہ ریل نہیں تو اَور کیا ہے۔ ایسا ہی یاجوج ماجوج کی قومیں بھی بڑے زور سے خروج کر رہی ہیں۔ دابۃ الارض بھی جابجا نظر آتا ہے۔ ایک تاریک دخان نے بھی آسمان سے نازل ہوکر دنیا کو ڈھانک لیا ہے۔ پھر اگر ایسے وقت میں مسیح ظاہر نہ ہوتا تو پیشگوئی میں کذب لازم آتا۔ سو مسیح موعود جس نے اپنے تئیں ظاہر کیا وہ یہی عاجز ہے۔

اگر یہ شبہ پیش کیا جائے کہ دجّال کی علامتیں کامل طور پر ان انگریز پادریوں کے فرقوں میں کہاں پائی جاتی ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کامل طور پر اسی رسالہ میں ثابت کر آئے ہیں کہ درحقیقت یہی لوگ دجال معہود ہیں۔ اور اگر غور سے دیکھا جائے تو تمام علامات ان پر صادق آرہی ہیں۔ اور ان لوگوں نے بباعث اپنی صنعتوں اور تدبیروں اور حکیمانہ ید طولیٰ اور وسعت مالی کے ہر یک چیز گویا اپنے قابو میں کر رکھی ہے۔ اور یہ علامت کہ دجال صرف چالیس دن رہے گا اور بعض دن برس کی طرح ہوں گے یہ حقیقت پر محمول نہیں ہوسکتی کیونکہ بعض حدیثوں میں بجائے چالیس دن کے چالیس سال بلکہ پینتالیس برس بھی آیا ہے۔
﴿۶۸۷﴾ پھر اگر بعض دن برس کے برابر ہوں گے تو اس سے لازم آتا ہے کہ مسیح ابن مریم فوت بھی ہوجائے اور دجال ہنوز باقی رہے۔ لہٰذا اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ سب الفاظ قابل تاویل ہیں۔ دجال کے فوت ہونے سے مراد اس قوم کا استیصال نہیں بلکہ اس مذہب کے دلائل اور حجج کا استیصال ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ جو مذہب دلائل یقینیہ کے رو سے بکلّی مغلوب ہو جائے

اور اس کی ذلت اور رسوائی ظاہر ہو جائے وہ بلا شبہ میّت کے ہی حکم میں ہوتا ہے۔

بعض یہ شبہ بھی پیش کرتے ہیں کہ ایک سوال کے جواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ جب دجال کے زمانہ میں دن لمبے ہو جائیں گے یعنی برس کی مانند یا اس سے کم تو تم نے نمازوں کا اندازہ کر لیا کرنا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم کو انہیں ظاہری معنوں پر یقین تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ صرف فرضی طور پر ایک سوال کا جواب حسب منشاء سائل دیا گیا تھا اور اصلی واقعہ کا بیان کرنا مدعا نہ تھا بلکہ آپ نے صاف صاف فرما دیا تھا کہ **سائر ایّامہ کایّامکم** ۔ ماسوا اس کے یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ ایسے امور میں جو عملی طور پر سکھلائے نہیں جاتے اور نہ اُن کی جزئیات خفیہ سمجھائی جاتی ہیں۔ انبیاء سے بھی اجتہاد کے وقت ﴿۶۸۸﴾ امکانِ سہو و خطا ہے مثلاً اس خواب کی بناء پر جس کا قرآن کریم میں ذکر ہے جو بعض مومنوں کے لئے موجب ابتلاء کا ہوئی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ کا قصد کیا اور کئی دن تک منزل در منزل طے کر کے اس بلدہ مبارکہ تک پہنچے مگر کفار نے طواف خانہ کعبہ سے روک دیا اور اُس وقت اس رؤیا کی تعبیر ظہور میں نہ آئی لیکن کچھ شک نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِسی امید پر یہ سفر کیا تھا کہ اب کے سفر میں ہی طواف میسر آجائے گا اور بلا شبہ رسول اللہ صلعم کی خواب وحی میں داخل ہے لیکن اس وحی کے اصل معنے سمجھنے میں جو غلطی ہوئی اس پر متنبہ نہیں کیا گیا تھا تبھی تو خدا جانے کئی روز تک مصائب سفر اُٹھا کر مکہ معظّمہ میں پہنچے۔ اگر راہ میں متنبہ کیا جاتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ضرور مدینہ منورہ میں واپس آجاتے پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں نے آپ کے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کئے تھے تو آپ کو اس غلطی پر متنبہ نہیں کیا گیا یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے اور بظاہر معلوم ہوتا ہے ﴿۶۸۹﴾ کہ آپ کی یہی رائے تھی کہ درحقیقت جس بیوی کے لمبے ہاتھ ہیں وہی سب سے پہلے فوت ہوگی۔ اِسی وجہ سے باوجودیکہ آپ کے روبرو باہم ہاتھ ناپے گئے مگر آپ نے منع نہ فرمایا

کہ یہ حرکت تو خلاف منشاء پیشگوئی ہے۔ اِسی طرح ابن صیاد کی نسبت صاف طور پر وحی نہیں کھلی تھی اور آنحضرت کا اوّل اوّل یہی خیال تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے مگر آخر میں یہ رائے بدل گئی تھی۔ ایسا ہی سورۂ روم کی پیشگوئی کے متعلق جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے شرط لگائی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف فرمایا کہ **بضع** کا لفظ لغت عرب میں نو برس تک اطلاق پاتا ہے اور میں بخوبی مطلع نہیں کیا گیا کہ نو برس کی حد کے اندر کس سال یہ پیشگوئی پوری ہوگی۔ ایسا ہی وہ حدیث جس کے یہ الفاظ ہیں **فذھب وھلی الٰی انھا الیمامۃ او الھجر فاذا ھی المدینۃ یثرب**۔ صاف صاف ظاہر کر رہی ہے کہ جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اجتہاد سے پیشگوئی کا محل و مصداق سمجھا تھا وہ غلط نکلا۔ اور حضرت مسیحؑ کی پیشگوئیوں کا سب سے عجب تر حال ہے۔ بارہا انہوں نے کسی پیشگوئی کے معنے کچھ سمجھے اور آخر کچھ اور ہی ظہور میں آیا۔ یہودا اسکریوطی کو ایک پیشگوئی میں بہشت[۱۲] کا بارھواں تخت دیا لیکن وہ بکلی بہشت سے محروم رہا۔ اور پطرس کو کبھی بہشت کی کنجیاں دیں اور کبھی اُس کو شیطان بنایا۔ اسی طرح انجیل سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیحؑ کا مکاشفہ کچھ بہت صاف نہیں تھا اور کئی پیشگویاں ان کی بہ سبب غلط فہمی کے پوری نہیں ہوسکیں مگر اپنے اصلی معنوں پر پوری ہوگئیں۔ بہرحال ان تمام باتوں سے یقینی طور پر یہ اصول قائم ہوتا ہے کہ پیشگوئیوں کی تاویل اور تعبیر میں انبیاء علیہم السلام کبھی غلطی بھی کھاتے ہیں۔ جس قدر الفاظ وحی کے ہوتے ہیں وہ تو بلاشبہ اوّل درجہ کے سچے ہوتے ہیں مگر نبیوں کی عادت ہوتی ہے کہ کبھی اجتہادی طور پر بھی اپنی طرف سے اُن کی کسی قدر تفصیل کرتے ہیں۔ اور چونکہ وہ انسان ہیں اس لئے تفسیر میں کبھی احتمال خطا کا ہوتا ہے لیکن امور دینیہ ایمانیہ میں اس خطا کی گنجائش نہیں ہوتی کیونکہ ان کی تبلیغ میں منجانب اللہ بڑا اہتمام ہوتا ہے اور وہ نبیوں کو عملی طور پر بھی سکھلائی جاتی ہیں چنانچہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہشت اور دوزخ بھی دکھایا گیا اور آیات متواترہ محکمہ بیّنہ سے

﴿۶۹۰﴾ ﴿۶۹۱﴾

جنت اور نار کی حقیقت بھی ظاہر کی گئی ہے پھر کیوں کر ممکن تھا کہ اس کی تفسیر میں غلطی کر سکتے غلطی کا احتمال صرف ایسی پیشگوئیوں میں ہوتا ہے جن کو اللہ تعالیٰ خود اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے مبہم اور مجمل رکھنا چاہتا ہے اور مسائل دینیہ سے اُن کا کچھ علاقہ نہیں ہوتا۔ یہ ایک نہایت دقیق راز ہے جس کے یاد رکھنے سے معرفت صحیحہ مرتبہ نبوت کی حاصل ہوتی ہے اور اسی بناء پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ابن مریم اور دجال کی حقیقت کاملہ بوجہ نہ موجود ہونے کسی نمونہ کے موبمو منکشف نہ ہوئی ہو اور نہ دجال کے ستر باع کے گدھے کی اصل کیفیت کھلی ہو اور نہ یاجوج ماجوج کی عمیق تہ تک وحی الٰہی نے اطلاع دی ہو اور نہ دابۃ الارض کی ماہیت کَمَا ھِیَ ہی ظاہر فرمائی گئی اور صرف امثلہ قریبہ اور صور متشابہ اور امور متشاکلہ کے طرز بیان میں جہاں تک غیب محض کی تفہیم بذریعہ انسانی قویٰ کے ممکن ہے اجمالی طور پر سمجھایا گیا ہو تو کچھ تعجب کی بات نہیں اور ایسے امور میں اگر وقت ظہور کچھ جزئیات غیر معلومہ ظاہر ہو جائیں تو ﴿۶۹۲﴾ شان نبوت پر کچھ جائے حرف نہیں مگر قرآن اور حدیث پر غور کرنے سے یہ بخوبی ثابت ہو گیا ہے کہ ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو یقینی اور قطعی طور پر سمجھ لیا تھا کہ وہ ابن مریم جو رسول اللہ نبی ناصری صاحب انجیل ہے وہ ہرگز دوبارہ دنیا میں نہیں آئے گا بلکہ اس کا کوئی سمّی آئے گا جو بوجہ مماثلت روحانی اس کے نام کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے پائے گا۔

**اور منجملہ اُن علامات** کے جو اس عاجز کے مسیح موعود ہونے کے بارہ میں پائی جاتی ہیں وہ خدمات خاصہ ہیں جو اس عاجز کو مسیح ابن مریم کی خدمات کے رنگ پر سپرد کی گئی ہیں کیونکہ مسیح اُس وقت یہودیوں میں آیا تھا کہ جب توریت کا مغز اور بطن یہودیوں کے دلوں پر سے اُٹھایا گیا تھا اور وہ زمانہ حضرت موسیٰ سے چودان۱۴سو برس بعد تھا کہ جب مسیح ابن مریم یہودیوں کی اصلاح کے لئے بھیجا گیا تھا۔ پس ایسے ہی زمانہ میں یہ عاجز آیا کہ جب قرآن کریم کا مغز اور بطن مسلمانوں کے دلوں پر سے اٹھایا گیا اور یہ زمانہ بھی حضرت مثیل موسیٰ کے وقت سے ﴿۶۹۳﴾ اُسی زمانہ کے قریب قریب گذر چکا تھا جو حضرت موسیٰ اور عیسیٰ کے درمیان میں زمانہ تھا۔

**ازانجملہ ایک** یہ کہ ضرور تھا کہ آنے والا ابن مریم الف ششم کے آخر میں پیدا ہوتا کیونکہ ظلمت عامہ اور تامہ کے عام طور پر پھیلنے کی وجہ سے اور حقیقت انسانیہ پر ایک فنا طاری ہونے کے باعث سے وہ روحانی طور پر ابوالبشر یعنی آدم کی صورت پر پیدا ہونے والا ہے اور بڑے علامات اور نشان اُس کے وقت ظہور کے انجیل اور فرقان میں یہ لکھے ہیں کہ اس سے پہلے روحانی طور پر عالم کون میں ایک فساد پیدا ہو جائے گا۔ آسمانی نور کی جگہ دخان لے لے گا اور ایک عالم پر دخان کی تاریکی طاری ہو جائے گی۔ ستارے گر جائیں گے زمین پر ایک سخت زلزلہ آ جائے گا۔ مرد جو حقیقت کے طالب ہوتے ہیں تھوڑے رہ جائیں گے۔ اور دنیا میں کثرت سے عورتیں پھیل جائیں گی یعنی سفلی لذات کے طالب بہت ہو جائیں گے جو سفلی خزائن اور دفائن کو زمین سے باہر نکالیں گے مگر آسمانی خزائن سے بے بہرہ ہو جائیں گے تب وہ آدم جس کا دوسرا نام ابن مریم بھی ہے بغیر وسیلہ ہاتھوں کے پیدا کیا جائے گا اسی کی طرف وہ الہام اشارہ کر رہا ہے جو براہین میں درج ہو چکا ہے اور وہ یہ ہے **اردت ان استخلف فخلقت اٰدم** یعنی میں نے ارادہ کیا جو اپنا خلیفہ بناؤں سو میں نے آدم کو پیدا کیا۔ آدم اور ابن مریم در حقیقت ایک ہی مفہوم پر مشتمل ہے۔ صرف اس قدر فرق ہے کہ آدم کا لفظ قحط الرجال کے زمانہ پر ایک دلالت تامہ رکھتا ہے اور ابن مریم کا لفظ دلالت ناقصہ مگر دونوں لفظوں کے استعمال سے حضرت باری کا مدعا اور مراد ایک ہی ہے۔ اسی کی طرف اس الہام کا بھی اشارہ ہے جو براہین میں درج ہے اور وہ یہ ہے **ان السّمٰوات والارض کانتا رتقا ففتقناھما. کنت کنزًا مخفیا فاحببت ان اعرف** یعنی زمین وآسمان بند تھے اور حقائق ومعارف پوشیدہ ہوگئے تھے سو ہم نے اُن کو اس شخص کے بھیجنے سے کھول دیا۔ میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا سو میں نے چاہا کہ شناخت کیا جاؤں۔ ﴿۶۹۴﴾

اب جبکہ اس تمام تقریر سے ظاہر ہوا کہ ضرور ہے کہ آخر الخلفاء آدم کے نام پر آتا۔

اور ظاہر ہے کہ آدم کے ظہور کا وقت روز ششم قریب عصر ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ اور توریت
سے بھی ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے ہر یک منصف کو ماننا پڑے گا کہ وہ آدم اور ابن مریم یہی ﴿۶۹۵﴾
عاجز ہے کیونکہ اوّل تو ایسا دعویٰ اس عاجز سے پہلے کبھی کسی نے نہیں کیا اور اس عاجز کا یہ
دعویٰ دس برس سے شائع ہو رہا ہے اور براہین احمدیہ میں مدت سے یہ الہام چھپ چکا ہے کہ
خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کی نسبت فرمایا ہے کہ یہ آدم ہے اور یہ خدائے تعالیٰ کی ایک باریک
اور کامل حکمت ہے کہ اس طوفان نزاع کے وقت سے دس برس پہلے ہی اُس نے اس عاجز کا
نام آدم اور عیسیٰ رکھ دیا تا غور کرنے والوں کے لئے نشان ہو اور تا اُس تکلف اور تاویل کا
خیال دور ہو جاوے جو خام طبع لوگوں کے دلوں میں بسا ہوا ہے۔ سو اس حکیم مطلق نے اس
عاجز کا نام آدم اور خلیفۃ اللہ رکھ کر اور **انّی جاعل فی الارض خلیفه** کی کھلے کھلے طور پر
**براہین احمدیہ** میں بشارت دے کر لوگوں کو توجہ دلائی کہ تا اِس خلیفۃ اللہ آدم کی اطاعت کریں
اور اطاعت کرنے والی جماعت سے باہر نہ رہیں اور ابلیس کی طرح ٹھوکر نہ کھاویں اور **من شذّ
شُذّ فی النّار** کی تہدید سے بچیں اور اپنے الہاموں کی حقیقت کو سمجھیں لیکن انہوں نے
کورانہ لکیر کا نام جماعت رکھا اور حقیقی جماعت جو بنظر ظاہر بیناں ایک **فئه قلیله** اور ﴿۶۹۶﴾
**قلیلاً ما هم** میں داخل ہے اس سے منہ پھیر لیا اور اس عاجز کو جو خدائے تعالیٰ نے آدم
مقرر کر کے بھیجا اس کا یہ نشان رکھا کہ الف ششم میں جو قائم مقام روز ششم ہے یعنی آخری
حصہ الف میں جو وقت عصر سے مشابہ ہے اس عاجز کو پیدا کیا جیسا کہ وہ فرماتا ہے
اِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ [1]۔ اور ضرور تھا کہ وہ ابن مریم جس کا انجیل اور
فرقان میں آدم بھی نام رکھا گیا ہے وہ آدم کی طرز پر الف ششم کے آخر میں ظہور کرتا۔ سو
آدم اوّل کی پیدائش سے الف ششم میں ظاہر ہونے والا یہی عاجز ہے۔ بہت سی حدیثوں
سے ثابت ہو گیا ہے کہ بنی آدم کی عمر سات ہزار برس ہے اور آخری آدم پہلے آدم
کی طرز ظہور پر الف ششم کے آخر میں جو روز ششم کے حکم میں ہے پیدا ہونے والا ہے

[1] الحج: ۴۸

سو وہ یہی ہے جو پیدا ہو گیا۔ **فالحمد للّٰہ علٰی ذٰلک.**

**ازانجملہ ایک** یہ ہے کہ مسیح کے نزول کی علامت یہ لکھی ہے کہ دو فرشتوں کے پروں پر اس نے اپنی ہتھیلیاں رکھی ہوئی ہوں گی۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس کا دایاں اور ﴿۶۹۷﴾
بایاں ہاتھ جو تحصیل علوم عقلی اور انوار باطنی کا ذریعہ ہے آسمانی موکلوں کے سہارے پر ہوگا اور وہ مکتب اور کتابوں اور مشائخ سے نہیں بلکہ خدائے تعالیٰ سے **علم لدنی** پائے گا اور اس کی ضروریات زندگی کا بھی خدا ہی متولّی اور متکفل ہوگا جیسا کہ عرصہ دس سال سے براہین احمدیہ میں اس عاجز کی نسبت یہ الہام چھپ چکا ہے کہ **انک باعیننا سمّیتک المتوکل و علمنٰہُ من لدنا علمًا** یعنی تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے ہم نے تیرا نام متوکّل رکھا اور اپنی طرف سے علم سکھلایا۔ یاد رہے کہ **اجنحه** سے مراد جو حدیث میں ہے صفات اور قویٰ ملکیہ ہیں جیسا کہ صاحب لمعات شارح مشکوٰۃ نے حدیث مندرجہ ذیل کی شرح میں یہی معنے لکھے ہیں۔ **عن زید ابن ثابت قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم طوبٰی للشام قلنا لای ذٰلک یا رسول اللّٰہ قال لان ملائکۃ الرحمٰن باسطۃ اجنحتھا علیھا رواہ احمد والترمذی** ۔ یہ بات بہت سی حدیثوں اور قرآن کریم سے ثابت ہے کہ جو شخص کامل ﴿۶۹۸﴾
انقطاع اور کامل توکل کا مرتبہ پیدا کر لیتا ہے تو فرشتے اس کے خادم کئے جاتے ہیں اور ہر یک فرشتہ اپنے منصب کے موافق اس کی خدمت کرتا ہے **وقال اللّٰہ تعالٰی** اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ[1] ایسا ہی خدائے تعالیٰ فرماتا ہے وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ[2] یعنی اُٹھایا ہم نے اُن کو جنگلوں میں اور دریاؤں میں۔ اب کیا اس کے یہ معنے کرنے چاہئیں کہ حقیقت میں خدائے تعالیٰ اپنی گود میں لے کر اُٹھائے پھرا۔ سو اسی طرح ملائک کے پروں پر ہاتھ رکھنا حقیقت پر محمول نہیں۔

اب خلاصہ کلام یہ ہے کہ یہ عاجز ایسی علامت متذکرہ بالا کے ساتھ آیا ہے اور **اجنحه ملائکه** پر اس عاجز کے دونوں ہاتھ ہیں اور غیبی قوتوں کے سہارے سے **علوم لدنّی** کھل رہے ہیں۔ اگر کوئی

[1] حٰم السجدۃ :۳۱ [2] بنی اسرائیل :۷۱

شخص نابینا نہیں تو صریح اس علامت سے دیکھ لے گا اور دوسرے میں اس کی نظیر نہیں پائے گا۔

**ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ مسیح کی علامت یہ لکھی ہے کہ اس کے دم سے کافر مرے گا۔اس کا ﴿۶۹۹﴾
مطلب یہ ہے کہ اس کے مخالف اور منکر کسی بات میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے کیونکہ اس کے دلائل کاملہ کے سامنے مر جائیں گے۔سو عنقریب لوگ دیکھیں گے کہ حقیقت میں مخالف حجت اور دلیل اور بینہ کی رو سے مر گئے۔

**ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ مسیح جب آئے گا تو لوگوں کے عقائد اور خیالات کی غلطیاں نکالے گا جیسا کہ بخاری میں یہی حدیث لکھی ہے کہ مسیح ابن مریم حَکَم اور عدل ہونے کی حالت میں نازل ہوگا۔ پس حَکَم اور عدل کے لفظ سے ہر یک دانا سمجھ سکتا ہے کہ مسیح بہتوں کے فہم اور سمجھ کے مخالف حق اور عدل کے ساتھ حکم کرے گا اور جیسے حَکَم عدل سے نادان لوگ ناراض ہو جاتے ہیں ایسا ہی اس سے بھی ہوں گے۔سو یہ عاجز حَکَم ہو کر آیا اور تمام غلط اوہام کا غلط اوہام ہونا ظاہر کر دیا۔ چنانچہ لوگ اوّل یہ سمجھ رہے تھے کہ وہی مسیح ابن مریم نبی ناصری جو فوت ہو چکا ہے پھر دوبارہ دنیا میں آ جائے گا۔سو پہلے یہی غلطی ان کی دور کر دی گئی اور اُن لوگوں کو سچا ٹھہرایا گیا جو مسلمانوں میں سے مسیح کی موت کے قائل تھے یا جیسے عیسائیوں میں سے یونی ٹیرین فرقہ جو اسی بات کا قائل ہے کہ مسیح مر گیا اور پھر دنیا میں نہیں آئے گا ﴿۷۰۰﴾
اور ظاہر کر دیا گیا کہ قرآن کریم کی تیس آیتوں سے مسیح ابن مریم کا فوت ہونا ثابت ہوتا ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ کسی نبی کی وفات ایسی صراحت سے قرآن کریم میں نہیں لکھی جیسی مسیح ابن مریم کی۔اور یہ وہ امر ہے جس کو ہم شرطی طور پر قرآن کریم کی رو سے پیش کر سکتے ہیں۔اور ہم نے مسیح کی موت کا ثبوت دینے کے بعد یہ بھی ثابت کر دیا کہ وعدہ صرف یہ تھا کہ جب چودھویں صدی تک اس اُمت کے ایام پہنچ جائیں گے تو خدائے تعالیٰ اس لطف و احسان کی طرح جو حضرت موسیٰ کی اُمت سے اُس اُمت کے آخری زمانہ میں کیا تھا۔مثیل موسیٰ کی ایک غافل اُمت پر بھی اُن کے آخری زمانہ میں وہی احسان کرے گا

اور اسی اُمت میں سے ایک کو مسیح ابن مریم بنا کر بھیجے گا سو وہ مسلمانوں میں سے ہی آوے گا۔ جیسا کہ اسرائیلی ابن مریم بنی اسرائیل میں سے ہی آیا۔

ایسا ہی لوگ یہ سمجھ رہے تھے کہ مسیح وفات کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں دفن کیا جائے گا لیکن وہ اس بے ادبی کو نہیں سمجھتے تھے کہ ایسے نالائق اور بے ادب کون آدمی ہوں گے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو کھودیں گے۔ اور یہ کس قدر لغو حرکت ہے کہ رسول مقبول کی قبر کھودی جاوے اور پاک نبی کی ہڈیاں لوگوں کو دکھائی جاویں بلکہ یہ معیت روحانی کی طرف اشارہ ہے۔ ایسا ہی بہت سی غلطیاں ہیں جو نکل رہی ہیں۔ ﴿۴۰۱﴾

**ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ مسیح موعود جو آنے والا ہے اس کی علامت یہ لکھی ہے کہ وہ نبی اللہ ہوگا یعنی خدائے تعالیٰ سے وحی پانے والا لیکن اس جگہ نبوت تامہ کاملہ مراد نہیں کیونکہ نبوت تامہ کاملہ پر مہر لگ چکی ہے بلکہ وہ نبوت مراد ہے جو محدثیت کے مفہوم تک محدود ہے جو مشکوٰۃ نبوت محمدیہ سے نور حاصل کرتی ہے۔ سو یہ نعمت خاص طور پر اس عاجز کو دی گئی ہے اور اگرچہ ہر یک کو رؤیا صحیحہ اور مکاشفات میں سے کسی قدر حصہ ہے مگر مخالفین کے دل میں اگر گمان اور شک ہو تو وہ مقابلہ کر کے آزما سکتے ہیں کہ جو کچھ اس عاجز کو رؤیا صالحہ اور مکاشفہ اور استجابت دعا اور الہامات صحیحہ صادقہ سے حصہ وافرہ نبیوں کے قریب قریب دیا گیا ہے وہ ﴿۴۰۲﴾ دوسروں کو تمام حال کے مسلمانوں میں سے ہرگز نہیں دیا گیا اور یہ ایک بڑا محک آزمائش ہے کیونکہ آسمانی تائید کی مانند صادق کے صدق پر اور کوئی گواہ نہیں۔ جو شخص خدائے تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے بے شک خدائے تعالیٰ اس کے ساتھ ہوتا ہے اور ایک خاص طور پر مقابلہ کے میدانوں میں اس کی دستگیری فرماتا ہے۔ چونکہ میں حق پر ہوں اور دیکھتا ہوں کہ خدا میرے ساتھ ہے جس نے مجھے بھیجا ہے اس لئے میں بڑے اطمینان اور یقین کامل سے کہتا ہوں کہ اگر میری ساری قوم کیا پنجاب کے رہنے والے اور کیا ہندوستان کے باشندے اور کیا عرب کے مسلمان اور کیا روم اور فارس کے کلمہ گو اور کیا افریقہ اور دیگر بلاد کے اہل اسلام

اور اُن کے علماء اور اُن کے فقراء اور اُن کے مشائخ اور اُن کے صلحاء اور اُن کے مرد اور اُن کی عورتیں مجھے کاذب خیال کر کے پھر میرے مقابل پر دیکھنا چاہیں کہ قبولیت کے نشان مجھ میں ہیں یا اُن میں۔ اور آسمانی دروازے مجھ پر کھلتے ہیں یا اُن پر۔ اور وہ محبوب حقیقی اپنی خاص عنایات اور اپنے علوم لدنیہ اور معارف روحانیہ کے القاء کی وجہ سے میرے ساتھ ہے یا اُن کے ساتھ۔ تو بہت جلد اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہ خاص فضل اور خاص رحمت جس سے دل مورد فیوض کیا جاتا ہے اسی عاجز پر اس کی قوم سے زیادہ ہے۔ کوئی شخص اس بیان کو تکبر کے رنگ میں نہ سمجھے بلکہ یہ تحدیث نعمت کی قسم میں سے ہے **و ذٰلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء**۔ اسی کی طرف اشارہ ان الہامات میں ہے **قل انی امرت و انا اول المؤمنین۔ الحمد للّٰہ الذی اذھب عنی الحزن و اٰتانی ما لم یؤت احد من العٰلمین۔ احد من العٰلمین** سے مراد زمانہ حال کے لوگ یا آئندہ زمانہ کے ہیں۔ **و اللّٰہ اعلم بالصواب۔** ﴿۷۰۳﴾

**ازانجملہ** بعض مکاشفات مولوی عبداللہ صاحب غزنوی مرحوم ہیں جو اس عاجز کے زمانہ ظہور سے پہلے گذر چکے ہیں۔ چنانچہ ایک یہ ہے کہ آج کی تاریخ ۱۷ جون ۱۸۹۱ء سے عرصہ چار ماہ کا گذرا ہے کہ **حافظ محمد یوسف صاحب** جو ایک مرد صالح بے ریا متقی اور متبع سنت اور اوّل درجہ کے رفیق اور مخلص مولوی عبداللہ صاحب غزنوی ہیں وہ قادیان میں اس عاجز کے پاس آئے اور باتوں کے سلسلہ میں بیان کیا کہ مولوی عبداللہ صاحب مرحوم نے اپنی وفات سے کچھ دن پہلے اپنے کشف سے ایک پیشگوئی کی تھی کہ ایک نور آسمان سے قادیان کی طرف نازل ہوا مگر افسوس کہ میری اولاد اس سے محروم رہ گئی۔ فقط ایک صاحب غلام نبی نارو والے نام اپنے اشتہار مرقومہ دوم ذیقعدہ میں لکھتے ہیں کہ یہ افتراء ہے اگر افتراء نہیں تو اُس راوی کا نام لینا چاہیے جس کے روبرو مولوی صاحب مرحوم نے بیان کیا۔ سو اب ہم نے بیان کر دیا کہ وہ راوی کون ہے اور کس درجہ کا آدمی ہے۔ چاہیے کہ حافظ صاحب سے دریافت کریں کہ افترا ہے یا سچی بات ہے۔ **و من اظلم ممن افترٰی او کذّب و ابٰی.** ﴿۷۰۴﴾

ایسا ہی فروری ۱۸۸۶ء میں بمقام ہوشیار پور منشی محمد یعقوب صاحب برادر حافظ محمد یوسف نے میرے پاس بیان کیا کہ مولوی عبداللہ صاحب غزنوی مرحوم سے ایک دن میں نے سنا کہ وہ آپ کی نسبت یعنی اس عاجز کی نسبت کہتے تھے کہ میرے بعد ایک عظیم الشان کام کے لئے وہ مامور کئے جائیں گے مگر مجھے یاد نہیں رہا کہ منشی محمد یعقوب صاحب کے منہ سے یہی الفاظ نکلے تھے یا انہیں کے ہم معنے اور الفاظ تھے بہرحال انہوں نے بعض آدمیوں کے روبرو جن ﴿۴۰۵﴾ میں سے ایک میاں عبداللہ سنوری پٹیالہ کی ریاست کے رہنے والے ہیں اس مطلب کو انہیں الفاظ یا اور لفظوں میں بیان کیا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ اس وقت منشی الٰہی بخش صاحب اکونٹنٹ اور کئی اور صاحب میرے مکان پر جو شیخ مہر علی صاحب رئیس کا مکان تھا موجود تھے مگر یہ معلوم نہیں کہ اس جلسہ میں کون کون موجود تھا جب یہ ذکر کیا گیا مگر میاں عبداللہ سنوری نے میرے پاس بیان کیا کہ میں اس تذکرہ کے وقت موجود تھا اور میں نے اپنے کانوں سے سنا۔

**ازانجملہ** ایک کشف ایک مجذوب کا ہے جو اس زمانہ سے تیس یا اکتیس برس پہلے اس عالم بے بقا سے گذر چکا ہے۔ جس شخص کی زبان سے میں نے یہ کشف سنا ہے وہ ایک معمر سفید ریش آدمی ہے جس کے چہرہ پر آثار صلاحیت وتقویٰ ظاہر ہیں جس کی نسبت اس کے جاننے والے بیان کرتے ہیں کہ یہ درحقیقت راست گو اور نیک بخت اور صالح آدمی ہیں یہاں تک کہ مولوی عبدالقادر مدرس جمالپور ضلع لدھانہ نے جو ایک صالح آدمی ہے اس پیر سفید ریش کی بہت تعریف کی کہ درحقیقت یہ شخص متقی اور متبع سنت اور راست گو ﴿۴۰۶﴾ ہے۔ اور نہ صرف انہوں نے آپ ہی تعریف کی بلکہ اپنی ایک تحریر میں یہ بھی لکھا کہ مولوی محمد حسن صاحب رئیس لدھیانہ کہ جو گروہ موحدین میں سے ایک منتخب اور شریف اور غایت درجہ کے خلیق اور بُردبار اور ثقہ ہیں جن کے والد صاحب مرحوم کا جو ایک باکمال بزرگ تھے یہ سفید ریش بڈھا قدیمی دوست اور ہم قوم اور پُرانے زمانہ سے تعارف

رکھنے والا اور اُن کی پُرفیض صحبتوں کے رنگ سے رنگین ہے بیان فرماتے تھے کہ حقیقت میں
میاں کریم بخش یعنی یہ بزرگ سفید ریش بہت اچھا آدمی ہے اور اعتبار کے لائق ہے مجھ کو
اس پر کسی طور سے شک نہیں ہے۔

اب وہ کشف جس طور سے میاں کریم بخش موصوف نے اپنے تحریری اظہار میں بیان کیا
ہے اس اظہار کی نقل معہ اُن تمام شہادتوں کے جو اس کاغذ پر ثبت ہیں ذیل میں ہم لکھتے ہیں
اور وہ یہ ہے۔

میرا نام کریم بخش والد کا نام غلام رسول قوم اعوان ساکن جمالپور اعوانہ تحصیل لودھیانہ پیشہ
زمینداری عمر تخمیناً چونسٹھ ۶۴ سال مذہب موحد اہلحدیث حلفاً بیان کرتا ہوں کہ تخمیناً تیس یا اکتیس ۳۱ «۲۰۷»
سال کا گذرا ہوگا یعنی سمت ۱۹۱۷ میں جبکہ سن سترہ کا ایک مشہور قحط پڑا تھا ایک بزرگ گلاب شاہ
نام جس نے مجھے توحید کا راہ سکھلایا اور جو باعث اپنے کمالات فقر کے بہت مشہور ہوگیا تھا اور
اصل باشندہ ضلع لاہور کا تھا ہمارے گاؤں جمالپور میں آرہا تھا اور ابتدا میں ایک فقیر سالک اور
زاہد اور عابد تھا اور اسرار توحید اُس کے منہ سے نکلتے تھے لیکن آخر اس پر ایک ربودگی اور بیہوشی
طاری ہوکر مجذوب ہوگیا اور بعض اوقات قبل از ظہور بعض غیب کی باتیں اس کی زبان پر جاری
ہوتیں اور جس طرح وہ بیان کرتا آخر اُسی طرح پوری ہوجاتیں۔ چنانچہ ایک دفعہ اُس نے
سمت سترہ کے قحط سے پہلے ایک قحط شدید کے آنے کی پیشگوئی کی تھی اور پیش از وقوع مجھے بھی
خبر دی تھی۔ سو تھوڑے دنوں کے بعد سترہ کا قحط پڑ گیا تھا۔ اور ایک دفعہ اُس نے بتلایا تھا کہ
موضع رام پور ریاست پٹیالہ تحصیل پائیلی کے قریب جہاں اب نہر چلتی ہے ہم نے وہاں
نشان لگایا ہے کہ یہاں دریا چلے گا۔ پھر بعد ایک مدت کے وہاں اُسی نشان کی جگہ پر نہر
جاری ہوگئی جو درحقیقت دریا کی ہی ایک شاخ ہے۔ یہ پیشگوئی اُن کی سارے جمالپور میں «۲۰۸»
مشہور ہے۔ ایسا ہی ایک دفعہ انہوں نے سمت سترہ کے قحط سے پہلے کہا تھا کہ اب بیوپاریوں کو

بہت فائدہ ہوگا۔ چنانچہ تھوڑے دنوں کے بعد قحط پڑا اور بیوپاری لوگوں کو اس قحط میں بہت فائدہ ہوا۔ ایسی ہی اُن کی اَور بھی کئی پیشگوئیاں تھیں جو پوری ہوتی رہیں۔

اس بزرگ نے ایک دفعہ جس بات کو عرصہ تیس سال کا گذرا ہوگا مجھ کو کہا کہ عیسیٰ اب جوان ہوگیا ہے اور لدھانہ میں آکر قرآن کی غلطیاں نکالے گا اور قرآن کی رو سے فیصلہ کرے گا اور کہا کہ مولوی اس سے انکار کریں گے پھر کہا کہ مولوی انکار کر جائیں گے۔ تب میں نے تعجب کی راہ سے پوچھا کہ کیا قرآن میں بھی غلطیاں ہیں قرآن تو اللہ کا کلام ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ تفسیروں پر تفسیریں ہوگئیں اور شاعری زبان پھیل گئی (یعنی مبالغہ پر مبالغہ کر کے حقیقتوں کو چھپایا گیا جیسے شاعر مبالغات پر زور دے کر اصل حقیقت کو چھپا دیتا ہے) پھر کہا کہ جب وہ عیسیٰ آئے گا تو فیصلہ قرآن سے کرے گا۔ پھر اس مجذوب نے بات کو دوہرا کر یہ بھی کہا تھا کہ فیصلہ قرآن پر کرے گا اور مولوی انکار کر جائیں گے۔ اور پھر یہ بھی کہا کہ ﴿۷۰۹﴾ انکار کریں گے اور جب وہ عیسیٰ لدھانہ میں آئے گا تو قحط بہت پڑے گا۔ پھر میں نے پوچھا کہ عیسیٰ اب کہاں ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ بیچ قادیان کے یعنی قادیان میں تب میں نے کہا کہ قادیان تو لدھانہ سے تین کوس ہیں وہاں عیسیٰ کہاں ہے (لودھیانہ کے قریب ایک گانؤں ہے جس کا نام قادیان ہے) اس کا انہوں نے کچھ جواب نہ دیا۔ اور مجھے کچھ معلوم نہیں تھا کہ ضلع گورداسپورہ میں بھی کوئی گانؤ ہے جس کا نام قادیان ہے۔ پھر میں نے اُن سے پوچھا کہ عیسیٰ علیہ السلام نبی اللہ آسمان پر اٹھائے گئے اور کعبہ پر اُتریں گے۔ تب انہوں نے جواب دیا کہ عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ تو مر گیا ہے اب وہ نہیں آئے گا ہم نے اچھی طرح تحقیق کیا ہے کہ مر گیا ہے۔ ہم بادشاہ ہیں جھوٹھ نہیں بولیں گے اور کہا کہ جو آسمانوں والے صاحب ہیں وہ کسی کے پاس چل کر نہیں آیا کرتے۔

الــــــمــــــظھــــــر

میاں کریم بخش بمقام لدھیانہ محلّہ اقبال گنج ۱۴؍ جون ۱۸۹۱ء روز شنبہ

﴿۷۱۰﴾ نام اُن صاحبوں کے جنہوں نے اپنے کانوں سے اس بیان کو سن کر میاں کریم بخش کے اظہار تحریری پر اُسی وقت اُن کے روبرو اپنی اپنی گواہیں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| میرے سامنے میاں کریم بخش نے مضمون مذکورہ صدر حرف بحرف لکھوایا۔<br>میر عباس علی بقلم خود | میرے روبرو میاں کریم بخش صاحب نے یہ بیان تحریر کرایا جو اوپر لکھا گیا ہے۔<br>عاجز رستم علی ڈپٹی انسپکٹر ریلوے پولیس ۱۴ جون ۹۱ء |
| اس عاجز کے روبرو میاں کریم بخش نے یہ بیان تحریر کرایا اور یہ مضمون بلا کمی بیشی حرف بہ حرف لکھا گیا۔<br>عبداللہ پٹواری غوث گڑھ | میرے سامنے میاں کریم بخش نے یہ بیان حرف بحرف تحریر کرایا۔<br>الٰہ بخش بقلم خود سکنہ لدھانہ |
| میرے سامنے میاں کریم بخش نے مضمون مذکور الصدر حرف بہ حرف لکھوایا۔<br>غلام محمد از پکھووال بقلم خود | میرے روبرو بیان مذکورہ بالا میاں کریم بخش نے حرف بہ حرف لکھوایا<br>عطاء الرحمان ساکن دہلی |

میرے روبرو میاں کریم بخش نے حرف بہ حرف حلفاً بیان مذکورہ بالا تحریر کرایا
عبدالحق خلف عبدالسمیع ساکن لدھیانہ

﴿۷۱۱﴾

| | |
|---|---|
| یہ بیان میاں کریم بخش نے حلفاً میرے روبرو لکھوایا ہے۔<br>عبدالقادر مدرس جمالپورہ بقلم خود | اس عاجز کے رو برو میاں کریم بخش نے اظہار مذکورہ بالا حلفاً لکھوایا۔<br>سید فضل شاہ ساکن ریاست جموں |
| بیان بالا میری موجودگی میں حلفاً میاں کریم بخش سکنہ جمالپور نے لکھوایا ہے۔<br>کنہیا لال سیکنڈ ماسٹر راج سکول سنگرور ریاست جیند سکنہ لدھانہ | میرے رو برو بیان مذکورہ بالا حرف بہ حرف میاں کریم بخش نے حلفاً لکھوایا ہے۔<br>سیّد عنایت علی سکنہ لودھیانہ محلّہ صوفیاں |

میرے روبرو بیان مذکورہ بالا کی میاں کریم بخش نے تصدیق کی۔ ناصر نواب

میرے روبرو میاں کریم بخش نے بیان مذکورہ بالا کی تصدیق کی۔ قاضی خواجہ علی بقلم خود

میاں کریم بخش نے حلفاً بیان مذکورہ بالا لکھوایا ہے

مولوی تاج محمد

میرے روبرو یہ مضمون مسمّی کریم بخش کو سنایا گیا اور اس نے تصدیق کیا۔

مراری لال کلرک نہر سرہند ڈویژن لودہانہ

﴾۱۲﴿ میاں کریم بخش نے وہ تمام بیان جو اس کی زبان سے لکھا گیا حلفاً تصدیق کیا۔

مولوی نصیر الدین واعظ ساکن بہولر ریاست بہاولپور۔ حال وارد لدھانہ

بیان مذکورہ بالا کو میاں کریم بخش نے میرے روبرو تصدیق کیا۔

محمد نجیب خان دفتر نہر سرہند ڈویژن لودھیانہ

اس بیان کے بعد پھر میاں کریم بخش نے بیان کیا کہ ایک بات میں بیان کرنے سے رہ گیا۔ اور وہ یہ ہے کہ اس مجذوب نے مجھے صاف صاف یہ بھی بتلا دیا تھا کہ اُس عیسیٰ کا نام **غلام احمد** ہے۔

اب وہ گواہیاں ذیل میں لکھی جاتی ہیں جنھوں نے قسم کھا کر بیان کیا کہ درحقیقت میاں کریم بخش ایک مرد صالح اور نیک چلن آدمی ہے جس کا کبھی کوئی جھوٹھ ثابت نہیں ہوا یہ گواہ اسی گانؤ کے یا اس کے قریب کے رہنے والے ہیں۔

﴾۱۳﴿ ہم حلفاً بیان کرتے ہیں کہ میاں کریم بخش ایک راستباز آدمی ہے اور صوم وصلوٰۃ کا اعلیٰ درجہ کا پابند ہے اور ہم نے اپنی تمام عمر میں اس کی نسبت کوئی جھوٹ بات بولنے اور خلاف واقعہ بیان کرنے میں اتہام نہیں سنا بلکہ آج تک ایک گنا یا چھلّی تک کسی شخص کی نہیں توڑی۔ اور میاں گلاب شاہ بھی اس دیہہ میں ایک مشہور مجذوب گذرا اور اس مجذوب کے انتقال کو عرصہ تخمیناً پچیس سال کا ہوا ہے۔ اس مجذوب کی اکثر پیش از وقوع باتیں بتلائی ہوئی ہمارے روبرو پوری ہوئی ہیں۔

العبد

خیرا یتی نمبردار جماپور

العبد

نورالدین ولد دتا ساکن جماپور

۲۶؍ جون ۱۸۸۳ءمَیں اس جگہ ملازم ہوں۔ میں نے میاں کریم بخش کا کوئی جھوٹ آج تک نہیں معلوم کیا اور یہ شخص اوّل درجہ کا پابند صوم وصلوٰۃ اور راستباز آدمی ہے۔ اور موحد ہے۔

العبد

عبدالقادر مدرس جماپور بقلم خود

میاں کریم بخش نیک آدمی ہے اور پکا نمازی۔ میں نے اپنی تمام عمر میں اس کا کوئی جھوٹ نہیں سنا حلفاً بیان کیا ہے اور میاں گلاب شاہ بہت اچھا فقیر تھا اس گلاب شاہ کو تمام زن و مرد اس دیہہ کے جانتے ہیں۔

العبد

نبی بخش ارائیں سکنہ جماپور

میاںؔ کریم بخش سچا آدمی ہے اور پختہ نمازی ہے اور نماز جمعہ کا سخت پابند اور کم گو ہے

الـــــــعبـــــــد

پیر محمد نمبردار بقلم خود سکنہ جمالپور

﴿۷۱۴﴾ کریم بخش نمازی ہے اور بہت سچا آدمی ہے

الہ دتا سکنہ جمالپور

اوپر کا لکھا ہوا نہایت صحیح ہے اور کریم بخش نہایت سچا آدمی ہے اور نماز روزہ اور جمعہ کبھی قضا نہیں کیا اور کوئی جھوٹ اور افتراء کی بات اس کی نسبت ثابت نہیں ہوئی اور بہت کم گو آدمی ہے۔

الـــــــعبـــــــد

نور محمد ولد مادا سکنہ جمالپور

﴿۷۱۵﴾ کریمؔ بخش نہایت سچا اور نیک بخت اور کم گو اور پرہیزگار اور نمازی آدمی ہے اور سب عادتیں اس کی بہت اچھی ہیں۔

الـــــــعبـــــــد

روشن لال ولد قاسا نمبردار جمال پور عمر ۵۰ سال

میاں کریم بخش بہت سچا آدمی ہے اور کبھی اس شخص نے جھوٹھی گواہی نہیں دی اور نہ جھوٹ کی تہمت اس کو کسی نے میری ہوش میں لگائی۔

الـــــــعبـــــــد

خیالی ولد گورمکھ ترکھان سکنہ جمالپور

کریم بخش غلام رسول کا بیٹا بہت نیک آدمی ہے اور سچا ہے اور ہمیشہ جمعہ پڑھتا ہے اور کبھی اس نے جھوٹھ نہیں بولا۔

الـــــــعبـــــــد

کاکا ولد چوہڑ سکنہ جمالپور

کریم بخش سچا آدمی ہے اور نیک بخت ہے اور نمازی ہے فقط اور میاں گلاب شاہ بہت اچھا مجذوب تھا۔

الـــــــعبـــــــد

بوٹا ولد احمد بقلم پیر محمد نمبردار

میاں کریم بخش بہت سچا اور نیک چلن آدمی ہے اور اس شخص نے کبھی جھوٹھی شہادت نہیں دی اور نہ سنی۔

الـــــــعبـــــــد

ہیرا لال ولد دوسندھی سکنہ جمالپور بقلم خود

میاں کریم بخش بہت سچا اور بہت نیک اور نمازی ہے اور میں نے اپنی ہوش میں اس کا کوئی جھوٹھ نہیں سنا۔

الـــــــعبـــــــد

گلزار شاہ بقلم خود

میاں کریم بخش کو میں بخوبی جانتا ہوں کہ یہ شخص نیک بخت ہے اور بہت سچا ہے ۱۸۶۲ء سے میں اِس کا واقف ہوں اور اس شخص کا جھوٹھ کوئی میں نے نہیں سنا اور نہ کوئی بدچلنی اس کی سنی گئی ہے اور یہ شخص نمازی ہے اور جمعہ پڑھنے بھی لدھیانہ آیا کرتا ہے۔

الـــــــعبـــــــد

امیر علی ولد نبی بخش آوان ساکن لدھیانہ برادر مولوی محمد حسن صاحب رئیس اعظم بقلم خود

کریم بخش پکا نمازی ہے اور سچا اور نیک بخت اور کبھی جھوٹھی شہادت اس نے نہیں دی۔

بقلم خود امان علی ولد چانن شاہ ٹھیکیدار

| | |
|---|---|
| ﴿۷۱۶﴾ مسمّی کریم بخش بہت سچا اور پکا نمازی اور نیک چلن آدمی ہے اور کبھی اس کا کوئی جھوٹھ بولنا ثابت نہیں ہوا۔ اور گلاب شاہ بہت اچھا فقیر تھا۔ اور اس ہمارے دیہہ میں بہت مدت تک رہے ہیں۔<br>العبد<br>اکبر ولد محمد پناہ سکنہ جمالپور | مسمی کریم بخش بڑا سچا آدمی اور پختہ نمازی ہے رمضان کے روزے ہمیشہ رکھتا ہے اور کبھی جمعہ قضا نہیں کرتا اور کبھی اس کا جھوٹھ ثابت نہیں ہوا اور نہایت نیک چلن ہے۔<br>العبد<br>بقلم غلام محمد پسر روشن ذات آوان ساکن جمالپور |
| میں مسمّی کریم بخش کو بہت نیک بخت جانتا ہوں۔ اور سچا ہے اور یہ شخص پکا نمازی ہے۔<br>العبد<br>غلام محمد نائب مدرس مدرسہ جمالپور سکنہ پکھووال بقلم خود | میاں کریم بخش بہت اچھا اور نیک چلن نمازی ہے اور جمعہ پڑھنے والہ اور سچا آدمی ہے۔<br>العبد<br>نظام الدین سکنہ جمالپور بقلم خود نظام الدین |
| ﴿۷۱۷﴾ میاں کریم بخش بہت اچھا اور نیک چلن اور نمازی اور جمعہ پڑھنے والا اور سچا آدمی ہے۔<br>العبد<br>شیرا ولد روشن گوجر از جمالپور | میاں کریم بخش بہت اچھا اور نیک چلن آدمی ہے اور اس شخص نے کبھی جھوٹی شہادت نہیں دی اور نہ سنی۔<br>العبد<br>گوکل ولد متابا سود از جمالپور |
| میاں کریم بخش آدمی نمازی ہے اور بہت سچا ہے<br>العبد<br>کریم بخش ولد غلام غوث آوان از جمالپور | کریم بخش بہت اچھا نیک بخت آدمی ہے اور سچا اور نمازی اور پرہیزگار ہے۔<br>العبد<br>لکھا ولد سوندھا ارائیں جمالپور |
| کریم بخش بہت نیک بخت ہے اور سچا ہے اور اس میں جھوٹ بولنے کی عادت نہیں<br>العبد<br>گنیشا مل سود جمالپور یہ بقلم لنڈے | کریم بخش پکا نمازی ہے اور بہت سچا آدمی ہے اور کبھی اس نے جھوٹھی گواہی نہیں دی۔<br>العبد<br>گاندھی ولد عالم گوجر چوکیدار جمالپور |

العبد
کرم بخش ساکن جمالپور
العبد
پیر محمد سکنہ جمال پوراعوان
العبد
روشن سقہ جمالپوریہ
العبد
بوٹا جھیور سکنہ جمال پور
العبد
غوث ولد نبی بخش سکنہ جمال پور آوان
العبد
کاکا ولد علی بخش سکنہ جمالپور آوان
العبد
علی بخش ولد لہنا سکنہ جمالپور
العبد
محمد بخش ولد روشن سکنہ جمالپور آوان
العبد
شمس الدین گوجر سکنہ جمالپور
العبد
نور محمد ولد عمرا آوان سکنہ جمالپور
العبد
نہال ترکھان سکنہ جمالپور
العبد
کریم بخش ولد جیوا موچی سکنہ جمالپور
العبد
غوثو ولد بہالی آوان سکنہ جمالپور

العبد
﴾۷۱۸﴿ پیر بخش تیلی سکنہ جمالپور
العبد
خدا بخش سکنہ جمال پوراعوان
العبد
کاسو ولد اکو گوجر جمال پور
العبد
ٹھاکرداس پٹواری جمال پور
العبد
شاہ محمد سکنہ جمال پور آوان
العبد
فیضا ولد مادا سکنہ جمالپور آوان
العبد
جمال شاہ فقیر سکنہ جمالپور
العبد
کرم بخش ولد شمس الدین جمالپوریہ
العبد
مالی سکنہ جمالپور
﴾۷۱۹﴿
العبد
سوبھا بھگت سکنہ جمالپور
العبد
عبدالحق ولد عمرا ذات آوان جمالپوریہ
العبد
علی بخش ولد غلام رسول آوان

کریم بخش اچھا نیک بخت اور باشرع آدمی نہایت سچا پرہیزگار ہے
العبد
نہال نمبردار (مہر)

**مکاشفہ** مذکورہ بالا کی مؤید ایک رؤیا صالحہ ذیل میں بیان کی جاتی ہے جس کو ایک بزرگ **محمد** نام خاص مکہ کے رہنے والے عربی مکی نے دیکھا ہے اور اس خواب کی مندرجہ ذیل عبارت خود انہیں کے منہ سے نکلی ہوئی بذریعہ ان کی ایک خاص تحریر کے مجھ کو ملی ہے اور وہ یہ ہے **اقول و انا محمد ابن احمد المکی من حارۃ شعب عامر انی رایت فی المنام فی**
﴾۷۲۰﴿ **سنة ١٣٠٥ ان ابی قائم و انا معه فنظرت الی جانب المشرق فرئیت عیسٰی علیه السلام نزل من السماء و انا ارید ان اتوضا فتوجهت الی البحر ثم توضئت و رجعت الی ابی فقلت یا ابی ان عیسی علیه السلام قد نزل فیکف اصلّی فقال لی ابی انه نزل علی دین الاسلام و دینه دین النبی صلی اللّٰه علیه و سلم فصل مثل ما کنت تصلّی او لا فصلیت ثم استیقظت من منامی فقلت فی نفسی**

**لا بد انشاء اللّٰہ ان ینزل عیسٰی علیہ السلام فی حیاتی و انظرہ بعینی** یعنی میں جو محمد ابن احمد مکی رہنے والا خاص مکہ معظّمہ محلّہ شعب عامر کا ہوں کہتا ہوں کہ میں نے ۱۳۰۵ھ ہجری میں خواب میں دیکھا کہ ایک جگہ میرا باپ کھڑا ہے اور مَیں اس کے ساتھ ہوں اس وقت جو میں نے مشرق کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اُتر آیا اور میں ارادہ کر رہا ہوں کہ وضو کروں سو میں نے دریا کی طرف رخ کیا پھر وضو کر کے اپنے باپ کی طرف چلا آیا۔ تب میں نے اپنے باپ کو کہا کہ عیسےٰ علیہ السلام تو نازل ہو گیا اب میں کس طور سے نماز پڑھوں سو میرے باپ نے مجھے کہا کہ وہ دین اسلام پر اترا ہے اور اس کا دین کوئی الگ دین نہیں بلکہ وہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی دین رکھتا ہے۔ سو تو اُسی ﴿۷۲۱﴾ طرح نماز پڑھ جیسے پہلے پڑھا کرتا تھا۔ تب میں نے نماز پڑھ لی۔ پھر میری آنکھ کھل گئی اور میں نے دل میں کہا کہ انشاء اللہ عیسیٰ علیہ السلام میری زندگی میں اتر آئے گا اور میں اس کو اپنی آنکھ سے دیکھ لوں گا۔

**ازانجملہ** اس عاجز کے مسیح موعود ہونے پر یہ نشان ہے کہ مسیح موعود کے ظہور کی خصوصیت کے ساتھ یہ علامت ہے کہ دجال معہود کے خروج کے بعد نازل ہو کیونکہ یہ ایک واقعہ مسلّمہ ہے کہ دجال معہود کے خروج کے بعد آنے والا وہی سچا مسیح ہے جو مسیح موعود کے نام سے موسوم ہے جس کا مسلم کی حدیث میں وجہ تسمیہ مسیح ہونے کا یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ مومنوں کی شدت اور محنت اور ابتلا کا غبار جو دجال کی وجہ سے اُن کے طاری حال ہوگا اُن کے چہروں سے پونچھ دے گا یعنی دلیل اور حجت سے اُن کو غالب کر دکھائے گا۔ سو اِس لئے وہ مسیح کہلائے گا کیونکہ مسح پونچھنے کو کہتے ہیں جس سے مسیح مشتق ہے۔ اور ضرور ہے کہ وہ دجال معہود کے بعد نازل ہو۔ سو یہ عاجز دجال معہود کے خروج کے بعد آیا ہے۔ پس اس میں کچھ شک نہیں کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ دجّال معہود یہی پادریوں اور عیسائی متکلموں کا گروہ ہے ﴿۷۲۲﴾ جس نے زمین کو اپنے ساحرانہ کاموں سے تہ و بالا کر دیا ہے اور جو ٹھیک اس وقت سے

زور کے ساتھ خروج کر رہا ہے اور جو اعداد آیت اِنَّا عَلٰی ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ[1] سے سمجھا جاتا ہے یعنی ۱۸۵۷ء کا زمانہ☆ تو ساتھ ہی اس عاجز کا مسیح موعود ہونا بھی ثابت ہو جائے گا۔

﴿۷۲۳﴾ اور ہم پہلے بھی تحریر کر آئے ہیں کہ عیسائی واعظوں کا گروہ بلاشبہ دجال معہود ہے۔ اگرچہ حدیثوں کے ظاہر الفاظ سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ دجال ایک خاص آدمی ہے جو ایک آنکھ سے کانا اور دوسری بھی عیب دار ہے لیکن چونکہ یہ حدیثیں جو پیشگوئیوں کی قسم سے ہیں

﴿۷۲۴﴾ مکاشفات کی نوع میں سے ہیں جن پر موافق سنت اللہ کے استعارہ اور مجاز غالب ہوتا ہے جیسا کہ ملّا علی قاری نے بھی لکھا ہے اور جن کے معنے سلف صالح ہمیشہ استعارہ کے طور پر لیتے رہے ہیں۔ اس لئے بوجہ قرائن قویہ ہم دجال کے لفظ سے صرف ایک شخص ہی مراد نہیں لے سکتے۔ رؤیا اور مکاشفہ میں اسی طرح سنت اللہ واقع ہے کہ بعض اوقات

﴿۷۲۵﴾ ایک شخص نظر آتا ہے اور اس سے مراد ایک گروہ ہوتا ہے جیسا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک شخص نے ایک عرب کے بادشاہ کو خواب میں دیکھا تھا تو آپ نے فرمایا تھا کہ اس سے مراد ملک عرب ہے جو ایک گروہ ہے۔ اور اس ہمارے بیان پر یہ قرینہ شاہد ناطق ہے کہ دجال درحقیقت لغت کی رو سے اسم جنس ہے

حاشیہ

﴿۷۲۲﴾ ☆ آیت اِنَّا عَلٰی ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ میں ۱۸۵۷ء کی طرف اشارہ ہے جس میں ہندوستان میں ایک مفسدہ عظیم ہو کر آثار باقیہ اسلامی سلطنت کے ملک ہند سے ناپدید ہو گئے تھے کیونکہ اس آیت کے اعداد بحساب جمل ۱۲۷۴ ہیں اور ۱۲۷۴ کے زمانہ کو جب عیسوی تاریخ میں دیکھنا چاہیں تو ۱۸۵۷ء ہوتا ہے۔ سو درحقیقت ضعف اسلام کا زمانہ ابتدائی یہی ۱۸۵۷ء ہے جس کی نسبت خدائے تعالیٰ آیت موصوفہ بالا میں فرماتا ہے کہ جب وہ زمانہ آئے گا تو قرآن زمین پر سے اٹھایا جائے گا۔ سو ایسا ہی ۱۸۵۷ء میں مسلمانوں کی حالت ہو گئی تھی کہ بجز بدچلنی اور فسق و فجور کے اسلام کے رئیسوں کو اور کچھ یاد نہ تھا جس کا اثر عوام پر بھی بہت پڑ گیا تھا

﴿۷۲۳﴾ انہیں ایام میں انہوں نے ایک ناجائز اور ناگوار طریقہ سے سرکار انگریزی سے باوجود نمک خوار اور رعیت ہونے کے مقابلہ کیا۔ حالانکہ ایسا مقابلہ اور ایسا جہاد ان کے لئے شرعاً جائز نہ تھا

[1] المؤمنون :۱۹

﴿۷۲۶﴾ جس سے ایسے لوگ مراد ہیں جو کذاب ہوں۔ چنانچہ قاموس میں یہی معنے لکھے ہیں کہ دجال اس گروہ کو کہتے ہیں کہ جو باطل کو حق کے ساتھ ملانے والا اور زمین کو نجس کرنے والا ہو۔ اور مشکٰوۃ کتاب الفتن میں مسلم کی ایک حدیث لکھی ہے جس میں دجال کے ایک گروہ ہونے کی طرف صریح اشارہ کیا گیا ہے۔

﴿۷۲۷﴾ اب جاننا چاہیئے کہ دجال معہود کی بڑی علامتیں حدیثوں میں یہ لکھی ہیں۔

(۱) آدم کی پیدائش سے قیامت کے دن تک کوئی فتنہ دجال کے فتنے سے بڑھ کر نہیں یعنی جس قدر دین اسلام کے تخریب کے لئے فتنہ اندازی اس سے ظہور میں آنے والی ہے اور کسی سے ابتداد نیا سے قیامت کے وقت تک ظہور میں نہیں آئے گی۔ صحیح مسلم۔

(۲) دجال کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم کشف اور رویا میں دیکھا کہ دہنی آنکھ سے وہ ﴿۷۲۸﴾ کانا ہے اور دوسری آنکھ بھی عیب سے خالی نہیں یعنی دینی بصیرت اُن کو بکلی نہیں دی گئی اور تحصیل دنیا کی وجوہ بھی حلال اور طیب نہیں۔ بخاری اور مسلم۔

بقیہ حاشیہ

کیونکہ وہ اس گورنمنٹ کی رعیت اور ان کے زیر سایہ تھے اور رعیت کا اس گورنمنٹ کے مقابل پر سر اٹھانا جس کی وہ رعیت ہے اور جس کے زیر سایہ امن اور آزادگی سے زندگی بسر کرتی ہے سخت حرام اور معصیت کبیرہ اور ایک نہایت مکروہ بدکاری ہے۔ جب ہم ۱۸۵۷ء کی سوانح کو دیکھتے ہیں اور اس زمانہ کے مولویوں کے فتووں پر نظر ڈالتے ہیں جنہوں نے عام طور پر مہریں لگا دی تھیں جو انگریزوں کو قتل کر دینا چاہیئے تو ہم بحر ندامت میں ڈوب جاتے ہیں کہ یہ کیسے مولوی تھے اور کیسے اُن کے فتوے تھے جن میں نہ رحم تھا نہ عقل تھی نہ اخلاق نہ انصاف۔ ان لوگوں نے چوروں ﴿۷۲۴﴾ اور قزاقوں اور حرامیوں کی طرح اپنی محسن گورنمنٹ پر حملہ کرنا شروع کیا اور اس کا نام جہاد رکھا۔ ننھے ننھے بچوں اور بے گناہ عورتوں کو قتل کیا اور نہایت بے رحمی سے انہیں پانی تک نہ دیا۔ کیا یہ حقیقی اسلام تھا یا یہودیوں کی خصلت تھی۔ کیا کوئی بتلا سکتا ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ایسے جہاد کا کسی جگہ حکم دیا ہے۔ پس اس حکیم و علیم کا قرآن کریم میں یہ بیان فرمانا کہ ۱۸۵۷ء میں میرا کلام آسمان پر اُٹھایا جائے گا یہی معنے رکھتا ہے کہ مسلمان اس پر عمل نہیں کریں گے جیسا کہ

(۳) دجال کے ساتھ بعض اسباب تنعم اور آسائش جنت کی طرح ہوں گے اور بعض اسباب محنت اور بلا کے آگ یعنی دوزخ کی طرح ہوں گے (بخاری و مسلم) جس قدر عیسائی قوم نے تنعم کے اسباب نئے سے نئے ایجاد کئے ہیں اور جو دوسری راہوں سے محنت اور بلا اور فقر اور فاقہ بھی اُن کے بعض انتظامات کی وجہ سے دیس کے لوگوں کو پکڑتا جاتا ہے اگر یہ دونوں حالتیں بہشت اور دوزخ کے نمونے نہیں ہیں تو اور کیا ہے۔

(۴) دجال کے بعض دن برس کی طرح ہوں گے اور بعض دن مہینہ کی طرح اور بعض دن ہفتہ کی طرح مگر یہ نہیں کہ دنوں میں فرق ہوگا بلکہ اُس کے دن اپنی مقدار میں ایسے ہی ہوں گے جیسے تمہارے۔ مسلم۔

(۵) دجال کے گدھے کا اس قدر جسم ہوگا کہ اس کے ایک کان سے دوسرے کان تک ستر باع کا فاصلہ ہوگا۔ لیکن ظاہر ہے کہ اس جسامت کی گدھی خدائے تعالیٰ نے پیدا نہیں کی تا امید کی جائے کہ ان کی اولاد سے یہ گدھا ہوگا۔ ﴿۷۲۹﴾

---

بقیہ حاشیہ

مسلمانوں نے ایسا ہی کیا۔ خدائے تعالیٰ پر یہ الزام لگانا کہ ایسے جہاد اور ایسی لڑائیاں اس کے حکم سے کی تھیں یہ دوسرا گناہ ہے۔ کیا خدائے تعالیٰ ہمیں یہی شریعت سکھلاتا ہے کہ ہم نیکی کی ﴿۷۲۵﴾ جگہ بدی کریں۔ اور اپنی محسن گورنمنٹ کے احسانات کا اس کو یہ صلہ دیں کہ اُن کی قوم کے صغرسن بچوں کو نہایت بے رحمی سے قتل کریں اور ان کی محبوبہ بیویوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں۔ بلا شبہ ہم یہ داغ مسلمانوں خاص کر اپنے اکثر مولویوں کی پیشانی سے دھو نہیں سکتے کہ وہ ۱۸۵۷ء میں مذہب کے پردہ میں ایسے گناہ عظیم کے مرتکب ہوئے جس کی ہم کسی قوم کی تواریخ میں نظیر نہیں دیکھتے اور نہ صرف اسی قدر بلکہ انہوں نے اور بھی ایسے بُرے کام کئے جو صرف وحشی حیوانات کی عادات ہیں نہ انسانوں کی خصلتیں۔ انہوں نے نہ سمجھا کہ اگر اُن کے ساتھ یہ سلوک کیا جائے کہ ایک ممنون منت اُن کا اُن کے بچوں کو مار دے اور ان کی عورتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کرے تو اُس وقت اُن کے دل میں کیا کیا خیال پیدا ہوگا۔ باوجود اس کے یہ مولوی ﴿۷۲۶﴾ لوگ اس بات کی شیخی مارتے ہیں کہ ہم بڑے متقی ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ نفاق سے زندگی

(۶) دجال جب گدھے پر سوار ہوگا تو گدھا جس جلدی سے چلے گا اس کی یہ مثال ہے کہ جیسے بادل اس حالت میں چلتا ہے جبکہ پیچھے اس کے ہوا ہو۔ یہ ایک لطیف اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ دجال کا گدھا کوئی جاندار مخلوق نہیں ہوگا بلکہ وہ کسی ہوائی مادہ کے زور سے چلے گا۔

(۷) زمین اور آسمان دونوں دجال کے فرمانبردار ہوں گے یعنی خدائے تعالیٰ اس کی تدبیر کے ساتھ تقدیر موافق کر دے گا اور اس کے ہاتھ پر زمین کو اُس کی مرضی کے موافق آباد کرے گا۔

(۸) دجال مشرق کی طرف سے خروج کرے گا یعنی ملک ہند سے کیونکہ یہ ملک زمین حجاز سے مشرق کی طرف ہے۔ متفق علیہ۔

(۹) دجال جس ویرانہ پر گذرے گا اُسے کہے گا کہ تو اپنے خزانے باہر نکال۔ سو وہ تمام خزانے باہر نکل آئیں گے اور دجال کے پیچھے پیچھے جائیں گے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دجال زمین سے بہت فائدہ اٹھائے گا۔ اور اپنی تدبیروں سے زمین کو آباد کرے گا اور ویرانے کو خزانے کرکے دکھائے گا پھر آخر باب لُد پر قتل کیا جائے گا۔ لُد اُن ﴿۷۳۰﴾
لوگوں کو کہتے ہیں جو بے جا جھگڑنے والے ہوں۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے

بقیہ حاشیہ

بسر کرنا انہوں نے کہاں سے سیکھ لیا ہے۔ کتاب الٰہی کی غلط تفسیروں نے انہیں بہت خراب کیا ہے اور ان کے دلی اور دماغی قویٰ پر بہت بُرا اثر ان سے پڑا ہے۔ اس زمانہ میں بلاشبہ کتاب الٰہی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ایک نئی اور صحیح تفسیر کی جائے کیونکہ حال میں جن تفسیروں کی تعلیم دی جاتی ہے وہ نہ اخلاقی حالت کو درست کر سکتی ہیں اور نہ ایمانی حالت پر نیک اثر ڈالتی ہیں بلکہ فطرتی سعادت اور نیک روشی کے مزاحم ہو رہی ہیں۔ کیوں مزاحم ہو رہی ہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دراصل اپنے اکثر زوائد کی وجہ سے قرآن کریم کی تعلیم نہیں ہے قرآنی تعلیم ایسے لوگوں کے دلوں سے مٹ گئی ہے کہ گویا قرآن آسمان پر اٹھایا گیا ہے۔ وہ ایمان جو قرآن نے ﴿۷۲۷﴾
سکھلایا تھا اس سے لوگ بے خبر ہیں وہ عرفان جو قرآن نے بخشا تھا اس سے لوگ غافل ہو گئے ہیں۔ ہاں یہ سچ ہے کہ قرآن پڑھتے ہیں مگر قرآن اُن کے حلق کے نیچے نہیں اُترتا۔ انہیں معنوں سے

کہ جب دجال کے بے جا جھگڑے کمال تک پہنچ جائیں گے تب مسیح موعود ظہور کرے گا اور اس کے تمام جھگڑوں کا خاتمہ کر دے گا۔

(۱۰) دجال خدا نہیں کہلائے گا بلکہ خدائے تعالیٰ کا قائل ہوگا بلکہ بعض انبیاء کا بھی۔ مسلم۔

اِن دسوں علامتوں میں سے ایک بھاری علامت دجال معہود کی یہ لکھی ہے کہ اُس کا فتنہ تمام اُن فتنوں سے بڑھ کر ہوگا کہ جو ربانی دین کے مٹانے کے لئے ابتدا سے لوگ کرتے آئے ہیں اور ہم اسی رسالہ میں ثابت کر چکے ہیں کہ یہ علامت عیسائی مشنوں میں بخوبی ظاہر و ہویدا ہے۔

ازانجملہ ایک بڑی بھاری علامت دجال کی اُس کا گدھا ہے جس کے بین الاذنین کا اندازہ ستر باع کیا گیا ہے اور ریل کی گاڑیوں کا اکثر اسی کے موافق سلسلہ طولانی ہوتا ہے اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ وہ دخان کے زور سے چلتی ہیں جیسے بادل ہوا کے زور سے تیز حرکت کرتا ہے۔ اس جگہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلے کھلے طور پر ریل گاڑی کی طرف اشارہ فرمایا ہے چونکہ یہ عیسائی قوم کا ایجاد ہے جن کا امام ومقتدا یہی دجالی گروہ ہے اس لئے اِن گاڑیوں کو دجال کا گدھا قرار دیا گیا۔ اب اس سے زیادہ اور کیا ثبوت ہوگا کہ علاماتِ خاصہ دجال کے انہیں لوگوں میں پائے جاتے ہیں۔ انہیں لوگوں نے مکروں اور فریبوں کا اپنے وجود پر خاتمہ کر دیا ہے اور دین اسلام کو وہ ضرر پہنچایا ہے جس کی نظیر دنیا کے ابتدا سے نہیں پائی جاتی اور انہیں لوگوں کے متبعین کے پاس وہ گدھا بھی ہے جو دخان کے زور سے چلتا ہے جیسے بادل ہوا کے زور سے۔ اور انہیں لوگوں کے متبعین زمین کو ﴿۷۳۱﴾

بقیہ حاشیہ

کہا گیا ہے کہ آخری زمانہ میں قرآن آسمان پر اُٹھایا جائے گا۔ پھر انہیں حدیثوں میں لکھا ہے کہ پھر دوبارہ قرآن کو زمین پر لانے والا ایک مرد فارسی الاصل ہوگا جیسا کہ فرمایا ہے **لو کان الایمان معلقًا عند الثریا لناله رجل من فارس** ۔ یہ حدیث درحقیقت اسی زمانہ کی طرف اشارہ کرتی ہے جو آیت اِنَّا عَلٰی ذَہَابٍ بِہٖ لَقٰدِرُوْنَ میں اشارۃً بیان کیا گیا ہے۔ منہ

آباد کرتے جاتے ہیں اور جس ملک ویران پر قبضہ کرتے ہیں اس کو کہتے ہیں کہ تو اپنے خزانے باہر نکال۔ تب ہزارہا وجوہ تحصیل مال کی اُسی ملک سے نکال لیتے ہیں۔ زمین کو آباد کر دیتے ہیں امن کو قائم کر دیتے ہیں لیکن وہ تمام خزائن انہیں کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں اور انہیں کے ملک کی طرف وہ تمام روپیہ کھنچا ہوا چلا جاتا ہے۔ اس بات کو کون نہیں جانتا کہ مثلاً ملک ہند کے خزانے یورپ کی طرف حرکت کر رہے ہیں۔ یورپ کے لوگ آپ ہی ان خزائن کو نکالتے ہیں اور پھر اپنے ملک کی طرف روانہ کرتے ہیں۔ ﴿۷۳۲﴾

غرض اِن تمام احادیث پر عمیق غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زمانہ کے لئے یہ پیشگوئی فرمائی ہے اور انہی لوگوں کا نام دجال رکھا ہے اور قرآن کریم میں اگرچہ بتصریح کسی جگہ دجال کے نکلنے کا ذکر نہیں کیا گیا لیکن کچھ شک نہیں کہ قرآن کریم نے دخان کا ذکر کر کے اسی کے ضمن میں دجال کو داخل کر دیا ہے اور پھر اس زمانہ کا بیان بھی قرآن میں ہے کہ جب دنیا میں دخان کے بعد نور اللہ پھیلے گا اور اس نوارنی زمانہ سے مراد وہی زمانہ ہے کہ جب مسیح موعود کے ظہور کے بعد پھر دنیا نیکی کی طرف رخ کرے گی۔ کچھ شک نہیں کہ یہ زمانہ جو ہنوز دخانی زمانہ ہے سچائی کی حقیقت کو بہت دور چھوڑ گیا ہے اور دجالی ظلمت نے دلوں پر ایک سخت اثر ڈالا ہے۔ اور کروڑہا مخلوقات شیاطین الانس کے اغوا سے توحید اور راستی اور ایمان سے باہر ہوگئی ہے۔ اب اگر فرض کیا جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دجال کی جو عیسائی پادریوں کا گروہ ہے خبر نہیں دی جس کی نظیر دنیا کی ابتدا سے آج تک نہیں پائی جاتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات کشفیہ پر سخت اعتراض ہوگا کہ ﴿۷۳۳﴾ ایسا بڑا فتنہ جو اُن کی اُمت کے لئے درپیش تھا جس میں نہ ستر ہزار بلکہ ستر لاکھ سے زیادہ متفرق ملکوں میں لوگ دین اسلام سے انحراف کر چکے ہیں اس کی آنحضرت نے خبر نہیں دی لیکن اگر جیسا کہ شرط انصاف ہے ہم تسلیم کر لیں کہ آنجناب نے اس دجال کی خبر دی ہے۔ اور

اس کے گدھے کی بھی خبر دی ہے جو خشکی اور تری دونوں کو چیرتا ہوا دور دور ملکوں تک انہیں پہنچاتا ہے اور اُن کے یک چشم ہونے سے بھی اطلاع بخشی ہے اور اُن کی بہشت اور دوزخ اور روٹیوں کے پہاڑ اور خزانوں سے بھی مطلع فرمایا ہے۔ تو پھر اِن حدیثوں کے سوا جو دجال کے حق میں ہیں اور کون سی حدیثیں ہمارے پاس ہیں جو اس دعویٰ کی تائید میں ہم پیش کریں۔ اور اگر ہم موجودہ حدیثوں کو اُن پر وارد نہ کریں بلکہ وہمی اور فرضی طور پر کوئی اور دجال اپنے دل میں تراش رکھیں جو کسی اَور زمانہ میں ظاہر ہوگا تو پھر ان کے لئے حدیثیں کہاں سے لاویں۔ اور ظاہر ہے کہ موجود کو چھوڑ کر وہم اور خیال کی طرف دوڑنا بلاشبہ حق پوشی ہے کیونکہ جو موجود ہو گیا ہے اور جس کو ہم نے بچشم خود دیکھ لیا ہے اور اس کے بے مثل فتنوں کو ﴿۷۳۴﴾ مشاہدہ کر لیا ہے اور تمام پیشگوئیوں کا اس کو مصداق بھی سمجھ لیا ہے۔ اگر پھر بھی ہم اس کو ان پیشگوئیوں کا حقیقی مورد نہ ٹھہراویں تو گویا ہماری یہ مرضی نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی پیشگوئی پوری ہو حالانکہ سلف صالح کا یہ طریق تھا کہ اس بات پر سخت حریص تھے کہ پیشگوئی پوری ہو جائے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس پیشگوئی کی نسبت کہ حرم کعبہ میں ایک مینڈھا ذبح کیا جائے گا وہ لوگ مینڈھے کے ذبح ہونے کے منتظر نہ رہے بلکہ جب حضرت عبد اللہ ابن زبیر شہید ہوئے تو انہوں نے یقیناً سمجھ لیا کہ یہی مینڈھا ہے حالانکہ حدیث میں انسان کا نام نہیں وہاں تو صاف مینڈھا لکھا ہے اور اس پیشگوئی کے متعلق بھی جو بخاری اور مسلم میں درج ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں میں سے پہلے وہ فوت ہوگی جس کے لمبے ہاتھ ہوں گے انہوں نے زینبؓ کی وفات کے وقت یقین کر لیا کہ پیشگوئی پوری ہوگئی حالانکہ یہ بات اجماعی طور پر تسلیم ہو چکی تھی کہ سودہؓ کے لمبے ہاتھ ہیں وہی پہلے فوت ہوگی۔ اُن بزرگوں نے جب دیکھا کہ پیشگوئی کے الفاظ کو حقیقت پر حمل کرنے سے پیشگوئی ہی ہاتھ سے جاتی ہے تو لمبے ہاتھوں ﴿۷۳۵﴾ سے ایثار اور صدقہ کی صفت مراد لے لی لیکن ہمارے زمانہ کے علماء کو اس بات سے

شرم آتی ہے کہ باوجود قرائن قویہ کے بھی کسی حدیث کے ظاہری معنے کو چھوڑ سکیں اور قرآن اور حدیث کو باہم تطبیق دے کر ابن مریم سے روحانی طور پر ابن مریم کا مصداق مراد لے لیں اور دجال یک چشم سے روحانی یک چشمی کی تعبیر کر لیں اور قرآن کے انکار سے اپنے تئیں بچا لیں۔ نہیں سوچتے کہ ابن مریم یا یک چشم کا لفظ بھی اُسی پاک منہ سے نکلا ہے جس سے لمبے ہاتھ کا لفظ نکلا تھا بلکہ لمبے ہاتھ کے حقیقی اور ظاہری معنے مراد ہونے پر تو تصدیق نبوی بھی ہو چکی تھی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو ہی سرکنڈہ کے ساتھ ہاتھ ناپے گئے تھے اور سودہؓ کے ہاتھ سب سے لمبے نکلے تھے اور یہی قرار پایا تھا کہ سب سے پہلے سودہؓ فوت ہوگی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھوں کے ناپتے دیگر پر☆ بھی منع نہیں فرمایا تھا جس سے اجماعی طور پر سودہؓ کی وفات تمام بیویوں سے پہلے یقین کی گئی لیکن آخر کار ظاہری معنے صحیح نہ نکلے جس سے ثابت ہوا کہ اس پیشگوئی کی اصل حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی معلوم نہیں تھی۔ ﴿۷۳۶﴾

اگر حال کے علماء ذرا سوچیں اور تواریخ کے صفحہ صفحہ پر نظر ڈالیں اور آدم کے وقت سے آج تک جو قریب چھ ہزار برس کے گذرا ہے جس قدر دین حق کے مقابلہ پر فتنہ اندازیاں ہوئی ہیں اُن کا حال کی فتنہ اندازیوں اور کوششوں سے موازنہ کریں تو خود انہیں اقرار کرنا پڑے گا جو باطل کو حق کے ساتھ ملانے کے لئے جس قدر منصوبے اس عیسائی قوم سے ظہور میں آئے اور آرہے ہیں اس کا کروڑم حصہ بھی کسی دوسری قوم سے ہرگز ظہور میں نہیں آیا اگرچہ ناحق کے خون کرنے والے، کتابوں کے جلانے والے، راستبازوں کو قید کرنے والے بہت گذرے ہیں مگر اُن کے فتنے دلوں کو تہ و بالا کرنے والے نہیں تھے بلکہ مومن لوگ دکھ اُٹھا کر اَور بھی زیادہ استقامت میں ترقی کرتے تھے لیکن اِن لوگوں کا فتنہ دلوں پر ہاتھ ڈالنے والا اور ایمان کو شبہات سے ناپاک کرنے والا ہے جو اعتقادوں کے بگاڑنے کے لئے زہر ہلاہل کا اثر رکھتا ہے۔ خیال کرنے کا مقام ہے کہ جس قوم نے

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ”ہاتھوں کو ناپتے دیکھ کر“ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

چھ کروڑ کتاب وساوس اور شبہات کے پھیلانے کے لئے اب تک تقسیم کر دی اور آئندہ بھی بڑی سرگرمی سے یہ کارروائی جاری ہے۔ اس قوم کے مقابل پر کس زمانہ میں کوئی نظیر مل سکتی ہے بلکہ چھ ہزار برس کی مدت پر نظر ڈالنے سے کوئی نظیر پیدا نہیں ہوئی تو پھر کیا ابھی تک منشائے حدیث کے موافق ثابت نہیں ہوا کہ ان لوگوں کی فتنہ اندازی بے مثل و مانند ہے۔ زمانہ نے آخرکار جس فتنہ عظیمہ کو ظاہر کیا وہ یہی فتنہ ہے جس نے لاکھوں مسلمانوں کو گرجاؤں میں بٹھا دیا۔ کروڑہا کتابیں رد اسلام میں تالیف ہوگئیں۔ سو اس موجودہ فتنہ کو کَانْ لَّمْ یَکُنْ سمجھنا انہیں مولویوں کا کام ہے جن کے دل میں ہرگز یہ خیال نہیں کہ اپنی زندگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی پوری ہوتی دیکھ لیں۔ ﴿۴۳۷﴾

بعض نافہم مولوی بطور جرح یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ مسیح ابن مریم کی یہ علامت لکھی ہے کہ دجال معہود کو وہ قتل کرے گا اور تمام اہل کتاب اس پر ایمان لے آویں گے اور اس خیال کی تائید میں یہ آیت پیش کرتے ہیں وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ[1]۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اس آیت کے یہی معنے ہیں کہ مسیح کے نزول کے وقت تمام اہل کتاب ایمان لے آئیں گے تو پھر ہم ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ دجال کفر کی حالت میں ہی قتل کیا جائے گا۔ ماسوا اس کے مسلم کی حدیث میں صاف لکھا ہے کہ دجال کے ساتھ ستر ہزار اہل کتاب شامل ہو جائیں گے اور اکثر کی اُن میں سے کفر پر موت ہوگی اور مسیح کی وفات کے بعد بھی اکثر لوگ کافر اور بے دین باقی رہ جائیں گے جن پر قیامت آئے گی اور قرآن کریم بھی صریح اور صاف طور پر اس پر شہادت دیتا ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے۔ يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ[2] یعنی میں تیرے متبعین کو تیرے منکرین پر یعنی یہود پر قیامت تک غلبہ دوں گا۔ پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ قیامت کے دن تک یہود کی نسل تھوڑی بہت ﴿۴۳۸﴾

[1] النساء:۱۶۰ [2] ال عمران:۵۶

باقی رہ جائے گی اور پھر فرماتا ہے فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ[1]
یعنی ہم نے یہود اور نصاریٰ میں قیامت کے دن تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے۔
اس آیت سے بھی صاف طور پر ثابت ہے کہ یہودی قیامت کے دن تک رہیں گے کیونکہ
اگر وہ پہلے ہی حضرت عیسیٰ پر ایمان لے آئیں گے تو پھر سلسلہ عداوت اور بغض کا قیامت تک
کیوں کر ممتد ہوگا۔ لہٰذا ماننا پڑا کہ ایسا خیال کہ حضرت مسیح کے نزول کی یہ علامت ہے کہ تمام ﴿۴۳۹﴾
اہل کتاب اُس پر ایمان لے آویں گے صریح نص قرآن اور حدیث سے مخالف ہے۔

## خلاصہ فیصلہ

ہمارا دعویٰ جو الہام الٰہی کی رو سے پیدا ہوا اور قرآن کریم کی شہادتوں سے چمکا اور
احادیث صحیحہ کی مسلسل تائیدوں سے ہر یک دیکھنے والی آنکھ کو نظر آنے لگا وہ یہ ہے جو
حضرت مسیح عیسیٰ بن مریم رسول اللہ جن پر انجیل نازل ہوئی تھی وہ اس عالم سفلی سے
انتقال کر گئے اور اس جہانِ فانی کو چھوڑ کر جہان جاودانی کے لوگوں میں جا ملے۔ اور اس
جسد عنصری کے خواص اور لوازم کو ترک کر کے ان خواص اور لوازم سے متمتع ہو گئے جو
صرف اُن لوگوں کو ملتے ہیں جو فوت ہو جاتے ہیں۔ اور ان لذات سے بہرہ یاب ہو گئے
جو محض اُن لوگوں کو دی جاتی ہیں جو موت کے پُل سے گذر کر محبوب حقیقی کو جا ملتے ہیں اور
کچھ شک نہیں کہ جو شخص اس عالم کے لوگوں کو چھوڑتا ہے اور عالم ثانی کے لوگوں سے جا ملتا ﴿۴۴۰﴾
ہے اور اس عالم کے لوازم اور خواص چھوڑتا ہے اور عالم ثانی کے لوازم اور خواص قبول
کر لیتا ہے اور اس عالم کی لذات قطعاً چھوڑتا ہے اور عالم ثانی کے لذات پا لیتا ہے اور
اس عالم کے مؤثرات ارضی وسماوی چھوڑتا ہے اور عالم ثانی کی غیر متبدل زندگی حاصل
کرتا ہے اور اِس عالم سے بکلی گم اور ناپدید ہو جاتا ہے اور اُس عالم میں ظہور فرما ہوتا ہے

[1] المائدة: ۱۵

وہی ہے جس کو دوسرے لفظوں میں کہتے ہیں کہ مر گیا۔ اور اس بات میں کچھ بھی شبہ نہیں کہ یہ تبدیلی جو بہ تغیر الفاظ موت کے نام سے موسوم ہے۔ حضرت مسیح کی دنیوی زندگی پر وارد ہو چکی ہے اور اس تبدیلی کے ضروری لوازم میں وہ اپنے اُن دوسرے بھائیوں سے کسی بات میں کم نہیں ہیں جو دنیا و مافیہا کو چھوڑ گئے۔ اس عالم کے لوگ جو مرنے کے بعد اُس جگہ پہنچتے ہیں اُن کی یہ علامات خاصہ ہیں کہ وہ نہ سوتے ہیں اور نہ اس عالم کی روٹی کھاتے ہیں اور نہ پانی پیتے ہیں اور نہ وہ بیمار ہوتے ہیں نہ انہیں پاخانہ اور پیشاب کی ضرورت ہوتی ہے نہ بالوں اور ناخنوں کے کٹانے کی انہیں حاجت پڑتی ہے اور نہ روشنی کے لئے وہ سورج اور ﴿۷۴۱﴾ چاند کے محتاج ہوتے ہیں اور نہ اُن پر زمانہ اثر کرتا ہے اور نہ ہوا کے ذریعہ سے وہ دم لیتے ہیں اور نہ کسی روشنی کے ذریعہ سے وہ دیکھتے ہیں۔ ایسا ہی وہ ہوا کے ذریعہ سے سنتے بھی نہیں اور نہ سونگھتے ہیں اور نہ توالد تناسل پر قادر ہوتے ہیں۔ غرض ایک پورا انقلاب اُن کی ہستی پر وارد ہو جاتا ہے جس کا نام موت رکھا گیا ہے۔ اُن کو جسم تو دیا جاتا ہے مگر وہ جسم اس عالم کے خواص اور لوازم نہیں رکھتا۔ ہاں وہ بہشت میں کھاتے پیتے بھی ہیں مگر وہ اس عالم کا طعام اور شراب نہیں جس کا جسم عنصری محتاج ہے بلکہ وہ ایسی نعمتیں ہیں جو نہ آنکھوں نے دیکھیں اور نہ کانوں نے سنیں اور نہ دلوں میں کبھی گذریں۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر حضرت مسیح مرے نہیں اور اسی دنیوی زندگی کے ساتھ کسی آسمان پر بیٹھے ہیں تو کیا تمام لوازم جسم خاکی کے اُن میں خصوصیت کے ساتھ موجود ہیں جو دوسروں میں نہیں پائے جاتے۔ کیا وہ کبھی سوتے اور کبھی جاگتے ہیں اور کبھی اُٹھتے اور کبھی بیٹھتے ہیں اور کبھی دنیوی شراب اور طعام کو ﴿۷۴۲﴾ کھاتے پیتے ہیں اور کیا وہ اوقات ضروریہ میں پاخانہ پھرتے اور پیشاب بھی کرتے ہیں اور کیا وہ ضرورتوں کے وقت ناخنوں کو کٹاتے اور بالوں کو منڈواتے یا قصر شعر کراتے ہیں۔ کیا اُن کے لیٹنے کے لئے کوئی چارپائی اور کوئی بستر بھی ہے۔ کیا وہ ہوا کے ساتھ دم لیتے

اور ہوا کے ذریعہ سے سونگھتے اور ہوا ہی کے ذریعہ سے سنتے اور روشنی کے ذریعہ سے دیکھتے ہیں۔ اور کیا وہ زمانہ کے اثر سے اب بڈھے ہوگئے ہیں؟ تو بلاشبہ اس کا جواب یہی دیا جائے گا کہ دنیوی ہستی کے لوازم اور خواص اُن میں باقی نہیں رہے بلکہ وہ ہر یک حالت میں اُن لوگوں کے ہمرنگ ہیں جو اس دنیا کو فوت ہونے کی وجہ سے چھوڑ گئے ہیں اور نہ صرف ہمرنگ بلکہ اس فوت شدہ جماعت میں داخل ہیں۔ سو اس جواب سے تو اُن کی موت ہی ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ جبکہ انہوں نے فوت شدہ لوگوں کی طرح عالم ثانی کی زندگی کے تمام لوازم اختیار کر لئے جو فوت شدہ لوگوں کی علامات میں سے ہیں اور نہ صرف اختیار ہی کئے بلکہ اس جماعت میں جا ملے اور فرمان اِرْجِعِيٓ اِلٰى رَبِّكِ[1] کا قبول کر کے فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ[2] کا مصداق ہوگئے۔ تو اب بھی اگر اُن کو فوت شدہ نہ کہا جائے تو اَور کیا کہا جاوے۔ ظاہر ہے کہ عالم دو ہی ہیں۔ ﴿۷۴۳﴾

ایک یہ دنیا کا عالم۔ جب تک انسان اس عالم میں ہوتا ہے اور اس عالم کے لوازم جیسے کھانا پینا پہننا دم لینا جاگنا سونا اور بدنی نشوونما یا تحلیل کی وجہ سے معرض تغیر میں ہونا اس کے شامل حال ہوتے ہیں اُس وقت تک اُس کو زندہ کہا جاتا ہے اور جب یہ لوازم بکلی اس سے دور ہو جاتے ہیں تب سب بول اُٹھتے ہیں کہ مرگیا اور پھر بمجرد موت کے عالم ثانی کے لوازم اُس میں پیدا ہو جاتے ہیں بلکہ حق تو یہ ہے کہ جس جماعت میں انسان داخل ہوتا ہے اسی جماعت کے حالات پر اس کے حالات کا قیاس کیا جاتا ہے جو شخص اس دنیا کے لوگوں میں داخل ہے وہ اسی دنیا میں سے سمجھا جائے گا اور جو شخص اس دنیا کو چھوڑ گیا اور عالم ثانی کی جماعت میں جا ملا وہ اسی جماعت میں سے خیال کیا جائے گا۔ اب دیکھ لینا چاہیے کہ مسیح کس جماعت میں داخل ہے جس جماعت میں داخل ہوگا اسی جماعت کے احکام اس پر وارد ہوں گے۔ خدائے تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ کوئی شخص فوت شدہ جماعت میں بغیر فوت ہونے کے داخل نہیں ہوسکتا

[1] الفجر :۲۹ [2] الفجر :۳۰

لیکن یہ بات صحیح بخاری سے بھی معلوم ہو چکی ہے کہ مسیح ابن مریم فوت شدہ جماعت میں ﴿۷۴۴﴾
داخل ہے اور یحیٰی بن زکریا کے ساتھ دوسرے آسمان میں موجود ہے۔ اور خدائے تعالیٰ یہ
بھی فرماتا ہے کہ کوئی شخص میری طرف بغیر مرنے کے آ نہیں سکتا لیکن کچھ شک نہیں کہ
مسیح اس کی طرف اٹھایا گیا سو وہ ضرور مر گیا۔ خدائے تعالیٰ نے اپنی پاک کلام میں اس کو
اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ[1] سے پکارا ہے۔ سو لفظ متوفّی جن عام معنوں سے تمام
قرآن اور حدیثوں میں مستعمل ہے وہ یہی ہے کہ روح کو قبض کرنا اور جسم کو معطل چھوڑ دینا یہ
بڑے تعصب کی بات ہے کہ تمام جہان کے لئے تو توفّی کے یہی معنے روح قبض کرنے کے
ہوں لیکن مسیح ابن مریم کے لئے جسم قبض کرنے کے معنے لئے جاویں۔ کیا ہم خاص عیسیٰ کے
لئے کوئی نئی لغت بنا سکتے ہیں جو کبھی اللہ اور رسول کے کلام میں مستعمل نہیں ہوئی اور نہ
عرب کے شعراء اور زبان دان کبھی اس کو استعمال میں لائے۔ پھر جس حالت میں توفّی
کے یہی شائع متعارفہ معنے ہیں کہ روح قبض کی جائے خواہ بطور ناقص یا بطور تام تو پھر
رفع سے رفع جسد کیوں مراد لیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جس چیز پر قبضہ کیا جائے گا رفع بھی
اُسی کا ہوگا۔ نہ یہ کہ قبض تو روح کا ہو اور جسم کا رفع کیا جائے۔ غرض برخلاف اس متبادر اور ﴿۷۴۵﴾
مسلسل معنوں کے جو قرآن شریف سے توفّی کے لفظ کی نسبت اوّل سے آخر تک سمجھے
جاتے ہیں ایک نئے معنے اپنی طرف سے گھڑنا یہی تو الحاد اور تحریف ہے۔ خدائے تعالیٰ
مسلمانوں کو اس سے بچاوے اگر یہ کہا جاوے کہ توفّی کے معنے تفسیروں میں کئی طور سے
کئے گئے۔ تو میں کہتا ہوں کہ وہ مختلف اور متضاد اقوال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان سے
نہیں لئے گئے ورنہ ممکن نہ تھا کہ وہ بیان جو چشمۂ وحی سے نکلا ہے اس میں اختلاف اور تناقض
راہ پا سکتا بلکہ وہ مفسرین کے صرف اپنے اپنے بیانات ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ کبھی
اُن کا کسی خاص معنے پر اجماع نہیں ہوا۔ اگر ان میں سے کسی کو وہ بصیرت دی جاتی جو اس

[1] اٰل عمران: ۵۶

عاجز کو دی گئی تو ضرور اسی ایک بات پر اُن کا اجماع ہو جاتا لیکن خدائے تعالیٰ نے اس قطعی اور یقینی علم سے اُن کو محروم رکھا تا اپنے ایک بندہ کو کامل طور پر یہ علم دے کر آدم صفی اللہ کی طرح اس کی علمی فضیلت کا ایک نشان ظاہر کرے۔

﴿۷۴۶﴾ اگر یہ کہا جائے کہ اکثر مفسرین مسیح ابن مریم کی موت کے تو قائل ہیں لیکن یہ بھی تو کہتے ہیں کہ بعد اس کے زندہ ہو گئے۔ اس کے جواب میں مَیں کہتا ہوں کہ جن بزرگوں کو مسیح ابن مریم کے فوت ہونے کے بعد اُس کے زندہ ہو جانے کا اعتقاد ہے وہ ہرگز اس بات کے قائل نہیں کہ مسیح کو مرنے کے بعد دنیوی زندگی ملی تھی بلکہ وہ خود مانتے ہیں کہ مسیح کو مرنے کے بعد ایسی زندگی ملی تھی جو دنیوی زندگی سے بالکل مبائن اور مغائر اور عالم ثانی کی زندگی کے قسم میں سے تھی اور اس زندگی کے قسم میں سے تھی جو فوت کے بعد حضرت یحییٰ کو ملی، حضرت ادریس کو ملی، حضرت یوسف کو ملی، حضرت ابراہیم کو ملی، حضرت موسیٰ کو ملی، حضرت آدم کو ملی، اور جو سب سے زیادہ تر ہمارے سیّد و مولیٰ نبی عربی ہاشمی امّی کو ملی صلی اللّٰہ علیہ و علی اٰلہ و اخوانہ اجمعین.

اور اگر کوئی کہے کہ نہیں صاحب وہ زندگی جو مسیح کو مرنے کے بعد ملی وہ حقیقت میں دنیوی زندگی تھی تو ایسے قائل کو اس بات کا مان لینا لازم ہوگا کہ مسیح میں دنیوی زندگی کے لوازم موجود ہیں اور وہ اس عالم کے زندوں کی طرح ہوا کے ذریعہ سے دم لیتا ہے اور ہوا کے ذریعہ سے سونگھتا اور ہوا کے ذریعہ سے آوازیں سنتا اور کھاتا پیتا اور تمام مکروہات، پیشاب اور پاخانہ وغیرہ کے اس کو لگے ہوئے ہیں لیکن قرآن شریف تو ان ﴿۷۴۷﴾ سب کی اُس کی ذات سے نفی کرتا ہے اور حدیثیں صاف اور بلند آواز سے کہہ رہی ہیں کہ مسیح کی زندگی تمام گذشتہ اور فوت شدہ نبیوں کی زندگی سے بالکل ہم رنگ ہے۔ چنانچہ معراج کی حدیث بھی اسی پر دلالت کرتی ہے اور عیسائی لوگ بھی باوجود اس کے

کہ اُن کو مسیح کے فوت ہونے کے بعد زندہ اُٹھائے جانے پر بڑا اصرار ہے ہرگز یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ وہ آسمانوں میں دنیوی زندگی سے عمر بسر کرتے ہیں بلکہ محض موسیٰ اور داؤد اور دوسرے نبیوں کی زندگی کی مانند مسیح کی زندگی خیال کرتے ہیں کیونکہ مسیح کو خود اس بات کا اقرار ہے۔

اس جگہ یہ بھی ظاہر رہے کہ توفی کے معنے وفات دینے کے صرف اجتہادی طور پر ہم نے معلوم نہیں کئے بلکہ مشکوٰۃ کے **باب الحشر** میں بخاری اور مسلم کی حدیث جو ابن عباس سے ہے صریح اور صاف طور پر اُس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیت **فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي** کی یہی تفسیر فرماتے ہیں کہ درحقیقت اس سے وفات ہی مراد ہے بلکہ اسی حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ سوال حضرت مسیح سے عالم برزخ میں اُن کی وفات کے بعد کیا گیا تھا نہ یہ کہ قیامت میں کیا جائے گا۔ پس جس آیت کی تفسیر کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی کھول دیا پھر اگر کوئی تفسیر نبوی کو بھی سن کر شک میں رہے تو اس کے ایمان اور اسلام پر اگر افسوس اور تعجب نہ کریں تو اور کیا کریں۔ دیکھو اس حدیث کو امام بخاری انہیں معنوں کی طرف اشارہ کرنے کی غرض سے اپنی صحیح کی کتاب التفسیر میں لایا ہے۔ دیکھو صفحہ ۶۶۵ بخاری۔ ﴿۴۲۸﴾

بعض صاحب اِن سب دلائل شافیہ کو سن کر حضرت مسیح کی وفات کے قائل تو ہو جاتے ہیں مگر پھر وہ دوبارہ یہ وہم پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ ان کو زندہ کر کے پھر قبر میں سے اُٹھاوے۔ ہم اس وہم کے جواب میں کئی دفعہ بیان کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ میں وعدہ کر چکا ہے کہ جو شخص ایک دفعہ مر چکا اور واقعی موت جو اس کے لئے مقدر تھی اس پر وارد ہو چکی پھر دوبارہ دنیا میں نہیں بھیجا جائے گا اور نہ دنیا میں دو موتیں اُس پر وارد کی جائیں گی۔ اس جواب کے سننے کے بعد پھر وہ ایک اور وہم پیش کرتے ہیں کہ قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض مردے زندہ ہو گئے جیسے وہ مُردہ جس کا خون بنی اسرائیل نے چھپا لیا تھا جس کا ذکر اس آیت میں ہے وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ [1] ﴿۴۲۹﴾

[1] البقرة: ۷۳

اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے قصّوں میں قرآن شریف کی کسی عبارت سے نہیں نکلتا کہ فی الحقیقت کوئی مردہ زندہ ہوگیا تھا اور واقعی طور پر کسی قالب میں جان پڑ گئی تھی بلکہ اس آیت پر نظر غور کرنے سے صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ یہودیوں کی ایک جماعت نے ایک خون کرکے چھپا دیا تھا اور بعض بعض پر خون کی تہمت لگاتے تھے۔ سو خدائے تعالیٰ نے اصل مجرم کے پکڑنے کے لئے یہ تدبیر سمجھائی تھی کہ تم ایک گائے کو ذبح کرکے اس کی بوٹیاں اس لاش پر مارو۔ اور وہ تمام اشخاص جن پر شبہ ہے ان بوٹیوں کو نوبت بہ نوبت اس لاش پر ماریں۔ تب اصل خونی کے ہاتھ سے جب لاش پر بوٹی لگے گی تو لاش سے ایسی حرکات صادر ہوں گی جس سے خونی پکڑا جائے گا۔

اب اس قصہ سے واقعی طور پر لاش کا زندہ ہونا ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ صرف ایک دھمکی تھی کہ تا چور بیدل ہوکر اپنے تئیں ظاہر کرے لیکن ایسی تاویل سے عالم الغیب کا عجز ظاہر ہوتا ہے اور ایسی تاویلیں وہی لوگ کرتے ہیں کہ جن کو عالم ملکوت کے اسرار سے حصہ نہیں۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ طریق علم عمل الترب یعنی مسمریزم کا ایک ﴿۷۵۰﴾ شعبہ تھا جس کے بعض خواص میں سے یہ بھی ہے کہ جمادات یا مردہ حیوانات میں ایک حرکت مشابہ بحرکت حیوانات پیدا ہوکر اس سے بعض مشتبہ اور مجہول امور کا پتہ لگ سکتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ کسی سچائی کو ضائع نہ کریں اور ہر یک وہ حقیقت یا خاصیت جو عین صداقت ہے اس کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے سمجھیں۔ علم عمل الترب ایک عظیم الشان علم ہے جو طبعی کا ایک روحانی حصہ ہے جس میں بڑے بڑے خواص اور عجائبات پائے جاتے ہیں۔ اور اس کی اصلیت یہ ہے کہ انسان جس طرح باعتبار اپنے مجموعی وجود کے تمام چیزوں پر خلیفۃ اللہ ہے اور سب چیزیں اس کے تابع کر دی گئی ہیں اسی طرح انسان جس قدر اپنے اندر انسانی قویٰ رکھتا ہے تمام چیزیں ان قویٰ کی اس طرح پر تابع ہیں کہ شرائط مناسبہ کے ساتھ ان کا اثر قبول کر لیتی ہیں۔ انسان قوت فاعلہ کے ساتھ

دنیا میں بھیجا گیا ہے اور دوسری چیزیں قوت منفعلہ رکھتی ہیں۔ادنیٰ اثر انسان کی قوتِ فاعلہ کا یہ ہے کہ ہریک جاندار اس سے ایسا ہل سکتا ہے کہ اس کے خادموں میں اپنے تئیں شمار کر لیتا ہے اور اس کا مسخر ہو جاتا ہے۔فطرت نے جن انسانوں کو قوت فاعلہ کا بہت سا حصہ دیا ہے ﴿۷۵۱﴾ اُن سے عمل الترب کے عجیب عجیب خواص ظاہر ہوتے ہیں۔درحقیقت انسان ایک ایسا جانور ہے کہ اس کے ظاہری اور باطنی قویٰ ترقی دینے سے ترقی پذیر ہو سکتے ہیں اور ان کی قوت فاعلی کا اثر بڑھ جاتا ہے۔مثلاً جن لوگوں کو ہمارے ملک میں ڈائن کہتے ہیں ان کی صرف اس قدر حقیقت ہے کہ ان کی زہریلی نظر سے ضعیف الخلقت لوگ بچے وغیرہ کسی قدر متاثر ہو جاتے ہیں۔بعض لوگ اپنی زہریلی نظر سے درندوں کو مغلوب اور متاثر کر کے آسانی سے اُن کا شکار کر لیتے ہیں۔بعض اپنے تصورات تربی مشق کی وجہ سے دوسرے کے دل میں ڈال دیتے ہیں۔بعض اپنی کیفیت ذوقی کا اثر اسی عمل کے زور سے دوسرے کے دل تک پہنچا سکتے ہیں۔ بعض بے جان چیزوں پر اثر ڈال کر ان میں حرکت پیدا کر دیتے ہیں۔چنانچہ زمانہ حال میں بھی ان باتوں میں مشق رکھنے والے بہت نظر آتے ہیں۔بعض کٹے ہوئے سر بکری وغیرہ کے عمل الترب کے زور سے ایسی حرکت میں لاتے ہیں کہ وہ ناچتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ﴿۷۵۲﴾ بعض عمل الترب کے زور سے چوروں کا پتہ لگا لیتے ہیں۔قرآن شریف یا لوٹے کو حرکت دے کر جو چور کا پتہ نکالتے ہیں حقیقت میں یہ عمل الترب کی ایک شاخ ہے۔اگرچہ اس کی شرائط ضروریہ کے نہ پائے جانے کی وجہ سے غلطی واقع ہو۔چنانچہ اسی وجہ سے بکثرت غلطی واقع ہوتی بھی ہے لیکن یہ غلطی اس عمل کی عزت اور عظمت کو گھٹا نہیں سکتی کیونکہ بہت سے تجارب صحیحہ سے اس کی اصلیت ثابت ہو چکی ہے۔بے شک انسانی حیات اور شعور کا اثر دوسری چیزوں پر بھی پڑ سکتا ہے اور انسان کی قوت کشفی کا پرتوہ جمادات یا کسی مردہ حیوان پر پڑ کر اس کو بعض مجہولات کے استکشاف کا آلہ بنا سکتا ہے۔چنانچہ قضیہ مذکورہ بالا جس کا

آیت مذکورہ بالا میں ذکر ہے اسی قسم میں سے ہے اور بعد میں جو آیت ہے کَذٰلِکَ یُحۡیِ اللّٰہُ الۡمَوۡتٰی[1] یہ حیات حقیقی کا ثبوت نہیں بلکہ ایک اعجوبہ قدرت کے ثابت ہونے سے دوسری قدرت کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ جابجا قرآن شریف میں یہی طریق ہے یہاں تک کہ نباتات کے اُگنے کو احیاء موتٰی پر دلیل ٹھہرائی گئی ہے اور یہی آیت کَذٰلِکَ یُحۡیِ اللّٰہُ الۡمَوۡتٰی ان مقامات میں بھی لکھی گئی ہے۔ اور یاد رکھنا چاہیے کہ جو قرآن کریم میں
﴿۷۵۳﴾ چار پرندوں کا ذکر لکھا ہے کہ ان کو اجزاء متفرقہ یعنی جدا جدا کر کے چار پہاڑیوں پر چھوڑا گیا تھا اور پھر وہ بلانے سے آ گئے تھے یہ بھی عمل الترب کی طرف اشارہ ہے کیونکہ عمل الترب کے تجارب بتلا رہے ہیں کہ انسان میں جمیع کائنات الارض کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے ایک قوت مقناطیسی ہے اور ممکن ہے کہ انسان کی قوتِ مقناطیسی اس حد تک ترقی کرے کہ کسی پرند یا چرند کو صرف توجہ سے اپنی طرف کھینچ لے۔ فتدبّر و لا تغفل۔

اب پھر ہم اصل بحث کی طرف رجوع کر کے کہتے ہیں کہ تمام مقدس لوگ جو اس دنیا سے رخصت ہو گئے وہ دوسرے جہان میں زندہ ہیں۔ چنانچہ جب مسیح سے قیامت کے منکروں نے سوال کیا کہ مُردوں کے جی اُٹھنے پر کیا دلیل ہے تو مسیح نے یہی جواب دیا کہ خدائے تعالیٰ توریت میں فرماتا ہے کہ ابراہیم کا خدا اسحٰق کا خدا یعقوب کا خدا۔ سو خدا زندوں کا خدا ہوتا ہے نہ مُردوں کا۔ اس سے مسیح نے اس بات کا اقرار کر لیا کہ ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب سب زندہ ہیں۔ اور لعاذر کے قصہ میں بھی مسیح نے ابراہیم کا زندہ ہونا مان لیا ہے اور اب تک عیسائی لوگ اس بات کا ثبوت نہیں دے سکے کہ مسیح کی زندگی کو
﴿۷۵۴﴾ ابراہیم کی زندگی پر کیا ترجیح ہے اور مسیح کی زندگی میں وہ کون سے خاص لوازم ہیں جو ابراہیم کی زندگی میں نہیں۔ ظاہر ہے کہ اگر ابراہیم کو ایک جسم نہ ملتا تو لعاذر اُس کی گود میں کیوں کر بیٹھتا۔ مسیح نے انجیل میں خود اقرار کر لیا کہ ابراہیم جسم کے سمیت عالم ثانی میں

[1] البقرۃ: ۷۴

موجود ہے پھر مسیح کے جسم میں کون سی انوکھی بات ہے تا کوئی منصف یقین کر لیوے کہ مسیح تو جسم خاکی عنصری رکھتا ہے مگر ابراہیم کا نورانی جسم ہے۔ ہاں اگر یہ ثابت ہو جائے کہ مسیح کے جسم میں خاکی جسم کے لوازم موجود ہیں جیسے روٹی کھانا، پانی پینا، پیشاب کرنا، پاخانہ پھرنا وغیرہ وغیرہ اور ابراہیم کے جسم میں یہ لوازم موجود نہیں تو بھلا پھر کون ہے کہ اس ثبوت کے بعد پھر برسر انکار رہے لیکن اب تک یہ ثبوت نہ عیسائی لوگ پیش کر سکے اور نہ مسلمانوں میں سے کسی نے پیش کیا بلکہ دونوں فریق کو صاف اقرار ہے کہ مسیح کی زندگی دوسرے نبیوں کی زندگی سے صاف متحد الحقیقت اور ہمرنگ اور ایک ذرہ مابہ الامتیاز درمیان نہیں۔ پھر بھلا ہم کیوں کر مان لیں کہ مسیح کسی نرالے جسم کے ساتھ آسمان پر بیٹھا ہے اور دوسرے سب بغیر جسم کے ہیں۔ ہم کو محض جبر اور تحکم کی راہ سے یہ سنایا جاتا ہے کہ اسی بات پر تمام اُمت کا ﴿۷۵۵﴾ اجماع ہے لیکن جب کہ ہم دیکھتے ہیں کہ سلف اور خلف کا تو کسی ایک بات پر اتفاق ہی نہیں تو ہم کیوں کر قبول کر لیں کہ ہاں اجماع ہی ہے۔ بھلا اگر مسیح کی زندگی پر کسی کا اجماع ہے تو ایک قول تو دکھلاؤ جس میں سلف کے لوگوں نے مسیح کی زندگی ایک دنیوی زندگی قرار دی ہو اور دنیوی زندگی کے لوازم اُس میں قبول کر لئے ہوں اور دوسروں کو اس سے باہر رکھا ہو بلکہ سچ تو یہ ہے کہ اس بات پر تمام خلف وسلف کا اجماع معلوم ہوتا ہے کہ مسیح اس عالم کو چھوڑ کر دوسرے عالم کے لوگوں میں جا ملا ہے اور بلاکم وبیش انہیں کی زندگی کے موافق اس کی زندگی ہے گو بعض نے نادانی سے مسیح کی موت سے انکار کیا ہے مگر باوجود اس کے قبول کر لیا ہے کہ وہ مرنے والے لوگوں کی طرح اس عالم کو چھوڑ گیا ہے اور اس جماعت میں جا ملا جو مر گئے ہیں اور بکلی اُن کے رنگ میں ہو گیا۔ بھلا کوئی دانشمند اُن سے پوچھے کہ اگر یہ موت نہیں تو اور کیا ہے جس نے دُنیا کے عالم کو چھوڑ دیا اور دوسرے عالم میں جا پہنچا اور دنیا کے لوگوں کو چھوڑ دیا اور دوسرے جہان کے لوگوں میں سے

ایک ہوگیا۔ اگر اس کو فوت شدہ نہ کہیں تو اَور کیا کہیں۔

﴿۷۵۶﴾ اورؔ ہم لکھ چکے ہیں کہ قرآن کریم مسیح ابن مریم کو اپنی آیات کے تیس مقامات میں مار چکا ہے اور کیا عبارت النص کے طور پر اور کیا اشارۃ النص کے طور پر۔ کیا فحوائے نص کے طور پر ان کی موت پر شہادت دے رہا ہے۔ اور ایک بھی ایسی آیت نہیں پائی جاتی جو اُن کے زندہ ہونے اور زندہ اُٹھائے جانے پر ایک ذرّہ بھی اشارہ کرتی ہو۔ ہاں بعض بے اصل اور بے ہودہ اقوال تفسیروں میں پائے جاتے ہیں جن کی تائید میں نہ کوئی آیت قرآن کریم کی پیش کی گئی ہے اور نہ کوئی حدیث معرض بیان میں لائی گئی ہے اور با ایں ہمہ ان اقوال کی بنا یقین پر نہیں کیوں کہ انہیں تفسیروں میں بعض اقوال کے مخالف بعض دوسرے اقوال بھی لکھے ہیں مثلاً اگر کسی کا یہ مذہب لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم جسد عنصری کے ساتھ زندہ ہی اٹھایا گیا تو ساتھ ہی اس کے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ بعض کا یہ بھی مذہب ہے کہ مسیح فوت ہوگیا ہے بلکہ ثقات صحابہ کی روایت سے فوت ہو جانے کے قول کو ترجیح دی ہے جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب بیان کیا گیا ہے۔

﴿۷۵۷﴾ رہی حدیثیں سو اُن میں کسی جگہ بیان نہیں کیا گیا کہ مسیح ابنؔ مریم جو رسول اللہ تھا جس پر انجیل نازل ہوئی تھی جو فوت ہو چکا ہے درحقیقت وہی عالم آخرت کے لوگوں میں سے نکل کر پھر اس دنیا کے لوگوں میں آجائے گا بلکہ حدیثوں میں ایک ایسی طرز اختیار کی گئی ہے جس سے ایک دانا انسان صریح سمجھ سکتا ہے کہ مسیح ابن مریم سے مراد **مسیح ابن مریم** نہیں ہے بلکہ اس کی صفات خاصہ میں کوئی اس کا مثیل مراد ہے کیونکہ احادیث صحیحہ میں دو پہلو قائم کر کے ایک پہلو میں یہ ظاہر کرنا چاہا ہے کہ اسلام تنزل کرتا کرتا اس حد تک پہنچ جائے گا کہ اس وقت کے مسلمان اُن یہودیوں کے مشابہ بلکہ بعینہٖ وہی ہو جائیں گے جو حضرت مسیح ابن مریم کے وقت میں موجود تھے

پھر دوسرے پہلو میں یہ ظاہر کیا ہے کہ اس تنزل کے زمانہ میں کہ جب مسلمان لوگ ایسے یہودی بن جائیں گے کہ جو عیسیٰ بن مریم کے وقت میں تھے تو اُس وقت اُن کی اصلاح کے لئے ایک مسیح ابن مریم بھیجا جائے گا۔ اب ظاہر ہے کہ اگر اس پیشگوئی کے وہ دونوں ٹکڑے اکٹھے کر کے پڑھے جائیں جو ایک طرف اس اُمت میں یہودیت کو قائم کرتے ہیں اور دوسری طرف
﴿۷۵۸﴾ مسیحیت کو تو پھر اس بات کے سمجھنے کے لئے کوئی اشتباہ باقی نہیں رہتا کہ یہ دونوں صفتیں اسی اُمت کے افراد کی طرف منسوب ہیں اور ان حدیثوں کی قرآن کریم کے منشاء سے اسی صورت میں تطبیق ہوگی کہ جب یہ دونوں صفتیں اسی اُمت کے متعلق کی جائیں کیونکہ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں قرآن شریف وعدہ فرما چکا ہے کہ خلافت محمدیہ کا سلسلہ باعتبار اوّل اور آخر کے بعینہٖ خلافت موسویہ کے سلسلہ سے مماثل و مشابہ ہے یعنی اس اُمت کے اعلیٰ اور ادنیٰ افراد کا بنی اسرائیل کی اُمت سے تشابہ قلوب ہے اعلیٰ کی اعلیٰ سے اور ادنی کی ادنیٰ سے۔ اور یہ دونوں سلسلے اپنی ترقی اور تنزل کی حالت میں بالکل باہم مماثل اور مشابہ ہیں اور جیسا کہ موسوی شریعت چودہ سو برس کے قریب عمر پا کر اس مدت کے آخری ایام میں اوج اقبال سے گر گئی تھی اور ہر یک بات میں تنزل راہ پا گیا تھا کیا دنیوی حکومت و سلطنت میں اور کیا دینی تقویٰ اور طہارت میں۔ یہی تنزل اسی مدت کے موافق اسلامی شریعت میں بھی راہ پا گیا۔ اور موسوی شریعت میں تنزل کے ایام کا مصلح
﴿۷۵۹﴾ جو منجانب اللہ آیا وہ مسیح ابن مریم تھا۔ پس ضرور تھا کہ دونو سلسلہ میں پوری مماثلت دکھلانے کی غرض سے اسلامی تنزل کے زمانہ میں بھی کوئی مصلح مسیح ابن مریم کے رنگ پر آتا اور اسی زمانہ کے قریب قریب آتا جو موسوی شریعت کے تنزل کا زمانہ تھا۔ یہ وہ تمام باتیں ہیں جو قرآن شریف سے مترشح ہوتی ہیں۔ جب ہم قرآن شریف پر غور کریں تو گویا وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر ہمیں بتلا رہا ہے کہ یہی سچ ہے تم اس کو قبول کرو لیکن افسوس کہ ہمارے علماء سچائی کو دیکھ کر پھر اُس کو

قبول نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ کیا پہلے علماء میں یہ سمجھ اور فہم نہیں تھا جو تمہیں دیا گیا اور آپ ہی کتابوں میں پڑھتے ہیں کہ جب مسیح ابن مریم آئے گا تو وہ ایسے ایسے استنباط قرآن سے کرے گا کہ جو علماء وقت کی نظر میں اجنبی معلوم ہوں گے اور اسی وجہ سے وہ آمادہ مخالفت ہو جائیں گے۔ دیکھو مجلد ثانی مکتوبات امام ربانی صفحہ ۱۰۷۔ اور کتاب آثار القیامۃ مولوی صدیق حسن صاحب مرحوم۔ اب کیا ضرور نہ تھا کہ ایسا ہی ہوتا اور وہ قرائن جن سے ثابت ہوتا ہے کہ احادیث کا ہرگز یہ منشاء نہیں کہ مسیح ابن مریم سے بنی اسرائیل صاحب انجیل مراد ہے بہ تفصیل ذیل ہیں۔

۷۶۰ **اوّل**۔ یہی جو اوپر لکھا گیا ہے کہ ایسا خیال قرآن کریم کی اُن پیشگوئیوں کے مخالف ہے جن میں خلافت موسویہ اور خلافت محمدیہ کی ترقی اور تنزل کا سلسلہ معہ اُس کے تمام لوازم کے ایک ہی طرز پر واقع ہونا بیان فرمایا گیا ہے اور صریح بلند آواز سے بتلایا گیا ہے کہ اسلامی شریعت کے تنزل کے زمانہ کا تدارک ایسی طرز اور نہج سے اور اُسی رنگ کے مصلح سے کیا جائے گا جیسا کہ موسوی شریعت کے تنزل کے زمانہ کے وقت کیا گیا تھا یعنی اللہ جلّ شانُہٗ کا قرآن کریم میں منشاء یہ ہے کہ اسی شریعت کے مصلح جو اس دین میں پیدا ہوں گے شریعت موسوی کے مصلحین سے متشابہ اور متماثل ہوں گے اور جو کچھ خدائے تعالیٰ نے موسوی شریعت کی ترقی اور تنزل کے زمانہ میں کارروائیاں کی تھیں وہی کارروائیاں اس اُمت کی ترقی اور تنزل کے زمانہ میں کرے گا اور جو کچھ اس کی مشیت نے تنزل کے زمانہ میں یہودیوں پر کسل اور ضلالت اور تفرقہ وغیرہ کا اثر ڈالا تھا اور پھر اس کی اصلاح کے لئے ایک بردبار اور دقیقہ رس اور روح سے تائید یافتہ مصلح دیا تھا۔ یہی سنت اللہ اسلام کے تنزل کی حالت میں ظہور میں ۷۶۱ آئے گی۔ اب اگر اس منشاء کے مخالف اصلی مسیح ابن مریم کو ہی دوبارہ زمین پر اُتارا جائے تو قرآن شریف کی تعلیم سے صریح مخالفت ہے۔

دوم۔قرآن شریف قطعی طور پر عیسیٰ ابن مریم کی موت ثابت وظاہر کر چکا ہے صحیح بخاری جو بعد کتاب اللہ اصح الکتب سمجھی گئی ہے۔اس میں **فلمّا توفّیتنی** کے معنی وفات ہی لکھے ہیں۔ اِسی وجہ سے امام بخاری اس آیت کو کتاب التفسیر میں لایا ہے۔

سوم۔قرآن کریم کئی آیتوں میں بتصریح فرما چکا ہے کہ جو شخص مر گیا پھر وہ دنیا میں کبھی نہیں آئے گا لیکن نبیوں کے ہم نام اس اُمت میں آئیں گے۔

چہارم۔قرآن کریم بعد خاتم النبیّین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا خواہ وہ نیا رسول ہو یا پُرانا ہو کیونکہ رسول کو علمِ دین بتوسط جبرائیل ملتا ہے اور باب نزول جبرائیل بہ پیرایہ وحیٔ رسالت مسدود ہے۔اور یہ بات خود ممتنع ہے کہ دنیا میں رسول تو آوے مگر سلسلہ وحی رسالت نہ ہو۔

پنجم۔ یہ کہ احادیث صحیحہ بصراحت بیان کر رہی ہیں کہ آنے والا مسیح ابن مریم اُمتیوں کے رنگ میں آئے گا۔ چنانچہ اس کو امتی کر کے بیان بھی کیا گیا ہے جیسا کہ حدیث **امامکم منکم** سے ظاہر ہے اور نہ صرف بیان کیا گیا بلکہ جو کچھ اطاعت اور پیروی اُمت پر لازم ہے وہ سب اس کے لازم حال ٹھہرائی گئی۔ ﴿۷۶۲﴾

ششم۔ یہ کہ بخاری میں جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے اصل مسیح ابن مریم کا اور حلیہ بتایا گیا ہے اور آنے والے مسیح ابن مریم کا اور حلیہ ظاہر کیا گیا ہے۔اب ان قرائن ستّہ کے رو سے صریح اور صاف طور پر ثابت ہے کہ آنے والا مسیح ہرگز وہ مسیح نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی بلکہ اس کا مثیل ہے اور اِس وقت اُس کے آنے کا وعدہ تھا کہ جب کروڑ ہا افراد مسلمانوں میں سے یہودیوں کے مثیل ہو جائیں گے تا خدائے تعالیٰ اس اُمت کی دونو قسموں کی استعدادیں ظاہر کرے نہ یہ کہ اس اُمت میں صرف یہودیوں کی نجس صورت قبول کرنے کی استعداد ہو اور مسیح بنی اسرائیل میں سے آوے۔ بلاشبہ ایسی صورت میں اس مقدس اور روحانی معلّم اور پاک نبی کی

بڑی ہتک ہے جس نے یہ خوشخبری بھی دی تھی کہ اِس اُمت میں مثیل انبیاء بنی اسرائیل پیدا ہوں گے۔

﴿۷۶۳﴾ اور اگر یہ کہا جائے کہ جس حالت میں اصل عیسیٰ بن مریم آنے والا نہیں تھا بلکہ اس کا مثیل آنے والا تھا تو یہ کہنا چاہیے تھا کہ مثیل آنے والا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ عام محاورہ ہے کہ جب متکلّم کا یہ ارادہ ہوتا ہے کہ مشبّہ اور مشبّہ بہٖ میں مماثلت تام ہے تو مشبّہ کا مشبّہ بہٖ پر حمل کر دیتا ہے تا انطباق کلّی ہو جیسے امام بخاری کی نسبت ایک جلسہ میں کہا گیا کہ دیکھو یہ احمد حنبل آیا ہے الخ اور جیسے کہتے ہیں کہ یہ شیر ہے اور یہ نوشیرواں ہے یہ حاتم ہے یا مثلاً جیسے کوئی کسی کو کہتا ہے کہ تو گدھا ہے یا بندر ہے۔ اور نہیں کہتا کہ تو گدھے کی مانند ہے یا بندر کی مانند کیونکہ وہ مطلب مماثلت تامہ کا جو اس کے دل میں ہوتا ہے مانند کہنے سے فوت ہو جاتا ہے اور جس کیفیت کو وہ ادا کرنا چاہتا ہے وہ ان لفظوں سے ادا نہیں ہوسکتی۔ **فتدبّر**

اُمت احمد نہاں دارد دو ضد را در وجود — مے تواند شد مسیحا مے تواند شد یہود

زمرۂ زیشاں ہمہ بدطینتاں را جائے ننگ — زمرۂ دیگر بجائے انبیا دارد قعود

﴿۷۶۴﴾ بعض نہایت سادگی سے کہتے ہیں کہ سلاطین کی کتاب میں جو لکھا ہے کہ ایلیاء جسم کے سمیت آسمان پر اُٹھایا گیا تو پھر کیا مسیح ابن مریم کے اُٹھائے جانے میں کچھ جائے اشکال ہے تو اُن کو واضح ہو کہ درحقیقت ایلیا بھی خاکی جسم کے ساتھ نہیں اُٹھایا گیا تھا۔ چنانچہ مسیح نے اس کی وفات کی طرف اشارہ کر دیا جبکہ اس نے یہودیوں کی وہ امید توڑ دی جو وہ اپنی خام خیالی سے باندھے ہوئے تھے اور کہہ دیا کہ وہ ہرگز نہیں آئے گا۔ اور ظاہر ہے کہ اگر وہ جسم خاکی کے ساتھ اُٹھایا جاتا تو پھر خاک کی طرف اس کا رجوع کرنا ضروری تھا کیونکہ لکھا ہے کہ خاکی جسم

خاک کی طرف ہی عود کرتا ہے مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ [1] کیا ایلیا آسمان پر ہی فوت ہوگا یا كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٍ [2] سے باہر رہے گا۔ اگر سوچ کر دیکھو تو ایلیا کی چادر گرنے والی وہی اس کا وجود تھا جو اس نے چھوڑ دیا اور نیا چولہ پہن لیا۔

کیوں نہیں لوگو تمہیں حق کا خیال
دل میں اُٹھتا ہے مرے سَو سَو اُبال

ابن مریم مر گیا حق کی قسم
داخل جنّت ہوا وہ محترم

مارتا ہے اُس کو فرقاں سر بسر
اس کے مرجانے کی دیتا ہے خبر

وہ نہیں باہر رہا اموات سے
ہوگیا ثابت یہ تیسؔ آیات سے

کوئی مُردوں سے کبھی آیا نہیں
یہ تو فرقاں نے بھی بتلا یا نہیں

عہد شد از کردگار بے چگوں
غورکن در اَنَّهُمۡ لَا يَرۡجِعُوۡنَ [3]

اے عزیزو!! سوچ کر دیکھو ذرا
موت سے بچتا کوئی دیکھا بھلا

یہ تو رہنے کا نہیں پیارو مکاں
چل بسے سب انبیاء و راستاں

ہاں نہیں پاتا کوئی اس سے نجات
یونہی باتیں ہیں بنائیں واہیات

کیوں تمہیں انکار پر اصرار ہے
ہے یہ دین یا سیرت کفّار ہے

برخلاف نص یہ کیا جوش ہے
سوچ کر دیکھو اگر کچھ ہوش ہے

کیوں بنایا ابن مریم کو خدا
سنت اللہ سے وہ کیوں باہر رہا

کیوں بنایا اس کو باشانِ کبیر
غیب دان و خالق حیّ و قدیر

مرگئے سب پر وہ مرنے سے بچا
اب تلک آئی نہیں اس پر فنا

ہے وہی اکثر پرندوں کا خدا
اس خدا دانی پہ تیرے مرحبا

مولوی صاحب یہی توحید ہے
سچ کہو کس دیو کی تقلید ہے

کیا یہی توحید حق کا راز تھا
جس پہ برسوں سے تمہیں اک ناز تھا

کیا بشر میں ہے خدائی کا نشان
الاماں ایسے گماں سے الاماں

﴿۷۶۵﴾

[1] طٰهٰ: ۵۶ [2] الرحمٰن: ۲۷ [3] الانبیاء: ۹۶

ہے تعجب آپ کے اس جوش پر ۔۔۔ فہم پر اور عقل پر اور ہوش پر
کیوں نظر آتا نہیں راہِ صواب ۔۔۔ پڑ گئے کیسے یہ آنکھوں پر حجاب ﴾۷۶۶﴿
کیا یہی تعلیمِ فرقاں ہے بھلا ۔۔۔ کچھ تو آخر چاہیے خوفِ خدا
مومنوں پر کفر کا کرنا گماں ۔۔۔ ہے یہ کیا ایمانداروں کا نشاں
ہم تو رکھتے ہیں مسلمانوں کا دیں ۔۔۔ دل سے ہیں خدام ختم المرسلیں
شرک اور بدعت سے ہم بیزار ہیں ۔۔۔ خاکِ راہِ احمد مختار ہیں
سارے حکموں پر ہمیں ایمان ہے ۔۔۔ جان و دل اس راہ پر قربان ہے
دے چکے دل اب تنِ خاکی رہا ۔۔۔ ہے یہی خواہش کہ ہو وہ بھی فدا
تم ہمیں دیتے ہو کافر کا خطاب ۔۔۔ کیوں نہیں لوگو تمہیں خوف عقاب
سخت شورے اوفتاد اندر زمیں ۔۔۔ رحم کن بر خلق اے جاں آفریں
کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دکھا ۔۔۔ تجھ کو سب قدرت ہے، اے ربّ الورا

آمین

## بعض مبائعین کا ذکر اور نیز اس سلسلہ کے معاونین کا تذکرہ ﴾۷۶۷﴿
## اور
## اسلام کو یورپ اور امریکہ میں پھیلانے کی احسن تجویز

میں رسالہ **فتح اسلام** میں کسی قدر لکھ آیا ہوں کہ اسلام کے ضعف اور غربت اور تنہائی کے وقت میں خدائے تعالیٰ نے مجھے مامور کر کے بھیجا ہے تا میں ایسے وقت میں جو اکثر لوگ عقل کی بد استعمالی سے ضلالت کی راہیں پھیلا رہے ہیں اور روحانی امور سے رشتہ مناسبت بالکل کھو بیٹھے ہیں اسلامی تعلیم کی روشنی ظاہر کروں۔ مَیں

یقیناً جانتا ہوں کہ اب وہ زمانہ آ گیا ہے کہ اسلام اپنا اصلی رنگ نکال لائے گا اور اپنا وہ کمال
ظاہر کرے گا جس کی طرف آیت لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ [1] میں اشارہ ہے۔ سنت اللہ اسی ﴿۷۶۸﴾
طرح واقع ہے کہ خزائن معارف و دقائق اُسی قدر ظاہر کئے جاتے ہیں جس قدر اُن کی
ضرورت پیش آتی ہے۔ سو یہ زمانہ ایک ایسا زمانہ ہے جو اس نے ہزارہا عقلی مفاسد کو ترقی
دے کر اور بے شمار معقولی شبہات کو بمنصۂ ظہور لا کر بالطبع اس بات کا تقاضا کیا ہے کہ ان
اوہام و اعتراضات کے رفع و دفع کے لئے فرقانی حقائق و معارف کا خزانہ کھولا جائے۔
بے شک یہ بات یقینی طور پر ماننی پڑے گی کہ جس قدر حق کے مقابل پر اب معقول پسندوں
کے دلوں میں اوہام باطلہ پیدا ہوئے ہیں اور عقلی اعتراضات کا ایک طوفان برپا ہوا ہے اس کی
نظیر کسی زمانہ میں پہلے زمانوں میں سے نہیں پائی جاتی۔ لہٰذا ابتدا سے اس امر کو بھی کہ ان
اعتراضات کا براہین شافیہ وکافیہ سے بحوالہ آیات فرقان مجید بکلی استیصال کر کے تمام ادیان
باطلہ پر فوقیت اسلام ظاہر کر دی جائے اِسی زمانہ پر چھوڑا گیا تھا کیونکہ پیش از ظہور مفاسد ان
مفاسد کی اصلاح کا تذکرہ محض بے محل تھا۔ اِسی وجہ سے حکیم مطلق نے ان حقائق اور
معارف کو اپنی کلام پاک میں مخفی رکھا اور کسی پر ظاہر نہ کیا جب تک کہ اُن کے اظہار کا ﴿۷۶۹﴾
وقت آ گیا۔ ہاں اس وقت کی اس نے پہلے سے اپنی کتاب عزیز میں خبر دے رکھی تھی جو
آیت هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى [2] میں صاف اور کھلے کھلے طور پر مرقوم ہے۔
سو اب وہی وقت ہے اور ہر یک شخص روحانی روشنی کا محتاج ہو رہا ہے سو خدائے تعالیٰ نے
اس روشنی کو دے کر ایک شخص دنیا میں بھیجا وہ کون ہے؟ یہی ہے جو بول رہا ہے۔ رسالہ
فتح اسلام میں یہ امر مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے کہ ایسے عظیم الشان کاموں کے لئے قوم
کے ذی مقدرت لوگوں کی امداد ضروری ہوتی ہے اور اس سے زیادہ اور کون سی سخت
معصیت ہوگی کہ ساری قوم دیکھ رہی ہے کہ اسلام پر چاروں طرف سے حملے ہو رہے ہیں

۱،۲ الصّف :۱۰

اور وہ وبا پھیل رہی ہے جو کسی آنکھ نے پہلے اس سے نہیں دیکھی تھی۔ اس نازک وقت میں ایک شخص خدائے تعالیٰ کی طرف سے اُٹھا اور چاہتا ہے کہ اسلام کا خوبصورت چہرہ تمام دنیا پر ظاہر کرے اور اس کی راہیں مغربی ملکوں کی طرف کھولے لیکن قوم اس کی امداد سے دستکش ہے اور سوء ظن اور دنیا پرستی کی راہ سے بکلّی قطع تعلقات کر کے چپ چاپ بیٹھی ہے۔ افسوس کہ ہماری قوم میں سے بہتوں نے سوء ظن کی راہ سے ہر یک شخص کو ایک ہی مد مکر اور فریب ﴿۷۷۰﴾ میں داخل کر دیا ہے اور کوئی ایسا شخص جو روحانی سرگرمی اور دیانتداری کا اثر اپنے اندر رکھتا ہو شاید اُن کے نزدیک ممتنع الوجود ہے۔ بہت سے ان میں ایسے ہیں کہ وہ صرف دنیوی زندگی کی فکروں میں لگے ہوئے ہیں اور ان کی نگاہ میں وہ لوگ سخت بے وقوف ہیں جو کبھی آخرت کا بھی نام لیتے ہیں۔ بعض ایسے ہیں کہ دین سے بھی کچھ دلچسپی رکھتے ہیں مگر صرف بیرونی صورت اور مذہب کی بے اصل باتوں میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ نبیوں کی تعلیم کا اعلیٰ مقصد کیا ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہیے جس سے ہم اپنے مولیٰ کی دائمی رضا مندی میں داخل ہو جائیں۔

میرے پیارے دوستو! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مجھے خدائے تعالیٰ نے سچا جوش آپ لوگوں کی ہمدردی کے لئے بخشا ہے اور ایک سچی معرفت آپ صاحبوں کی زیادت ایمان و عرفان کے لئے مجھے عطا کی گئی ہے اس معرفت کی آپ کو اور آپ کی ذریت کو نہایت ضرورت ہے۔ سو میں اس لئے مستعد کھڑا ہوں کہ آپ لوگ اپنے اموال طیّبہ ﴿۷۷۱﴾ سے اپنے دینی مہمات کے لئے مدد دیں اور ہر یک شخص جہاں تک خدائے تعالیٰ نے اس کو وسعت و طاقت و مقدرت دی ہے اس راہ میں دریغ نہ کرے اور اللہ اور رسول سے اپنے اموال کو مقدم نہ سمجھے اور پھر میں جہاں تک میرے امکان میں ہے تالیفات کے ذریعہ سے اُن علوم اور برکات کو ایشیا اور یورپ کے ملکوں میں پھیلاؤں جو خدا تعالیٰ کی پاک روح نے مجھے دی ہیں۔ مجھ سے پوچھا گیا تھا کہ امریکہ اور یوروپ میں

تعلیم اسلام پھیلانے کے لئے کیا کرنا چاہیے۔ کیا یہ مناسب ہے کہ بعض انگریزی خوان مسلمانوں میں سے یورپ اور امریکہ میں جائیں اور وعظ اور منادی کے ذریعہ سے مقاصد اسلام اُن لوگوں پر ظاہر کریں لیکن میں عموماً اس کا جواب ہاں کے ساتھ کبھی نہیں دوں گا۔ میں ہرگز مناسب نہیں جانتا کہ ایسے لوگ جو اسلامی تعلیم سے پورے طور پر واقف نہیں اور اس کی اعلیٰ درجہ کی خوبیوں سے بکلی بے خبر اور نیز زمانہ حال کی نکتہ چینیوں کے جوابات پر کامل طور پر حاوی نہیں ہیں اور نہ روح القدس سے تعلیم پانے والے ہیں وہ ہماری طرف سے وکیل ہو کر جائیں۔ میرے خیال میں ایسی کارروائی کا ضرر اس کے نفع سے اقرب اور اسرع الوقوع ہے ﴿۷۷۲﴾ اِلّا ماشاء اللہ۔ بلاشبہ یہ سچ بات ہے کہ یورپ اور امریکہ نے اسلام پر اعتراضات کرنے کا ایک بڑا ذخیرہ پادریوں سے حاصل کیا ہے اور ان کا فلسفہ اور طبعی بھی ایک الگ ذخیرہ نکتہ چینی کا رکھتا ہے۔ میں نے دریافت کیا ہے کہ تین ہزار کے قریب حال کے زمانہ نے وہ مخالفانہ باتیں پیدا کی ہیں جو اسلام کی نسبت بصورت اعتراض سمجھی گئی ہیں حالانکہ اگر مسلمانوں کی لاپرواہی کوئی بدنتیجہ پیدا نہ کرے تو ان اعتراضات کا پیدا ہونا اسلام کے لئے کچھ خوف کا مقام نہیں۔ بلکہ ضرور تھا کہ وہ پیدا ہوتے تا اسلام اپنے ہر یک پہلو سے چمکتا ہوا نظر آتا لیکن ان اعتراضات کا کافی جواب دینے کے لئے کسی منتخب آدمی کی ضرورت ہے جو ایک دریا معرفت کا اپنے صدر منشرح میں موجود رکھتا ہو جس کی معلومات کو خدائے تعالیٰ کے الہامی فیض نے بہت وسیع اور عمیق کر دیا ہو۔ اور ظاہر ہے کہ ایسا کام ان لوگوں سے کب ہو سکتا ہے جن کی سماعی طور پر بھی نظر محیط نہیں اور ایسے سفیر اگر یورپ اور امریکہ میں جائیں تو کس کام کو انجام دیں گے اور مشکلات پیش کردہ کا کیا حل کریں گے۔ اور ممکن ہے کہ اُن کے جاہلانہ جوابات کا اثر معکوس ہو جس ﴿۷۷۳﴾ سے وہ تھوڑا سا ولولہ اور شوق بھی جو حال میں امریکہ اور یوروپ کے بعض منصف دلوں میں

پیدا ہوا ہے جاتا رہے اور ایک بھاری شکست اور ناحق کی سُبکی اور ناکامی کے ساتھ واپس ہوں۔ سو میری صلاح یہ ہے کہ بجائے ان واعظوں کے **عمدہ عمدہ تالیفیں** اِن ملکوں میں بھیجی جائیں۔ اگر قوم بدل وجان میری مدد میں مصروف ہوں تو میں چاہتا ہوں کہ ایک تفسیر بھی تیار کر کے اور انگریزی میں ترجمہ کرا کر اُن کے پاس بھیجی جائے۔ میں اس بات کو صاف صاف بیان کرنے سے رہ نہیں سکتا کہ یہ میرا کام ہے دوسرے سے ہرگز ایسا نہیں ہوگا جیسا مجھ سے یا جیسا اس سے جو میری شاخ ہے اور مجھ میں ہی داخل ہے۔ ہاں اس قدر میں پسند کرتا ہوں کہ ان کتابوں کے تقسیم کرنے کے لئے یا اُن لوگوں کے خیالات اور اعتراضات کو ہم تک پہنچانے کی غرض سے چند آدمی ان ملکوں میں بھیجے جائیں جو امامت اور مولویت کا دعویٰ نہ کریں بلکہ ظاہر کردیں کہ ہم صرف اس لئے بھیجے گئے ہیں کہ تا کتابوں کو تقسیم کریں اور اپنی معلومات کی حد تک سمجھاویں اور مشکلات اور مباحث دقیقہ کا حل ان اماموں سے چاہیں جو اس کام کے لئے ملک ہند میں موجود ہیں۔ ﴿۷۷۴﴾

اس میں کچھ شک نہیں کہ اسلام میں اس قدر صداقت کی روشنی چمک رہی ہے اور اس قدر اس کی سچائی پر نورانی دلائل موجود ہیں کہ اگر وہ اہل تحقیق کے زیر توجہ لائی جاویں تو یقیناً وہ ہر یک سلیم العقل کے دل میں گھر کر جاویں لیکن افسوس کہ ابھی وہ دلائل اندرونی طور پر بھی اپنی قوم میں شائع نہیں چہ جائیکہ مخالفوں کے مختلف فرقوں میں شائع ہوں۔ سو انہیں براہین اور دلائل اور حقائق اور معارف کے شائع کرنے کے لئے قوم کی مالی امداد کی حاجت ہے **کیا قوم میں کوئی ہے جو اس بات کو سنے؟**

جب سے میں نے رسالہ فتح اسلام کو تالیف کیا ہے ہمیشہ میرا اسی طرف خیال لگا رہا کہ میری اس تجویز کے موافق جو میں نے دینی چندہ کے لئے رسالہ مذکورہ میں لکھی ہے دلوں میں حرکت پیدا ہوگی۔ اسی خیال سے میں نے چار سو کے قریب

وہ رسالہ مفت بھی تقسیم کر دیا تا لوگ اس کو پڑھیں اور اپنے پیارے دین کی امداد کے لئے اپنے ﴿۷۷۵﴾
گذشتنی گذاشتنی مالوں میں سے کچھ حق مقرر کریں مگر افسوس کہ بجز چند میرے مخلصوں کے
جن کا ذکر میں عنقریب کروں گا کسی نے اس طرف توجہ نہیں کی۔ میں حیران ہوں کہ کن الفاظ کو
استعمال کروں تا میری قوم پر وہ مؤثر ہوں۔ میں سوچ میں ہوں کہ وہ کون سی تقریر ہے جس
سے وہ میرے غم سے بھرے ہوئے دل کی کیفیت سمجھ سکیں۔ اے قادر خدا اُن کے دلوں میں
آپ الہام کر اور غفلت اور بدظنی کی رنگ آمیزی سے ان کو باہر نکال اور حق کی روشنی دکھلا۔

پیارو یقیناً سمجھو کہ خدا ہے اور وہ اپنے دین کو فراموش نہیں کرتا بلکہ تاریکی کے زمانہ میں اس
کی مدد فرماتا ہے مصلحت عام کے لئے ایک کو خاص کر لیتا ہے اور اُس پر علوم لدنیہ کے انوار
نازل کرتا ہے۔ سو اُسی نے مجھے جگایا اور سچائی کے لئے میرا دل کھول دیا۔ میری روزانہ زندگی
کا آرام اسی میں ہے کہ میں اسی کام میں لگا رہوں بلکہ میں اس کے بغیر جی ہی نہیں سکتا کہ
میں اس کا اور اس کے رسول کا اور اس کی کلام کا جلال ظاہر کروں۔ مجھے کسی کی تکفیر کا اندیشہ نہیں ﴿۷۷۶﴾
اور نہ کچھ پرواہ۔ میرے لئے یہ بس ہے کہ وہ راضی ہو جس نے مجھے بھیجا ہے۔ ہاں مَیں اس
میں لذت دیکھتا ہوں کہ جو کچھ اُس نے مجھ پر ظاہر کیا وہ میں سب لوگوں پر ظاہر کروں اور یہ
میرا فرض بھی ہے کہ جو کچھ مجھے دیا گیا وہ دوسروں کو بھی دوں۔ اور دعوت مولیٰ میں ان سب کو
شریک کرلوں جو ازل سے بلائے گئے ہیں۔ میں اس مطلب کے پورا کرنے کے لئے قریباً
سب کچھ کرنے کے لئے مستعد ہوں اور جانفشانی کے لئے راہ پر کھڑا ہوں لیکن جو امر میرے
اختیار میں نہیں میں خداوند قدیر سے چاہتا ہوں کہ وہ آپ اس کو انجام دیوے۔ میں مشاہدہ
کر رہا ہوں کہ ایک دست غیبی مجھے مدد دے رہا ہے۔ اور اگرچہ میں تمام فانی انسانوں کی
طرح ناتواں اور ضعیف البنیان ہوں تاہم میں دیکھتا ہوں کہ مجھے غیب سے قوت ملتی ہے

اور نفسانی قلق کو دبانے والا ایک صبر بھی عطا ہوتا ہے اور میں جو کہتا ہوں کہ اِن الٰہی کاموں میں قوم کے ہمدرد مدد کریں وہ بے صبری سے نہیں بلکہ صرف ظاہر کے لحاظ اور اسباب کی رعایت سے کہتا ہوں۔ ورنہ خدا تعالیٰ کے فضل پر میرا دل مطمئن ہے اور امید رکھتا ہوں کہ وہ میری دعاؤں کو ضائع نہیں کرے گا اور میرے تمام ارادے اور امیدیں پوری کر دے گا۔ اب میں اُن مخلصوں کا نام لکھتا ہوں جنھوں نے حتی الوسع میرے دینی کاموں میں مدد دی یا جن پر مدد کی امید ہے یا جن کو اسباب میسر آنے پر طیار دیکھتا ہوں۔ ﴿۷۷۷﴾

(۱) **حبّی فی اللہ مولوی حکیم نوردین صاحب بھیروی**۔ مولوی صاحب ممدوح کا حال کسی قدر رسالہ فتح اسلام میں لکھ آیا ہوں لیکن ان کی تازہ ہمدردیوں نے پھر مجھے اس وقت ذکر کرنے کا موقعہ دیا۔ اُن کے مال سے جس قدر مجھے مدد پہنچی ہے میں کوئی ایسی نظیر نہیں دیکھتا جو اس کے مقابل پر بیان کرسکوں۔ میں نے ان کو طبعی طور پر اور نہایت انشراح صدر سے دینی خدمتوں میں جان نثار پایا۔ اگرچہ ان کی روزمرہ زندگی اسی راہ میں وقف ہے کہ وہ ہر یک پہلو سے اسلام اور مسلمانوں کے سچے خادم ہیں مگر اس سلسلہ کے ناصرین میں سے وہ اوّل درجہ کے نکلے۔ مولوی صاحب موصوف اگرچہ اپنی فیاضی کی وجہ سے اس مصرعہ کے مصداق ہیں کہ قرار در کفِ آزادگاں نگیرد مال لیکن پھر بھی انہوں نے بارہ سو روپیہ نقد ﴿۷۷۸﴾ متفرق حاجتوں کے وقت اس سلسلہ کی تائید میں دیا۔ اور اب بیس۲۰ روپے ماہواری دینا اپنے نفس پر واجب کر دیا اور اس کے سوا اور بھی ان کی مالی خدمات ہیں جو طرح طرح کے رنگوں میں ان کا سلسلہ جاری ہے میں یقیناً دیکھتا ہوں کہ جب تک وہ نسبت پیدا نہ ہو جو محبّ کو اپنے محبوب سے ہوتی ہے تب تک ایسا انشراح صدر کسی میں پیدا نہیں ہوسکتا۔ اُن کو خدائے تعالیٰ نے اپنے قوی ہاتھ سے اپنی طرف کھینچ لیا ہے اور طاقت بالا نے خارق عادت اثر اُن پر کیا ہے۔

انہوں نے ایسے وقت میں بلاتردّد مجھے قبول کیا کہ جب ہر طرف سے تکفیر کی صدائیں بلند ہونے کو تھیں اور بہتیروں نے باوجود بیعت کے عہد بیعت فسخ کردیا تھا اور بہتیرے سُست اور متذبذب ہوگئے تھے۔ تب سب سے پہلے مولوی صاحب ممدوح کا ہی خط اس عاجز کے اس دعویٰ کی تصدیق میں کہ میں ہی مسیح موعود ہوں قادیان میں میرے پاس پہنچا جس میں یہ فقرات درج تھے۔ **اٰمنّا وصدقنا فا کتبنا مع الشّاھدین** مولوی صاحب موصوف کے اعتقاد اور اعلیٰ درجہ کی قوتِ ایمانی
۷۷۹
کا ایک یہ بھی نمونہ ہے کہ ریاست جموں کے ایک جلسہ میں مولوی صاحب کا ایک ڈاکٹر صاحب سے جن کا نام جگن ناتھ ہے اس عاجز کی نسبت کچھ تذکرہ ہوکر مولوی صاحب نے بڑی قوت اور استقامت سے یہ دعویٰ پیش کیا کہ خدائے تعالیٰ اُن کے یعنی اس عاجز کے ہاتھ پر کوئی آسمانی نشان دکھلانے پر قادر ہے۔ پھر ڈاکٹر صاحب کے انکار پر مولوی صاحب نے ریاست کے بڑے بڑے ارکان کی مجلس میں یہ شرط قبول کی کہ اگر وہ یعنی یہ عاجز کسی مدت مسلّمہ فریقین پر کوئی آسمانی نشان دکھلا نہ سکے تو مولوی صاحب ڈاکٹر صاحب کو پنج ہزار روپیہ بطور جرمانہ دیں گے اور ڈاکٹر صاحب کی طرف سے یہ شرط ہوئی کہ اگر انہوں نے کوئی نشان دیکھ لیا تو بلاتوقف مسلمان ہوجائیں گے اور اِن تحریری اقراروں پر مندرجہ ذیل گواہیاں ثبت ہوئیں۔

**خان بہادر جنرل ممبر کونسل ریاست جموں غلام محی الدین خاں**

**سراج الدین احمد سپرنٹنڈنٹ وافسر ڈاکخانجات ریاست جموں**

**سرکار سنگھ سیکرٹری راجہ امر سنگھ صاحب بہادر پریذیڈنٹ کونسل**

۷۸۰
مگر افسوس کہ ڈاکٹر صاحب ناقابل قبول اعجازی صورتوں کو پیش کر کے ایک حکمت عملی سے گریز کر گئے۔ چنانچہ انہوں نے ایک آسمانی نشان یہ مانگا کہ کوئی مرا ہوا

پرندہ زندہ کر دیا جائے حالانکہ وہ خوب جانتے ہوں گے کہ ہمارے اصولوں سے یہ مخالف ہے۔ ہمارا یہی اصول ہے کہ مُردوں کو زندہ کرنا خدائے تعالیٰ کی عادت نہیں اور وہ آپ فرماتا ہے حَرٰمٌ عَلٰی قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَآ اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ [1]۔ یعنی ہم نے یہ واجب کر دیا ہے کہ جو مر گئے پھر وہ دنیا میں نہیں آئیں گے۔ میں نے ڈاکٹر صاحب کو یہ کہا تھا کہ آسمانی نشان کی اپنی طرف سے کوئی تعیین ضروری نہیں بلکہ جو امر انسانی طاقتوں سے بالاتر ثابت ہو خواہ وہ کوئی امر ہو اسی کو آسمانی نشان سمجھ لینا چاہیے اور اگر اس میں شک ہو تو بالمقابل ایسا ہی کوئی دوسرا امر دکھلا کر یہ ثبوت دینا چاہیے کہ وہ امر الٰہی قدرتوں سے مخصوص نہیں لیکن ڈاکٹر صاحب اس سے کنارہ کر گئے اور مولوی صاحب نے وہ صدق قدم دکھلایا جو مولوی صاحب کی عظمت ایمان پر ایک محکم دلیل ہے۔ دل میں از بس آرزو ہے کہ اَور لوگ بھی مولوی صاحب کے نمونہ پر چلیں۔ مولوی صاحب پہلے راستبازوں کا ایک نمونہ ہیں۔ جزاھم اللّٰہ خیرا الجزاء و احسن الیھم فی الدنیا و العقبٰی۔ ﴿۷۸۱﴾

(۲) **حبّی فی اللہ حکیم فضل دین صاحب بھیروی۔** حکیم صاحب اخویم مولوی حکیم نور دین صاحب کے دوستوں میں سے اور ان کے رنگ اخلاق سے رنگین اور بہت با اخلاص آدمی ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ اُن کو اللہ اور رسول سے سچی محبت ہے اور اسی وجہ سے وہ اس عاجز کو خادم دین دیکھ کر حبّ لِلّٰہ کی شرط کو بجا لا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں دین اسلام کی حقانیت کے پھیلانے میں اُسی عشق کا وافر حصہ ملا ہے جو تقسیم ازلی سے میرے پیارے بھائی مولوی حکیم نور دین صاحب کو دیا گیا ہے۔ وہ اِس سلسلہ کے دینی اخراجات کو بنظر غور دیکھ کر ہمیشہ اس فکر میں رہتے ہیں کہ چندہ کی صورت پر کوئی اُن کا احسن انتظام ہو جائے۔ چنانچہ رسالہ فتح اسلام میں جس میں مصارف دینیہ کی پنج شاخوں کا بیان ہے اُنہیں کی تحریک اور مشورہ سے لکھا گیا تھا۔ ان کی

[1] الانبیاء :۹۶

فراست نہایت صحیح ہے اور وہ بات کی تہ تک پہنچتے ہیں اور اُن کا خیال ظنونِ فاسدہ سے مصفّٰی
اور مزکّی ہے۔ رسالہ ازالہ اوہام کے طبع کے ایام میں دوسو روپیہ مالیہ اُن کی طرف سے پہنچا اور اُن ﴿۷۸۲﴾
کے گھر کے آدمی بھی اُن کے اس اخلاص سے متأثر ہیں اور وہ بھی اپنے کئی زیورات اس راہ
میں محض للہ خرچ کر چکے ہیں۔ حکیم صاحب موصوف نے باوجود اِن سب خدمات کے جو اُن
کی طرف سے ہوتی رہتی ہیں خاص طور پر پنج روپے ماہواری اس سلسلہ کی تائید میں دینا مقرر
کیا ہے۔ **جزاهم اللّٰه خيرا الجزاء واحسن اليهم في الدنيا و العقبٰى**.

(۳) **حبّی فی اللہ مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی**۔ مولوی صاحب اس عاجز کے
یکرنگ دوست ہیں اور مجھ سے ایک سچی اور زندہ محبت رکھتے ہیں اور اپنے اوقات عزیز کا اکثر
حصہ انہوں نے تائید دین کے لئے وقف کر رکھا ہے۔ اُن کے بیان میں ایک اثر ڈالنے والا جو
ش ہے۔ اخلاص کی برکت اور نورانیت اُن کے چہرہ سے ظاہر ہے۔ میری تعلیم کی اکثر باتوں
سے وہ متفق الرائے ہیں مگر میرے خیال میں ہے کہ شاید بعض سے نہیں لیکن اخویم مولوی
حکیم نوردین صاحب کے انوار صحبت نے بہت سا نورانی اثر اُن کے دل پر ڈالا ہے اور ﴿۷۸۳﴾
نیچریت کی اکثر خشک باتوں سے وہ بیزار ہوتے جاتے ہیں۔ اور درحقیقت میں بھی اِس بات
کو پسند نہیں کرتا کہ الٰہی کتاب کے واقعی اور سچے منشاء کے مخالف نیچر کے ایسے تابع ہو جائیں
کہ گویا کامل ہادی ہمارا وہی ہے۔ میں ایسے حصہ نیچریت کو قبول کرتا ہوں جس کو میں دیکھتا
ہوں کہ میرے مولیٰ اور ہادی نے اپنی کتاب قرآن کریم میں اس کو قبول کرلیا ہے اور سنت اللہ
کے نام سے اس کو یاد کیا ہے۔ مَیں اپنے خداوند کو کامل طور پر قادر مطلق سمجھتا ہوں اور اسی بات
پر ایمان لاچکا ہوں کہ وہ جو چاہتا ہے کر دکھاتا ہے اور اسی ایمان کی برکت سے میری معرفت
زیادت میں ہے اور محبت ترقی میں۔ مجھے بچوں کا ایمان پسند آتا ہے اور فلسفیوں کے بودے ایمان
سے میں متنفر ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ مولوی صاحب اپنی محبت کے پاک جذبات کی وجہ سے

اور بھی ہم رنگی میں ترقی کریں گے اور اپنے بعض معلومات میں نظر ثانی فرمائیں گے۔

(۴) **حبّی فی اللہ مولوی غلام قادر صاحب فصیح** جوان صالح خوش شکل اور اس عاجز کی بیعت میں داخل ہیں۔ باہمت اور ہمدرد اسلام ہیں۔ قول فصیح جو مولوی عبدالکریم صاحب کی تالیف ہے اسی مرد باہمت نے اپنے مصارف سے چھاپی اور مفت تقسیم کی۔ قوت بیانی نئی طرز کے موافق بہت عمدہ رکھتے ہیں۔ اب ایک ماہواری رسالہ ان کی طرف سے نکلنے والا ہے جس کا نام **الحق** ہوگا۔ یہ رسالہ محض اس غرض سے جاری کیا جائے گا کہ تا اس میں وقتاً فوقتاً ان مخالفوں کا جواب دیا جائے جو دین اسلام پر حملہ کرتے ہیں خدائے تعالیٰ اس کام میں اُن کی مدد کرے۔ ﴿۷۸۴﴾

(۵) **سیّد حامد شاہ صاحب سیالکوٹی**۔ یہ سید صاحب محبّ صادق اور اس عاجز کے ایک نہایت مخلص دوست کے بیٹے ہیں جس قدر خدائے تعالیٰ نے شعر اور سخن میں اُن کو قوت بیان دی ہے وہ رسالہ قول فصیح کے دیکھنے سے ظاہر ہوگی۔ میر حامد شاہ کے بشرہ سے علامات صدق واخلاص ومحبت ظاہر ہیں اور میں امید رکھتا ہوں کہ وہ اسلام کی تائید میں اپنی نظم ونثر سے عمدہ عمدہ خدمتیں بجالائیں گے۔ اُن کا جوش سے بھرا ہوا اخلاص اور ان کی محبت صافی جس حد تک مجھے معلوم ہوتی ہے۔ مَیں اس کا اندازہ نہیں کرسکتا۔ مجھے نہایت خوشی ہے کہ وہ میرے پرانے دوست میر حسام الدین صاحب رئیس سیالکوٹ کے خلف رشید ہیں۔ ﴿۷۸۵﴾

(۶) **حبّی فی اللہ مولوی سیّد محمد احسن صاحب امروہی** مہتمم مصارف ریاست بھوپال۔ مولوی صاحب موصوف اس عاجز سے کمال درجہ کا اخلاص ومحبت اور تعلق روحانی رکھتے ہیں۔ اُن کی تالیفات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک اعلیٰ لیاقت کے آدمی اور علوم عربیہ میں فاضل ہیں بالخصوص علم حدیث میں ان کی نظر بہت محیط اور عمیق معلوم ہوتی ہے۔ حال میں انہوں نے ایک رسالہ **اعلام الناس**

اس عاجز کے تائید دعویٰ میں بکمال متانت وخوش اسلوبی لکھا ہے جس کے پڑھنے سے ناظرین سمجھ لیں گے کہ مولوی صاحب موصوف علوم دینیہ میں کس قدر محقق اور وسیع النظر اور مدقق آدمی ہیں انہوں نے نہایت تحقیق اور خوش بیانی سے اپنے رسالہ میں کئی قسم کے معارف بھردئے ہیں۔ ناظرین اس کو ضرور دیکھو۔

(۷) **حبّی فی اللہ مولوی عبدالغنی صاحب** معروف مولوی غلام نبی خوشابی دقیق فہم اور حقیقت شناس ہیں اور علوم عربیہ تازہ بتازہ ان کے سینہ میں موجود ہیں اوائل میں مولوی صاحب موصوف سخت مخالف الرائے تھے۔ جب ان کو اس بات کی خبر پہنچی کہ یہ عاجز مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے اور مسیح ابن مریم کی نسبت وفات کا قائل ہے تب مولوی صاحب میں پورانے خیالات کے جذبہ سے ایک جوش پیدا ہوا اور ایک عام اشتہار دیا کہ جمعہ کی نماز کے بعد اس شخص کے ردّ میں ہم وعظ کریں گے۔ شہر لودھانہ کے صدہا آدمی وعظ کے وقت موجود ہو گئے۔ تب مولوی صاحب اپنے علمی زور سے بخاری اور مسلم کی حدیثیں بارش کی طرح لوگوں پر برسانے لگے اور صحاح ستہ کا نقشہ پُرانی لکیر کے موافق آگے رکھ دیا۔ اُن کے وعظ سے سخت جوش مخالفت کا تمام شہر میں پھیل گیا کیونکہ ان کی علمیت اور فضیلت دلوں میں مسلّم تھی لیکن آخر سعادت ازلی کشاں کشاں اُن کو اس عاجز کے پاس لے آئی اور مخالفانہ خیالات سے توبہ کر کے سلسلہ بیعت میں داخل ہوئے۔ اب اُن کے پُرانے دوست اُن سے سخت ناراض ہیں مگر وہ نہایت استقامت سے اس شعر کے مضمون کا وِرد کر رہے ہیں ؎ ﴿۷۸۶﴾

حضرت ناصح جو آویں دیدہ و دل فرش راہ پر کوئی مجھ کو تو سمجھاوے کہ سمجھاویں گے کیا

(۸) **حبّی فی اللہ نواب محمد علی خان صاحب رئیس خاندان ریاست مالیر کوٹلہ۔** ﴿۷۸۷﴾ یہ نواب صاحب ایک معزز خاندان کے نامی رئیس ہیں۔ مورث اعلیٰ نواب صاحب موصوف کے شیخ صدر جہاں ایک باخدا بزرگ تھے جو اصل باشندہ جلال آباد سروانی قوم کے

پٹھان تھے ۱۴۶۹ء میں عہد سلطنت بہلول لودھی میں اپنے وطن سے اس ملک میں آئے۔
شاہِ وقت کا اُن پر اس قدر اعتقاد ہو گیا کہ اپنی بیٹی کا نکاح شیخ موصوف سے کر دیا اور چند گاؤں
جاگیر میں دے دیئے چنانچہ ایک گاؤں کی جگہ میں یہ قصبہ شیخ صاحب نے آباد کیا جس کا نام
مالیر ہے۔ شیخ صاحب کے پوتے بایزید خاں نامی نے مالیر کے متصل قصبہ کوٹلہ کو تقریباً
۱۵۷۳ء میں آباد کیا جس کے نام سے اب یہ ریاست مشہور ہے۔ بایزید خان کے پانچ بیٹوں
میں سے ایک کا نام فیروز خان تھا اور فیروز خان کے بیٹے کا نام شیر محمد خان اور شیر محمد خان کے
بیٹے کا نام جمال خان تھا۔ جمال خان کے پانچ بیٹے تھے مگر ان میں سے صرف دو بیٹے تھے
جن کی نسل باقی رہی یعنی بہادر خان اور عطاء اللہ خان۔ بہادر خان کی نسل میں سے یہ جوان ﴿۷۸۸﴾
صالح خلف رشید نواب **غلام محمد خان** صاحب مرحوم ہے جس کا عنوان میں ہم نے نام
لکھا ہے خدا تعالیٰ اس کو ایمانی امور میں بہادر کرے اور اپنے جد شیخ بزرگوار صدر جہان
کے رنگ میں لاوے۔ سردار محمد علی خان صاحب نے گورنمنٹ برطانیہ کی توجہ اور مہربانی
سے ایک شائستگی بخش تعلیم پائی جس کا اثر اُن کے دماغی اور دلی قویٰ پر نمایاں ہے۔ اُن کی
خداداد فطرت بہت سلیم اور معتدل ہے اور باوجود عین شباب کے کسی قسم کی حدت اور تیزی
اور جذبات نفسانی اُن کے نزدیک آئی معلوم نہیں ہوتی۔ میں قادیان میں جب کہ وہ ملنے
کے لئے آئے اور کئی دن رہے پوشیدہ نظر سے دیکھتا رہا ہوں کہ التزام ادائے نماز میں اُن کو
خوب اہتمام ہے اور صلحاء کی طرح توجہ اور شوق سے نماز پڑھتے ہیں اور منکرات اور
مکروہات سے بکلّی مجتنب ہیں۔ مجھے ایسے شخص کی خوش قسمتی پر رشک ہے جس کا ایسا صالح
بیٹا ہو کہ باوجود بہم پہنچنے تمام اسباب اور وسائل غفلت اور عیاشی کے اپنے عنفوان جوانی
میں ایسا پرہیزگار ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے بتوفیقہٖ تعالیٰ خود اپنی اصلاح پر آپ
زور دے کر رئیسوں کے بے جا طریقوں اور چلنوں سے نفرت پیدا کر لی ہے اور نہ صرف ﴿۷۸۹﴾

اسی قدر بلکہ جو کچھ نا جائز خیالات اور اوہام اور بے اصل بدعات شیعہ مذہب میں ملائی گئی ہیں اور جس قدر تہذیب اور صلاحیت اور پاک باطنی کے مخالف ان کا عملدر آمد ہے ان سب باتوں سے بھی اپنے نور قلب سے فیصلہ کر کے انہوں نے علیحدگی اختیار کر لی ہے۔ وہ اپنے ایک خط میں مجھ کو لکھتے ہیں کہ ابتدا میں گو میں آپ کی نسبت نیک ظن ہی تھا لیکن صرف اس قدر کہ آپ اَور علماء اور مشائخ ظاہری کی طرح مسلمانوں کے تفرقہ کے مؤید نہیں ہیں بلکہ مخالفان اسلام کے مقابل پر کھڑے ہیں مگر الہامات کے بارہ میں مجھ کو نہ اقرار تھا اور نہ انکار۔ پھر جب میں معاصی سے بہت تنگ آیا اور اُن پر غالب نہ ہو سکا تو میں نے سوچا کہ آپ نے بڑے بڑے دعوے کئے ہیں یہ سب جھوٹے نہیں ہو سکتے۔ تب میں نے بطور آزمائش آپ کی طرف خط و کتابت شروع کی جس سے مجھ کو تسکین ہوتی رہی اور جب قریباً اگست میں آپ سے لودھیانہ ملنے گیا تو اُس وقت میری تسکین خوب ہوگئی اور آپ کو ایک باخدا بزرگ پایا اور بقیہ شکوک کا پھر بعد کی خط و کتابت مَیں میرے دل سے بکلّی دھویا گیا۔ ﴿۷۹۰﴾
اور جب مجھے یہ اطمینان دی گئی کہ ایک ایسا شیعہ جو خلفائے ثلاثہ کی کسر شان نہ کرے سلسلہ بیعت میں داخل ہو سکتا ہے تب میں نے آپ سے بیعت کر لی۔ اب میں اپنے آپ کو نسبتاً بہت اچھا پاتا ہوں۔ اور آپ گواہ رہیں کہ میں نے تمام گناہوں سے آئندہ کے لئے توبہ کی ہے۔ مجھ کو آپ کے اخلاق اور طرز معاشرت سے کافی اطمینان ہے کہ آپ ایک سچے مجدد اور دنیا کے لئے رحمت ہیں۔

(۹) **حبّی فی اللہ میر عباس علی لودہانوی**۔ یہ میرے وہ اوّل دوست ہیں جن کے دل میں خدائے تعالیٰ نے سب سے پہلے میری محبت ڈالی اور جو سب سے پہلے تکلیف سفر اُٹھا کر ابرار اخیار کی سنت پر بقدم تجرید محض للہ قادیان میں میرے ملنے کے لئے آئے وہ یہی بزرگ ہیں۔ میں اِس بات کو کبھی نہیں بھول سکتا کہ بڑے

سچے جوشوں کے ساتھ انہوں نے وفاداری دکھلائی اور میرے لئے ہر یک قسم کی تکلیفیں اُٹھائیں اور قوم کے منہ سے ہر یک قسم کی باتیں سنیں۔ میر صاحب نہایت عمدہ حالات کے آدمی اور اس عاجز سے روحانی تعلق رکھنے والے ہیں اور اُن کے مرتبہ اخلاص کے ثابت کرنے کے لئے یہ کافی ہے کہ ایک مرتبہ اس عاجز کو اُن کے حق میں الہام ہوا تھا اصلہ ثابت وفرعہ فی السّمآء۔ وہ اس مسافر خانہ میں محض متوکلانہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ اپنے اوائل ایام میں وہ بیس برس تک انگریزی دفتر میں سرکاری ملازم رہے مگر بباعث غربت و درویشی کے اُن کے چہرہ پر نظر ڈالنے سے ہرگز خیال نہیں آتا کہ وہ انگریزی خواں بھی ہیں لیکن دراصل وہ بڑے لائق اور مستقیم الاحوال اور دقیق الفہم ہیں مگر بااین ہمہ سادہ بہت ہیں اسی وجہ سے بعض موسوسین کے وساوس اُن کے دل کو غم میں ڈال دیتے ہیں لیکن ان کی قوت ایمانی جلد ان کو دفع کر دیتی ہے۔ ﴿۷۹۱﴾

(۱۰) حبّی فی اللہ منشی احمد جان صاحب مرحوم۔ اس وقت ایک نہایت غم سے بھرے ہوئے دل کے ساتھ یہ پُر درد قصہ مجھے لکھنا پڑا کہ اب یہ ہمارا پیارا دوست اس عالم میں موجود نہیں ہے اور خداوند کریم و رحیم نے بہشت بریں کی طرف بلا لیا۔ اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن و انا بفراقہ لمحزونون۔ حاجی صاحب مغفور و مرحوم ایک جماعت کثیر کے پیشوا تھے اور اُن کے مُریدوں میں آثار رُشد و سعادت و اتباع سنت نمایاں ہیں۔ اگرچہ حضرت موصوف اس عاجز کے شروع سلسلہ بیعت سے پہلے ہی وفات پا چکے لیکن یہ امر اُن کے خوارق میں سے دیکھتا ہوں کہ انہوں نے بیت اللہ کے قصد سے چند روز پہلے اِس عاجز کو ایک خط ایسے انکسار سے لکھا جس میں انہوں نے درحقیقت اپنے تئیں اپنے دل میں سلسلہ بیعت میں داخل کر لیا۔ چنانچہ انہوں نے اس میں سیرت صالحین پر اپنا توبہ کا اظہار کیا اور اپنی مغفرت کے لئے دعا چاہی اور لکھا کہ میں آپ کی للّٰہی ربط کے زیر سایہ اپنے تئیں سمجھتا ہوں اور پھر لکھا کہ میری زندگی کا ﴿۷۹۲﴾

نہایت عمدہ حصہ یہی ہے کہ میں آپ کی جماعت میں داخل ہوگیا ہوں۔اور پھر کسر نفسی کے طور پر اپنے گذشتہ ایام کا شکوہ لکھا اور بہت سے رقت آمیز ایسے کلمات لکھے جن سے رونا آتا تھا۔اس دوست کا وہ آخری خط جوایک دردناک بیان سے بھرا ہے اب تک موجود ہے مگر افسوس کہ حج بیت اللہ سے واپس آتے وقت پھر اس مخدوم پر بیماری کا ایسا غلبہ طاری ہوا کہ اس دورافتادہ کو ملاقات کا اتفاق نہ ہوا بلکہ چندروز کے بعد ہی وفات کی خبر سنی گئی اور خبر سنتے ہی ایک جماعت کے ساتھ قادیان میں نماز جنازہ پڑھی گئی۔حاجی صاحب مرحوم اظہار حق میں بہادر آدمی تھے۔بعض نافہم لوگوں نے حاجی صاحب موصوف کو اس عاجز کے ساتھ تعلق ارادت رکھنے سے منع کیا کہ اس میں آپ کی کسر شان ہے لیکن انہوں نے فرمایا کہ مجھے کسی شان کی پروانہیں اور نہ مریدوں کی حاجت۔آپ کا صاحبزادہ کلاں حاجی افتخار احمد صاحب آپ کے قدم پر اس عاجز سے کمال درجہ کا اخلاص رکھتے ہیں اور آثار رُشد وصلاح و تقویٰ اُن کے چہرہ پر ظاہر ہیں۔وہ باوجود متوکّلانہ گذارہ کے اول درجہ کی خدمت کرتے ہیں اور دل وجان کے ساتھ اس راہ میں حاضر ہیں خدائے تعالیٰ ان کو ظاہری اور باطنی برکتوں سے متمتع کرے۔ ﴿۷۹۳﴾

(۱۱) حبّی فی اللہ **قاضی خواجہ علی صاحب**۔قاضی صاحب موصوف اس عاجز کے ایک منتخب دوستوں میں سے ہیں۔محبت وخلوص ووفا وصدق وصفا کے آثار اُن کے چہرہ پر نمایاں ہیں۔خدمت گذاری میں ہر وقت کھڑے ہیں۔وہ اُن اوّلین سابقین میں سے ہیں جن میں سے اخویم میر عباس علی صاحب ہیں۔وہ ہمیشہ خدمت میں لگے رہتے ہیں اور ایام سکونت لودھیانہ میں جو چھ چھ ماہ تک بھی اتفاق ہوتا ہے ایک بڑا حصہ ﴿۷۹۴﴾ مہمانداری کا خوشی کے ساتھ وہ اپنے ذمے لے لیتے ہیں اور جہاں تک اُن کے قبضۂ قدرت میں ہے وہ ہمدردی اور خدمت اور ہر یک قسم کی غمخواری میں کسی بات سے فرق

نہیں کرتے۔ اور اگرچہ وہ پہلے ہی سے مخلص با صفا ہیں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ اب وہ زیادہ تر قریب کھینچے گئے ہیں اور میں خیال کرتا ہوں کہ حقانیت کی روشنی ایک بے غرضانہ خلوص اور للّٰہی محبت میں دمبدم اُن کو ترقی دے رہی ہے اور مجھے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان ترقیات کی وجہ سے اپنے حُسن ظن کے حالات میں زیادہ سے زیادہ پاکیزگی حاصل کرتے جاتے ہیں اور روحانی کمزوری پر غالب ہوتے جاتے ہیں۔ میرا دل ان کی نسبت یہ بھی شہادت دیتا ہے کہ وہ دنیوی طور سے ایک صحیح اور باریک فراست رکھتے ہیں اور خدائے تعالیٰ کے فضل نے اس عاجز کی روحانی شناسائی کا بھی ایک قابل قدر حصہ انہیں بخشا ہے اور آداب ارادت میں وہ صفائی حاصل کرتے جاتے ہیں اور قلّت اعتراض اور حُسن ظن کی طرف ان کا قدم بڑھتا جاتا ہے اور میری دانست میں وہ ان مراحل کو طے کر چکے ہیں جن میں کسی خطرناک لغزش کا اندیشہ ہے۔ ﴿۷۹۵﴾

(۱۲) حبّی فی اللہ مرزا محمد یوسف بیگ صاحب سامانوی۔ مرزا صاحب مرزا عظیم بیگ صاحب مرحوم کے حقیقی بھائی ہیں جن کا حال رسالہ فتح اسلام میں لکھا گیا ہے اور وہ تمام الفاظ اور اخلاص کے جو میں نے اخویم مرزا عظیم بیگ صاحب مغفور و مرحوم کے بارے میں فتح اسلام میں لکھے ہیں اُن سب کا مصداق میرزا محمد یوسف بیگ صاحب بھی ہیں۔ ان دونوں بزرگوار بھائیوں کی نسبت میں ہمیشہ حیران رہا کہ اخلاق اور محبت کے میدانوں میں زیادہ کس کو قرار دوں۔ میرزا صاحب موصوف ایک اعلیٰ درجہ کی محبت اور اعلیٰ درجہ کا اخلاص اور اعلیٰ درجہ کا حسن ظن اس عاجز سے رکھتے ہیں اور میرے پاس وہ الفاظ نہیں جن کے ذریعہ سے میں اُن کے خلوص کے مراتب بیان کر سکوں۔ یہ کافی ہے کہ اشارہ کے طور پر میں اسی قدر کہوں کہ ھو رجل یحبّنا و نحبہ و نسئل اللّٰہ خیرہ فی الدنیا و الاٰخرۃ۔ مرزا صاحب نے اپنی زبان اپنا مال اپنی عزت اس للّٰہی محبت میں وقف کر رکھی ہے اور اُن کا مریدانہ و محبّانہ اعتقاد اس حد تک

بڑھا ہوا ہے کہ اب ترقی کے لئے کوئی مرتبہ باقی نہیں معلوم ہوتا۔ **و ذالک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشآء۔**

(۱۳) **حبّی فی اللہ** میاں **عبداللہ سنوری**۔ یہ جوان صالح اپنی فطرتی مناسبت کی وجہ سے میری طرف کھینچا گیا ہے۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ اُن وفادار دوستوں میں سے ہے جن پر کوئی ابتلا جنبش نہیں لا سکتا۔ وہ متفرق وقتوں میں دو دو تین تین ماہ تک بلکہ زیادہ بھی میری صحبت میں رہا اور میں ہمیشہ بنظر امعان اس کی اندرونی حالت پر نظر ڈالتا رہا ہوں سو میری فراست نے اس کی تہ تک پہنچنے سے جو کچھ معلوم کیا وہ یہ ہے کہ یہ نوجوان درحقیقت اللہ اور رسول کی محبت میں ایک خاص جوش رکھتا ہے۔ اور میرے ساتھ اس کے اس قدر تعلق محبت کے بجز اِس بات کے اور کوئی بھی وجہ نہیں جو اس کے دل میں یقین ہو گیا ہے کہ یہ شخص محبّانِ خدا و رسول میں سے ہے۔ اور اس جوان نے بعض خوارق اور آسمانی نشان جو اس عاجز کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملے بچشم خود دیکھے ہیں جن کی وجہ سے اس کے ایمان کو بہت فائدہ پہنچا۔ الغرض میاں عبداللہ نہایت عمدہ آدمی اور میرے منتخب محبّوں میں سے ہے اور باوجود تھوڑے سے گزارہ ملازمت ﴿۷۹۷﴾ پٹوار کے ہمیشہ حسب مقدرت اپنی خدمت مالی میں بھی حاضر ہے اور اب بھی بارہ روپیہ سالانہ چندہ کے طور پر مقرر کر دیا ہے۔ بہت بڑا موجب میاں عبداللہ کے زیادت خلوص و محبت و اعتقاد کا یہ ہے کہ وہ اپنا خرچ بھی کر کے ایک عرصہ تک میری صحبت میں آ کر رہتا رہا اور کچھ آیات ربانی دیکھتا رہا۔ سو اس تقریب سے روحانی امور میں ترقی پا گیا۔ کیا اچھا ہو کہ میرے دوسرے مخلص بھی اس عادت کی پیروی کریں۔

(۱۴) **حبّی فی اللہ** مولوی حکیم **غلام احمد صاحب** انجینیئر ریاست جموں۔ مولوی صاحب موصوف نہایت سادہ وضع، یک رنگ، صاف باطن دوست ہیں اور عطر محبت اور اخلاص سے اُن کا دل معطّر ہے۔ دینی امدادات میں پورے پورے صدق سے حاضر ہیں۔ مولوی صاحب ﴿۷۹۶﴾

اکثر علوم وفنون میں کامل لیاقت رکھتے ہیں اور اُن کے چہرے پر استقامت وشجاعت کے انوار پائے جاتے ہیں اس سلسلہ کے چندہ میں دو۲ روپیہ ماہواری انہوں نے اپنی مرضی سے مقرر کیا ہے۔ **جزاھم اللہ خیر الجزاء۔**

(۱۵) **حبّی فی اللہ سیّد فضل شاہ صاحب لاہوری** اصل سکنہ ریاست جموں نہایت صاف باطن اور محبت ﴿۷۹۸﴾
اور اخلاص سے بھرے ہوئے اور کامل اعتقاد کے نور سے منور ہیں۔ اور مال وجان سے حاضر ہیں اور ادب اور حسن ظن جو اس راہ میں ضروریات سے ہے ایک عجیب انکسار کے ساتھ ان میں پایا جاتا ہے۔ وہ تہ دل سے سچی اور پاک اور کامل ارادت اس عاجز سے رکھتے ہیں اور للّٰہی تعلق اور حُب میں اعلیٰ درجہ انہیں حاصل ہے اور یک رنگی اور وفاداری کی صفت ان میں صاف طور پر نمایاں ہیں اور ان کے برادر حقیقی نصر شاہ بھی اس عاجز سے تعلق بیعت رکھتے ہیں اور ان کے ماموں منشی کرم الٰہی صاحب بھی اس عاجز کے یک رنگ دوست ہیں۔

(۱۶) **حبّی فی اللہ منشی محمد اروڑا** نقشہ نویس مجسٹریٹی۔ منشی صاحب محبت اور خلوص اور ارادت میں زندہ دل آدمی ہیں۔ سچائی کے عاشق اور سچائی کو بہت جلد سمجھ جاتے ہیں خدمات کو نہایت نشاط سے بجالاتے ہیں بلکہ وہ تو دن رات اسی فکر میں لگے رہتے ہیں کہ کوئی خدمت مجھ سے صادر ہو جائے۔
عجیب منشرح الصدر اور جاںنثار آدمی ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ان کو اس عاجز سے ایک نسبت عشق ﴿۷۹۹﴾
ہے۔ شاید ان کو اس سے بڑھ کر اور کسی بات میں خوشی نہیں ہوتی ہوگی کہ اپنی طاقتوں اور اپنے مال اور اپنے وجود کی ہر یک توفیق سے کوئی خدمت بجالاویں وہ دل وجان سے وفادار اور مستقیم الاحوال اور بہادر آدمی ہیں۔ خدائے تعالیٰ ان کو جزائے خیر بخشے۔ آمین۔

(۱۷) **حبّی فی اللہ میاں محمد خاں** صاحب ریاست کپورتھلہ میں نوکر ہیں۔ نہایت درجہ کے غریب طبع صاف باطن دقیق فہم حق پسند ہیں اور جس قدر انہیں میری نسبت عقیدت وارادت ومحبت ونیک ظن ہے میں اس کا اندازہ نہیں کرسکتا۔ مجھے ان کی نسبت یہ تردّد نہیں کہ اُن کے اس درجۂ ارادت میں کبھی کچھ خلل پیدا ہو بلکہ یہ اندیشہ ہے کہ حد سے زیادہ نہ بڑھ جائے وہ سچے وفادار اور جاں نثار اور مستقیم الاحوال ہیں۔ خدا اُن کے ساتھ ہو۔ اُن کا نوجوان بھائی سردار علی خاں بھی میرے سلسلہ بیعت میں داخل ہے۔
یہ لڑکا بھی اپنے بھائی کی طرح بہت سعید ورشید ہے۔ خدائے تعالیٰ اُن کا محافظ ہو۔ ﴿۸۰۰﴾

(۱۸) **حبّی فی اللہ منشی ظفر احمد صاحب**۔ یہ جوان صالح کم گو اور خلوص سے بھرا دقیق فہم آدمی ہے۔ استقامت کے آثار وانوار اُس میں ظاہر ہیں۔ وفاداری کی علامات وامارات اس میں پیدا ہیں۔ ثابت شدہ صداقتوں کو خوب سمجھتا ہے۔ اور

اُن سے لذت اُٹھاتا ہے۔ اللہ اور رسول سے سچی محبت رکھتا ہے اور ادب جس پر تمام مدار حصول فیض کا ہے اور حسن ظن جو اس راہ کا مرکب ہے دونوں سیرتیں ان میں پائی جاتی ہیں۔ **جزاھم اللہ خیر الجزاء۔**

(۱۹) **حبّی فی اللہ** سیّد **عبدالہادی** صاحب سب اورسیر۔ یہ سیّد صاحب انکسار اور ایمان اور حسن ظن اور ایثار اور سخاوت کی صفت میں حصہ وافر رکھتے ہیں۔ وفادار اور متانت شعار ہیں۔ ابتلا کے وقت استقامت کو ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ وعدہ اور عہد میں پختہ ہیں۔ حیا کی قابل تعریف صفت اُن پر غالب ہے۔ اس عاجز کے سلسلہ بیعت میں داخل ہونے سے پہلے بھی وہی ادب ملحوظ رکھتے تھے جو اَب ہے۔ اللہ جلّشانہٗ کا اُن پر یہ خاص احسان ہے کہ وہ نیک کاموں کے کرنے کے لئے منجانب اللہ توفیق پاتے ہیں۔ ان کی طبیعت فقر کے مناسب ﴿۸۰۱﴾ حال ہے۔ انہوں نے اس سلسلہ کے لئے دو۲؎ روپے ماہواری چندہ مقرر کیا ہے مگر اس چندہ پر کچھ موقوف نہیں وہ بڑی سرگرمی سے خدمت کرتے رہتے ہیں اور اُن کی مالی خدمات کی اس جگہ تصریح مناسب نہیں کیونکہ میں خیال کرتا ہوں کہ ان کی مالی خدمات کے اظہار سے ان کو رنج ہوگا۔ وجہ یہ کہ وہ اس سے بہت پرہیز کرتے ہیں کہ اُن کے اعمال میں کوئی شعبہ ریا کا دخل کرے اور ان کو یہ وہم ہے کہ اجر کسی عمل کا اس کے اظہار سے ضائع ہو جاتا ہے۔

(۲۰) **حبّی فی اللہ** مولوی **محمد یوسف سنوری** میاں عبداللہ صاحب سنوری کے ماموں ہیں۔ بہت راست طبع نیک ظن پاک خیال آدمی ہیں۔ اس عاجز سے استقلال اور وفا کے ساتھ خلوص اور محبت رکھتے ہیں۔

(۲۱) منشی **حشمت اللہ** صاحب مدرس مدرسہ سنور اور منشی **ہاشم علی صاحب** پٹواری تحصیل برنالہ اس عاجز کے یک رنگ مخلصین میں سے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کا مددگار رہو۔

﴿۸۰۲﴾ (۲۲) حبّی فی اللہ صاحبزادہ سراج الحق صاحب ابواللمعان محمد سراج الحق جمالی نعمانی ابن شاہ حبیب الرحمٰن ساکن سرساوہ ضلع سہارنپور از اولاد قطب الاقطاب شیخ جمال الدین احمد ہانسوی اکابر مخلصین اس عاجز سے ہیں۔ صاف باطن یک رنگ اور للّٰہی کاموں میں جوش رکھنے والے اور اعلائے کلمۂ حق کے لئے بدل و جان ساعی و سرگرم ہیں۔ اس سلسلہ میں داخل ہونے کے لئے خدائے تعالیٰ نے جوان کے لئے تقریب پیدا کی وہ ایک دلچسپ حال ہے جو ان کے ایک خط سے ظاہر ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ میں اس زمانہ کو ایک آخری زمانہ سمجھ کر اور علماء اور فقراء سے ظہور حضرت مسیح ابن مریم موعود اور حضرت مہدی کی بشارتیں سن کر ہمیشہ دعا کیا کرتا تھا کہ خداوند کریم مجھ کو ان میں سے کسی کی زیارت کرا دے خواہ حالت جوانی میں ہی یا ضعیفی میں۔ سو جب میری دعائیں انتہاء کو پہنچیں تو اُن کا یہ اثر ہوا کہ مجھے عالم رؤیا میں وقتاً فوقتاً مقصد مذکورہ بالا کے لئے کچھ کچھ بشارتیں معلوم ہونے لگیں۔ چنانچہ ایک دفعہ
﴿۸۰۳﴾ میں سفر کی حالت میں شہر جیند میں تھا تو عالم رؤیا میں کیا دیکھتا ہوں کہ میں ایک مسجد میں وضو کر رہا ہوں اور اس مسجد کے متصل ایک کوچہ ہے وہاں سے ہر قسم کے آدمی ہندو مسلمان نصاریٰ آتے جاتے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ تم لوگ کہاں سے آتے ہو تو انہوں نے کہا کہ ہم حضرت رسولؐ مقبول کی خدمت میں گئے تھے۔ تب میں نے بھی جلد وضو کر کے اس کوچہ کی راہ لی۔ ایک مکان میں دیکھا کہ کثرت سے آدمی موجود ہیں اور حضرت رسول مقبول خاتم الانبیاء محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے ہیں۔ سفید پوشاک پہنے ہوئے اور ایک شخص دوزانو اُن کے سامنے باادب بیٹھا ہے۔ میں نے پوچھنا چاہا کہ مرشد کے قدم چومنے میں علماء اور فقراء کو اختلاف ہے۔ اصل کیا بات ہے۔ تب ایک شخص جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھا تھا خودبخود بول اُٹھا کہ نہیں نہیں۔ اس وقت میں بے تکلف اُٹھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک جا بیٹھا۔ تب حضرت نبی کریمؐ نے مجھ کو دیکھا اور اپنا داہنا پائے مبارک

میری طرف لمبا کر دیا۔ میں نے حضرت کے قدم مبارک کو بوسہ دیا اور آنکھوں سے لگایا اُس وقت حضرت نے ایک جوراب سوتی اپنے پاک☆ مبارک سے اُتار کر مجھ کو عنایت فرمائی۔ اس رؤیا صادقہ سے میں بہت متلذّذ رہا۔ پھر دو برس کے بعد ایسا اتفاق ہوا کہ میں لودھیانہ میں ﴿۸۰۴﴾
آیا اور میں نے آپ کا یعنی اس عاجز کا شہرہ سنا اور رات کو آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور وہی جلسہ دیکھا اور وہی کثرت مخلوق دیکھی جو میں نے حضرت نبی کریم کی خواب میں دیکھی تھی۔ اور جب میں نے آپ کی صورت دیکھی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہی صورت ہے کہ جس صورت پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے خواب میں دیکھا تھا۔ تب مجھے یقین ہو گیا کہ میں نے آپ ہی کو خواب میں دیکھا تھا اور خدائے تعالیٰ نے آپ کو نبی کریم کے پیرایہ میں میرے پر ظاہر کیا تا وہ عینیت جو ببرکت متابعت پیدا ہو جاتی ہے میرے پر منکشف ہو جائے۔ پھر جب میں پانچ چھ ماہ کے بعد آپ کو قادیان میں ملا تو میری حالت اعتقاد بہت ترقی کر گئی اور مجھ کو کامل و مکمل یقین کہ عین الیقین کا مرتبہ حاصل ہو گیا کہ بلا شبہ آپ مجدد الوقت اور غوث الوقت ہیں اور میرے پر پورے عرفان کے ساتھ کھل گیا کہ میرے خواب کے مصداق آپ ہی ہیں۔ پھر اس کے بعد اَور بھی حالات نوم اور غیر نوم میں میرے پر کھلتے رہے۔ ایک دفعہ استخارہ کے وقت آپ کی نسبت یہ آیت نکلی مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ[1]۔ تب میں بیعت سے بصدق دل مشرّف ہوا اور وہ حالات جو میرے پر کھلے اور میرے دیکھنے میں آئے وہ ﴿۸۰۵﴾
ان شاء اللہ ایک رسالہ میں لکھوں گا۔

(۲۳) **حبّی فی اللہ میر ناصر نواب صاحب**۔ میر صاحب موصوف علاوہ رشتہ روحانی کے رشتہ جسمانی بھی اس عاجز سے رکھتے ہیں کہ اس عاجز کے خسر ہیں۔ نہایت یک رنگ اور صاف باطن اور خدا تعالیٰ کا خوف دل میں رکھتے ہیں اور اللہ اور رسول کی اتباع کو سب چیز سے مقدم سمجھتے ہیں اور کسی سچائی کے کھلنے سے پھر اس کو شجاعت قلبی کے ساتھ بلا توقف قبول کر لیتے ہیں۔ حب لِلّٰہ اور بغض لِلّٰہ کا مومنانہ شیوہ اُن پر

☆ اوّل ایڈیشن میں ''پاک'' ہے لیکن درست'' پائے '' لگتا ہے۔ (مصحح)

[1] اٰل عمران: ۱۴۷

غالب ہے۔ کسی کے راستباز ثابت ہونے سے وہ جان تک بھی فرق نہیں کر سکتے اور کسی کو ناراستی پر دیکھ کر اُس سے مداہنت کے طور پر کچھ تعلق رکھنا نہیں چاہتے۔ اوائل میں وہ اس عاجز کی نسبت نہایت نیک گمان تھے مگر درمیان میں ابتلا کے طور پر اُن کے حسن ظن میں فرق آ گیا۔ چونکہ سعید تھے اس لئے عنایت الٰہی نے پھر دستگیری کی اور اپنے خیالات سے توبہ کر کے سلسلہ بیعت میں داخل ہوئے۔ اُن کا یک دفعہ نیک ظنی کی طرف پلٹا کھانا اور جوش سے ﴿۴۰۶﴾ بھرے ہوئے اخلاص کے ساتھ حق کو قبول کر لینا غیبی جذبہ سے معلوم ہوتا ہے۔ وہ اپنے اشتہار ۱۲؍اپریل ۱۸۹۱ء میں اس عاجز کی نسبت لکھتے ہیں کہ میں اُن کے حق میں بدگمان تھا لہٰذا وقتاً فوقتاً نفس و شیطان نے خدا جانے کیا کیا مجھ سے اُن کے حق میں کہوایا جس پر آج مجھ کو افسوس ہے اگرچہ اس عرصہ میں کئی بار میرے دل نے مجھے شرمندہ کیا لیکن اس کے اظہار کا یہ وقت مقدّر تھا۔ میں نے جو کچھ مرزا صاحب کو فقط اپنی غلط فہمیوں کے سبب سے کہا نہایت بُرا کیا۔ اب میں توبہ کرتا ہوں اور اس توبہ کا اعلان اس لئے دیتا ہوں کہ میری پیروی کے سبب سے کوئی وبال میں نہ پڑے۔ اس سے بعد اگر کوئی شخص میری کسی تحریر یا تقریر کو چھپوا دے اور اس سے فائدہ اٹھانا چاہے تو میں عند اللہ بری ہوں اور اگر کبھی میں نے مرزا صاحب کی نسبت اپنے کسی دوست سے کچھ کہا ہو یا شکایت کی ہو تو اس سے اللہ تعالیٰ کی جناب میں معافی مانگتا ہوں۔

(۲۴) **حبّی فی اللہ منشی رستم علی** ڈپٹی انسپکٹر پولیس ریلوے۔ یہ ایک جوان صالح ﴿۴۰۷﴾ اخلاص سے بھرا ہوا میرے اوّل درجہ کے دوستوں میں سے ہے۔ اُن کے چہرے پر ہی علامات غربت و بےنفسی و اخلاص ظاہر ہیں۔ کسی ابتلاء کے وقت میں نے اس دوست کو متزلزل نہیں پایا اور جس روز سے ارادت کے ساتھ انہوں نے میری طرف رجوع کیا اس ارادت میں قبض اور افسردگی نہیں بلکہ روز افزوں ہے۔ وہ دو۲؍ روپیہ چندہ اس سلسلہ کے لئے دیتے ہیں۔ جزاھم اللہ خیر الجزاء۔

(۲۵) **حبّی فی اللہ میاں عبدالحق** خلف عبدالسمیع ۔ یہ ایک اوّل درجہ کا مخلص اور سچا ہمدرد اور محض للہ محبت رکھنے والا دوست اور غریب مزاج ہے۔ دین کو ابتدا سے غریبوں سے مناسبت ہے کیونکہ غریب لوگ تکبر نہیں کرتے اور پوری پوری تواضع کے ساتھ حق کو قبول کرتے ہیں ۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ دولت مندوں میں ایسے لوگ بہت کم ہیں کہ اس سعادت کا عشر بھی حاصل کرسکیں جس کو غریب لوگ کامل طور پر حاصل کر لیتے ہیں ۔ **فطوبٰی للغرباء** ۔میاں عبدالحق باوجود اپنے افلاس اور کمی مقدرت کے ایک عاشق صادق کی طرح محض للہ خدمت کرتا رہتا ہے اور اس کی یہ خدمات اس آیت کا مصداق اس کو ٹھہرا رہی ہیں ۔ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ [1]۔

(۲۶) **حبّی فی اللّٰہ شیخ رحمت اللہ** صاحب گجراتی ۔ شیخ رحمت اللہ جوان صالح ﴿۸۰۸﴾ یک رنگ آدمی ہے ۔ اِن میں فطرتی طور پر مادہ اطاعت اور اخلاص اور حسن ظن اس قدر ہے جس کی برکت سے وہ بہت سی ترقیات اس راہ میں کر سکتے ہیں ۔ اُن کے مزاج میں غربت اور ادب بھی ازحد ہے اور اُن کے بشرہ سے علامات سعادت ظاہر ہیں ۔حتی الوسع وہ خدمات میں لگے رہتے ہیں ۔خدائے تعالیٰ کشاکش مکروہات سے انہیں بچا کر اپنی محبت کی حلاوت سے حصہ وافر بخشے ۔آمین ثم آمین ۔

(۲۷) **حبّی فی اللّٰہ میاں عبدالحکیم خاں** جوان صالح ہے ۔علامات رشد وسعادت اُس کے چہرہ سے نمایاں ہیں ۔ زیرک اور فہیم آدمی ہے ۔ انگریزی زبان میں عمدہ مہارت رکھتے ہیں ۔ میں امید رکھتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ کئی خدمات اسلام اُن کے ہاتھ سے پوری کرے ۔ وہ باوجود زمانہ طالب علمی اور تفرقہ کی حالت کے ایک روپیہ ماہواری بطور چندہ اس سلسلہ کے لئے دیتے ہیں اور ایسا ہی اُن کا دوست رشید خلیفہ رشیدالدین صاحب جو ایک اہل آدمی اور اُنہیں کے ہم رنگ ہیں اسی قدر چندہ محض للّٰہی محبت کے جوش سے ماہ بماہ ادا کرتے ہیں ۔**جزاھم اللّٰہ خیر الجزاء** ۔ ﴿۸۰۹﴾

[1] الحشر:۱۰

(۲۸) **حبّی فی اللّٰہ بابو کرم الٰہی صاحب** ریکارڈ کلرک راجپورہ ریاست پٹیالہ۔ بابو صاحب متانت شعار مخلص آدمی ہیں وہ اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں کہ اگرچہ آپ کے رسالوں کے پڑھنے کے بعد بعض علماء طرح طرح کے توہمات میں مبتلا ہوگئے ہیں مگر الحمد للہ میرے دل میں ایک ذرّہ بھی شک راہ نہیں پایا۔ سو میں اس کا شکر یہ ادا نہیں کرسکتا کیونکہ ایسے طوفان کے وقت میں شکوک اور شبہات سے بچنا بشر کے اختیار میں نہیں۔ میری تنخواہ بہت کم ہے مگر تاہم کم سے کم ایک روپیہ ماہواری آپ کے سلسلہ کی امداد کے لئے بھیجا کروں گا کیونکہ تھوڑی خدمت میں بھی شریک ہوجانا بکلی محروم رہنے سے بہتر ہے۔ فقط۔ سو بابو صاحب نہایت اخلاص اور محبت سے ایک روپیہ ماہواری بھیجتے رہتے ہیں۔ **جزاھم اللّٰہ خیر الجزاء۔**

(۲۹) **حبّی فی اللّٰہ مولوی عبد القادر جمالپوری۔** مولوی عبد القادر۔ جوان صالح۔ متقی مستقیم الاحوال ہے۔ اس ابتلا کے وقت جو علماء میں بباعث نافہمی اور غلبہ سوء ظن ایک طوفان کی طرح اُٹھا مولوی عبد القادر صاحب کی بہت استقامت ظاہر ہوئی اور اوّل المومنین ﴿۸۱۰﴾ میں وہ داخل رہے بلکہ دعوت حق کرتے رہے۔ ان کا گذارہ ایک تھوڑی سی تنخواہ پر ہے تاہم اس سلسلہ کی امداد کے لئے ۲/۶ پائی وہ ماہواری دیتے ہیں۔

(۳۰) **حبّی فی اللّٰہ محمد ابن احمد مکی** من حارہ شعب عامر۔ یہ صاحب عربی ہیں اور خاص مکہ معظّمہ کے رہنے والے ہیں۔ صلاحیت اور رشد اور سعادت کے آثار اُن کے چہرہ پر ظاہر ہیں اپنے وطن خاص مکہ معظّمہ سے **زادہ اللّٰہ مجداً و شرفاً** بطور سیر و سیاحت اس ملک میں آئے اور ان دنوں میں بعض بداندیش لوگوں نے خلاف واقعہ باتیں بلکہ تہمتیں اپنی طرف سے اس عاجز کی نسبت اُن کو سنائیں اور کہا کہ یہ شخص رسالت کا دعویٰ کرتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم سے منکر ہے اور کہتا ہے کہ مسیح جس پر انجیل نازل ہوئی تھی وہ میں ہی ہوں۔ ان باتوں سے عربی صاحب کے دل میں بہ مقتضائے غیرت اسلامی ایک اشتعال پیدا ہوا تب انہوں نے عربی زبان میں اس عاجز کی طرف ایک خط لکھا جس میں یہ فقرات بھی درج تھے ﴿۸۱۱﴾

ان کنتَ عیسٰی ابن مریم فانزل علینا مائدۃ ایّھا الکذّاب ۔ ان کنت عیسٰی ابن مریم فانزل علینا مائدۃ ایّھا الدجّال یعنی اگر تو عیسٰی بن مریم ہے تو اے کذاب اے دجال ہم پر مائدہ نازل کر لیکن معلوم نہیں کہ یہ کس وقت کی دعا تھی کہ جو منظور ہوگئی اور جس مائدہ کو دے کر خدائے تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے آخر وہ قادر خدا انہیں اس طرف کھینچ لایا۔ لودھیانہ میں آئے اور اس عاجز کی ملاقات کی اور سلسلۂ بیعت میں داخل ہوگئے ۔فالحمد للّٰہ الذی نجّاہ من النار و انزل علیہ مائدۃ من السّمآء ۔اُن کا بیان ہے کہ جب میں آپ کی نسبت بُرے اور فاسد ظنون میں مبتلا تھا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص مجھے کہتا ہے کہ یامحمد انت کذّاب یعنی اے محمد کذاب تو ہی ہے۔اور اُن کا یہ بھی بیان ہے کہ تین برس ہوئے کہ میں نے خواب میں دیکھا تھا کہ عیسٰی آسمان سے نازل ہوگیا اور میں نے اپنے دل میں کہا تھا کہ ان شاء اللہ القدیر میں اپنی زندگی میں عیسٰی کو دیکھ لوں گا۔

(۳۱) حبّی فی اللّٰہ صاحبزادہ افتخار احمد۔ یہ جوان صالح میرے مخلص اور محبّ صادق ﴿۸۱۲﴾ حاجی حرمین شریفین منشی احمد جان صاحب مرحوم ومغفور کے خلف رشید ہیں اور بمقتضائے الولد سرّ لابیہ تمام محاسن اپنے والد بزرگوار کے اپنے اندر جمع رکھتے ہیں اور وہ مادہ اُن میں پایا جاتا ہے جو ترقی کرتا کرتا فانیوں کی جماعت میں انسان کو داخل کر دیتا ہے۔خدائے تعالیٰ روحانی غذاؤں سے ان کو حصہ وافر بخشے اور اپنے عاشقانہ ذوق وشوق سے سرمست کرے۔آمین ثم آمین۔

(۳۲) حبّی فی اللّٰہ مولوی سیّد محمد عسکری خان اکسٹرا اسسٹنٹ حال پنشنر۔سیّد صاحب موصوف الٰہ آباد کے ضلع کے رہنے والے ہیں۔اس عاجز سے دلی محبت رکھتے ہیں بلکہ اُن کا دل عطر کے شیشہ کی طرح محبت سے بھرا ہوا ہے۔نہایت عمدہ صاف باطن یک رنگ دوست ہیں۔معلومات بہت وسیع رکھتے ہیں۔ایک جیّد عالم قابل قدر ہیں۔اِن دنوں میں

بیمار رہیں خدا تعالیٰ اُن کو جلد شفا بخشے۔ آمین ثم آمین۔

(۳۳) حبی فی اللّٰہ **مولوی غلام حسن صاحب پشاوری** اس وقت لودھیانہ میں میرے ﴿۸۱۳﴾
پاس موجود ہیں۔ محض ملاقات کی غرض سے پشاور سے تشریف لائے ہیں۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ وفادار مخلص ہیں اور لَا یَخَافُوْنَ لَوْمَۃَ لَائِمٍ میں داخل ہیں جوش ہمدردی کی راہ سے دو روپیہ ماہواری چندہ دیتے ہیں مجھے امید ہے کہ وہ بہت جلد للّٰہی راہوں اور دینی معارف میں ترقی کریں گے کیونکہ فطرت نورانی رکھتے ہیں۔

(۳۴) حبّی فی اللّٰہ **شیخ حامد علی**۔ یہ جوان صالح اور ایک صالح خاندان کا ہے اور قریباً سات آٹھ سال سے میری خدمت میں ہے اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ مجھ سے اخلاص اور محبت رکھتا ہے۔ اگرچہ دقائق تقویٰ تک پہنچنا بڑے عرفاء اور صلحاء کا کام ہے مگر جہاں تک سمجھ ہے اتباع سُنّت اور رعایت تقویٰ میں مصروف ہے۔ میں نے اس کو دیکھا ہے کہ ایسی بیماری میں جو نہایت شدید اور مرض الموت معلوم ہوتی تھی اور ضعف اور لاغری سے میّت کی طرح ہو گیا تھا۔ التزام ادائے نماز پنجگانہ میں ایسا سرگرم تھا کہ اس بے ہوشی اور نازک حالت میں جس
طرح بن پڑے نماز پڑھ لیتا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ انسان کی خداترسی کا اندازہ کرنے کے ﴿۸۱۴﴾
لئے اس کے التزام نماز کو دیکھنا کافی ہے کہ کس قدر ہے اور مجھے یقین ہے کہ جو شخص پورے پورے اہتمام سے نماز ادا کرتا ہے اور خوف اور بیماری اور فتنہ کی حالتیں اس کو نماز سے روک نہیں سکتیں وہ بے شک خدائے تعالیٰ پر ایک سچا ایمان رکھتا ہے مگر یہ ایمان غریبوں کو دیا گیا دولتمند اس نعمت کو پانے والے بہت ہی تھوڑے ہیں۔ شیخ حامد علی نے خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عاجز کے کئی نشان دیکھے ہیں اور چونکہ وہ سفر و حضر میں ہمیشہ میرے ساتھ ہی رہتا ہے اس لئے خدائے تعالیٰ اس کے لئے ایسے اسباب پیدا کرتا رہا اور وہ اپنی آنکھ سے دیکھتا رہا کہ کیوں کر خدائے تعالیٰ کی عنایتیں اس طرف رجوع کر رہی ہیں

اور کیوں کر دعاؤں کے قبول ہونے سے خارق عادت نشان ظہور میں آئے۔ شیخ مہر علی صاحب رئیس ہوشیار پوری کے ابتلاء اور نزول بلا کی خبر جو پورے چھ مہینہ پہلے شیخ صاحب کو بذریعہ خط دی گئی تھی اور پھر اُن کے انجام بخیر ہونے کی بشارت جو حکم سزائے موت کی حالت میں ﴿۸۱۵﴾
اُن کو پہنچائی گئی تھی۔ یہ سب باتیں حامد علی کی چشم دید ہیں بلکہ اس پیشگوئی پر بعض نادان اس سے لڑتے اور جھگڑتے رہے کہ اس کا پورا ہونا غیر ممکن ہے۔ ایسا ہی دلیپ سنگھ کے رو کے جانے کی پیشگوئی اور کئی دوسری پیشگوئیاں اور نشان جو صبح صادق کی طرح ظاہر ہو گئیں اس شخص کو معلوم ہیں جن کا خدائے تعالیٰ نے اس کو گواہ بنا دیا ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ جس قدر اس کو نشان دکھائے گئے وہ ایک طالب حق کا ایمان مضبوط کرنے کے لئے ایسے کافی ہیں کہ اس سے بڑھ کر حاجت نہیں۔ حامد علی بے شک ایک مخلص ہے مگر فطرتی طور پر اشتعال طبع اس میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ صبر اور ضبط کی عادت ابھی اس میں کم ہے۔ ایک غریب اور ادنیٰ مزدور کی سخت بات پر برداشت کرنا ہنوز اس کی طاقت سے باہر ہے۔ غصہ کے وقت کسی قدر جبائرہ کا رگ و ریشہ نمودار ہو جاتا ہے۔ کاہلی اور کسل بھی بہت ہے مگر متدین اور متقی اور وفادار ہے۔ خدائے تعالیٰ اس کی کمزوری کو دور کرے۔ آمین۔ حامد علی صرف تین روپے مجھ سے تنخواہ پاتا ہے اور اس میں سے اس سلسلہ کے چندہ کے لئے ۴؍ بطیب خاطر محض للّٰہی شوق سے ادا کرتا ہے اور حبّی فی اللّٰہ شیخ چراغ علی چچا اُس کا اس کی تمام خوبیوں میں ﴿۸۱۶﴾
اس کا شریک ہے اور یک رنگ اور بہادر ہے۔

(۳۵) **حبّی فی اللّٰہ شیخ شہاب الدین موحد** شیخ شہاب الدین غریب طبع اور مخلص اور نیک خیال آدمی ہے۔ نہایت تنگدستی اور عسر سے اس مسافر خانہ کے دن پورے کر رہا ہے۔ افسوس کہ اکثر دولت مند مسلمانوں نے زکوٰۃ دینا بھی چھوڑ دیا اور شریعت اسلامی کا یہ پُر حکمت مسئلہ کہ **یؤخذ من الاغنیاء ویردّ الی الفقراء** یونہی معطّل

پڑا ہے۔ اگر دولت مند لوگ کسی پر احسان نہ کریں صرف فریضہ زکوٰۃ کے ادا کرنے کی طرف متوجہ ہوں تاہم ہزار ہا روپیہ اسلامی اور قومی ہمدردی کے لئے جمع ہوسکتا ہے لیکن مال بخیل آنگاہ از خاک برآید کہ بخیل درخاک رود۔

(۳۶) **حبّی فی اللہ میراں بخش ولد بہادر خان کیروی** ایک مخلص اور پختہ اعتقاد آدمی ہے اس کے زیادت اعتقاد کا موجب اس نے یہ بیان کیا ہے کہ ایک مجذوب نے اس کو خبر دی تھی کہ عیسیٰ جو آنے والا تھا وہ یہی ہے یعنی یہ عاجز۔ اور یہ خبر اس عاجز کے اظہار دعویٰ سے کئی سال پیشتر وہ سن چکا تھا اور صدہا آدمیوں میں شہرت پا چکے تھے۔ ﴿۸۱۷﴾

(۳۷) **حبّی فی اللہ حافظ نور احمد صاحب لدھیانوی**۔ حافظ صاحب جوان صالح بڑے محبّ اور مخلص اور اوّل درجہ کا اعتقاد رکھنے والے ہیں۔ ہمیشہ اپنے مال سے خدمت کرتے رہتے ہیں۔ **جزاھم اللہ خیر الجزاء**۔

(۳۸) **حبّی فی اللہ مولوی محمد مبارک علی صاحب**۔ یہ مولوی صاحب اس عاجز کے اُستاد زادہ ہیں۔ ان کے والد صاحب حضرت مولوی فضل احمد صاحب مرحوم ایک بزرگوار عالم باعمل تھے مجھ کو اُن سے از حد محبت تھی کیونکہ علاوہ اُستاد ہونے کے وہ ایک باخدا اور صاف باطن اور زندہ دل اور متّقی اور پرہیزگار تھے۔ عین نماز کی حالت میں ہی اپنے محبوب حقیقی کو جا ملے۔ اور چونکہ نماز کی حالت ایک تبتل اور انقطاع کا وقت ہوتا ہے اس لئے اُن کا واقعہ ایک قابل رشک واقعہ ہے۔ خدائے تعالیٰ ایسی موت سب مومنوں کے لئے نصیب کرے۔ مولوی مبارک علی صاحب اُن کے خلف رشید اور فرزند کلاں ہیں۔ سیرت اور صورت میں حضرت مولوی صاحب مرحوم سے بہت مشابہ ہیں۔ اس عاجز کے یک رنگ ﴿۸۱۸﴾ اور پُر جوش دوست ہیں اور اس راہ میں ہر یک قسم کے ابتلا کی برداشت کر رہے ہیں۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم کی وفات کے بارے میں ایک رسالہ انہوں نے تالیف کیا ہے جو چھپ کر شائع ہوگیا ہے جس کا نام قول جمیل ہے۔ اس عاجز کا ذکر بھی اس میں کئی جگہ کیا گیا ہے

چونکہ مولوی صاحب موصوف کی حدیث اور تفسیر پر نظر وسیع ہے اس لئے انہوں نے محدثین کی طرز پر نہایت خوبی اور متانت سے اس رسالہ کو انجام دیا ہے۔ مخالف الرائے مولوی صاحبان جن کو غور اور فکر کرنے کی عادت نہیں اور جو آنکھ بند کر کے فتوے پر فتوے لکھ رہے ہیں انہیں مناسب ہے کہ علاوہ اس عاجز کی کتاب ازالہ اوہام کے میرے دوست عزیز مولوی محمد مبارک علی صاحب کے رسالہ کو بھی دیکھیں اور نیز میرے دوست رفیق مولوی محمد احسن صاحب امروہوی کے رسالہ اعلام الناس کو بھی ذرہ غور سے پڑھیں اور خدائے تعالیٰ کی ہدایت سے نومید نہ ہوں گو ان کی حالت بہت خطرناک اور قریب قریب یاس کے ہے لیکن اللہ تعالیٰ ہر یک چیز پر قادر ہے۔ مولویوں کا حجاب کفار کے حجاب سے کچھ زیادہ نہیں پھر کیوں اس ﴿۸۱۹﴾ سرچشمہ رحمت سے نومید ہوتے ہیں۔ **وھو علٰی کلِّ شیءٍ قدیر۔**

**(۳۹) حبّی فی اللّٰہ مولوی محمد تفضّل حسین صاحب** مولوی صاحب ممدوح میرے ساتھ سچے دل سے اخلاص اور محبت رکھتے ہیں میں نے اُن کے دل کی طرف توجہ کی تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ درحقیقت نیک فطرت آدمی اور سعیدوں میں سے ہیں اور قابل ترقی مادہ اپنے اندر رکھتے ہیں۔ اگر وہ بشریت کی کمزوری کی وجہ سے کسی خلجان میں پڑیں تو میں امید نہیں رکھتا کہ اسی میں وہ بند رہ جائیں کیونکہ اُن کی طینت صاف اور فراست ایمانی اور اسلامی نور کا اُن کو حصہ ہے اور کسی امر کے مشتبہ ہونے کے وقت قوت فیصلہ اپنے اندر رکھتے ہیں اور اس لائق ہیں کہ اگر وہ کچھ عرصہ صحبت میں رہیں تو علمی اور عملی طریقوں میں بہت ترقی کر جائیں۔ مولوی صاحب موصوف ایک بزرگ عارف باللہ کے خلف رشید ہیں اور پدری نور اپنے اندر مخفی رکھتے ہیں اور امید کی جاتی ہے کہ کسی وقت وہ روحانیت اُن پر غالب ہو جائے۔ یہ عاجز جب علی گڑھ میں گیا تھا تو درحقیقت مولوی صاحب ﴿۸۲۰﴾ ہی میرے جانے کے باعث ہوئے تھے اور اس قدر انہوں نے خدمت کی کہ میں اس کا شکر ادا نہیں کر سکتا۔ اس سلسلہ کے چندہ میں بھی انہوں نے دو روپیہ ماہواری مقرر

کر رکھے ہیں۔ مولوی صاحب موصوف اگرچہ تحصیلداری کے عہدہ پر ہیں مگر ایک بھاری بوجھ عیال کا ان کے سر پر ہے اور وہ دور ونزدیک کے خویشوں اور اقارب بلکہ دوستوں کی بھی اپنے مال سے مدد کرتے ہیں اور بڑے مہمان نواز ہیں اور درویشوں اور فقیروں اور غریبوں سے بالطبع اُنس رکھتے ہیں اور سادہ طبع اور صاف باطن اور خیراندیش آدمی ہیں۔ بااین ہمہ ہمدردی اسلام کا جوش پورے طور پر اُن میں پایا جاتا ہے **جزاهم الله خیرًا**۔

باقی اسماء بعض مبائعین کے یہ ہیں:۔

حبی فی اللّٰہ منشی محمد جلال الدین صاحب میر منشی
حبی فی اللّٰہ منشی الٰہ بخش صاحب
حبی فی اللّٰہ مولوی عنایت علی صاحب
حبی فی اللّٰہ عبدالمجید خاں اورنگ آبادی
حبی فی اللّٰہ منشی فیاض علی صاحب
حبی فی اللّٰہ میاں علی گوہر صاحب
﴿۸۲۱﴾ حبّی فی اللّٰہ میاں عبدالکریم خاں صاحب
حبی فی اللّٰہ منشی حبیب الرحمٰن صاحب
حبی فی اللّٰہ مولوی حکیم محی الدین عربی
حبی فی اللّٰہ سردار خاں برادر اخویم محمد خاں
حبی فی اللّٰہ سید خصلت علی صاحب
حبی فی اللّٰہ میر عنایت علی صاحب
حبی فی اللّٰہ میاں عطاء الرحمٰن دہلوی
حبی فی اللّٰہ مولوی تاج محمد صاحب سیر ماندی
حبی فی اللّٰہ مولوی محمد حسین صاحب متوطن علاقہ ریاست کپورتھلہ

حبی فی اللّٰہ میر محمود شاہ صاحب سیالکوٹی
حبی فی اللّٰہ شیخ فتح محمد صاحب جمونی
حبی فی اللّٰہ شیخ برکت علی صاحب
حبی فی اللّٰہ منشی احمد شاہ صاحب نور پوری
حبی فی اللّٰہ مولوی شیر محمد صاحب ہجنی
حبی فی اللّٰہ منشی محمد حسین صاحب مرادآبادی
حبی فی اللّٰہ منشی ہاشم علی صاحب
حبی فی اللّٰہ مولوی محمود حسن خاں صاحب
حبی فی اللّٰہ مولوی غلام جیلانی صاحب
حبی فی اللّٰہ سید امیر علی صاحب
حبی فی اللّٰہ مرزا خدا بخش صاحب
حبی فی اللّٰہ منشی غلام محمد صاحب سیالکوٹی
حبی فی اللّٰہ مولوی محمد دین سیالکوٹی
حبی فی اللّٰہ مولوی نوردین صاحب پوکھری
حبی فی اللّٰہ مفتی محمد صادق صاحب بھیروی

| | |
|---|---|
| حبی فی اللہ شیخ چراغ علی صاحب تہوی | حبی فی اللہ مولوی محی الدین صاحب بہوبری |
| حبی فی اللہ شیخ احمد شاہ صاحب منصور پوری | حبی فی اللہ میاں عبدالحق صاحب متوطن پٹیالہ |
| حبی فی اللہ مولوی نور محمد صاحب مانگٹ | |

﴾۸۲۲﴿ یہ سب صاحب علیٰ حسب مراتب اس عاجز کے مخلص دوست ہیں۔ بعض ان میں سے اعلیٰ درجہ کا اخلاص رکھتے ہیں اسی اخلاص کے موافق جو اس عاجز کے منتخب دوستوں میں پایا جاتا ہے۔ اگر مجھے طول کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں جداگانہ ان کے مخلصانہ حالات لکھتا۔ ان شاء اللہ القدیر کسی دوسرے مقام میں لکھوں گا۔ اب میں اس تذکرہ کو دعا پر ختم کرتا ہوں۔ اے قادر خدا میرے اس ظن کو جو میں اپنے ان تمام دوستوں کی نسبت رکھتا ہوں سچا کر کے مجھے دکھا اور ان کے دلوں میں تقویٰ کی سبز شاخیں جو اعمال صالحہ کے میووں سے لدی ہوئی ہیں پیدا کر۔ ان کی کمزوری کو دور فرما اور ان کا سب کسل دور کر دے اور ان کے دلوں میں اپنی عظمت قائم کر اور ان میں اور ان کے نفسوں میں دوری ڈال اور ایسا کر کہ وہ تجھ میں ہو کر بولیں۔ اور تجھ میں ہو کر سُنیں اور تجھ میں ہو کر دیکھیں اور تجھ میں ہو کر ہر یک حرکت سکون کریں۔ ان سب کو ایک ایسا دل بخش جو تیری محبت کی طرف جھک جائے اور اُن کو ایک ایسی معرفت عطا کر جو تیری طرف کھینچ لیوے اے بارخدا۔ یہ جماعت تیری جماعت ہے اس کو برکت بخش اور سچائی کی روح ان میں ڈال کہ سب قدرت تیری ہی ہے۔ آمین۔

اور چندہ دہندوں کے نام معہ تفصیل چندہ یہ ہیں:۔

﴾۸۲۳﴿

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | میاں عبداللہ پٹواری موضع غوث گڑھ | یمہ | چندہ سالانہ | ۶ | منشی عبدالرحمٰن صاحب پٹواری تحصیل سنام | عگار | چندہ سالانہ |
| ۲ | مولوی محمد یوسف صاحب مدرس مدرسہ سنور | سے/ | // | ۷ | منشی احمد بخش صاحب پٹواری تحصیل بانگر | عہ/ | // سالانہ |
| ۳ | منشی حشمت اللہ صاحب مدرس مدرسہ سنور | سے/ | // | ۸ | منشی ابراہیم ثانی پٹواری تحصیل سرہند | سے/ | // سالانہ |
| ۴ | منشی ہاشم علی صاحب پٹواری تحصیل برنالہ | سے/ | // | ۹ | منشی غلام قادر صاحب پٹواری تحصیل | عگار | // سالانہ |
| ۵ | منشی ابراہیم صاحب پٹواری تحصیل بانگر | عگار | // | ۱۰ | منشی محمد فاضل صاحب سکنہ سنور | عہ/ | // سالانہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱ | اخویم حکیم فضل دین صاحب بھیروی | صہ ر چندہ ماہوار | ۲۱ | منشی عبدالرحمٰن صاحب | عہ ر چندہ ماہواری |
| ۱۲ | میاں الہ دین صاحب عرضی نویس معرفت حکیم فضل دین صاحب | عہ ر // // | ۲۲ | منشی حبیب الرحمٰن صاحب | ۸ر // // |
| ۱۳ | میاں نجم الدین عبدالریانہ سکنہ بھیرہ امام مسجد دھرکھانا والی | عہ ر // ماہواری | ۲۳ | منشی فیاض علی صاحب | ۸ر // // |
| ۱۴ | اخویم مولوی حکیم غلام احمد صاحب انجینئر ریاست جموں | عگار // ماہواری | ۲۴ | مولوی عبدالقادر صاحب مدرس جماپور ضلع لدھیانہ | ۲ر۶ پائی // // |
| ۱۵ | اخویم مکرم مولوی حکیم نوردین صاحب معالج ریاست جموں | عسہ۲۰ // // | ۲۵ | منشی محمد بخش صاحب | ۲ر // // |
| ۱۶ | اخویم سید عبدالہادی صاحب سب اور سیر فار کچھ | عگار چندہ ماہواری | ۲۶ | شیخ چراغ علی صاحب سکنہ تھہ غلام نبی | ۴ر چندہ ماہواری |
| ۱۷ | مولوی سید تفضّل حسین صاحب تحصیلدار علی گڑھ | عگار چندہ ماہواری | ۲۷ | منشی محمد کرم الٰہی صاحب ریکارڈ کلرک راجپورہ ریاست پٹیالہ | عہ ر // // |
| ۱۸ | اخویم منشی رستم علی صاحب ڈپٹی انسپکٹر محکمہ ریلوے | عگار چندہ // | ۲۸ | سکول پشاور مولوی غلام حسن صاحب مدرس میونسپل بورڈ | سے ر چندہ ماہواری |
| ۱۹ | اخویم منشی ظفر احمد صاحب | ایکروپیہ چندہ // | ۲۹ | قاضی محمد اکبر خانصاحب نائب تحصیلدار صوابی | عہ ر // // |
| ۲۰ | اخویم میاں محمد خاں صاحب | عہ ر | | | |

﴿۸۲۴﴾

﴿۸۲۵﴾

# خاتمہ

## اُن دوستوں کے لئے جو سلسلہ بیعت میں داخل ہیں نصیحت کی باتیں

عزیزاں بے خلوص و صدق نکشایند راہے را مصفا قطرۂ باید کہ تا گوہر شود پیدا

اے میرے دوستو! جو میرے سلسلہ بیعت میں داخل ہو۔ خدا ہمیں اور تمہیں اُن باتوں کی توفیق دے جن سے وہ راضی ہو جائے۔ آج تم تھوڑے ہو اور تحقیر کی نظر سے دیکھے گئے ہو اور ایک ابتلاء کا وقت تم پر ہے اسی سُنّت اللہ کے موافق جو قدیم سے جاری ہے۔ ہر یک

طرف سے کوشش ہوگی کہ تم ٹھوکر کھاؤ اور تم ہر طرح سے ستائے جاؤ گے اور طرح طرح کی
باتیں تمہیں سننی پڑیں گی اور ہریک جو تمہیں زبان یا ہاتھ سے دکھ دے گا وہ خیال کرے گا کہ ﴿۸۲۶﴾
اسلام کی حمایت کر رہا ہے۔ اور کچھ آسمانی ابتلا بھی تم پر آئیں گے تا تم ہر طرح سے آزمائے
جاؤ۔ سو تم اس وقت سن رکھو کہ تمہارے فتح مند اور غالب ہو جانے کی یہ راہ نہیں کہ تم اپنی
خشک منطق سے کام لو یا تمسخر کے مقابل پر تمسخر کی باتیں کرو یا گالی کے مقابل پر گالی دو کیونکہ
اگر تم نے یہی راہیں اختیار کیں تو تمہارے دل سخت ہو جائیں گے اور تم میں صرف باتیں ہی
باتیں ہوں گی جن سے خدا تعالیٰ نفرت کرتا ہے اور کراہت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ سو تم ایسا نہ
کرو کہ اپنے پر دو لعنتیں جمع کر لو ایک خلقت کی اور دوسری خدا کی بھی۔

یقیناً یاد رکھو کہ لوگوں کی لعنت اگر خدائے تعالیٰ کی لعنت کے ساتھ نہ ہو کچھ بھی
چیز نہیں اگر خدا ہمیں نابود نہ کرنا چاہے تو ہم کسی سے نابود نہیں ہو سکتے لیکن اگر وہی ہمارا
دشمن ہو جائے تو کوئی ہمیں پناہ نہیں دے سکتا۔ ہم کیوں کر خدائے تعالیٰ کو راضی کریں اور
کیوں کر وہ ہمارے ساتھ ہو۔ اِس کا اُس نے مجھے بار بار یہی جواب دیا کہ تقویٰ سے۔
سو اے میرے پیارے بھائیو کوشش کرو تا متقی بن جاؤ۔ بغیر عمل کے سب باتیں ہیچ ہیں اور ﴿۸۲۷﴾
بغیر اخلاص کے کوئی عمل مقبول نہیں۔ سو تقویٰ یہی ہے کہ ان تمام نقصانوں سے بچ
خدا تعالیٰ کی طرف قدم اُٹھاؤ۔ اور پرہیز گاری کی باریک راہوں کی رعایت رکھو۔ سب
سے اوّل اپنے دلوں میں انکسار اور صفائی اور اخلاص پیدا کرو اور سچ مچ دلوں کے حلیم
اور سلیم اور غریب بن جاؤ کہ ہریک خیر اور شر کا بیج پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے اگر تیرا
دل شر سے خالی ہے تو تیری زبان بھی شر سے خالی ہوگی اور ایسا ہی تیری آنکھ اور تیرے
سارے اعضاء۔ ہریک نور یا اندھیرا پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ تمام
بدن پر محیط ہو جاتا ہے۔ سو اپنے دلوں کو ہر دم ٹٹولتے رہو اور جیسے پان کھانے والا

اپنے پانوں کو پھیرتا رہتا ہے اور ردی ٹکڑے کو کاٹتا ہے اور باہر پھینکتا ہے۔ اسی طرح تم بھی اپنے دلوں کے مخفی خیالات اور مخفی عادات اور مخفی جذبات اور مخفی ملکات کو اپنی نظر کے سامنے پھیرتے رہو اور جس خیال یا عادت یا ملکہ کو ردی پاؤ اس کو کاٹ کر باہر پھینکو ایسا نہ ہو کہ وہ تمہارے سارے دل کو ناپاک کر دیوے اور پھر تم کاٹے جاؤ۔

پھر بعد اس کے کوشش کرو اور نیز خدائے تعالیٰ سے قوت اور ہمت مانگو کہ تمہارے دلوں کے پاک ارادے اور پاک خیالات اور پاک جذبات اور پاک خواہشیں تمہارے اعضاء اور تمہارے تمام قویٰ کے ذریعہ سے ظہور پذیر اور تکمیل پذیر ہوں تا تمہاری نیکیاں کمال تک پہنچیں کیونکہ جو بات دل سے نکلے اور دل تک ہی محدود رہے وہ تمہیں کسی مرتبہ تک نہیں پہنچا سکتی۔ خدا تعالیٰ کی عظمت اپنے دلوں میں بٹھاؤ اور اس کے جلال کو اپنی آنکھوں کے سامنے رکھو۔ اور یاد رکھو کہ قرآن کریم میں پانسو کے قریب حکم ہیں اور اس نے تمہارے ہر یک عضو اور ہر یک قوت اور ہر یک وضع اور ہر یک حالت اور ہر ایک عمر اور ہر یک مرتبہ فہم اور مرتبہ فطرت اور مرتبہ سلوک اور مرتبہ انفراد اور اجتماع کے لحاظ سے ایک نورانی دعوت تمہاری کی ہے سو تم اس دعوت کو شکر کے ساتھ قبول کرو اور جس قدر کھانے تمہارے لئے تیار کئے گئے ہیں وہ سارے کھاؤ اور سب سے فائدہ حاصل کرو۔ جو شخص ان سب حکموں میں سے ایک کو بھی ٹالتا ہے میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ عدالت کے دن مواخذہ کے لائق ہوگا۔ ﴿۸۲۸﴾

اگر نجات چاہتے ہو تو دین العجائز اختیار کرو اور مسکینی سے قرآن کریم کا جوا اپنی گردنوں پر اٹھاؤ کہ شریر ہلاک ہوگا اور سرکش جہنم میں گرایا جائے گا۔ پر جو غریبی سے گردن جھکاتا ہے وہ موت سے بچ جائے گا۔ دنیا کی خوشحالی کی شرطوں سے خدا تعالیٰ کی عبادت مت کرو کہ ایسے خیال کے لئے گڑھا درپیش ہے بلکہ تم اس لئے اس کی پرستش کرو کہ پرستش ایک حق خالق کا تم پر ہے۔ چاہیے پرستش ہی تمہاری زندگی ہو جاوے اور تمہاری نیکیوں کی فقط یہی غرض ہو کہ وہ محبوب حقیقی اور محسن حقیقی راضی ہو جاوے کیونکہ جو اس سے کمتر خیال ہے وہ ٹھوکر کی جگہ ہے۔ ﴿۸۲۹﴾

خدا بڑی دولت ہے اس کے پانے کے لئے مصیبتوں کے لئے تیار ہو جاؤ۔ وہ بڑی مراد ہے۔ اس کے حاصل کرنے کے لئے جانوں کو فدا کرو۔ عزیزو!! خدائے تعالیٰ کے حکموں کو بے قدری سے نہ دیکھو۔ موجودہ فلسفہ کی زہر تم پر اثر نہ کرے۔ ایک بچہ کی طرح بن کر اس کے حکموں کے نیچے چلو۔ نماز پڑھو نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کُنجی ہے اور جب تو نماز کے لئے کھڑا ہو تو ایسا نہ کر کہ گویا تو ایک رسم ادا کر رہا ہے بلکہ نماز سے پہلے جیسے ظاہری وضو کرتے ہو ایسا ہی ایک باطنی وضو بھی کرو۔ اور اپنے اعضاء کو غیر اللہ کے خیال سے دھو ڈالو۔ تب ان دونوں وضوؤں کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اور نماز میں بہت دعا کرو اور رونا اور گڑگڑانا اپنی عادت کر لو تا تم پر رحم کیا جائے۔

سچائی اختیار کرو سچائی اختیار کرو کہ وہ دیکھ رہا ہے کہ تمہارے دل کیسے ہیں۔ کیا انسان اس کو بھی دھوکہ دے سکتا ہے۔ کیا اس کے آگے بھی مکاریاں پیش جاتی ہیں۔ نہایت بد بخت آدمی اپنے فاسقانہ افعال اس حد تک پہنچاتا ہے کہ گویا خدا نہیں۔ تب وہ بہت جلد ہلاک کیا جاتا ہے اور خدائے تعالیٰ کو اس کی کچھ پرواہ نہیں ہوتی۔ ﴿۸۳۰﴾

عزیزو! اس دنیا کی مجرد منطق ایک شیطان ہے اور اس دنیا کا خالی فلسفہ ایک ابلیس ہے جو ایمانی نور کو نہایت درجہ گھٹا دیتا ہے اور بیباکیاں پیدا کرتا ہے اور قریب قریب دہریت کے پہنچاتا ہے۔ سو تم اس سے اپنے تئیں بچاؤ اور ایسا دل پیدا کرو جو غریب اور مسکین ہو اور بغیر چون چرا کے حکموں کو ماننے والے ہو جاؤ جیسا کہ بچہ اپنی والدہ کی باتوں کو مانتا ہے۔

قرآن کریم کی تعلیمیں تقویٰ کے اعلیٰ درجہ تک پہنچانا چاہتی ہیں ان کی طرف کان دھرو اور اُن کے موافق اپنے تئیں بناؤ۔

قرآن شریف انجیل کی طرح تمہیں صرف یہ نہیں کہتا کہ نامحرم عورتوں یا ایسوں کو جو عورتوں کی طرح محل شہوت ہو سکتی ہیں شہوت کی نظر سے مت دیکھو بلکہ اس کی کامل تعلیم کا یہ منشاء ہے کہ تو بغیر ضرورت نامحرم کی طرف نظر مت اُٹھا نہ شہوت سے اور نہ بغیر شہوت۔ ﴿۸۳۱﴾

بلکہ چاہیے کہ تو آنکھیں بند کر کے اپنے تئیں ٹھوکر سے بچاوے تا تیری دلی پاکیزگی میں کچھ فرق نہ آوے۔ سو تم اپنے مولیٰ کے اس حکم کو خوب یاد رکھو اور آنکھوں کے زنا سے اپنے تئیں بچاؤ اور اس ذات کے غضب سے ڈرو جس کا غضب ایک دم میں ہلاک کر سکتا ہے۔ قرآن شریف یہ بھی فرماتا ہے کہ تو اپنے کانوں کو بھی نامحرم عورتوں کے ذکر سے بچا اور ایسا ہی ہریک ناجائز ذکر سے۔

مجھے اس وقت اس نصیحت کی حاجت نہیں کہ تم خون نہ کرو کیونکہ بجز نہایت شریر آدمی کے کون ناحق کے خون کی طرف قدم اٹھاتا ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ ناانصافی پر ضد کر کے سچائی کا خون نہ کرو۔ حق کو قبول کر لو اگرچہ ایک بچہ سے اور اگر مخالف کی طرف حق پاؤ تو پھر فی الفور اپنی خشک منطق کو چھوڑ دو۔ سچ پر ٹھہر جاؤ اور سچی گواہی دو جیسا کہ اللہ جلَّ شانُہٗ فرماتا ہے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ [۱] یعنی بتوں کی پلیدی سے بچو اور جھوٹ سے بھی کہ وہ بت سے کم نہیں۔ جو چیز قبلہ حق سے تمہارا منہ پھیرتی ہے وہی تمہاری راہ میں بت ہے۔ سچی گواہی دو اگرچہ تمہارے باپوں یا بھائیوں یا دوستوں پر ہو۔ چاہیے کہ کوئی عداوت بھی تمہیں انصاف سے مانع نہ ہو۔ ﴿۸۳۲﴾

باہم ''بخل'' اور کینہ اور حسد اور بغض اور بے مہری چھوڑ دو اور ایک ہو جاؤ۔ قرآن شریف کے بڑے حکم دو ہی ہیں۔ ایک توحید و محبت و اطاعت باری عزاسمہٗ۔ دوسری ہمدردی اپنے بھائیوں اور اپنے بنی نوع کی۔ اور ان حکموں کو اس نے تین درجہ پر منقسم کیا ہے جیسا کہ استعدادیں بھی تین ہی قسم کی ہیں اور وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآیِٔ ذِی الْقُرْبٰی [۲]۔ پہلے طور پر اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ تم اپنے خالق کے ساتھ اس کی اطاعت میں عدل کا طریق مرعی رکھو ظالم نہ بنو۔ پس جیسا کہ درحقیقت بجز اُس کے کوئی بھی پرستش کے لائق نہیں۔ کوئی بھی محبت کے لائق نہیں کوئی بھی توکل کے لائق نہیں کیونکہ بوجہ خالقیت اور قیومیت و ربوبیت خاصہ کے

[۱] الحج :۳۱ [۲] النحل :۹۱

ہر یک حق اُسی کا ہے۔ اِسی طرح تم بھی اس کے ساتھ کسی کو اُس کی پرستش میں اور اس کی ﴿۸۳۳﴾
محبت میں اور اُس کی ربوبیت میں شریک مت کرو۔ اگر تم نے اِس قدر کر لیا تو یہ عدل ہے
جس کی رعایت تم پر فرض تھی۔

پھر اگر اس پر ترقی کرنا چاہو تو احسان کا درجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تم اس کی عظمتوں کے ایسے قائل ہو جاؤ اور اُس کے آگے اپنی پرستشوں میں ایسے متادب بن جاؤ اور اُس کی محبت میں ایسے کھوئے جاؤ کہ گویا تم نے اُس کی عظمت اور جلال اور اُس کے حسن لازوال کو دیکھ لیا ہے۔

بعد اس کے ایتاء ذی القربیٰ کا درجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تمہاری پرستش اور تمہاری محبت اور تمہاری فرمانبرداری سے بالکل تکلف اور تصنع دور ہو جائے اور تم اُس کو ایسے جگری تعلق سے یاد کرو کہ جیسے مثلاً تم اپنے باپوں کو یاد کرتے ہو اور تمہاری محبت اس سے ایسی ہو جائے کہ جیسے مثلاً بچہ اپنی پیاری ماں سے محبت رکھتا ہے۔

اور دوسرے طور پر جو ہمدردی بنی نوع سے متعلق ہے اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ اپنے
﴿۸۳۴﴾ بھائیوں اور بنی نوع سے عدل کرو اور اپنے حقوق سے زیادہ اُن سے کچھ تعرض نہ کرو اور
انصاف پر قائم رہو۔

اور اگر اس درجہ سے ترقی کرنی چاہو تو اس سے آگے احسان کا درجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کی بدی کے مقابل نیکی کرے اور اُس کی آزار کی عوض میں تو اس کو راحت پہنچاوے اور مروت اور احسان کے طور پر دستگیری کرے۔

پھر بعد اس کے ایتاء ذی القربیٰ کا درجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تو جس قدر اپنے بھائی سے نیکی کرے یا جس قدر بنی نوع کی خیر خواہی بجا لاوے اس سے کوئی اور کسی قسم کا احسان منظور نہ ہو بلکہ طبعی طور پر بغیر پیش نہاد کسی غرض کے وہ تجھ سے صادر ہو جیسی شدت قرابت کے جوش سے ایک خویش دوسرے خویش کے ساتھ

نیکی کرتا ہے۔سو یہ اخلاقی ترقی کا آخری کمال ہے کہ ہمدردی خلائق میں کوئی نفسانی مطلب یا مدّعا یا غرض درمیان نہ ہو بلکہ اخوت وقرابت انسانی کا جوش اس اعلیٰ درجہ پر نشوونما پا جائے کہ خود بخود بغیر کسی تکلف کے اور بغیر پیش نہاد رکھنے کسی قسم کی شکرگذاری یا دعا یا اور کسی قسم کی پاداش کے وہ نیکی فقط فطرتی جوش سے صادر ہو۔ ﴿۸۳۵﴾

عزیزو! اپنے سلسلہ کے بھائیوں سے جو میری اس کتاب میں درج ہیں باستثنا اس شخص کے کہ بعد اس کے خدائے تعالیٰ اس کو رد کر دیوے خاص طور سے محبت رکھو اور جب تک کسی کو نہ دیکھو کہ وہ اس سلسلہ سے کسی مخالفانہ فعل یا قول سے باہر ہو گیا تب تک اس کو اپنا ایک عضو سمجھو لیکن جو شخص مکاری سے زندگی بسر کرتا ہے اور اپنی بدعہدیوں یا کسی قسم کے جوروجفا سے اپنے کسی بھائی کو آزار پہنچاتا ہے یا وساوس وحرکاتِ مخالف عہد بیعت سے باز نہیں آتا وہ اپنی بدعملی کی وجہ سے اس سلسلہ سے باہر ہے۔اس کی پرواہ نہ کرو۔

چاہیے کہ اسلام کی ساری تصویر تمہارے وجود میں نمودار ہو اور تمہاری پیشانیوں میں اثر سجود نظر آوے اور خدائے تعالیٰ کی بزرگی تم میں قائم ہو۔اگر قرآن اور حدیث کے مقابل پر ایک جہان عقلی دلائل کا دیکھو تو ہرگز اس کو قبول نہ کرو اور یقیناً سمجھو کہ عقل نے لغزش کھائی ہے۔توحید پر قائم رہو اور نماز کے پابند ہو جاؤ اور اپنے مولیٰ حقیقی کے حکموں کو سب سے مقدم رکھو اور اسلام کے لئے سارے دکھ اٹھاؤ۔ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ [1]۔

---

[1] ال عمران:۱۰۳

# بیرونی شہادتیں

بعد ختم کتاب بعض شہادتیں ہم کو ملیں مناسب سمجھ کر اُن کو کتاب کے ساتھ شامل کر دیا

(۱) یہ کہ کوہ نور یکم اگست ۱۸۹۱ء اور نور افشاں ۳۰ جولائی ۱۸۹۱ء میں بحوالہ اخبار عام لکھا ہے ﴿۸۳۶﴾
کہ حال میں امریکہ کے ایک بڑے پادری صاحب پر وہاں کے لوگوں نے کفر کا الزام لگایا ہے۔ وجہ کفر یہ ہے کہ اسے مسیح کے معجزات اور جسمانی طور پر زندہ ہونے مسیح کا اعتقاد نہیں ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ یہ ایک بڑا پادری اسی فرقہ میں سے ہے کہ جو عیسائیوں کے اس عقیدہ سے پھر گیا ہے کہ مسیح زندہ ہے اور پھر دوبارہ دنیا میں آئیگا سو یہ ایک بیرونی شہادت ہے جو خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کے دعویٰ پر قائم کی اور عیسائیوں کے ایک محقق پادری سے جو درجہ کی رو سے ایک بڑا پادری ہے وہی اقرار کرایا جس کی نسبت اِس عاجز کو الہامی خبر دی گئی۔ **فالحمد للّٰہ علٰی ذالک۔**

(۲) دوسری یہ کہ ایک بزرگ حاجی حرمین شریفین عبدالرحمٰن نام جنہوں نے دو حج کئے ہیں مرید خاص حضرت حاجی منشی احمد جان صاحب مرحوم ومغفور ساکن لودھیانہ جو مرد پیر بعمر قریب اسّی سال کے ہیں اپنی ایک رؤیا میں بیان کرتے ہیں کہ میں نے جس روز مولوی محمد حسین صاحب کی آپ سے یعنی اس عاجز سے بحث ہوئی تھی رات کو خواب میں دیکھا کہ میاں صاحب مرحوم یعنی حاجی احمد جان صاحب نے مجھے اپنے مکان پر بلایا ہے۔ چنانچہ میں گیا اور ہم پانچ آدمی ہو گئے اور سب مل کر حضرت خواجہ اویس قرنی
کے پاس گئے۔ اُس وقت حضرت اویس قرنی خرقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہنے ﴿۸۳۷﴾
ہوئے تھے۔ پھر وہاں سے ہم سب اور اویس قرنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں پہنچے اور اویس قرنی نے وہ خرقہ آنحضرت صلعم کے سامنے رکھ دیا اور عرض کی کہ آج

اس خرقہ کی توہین ہوئی اور اس کی حرمت آپ کے اختیار میں ہے۔ آپ ہی کی طرف سے تھا میں صرف ایلچی تھا۔ تب میں نے نظر اُٹھا کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے داہنی طرف حضرت ابوبکر صدیق اور صحابہ اور بائیں طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام بیٹھے تھے اور سامنے آپ یعنی یہ عاجز کھڑا ہے اور ایک طرف مولوی محمد حسین کھڑا ہے اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیان کیا کہ اگر اللہ تعالیٰ کی یہ عادت ہوتی کہ وہ فوت شدہ لوگوں کو دوبارہ دنیا میں بھیجتا اور میں بھیجا جاتا تو مجھ سے بھی دنیا کے لوگ یونہی پیش آتے جیسا کہ ان کے ساتھ آئے (یعنی اس عاجز کے ساتھ) پھر میاں صاحب مرحوم نے مجھے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ کے بالوں کو دیکھ۔ تب میں نے اُن کے سر کے بالوں پر ہاتھ پھیرا تو وہ سیدھے ہو گئے اور جب ہاتھ اُٹھایا تو کنڈل پڑ گئے۔ پھر میاں صاحب نے فرمایا کہ دیکھو ان کی آنکھوں کی طرف۔ جب میں نے دیکھا تو آنکھیں شربتی تھیں اور رنگ نہایت ﴿۴۳۸﴾ سفید جو نہیں دیکھا جاتا تھا۔ پھر میاں صاحب نے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام کا یہی حلیہ ہے مگر وہ مسیح موعود جس کے آنے کا وعدہ تھا اُس کا حلیہ وہی ہے جو تم دیکھتے ہو اور آپ کی طرف اشارہ کیا یعنی اس عاجز کی طرف۔ پھر میں بیدار ہو گیا اور دل پر اس رؤیا کا اثر تار برقی کی طرح پایا۔

(۳) تیسری یہ کہ حبّی فی اللّٰہ میاں عبدالحکیم خاں صاحب اپنے رسالہ ذکر الحکیم کے صفحہ ۳۸ میں لکھتے ہیں کہ میں ماہ ستمبر ۱۸۹۰ء میں بموقعہ تعطیلات موسمی تراوڑی میں مقیم تھا۔ اُس جگہ میں نے متواتر تین یا چار دفعہ عیسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اور ایک دفعہ ایسا ہوا کہ میں نے خواب میں سنا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائے ہیں میں یہ خبر سن کر حضرت مسیح علیہ السلام کی زیارت کے واسطے چلا۔ جب آپ کی محفل میں پہنچا تو میں نے سب پر سلام کہا اور پوچھا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کس جگہ تشریف رکھتے ہیں وہاں مرزا یوسف بیگ صاحب سامانوی جو مرزا صاحب کے مریدوں میں سے ہیں موجود تھے انہوں نے مجھے بتلایا میں ادب سے مسیح علیہ السلام کی طرف چلا مگر جب دوبارہ نظر اُٹھا کر دیکھا

تو مرزا غلام احمد صاحب ایک عجیب وجیہ حسین اور شاندار صورت میں تشریف رکھتے ہیں۔ یہ ﴿۸۳۹﴾
خواب میں نے حافظ عبدالغنی صاحب سے جو تراوڑی میں ایک مسجد کا امام ہے بیان کی تھی اور
میرزا صاحب نے ابھی مسیح ہونے کا دعویٰ مشتہر نہیں کیا تھا۔

یہ شہادتیں ہیں جو رسالہ کے ختم ہونے کے بعد ہم کو ملیں۔ ایسا ہی ایک اعتراض بھی اس رسالہ کے ختم ہونے کے بعد پیش کیا گیا اور وہ یہ ہے کہ اگر مسیح دجال کے گدھے سے مراد یہی ریل گاڑی ہے تو اس ریل پر تو نیک و بد دونوں سوار ہوتے ہیں بلکہ جس کو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ ہے وہ بھی سوار ہوتا ہے پھر یہ دجال کا گدھا کیوں کر ہوگیا۔ جواب یہ ہے کہ بوجہ ملکیت اور قبضہ اور تصرف تام اور ایجاد دجالی گروہ کے یہ دجال کا گدھا کہلاتا ہے۔ اور اگر عارضی طور پر کوئی اس سے نفع اُٹھاوے تو اس سے وہ اس کا مالک یا موجد ٹھہر نہیں سکتا۔ خر دجال کی اضافت مِلکی ہے۔ پھر اگر خدا تعالیٰ دجال کی مملوکات و مصنوعات میں سے بھی مومنوں کو نفع پہنچاوے تو اس میں کیا حرج ہے۔ کیا انبیاء کفار کی مملوکات و مصنوعات سے نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر خچر کی سواری کرتے تھے حالانکہ احادیث نبویہ سے
ثابت ہوتا ہے کہ گدھے سے گھوڑی کو ملانا ممنوع ہے۔ ایسے ہی بہت نمونے پائے جاتے ﴿۸۴۰﴾
ہیں۔ ماسوا اس کے جبکہ مسیح موعود قاتل دجال ہے یعنی روحانی طور پر تو بموجب حدیث **من قتل قتیلاً** کے جو کچھ دجال کا ہے وہ مسیح کا ہے۔ علاوہ اس کے مسلم کی حدیث میں جو ابو ہریرہ سے مروی ہے عیسیٰ کے آنے کی یہ نشانیاں لکھی ہیں **لینزلن ابن مریم حکمًا عدلًا فلیکسرن الصلیب ولیقتلن الخنزیر ولیضعن الجزیۃ ولیترکن القلاص فلا یسعٰی علیھا** یعنی عیسیٰ حَکَم اور عدل ہونے کی حالت میں اُترے گا اس طرح پر کہ مسلمانوں کے اختلافات پر حق کے ساتھ حکم کرے گا اور عدل کو زمین پر قائم کر دے گا صلیب کو توڑے گا خنزیروں کو قتل کرے گا اور جزیہ کو اُٹھا دے گا اور اس کے آنے کا ایک یہ نشان ہوگا

کہ جوان اُونٹنیاں جو بار برداری اور سواری کا بخوبی کام دیتی ہیں چھوڑ دی جائیں گی پھر اُن پر سواری نہیں کی جائے گی۔ اب واضح ہو کہ یہ ریل گاڑی کی طرف اشارہ ہے جس نے تمام سواریوں سے قریباً نوع انسان کو فارغ کر دیا ہے اور جو تمام دنیا کے ستر ہزار میل میں پھر گئی ہے اور ہندوستان کے سولہ ہزار میل میں۔ چونکہ عرب میں اعلیٰ درجہ کی سواری جو ایک عربی کے تمام گھر کو اُٹھا سکتی ہے اونٹنی کی سواری ہے جو بار برداری اور مسافت کے طے کرنے میں تمام سواریوں سے بڑھ کر ہے اس لئے آنحضرت صلعم نے اِسی کی طرف اشارہ کیا تا اعلیٰ کے ذکر کرنے سے ادنیٰ خود اس کے ضمن میں آجائے۔ پس فرمایا کہ مسیح موعود کے ظہور کے وقت میں ﴿۸۴۱﴾ یہ سب سواریاں بے قدر ہو جائیں گی اور کوئی اُن کی طرف التفات نہیں کرے گا یعنی ایک نئی سواری دنیا میں پیدا ہو جائے گی جو دوسری تمام سواریوں کی وقعت کھودے گی۔ اب اگر عموماً تمام لوگ اِس ریل گاڑی پر سوار نہ ہوں تو یہ پیشگوئی ناقص رہتی ہے۔

اس جگہ یہ بھی ظاہر ہے کہ مسلم کی حدیث سے جو فاطمہ بنت قیس سے مروی ہے ثابت ہوتا ہے جو دجال ہندوستان سے نکلنے والا ہے جس کا گدھا دخان کے زور سے چلے گا جیسے بادل جس کے پیچھے ہوا ہوتی ہے اور ایسا ہی مسیح بھی اسی ملک میں اوّل ظہور کرے گا گو بعد میں مسافر کے طور پر کسی اور ملک دمشق وغیرہ میں نزول کرے۔ نزول کا لفظ جو دمشق کے ساتھ لگایا گیا ہے خود دلالت کر رہا ہے جو دمشق میں اس کا آنا مسافرانہ طور پر ہوگا اور اصل ظہور کسی اور ملک میں اور ظاہر ہے کہ جس جگہ دجال ظہور کرے اُسی جگہ مسیح کا آنا ضروری ہے کیونکہ مسیح دجال کے لئے بھیجا گیا ہے اور یہ بھی اسی حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ دجال خود نہیں نکلے گا بلکہ اس کا کوئی مثیل نکلے گا اور حدیث کے لفظ یہ ہیں **الا انّہ فی بحر الشام او بحر الیمن لا بل من قبل المشرق ماھو و اَوْمیٰ بیدہ الی المشرق رواہ مسلم** یعنی خبردار ہو کیا دجال بحر شام میں ہے یا بحر یمن ﴿۸۴۲﴾ میں۔ نہیں بلکہ وہ مشرق کی طرف سے نکلے گا۔ نہیں وہ یعنی وہ نہیں نکلے گا بلکہ اس کا

مثیل نکلے گا اور مشرق کی طرف اشارہ کیا۔اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ تمیم داری کا خیال تو یہ تھا کہ دجال بحر شام میں ہے یعنی اس طرف کسی جزیرہ میں کیونکہ تمیم نصرانی ہونے کے زمانہ میں اکثر ملک شام کی طرف جاتا تھا لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خیال کو رد کر دیا اور فرمایا کہ وہ مشرق کی کسی خاص طرف سے نکلے گا اور ممالک مشرقیہ میں ہندوستان داخل ہے۔اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ اس خبر تمیم داری کی تصدیق کے بارے میں ایسے الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے ہرگز نہیں نکلے جو اس بات پر دلالت کرتے ہوں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تمیم داری کے دجال کا وجود یقین کر لیا تھا بلکہ اس بات کی تصدیق پائی جاتی ہے کہ دجال مدینہ منورہ اور مکہ معظّمہ میں داخل نہیں ہوگا۔ ماسوا اس کے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ تصدیق وحی کی رو سے ہے اور جاننے والے اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ آنحضرت صلعم جو اخبار و حکایات بیان کردہ تصدیق کرتے تھے اس کے لئے یہ ضرور نہیں ہوتا تھا کہ وہ تصدیق وحی کی رو سے ہو بلکہ بسا اوقات محض مخبر کے اعتبار کے خیال سے تصدیق کر لیا کرتے تھے۔ چنانچہ کئی دفعہ یہ اتفاق ہوا ہوگا کہ آنحضرت صلعم نے کسی مخبر کی خبر کو صحیح سمجھا اور ﴿۸۴۳﴾ بعد ازاں وہ خبر غلط نکلی بلکہ بعض وقت ایک مخبر کے اعتبار پر یہ خیال کیا گیا کہ دشمن چڑھائی کرنے والا ہے اور پیش قدمی کے طور پر اس پر چڑھائی کر دی گئی لیکن آخر کار وہ خبر غلط نکلی۔ انبیاء لوازم بشریت سے بالکل الگ نہیں کیئے جاتے۔ ہاں وحی الٰہی کے پہنچانے میں محفوظ اور معصوم ہوتے ہیں۔سو یہ قصہ تمیم داری والا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ہرگز یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وحی کی رو سے آنحضرت صلعم نے اس قصہ کی تصدیق کی اور حدیث میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں کہ اس خیال پر دلالت کر سکے۔پس صاف ظاہر ہے کہ آنحضرت صلعم کے الفاظ سے جس قدر تصدیق اس قصہ کی پائی جاتی تھی وہ تصدیق وحی کی رو سے ہرگز نہیں بلکہ محض عقلی طور پر اعتبار راوی کے لحاظ سے ہے کیونکہ تمیم داری اس قصہ کے بیان کرنے کے

وقت مسلمان ہو چکا تھا اور بوجہ مشرف باسلام ہونے کے اس لائق تھا کہ اس کے بیان کو عزت اور اعتبار کی نظر سے دیکھا جائے۔ واللّٰہ اعلم بالصواب وھذا اٰخر ما اردنا فی ھذا الباب والحمد للّٰہ اوّلًا و اٰخرًا و الیہ المرجع والمآب

---

﴿۸۴۴﴾

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی

## گذارش ضروری بخدمت اُن صاحبوں کے جو بیعت کرنے کے لئے مستعد ہیں

اے اخوان مؤمنین ایّدکم اللّٰہ بروح منہ ۔ آپ سب صاحبوں پر جو اس عاجز سے خالصاً لطلب اللہ بیعت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں☆ واضح ہو کہ بالقائے ربِّ کریم ﴿۸۴۵﴾ وجلیل (جس کا ارادہ ہے کہ مسلمانوں کو انواع و اقسام کے اختلافات اور غل اور حقد اور نزاع اور فساد اور کینہ اور بغض سے جس نے اُن کو بے برکت و نکما و کمزور کر دیا ہے نجات دے کر فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِہٖۤ اِخۡوَانًا[1] کا مصداق بنا دے) مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض فوائد و منافع بیعت کہ جو آپ لوگوں کے لئے مقدر ہیں اس ﴿۸۴۶﴾ انتظام پر موقوف ہیں کہ آپ سب صاحبوں کے اسماء مبارکہ ایک کتاب میں

☆ حاشیہ۔ تاریخ ھٰذا سے جو ۴؍مارچ ۱۸۸۹ء ہے ۲۵؍مارچ تک یہ عاجز لودہیانہ محلّہ جدید میں مقیم ہے اس عرصہ میں اگر کوئی صاحب آنا چاہیں تو لودہیانہ میں ۲۰ تاریخ کے بعد آجاویں اور اگر اس جگہ آنا موجب حرج و دقت ہو تو ۲۵؍مارچ کے بعد جس وقت کوئی چاہے قادیان میں بعد اطلاع دہی بیعت کرنے کے لئے حاضر ہو جاوے مگر جس مدعا کے لئے بیعت ہے یعنی حقیقی تقویٰ اختیار کرنا اور سچا مسلمان بننے کے لئے ﴿۸۴۵﴾ کوشش کرنا۔ اس مدعا کو خوب یاد رکھے۔ اور اس وہم میں نہیں پڑنا چاہیے کہ اگر تقویٰ اور سچا مسلمان بنا پہلے ہی سے شرط ہے تو پھر بعد اس کے بیعت کی کیا حاجت ہے بلکہ یاد رکھنا چاہیے کہ بیعت اس غرض سے ہے کہ تا وہ تقویٰ کہ جو اوّل حالت میں تکلف اور تصنع سے اختیار کی جاتی ہے دوسرا رنگ پکڑے اور ببرکت توجہ صادقین وجذبہ کاملین طبیعت میں داخل ہو جائے اور اس کا جز بن جائے

[1] اٰل عمران :۱۰۴

بقید ولدیت وسکونت مستقل و عارضی طور معہ کسی قدر کیفیت کے (اگر ممکن ہو) اندراج پاویں اور پھر جب وہ اسماء مندرجہ کسی تعداد موزوں تک پہنچ جائیں تو اُن سب ناموں کی ایک فہرست تیار کر کے اور چھپوا کر ایک ایک کاپی اس کی تمام بیعت کرنے والوں کی خدمت میں بھیجی جائے اور پھر جب دوسرے وقت میں نئی بیعت کرنے والوں کا ایک معتد بہ گروہ ہو جاوے تو ایسا ہی اُن کے اسماء کی بھی فہرست تیار کر کے تمام مبائعین یعنی داخلین بیعت میں شائع کی جائے اور ایسا ہی ہوتا رہے جب تک ارادہ الٰہی اپنے اندازہ مقدر تک پہنچ جائے۔ یہ انتظام جس کے ذریعہ سے راستبازوں کا گروہ کثیر ایک ہی سلک میں منسلک ہو کر وحدت مجموعی کے پیرایہ میں خلق اللہ پر جلوہ نما ہو گا اور اپنی سچائی کے مختلف المخرج شعاعوں کو ایک ہی خط ممتد میں ظاہر کرے گا۔ خداوند عزّ و جل کو بہت پسند آیا ہے مگر چونکہ یہ کارروائی بجز اس کے بآسانی وصحت انجام پذیر نہیں ہو سکتی کہ خود مبایعین اپنے ہاتھ سے خوشخط قلم سے لکھ کر اپنا تمام پتہ و نشان بتفصیل مندرجہ بالا بھیج دیں۔ اس لئے ہر ایک صاحب کو جو صدق دل اور خلوص تام سے بیعت کرنے کے لئے ﴿۸۴۷﴾

بقیہ حاشیہ

اور وہ مشکوٰتی نور دل میں پیدا ہو جاوے کہ جو عبودیت اور ربوبیت کے باہم تعلق شدید سے پیدا ہوتا ہے جس کو متصوفین دوسرے لفظوں میں روح قدس بھی کہتے ہیں جس کے پیدا ہونے کے بعد خدائے تعالیٰ کی نافرمانی ایسی بالطبع بُری معلوم ہوتی ہے جیسی وہ خود خدائے تعالیٰ کی نظر میں بُری و مکروہ ہے اور نہ صرف خلق اللہ سے انقطاع میسر آتا ہے بلکہ بجز خالق و مالک حقیقی ہر یک موجود کو کالعدم سمجھ کر فنا نظری کا درجہ حاصل ہوتا ہے سو اس نور کے پیدا ہونے کے لئے ابتدائی اتقا جس کو طالب صادق اپنے ساتھ لاتا ہے شرط ہے ﴿۸۴۶﴾ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف کی علت غائی بیان کرنے میں فرمایا ہے **هُدًى لِلْمُتَّقِينَ** یہ نہیں فرمایا کہ **هدى للفاسقين** یا **هُدًى للكافرين** ابتدائی تقویٰ جس کے حصول سے متقی کا لفظ انسان پر صادق آ سکتا ہے۔ وہ ایک فطرتی حصہ ہے کہ جو سعیدوں کی خلقت میں رکھا گیا ہے اور ربوبیت اولیٰ اس کی مربی اور وجود بخش ہے جس سے متقی کا

مستعد ہیں تکلیف دی جاتی ہے کہ وہ بتحریر خاص اپنے پورے پورے نام وولدیت وسکونت مستقل وعارضی سے اطلاع بخشیں یا اپنے حاضر ہونے کے وقت یہ تمام امور درج کرادیں۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی کتاب کا مرتب وشائع ہونا جس میں تمام بیعت کرنے والوں کے نام و دیگر پتہ ونشان درج ہو۔ انشاءاللہ القدیر بہت سی خیر وبرکت کا موجب ہوگا۔ ازانجملہ ایک ﴿۸۴۸﴾
بڑی عظیم الشان بات یہ ہے کہ اس ذریعہ سے بیعت کرنے والوں کا بہت جلد باہم تعارف ہوجائے گا اور باہم خط وکتابت کرنے اور افادہ واستفادہ کے وسائل نکل آئیں گے اور غائبانہ ایک دوسرے کو دعائے خیر سے یاد کریں گے۔ اور نیز اس باہمی شناسائی کی رو سے ہر ایک محل وموقعہ پر ایک دوسرے کی ہمدردی کرسکیں گے۔ اور ایک دوسرے کی غمخواری میں یارانِ موافق وودوستانِ صادق کی طرح مشغول ہوجائیں گے اور ہر ایک کو ان میں سے اپنے ہم ارادت لوگوں کے ناموں پر اطلاع پانے سے معلوم ہوجائے گا کہ اس کے روحانی بھائی دنیا میں کس قدر پھیلے ہوئے ہیں اور کن کن خداداد فضائل سے متصف ہیں۔ سو یہ علم اُن پر ظاہر کرے گا کہ خدائے تعالیٰ نے کس خارق عادت طور پر اس جماعت کو تیار کیا ہے اور کس سرعت اور جلدی سے دنیا میں پھیلایا ہے۔ اور اس جگہ اس وصیت کا لکھنا بھی موزوں معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک شخص اپنے بھائی سے بکمال ہمدردی ومحبت پیش آوے اور حقیقی بھائیوں سے بڑھ کر اُن کا قدر کرے۔ اُن سے جلد صلح کرلیوے اور دلی غبار کو دور کردیوے اور صاف باطن ہوجاوے اور ہرگز ایک ذرا کینہ اور بغض اُن سے نہ رکھے لیکن اگر کوئی عمدًا ﴿۸۴۹﴾

بقیہ حاشیہ: پہلا تولد ہے مگر وہ اندرونی نور جو روح القدس سے تعبیر کیا گیا ہے وہ عبودیت خالصہ تامہ اور ربوبیت کاملہ مستجمعہ کے پورے جوڑ واتصال سے بطرز ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ[1] کے پیدا ہوتا ہے اور یہ ربوبیت ثانیہ ہے جس سے متقی تولد ثانی پاتا ہے اور ملکوتی مقام پر پہنچتا ہے اور اس کے بعد ربوبیت ثالثہ کا درجہ ہے جو خلق جدید سے موسوم ہے جس سے متقی لاہوتی مقام پر پہنچتا ہے اور تولد ثالث پاتا ہے۔ فتدبّر منه

[1] المومنون:۱۵

ان شرائط کی خلاف ورزی کرے جو اشتہار ۱۲؍ جنوری ۱۸۸۹ء میں مندرج ہیں اور اپنی بے باکانہ حرکات سے باز نہ آوے تو وہ اس سلسلہ سے خارج شمار کیا جاوے گا۔ یہ سلسلہ بیعت محض بمراد فراہمی طائفہ متقین یعنی تقویٰ شعار لوگوں کی جماعت کے جمع کرنے کے لئے ہے تا ایسے متقیوں کا ایک بھاری گروہ دنیا پر اپنا نیک اثر ڈالے ☆ اور اُن کا اتفاق اسلام کے لئے برکت و عظمت و نتائج خیر کا موجب ہو اور وہ ببرکت کلمہ واحدہ پر متفق ہونے کے اسلام کی ﴿۸۵۰﴾ پاک و مقدس خدمات میں جلد کام آسکیں اور ایک کاہل اور بخیل و بے مصرف مسلمان نہ ہوں اور نہ اُن نالائق لوگوں کی طرح جنہوں نے اپنے تفرقہ و نااتفاقی کی وجہ سے اسلام کو سخت نقصان پہنچایا ہے اور اس کے خوبصورت چہرہ کو اپنی فاسقانہ حالتوں سے داغ لگا دیا ہے اور نہ ایسے غافل درویشوں اور گوشہ گزینوں کی طرح جن کو اسلامی ضرورتوں کی کچھ بھی خبر نہیں اور اپنے بھائیوں کی ہمدردی سے کچھ غرض نہیں اور بنی نوع کی بھلائی کے لئے کچھ جوش نہیں بلکہ وہ ایسے قوم کے ہمدرد ہوں کہ غریبوں کی پناہ ہو جائیں۔ یتیموں کے لئے بطور باپوں کے بن جائیں اور اسلامی کاموں کے انجام دینے کے لئے عاشق زار کی طرح

﴿۸۴۹﴾ ☆ **حاشیہ** اس جماعت کے نیک اثر سے جیسے عامہ خلائق منتفع ہوں گی۔ ایسا ہی اس پاک باطن جماعت کے وجود سے گورنمنٹ برطانیہ کے لئے انواع اقسام کے فوائد متصور ہوں گے جن سے اس گورنمنٹ کو خداوند عزّ و جل کا شکرگذار ہونا چاہیے۔ ازانجملہ ایک یہ کہ یہ لوگ سچے جوش اور دلی خلوص سے اس گورنمنٹ کے خیر خواہ اور دعا گو ہوں گے کیونکہ بموجب تعلیم اسلام (جس کی پیروی اس گروہ کا عین مدعا ہے) حقوق عباد کے متعلق اس سے بڑھ کر کوئی گناہ کی بات اور خبث اور ظلم اور پلید راہ نہیں کہ انسان جس سلطنت کے زیر سایہ بامن و عافیت زندگی بسر کرے اور اس کی حمایت سے اپنے دینی و دنیوی مقاصد میں بآزادی کوشش کر سکے اسی کا بدخواہ و بداندیش ہو بلکہ جب تک ایسی گورنمنٹ کا شکرگذار نہ ہو تب تک خدائے تعالیٰ کا بھی شکرگذار نہیں۔ پھر دوسرا فائدہ اس بابرکت گروہ کی ترقی سے گورنمنٹ کو یہ ہے کہ ان کا عملی طریق موجب انسداد جرائم ہے۔ فتفکروا و تاملوا۔ منه

فدا ہونے کو تیار ہوں اور تمام تر کوشش اس بات کے لئے کریں کہ ان کی عام برکات دنیا میں پھیلیں اور محبت الٰہی اور ہمدردی بندگان خدا کا پاک چشمہ ہر یک دل سے نکل کر اور ایک جگہ اکٹھا ہو کر ایک دریا کی صورت میں بہتا ہوا نظر آوے۔ خدا تعالیٰ نے ارادہ فرمایا ہے کہ محض اپنے فضل اور کرامت خاص سے اس عاجز کی دعاؤں اور اس ناچیز کی توجہ کو ان کی پاک استعدادوں کے ظہور و بروز کا وسیلہ ٹھہراوے۔ اور اُس قدوس جلیل الذات نے مجھے جوش بخشا ہے تا میں ان طالبوں کی تربیت باطنی میں مصروف ہو جاؤں اور اُن کی آلودگی کے ازالہ کے لئے رات دن کوشش کرتا رہوں اور اُن کے لئے وہ نور مانگوں جس سے انسان نفس اور شیطان کی غلامی سے آزاد ہو جاتا ہے اور بالطبع خدائے تعالیٰ کی راہوں سے محبت کرنے لگتا ہے اور ﴿۸۵۱﴾ اُن کے لئے وہ روح قدس طلب کروں جو ربوبیت تامہ اور عبودیت خالصہ کے جوڑ سے پیدا ہوتی ہے اور اس روح خبیث کی تکفیر سے اُن کی نجات چاہوں کہ جو نفس امارہ اور شیطان کے تعلق شدید سے جنم لیتی ہے۔ سو میں بتوفیقہ تعالیٰ کاہل اور سُست نہیں رہوں گا اور اپنے دوستوں کی اصلاح طلبی سے جنہوں نے اس سلسلہ میں داخل ہونا بصدق قدم اختیار کر لیا ہے غافل نہیں ہوں گا بلکہ اُن کی زندگی کے لئے موت تک دریغ نہیں کروں گا اور اُن کے لئے خدائے تعالیٰ سے وہ روحانی طاقت چاہوں گا جس کا اثر برقی مادہ کی طرح اُن کے تمام وجود میں دوڑ جائے۔ اور میں یقین رکھتا ہوں کہ اُن کے لئے کہ جو داخل سلسلہ ہو کر صبر سے منتظر رہیں گے ایسا ہی ہوگا کیونکہ خدائے تعالیٰ نے اس گروہ کو اپنا جلال ظاہر کرنے کے لئے اور اپنی قدرت دکھانے کے لئے پیدا کرنا اور پھر ترقی دینا چاہا ہے تا دنیا میں محبت الٰہی اور توبہ نصوح اور پاکیزگی اور حقیقی نیکی اور امن اور صلاحیت اور بنی نوع کی ہمدردی کو پھیلاوے۔ سو یہ گروہ اس کا ایک خالص گروہ ہوگا اور وہ انہیں آپ اپنی روح سے قوت دے گا اور انہیں گندی زیست سے صاف کرے گا اور ان کی زندگی میں ایک پاک تبدیلی بخشے گا۔ وہ جیسا کہ اُس نے اپنی پاک پیشگوئیوں میں وعدہ فرمایا ہے ﴿۸۵۲﴾

اس گروہ کو بہت بڑھائے گا اور ہزارہا صادقین کو اس میں داخل کرے گا وہ خود اس کی آبپاشی کرے گا اور اس کو نشوونما دے گا۔ یہاں تک کہ اُن کی کثرت اور برکت نظروں میں عجیب ہو جائے گی اور وہ اس چراغ کی طرح جو اُونچی جگہ رکھا جاتا ہے دنیا کے چاروں طرف اپنی روشنی کو پھیلائیں گے اور اسلامی برکات کے لئے بطور نمونہ کے ٹھہریں گے وہ اس سلسلہ کے کامل متبعین کو ہر یک قسم کی برکت میں دوسرے سلسلہ والوں پر غلبہ دے گا اور ہمیشہ قیامت تک اُن میں سے ایسے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے جن کو قبولیت اور نصرت دی جائے گی۔ اس ربّ جلیل نے یہی چاہا ہے وہ قادر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے ہر یک طاقت اور قدرت اُسی کو ہے۔ **فالحمد لہٗ اوّلًا و اٰخرًا و ظاھرًا و باطنًا اسلمنا لہ‘ ھو مولانا فی الدنیا و الاٰخرۃ نعم المولٰی و نعم النصیر۔**

خــــــاکســــــار

**غلام احمد**۔ لودھیانہ۔ محلّہ جدید متصل مکان اخی
مکرمی منشی حاجی احمد جان صاحب مرحوم و مغفور۔

۴؍مارچ ۱۸۸۹ء

﴿۸۵۳﴾

**بسْمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم**

**نحمدہٗ و نصلّی**

# تکمیل تبلیغ

مضمون تبلیغ جو اس عاجز نے اشتہار یکم دسمبر ۱۸۸۸ء میں شائع کیا ہے جس میں بیعت کے لئے حق کے طالبوں کو بلایا ہے اس کی مجمل شرائط کی تشریح یہ ہے۔ **اوّل** بیعت کنندہ سچے دل سے عہد اس بات کا کرلے کہ آئندہ اُس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو جائے شرک سے مجتنب رہے۔ **دوم** یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بدنظری اور ہر یک فسق اور فجور اور ظلم اور خیانت

اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت اُن کا مغلوب نہیں ہوگا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔ سوم یہ کہ بلاناغہ پنجوقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا اور دلی محبت سے خدائے تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو ہر روزہ اپنا ورد بنائے گا۔ **چہارم** یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نوع کی ناجائز تکلیف نہیں دے گا۔ نہ زبان سے نہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔ **پنجم** یہ کہ ہر حال رنج اور راحت اور عسر اور یسر اور نعمت اور بلا میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کرے گا اور بہر حالت راضی بقضا ہوگا۔ اور ہر یک ذلت اور دکھ کے قبول کرنے کے لئے اس کی راہ میں طیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہیں پھیرے گا بلکہ آگے قدم بڑھائے گا۔ **ششم** یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہوا و ہوس سے باز آئے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلی اپنے سر پر قبول کرلے گا اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنی ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔ **ہفتم** یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلی چھوڑ دے گا اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کرے گا۔ **ہشتم** یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ہمدردی اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزت اور اپنی اولاد اور اپنے ہر یک عزیز سے زیادہ تر عزیز سمجھے گا۔ **نہم** یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائے گا۔ **دہم** یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض للہ باقرار طاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہے گا اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔ ﴿۸۵۴﴾

یہ وہ شرائط ہیں کہ جو بیعت کرنے والوں کے لئے ضروری ہیں جن کی تفصیل یکم دسمبر ۱۸۸۸ء

کے اشتہار میں نہیں لکھی گئی۔ اور الہامات جو اس بارہ میں آج تک ہوئے ہیں وہ یہ ہیں۔ اذا ﴿۸۵۵﴾
عزمت فتوکل علی اللّٰہ واصنع الفلک باعیننا و وحینا الذین یبایعونک انما
یبایعون اللّٰہ یداللّٰہ فوق ایدیھم یعنی جب تو نے اس خدمت کے لئے قصد کرلیا تو
خدا تعالیٰ پر بھروسا کر اور یہ کشتی ہماری آنکھوں کے روبرو اور ہماری وحی سے بنا۔ جو لوگ تجھ
سے بیعت کریں گے وہ تجھ سے نہیں بلکہ خدا سے بیعت کریں گے۔ خدا کا ہاتھ ہوگا جو اُن کے
ہاتھوں پر ہوگا۔ پھر ان دنوں کے بعد جب لوگ مسیح موعود کے دعویٰ سے سخت ابتلاء میں پڑ
گئے یہ الہامات ہوئے۔ الذین تابوا و اصلحوا اولٰئک اتوب علیھم وانا التواب
الرحیم۔ امم یسرنا لھم الھدیٰ وامم حق علیھم العذاب ویمکرون ویمکراللّٰہ
واللّٰہ خیر الماکرین و لکید اللّٰہ اکبر ۔ وان یتخذونک الا ھزوا اھذا الذی
بعث اللّٰہ۔ قل ایھا الکفار انی من الصادقین۔ فانتظروا اٰیاتی حتی حین سنریھم
اٰیٰتنا فی الاٰفاق۔ و فی انفسھم حجۃ قائمۃ وفتح مبین. ان اللّٰہ یفصل بینکم
ان اللّٰہ لا یھدی من ھو مسرف کذّاب۔ یریدون ان یطفئوا نور اللّٰہ بافواھھم
واللّٰہ متم نورہٖ ولو کرہ الکٰفرون ۔نرید ان ننزل علیک اسرارًا من السمآء
ونمزق الاعداء کل ممزق ونری فرعون وھامان وجنودھما ما کانوا یحذرون
سلّطنا کلا با علیک وغیظنا سباعًا من قولک وفتناک فتونا فلا تحزن علی
الذی قالوا ان ربک لبالمرصاد۔ حکم اللّٰہ الرحمٰن لخلیفۃ اللّٰہ السلطان
یوتی لہ الملک العظیم ویفتح علیٰ یدہ الخزائن وتشرق الارض بنور ربھا
ذالک فضل اللّٰہ و فی اعینکم عجیب یعنی جو لوگ توبہ کریں گے اور اپنی حالت کو ﴿۸۵۶﴾
درست کرلیں گے تب میں بھی اُن کی طرف رجوع کروں گا اور میں تواب اور رحیم ہوں۔ بعض
گروہ وہ ہیں جن کے لئے ہم نے ہدایت کو آسان کر دیا اور بعض وہ ہیں جن پر عذاب ثابت
ہوا۔ وہ مکر کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ بھی مکر کر رہا ہے اور وہ خیر الماکرین ہے اور اس کا

مکر بہت بڑا ہے۔ اور تجھے ٹھٹھوں میں اُڑاتے ہیں۔ کیا یہی ہے جو مبعوث ہو کر آیا ہے ان کو کہہ دے کہ اے منکرو! میں صادقوں میں سے ہوں۔ اور کچھ عرصہ کے بعد تم میرے نشان دیکھو گے۔ ہم انہیں ان کے اردگرد اور خود انہیں میں اپنے نشان دکھائیں گے۔ حجت قائم کی جائے گی اور فتح کھلی کھلی ہوگی۔ خدا تم میں فیصلہ کر دے گا۔ وہ کسی جھوٹے حد سے بڑھنے والے کا رہنما نہیں ہوتا۔ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور کو بجھا دیں مگر خدا اسے پورا کرے گا اگرچہ منکر لوگ کراہت ہی کریں۔ ہمارا ارادہ یہ ہے کہ کچھ اسرار تیرے پر آسمان سے نازل کریں اور دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔ اور فرعون اور ہامان اور اُن کے لشکروں کو وہ باتیں دکھا دیں جن سے وہ ڈرتے ہیں۔ ہم نے کتوں کو تیرے پر مسلط کیا۔ اور درندوں کو تیری بات سے غصہ دلایا۔ اور سخت آزمائش میں تجھے ڈال دیا۔ سو تو اُن کی باتوں سے کچھ غم نہ کر۔ تیرا رب گھات میں ہے وہ خدا جو رحمٰن ہے وہ اپنے خلیفہ سلطان کے لئے مندرجہ ذیل حکم صادر کرتا ہے کہ اس کو ایک ملک عظیم دیا جائے گا اور خزائن علوم و معارف اس کے ہاتھ پر کھولے جائیں گے اور زمین اپنے رب کے نور سے روشن ہو جائے گی۔ یہ خدائے تعالیٰ کا فضل ہے اور تمہاری آنکھوں میں عجیب۔ اس جگہ بادشاہت سے مراد دنیا کی بادشاہت نہیں اور نہ خلافت سے مراد دنیا کی خلافت بلکہ جو مجھے دیا گیا ہے وہ محبت کے ملک کی بادشاہت اور معارف الٰہی کے خزانے ہیں جن کو بفضلہٖ تعالیٰ اس قدر دوں گا کہ لوگ لیتے لیتے تھک جائیں گے۔

تمت

﴿۸۵۷﴾

# اکتیسؔ جولائی ۱۸۹۱ء کا (بمقام لودھیانہ) مباحثہ

اور

## حضرت مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب بٹالوی کا واقعات کے برخلاف اشتہار

مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا اشتہار مورخہ یکم اگست ۱۸۹۱ء میری نظر سے گذرا جس کے دیکھنے سے مجھے سخت تعجب ہوا کہ مولوی صاحب نے کیسی بے باکی سے اپنے اس اشتہار کو سراسر افترآت اور اکاذیب سے بھر دیا ہے۔ وہ نہایت چالاکی سے شرائط شکنی کا الزام میرے ذمہ لگاتے ہیں لیکنؔ اصل حقیقت جس کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے یہ ہے کہ وہ ایک دن بھی ﴿۸۵۸﴾ شرائط مقررہ پر قائم نہیں رہ سکے۔ چنانچہ وہ اکثر برخلاف شرط قرار یافتہ کے اوّل مضمون مباحثہ اپنے ہاتھ سے لکھ کر پھر دوسرے سے لکھوا کر اور جا بجا کم و بیش کر کے تحریر ثانی کو دیتے رہے ہیں اور اگر اُن کی اوّل تحریر اور ثانی کا مقابلہ کیا جائے تو صاف ظاہر ہوگا کہ تحریر ثانی میں بہت کچھ تصرف ہے جو طریق دیانت اور امانت سے بالکل بعید تھا یہ اُن کی **پہلی عہد شکنی** ہے جو اخیر تک اُن سے ظہور میں آتی گئی۔ پھر دوسری عہد شکنی یہ کہ انہوں نے پہلے ہی سے یہ عادت ٹھہرا لی کہ سنانے کے وقت تحریر سے تجاوز کر کے بہت کچھ وعظ کے طور پر صرف زبانی کہتے رہے جس کا کوئی نام و نشان تحریر میں نہیں تھا۔ جب انہوں نے اپنی وہ تحریر جو ۶۷ صفحہ کی تھی سنائی تو بکلی شرطوں کو توڑ کر زبانی وعظ شروع کر دیا۔ اور ان زبانی کلمات میں سے ایک یہ بھی تھا کہ میں حدیثوں کے تعارض کو ایک دم میں رفع کر سکتا ہوں۔ ابھی رفع کر سکتا ہوں اور ساتھ اس کے بہت سی تیزی اور خلاف تہذیب اور چالاکی کی باتیں تھیں جن میں بار بار یہ جتلانا انہیں منظور تھا کہ یہ شخص نافہم ہے۔ نادان ﴿۸۵۹﴾ ہے۔ جاہل ہے۔ لیکن اس عاجز نے اُن کی اِن تمام دل آزار باتوںؔ پر صبر کیا اور اُن کی

اس عہد شکنی پر بھی تعرض کرنا مناسب نہ سمجھا تا گریز اور التواء بحث کے لئے ان کو کوئی حیلہ نہ ہاتھ آ جائے۔ وہ قسم کھا کر بیان کریں میں قبول کرلوں گا کہ کیا اُن کی اس عہد شکنی سے پہلے کوئی ایک ذرہ خلاف عہد بات مجھ سے بھی ظہور میں آئی۔ اور اگرچہ مجھے خوب معلوم تھا کہ ایک غیر ضروری بحث طول پکڑتی جاتی ہے اور باوجودیکہ امور مستفسرہ کا جواب شافی کافی دیا گیا ہے پھر بھی مولوی صاحب صرف اصل بحث کو ٹالنے کی غرض سے تمہیدی امور کی بے سود دم کھینچتے چلے جاتے ہیں لیکن میں اس بات سے ڈرتا ہی رہا کہ اگر میں نے کچھ بھی بات کی تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مولوی صاحب ایک بہانہ تراش کر اپنے گھر کی طرف سدھاریں گے حاضرین مجلس جو میرے اور مولوی صاحب کے مباحثات کو دیکھتے رہے محض للہ شہادت دے سکتے ہیں کہ میں نے اُن کی سخت زبانیوں پر بھی جو میرے بالمواجہ اُن سے ظہور میں آتی رہیں بہت صبر کیا اور ہر ایک وقت جو انہوں نے میرا نام جاہل یا نادان رکھا تو میں نے اپنے دل کو سمجھایا کہ سچ تو ہے بجز خداوند علیم مطلق کے کون ہے جو دانا کہلا سکتا ہے اور اگر انہوں نے مجھے مفتری کہا تو میں نے اپنے دل کو تسلی دی کہ پہلے بھی خدا تعالیٰ کے پاک نبیوں کو یہی کہا گیا ہے۔ اور اگر انہوں نے مجھے کاذب کاذب کر کے پکارا تو میں نے اپنے دل پر قرآن کریم کی آیتیں عرض کیں کہ دیکھ پہلے راستباز بھی کاذب کاذب کر کے پکارے گئے ہیں۔ غرض ﴿۸۶۰﴾
اسی طرح میں نے صبر سے گیارہ روز گذارے اور شہر میں اُن کی بدزبانی کا شور پڑ گیا۔ اور جس روز انہوں نے چھہتر۷۶ صفحہ کا جواب سنایا اور بہت کچھ بدزبانی اور چالاکی کی باتیں خارج از تحریر بیان کیں تو اُس وقت میں نے ایک مجمع کثیر کے روبرو جس میں اُن کے خاص دوست مولوی محمد حسن صاحب رئیس لودیانہ بھی تھے انہیں کہہ دیا کہ آج پھر آپ نے عہد شکنی کی اور خارج از تحریر زبانی وعظ کرنا شروع کر دیا۔ اب مجھے بھی حق حاصل ہے کہ میں بھی اپنے مضمون سنانے کے وقت کچھ زبانی وعظ بھی کروں لیکن باوجودیکہ مجھے یہ حق حاصل ہو گیا تھا پھر بھی میں نے جواب سنانے کے وقت اس حق سے بجز ایک دو کلمہ کے کچھ فائدہ نہیں اُٹھایا

۳۱ر جولائی ۱۸۹۱ء کو جب میں جواب سنانے کے لئے گیا تو جاتے ہی مولوی محمد حسین صاحب کے طور بدلے ہوئے نظر آئے۔ اُن کی ہر ایک بات میں کجی معلوم ہوتی تھی اور بداخلاقی کا کچھ انتہا نہ تھا۔ جب میں مضمون حاضرین کے روبرو پڑھنے لگا تو انہوں نے دخل بے جا شروع کیا یہاں تک کہ ایک مرتبہ خواہ نخواہ فضولی کے طور پر بول اُٹھے کہ تم نے کسی کتاب کا نام غلط پڑھا ہے اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس عاجز نے کوئی نام غلط نہیں پڑھا تھا۔ مولوی ﴿۸۶۱﴾ صاحب کو صرف اپنی شیخی اور علمیت ظاہر کرنا منظور تھا جس کے جوش میں آکر انہوں نے ترک گفتگو زبانی کا عہد کئی بار توڑا۔ اور جیسے پل ٹوٹنے سے پانی زور سے بہ نکلتا ہے ایسا ہی اُن کا صبر ٹوٹ کر نفسانی جذبات کا سیلاب جاری ہوا۔ ہر چند کہا گیا کہ حضرت مولوی صاحب آپ سے یہ شرط ہے کہ آپ میری تقریر کے وقت خاموش رہیں جیسا میں خاموش رہا لیکن انہوں نے صبر نہ کیا کیونکہ سچائی کے رعب سے اُن پر حق پوشی کے لئے ایک قلق طاری ہو رہا تھا۔ آخر دیکھتے دیکھتے اُن کی حالت خوفناک ہوگئی مگر شکر للہ کہ اس عرصہ میں تمام مضمون سنایا گیا۔ اور آخری مضمون یہ تھا کہ اب یہ تمہیدی بحث ختم کی گئی کیونکہ امور مستفسرہ کا بہ بسط تمام جواب ہو چکا۔ اور یہ بھی کہا گیا کہ اگر مولوی صاحب کے دل میں اور بھی خیالات باقی ہیں تو بذریعہ اپنے رسالہ کے شائع کریں۔ اس تمہیدی بحث کے ختم کرنے کی وجہ یہی تھی کہ فریقین کے بیانات نہایت طول تک بلکہ دس جزو تک پہنچ چکے تھے اور برابر باراں دن اس ادنیٰ اور تمہیدی مباحثہ میں خرچ ہوئے تھے۔ اور اس تمام بحث میں مولوی صاحب کا صرف ایک ہی سوال بار بار تھا کہ کتاب اللہ اور حدیث کو مانتے ہو یا نہیں جس کا کئی دفعہ ﴿۸۶۲﴾ مولوی صاحب کو کھول کھول کر جواب دیا گیا کہ کتاب اللہ کو بلا شرائط اور حدیث کو بشرط مانتا ہوں اور مکرر استفسار پر اصل منشاء ظاہر کر دیا گیا کہ حدیث کا وہ حصہ جو اخبار اور مواعید اور قصص اور واقعات گذشتہ سے متعلق ہے اس شرط سے قبول کیا جائے گا کہ قرآن کریم کے

اخبار وغیرہ سے معارض نہ ہو لیکن پھر بھی مولوی صاحب بار بار اپنے پرچہ میں یہی لکھتے رہے کہ ابھی میرا جواب نہیں آیا۔ ابھی جواب نہیں آیا۔ حالانکہ اُن کا حق صرف اتنا تھا کہ میرا مذہب دریافت کریں۔ اور جب میں اپنا مذہب بیان کر چکا تو پھر اُن کا ہرگز استحقاق نہ تھا کہ ناحق وہی بات بار بار پوچھیں جس کا میں پہلے جواب دے چکا اور اس طرف لوگ بہت تنگ آ گئے تھے اور بعض لوگ جو دور سے اصل بحث سننے کے لئے آئے تھے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ باراں دن تک اصل بحث کا نام ونشان ظاہر نہیں ہوا تو وہ نہایت دل شکستہ ہو گئے تھے کہ ہم نے یونہی دن ضائع کئے لہٰذا برطبق حدیث **من حسن اسلام المرء ترکہٗ ما لا یعنیہ** سخت ناچار ہو کر اس فضول بحث کو بند کرنا پڑا۔ اگر چہ مولوی صاحب کسی طرح نہیں چاہتے تھے کہ اصل بحث کی طرف آویں اور اس فضول بحث کو ختم کریں بلکہ ڈراتے تھے کہ ﴿۸۶۳﴾ ابھی تو میرے اصول موضوعہ اور بھی ہیں جن کو میں بعد اس کے معرض بحث میں ڈالوں گا۔ اور لوگ جلتے تھے کہ خدا آپ کے اصول موضوعہ کا ستیاناس کرے آپ کیوں اصل بحث کی طرف نہیں آتے۔ اب ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ مولوی صاحب کی یہ شکایت کس قدر ہیچ ہے کہ مجھے جواب لکھنے کے لئے اپنا مضمون نہیں دیا۔ ظاہر ہے کہ جس حالت میں یہ عاجز حسب رائے عام یہ بحث تمہیدی ختم کر چکا تھا تو پھر مولوی صاحب کو تحریری جواب کا کیوں موقعہ دیا جاتا۔ اگر وہ جواب تحریر کرتے تو پھر میری طرف سے بھی جواب الجواب چاہیے تھا۔ اس صورت میں یہ تسلسل کب اور کیوں کر ختم ہو سکتا تھا میں نے بے وقت اس تمہیدی بحث کو ختم نہیں کیا بلکہ باراں دن ضائع کر کے اور مضمون بحث کو دس جزو تک پہنچا کر اور اکثر لوگوں کا واویلا اور شکایت سن کر بدرجہ ناچاری مباحثہ کو ختم کیا اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ اب اصل بحث شروع کریں میں حاضر ہوں لیکن وہ اصل بحث سے تو ایسا ڈرتے تھے جیسا کہ ایک بچہ شیر سے اور چونکہ پہلا سوال مولوی محمد حسین صاحب کی طرف سے تھا اس لئے یہ میرا حق بھی تھا کہ میرے جواب پر ہی بحث ختم ہوتی تا ۶ چھ پرچے اُن کے اور ۶ چھ پرچے ﴿۸۶۴﴾

میرے بھی ہو جاتے چونکہ مولوی صاحب کی نیت نیک نہیں تھی اس لئے انہوں نے اس بحث کا خاتمہ سن کر جس قدر جوش دکھلایا اور جس قدر خشونت وحشیانہ ظاہر کی اور جس قدر خلاف تہذیب کلمات اس جوش کی حالت میں اُن کے منہ سے نکلے وہ اُن سب پر ظاہر ہیں جو اُس وقت حاضر تھے۔ انہوں نے ایک یہ بھی چالاکی اختیار کی کہ اپنی جماعت کے لوگوں کے نام بطور گواہوں کے اپنے اشتہار پر لکھ دئے تا لوگوں کو یہ خیال پیدا ہو کہ وہ فی الحقیقت سچے ہیں تبھی تو اتنے گواہ اُن کے بیان کے مصدق ہیں لیکن یہ کس قدر بددیانتی ہے کہ اپنی ہی جماعت کو جو اپنے حامی اور انصار اور ایک ہی مدعا میں شریک ہوں بطور گواہوں کے پیش کیا جائے۔ آخر اس جلسہ میں ثالث آدمی بھی تو موجود تھے جن کو فریقین سے کچھ تعلق نہ تھا جیسے حضرت خواجہ احسن شاہ صاحب آنریری مجسٹریٹ و رئیس اعظم لودیانہ جو اس شہر کے ایک نامی معزز اور منتخب رئیس اور صادق اور راستباز آدمی ہیں۔ اور ایسا ہی منشی میراں بخش صاحب اکونٹنٹ جو ایک معزز عہدہ دار اور متانت شعار اور اپنے عہدہ اور تنخواہ کی رو سے اکسٹرا اسسٹنٹوں کے ہم رُتبہ ہیں۔ ایسا ہی حاجی شہزادہ عبدالمجید خاں صاحب۔ ڈاکٹر مصطفٰے علی صاحب خواجہ محمد مختار شاہ صاحب رئیس اعظم لودیانہ۔ خواجہ عبدالقادر شاہ صاحب۔ ماسٹر چراغ الدین صاحب۔ منشی محمد قاسم صاحب۔ ماسٹر قادر بخش صاحب۔ میاں شیر محمد خاں صاحب جھجر والہ اور کئی اور معزز بھی موجود تھے۔ ان تمام معزز رئیسوں اور عہدہ داروں اور بزرگوں کو کیوں گواہی سے باہر رکھا گیا اور کیوں اُن کی شہادتیں درج نہ ہوئیں۔ حالانکہ فقط جناب خواجہ احسن شاہ صاحب رئیس اعظم کی گواہی ہزار عوام الناس کی گواہی کے برابر تھی۔ اس کا سبب یہی تھا کہ اِن بزرگوں کے بیان سے اصل حقیقت کھلتی تھی۔ افسوس کہ مولوی محمد حسین صاحب نے علاوہ اِن اکاذیب کے جو بحث کے متعلق بیان کئے ایک بازاری جھوٹ ہے جو بحث سے کچھ بھی تعلق نہیں رکھتا ناحق اپنے اشتہار میں لکھ دیا۔ چنانچہ وہ اس عاجز کی نسبت اپنے اشتہار میں لکھتے ہیں کہ مجلس سے

﴿۸۶۵﴾

اُٹھ کھڑے ہوئے اور گاڑی میں کہ جو چیکی دروازہ پر کھڑی تھی ایسے جلدی ہوا ہو کر بھاگے
کہ آپ کے ہمراہی چلتی گاڑی پر دوڑ کر سوار ہوئے۔ اس افتراء کا میں کیا جواب دوں۔ بجز
اس کے کہ علی الکاذبین کہوں یا آپ ہی کا قول مندرجہ اشتہار آپ کی خدمت میں واپس دوں ﴿۸۶۶﴾
کہ جھوٹے پر اگر ہزار لعنت نہیں تو پانچ سو سہی۔ حضرت وہ گاڑی منشی میراں بخش صاحب
اکونٹنٹ کی تھی جو دروازے پر کھڑی تھی اور وہ خود جلسہ بحث میں تشریف رکھتے تھے اور وہی
اس پر سوار ہو کر آئے تھے۔ تمام بازاری اس بات کے گواہ ہیں۔ منشی صاحب موصوف سے
دریافت کیجئے کہ برخاست جلسہ بحث کے وقت اس پر کون سوار ہوا تھا اور کیا میں اپنے مکان
تک آہستہ چال سے پیادہ آیا تھا یا اُس گاڑی پر ایک قدم بھی رکھا تھا۔ میرے ساتھ اُس وقت
شاید قریب تیس ۳۰ آدمی کے ہوں گے جو سب پیادہ آئے تھے اور جب ہم اپنے مکان کے قریب
پہنچ گئے تو منشی میراں بخش صاحب گاڑی پر سوار آپہنچے اور عذر کیا کہ میں سوار آیا اور آپ
پیادہ آئے۔ اس قدر افتراء کیا اندھیر کی بات ہے کیا جھوٹ مولویوں کے ہی حصہ میں آ گیا۔
میں پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ آپ کی عہد شکنی نہایت قابل افسوس ہے۔ آپ اس بات کو مانتے
ہیں کہ آپ سے یہ شرط ہو چکی تھی کہ زبانی گفتگو ایک کلمہ تک نہ ہو جو کچھ ہو بذریعہ تحریر
ہو جیسا کہ آپ نے اپنے اشتہار میں بھی لکھ دیا ہے لیکن آپ کو معلوم ہے کہ آپ نے عمداً
اس شرط کو توڑ دیا اور جب آپ توڑ چکے اور عہد شکنی کے طور پر مضمون سنانے کے محل میں ﴿۸۶۷﴾
زبانی وعظ بھی کر چکے تب میں نے آپ کو کہا کہ اب زبانی وعظ کرنا میرا بھی حق ہو گا۔
پس اگر میں نے مضمون سنانے کے وقت میں چند کلمے زبانی بھی کہے تو کیا یہ عہد شکنی تھی
یا آپ کی عہد شکنی کا عوض معاوضہ تھا جس کی نسبت میں وعدہ کر چکا تھا۔ حضرت مولوی
محمد حسن صاحب جو رئیس اور آپ کے دوست ہیں جن کے مکان پر آپ نے یہ عہد شکنی
کی تھی اگر قسم کھا کر میرے روبرو میرے اس بیان کا انکار کریں تو پھر میں اس الزام سے
دست بردار ہو جاؤں گا ورنہ آپ ناراض نہ ہوں۔ آپ بلاشبہ جریمہ عہد شکنی کے کئی دفعہ

مرتکب ہوئے اور نخوت سے بھرا ہوا جوش آپ کو اس جرم کا مرتکب بناتا رہا۔ آخری روز میں بھی آپ سے یہی حرکت صادر ہوئی اور وحشیانہ غیظ وغضب اس کے علاوہ ہوا جس کی وجہ سے آپ سے بحکم آیۃ کریمہ اَعْرِضْ بکلّی اِعراض لازم آیا۔ اور آپ کو نقل جواب نہ دی گئی۔ حضرت! آپ کے لفظ لفظ میں نخوت اور تکبر بھرا ہوا ہے اور فقرہ فقرہ سے اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ کی بدبو آرہی ہے۔ بھلا ایک کتاب کے نام کی غلطی کا الزام دینا کیا یہی تہذیب تھی۔ اور وہ بھی سفلہ طبع ملاّؤں کی طرح سراسر دروغ۔ اگر میں چاہتا تو آپ کی صرف نحو بھی اُسی وقت لوگوں کو دکھلا دیتا لیکن یہ کمینگی کی خصلت مجھ سے صادر نہیں ہو سکتی تھی۔ میں دیکھتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ اگر آپ اپنے اِس تعصب اور پست خیالی سے تائب نہیں ہوں گے تو خدائے تعالیٰ ﴿۸۶۸﴾
جیسا کہ قدیم سے اس کی سنت ہے آپ کے علم کی بھی پردہ دری کرے گا اور آپ کو آپ کا اصلی چہرہ دکھلاوے گا۔ جس وقت آپ اس عاجز کی نسبت یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص بے علم اور نادان اور جاہل اور مفتری ہے تو آپ کا ایسی چالاکیوں سے صرف یہ مطلب ہوتا ہے کہ تا لوگوں کے ذہن نشین کریں کہ میں بڑا عالم اور دانا اور صاحب علم اور معرفت اور نیز صادق آدمی ہوں لیکن اپنے منہ سے کوئی مرتبہ انسان کو نہیں مل سکتا جب تک آسمانی نور اس کے ساتھ نہ ہو۔ اور جس علم کے ساتھ آسمانی نور نہیں وہ علم نہیں وہ جہل ہے۔ وہ روشنی نہیں وہ ظلمت ہے۔ وہ مغز نہیں وہ اُستخواں ہے۔ ہمارا دین آسمان سے آیا ہے اور وہی اس کو سمجھتا ہے جو وہ بھی آسمان سے ہی آیا ہو۔ کیا خدائے تعالیٰ نے نہیں فرمایا لَا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ [1] میں قبول نہیں کروں گا اور ہرگز نہیں مانوں گا کہ آسمانی علوم اور اُن کے اندرونی بھید اور اُن کے تہ درتہ چھپے ہوئے اسرار زمینی لوگوں کو خود بخود آ سکتے ہیں۔ زمینی لوگ دابۃ الارض ہیں مسیح السماء نہیں ہیں۔ مسیح السماء آسمان سے اُترتا ہے اور اُس کا خیال آسمان کو مَسح ﴿۸۶۹﴾
کر کے آتا ہے اور روح القدس اُس پر نازل ہوتا ہے اس لئے وہ آسمانی روشنی ساتھ رکھتا ہے لیکن دابۃ الارض کے ساتھ زمین کی غلاظتیں ہوتی ہیں اور نیز وہ انسان کی پوری شکل نہیں رکھتا

[1] الواقعة: ۸۰

بلکہ اُس کے بعض اجزاء مسخ شدہ بھی ہوتے ہیں۔ اِسی وجہ سے میں نے کہا تھا کہ آپ ناراض نہ ہوں۔ آپ دین کے حقیقی علم سے بے خبر ہیں۔ خدا تعالیٰ آپ کے ہر یک تکبر کو توڑ دے گا اور آپ کا چہرہ آپ کو دکھلا دے گا۔ افسوس کہ آپ کی کچی باتیں آپ کو شرمندہ نہیں کرتیں۔ اور باوجود سخت لاجواب ہوجانے کے پھر بھی علم حدیث کا دعویٰ چلا جاتا ہے۔ آپ نے کہا تھا کہ **الدجّال** سے مراد خاص **مسیح الدجّال** نہیں بلکہ دوسرے دجالوں کی نسبت بھی صحاح میں **الدجّال** بولا گیا ہے لیکن جب آپ کو کہا گیا کہ یہ سراسر آپ کی غلطی ہے آپ کو حدیث رسول اللہ کا حقیقی علم نصیب نہیں۔ اگر آپ بجز دجال معہود کے کسی اور کی نسبت یہ لفظ صحاح ستہ میں اطلاق پانا ثابت کریں تو آپ کو پانچ روپے بطور تاوان ملیں گے تو آپ ایسے چپ ہوئے کہ کوئی جواب آپ سے بن نہ پڑا۔ یہ غرور اور تکبر کی سزا ہے کیا۔ بے علمی اسی کا نام ہے یا کسی اور چیز کا کہ آپ نے **الدجّال** کے متعلق حدیث رسول اللہ کے اُلٹے معنے کئے اور محض افتراء کے طور پر کچھ کا کچھ گھڑ کے سنا دیا۔ یہی حدیث دانی ہے؟ پھر آپ نے ﴿۸۷۰﴾ دعویٰ کیا تھا کہ میں صحیحین کی حدیثوں کا تعارض دور کرسکتا ہوں۔ اِس کے جواب میں آپ کو کہا گیا کہ اگر آپ قبول کریں تو چند منصف مقرر کر کے چند متعارض حدیثیں آپ کے سامنے بغرض تطبیق و توفیق پیش کی جائیں گی۔ اگر آپ اپنی علمی لیاقت سے تعارض دور کر کے دکھلا دیویں گے تو پچیس روپے آپ کو انعام ملیں گے اور آپ کی علمیت مسلّم ٹھہر جائے گی اور اگر چپ رہیں تو آپ کی بے علمی ثابت ہوگی لیکن آپ چپ رہے۔ سو میں مکرر کہتا ہوں کہ ہر چند جہل مرکب کی وجہ سے آپ کو دعویٰ علم دین بہت ہے مگر آپ خوب یاد رکھیں کہ جب تک ان تمام آزمائشوں میں آپ صادق نہ نکلیں تب تک یہ دعویٰ بے اصل و بے دلیل ہے۔ اور پھر یہ بھی یاد رکھیں کہ ان آزمائشوں میں ہرگز آپ عزت کے ساتھ اپنا انجام نہیں دیکھیں گے۔ یہ سزا اس کبر کی ہے کہ خدائے تعالیٰ ہر ایک متکبر کو دیتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ[1] اور آپ کا وہ جوش جس کی وجہ سے شرطی طور پر

[1] لقمان: ۱۹

آپ نے اپنی دونوں بیویوں کو طلاق دے دی۔ ہر یک دانا کی نظر میں قابل ہنسی ہے کیونکہ
آپ کو تلویح کی عبارت کا ایک حصہ سنا دیا گیا تھا جس کے حوالہ سے وہ حدیث بیان کی گئی ﴿۸۷۱﴾
تھی اور ظاہر ہے کہ صاحب تلویح نے بطور شاہد اپنے تئیں قرار دے کر بیان کیا ہے کہ وہ
حدیث یعنی عرض الحدیث علی القرآن کی حدیث بخاری میں موجود ہے۔ اب اس کے مقابل
پر یہ عذر پیش کرنا کہ نسخہ جات موجودہ بخاری جو ہند میں چھپ چکے ہیں ان میں یہ حدیث
موجود نہیں۔ سراسر نا سمجھی کا خیال ہے کیونکہ علم محدود کے عدم سے بکلّی عدم شے لازم نہیں آتا۔
جس حالت میں ایک سرگروہ مسلمانوں کا اپنی شہادت رویت سے اس حدیث کا بخاری میں
ہونا بیان کرتا ہے اور آپ کو یہ دعویٰ نہیں اور نہ کر سکتے ہیں کہ تمام دنیا کے نسخہ جات بخاری
کے قلمی و غیر قلمی آپ دیکھ چکے ہیں۔ پھر کس قدر فضولی ہے کہ صرف چند نسخوں پر بھروسہ کر کے
بے گناہ عورتوں کو طلاق دی جائے۔ اگر ثانی الحال کوئی قلمی نسخہ نکل آوے جس میں یہ حدیث
موجود ہو تو پھر آپ کا کیا حال ہو۔ مومن کی شہادت عندالشرع قابل پذیرائی ہوتی ہے اور
فقط ایک کی شہادت رویت ماہ رمضان سے تمام دنیا کے مسلمانوں پر روزہ رکھنا فرض ہو جاتا
ہے۔ اس صورت میں علّامہ تفتازانی صاحب تلویح کی شہادت بالکل ضائع اور نکمی نہیں ہو سکتی
بخاری کے مطبوعہ نسخوں میں بھی بعض الفاظ کا اختلاف موجود ہے۔ پھر سارے جہان کے قلمی ﴿۸۷۲﴾
نسخوں کا کون ٹھیکہ لے سکتا ہے۔ پس آپ کی بے دلیل نفی بے سود ہے۔ حضرت! مثبت کے
بیان کو قواعد تحقیق کی رو سے ترجیح ہوتی ہے کیونکہ اس کے ساتھ زیادت علم ہے۔ اب اس
شہادت کے مقابل پر جو عندالشرع قابل قبول ہے جب تک آپ سارے زمانہ کے قلمی
نسخے نہ دکھا دیں اور صاحب تلویح کا کذب ثابت نہ کر لیں تب تک احتمالی طور پر طلاق واقعہ
ہوگئی ہے۔ علماء کو پوچھ کر دیکھ لیں۔ صاف ظاہر ہے کہ اگر صاحب تلویح اپنی رویت میں کاذب
ہوتا تو اُسی زمانہ میں علماء کی زبان سے اس کی تشنیع کی جاتی اور اس سے جواب پوچھا جاتا۔
اور جبکہ کوئی جواب پوچھا نہیں گیا تو یہ دوسری دلیل اِس بات پر ہے کہ درحقیقت اس کی

رویت صحیح تھی۔ اور ان سب کا سکوت بطور شواہد مل کر اس امر کو اور بھی قوت دیتا ہے کہ درحقیقت وہ حدیث صاحب تلویح نے بخاری میں دیکھی تھی۔ اور جس حالت میں صاحب بخاری تین لاکھ حدیثیں یاد رکھتے تھے اس صورت میں کیا قرین قیاس نہیں کہ بعض حدیثوں کے لکھنے میں نسخوں میں کمی بیشی ہو۔ اور اس طلاق کے مقابل پر میرا اشتہار لکھنا محض فضول تھا۔ اس سے
﴿۸۷۳﴾ اگر کچھ ثابت ہو تو فقط یہ ثابت ہوگا کہ بے وجہ نکتہ چینیاں آپ کی عادت ہے۔ حضرت! آپ جانتے ہیں کہ یوں تو ہر ایک شخص کو اختیار ہے کہ اپنی بیوی کو نافرمان یا سرکش یا بدزبان یا بکلی ناہموار اور ناموافق پاکر اس کو طلاق دے دیوے۔ اس طرح تو پیغمبر بھی دیتے رہے ہیں لیکن ایک شخص بحث اور جھگڑا تو لوگوں سے کرے اور ناحق اپنی بے خبر اور بے گناہ بیویوں کو غصہ میں آکر طلاق دیوے یہ امر وحشیانہ اور سراسر خلاف تہذیب ہے۔ کیا مناسب ہے کہ گناہ کسی کا ہو اور مارا جائے کوئی۔ کیا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا کوئی نمونہ پایا جاتا ہے۔ آپ کا یہ بھی جھوٹ ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام **ابوحنیفہ** کی تحقیر نہیں کی۔ اگر آپ کو ایک بات میں نادان کہا جائے تو آپ کو کیسا غصہ آتا ہے مگر آپ نے تو امام صاحب کو حدیث رسول اللہ سے قریب قریب محروم مطلق کے ظاہر کیا۔ کیا یہ تحقیر نہیں؟ ہمارے اور آپ کے حنفی علماء منصف رہے۔ پھر آپ اپنے اشتہار میں میرے اس قول کو اکاذیب میں داخل قرار دیتے ہیں کہ ابن صیاد کے دجال ہونے پر صحابہ کا اجماع تھا خدائے تعالیٰ آپ کے حال
﴿۸۷۴﴾ پر رحم کرے۔ کیا خود ابن صیاد کے بیان سے جو بعد مشرف باسلام ہونے کے اس نے کیا تھا جو صحیح مسلم میں موجود ہے ثابت نہیں ہوتا کہ صحابہ اس کو دجال معہود کہتے تھے۔ کیا اس حدیث میں کوئی صحابی باہر بھی رکھا ہے جو اس کو دجال معہود نہیں سمجھتا تھا یا کیا اس خبر کے مشہور ہونے کے بعد کسی صحابی کا انکار مروی ہے۔ اس کا ذرہ نام تو لو۔ کیا آپ کو خبر نہیں کہ اصول فقہ کی رو سے اجماع کی قسموں میں سے ایک سکوتی اجماع بھی ہے۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ابن صیاد کے دجال معہود ہونے پر حضرت عمرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں قسم کھائی

جس پر نہ خود آنجناب نے انکار کیا اور نہ صحابہ حاضرین میں سے کوئی منکر ہوا۔ کیا یہ حدیث مسلم میں نہیں ہے اور آپ کا یہ عذر کہ الدجّال دجال معہود کا خاص نام نہیں ہے، آپ کی غباوت اور کم علمی پر اوّل درجہ کی شہادت ہے۔ حضرت مولوی صاحب! اگر آپ صحیح بخاری یا مسلم یا کسی اور صحیح حدیث سے یہ مجھے ثابت کر کے دکھلا ویں کہ الدجّال کا لفظ بجز دجال معہود کے کسی اور پر بھی صحابہ کے منہ سے اطلاق پایا ہے تو میں بجائے پانچ روپے کے پچاس روپے آپ کی نذر کروں گا۔ آپ کیوں اپنی پردہ دری کراتے ہیں۔ چپکے رہیں حقیقت معلوم شد۔

﴿۸۷۵﴾ پھر ایک اور جھوٹ اور افتراء میرے پر آپ نے اپنے اشتہار میں یہ کیا ہے کہ گویا میں سچ مچ اپنے علم یقینی اور قطعی سے بخاری اور مسلم کی بعض احادیث کو موضوع سمجھتا ہوں۔ حضرت میرا یہ قول نہیں۔ معلوم نہیں کہ آپ کیوں اور کس وجہ سے اس قدر افتراء میرے پر دھاپ رہے ہیں اور کب سے جعلسازی کی مشق آپ کو ہو گئی ہے۔ میں تو صرف اس قدر کہتا ہوں کہ اگر بخاری اور مسلم کی بعض اخباری حدیثوں کے اس طرز پر معنے نہ کئے جاویں جو قرآن کے اخبار سے مطابق و موافق ہوں تو پھر اس صورت میں وہ حدیثیں موضوع ٹھہریں گی کیونکہ اصول فقہ کا یہ مسئلہ ہے کہ **انما یرد خبر الواحد من معارضة الکتٰب** میں نے کب اور کس وقت کہا تھا کہ درحقیقت قطعی اور یقینی طور پر فلاں فلاں حدیث بخاری یا مسلم کی میرے نزدیک موضوع ہے۔ مولوی صاحب حیا اور شرم شعبہ ایمان ہے **فاتقوا اللّٰہ و کونوا من المؤمنین**۔ پھر آپ اپنی ٹانگ خشک ہونے کی خواب سے نیم انکار کر کے لکھتے ہیں کہ یہ نقل کذب اور افتراء سے خالی نہیں۔ آپ کا یہ مقدّمانہ فقرہ صاف دلالت کر رہا ہے کہ کسی قدر اس بیان کی صداقت کا آپ کو اقرار ہے کیونکہ آپ کا چھپا ہوا یہ منشاء ہے کہ اس خواب کو جیسا کہ نقل کیا گیا ہے وہ صورت نقل افتراء سے خالی نہیں

﴿۸۷۶﴾ کیونکہ آپ نے یہ بیان نہیں کیا کہ یہ نقل سراسر افتراء ہے بلکہ یہ بیان کیا ہے کہ یہ نقل افتراء سے

خالی نہیں جس سے معلوم ہوا کہ دال میں کالا ہے۔ اور ضرور آپ نے اس قسم کی خواب دیکھی ہے گو اس میں ٹانگ خشک ہو یا ہاتھ خشک ہو یا اور امور زائدہ ساتھ لگے ہوئے ہوں۔ حضرت آپ نے یہ خواب ضرور دیکھی ہے آپ کا یہ پہلودار فقرہ ہی دلالت کر رہا ہے کہ ضرور آپ نے ایسی خواب دیکھی ہے۔ بھلا ذرہ قسم تو کھاویں کہ ہم نے کچھ نہیں دیکھا اور میں پیشگوئی کرتا ہوں کہ آپ کبھی قسم نہ کھائیں گے کیونکہ یہ دعویٰ سراسر دروغ ہے۔ آپ اگر سچے ہیں تو لاہور میں ایک جلسہ مقرر کر کے حاضرین کے سامنے قسم کھالیں کہ میں نے کچھ نہیں دیکھا اور حاضرین میں وہ لوگ بھی ہوں گے جن کو ایسی روایت سے تعلق ہے۔ جس وقت آپ مجھے قسم کھانے کے لئے اطلاع دیں گے میں حاضر ہو جاؤں گا تا آپ کی ایمانداری اور صداقت شعاری دیکھ لوں کہ کہاں تک آپ کو کذب اور افتراء سے پرہیز ہے۔ تب تسلّی رکھیں کہ ساری حقیقت کھل جائے گی اور آپ کی راستگوئی کا آپ کے شاگردوں پر بھی نمونہ ظاہر ہو جائے گا۔
اور جو آپ نے اس عاجز کی نسبت اپنی چند خوابیں تحریر کی ہیں اگر وہ صحیح بھی ہیں تب بھی اُن کی وہ تعبیر نہیں جو آپ نے سمجھی ہے بلکہ بسا اوقات انسان دوسرے کو دیکھتا ہے اور اس سے مراد ﴿۸۷۷﴾
اپنا نفس ہی ہوتا ہے معبرین نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص مثلاً کسی نبی کو خواب میں نابینا یا مجذوم یا کسی حیوان کی شکل میں دیکھے تو اس کی یہ تعبیر ہوگی کہ یہ دیکھنے والا خود اِن آفتوں میں مبتلا ہے۔ مثلاً اگر اُس نے کسی مقدس آدمی کو یک چشم دیکھا ہے تو اس کی یہ تعبیر ہوگی کہ دین میں وہ آپ ہی ناقص ہے۔ اور اگر مجذوم دیکھا ہے تو اس کی یہ تعبیر ہوگی کہ وہ آپ ہی فساد میں پڑا ہوا ہے۔ اور اگر اُس نے نبی کی مسخی صورت دیکھی ہے تو اس کی یہ تعبیر ہوگی کہ وہ آپ ہی اپنے دین میں مسخی صورت رکھتا ہے۔ کیونکہ مقدس لوگ آئینہ کی طرح ہوتے ہیں۔ انسان جو کچھ اُن کی شکل اور وضع میں اپنی رؤیا میں فرق دیکھتا ہے۔ درحقیت وہ عیب اُس کے اپنے وجود میں ہی ہوتا ہے۔ اور جس بدعملی میں اُس کو مشاہدہ کرتا ہے درحقیقت اس کا آپ ہی مرتکب ہوتا ہے۔ تعبیر رویت ابرار میں یہ اصول محکم ہے اس کو یاد رکھنا چاہیے۔ ایک مدت کی

بات ہے کہ ایک نے میرے پاس بیان کیا کہ میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ نعوذ باللہ نابینا تھا۔ میں نے کہا کہ تو ابراہیم کی سنت کا منکر اور اس کے دیکھنے سے نابینا ہے۔ ایسا ہی ایک ہندو بڈھے نے بیان کیا کہ نعوذ باللہ حضرت مسیح کو میں نے مجذوم دیکھا ہے۔ میں نے اس کی تعبیر کی کہ تیری بد دینی نا قابل علاج ہے تو کسی عیسیٰ دم سے اچھا نہیں ہوگا۔ ایک نے ﴿۸۷۸﴾ میرے پاس بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نیلا تہ بند باندھا ہوا ہے اور باقی بدن سے ننگے ہیں اور دال روٹی کھا رہے ہیں میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ دیکھنے والے کو غم اور فقر و فاقہ آئے گا اور اُس کا کوئی دستگیر نہیں ہوگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ایک مرتبہ میرے اُستاد مرحوم مولوی فضل احمد صاحب نے میرے پاس بیان کیا کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی کوٹھڑی میں اسیروں کی طرح بیٹھے ہیں جس میں آگ اور بہت سا دھواں ہے اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ گرداگرد اس کوٹھڑی کے پہرہ داروں کی طرح عیسائی کھڑے ہیں۔ اور مولوی صاحب بہت متوحش تھے کہ اس کی کیا تعبیر ہے۔ تب خدا تعالیٰ نے فی الفور میرے دل پر القاء کیا کہ یہ سب دیکھنے والے کا حال ہے جو اس پر ظاہر کیا گیا۔ وہ بے ایمان ہو کر مرے گا اور آخر جہنم اُس کا ٹھکانہ ہوگا اور عیسائیوں میں مل جائے گا۔ مولوی صاحب اس تعبیر کو سنتے ہی باغ باغ ہو گئے اور مارے خوشی کے چہرہ روشن ہو گیا۔ اور فرمانے لگے کہ یہ خواب پوری ہو گئی اور تھوڑا عرصہ ہوا کہ وہ شخص اس خواب کے دیکھنے کے بعد عیسائی ہو گیا☆۔ غرض اس بات میں ﴿۸۷۹﴾ مَیں صاحب تجربہ ہوں۔ مولوی صاحب کو چاہیے کہ ڈریں اور توبہ کریں کہ اُن کے آثار اچھے نظر نہیں آتے۔ یہ اُن کی ساری خوابیں اُن کی پہلی خواب کی مؤید ہیں۔ رہا یہ عاجز

☆ **نوٹ** رسالہ **کامل التعبیر** کے صفحہ ۲۶ میں لکھا ہے کہ اگر کسے بیند کہ اندامے از اندامہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کم بود آں نقصان نقصان دین بینندہ باشد۔ ابن سیرین رحمہ اللہ گوید کہ اگر کسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را ناقص بیند آں نقصان بہ بینندہ باز گردد۔ (دیکھو رسالہ **کامل التعبیر** ص۲۶)۔ **منہ**

حاشیہ

تو میری صداقت یا عدم صداقت کا امتحان آسان ہے۔ صرف بے ہودہ خوابوں سے میرے پر
کوئی الزام نہیں آ سکتا اگر فرض کے طور پر مولوی صاحب کی خوابیں میری طرف منسوب کی
جائیں تب بھی ظاہر ہے کہ ہر یک دشمن اپنی دشمنی کے جوش میں اپنے مخالف کو خواب کی حالت
میں کبھی سانپ کی شکل میں دیکھتا ہے اور کبھی کسی اور درندہ کی شکل میں۔ اور یہ قانون قدرت
ہے جو اس پر طاری ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ ایک اُس کا دشمن اس کو سانپ کی شکل میں نظر آوے یا
کسی درندہ وغیرہ کی شکل میں کیونکہ عداوت کی حالت میں ایسی تمثیلات خود طبیعت عدوّانہ ﴿۸۸۰﴾
اپنے جوش سے پیدا کر لیتی ہے۔ یہ نہیں کہ اس مقدس کی اصل شکل یہی ہوتی ہے۔ بعض
اوقات حیوانی شکل قابل اعتراض بھی نہیں ہوتی۔ حضرت مسیح بعض پہلے نبیوں کو برہ کی شکل پر
نظر آئے اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو گائیوں کی شکل پر دیکھا اور یہ بات
یعنی یہ جو میں نے ابھی بیان کیا ہے کہ میری صداقت یا عدم صداقت کا امتحان آسان ہے اس کی
زیادہ تفصیل یہ ہے کہ میرا تو خدا تعالیٰ کے اعلام و افہام سے یہ دعویٰ ہے کہ اگر دنیا کے تمام لوگ
ایک طرف ہوں اور ایک طرف یہ عاجز ہو اور آسمانی امور کے انکشاف کے لئے ایک دوسرے
کے قرب اور وجاہت عنداللہ کا امتحان کریں تو میں حلفاً کہتا ہوں کہ مجھے پورا یقین ہے کہ میں
ہی غالب آؤں گا۔ خداوند علیم وحکیم کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ آج تک صدہا نشان آسمانی میرے پر
ظاہر ہو چکے ہیں اور بہت سے لوگ ان نشانوں کے دیکھنے والے موجود ہیں۔ میں نے ۳۱؍ جولائی
۱۸۹۱ء کے خاتمہ مضمون میں عام طور پر سنا دیا تھا کہ میرے نشانوں کے دیکھنے والے اسی مجلس میں
موجود ہیں۔ اگر چاہو تو حلفاً اُن سے تصدیق کرا لو مگر آپ نے دم نہ مارا۔ پھر میں نے آواز ﴿۸۸۱﴾
بلند سے تین سو آدمی کی مجلس میں جن میں بعض عیسائی صاحبان اور ایڈیٹر صاحب پرچہ
نور افشاں بھی موجود تھے یہ بھی سنا دیا تھا کہ مولوی صاحب کو اگر اپنے اہل باطن ہونے کا گمان ہے
تو چالیس دن تک میرے ساتھ مقابلہ کے طور پر خدائے تعالیٰ کی جناب میں توجہ کریں اگر میں
آسمانی امور کے انکشاف اور نشانوں کے ظہور میں مولوی صاحب پر غالب نہ آیا تو جس ہتھیار

سے چاہیں مجھے ذبح کر دیں لیکن آپ نے اس کے جواب میں بھی دم نہ مارا۔ اگر آپ کو بھی سچی خوابیں آتی ہیں اضغاثِ احلام نہیں اور اعتماد کے لائق ہیں تو میرے مقابل پر آپ کیوں چپ رہے کیا آپ کے دروغ بے فروغ پر اس سے زیادہ کوئی اور دلیل ہوگی۔ اور میں تو اب بھی حاضر ہوں۔ میدان میں کھڑا ہوں۔ یقیناً یاد رکھیں کہ وہ نور جو آسمان سے اُترا ہے آپ کی منہ کی پھونکوں سے بجھ نہیں سکتا۔ آپ اپنے منہ کی فکر کریں۔ ایسا نہ ہو کہ پھونکیں مارتے مارتے ایک شعلہ اُٹھے اور آپ کے منہ کی مسخی صورت بنا دے۔ **من عادیٰ** کی حدیث آپ کو یاد نہیں جس کو ارادت کی راہ سے میری طرف لکھا کرتے تھے۔ اب آپ نے مجھے مفتری بنایا۔ ﴿۸۸۲﴾ کاذب قرار دیا۔ مکار نام رکھا۔ دجال کے اسم سے موسوم کیا مگر اپنے ہی ریویو کی وہ عبارتیں آپ کو یاد نہ رہیں جو آپ براہین احمدیہ کے ریویو نمبر ۶ جلد سات ۷ میں لکھ چکے ہیں چنانچہ آپ بغرض تعریف وتوصیف کتاب موصوف کے صفحہ ۲۸۴ میں لکھتے ہیں۔

مؤلف براہین احمدیہ کے حالات وخیالات سے جس قدر ہم واقف ہیں ہمارے معاصرین ایسے واقف کم نکلیں گے۔ مؤلف صاحب ہمارے ہموطن بلکہ اوائل عمر کے ہمارے ہم مکتب ہیں اس زمانہ سے آج تک خط وکتابت وملاقات ومراسلت برابر جاری ہے۔(۲۸۴)

مؤلف براہین احمدیہ مخالف وموافق کے تجربہ اور مشاہدہ کی رو سے **واللّٰہ حسیبہ** شریعت محمدیہ پر قائم اور پرہیزگار وصداقت شعار ہیں (ص ۱۶۹) کتاب براہین احمدیہ (یعنی تالیف اس عاجز کی) ایسی کتاب ہے جس کی نظیر آج تک اسلام میں تالیف نہیں ہوئی۔ اور اس کا مؤلف اسلام کی مالی وجانی وقلمی ولسانی وحالی وقالی نصرت میں ایسا ثابت قدم نکلا ہے جس کی نظیر پہلی کتابوں میں بہت ہی کم پائی گئی ہے۔ اے خدا اپنے ﴿۸۸۳﴾ طالبوں کے رہنما اِن پر اِن کی ذات سے اِن کے ماباپ سے تمام جہان کے مشفقوں سے زیادہ رحم کر اور اس کتاب کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالدے اور اس کی برکات سے مالا مال کر دے اور اس خاکسار شرمسار گنہگار کو بھی اپنے فیوض وانعامات اور اس کتاب کی اخص برکات سے فیضیاب کر۔ آمین **و للارض من کاس الکرام نصیب** صفحہ ۳۴۸۔

اب حضرت سمجھ کر اور سوچ کر جواب دیں کہ یہ عبارتیں میرے حق میں آپ ہی کی ہیں یا کسی اور کی۔ اور یقیناً سمجھیں کہ آپ کی دعا کے موافق سب سے زیادہ خدائے تعالیٰ کا میرے پر رحم ہے اور یاد رکھیں کہ وہ ہرگز مجھے ضائع نہ کرے گا۔ آپ کی قسمت میں لغزش تھی سو وہ وقوع میں آ گئی اور جو پیالہ ابتدا سے آپ کے لئے مقدر تھا آپ کو وہ پینا پڑا۔ کیا آپ کو میں نے اِن سب باتوں سے پہلے خبر نہیں دی تھی کہ آپ کے لئے مقدر ہے کہ آپ مخالفت پر کھڑے ہو جائیں گے اور صدق اور راستی کو چھوڑ دیں گے۔ سخت بدقسمت وہ انسان ہے جو راستباز کو مکار سمجھے۔ نہایت بدنصیب وہ شخص ہے کہ جو صدیق کو کذاب خیال کرے۔

آپ اپنے اشتہار کے اخیر میں پھر اس بات پر زور دیتے ہیں کہ گویا میں بخاری اور مسلم سے منکر ہوں۔ اور دعویٰ کرتے ہیں کہ اشاعۃ السنۃ میں بخوبی ظاہر کیا جائے گا۔ سو میری طرف سے ﴿۸۸۴﴾
گذارش ہے کہ یوں تو مجھے اور ہر یک سمجھدار کو یہی امید ہے کہ آپ اسی طرح دفع وقت کے لئے زائد اور بے تعلق باتوں میں اپنے پرچہ اشاعۃ السنۃ کو سیاہ کرتے رہیں گے اور اصل بحث کی طرف ہرگز نہ آئیں گے لیکن میرے پر یہ بہتان کھڑا کرنا کہ گویا میں صحیحین کا منکر ہوں آپ کے لئے کچھ بھی مفید نہیں ہوگا۔ آپ ذرہ غور کریں کہ کیا کوئی عقلمند ایسی کتابوں سے منکر ہوسکتا ہے جو اس کے دعویٰ کی اوّل درجہ پر مؤید اور حامی ہیں۔ ایسا تو کوئی نادان بھی نہیں کرسکتا۔ اگر میں بخاری اور مسلم کی صحت کا قائل نہ ہوتا تو میں اپنی تائید دعویٰ میں کیوں بار بار اُن کو پیش کرتا۔ چنانچہ اسی رسالہ **ازالہ اوہام** میں بہت سی حدیثیں صحیح مسلم کی اپنے تائید دعویٰ میں پیش کر چکا ہوں۔ ہاں بخاری میں سے میں نے کم لکھا ہے۔ سو اس جگہ آپ کی خاطر کچھ اور بھی لکھ دیتا ہوں تا آپ پر واضح ہو کہ بخاری بھی اس عاجز کی حامی اور ناصر ہے۔ اور اگر آپ ہزار جان کنی کریں۔ بخاری کو بھی اپنے مؤید مطلب ہرگز نہ پائیں گے بلکہ قرآن کریم کی طرح وہ بھی اس عاجز کے مدعا اور اور دعویٰ پر کامل دلائل پیش کرتی ہے۔ حضرت یہی تو میرے گواہ ہیں جن سے میرا دعویٰ ثابت ہوتا ہے ان سے اگر انکار کروں تو کہاں جاؤں۔ ﴿۸۸۵﴾

اب لیجئے نمونہ کے طور پر کسی قدر بخاری کے دلائل پیش کرتا ہوں اگر کچھ منکرانہ جوش ہے تو ردّ کر کے دکھلاویں۔ اور اگر سعادت ہے تو قبول کرلیں۔ وَ طُوبٰی لِلسُّعَدَآءِ۔

# اِفَادَاتُ الْبُخَارِیْ

یہ عاجز پہلے اس سے اسی رسالہ میں بیان کر چکا ہے کہ عموم محاورہ قرآن شریف کا تـوفّی کے لفظ کے استعمال میں یہی واقعہ ہوا ہے کہ وہ تمام مقامات میں اوّل سے آخر تک ہر ایک جگہ جو تَـوَفِّـی کا لفظ آیا ہے اس کو موت اور قبض روح کے معنے میں لاتا ہے اور جب عرب کے قدیم وجدید اشعار وقصائد ونظم ونثر کا جہاں تک ممکن تھا تتبع کیا گیا اور عمیق تحقیقات سے دیکھا گیا تو یہ ثابت ہوا کہ جہاں جہاں تَـوَفِّی کے لفظ کا ذوی الروح سے یعنی انسانوں سے علاقہ ہے اور فاعل اللہ جَلَّشَانُہٗ کو ٹھہرایا گیا ہے اِن تمام مقامات میں تَوَفِّی کے معنے موت وقبض روح کے کئے گئے ہیں۔ اور اشعار قدیمہ وجدیدہ عرب میں اور ایسا ہی اُن کی نثر میں بھی ایک بھی لفظ توفی کا ایسا نہیں ملے گا جو ذوی الروح میں مستعمل ہو اور جس کا فاعل لفظاً یا معناً خدائے تعالیٰ ٹھہرایا گیا ہو یعنی فعل عبد کا قرار نہ دیا گیا ہو اور محض خدائے تعالیٰ کا فعل سمجھا گیا ہو اور پھر اس کے معنے بجز قبض روح کے اور مراد رکھے گئے ہوں۔ لغات کی کتابوں قاموس۔ صحاح۔ صراؔح وغیرہ پر نظر ڈالنے والے بھی اس بات کو جانتے ہیں۔ کہ ضرب المثل کے طور پر بھی کوئی فقرہ عرب کے محاورات کا ایسا نہیں ملا جس میں توفی کے لفظ کو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب کر کے اور ذوی الروح کے بارہ میں استعمال میں لا کر پھر اس کے اور بھی معنے کئے ہوں بلکہ برابر ہر جگہ یہی معنے موت اور قبض روح کے کئے گئے ہیں اور کسی دوسرے احتمال کا ایک ذرہ راہ کھلا نہیں رکھا۔ پھر بعد اس کے اِس عاجز نے حدیثوں کی طرف رجوع کیا تا معلوم ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں صحابہ اور خود آنحضرت صلعم اس لفظ تَوَفِّی کو

﴿۸۸۶﴾

ذوی الروح کی طرف منسوب کر کے کن کن معنوں میں استعمال کرتے تھے۔ آیا یہ لفظ اس وقت اُن کے روزمرہ محاورات میں کئی معنوں پر استعمال ہوتا تھا یا صرف ایک ہی معنے قبض روح اور موت کے لئے مستعمل تھا۔ سو اس تحقیقات کے لئے مجھے بڑی محنت کرنی پڑی اور اِن
تمام کتابوں صحیح بخاری۔ صحیح مسلم۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی۔ موطا۔ ﴿۸۸۷﴾
شرح السنہ وغیرہ وغیرہ کا صفحہ صفحہ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان تمام کتابوں میں جو داخل مشکوٰۃ ہیں تین سو چھیالیس مرتبہ مختلف مقامات میں تَـوَفِّـی کا لفظ آیا ہے اور ممکن ہے کہ میرے شمار کرنے میں بعض تَـوَفِّـی کے لفظ رہ بھی گئے ہوں لیکن پڑھنے اور زیر نظر آجانے سے ایک بھی لفظ باہر نہیں رہا۔ اور جس قدر وہ الفاظ تَـوَفِّـی کے ان کتابوں میں آئے ہیں۔ خواہ وہ ایسا لفظ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے نکلا ہے یا ایسا ہے جو کسی صحابی نے منہ سے نکالا ہے تمام جگہ وہ الفاظ موت اور قبض روح کے معنے میں ہی آئے ہیں۔ اور چونکہ میں نے ان کتابوں کو بڑی کوشش اور جانکاہی سے سطر سطر پر نظر ڈال کر دیکھ لیا ہے۔ اس لئے میں دعویٰ سے اور شرط کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہر یک جگہ جو تَـوَفِّـی کا لفظ ان کتابوں کی احادیث میں آیا ہے اس کے بجز موت اور قبض روح کے اور کوئی معنے نہیں۔ اور ان کتابوں سے بطور استقراء کے ثابت ہوتا ہے کہ بعد بعثت اخیر عمر تک جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ رہے کبھی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے تَـوَفِّـی کا لفظ بغیر معنی موت اور قبض روح کے کسی دوسرے معنی کے لئے ہرگز ﴿۸۸۸﴾
استعمال نہیں کیا اور نہ کبھی دوسرے معنی کا لفظ زبان مبارک پر جاری ہوا۔ اور کچھ شک نہیں کہ استقراء بھی ادلّۂ یقینیہ میں سے ہے بلکہ جس قدر حقائق کے ثابت کرنے کے لئے استقراء سے مدد ملی ہے اور کسی طریق سے مدد نہیں ملی مثلاً ہمارے ان یقینیات کی بناء جو عموماً تمام انسانوں کی ایک زبان ہوتی ہے اور دو آنکھ اور عمر انسان کی عموماً اس حد سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ اور اناج کی قسموں میں سے چنا اس انداز کا ہوتا ہے اور گیہوں کا دانہ اس انداز کا۔ یہ سب یقینیات استقراء سے معلوم ہوئے ہیں۔ پس جو شخص اس استقراء کا انکار کرے تو ایسا کوئی لفظ تَـوَفِّـی کا پیش کرنا

اس کے ذمہ ہوگا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے نکلا ہو۔ اور بجز موت اور قبض روح کے اس کے کوئی اور معنے ہوں۔ اور امام محمد اسماعیل بخاری نے اس جگہ اپنی صحیح میں ایک لطیف نکتہ کی طرف توجہ دلائی ہے جس سے معلوم ہوا کہ کم سے کم سات ہزار مرتبہ **تَوَفِّی** کا لفظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے بعثت کے بعد اخیر عمر تک نکلا ہے۔ اور ہر یک لفظ **تَوَفِّی** کے معنے قبض روح اور موت تھی۔ سو یہ نکتہ بخاری کا منجملہ اُن نکات کے ہے جن سے حق کے طالبوں کو امام بخاری کا مشکور و ممنون ہونا چاہیے۔

﴿۸۸۹﴾ اور منجملہ افادات **امام بخاری** کے جس کا ہمیں شکر کرنا چاہیے ایک یہ ہے کہ انہوں نے مسیح ابن مریم کی وفات کے بارہ میں ایک قطعی فیصلہ ایسا دے دیا ہے جس سے بڑھ کر متصور نہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ امام بخاری نے اپنی صحیح کے کئی حصوں میں سے جن کا نام اُس نے خاص خاص غرضوں کی طرف منسوب کر کے کتاب رکھا ہے۔ ایک حصہ کو کتاب التفسیر کے نام سے نامزد کیا ہے۔ کیونکہ اس حصہ کے لکھنے سے اصل غرض یہ ہے کہ جن آیات قرآن کریم کی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ تفسیر و تشریح کی ہے یا اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے اُن آیات کی بحوالہ قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تفسیر کر دی جائے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ اسی غرض سے آیۂ کریمہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ [1] کو کتاب التفسیر میں لایا ہے۔ اور اس ایراد سے اُس کا منشاء یہ ہے کہ تا لوگوں پر ظاہر کرے کہ **تَوفیتنی** کے لفظ کی صحیح تفسیر وہی ہے۔ جس کی طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ فرماتے ہیں یعنی مار دیا اور وفات دے دی اور حدیث یہ ہے **عن ابن عباسٍ انهٗ** ﴿۸۹۰﴾ **يُجآء برجالٍ من امتی فيؤخذبهم ذات الشمال فاقول يا رب اصيحابی فيُقال انک لا تدری ما احدثوا بعدک فاقول کماقال العبد الصالح و کنت عليهم شهيدًا ما دمتُ فيهم فلما توفيتنی کنت انت الرقيب عليهم** ۔صفحہ ۶۶۵ بخاری ۶۹۳ بخاری یعنی قیامت کے دن میں بعض لوگ میری اُمت میں سے آگ کی طرف

[1] المائدة: ۱۱۸

لائے جائیں گے تب میں کہوں گا کہ اے میرے رب یہ تو میرے اصحاب ہیں تب کہا جائے گا کہ تجھے اُن کاموں کی خبر نہیں جو تیرے پیچھے اِن لوگوں نے کئے۔ سو اُس وقت میں وہی بات کہوں گا جو ایک نیک بندہ نے کہی تھی یعنی مسیح ابن مریم نے۔ جب کہ اُس کو پوچھا گیا تھا کہ کیا یہ تو نے تعلیم دی تھی کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کر کے ماننا۔ اور وہ بات (جو میں ابن مریم کی طرح کہوں گا) یہ ہے کہ میں جب تک اُن میں تھا اُن پر گواہ تھا پھر جب تو نے مجھے وفات دیدی تو اُس وقت تُو ہی اُن کا نگہبان اور محافظ اور نگران تھا۔ اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قصہ اور مسیح ابن مریم کے قصہ کو ایک ہی رنگ کا قصہ قرار دے کر وہی لفظ **فلمّا توفّیتنی** کا اپنے حق میں استعمال کیا ہے جس سے صاف سمجھا جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے **فلمّا توفّیتنی** سے وفات ہی مراد لی ہے۔ کیونکہ اس میں کسی کو اختلاف نہیں کہ آنحضرت صلعم فوت ہو گئے ہیں اور مدینہ منورہ میں آنحضرت کی مزار شریف موجود ہے۔ ﴿۸۹۱﴾ پس جبکہ **فلمّا توفّیتنی** کی شرح اور تفسیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت وفات پانا ہے ثابت ہوا۔ اور وہی لفظ حضرت مسیح کے منہ سے نکلا تھا اور کھلے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا کہ جن الفاظ کو مسیح ابن مریم نے استعمال کیا تھا وہی الفاظ میں استعمال کروں گا پس اس سے بکلّی منکشف ہو گیا کہ مسیح ابن مریم بھی وفات پا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی وفات پا گئے اور دونوں برابر طور پر اثر آیت **فلمّا توفّیتنی** سے متاثر ہیں۔ اِسی وجہ سے امام بخاری اس آیت **فلمّا توفّیتنی** کو قصداً کتاب التفسیر میں لایا تا وہ مسیح ابن مریم کی نسبت اپنے مذہب کو ظاہر کرے کہ حقیقت میں وہ اس کے نزدیک فوت ہو گیا ہے۔ یہ مقام سوچنے اور غور کرنے کا ہے کہ امام بخاری آیت **فلمّا توفّیتنی** کو کتاب التفسیر میں کیوں لایا۔ پس ادنیٰ سوچ سے صاف ظاہر ہوگا کہ جیسا کہ امام بخاری کی عادت ہے اس کا منشاء یہ تھا کہ آیت **فلمّا توفّیتنی** کے حقیقی اور واقعی معنی وہی ہیں جن کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا ہے۔ سو اس کا مدعا اس باتّ کا ﴿۸۹۲﴾

ظاہر کرنا ہے کہ اس آیت کی یہی تفسیر ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پر وارد کر کے آپ فرمائی ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ اس طرز کو امام بخاری نے اختیار کر کے صرف اپنا ہی مذہب ظاہر نہیں کیا بلکہ یہ بھی ظاہر کر دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت **فلمّا توفّیتنی** کے یہی معنی سمجھتے تھے تب ہی تو انہیں الفاظ **فلمّا توفّیتنی** کو بغیر کسی تبدیل وتغییر کے اپنی نسبت استعمال کرلیا۔ پھر امام صاحب نے اسی مقام میں ایک اور کمال کیا ہے کہ اس معنی کے زیادہ پختہ کرنے کے لئے اسی صفحہ ۶۶۵ میں آیت **یاعیسٰی انی متوفیک**☆ کے بحوالہ ابن عباس کے اسی کے مطابق تفسیر کی ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں **وقال ابن عباس متوفّیک مُمیتک** (دیکھو وہی صفحہ ۶۶۵ بخاری) یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ یہ جو آیت قرآن کریم ہے کہ **یاعیسٰی انّی متوفّیک** اس کے یہ معنے ہیں کہ اے عیسےٰ میں تجھے وفات دُوں گا۔ سو امام بخاری صاحب ابن عباس کا قول بطور تائید کے لائے ہیں تا معلوم ہو کہ صحابہ کا بھی یہی مذہب تھا کہ مسیح ابن مریم فوت ہو گیا ہے۔ اور پھر امام بخاری نے ایک اور کمال کیا ہے کہ اپنی صحیح کے صفحہ ۵۳۱ میں مناقب ابن عباس میں لکھا ہے کہ خود ابن عباس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو اپنے سینہ سے لگایا اور دعا کی کہ یا الٰہی اس کو حکمت بخش اس کو علم قرآن بخش چونکہ دعا نبی کریم کی مستجاب ہے اس لئے ابن عباس کا یہ بیان کہ **توفّی عیسٰی** جو قرآن کریم میں آیا ہے **اماتت عیسٰی** اس سے مراد ہے یعنی عیسیٰ کی❁ وفات دینا۔ یہ معنی آیت کریمہ کے جو ابن عباس نے کئے ہیں اس وجہ سے بھی قابل قبول ہیں کہ ابن عباس کے حق میں علم قرآن کی دعا مستجاب ہو چکی ہے۔ ﴿۸۹۳﴾

پھر امام بخاری نے اسی آیت **فلمّا توفّیتنی** کو کتاب الانبیاء صفحہ ۴۷۳ اور پھر صفحہ ۴۹۰ میں انہیں معنوں کے ظاہر کرنے کی غرض سے ذکر کیا ہے اور ظاہر کیا ہے کہ اس قصہ کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسیح ابن مریم سے ایک مشابہت ہے چنانچہ صفحہ ۴۸۹ میں یہ

☆ فٹ نوٹ: اس آیت کا حاشیہ ایڈیشن اوّل کے صفحہ ۹۲۲ اور اس ایڈیشن کے صفحہ ۶۰۶ پر ملاحظہ فرماویں۔

❁ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ کی ‘‘ کو ’’ہونا چاہیے۔ (ناشر)

حدیث بھی بروایت ابوہریرہ لکھ دی ہے **انا اولی الناس بابن مریم والانبیاء اولادعلات** اور اسی کی تائید میں امام بخاری نے **کتاب المغازی** میں بذیل کتاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۶۴۰ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک اور حدیث لکھی ہے۔

﴿۸۹۴﴾ اور منجملہ افادات امام بخاری کے جن کا ہمیں شکر کرنا چاہیے یہ ہے کہ انہوں نے صرف اسی قدر ثابت نہیں کیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں بلکہ احادیث نبویہ کی رو سے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ جو شخص فوت ہو جائے پھر دنیا میں آ نہیں سکتا۔ چنانچہ بخاری کے صفحہ ۶۴۰ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت کی گئی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے تو بعض آدمی یہ گمان کرتے تھے کہ آنحضرت فوت نہیں ہوئے اور بعض کہتے تھے کہ فوت ہو گئے۔ مگر پھر دنیا میں آئیں گے۔ اس حالت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ کے گھر گئے اور دیکھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے ہیں تب وہ چادر کا پردہ اُٹھا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ کی طرف جھکے اور چوما اور کہا کہ میرے ماں باپ تیرے پر قربان مجھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ خدا تیرے پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا۔ پھر لوگوں میں آئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فوت ہو جانا ظاہر کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فوت ہونے اور پھر دنیا میں نہ آنے کی تائید میں یہ آیت پڑھی مَا مُحَمَّدٌ

﴿۸۹۵﴾ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ[1] یعنی محمد اس سے زیادہ نہیں کہ وہ رسول اللہ ہے اور اس سے پہلے تمام رسول اس دنیا سے ہمیشہ کے لئے گذر چکے ہیں۔ یاد رہے کہ **من قبله الرسل** کا الف لام استغراق کا ہے جو رسولوں کی جمع افراد گذشتہ پر محیط ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو پھر دلیل ناقص رہ جاتی ہے کیونکہ اگر ایک فرد بھی باہر رہ جائے تو وہ پھر وہ استدلال جو مدعا قرآن کریم کا ہے اس آیت سے پیدا نہیں ہوسکتا۔ اس آیت کے پیش کرنے سے حضرت ابوبکر صدیق نے اِس بات کا ثبوت دیا کہ کوئی نبی ایسا نہیں گذرا کہ جو فوت نہ ہوا ہو اور نیز اس بات کا ثبوت دیا کہ جو فوت ہو جائے پھر دنیا میں کبھی نہیں آتا کیونکہ لغت عرب

[1] ال عمران: ۱۴۵

اور محاورہ اہل عرب میں خَــلا یا خَلَتْ ایسے لوگوں کے گذرنے کو کہتے ہیں جو پھر آنے والے نہ ہوں۔ پس تمام رسولوں کی نسبت جو آیت موصوفہ بالا میں خَلَتْ کا لفظ استعمال کیا گیا وہ اسی لحاظ سے استعمال کیا گیا تا اس بات کی طرف اشارہ ہو کہ وہ لوگ ایسے گئے ہیں کہ پھر دنیا میں ہرگز نہیں آئیں گے۔ چونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال یافتہ ہونے کی حالت میں آپ کے چہرہ مبارک کو بوسہ دے کر کہا تھا کہ تو حیات اور موت میں پاک ہے تیرے پر دو موتیں ہرگز وارد نہیں ہوں گی یعنی تو دوسری مرتبہ دنیا میں ہرگز نہیں آئے گا۔ اس لئے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنے قول کی تائید میں آیت قرآن کریم کی پیش کی جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ سب رسول جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے تھے گذر چکے ہیں اور جو رسول اس دنیا سے گذر گئے ہیں پھر اس دنیا میں ہرگز نہیں آئیں گے کیونکہ جیسا کہ قرآن شریف میں اُور فوت شدہ لوگوں کی نسبت خَلَوْا یا خَلَتْ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ ایسا ہی یہی لفظ نبیوں کے حق میں بھی استعمال ہوا ہے۔ اور یہ لفظ موت کے لفظ سے اخص ہے کیونکہ اس کے مفہوم میں یہ شرط ہے کہ اس عالم سے گذر کر پھر اس عالم میں نہ آوے۔ غرض امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس جگہ فوت شدہ نبیوں کے دوبارہ نہ آنے کے بارے میں اوّل قول ابوبکر صدیق کا پیش کیا جس میں یہ بیان ہے کہ خدا تیرے پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا کیونکہ دوبارہ آنا دو موتوں کو مستلزم ہے۔ اور پھر اس بارے میں قرآن کریم کی آیت پیش کی اور یہ ثبوت دیا کہ خَلَا اس گذرنے کو کہتے ہیں کہ پھر اس کے بعد عود نہ ہو۔ اس تحقیق و تدقیق سے کمالاتِ امام بخاری ظاہر ہیں۔ جزاہ اللّٰہ خیر الجزاء و ادخلہ اللّٰہ فی الجنّات العلیا۔ ﴿۸۹۶﴾

اور منجملہ افادات امام بخاری کے ایک یہ ہے کہ انہوں نے اپنی صحیح میں پانچ حدیثیں ذکر کر کے متفرق طرق اور متفرق راویوں کے ذریعہ سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ مسیح ابن مریم اپنی موت کے بعد اموات میں جاملا اور خدا تعالیٰ کے بزرگ نبی جو اس دنیا سے گذر چکے ہیں

﴿۸۹۷﴾ اُن میں داخل ہوگیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات میں فوت شدہ جماعت میں اُس کو پایا۔ دیکھو بخاری صفحہ ۵۰ اور صفحہ ۴۵۵ وصفحہ ۴۷۱ وصفحہ ۵۴۸ و۱۱۲۰۔ اور اِن احادیث میں یہ بھی مذکور ہے کہ وہ سب نبی اگرچہ دنیوی زندگی کی رو سے مر گئے اور اس جسم کثیف اور اس کے حیات کے لوازم کو چھوڑ گئے لیکن اس عالم میں ایک نئی زندگی جس کو روحانی کہنا چاہیے رکھتے ہیں۔ اور کیا مسیح اور کیا غیر مسیح برابر اور مساوی طور پر اس نئی زندگی کے لوازم اپنے اندر جمع رکھتے ہیں۔ یہی منشاء انجیل میں پطرس کے پہلے خط کا ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے کہ وہ یعنی مسیح جسم کے حق میں تو مارا گیا لیکن روح میں زندہ کیا گیا۔ یعنی موت کے بعد مسیح کو روحانی زندگی ملی ہے نہ جسمانی۔ دیکھو پطرس کا پہلا خط تین باب اُنیس آیت۔ اور عبرانیوں کے خط نو باب ستائیس آیت میں لکھا ہے کہ آدمیوں کے لئے ایک بار مرنا ہے ایسا ہی بائبل کے بہت سے مقامات میں موجود ہے کہ راستبازوں کے لئے ایک موت کے بعد پھر حیات ابدی ہے۔ اب اس بات کے ثابت ہونے کے بعد کہ مسیح مر گیا اور روح اس کی فوت شدہ روحوں میں داخل ہے۔ اگر فرض محال کے طور پر پھر اس کا زندہ ہوکر دنیا میں آنا قبول کر لیں تو آسمان سے اُترنا اس کا بہرحال

﴿۸۹۸﴾ غیر مسلّم ہوگا کیونکہ ثابت ہو چکا کہ آسمان پر مرنے کے بعد صرف اُس کی روح گئی جو دوسری روحوں میں شامل ہوگئی۔ ہاں اس فرض کے بناء پر یہ کہنا پڑے گا کہ کسی وقت اس کی قبر پھٹ جائے گی اور اس میں سے باہر آجائے گا اور یہ کسی کا اعتقاد نہیں۔ ماسوا اس کے ایک موت کے بعد پھر دوسری موت ایک عظیم الشان نبی کے لئے تجویز کرنا خدا تعالیٰ کی تمام کتابوں کے برخلاف ہے۔ اور جو شخص ایک مرتبہ مسیح کو مار کر پھر قیامت کے قریب اسی دنیا میں لاتا ہے اُس کی یہ مرضی ہے کہ سب کے لئے ایک موت اور مسیح کے لئے دو موتیں ہوں جس نے دنیا میں کسی جسم اور صورت میں جنم لیا وہ موت سے بچ نہیں سکتا۔ دیکھو خط دوم پطرس ۳ باب ۱۰ آیت۔ اور منجملہ افادات امام بخاری کے ایک یہ ہے کہ انہوں نے قطعی طور پر اس بات کا فیصلہ دے کر

کہ مسیح ابن مریم فوت ہوگیا اور فوت شدہ بندوں میں جاملا۔ پھر اس پیشگوئی کی نسبت جو اُن کی صحیح میں درج ہے کہ ابن مریم نازل ہوگا۔ تین قوی قرینے قائم کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ آنے والا ابن مریم ہرگز وہ مسیح ابن مریم نہیں ہے جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔ چنانچہ اوّل قرینہ یہ لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ **لا نبی بعدی**۔ صفحہ ۶۳۳۔ دوم قرینہ یہ ہے کہ آنے والے مسیح کی نسبت **اِمامکم منکم** کا قول استعمال کیا گیا ہے جس سے صاف ﴿۸۹۹﴾
طور پر جتلا دیا ہے کہ وہ مسیح آنے والا اصل مسیح نہیں ہے بلکہ وہ تمہارا ایک امام ہوگا اور تم میں سے ہوگا۔ اور کسی اَور امام کا مسیح کے ساتھ ہونا ہرگز ذکر نہیں کیا بلکہ امامت کی وجہ سے ہی مسیح موعود کا نام **حَکَم** رکھا **عدل** رکھا **مُقسط** رکھا۔ اگر وہ امام نہیں تو یہ صفات جو امامت سے ہی تعلق رکھتی ہیں کیوں کر اس کے حق میں بولی جاسکتی ہیں۔ اور اگر کہو کہ امامت سے مراد نماز خوانی کی امامت ہے جیسا کہ ہریک مسجد میں ملّاں ہوا کرتے ہیں تو یہ عجیب عقل کی بات ہے کیونکہ یہ تو ہرگز ممکن نہیں کہ ۲۰ بیس کروڑ مسلمانوں کے لئے جو مختلف بلاد میں جابجا سکونت رکھتے ہیں پنج وقت نماز ادا کرنے کے لئے ایک ہی امام کافی ہو بلکہ بڑے بڑے لشکروں کے لئے بھی جو جابجا حسب مصالح جنگی متفرق ہوں ایک امام کافی نہیں ہوسکتا۔ سو نماز پڑھانے کی امامت جیسا کہ آج کل لاکھوں آدمی کر رہے ہیں یہی تعداد ہریک زمانہ کے لئے لابدی اور لازمی ہے جو صرف ایک سے انجام پذیر نہیں ہوسکتی بلکہ امام سے مراد رہنما اور پیشوا اور خلیفہ ہے جس کی صفات میں سے **حَکَم** اور **عدل** اور **مقسط** ہونا بیان کیا گیا ہے۔ اب آنکھ
کھول کر دیکھنا چاہیئے کہ یہ صفات بخاری کے سیاق سباق دیکھنے سے مسیح موعود کے حق میں ﴿۹۰۰﴾
اطلاق پائے ہیں یا کسی اور کے حق میں۔ اے بندگانِ خدا کچھ تو ڈرو۔ دیکھو تمہارا دل ہی تمہیں ملزم کرے گا کہ تم حق پر پردہ ڈال رہے ہو۔ ڈرو۔ اے لوگو ڈرو اور خدا اور رسول کے فرمودہ سے عمداً انحراف مت کرو اور الحاد اور تحریف سے باز آجاؤ۔ اللہ اور رسول کے کلمات کو

اُن کے مواضع سے کیوں پھیرتے ہو۔ **و قد حرّفتم و انتم تعلمون۔**

سوم قرینہ جو امام بخاری نے بیان کیا ہے یہ ہے کہ آنے والے مسیح اور اصل مسیح ابن مریم کے حُلیہ میں جا بجا التزام کامل کے ساتھ فرق ڈال دیا ہے۔ ہر ایک جگہ جو اصل مسیح ابن مریم کا حلیہ لکھا ہے۔ اس کے چہرہ کو احمر بیان کیا ہے اور ہر یک جگہ جو آنے والے مسیح کا حلیہ بقول آنحضرت صلعم بیان فرمایا ہے اس کے چہرہ کو گندم گوں ظاہر کیا ہے اور کسی جگہ اس التزام کو ہاتھ سے نہیں دیا۔ چنانچہ صفحہ ۴۸۹ میں دو حدیثیں امام بخاری لایا ہے۔ ایک ابو ہریرہ سے اور ایک ابن عمر سے۔ اور اُن دونوں میں یہ بیان ہے کہ معراج کی رات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ کو جو اصل عیسیٰ ہے دیکھا اور اس کو سرخ رنگ پایا۔ اور پھر اس کے آگے ابی سالم سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے والے مسیح کو خواب میں دیکھا اور اس کا گندم گُوں حُلیہ بیان کیا۔ پھر صفحہ ۱۰۵۵ میں ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنے والے مسیح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا اور معلوم ہوا کہ وہ گندم گوں ہے اور دجال کو سرخ رنگ دیکھا (جو اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ وہ سرخ رنگ قوم سے پیدا ہوگا) اور صفحہ ۴۸۹ میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے والے ابن مریم کو گندم گوں دیکھا۔ اسی طرح امام بخاری نے اپنی کتاب میں یہ التزام کیا ہے کہ وہ اصل مسیح کے حلیہ کو بروایت ثقات صحابہ سرخ بیان کرتے ہیں اور آنے والے مسیح کا حلیہ گندم گوں ظاہر کرتے ہیں جس سے انہوں نے ثابت کیا ہے کہ آنے والا مسیح اَور ہے۔ چنانچہ امام بخاری نے اپنی صحیح کی **کتاب اللباس** میں بھی آنے والے مسیح کا حلیہ گندم گوں لکھا ہے۔ دیکھو صفحہ ۸۷۶ **کتاب اللباس۔** ﴿۹۰۱﴾

اور منجملہ افادات امام بخاری کے یہ ہے کہ انہوں نے اس حدیث کو جو صحیح بخاری کے صفحہ ۶۵۲ اور ۴۶۴ میں ہے یعنی حدیث **ما من مولود یولد الا و الشیطٰن یمسّہٗ**

**حین یولد الامریم و ابنھا** اورحدیث **باصبعیه** ...**غیر عیسٰی** کومتعارض حدیثوں
کے ساتھ ذکر کرکے اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ ابن مریم سے مراد ہر یک وہ شخص ہے ﴿۹۰۲﴾
جو اس کی صفت اور رنگ میں ہو۔ اور متعارض حدیثیں یہ ہیں دیکھو صفحہ ۴۶۴ اور حدیث
صفحہ ۶۷۷ جس کے آخیر ہے **لم یضرہ شیطان**۔ ماسوا اس کے آیت اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ
عَلَیْھِمْ سُلْطٰنٌ [1] اور آیت سَلٰمٌ عَلَیْہِ یَوْمَ وُلِدَ [2] صاف دلالت کر رہی ہے کہ مس شیطان
سے محفوظ ہونا ابن مریم سے مخصوص نہیں۔ اور **زمخشری** کا یہ طعن کہ حدیث خصوصیت ابن
مریم دربارہ محفوظیت از مس شیطان جو امام بخاری اپنی صحیح میں لایا ہے نقص سے خالی نہیں۔
اور اس کی صحت میں کلام ہے جیسا کہ خود اُس نے بیان کیا ہے فضول ہے۔ کیونکہ عمیق نظر سے
معلوم ہوتا ہے کہ امام بزرگ بخاری نے خود اشارہ کر دیا ہے کہ ابن مریم اور اس کی والدہ
سے مراد ہر یک ایسا شخص ہے جو ان دونوں کی صفتیں اپنے اندر جمع رکھتا ہو۔ **فلا تناقض
و لا تعارض**۔ اور جبکہ یہ ثابت ہوا کہ کلام نبوی میں غیر عیسٰی پر عیسٰی یا ابن مریم بولا گیا ہے تو
یہ محاورہ اور بھی مؤید ہمارے مطلب کا ہوگا۔ احادیث نبویہ میں یہ بھی ایک محاورہ شائع
متعارف ہے کہ بعض کا بعض صفات کے لحاظ سے ایک ایسا نام رکھا جاتا ہے جو بظاہر وہ کسی ﴿۹۰۳﴾
دوسرے کا نام ہے جیسا کہ صفحہ ۵۲۱ میں یہ حدیث ہے **لقد کان فیما کان قبلکم من
الامم ناس محدثون فان یک فی اُمّتی احد فانه عمر** دیکھو صفحہ ۵۲۱ بخاری۔
اب ظاہر ہے کہ محدثیت حضرت عمر میں محدود نہیں۔ سو حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جو محدث
ہوگا وہ اپنی روحانی صفات کی رو سے عمر ہی ہوگا۔ ایسا ہی احادیث میں دابۃ الارض کو بھی ایک
خاص نام رکھ کر بیان کیا ہے لیکن احادیث پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی استعمال
کی رو سے عام ہے اور دابۃ الارض کو صحیح مسلم میں ایسے پیرایہ سے ذکر کیا گیا ہے کہ ایک
طرف تو اس کو دجال کی **جساسه** ٹھہرا دیا گیا ہے اور اُسی کی رفیق اور اسی جزیرہ میں رہنے
والی جہاں وہ ہے۔ اور ایک طرف حرم مکہ معظّمہ میں صفا کے نیچے اس کو جگہ دے رکھی ہے

[1] الحجر :۴۳ [2] مریم :۱۶

گویا وہ اُس ارض مقدس کے نیچے ہے نہ دجّال کے پاس۔ اور بیان کیا گیا ہے کہ اُسی میں سے اُس کا خروج ہوگا۔ اس استعارہ سے یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ دابۃ الارض درحقیقت اسم جسم☆ ایسے علماء کے لئے ہے جو ذوجہتین واقع ہیں۔ ایک تعلق اُن کا دین اورحق سے ہے اور ایک تعلق اُن کا دنیا اور دجالیت سے۔ اور آخری زمانہ میں ایسے مولویوں اور مُلّاؤں کا پیدا ﴿۹۰۴﴾ ہونا کئی جگہ بخاری میں لکھا ہے۔ چنانچہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ لوگ حدیث خیرالبریّہ پڑھیں گے۔ اور قرآن کی بھی تلاوت کرتے ہوں گے لیکن قرآن اُن کے حلق کے نیچے نہیں اترے گا۔ سو یہ وہی زمانہ ہے انہیں لوگوں کی ملاقات سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈرایا ہے اور فرمایا ہے **فاعتزل تلک الفرق کلھا ولو ان تعض باصل شجرۃ حتّٰی یدر کک الموت وانت علٰی ذالک** صفحہ ۵۰۹ بخاری۔ یہی لوگ ہیں کہ باوجودیکہ **اللّٰہ جلّ شانُہٗ** اور اُس کا مقدس رسول سراسر مسیح ابن مریم کی وفات ظاہر کررہے ہیں۔ مگر پھر بھی ان کو فرمودۂ خدا و رسول پر اعتماد نہیں حالانکہ حکم یہ تھا فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا [1]
**ما کان من شرط لیس فی کتاب اللّٰہ فھو باطل قضاء اللّٰہ احق** ۔ بخاری صفحہ ۳۷۷۔
**ما عندنا شیٔ الّا کتٰب اللّٰہ**۔ بخاری صفحہ ۲۵۰۔ **حسبکم القراٰن**۔ بخاری ۱۷۲۔

اب ہم بطور نمونہ امام بخاری کے افادات کے بیان کرنے سے فارغ ہوئے اور بیانات متذکرہ بالا سے ظاہر ہے کہ امام بخاری صاحب اوّل درجہ پر ہمارے دعاوی کے شاہد اور حامی ﴿۹۰۵﴾ ہیں اور ہمارے مخالفوں کے لئے ہرگز ممکن نہیں کہ ایک ذرّہ بھر بھی اپنے خیالات کی تائید میں کوئی حدیث صحیح بخاری کی پیش کرسکیں۔ سو درحقیقت صحیح بخاری سے وہ منکر ہیں نہ ہم۔

بالآخر میں یہ بھی لکھنا چاہتا ہوں کہ میں نے مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی سے یہ درخواست کی تھی کہ اگر آپ مجھے مکار اور غیر مسلم خیال کرتے ہیں تو آؤ اس طریق سے بھی مقابلہ کرو کہ ہم دونوں نشان قبولیت کے ظاہر ہونے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کریں

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’اسم جنس‘‘ ہونا چاہیے۔ دیکھئے حاشیہ: ۳۶۹۔ (ناشر)

[1] النساء: ۶۰

تا جس کے شامل حال نصرت الٰہی ہو جاوے اور قبولیت کے آسمانی نشان اس کے لئے خدا کی طرف سے ظاہر ہوں وہ اس علامت سے لوگوں کی نظر میں اپنی قبولیت کے ساتھ شناخت کیا جاوے۔ اور جھوٹے کی ہر روزہ کشمکش سے لوگوں کو فراغت اور راحت حاصل ہو۔ اِس کے جواب میں مولوی صاحب موصوف اپنے اشتہار یکم اگست ۱۸۹۱ء میں لکھتے ہیں کہ یہ درخواست اُس وقت مسموع ہوگی کہ جب تم اوّل اپنے عقائد کا عقائد اسلام ہونا ثابت کرو گے غیر مسلم (یعنی جو مسلمان نہیں) خواہ کتنا ہی آسمانی نشان دکھاوے اہل اسلام اس کی طرف التفات نہیں کرتے۔ اب ناظرین انصافاً فرماویں کہ جس حالت میں اسی ثبوت کے لئے درخواست کی گئی تھی کہ تا ظاہر ہو جاوے کہ فریقین میں سے حقیقی اور واقعی طور پر مسلمان کون ہے پھر قبل از ثبوت ایک مسلمان کو جو **لا الٰہ الّا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ** کا قائل اور معتقد ہو غیر مسلم کہنا اور **لَسْتَ مُسْلِمًا** کر کے پکارنا کس قسم کی مسلمانی اور ایمانداری ہے۔ ماسوا اس کے اگر یہ عاجز بزعم مولوی محمد حسین صاحب کافر ہے۔ تو خیر وہ یہ خیال کر لیں کہ میری طرف سے جو ظاہر ہوگا وہ استدراج ہے۔ پس اس صورت میں بمقابل اس استدراج کے اُن کی طرف سے کوئی کرامت ظاہر ہونی چاہیے اور ظاہر ہے کہ کرامت ہمیشہ استدراج پر غالب آتی ہے۔ آخر مقبولوں کو ہی آسمانی مدد ملتی ہے۔ اگر میں بقول اُن کے مردود ہوں اور وہ مقبول ہیں تو پھر ایک مردود کے مقابل پر اتنا کیوں ڈرتے ہیں...... اگر میں بقول ان کے کافر ہونے کی حالت میں کچھ دکھاؤں گا تو وہ بوجہ اولیٰ دکھلا سکتے ہیں مقبول جو ہوئے۔ کہ مقبول را رد نباشد سخن و **من عادیٰ لی ولیًّا فقد اٰذنتہ للحرب** ۔ ابن صیاد نے اگر کچھ دکھایا تھا تو کیا اس کے مقابل پر معجزات نبوی ظاہر نہیں ہوئے تھے اور کیا دجال کے ساحرانہ کاموں کے مقابل پر عیسیٰ کے نشان مروی نہیں۔ **ففرّوا این تفرّون!** ﴿۹۰۶﴾

# ﴿۶۰۷﴾ سیّد احمد خان صاحب کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کا الہام کی نسبت خیال اور ہماری طرف سے جیسا کہ واقعی امر ہے اُس کا بیان

فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا [1] الجزو ۵۔ آیت موصوفہ بالا کا ترجمہ یہ ہے کہ اے مسلمانو! اگر کسی بات میں تم میں باہم نزاع واقعہ ہو تو اس امر کو فیصلہ کے لئے اللہ اور رسول کے حوالہ کرو اگر تم اللہ اور آخری دن پر ایمان لاتے ہو تو یہی کرو کہ یہی بہتر اور احسن تاویل ہے۔

اب جاننا چاہیئے کہ سیّد صاحب نے الہام کے بارہ میں اپنے پرچہ علی گڑھ گزٹ میں قرآن اور حدیث کے برخلاف رائے ظاہر کی ہے چنانچہ ان کی تحریر کا خلاصہ ذیل میں لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے جو بات یکا یک دل میں آجاوے گو کسی امر سے متعلق ہو وہ الہام ہے۔ بشرطیکہ کوئی تعلیم یا تعریف یا بیان اس طرف کو لے جانے والا نہ ہو۔ اس قسم کے ﴿۶۰۸﴾ الہامات کوئی عجیب شے نہیں ہیں بلکہ اکثروں کو ہوتے ہیں۔ منطقی کو منطق میں۔ فلسفی کو فلسفہ میں۔ طبیب کو علم طب اور تشخیص امراض میں۔ اہل حرفہ کو اپنے حرفہ میں وغیرہ ذالک۔ یہاں تک کہ وہ اسلام اور غیر اسلام پر بھی منحصر نہیں بلکہ اس قسم کے الہامات ایک امر طبیعی انسان کا ہے جس میں اسلام کی ضرورت نہیں۔ ہاں ایسی خلقت کی ضرورت ہے کہ الہام ہونے کی قابلیت رکھتی ہو۔ الہام سے شاید بعض حالتوں میں اس شخص کو جس کو الہام ہوا ہو کوئی طمانیت قلبی حاصل ہوتی ہو مگر اس سے کوئی ایسا نتیجہ جو دوسروں کو فائدہ پہنچانے والا یقین دلانے والا تسکین بخشنے والا یا اُس واقعہ کی واقعیت اور اصلیت کو ثابت کرنے والا ہو پیدا نہیں ہو سکتا۔ سلسلہ الہامات کا زیادہ تر عرفانیات سے علاقہ رکھتا ہے جو محض تخیلات ہیں

[1] النساء: ۶۰

اور کوئی ثبوت اُن کے محققہ اور واقعیہ ہونے کا نہیں۔ صوفیاء کرام کے تمام الہامات بجز تخیلات نفسی کے زیادہ رتبہ نہیں رکھتے اور محض ہیچ پوچ اور بیکار ہیں۔ نہ اُن سے خلق اللہ کو کچھ نفع ہے اور نہ ضرر۔ دین اسلام تو بموجب **الیوم اکملت لکم دینکم** کامل ہو چکا اب الہام اس میں کوئی نئی بات پیدا نہیں کر سکتا۔ جو لوگ کسی ملہم کو خدا رسیدہ سمجھتے ہیں وہ اِس بات کا بھی تصفیہ ﴿۹۰۹﴾
نہیں کر سکتے کہ درحقیقت اس کا دعویٰ الہام صحیح ہے یا دماغ میں خدانخواستہ کچھ خلل ہے۔ اور ملہم جو اپنے تئیں بوجہ الہام مطمئن سمجھتا ہے یہ اطمینان اُس کے بھی اعتماد کے لائق نہیں کیا معلوم کہ وہ درحقیقت مطمئن ہے یا یونہی خیال باطل میں مبتلا ہے۔ اس سے زیادہ ملہموں اور اُن لوگوں میں جو صوفی اور اہل اللہ کہلاتے ہیں اور کچھ نہیں کہ وہ اپنے ہی امور خیالیہ پر جو بے اصل محض ہیں جم جاتے ہیں اور اُن کو صحیح خیال کرنے لگتے ہیں اور ان کی ترقیات سلوک صرف اوہام کی ترقی ہے۔ الہام اور ملہم کی طرف نہ دین کے لئے اور نہ معاد کے لئے اور نہ تقرب الی اللہ کے لئے اور نہ تمیز حق اور باطل کے لئے ہمیں کچھ حاجت ہے گو لوگ کسی ملہم کے گرد ایسے جمع ہو جائیں جیسے بت پرست کسی بت کے گرد۔ خلاصہ مطلب یہ کہ الہام بالکل بے سود ہے اور اس کی صحت پر کوئی حجت نہیں۔ **فافھم ھذا ما الھمنی ربی۔ تم کلامہ۔**

یہ عاجز سیّد صاحب کے وساوس کے دور کرنے کے لئے سب سے اوّل اس بات کو ظاہر کرنا مناسب سمجھتا ہے کہ جو کچھ سید صاحب نے الہام کے بارے میں سمجھا ہے یعنی یہ کہ وہ صرف امور خیالیہ ہیں کہ فقط ملہمین کا دل ہی ان کا موجد ہوتا ہے۔ یہ سید صاحب ﴿۹۱۰﴾
کی رائے اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ اب تک اس تعلیم سے بے خبر ہیں کہ جو الہام یعنی وحی کے بارے میں اللہ **جلّ شانہٗ** اور اس کے رسول نے فرمائی ہے۔ سو واضح ہو کہ قرآن کریم میں اس کیفیت کے بیان کرنے کے لئے جو مکالمہ الٰہی سے تعبیر کی جاتی ہے الہام کا لفظ اختیار نہیں کیا گیا محض لغوی طور پر ایک جگہ الہام کا لفظ آیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا[1]۔ سو اس کو **مانحن فیہ** سے کچھ تعلق نہیں۔ اس کے

[1] الشمس: ۹

تو صرف اسی قدر معنے ہیں کہ خدا تعالیٰ بوجہ علت العلل ہونے کے بدوں کو اُن کے مناسب حال اور نیکوں کو اُن کے مناسب حال اُن کے جذبات نفسانی یا متقیانہ جوشوں کے موافق اپنے قانون قدرت کے حکم سے خیالات وتدابیر وحیل مطلوبہ کے ساتھ تائید دیتا ہے یعنی نئے نئے خیالات وحیل مطلوبہ اُن کو سوجھا دیتا ہے یا یہ کہ اُن کے ان جوشوں اور جذبوں کو بڑھاتا ہے اور یا یہ کہ اُن کے تخم مخفی کو ظہور میں لاتا ہے مثلاً ایک چور اس خیال میں لگا رہتا ہے کہ کوئی عمدہ طریقہ نقب زنی کا اس کو معلوم ہو جائے تو اُس کو سوجھایا جاتا ہے۔ یا ایک متقی چاہتا ہے کہ وجہ حلال کی قوت کے لئے کوئی سبیل مجھے حاصل ہو تو اس بارہ میں اس کو بھی کوئی طریق بتلایا جاتا ہے۔ سو عام طور پر اس کا نام الہام ہے جو کسی نیک بخت یا بدبخت سے خاص نہیں بلکہ تمام نوع انسان اور جمیع افراد بشر اس علۃ العلل سے مناسب حال اپنے اس الہام سے مستفیض ہو رہے ہیں۔ ﴿۹۱۱﴾

لیکن اس سے بہت اوپر چڑھ کر ایک اور الہام بھی ہے جس کو خدائے تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں وحی کے لفظ سے یاد کیا ہے نہ الہام سے۔ اور اس کی تعریف یہ ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی ایک تجلی خاص کا نام ہے جو بکثرت انہیں پر ہوتی ہے جو خاص اور مقرب ہوں۔ اور اس کی علّت غائی یہ ہے کہ شبہات اور شکوک سے نکالنے کے لئے یا ایک نئی یا مخفی بات کے بتانے کے لئے یا خدا تعالیٰ کی مرضی اور عدم مرضی اور اس کے ارادہ پر مطلع کرنے کے لئے یا کسی محل خوف سے مامون اور مطمئن کرنے کے لئے یا کسی بشارت کے دینے کے لئے منجانب اللہ پیرایہ مکالمہ ومخاطبہ اور ایک کلام لذیذ کے رنگ میں ظہور پذیر ہوتی ہے۔ اور حقیقت اس کی یہ ہے کہ وہ ایک غیبی القاء لفظوں کے ساتھ ہے جس کا ادراک غالباً غیبت حس کی حالت میں سماع کے طور پر یا جریان علی اللسان کے طور پر یا رویت کے طور پر ہوتا ہے اور اپنے نفس اور امور خیالیہ کو اس میں کچھ دخل نہیں ہوتا بلکہ وہ محض الٰہی تحریک اور ربانی نفخ سے ایک قدرتی آواز ہے جس کو مورد وحی کی قوت حاسہ دریافت کر لیتی ہے۔ ﴿۹۱۲﴾

جب انسان کی روح نفسانی آلائشوں سے پاک ہوکر اور اسلام کی واقعی حقیقت سے کامل رنگ پکڑ کر خدائے تعالیٰ کی بے نیاز جناب میں رضا اور تسلیم کے ساتھ پوری پوری وفاداری کو لے کر اپنا سر رکھ دیتی ہے اور ایک سچی قربانی کے بعد جو فدائے نفس و مال وعزت و دیگر لوازم محبوبۂ نفس سے مراد ہے محبت اور عشق مولیٰ کے لئے کھڑی ہو جاتی ہے اور تمام حجب نفسانی جو اُس میں اور اُس کے رب میں دوری ڈال رہے تھے معدوم اور زائل ہو جاتے ہیں اور ایک انقلاب عظیم اور سخت تبدیلی اس انسان کی صفات اور اس کی اخلاقی حالت اور اس کی زندگی کے تمام جذبات میں پیدا ہوکر ایک نئی پیدائش اور نئی زندگی ظہور میں آجاتی ہے اور اس کی نظر شہود میں وجود غیر بکلّی معدوم ہو جاتا ہے۔ تب ایسا انسان اس لائق ہو جاتا ہے کہ مکالمہ الٰہی سے بکثرت مشرف ہو۔ اور مکالمہ الٰہی کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ محدود اور مشتبہ معرفت سے انسان ترقی کر کے اس درجہ شہود پر پہنچتا ہے کہ گویا خدا تعالیٰ کو اس نے دیکھ لیا ہے۔ سو یہ وہ مقام ہے جس پر تمام مقامات معرفت و خداشناسی کے ختم ہو جاتے ہیں اور یہی وہ آخری نقطہ کمالات بشریہ کا ہے جس سے بڑھ کر عرفان کے پیاسوں کے لئے اس دنیا میں ہرگز میسّر نہیں آسکتا ﴿۹۱۳﴾
اور نبیوں اور محدثوں کے لئے اس کے حصول کا اکثر طور پر قدرتی طریق یہ ہے کہ جب خدائے تعالیٰ چاہتا ہے کہ کسی پر اُن میں سے اپنا کلام نازل کرے تو روحانی طور پر بغیر توسط جسمانی اسباب کے اس پر ربودگی اور بیہوشی طاری کی جاتی ہے۔ تب وہ شخص اپنے وجود سے بکلّی گم ہوکر بلا اختیار جناب الٰہی کی ایک خاص کشش سے گہرے غوطہ میں چلا جاتا ہے اور ہوش آنے کے وقت ساتھ اپنے ایک کلام لذیذ لے آتا ہے وہی وحی الٰہی ہے۔

یہ کلام جو خدا تعالیٰ کے پیاروں اور مقدسوں پر نازل ہوتا ہے یہ کوئی وہمی اور خیالی بات نہیں ہوتی۔ جس کو انسان کا نفس آپ ہی پیدا کر سکے بلکہ یہ واقعی اور حقیقی طور پر اس ذات لایدرک کا کلام ہوتا ہے جس کی ہستی کا انتہائی اور اعلیٰ درجہ کا ثبوت عارفوں کی

نگاہ میں یہی کلام ہے اور اس بات کے ثبوت کے لئے کہ خدا تعالیٰ کی یہ عادت ہے کہ اپنا کلام اپنے بندوں پر نازل کرے۔ ایک مسلمان کے لئے قرآن کریم اور احادیث نبویہ کافی ہیں خدائے تعالیٰ کا اپنے نبیوں سے ہم کلام ہونا اور اولیاء میں سے حضرت موسیٰ کی والدہ پر اپنا کلام نازل کرنا۔ حضرت خضر کو اپنے کلام سے مشرف کرنا۔ مریم صدیقہ سے اپنے فرشتہ کی معرفت ہم کلام ہونا وغیرہ وغیرہ۔ اس قدر قرآن کریم میں اس کا ثبوت ملتا ہے کہ حاجت بیان نہیں۔ اور صحیح بخاری میں صفحہ ۵۲۱ میں مناقب حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں یہ حدیث لکھی ہے ﴿۹۱۴﴾
**قد کان فی من قبلکم من بنی اِسرَائیل رجالٌ یکلّمون من غیر ان یکونوا انبیاء فان یک فی اُمَّتِی مِنْھُمْ احدٌ فعمر** یعنی تم سے پہلے بنی اسرائیل میں ایسے لوگ گذرے ہیں کہ خدائے تعالیٰ اُن سے ہمکلام ہوتا تھا بغیر اس کے کہ وہ نبی ہوں سو اگر ایسے لوگ اس اُمت میں ہیں تو وہ عمر ہے۔

ایسا ہی جمیع مشاہیر اولیاء کرام اپنے ذاتی تجارب سے اس بات کی گواہی دیتے آئے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کو اپنے اولیاء سے مکالمات ومخاطبات واقع ہوتے ہیں اور کلام لذیذ رب عزیز کی بوقت دعا اور دوسرے اوقات میں بھی اکثر وہ سنتے ہیں۔ دیکھنا چاہیے کہ فتوح الغیب میں **سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ** کس قدر جا بجا اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ کلام الٰہی اس کے مقرب اولیاء پر ضرور نازل ہوتا ہے اور وہ کلام ہوتا ہے نہ فقط الہام اور حضرت مجدد الف ثانی صاحب اپنے مکتوبات کی جلد ثانی صفحہ ۹۹ میں ایک مکتوب بنام محمد صدیق لکھتے ہیں۔ ﴿۹۱۵﴾ جس کی یہ عبارت ہے۔

**اعلم ایّھا الصِّدیق انّ کلامہ سُبحانہ‘ مع البشر قد یکون شفاھا و ذالک الافراد من الانبیاء وقد یکون ذالک لبعض المکمل من متابعیھم واذا کثر ھذا القسم من الکلام مع واحدٍ منھم سُمی مُحدثا وھذا غیر الالھام وغیر الالقاء فی الروع وغیر الکلام الذی مع الملک**

**انّما یُخاطب بھذا الکلام الانسان الکامل واللّٰہ یختص برحمتہ من یشآء**
یعنی اے دوست تمہیں معلوم ہو کہ اللہ **جلَّ شَانُہٗ** کا بشر کے ساتھ کلام کرنا کبھی روبرو اور ہم کلامی کے رنگ میں ہوتا ہے اور ایسے افراد جو خدائے تعالیٰ کے ہم کلام ہوتے ہیں وہ خواص انبیاء میں سے ہیں۔ اور کبھی یہ ہم کلامی کا مرتبہ بعض ایسے مکمل لوگوں کو ملتا ہے کہ نبی تو نہیں مگر نبیوں کے متبع ہیں اور جو شخص کثرت سے شرف ہم کلامی کا پاتا ہے اس کو محدث بولتے ہیں۔ اور یہ مکالمہ الٰہی از قسم الہام نہیں بلکہ غیر الہام ہے اور یہ القاء فی الروع بھی نہیں ہے اور نہ اس قسم کا کلام ہے جو فرشتہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس کلام سے وہ شخص مخاطب کیا جاتا ہے جو انسان کامل ہو اور خدا تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

﴿۹۱۶﴾ اِن عبارات سے معلوم ہوا کہ درحقیقت الہام اور چیز ہے اور مکالمہ الٰہی اور چیز ہے۔ اور سیّد صاحب اپنی کتاب **تبیین الکلام** کے صفحہ ۷ میں اس بیان مذکورہ بالا کا صاف اقرار کرتے ہیں۔ ناظرین کو چاہیے کہ صفحہ ۷ **تبیین الکلام** کا ضرور پڑھیں تا معلوم ہو کہ سیّد صاحب آپ ہی پہلے ان تمام باتوں کا اقرار کر چکے ہیں اور اب بعد اقرار کسی مصلحت سے انکاری ہو بیٹھے ہیں۔

اور سیّد صاحب کا یہ فرمانا کہ الہام بے سود ہے خود بے سود ہے کیونکہ اگر وہ الہام بے سود ہے جس کی سیّد صاحب نے تعریف اپنے مضمون میں کی ہے تو ہوا کرے لیکن کلام الٰہی تو بے سود نہیں اور نعوذ باللہ کیوں کر بے سود ہو۔ وہی تو ایک ذریعہ کامل معرفت کا ہے جس کی وجہ سے انسان اس پُرغبار دنیا میں صرف خود تراشیدہ خیالات سے خدائے تعالیٰ کی ہستی کا قائل نہیں ہوتا بلکہ اُس حی و قیوم کے منہ سے **انا الموجود** کی آواز بھی سن لیتا ہے اور صدہا فوق العادت پیشگوئیوں اور اسرار عالیہ کی وجہ سے جو اس کلام کے ذریعہ منکشف ہوتے ہیں متکلّم پر ایمان لانے کے لئے حق الیقین کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے

اور ایسے شخص کا جلیس بھی ان روحانی منافع وفوائد سے محروم نہیں رہتا بلکہ رفتہ رفتہ یہاں تک
اس کو قوت یقین مل جاتی ہے کہ گویا خدائے عزّ و جلّ کو دیکھ لیتا ہے۔ اگر سید صاحب اس ﴿۹۱۷﴾
بات کا کسی اخبار میں اعلان دیں کہ ہمیں اس بات پر ایمان نہیں کہ یہ مرتبہ خدا تعالیٰ کی ہم کلامی
کا انسان کو مل سکتا ہے اور ان تمام شہادتوں سے انکار ظاہر کریں کہ جو روحانی تجربہ کاروں
رسولوں اور نبیوں اور ولیوں نے پیش کی ہیں تو اس عاجز پر فرض ہوگا کہ اسی فوق العادت طریق
سے جس کی بنیاد خدائے تعالیٰ کے پاک نبیوں نے ڈالی ہے۔ آزمائش کے لئے سیّد صاحب کو
بذریعہ کسی اخبار کے کھلے کھلے طور پر دعوت کرے۔ اور اگر سیّد صاحب طالبِ حق ہوں گے تو
اس روحانی دعوت کو بسروچشم قبول کرلیں گے۔ **والسلام علٰی من اتبع الھدٰی۔**

---

## تَوَفّی کے لفظ کی نسبت اور نیز الدجّال کے بارے میں ہزار روپیہ کا اشتہار

تمام مسلمانوں پر واضح ہو کہ کمال صفائی سے قرآن کریم اور حدیث رسول اللہ صلعم سے
ثابت ہوگیا ہے کہ درحقیقت حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام برطبق آیت فِيۡهَا تَحۡيَوۡنَ
وَفِيۡهَا تَمُوۡتُوۡنَ [1] زمین پر ہی اپنی جسمانی زندگی کے دن بسر کر کے فوت ہو چکے ہیں ﴿۹۱۸﴾
اور قرآن کریم کی سولہ [16] آیتوں اور بہت سی حدیثوں بخاری اور مسلم اور دیگر صحاح سے ثابت
ہے کہ فوت شدہ لوگ پھر آباد ہونے اور بسنے کے لئے دنیا میں بھیجے نہیں جاتے اور نہ حقیقی
اور واقعی طور پر دو موتیں کسی پر واقع ہوتی ہیں اور نہ قرآن کریم میں واپس آنے والوں کے
لئے کوئی قانون وراثت موجود ہے۔ بااین ہمہ بعض علماء وقت کو اس بات پر سخت غلو ہے کہ
مسیح ابن مریم فوت نہیں ہوا بلکہ زندہ ہی آسمان کی طرف اٹھایا گیا اور حیات جسمانی دنیوی
کے ساتھ آسمان پر موجود ہے اور نہایت بے باکی اور شوخی کی راہ سے کہتے ہیں کہ تَوَفّی کا
لفظ جو قرآن کریم میں حضرت مسیح کی نسبت آیا ہے اس کے معنے وفات دینا نہیں ہے بلکہ

[1] الاعراف: ۲۶

پورا لینا ہے یعنی یہ کہ روح کے ساتھ جسم کو بھی لے لینا۔ مگر ایسے معنے کرنا اُن کا سراسر افتراء ہے قرآن کریم کا عموماً التزام کے ساتھ اس لفظ کے بارہ میں یہ محاورہ ہے کہ وہ لفظ قبض روح اور وفات دینے کے معنوں پر ہر یک جگہ اس کو استعمال کرتا ہے۔ یہی محاورہ تمام حدیثوں اور جمیع اقوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پایا جاتا ہے۔ جب سے دنیا میں عرب کا جزیرہ آباد ہوا ہے اور زبان عربی جاری ہوئی ہے کسی قول قدیم یا جدید سے ثابت نہیں ہوتا کہ **تَوَفّی** کا لفظ کبھی قبض جسم کی نسبت استعمال کیا گیا ہو بلکہ جہاں کہیں **تَوَفّی** کے لفظ کو خدائے تعالیٰ کا فعل ٹھہرا کر انسان کی نسبت استعمال کیا گیا ہے وہ صرف وفات دینے اور قبض روح کے معنی پر آیا ہے نہ قبض جسم کے معنوں میں۔ کوئی کتاب لغت کی اس کے مخالف نہیں۔ کوئی مثل اور قول اہل زبان کا اس کے مغائر نہیں غرض ایک ذرہ احتمال مخالف کے گنجائش نہیں۔ اگر کوئی شخص ﴿۹۱۹﴾ قرآن کریم سے یا کسی حدیث رسول اللہ صلعم سے یا اشعار وقصائد ونظم ونثر قدیم وجدید عرب سے یہ ثبوت پیش کرے کہ کسی جگہ **تَوَفّی** کا لفظ خدا تعالیٰ کا فعل ہونے کی حالت میں جو ذوی الروح کی نسبت استعمال کیا گیا ہو وہ بجز قبض روح اور وفات دینے کے کسی اور معنی پر بھی اطلاق پا گیا ہے یعنی قبض جسم کے معنوں میں بھی مستعمل ہوا ہے تو میں اللہ **جلَّ شَانُہٗ** کی قسم کھا کر اقرار صحیح شرعی کرتا ہوں کہ ایسے شخص کو اپنا کوئی حصہ ملکیت کا فروخت کر کے **مبلغ ہزار روپیہ نقد** دوں گا اور آئندہ اس کی کمالات حدیث دانی اور قرآن دانی کا اقرار کرلوں گا۔ ایسا ہی اگر مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی یا کوئی ان کا ہم خیال یہ ثابت کر دیوے کہ **اَلدَّجّال** کا لفظ جو بخاری اور مسلم میں آیا ہے بجز دجال معہود کے کسی اور دجال کے لئے بھی استعمال کیا گیا ہے تو مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میں ایسے شخص کو بھی جس طرح ممکن ہو ہزار روپیہ نقد بطور تاوان کے دوں گا۔ چاہیں تو مجھ سے رجسٹری کرالیں یا تمسک لکھا لیں۔ اس **اشتہار** کے مخاطب خاص طور پر مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی ہیں

جنہوں نے غروراور تکبر کی راہ سے یہ دعویٰ کیا ہے کہ تَوَفّی کا لفظ جو قرآن کریم میں حضرت مسیح کی نسبت آیا ہے اس کے معنی پورا لینے کے ہیں یعنی جسم اور روح کو بہ ہیئت کذائی زندہ ہی اٹھا لینا اور وجود مرکب جسم اور روح میں سے کوئی حصہ متروک نہ چھوڑنا بلکہ سب کو بحیثیت کذائی اپنے قبضہ میں زندہ اور صحیح سلامت لے لینا۔ سو اسی معنی سے انکار کرکے یہ شرطی اشتہار ہے۔ ﴿۹۲۰﴾
ایسا ہی محض نفسانیت اور عدم واقفیت کی راہ سے مولوی محمد حسین صاحب نے اَلدّجّال کے لفظ کی نسبت جو بخاری اور مسلم میں جا بجا دجال معہود کا ایک نام ٹھہرایا گیا ہے یہ دعویٰ کر دیا ہے کہ اَلدّجّال دجال معہود کا خاص طور پر نام نہیں بلکہ ان کتابوں میں یہ لفظ دوسرے دجالوں کے لئے بھی مستعمل ہے اور اس دعویٰ کے وقت اپنی حدیث دانی کا بھی ایک لمبا چوڑا دعویٰ کیا ہے۔ سو اس وسیع معنی اَلدّجّال سے انکار کرکے اور یہ دعویٰ کرکے کہ یہ لفظ اَلدّجّال کا صرف دجال معہود کے لئے آیا ہے اور بطور علم کے اس کے لئے مقرر ہو گیا ہے۔ یہ شرطی اشتہار جاری کیا گیا ہے۔ مولوی محمد حسین صاحب اور اُن کے ہم خیال علماء نے لفظ تَوَفّی اور اَلدّجّال کی نسبت اپنے دعویٰ متذکرہ بالا کو بپایہ ثبوت پہنچا دیا تو وہ ہزار روپیہ لینے کے مستحق ٹھہریں گے اور نیز عام طور پر یہ عاجز یہ اقرار بھی چند اخباروں میں شائع کر دے گا کہ درحقیقت مولوی محمد حسین صاحب اور اُن کے ہم خیال فاضل اور واقعی طور پر محدث اور مفسر اور رموز اور دقائق قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے سمجھنے والے ہیں۔ اگر ثابت نہ کر سکے تو پھر یہ ثابت ہو جائے گا کہ یہ لوگ دقائق و حقائق بلکہ سطحی معنوں قرآن اور حدیث کے سمجھنے سے بھی قاصر اور سراسر غبی اور بلید ہیں اور درپردہ اللہ اور رسول کے دشمن ہیں کہ محض الحاد کی راہ سے واقعی اور حقیقی معنوں کو ترک کرکے اپنے گھر کے ایک نئے معنے گھڑتے ہیں۔ ایسا ہی اگر کوئی یہ ثابت کر دکھاوے کہ قرآن کریم کی وہ آیتیں اور احادیث جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ کوئی مردہ دنیا میں واپس نہیں آئے گا قطعیۃ الدلالت نہیں اور نیز بجائے

لفظ موت اور اماتت کے جو متعدد المعنی ہے اور نیند اور بے ہوشی اور کفر اور ﴿۹۲۱﴾
ضلالت اور قریب الموت ہونے کے معنوں میں بھی آیا ہے۔ **تَوَفِّی** کا لفظ کہیں
دکھاوے مثلاً یہ کہ **توفاہ اللّٰہ مائة عام ثم بعثه** .تو ایسے شخص کو بھی بلا توقف ہزار
روپیہ نقد دیا جاوے گا۔ ☆

**المشتہر** خاکسار غلام **احمد** از لودھیانہ محلّہ اقبال گنج

---

☆ **نوٹ**۔ فوت کے بعد زندہ کرنے کے متعلق جس قدر قرآن کریم میں آیتیں ہیں کوئی اُن میں سے حقیقی موت پر محمول نہیں ہے۔اور حقیقی موت کے ماننے سے نہ صرف اس جگہ یہ لازم آتا ہے کہ وہ آیتیں قرآن کریم کی اُن سولہ[۱۶] آیتوں اور اُن تمام حدیثوں سے مخالف ٹھہرتی ہیں جن میں یہ لکھا ہے کہ کوئی شخص مرنے کے بعد پھر دنیا میں نہیں بھیجا جاتا بلکہ علاوہ اس کے یہ فساد بھی لازم آتا ہے کہ جان کندن اور حساب قبر اور **رفع الی السماء** جو صرف ایک دفعہ ہونا چاہیے تھا دو دفعہ ماننا پڑتا ہے۔اور خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ کہ اب شخص فوت شدہ حساب قبر کے بعد قیامت میں اٹھے گا کذب صریح ٹھہرتا ہے۔اور اگر ان آیتوں میں حقیقی موت مراد نہ لیں تو کوئی نقص لازم نہیں آتا کیونکہ خدا تعالیٰ کی قدرت سے یہ بعید نہیں کہ موت کے مشابہ ایک مدت تک کسی پر کوئی حالت بے ہوشی وارد کر کے پھر اس کو زندہ کر دیوے مگر وہ حقیقی موت نہ ہو۔اور سچ تو یہ ہے کہ جب تک خدا تعالیٰ کسی جاندار پر حقیقی موت وارد نہ کرے وہ مر نہیں سکتا۔اگر چہ وہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاوے۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ [۱]
وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ [۲] **منه**

---

[۱] البقرة:۱۰۷ [۲] ال عمران:۱۴۶

# حاشیہ متعلقہ صفحہ ۸۹۲☆

﴿۹۲۲﴾
یہ آیت پوری یہ ہے یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ [1] اس آیت میں خدائے تعالیٰ نے ترتیب وار اپنے تئیں فاعل ٹھہرا کر چار فعل اپنے یکے بعد دیگرے بیان کئے ہیں۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے کہ اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا ہوں اور اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور کفار کے الزاموں سے پاک کرنے والا ہوں اور تیرے متبعین کو قیامت تک تیرے منکروں پر غلبہ دینے والا ہوں اور ظاہر ہے کہ یہ ہر چہار فقرے ترتیب طبعی سے بیان کئے گئے ہیں۔ کیونکہ اس میں شک نہیں کہ جو شخص خدائے تعالیٰ کی طرف بلایا جاوے اور ارجعی الٰی ربّک کی خبر اس کو پہنچ جائے پہلے اس کا وفات پانا ضروری ہے۔ پھر بموجب آیت کریمہ اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ [2] اور حدیث صحیح کے اس کا خدائے تعالیٰ کی طرف رفع ہوتا ہے۔ اور وفات کے بعد مومن کی روح کا خدا تعالیٰ کی طرف رفع لازمی ہے جس پر قرآن کریم اور احادیث صحیحہ ناطق ہیں پھر بعد اس کے جو خدائے تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کو فرمایا جو میں تجھے کفار کے ﴿۹۲۳﴾ الزاموں سے پاک کرنے والا ہوں۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہود چاہتے تھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب کر کے اس الزام کے نیچے داخل کریں جو توریت باب استثناء میں لکھا ہے جو مصلوب لعنتی اور خدائے تعالیٰ کی رحمت سے بےنصیب ہے۔ جو عزت کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف اٹھایا نہیں جاتا۔ سو خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کو اس آیت میں بشارت دی کہ تو اپنی موت طبعی سے فوت ہوگا اور پھر عزت کے ساتھ میری طرف اُٹھایا جائے گا اور جو تیرے مصلوب کرنے کے لئے تیرے دشمن کوشش کر رہے ہیں ان کوششوں میں وہ ناکام رہیں گے اور جن الزاموں کے قائم کرنے کے لئے وہ فکر میں ہیں اُن تمام الزاموں سے میں تجھے

☆ دیکھئے ایڈیشن ھذا کا صفحہ ۵۸۷۔ (ناشر)

[1] ال عمران: ۵۶ [2] الفجر: ۲۹

بقیہ حاشیہ پاک اور منزہ رکھوں گا یعنی مصلوبیت اور اس کے بدنتائج سے جو لعنتی ہونا اور نبوت سے محروم ہونا اور رفع سے بے نصیب ہونا ہے۔ اور اس جگہ تَوَفِّی کے لفظ میں بھی مصلوبیت سے بچانے کے لئے ایک باریک اشارہ ہے کیونکہ تَـوَفِّی کے معنے پر غالب یہی بات ہے کہ موت طبعی سے وفات دی جائے یعنی ایسی موت سے جو محض بیماری کی وجہ سے ہو نہ کسی ضربہ سقطہ سے۔ اسی وجہ سے مفسرین صاحب کشاف وغیرہ انی متوفیک کی یہ تفسیر لکھتے ہیں کہ انی ممیتک حتف انفک ۔ ہاں یہ اشارہ آیت کے تیسرے فقرہ میں کہ مطھرک من الذین کفروا ہے اور بھی زیادہ ہے۔ غرض ﴿۹۲۴﴾
فقرہ مطھرک من الذین کفروا جیسا کہ تیسرے مرتبہ پر بیان کیا گیا ہے ایسا ہی ترتیب طبعی کے لحاظ سے بھی تیسری مرتبہ پر ہے کیونکہ جبکہ حضرت عیسیٰ کا موت طبعی کے بعد نبیوں اور مقدسوں کے طور پر خدا تعالیٰ کی طرف رفع ہو گیا تو بلاشبہ وہ کفار کے منصوبوں اور الزاموں سے بچائے گئے اور چوتھا فقرہ وجاعل الذین اتبعوک جیسا کہ ترتیباً چوتھی جگہ قرآن کریم میں واقع ہے ایسا ہی طبعاً بھی چوتھی جگہ ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ کے متبعین کا غلبہ ان سب امور کے بعد ہوا ہے۔ سو یہ چار فقرے آیت موصوفہ بالا میں ترتیب طبعی سے واقعہ ہیں اور یہی قرآن کریم کی شان بلاغت سے مناسب حال ہے کیونکہ امور قابل بیان کا ترتیب طبعی سے بیان کرنا کمال بلاغت میں داخل اور عین حکمت ہے۔ اسی وجہ سے ترتیب طبعی کا التزام تمام قرآن کریم میں پایا جاتا ہے۔ سورۂ فاتحہ میں ہی دیکھو کہ کیوں کر پہلے رب العالمین کا ذکر کیا۔ پھر رحمٰن پھر رحیم پھر مالک یوم الدین اور کیوں کر فیض کے سلسلہ کو ترتیب وار عام فیض سے لے کر اخص فیض تک پہنچایا۔ غرض موافق عام طریق کامل البلاغت قرآن کریم کی آیت موصوفہ بالا میں ہر چہار فقرہ ترتیب طبعی سے بیان کئے گئے ہیں لیکن حال کے متعصّب ملّا جن کو یہودیوں کی طرز پر یُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ[1] کی عادت ہے اور جو مسیح ابن مریم کی حیات ثابت کرنے کے لئے

[1] النساء :۴۷

بقیہ حاشیہ بے طرح ہاتھ پیر مار رہے ہیں اور کلام الٰہی کی تحریف وتبدیل پر کمر باندھ لی ہے وہ
نہایت تکلف سے خدائے تعالیٰ کی ان چار ترتیب وار فقروں میں سے دو فقروں کی ترتیبِ طبعی سے منکر ﴿۹۲۵﴾
ہو بیٹھے ہیں یعنی کہتے ہیں کہ اگرچہ فقرہ مطھرک من الذین کفروا اور فقرہ وجاعل الذین
اتبعوک بترتیب طبعی واقع ہیں لیکن فقرہ انّی متوفیک اور فقرہ ورافعک الیّ ترتیب طبعی پر
واقع نہیں ہیں بلکہ دراصل فقرہ انّی متوفیک مؤخر اور فقرہ رافعک الیّ مقدم ہے۔ افسوس
کہ ان لوگوں نے باوجود اس کے کہ کلام بلاغت نظام حضرت ذات احسن المتکلّمین جلَّ شَانُہٗ کو
اپنی اصل وضع اور صورت اور ترتیب سے بدلا کر مسخ کر دیا۔ اور چار فقروں میں سے دو فقروں کی
ترتیب طبعی کو مسلّم رکھا اور دو فقروں کو دائرہ بلاغت وفصاحت سے خارج سمجھ کر اپنی طرف سے اُن
کی اصلاح کی یعنی مقدم کو مؤخر کیا اور مؤخر کو مقدم کیا مگر باوجود اس قدر یہودیانہ تحریف کے پھر
بھی کامیاب نہ ہو سکے کیونکہ اگر فرض کیا جائے کہ فقرہ انی رافعک الیّ فقرہ انی متوفّیک
پر مقدم سمجھنا چاہیے تو پھر بھی اس سے محرفین کا مطلب نہیں نکلتا کیونکہ اس صورت میں اس کے
یہ معنی ہوں گے کہ اے عیسیٰ میں تجھے اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور وفات دینے والا ہوں
اور یہ معنے سراسر غلط ہیں کیونکہ اس سے لازم آتا ہے کہ حضرت عیسیٰ کی آسمان پر ہی وفات ہو
وجہ یہ کہ جب رفع کے بعد وفات دینے کا ذکر ہے اور نزول کا درمیان کہیں ذکر نہیں۔ اس
سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ آسمان پر ہی حضرت عیسیٰ وفات پائیں گے۔ ہاں اگر ایک تیسرا ﴿۹۲۶﴾
فقرہ اپنی طرف سے گھڑا جائے اور ان دونوں فقروں کے بیچ میں رکھا جائے اور یوں کہا
جائے یاعیسٰی اِنّی رافِعُک ومُنزّلک ومُتوفّیک تو پھر معنے درست ہو جائیں گے مگر
ان تمام تحریفات کے بعد فقرات مذکورہ بالا خدائے تعالیٰ کا کلام نہیں رہیں گے بلکہ بباعث
دخل انسان اور صریح تغییر وتبدیل وتحریف کے اسی محرف کا کلام متصور ہوں گے۔ جس نے
بے حیائی اور شوخی کی راہ سے ایسی تحریف کی ہے۔ اور کچھ شبہ نہیں کہ ایسی کارروائی سراسر

بقیہ حاشیہ الحاد اور صریح بے ایمانی میں داخل ہوگی۔

اگر یہ کہا جائے کہ ہم یہ تحریفات وتبدیلات بلاضرورت نہیں کرتے بلکہ آیات قرآنی کو بعض احادیث سے مطابق وموافق کرنے کے لئے بوجہ اشد ضرورت اس حرکت بے جا کے مرتکب ہوتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو آیت اور حدیث میں باہم تعارض واقع ہونے کی حالت میں اصول مفسرین ومحدثین یہی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو حدیث کے معنوں میں تاویل کر کے اس کو قرآن کریم کے مطابق کیا جائے۔ جیسا کہ صحیح بخاری کی کتاب الجنائز صفحہ ۱۷۲ میں صاف لکھا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حدیث **ان المیت یعذب ببعض بکاء اھله** کو قرآن کریم کی اس آیت سے کہ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى [1] معارض ومخالف پا کر حدیث کی یہ تاویل کر دی کہ یہ مومنوں کے متعلق نہیں۔ بلکہ کفار کے متعلق ہے جو متعلقین کے جزع فزع پر راضی تھے بلکہ وصیت کر جاتے تھے پھر بخاری کے صفحہ ۱۸۳ میں یہ حدیث جو لکھی ہے **قال ھل وجدتم ماوعدکم ربکم حقًا**۔ اس حدیث کو حضرت عائشہ صدیقہ نے اس کے سیدھے اور حقیقی معنی کے رو سے قبول نہیں کیا اس عذر سے کہ یہ قرآن کے معارض ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى [2] اور ابن عمر کی حدیث کو صرف اسی وجہ سے رد کر دیا ہے کہ ایسے معنے معارض قرآن ہیں۔ دیکھو بخاری صفحہ ۱۸۳۔ ایسا ہی محققوں نے بخاری کی اس حدیث کو جو صفحہ ۶۵۲ میں لکھی ہے یعنی یہ کہ **مامن مولود یولد الا والشیطٰن یمسّه حین یولد الا مریم وابنھا**۔ قرآن کریم کی ان آیات سے مخالف پا کر کہ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ [3] اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ [4]۔ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ [5] اس حدیث کی یہ تاویل کر دی۔ کہ ابن مریم اور مریم سے تمام ایسے اشخاص مراد ہیں جو ان دونوں کی صفت پر ہوں جیسا کہ شارح بخاری نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے۔ ﴿۹۲۷﴾

**قد طعن الزمخشری فی معنی ھذا الحدیث و توقف فی صحته و قال ان صح**

[1] الانعام: ۱۶۵ [2] النمل: ۸۱ [3] الحجر: ۴۱ [4] الحجر: ۴۳ [5] مریم: ۱۶

بقیہ حاشیہ **فمعناه کل من کان فی صفتهما لقوله تعالٰی الا عبادک منهم المخلصین**
﴿۹۲۸﴾ یعنی علامہ زمخشری نے بخاری کی اس حدیث میں طعن کیا ہے اور اس کی صحت میں اس کو شک ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث معارض قرآن ہے اور فقط اس صورت میں صحیح متصور ہوسکتی ہے کہ اس کے یہ معنے کئے جاویں کہ مریم اور ابن مریم سے مراد تمام ایسے لوگ ہیں جو اُن کی صفت پر ہوں۔ ماسوا اس کے حسب آیت فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَهٗ یُؤۡمِنُوۡنَ [1] اور بحسب آیت کریمہ فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَ اللّٰهِ وَاٰیٰتِهٖ یُؤۡمِنُوۡنَ [2] ہر یک حدیث جو صریح آیت کے معارض پڑے رد کرنے کے لائق ہے۔ اور آخری نصیحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تھی کہ تم نے تمسک بکتاب اللہ کرنا۔ جیسا کہ بخاری کے صفحہ ۷۵۱ میں یہ حدیث درج ہے کہ **اوصٰی بکتاب اللّٰہ**۔ اسی وصیت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انتقال کر گئے۔ پھر اسی بخاری کے صفحہ ۱۰۸۰ میں یہ حدیث ہے **و ھذا الکتٰب الذی ھدی اللّٰہ بہٖ رسولکم فخذوا بہٖ تھتدوا** یعنی اسی قرآن سے تمہارے رسول نے ہدایت پائی ہے سو تم بھی اسی کو اپنا رہنما پکڑو تا تم ہدایت پاؤ۔ پھر بخاری کے صفحہ ۲۵۰ میں یہ حدیث ہے **ما عندنا شیء الا کتاب اللّٰہ** یعنی کتاب اللہ کے سوا ہمارے پاس اور کوئی چیز نہیں جس سے بالاستقلال تمسک پکڑیں۔ پھر بخاری کے صفحہ ۱۸۳ میں یہ حدیث ہے **حسبکم القراٰن** یعنی تمہیں
﴿۹۲۹﴾ قرآن کافی ہے۔ پھر بخاری میں یہ بھی حدیث ہے **حسبنا کتٰب اللّٰہ ما کان من شرط لیس فی کتٰب اللّٰہ فھو باطل قضاء اللّٰہ احق** دیکھو صفحہ ۲۹۰، ۳۷۷، ۳۴۸۔ اور یہی اصول محکم ائمہ کبار کا ہے۔ چنانچہ تلویح میں لکھا ہے **انما یرد خبر الواحد من معارضة الکتٰب**. پس جس صورت میں خبر واحد جس میں احادیث بخاری و مسلم بھی داخل ہیں بحالت معارضہ کتاب اللہ رد کرنے کے لائق ہے تو پھر کیا یہ ایمانداری ہے کہ اگر کسی آیت کا کسی حدیث سے تعارض معلوم ہو تو آیت کے زیر و زبر کرنے کی فکر میں ہو جائیں اور حدیث کی تاویل کی طرف رخ بھی نہ کریں۔

[1] الاعراف: ۱۸۶ [2] الجاثیة: ۷

بقیہ حاشیہ ابھی میں بیان کر چکا ہوں کہ صحابہ کرام اور سلف صالح کی یہی عادت تھی کہ جب کہیں آیت اور حدیث میں تعارض وتخالف پاتے تو حدیث کی تاویل کی طرف مشغول ہوتے۔ مگر اب یہ ایسا زمانہ آیا ہے کہ قرآن کریم سے حدیثیں زیادہ پیاری ہوگئی ہیں اور حدیثوں کے الفاظ قرآن کریم کے الفاظ کی نسبت زیادہ محفوظ سمجھے گئے ہیں۔ ادنیٰ ادنیٰ بات میں جب کسی حدیث کا قرآن کریم سے تعارض دیکھتے ہیں تو حدیث کی طرف ذرہ شک نہیں گذرتا یہودیوں کی طرح قرآن کریم کا بدلانا شروع کر دیتے ہیں اور کلمات اللہ کو اُن کے اصل مواضع سے پھیر کر کہیں کا کہیں لگا دیتے ہیں اور بعض فقرے اپنی طرف سے بھی ملا دیتے ہیں اور اپنے تئیں يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ [1] کا مصداق بنا کر اس لعنت اللہ ﴿۹۳۰﴾ سے حصہ لے لیتے ہیں جو پہلے اس سے یہودیوں پر انہیں کاموں کی وجہ سے وارد ونازل ہوئی تھی۔ بعض تحریف کی یہ صورت اختیار کرتے ہیں کہ فقرہ متوفیک کو مقدّم ہی رکھتے ہیں مگر بعد اس کے انی محییک کا فقرہ اپنی طرف سے ملا لیتے ہیں۔ ذرہ خیال نہیں کرتے کہ خدا تعالیٰ نے تحریف کرنے والوں پر لعنت بھیجی ہے اور بخاری نے اپنی صحیح کے آخر میں لکھا ہے کہ اہل کتاب کی تحریف یہی تھی کہ وہ پڑھنے میں کتاب اللہ کے کلمات کو اُن کے مواضع سے پھیرتے تھے (اور حق بات یہ ہے کہ وہ دونوں قسم کی تحریف تحریری وتقریری کرتے تھے) مسلمانوں نے ایک قسم میں جو تقریری تحریف ہے اُن سے مشابہت پیدا کر لی۔ اور اگر وعدہ صادقہ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ [2] تصرّف تحریری سے مانع نہ ہوتا تو کیا تعجب کہ یہ لوگ رفتہ رفتہ تحریر میں بھی ایسی تحریفیں شروع کر دیتے کہ فقرہ رافعک کو مقدّم اور انی متوفیک کو مؤخر لکھ دیتے۔ اور اگر ان سے پوچھا جائے کہ تم پر ایسی مصیبت کیا آپڑی ہے کہ تم کتاب اللہ کے زیر وزبر اور محرف کرنے کی فکر میں لگ گئے تو اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ تا کسی طرح قرآن کریم ان حدیثوں کے مطابق ہو جائے جن سے بظاہر معارض ومخالف معلوم ہوتا ہے۔ ان بے چاروں کو اس بات کی طرف خیال نہیں آتا

[1] النساء: ۴۷ [2] الحجر: ۱۰

بقیہ حاشیہ کہ اگر درحقیقت کوئی حدیث قرآن کریم سے معارض ومخالف ہے تو حدیث قابل تاویل
ہے نہ کہ قرآن۔ کیونکہ قرآن کریم کے الفاظ جواہرات مرصع کی طرح اپنے اپنے محل پر چسپاں ہیں ﴿۹۳۱﴾
اور نیز قرآن کریم کا ہر یک لفظ اور ہر یک نقطہ تصرف اور دخل انسان سے محفوظ ہے برخلاف حدیثوں
کے کہ وہ محفوظ الالفاظ بکلی نہیں اور ان کے الفاظ کی یادداشت اور محل پر رکھنے میں وہ اہتمام نہیں ہوا جو
قرآن کریم میں ہوا۔ اسی وجہ سے ان میں تعارض بھی موجود ہے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مقامات
متعارضہ میں راویوں کے حافظہ نے وفا نہیں کی۔ اس جگہ ہم چند مقامات متعارضہ صحیح بخاری کے جو بعد
کتاب اللہ اصح الکتب خیال کی گئی ہے اور درحقیقت اصح ہے لکھتے ہیں۔ ازانجملہ وہی حدیث صفحہ ۶۵۲
بخاری ہے جس میں یہ لکھا ہے کہ مس شیطان سے محفوظ صرف ابن مریم اور اس کی والدہ ہے لیکن
حدیث صفحہ ۷۷۶ بخاری میں اس کے برخلاف درج ہے جس میں لکھا ہے کہ جو شخص صحبت کے وقت
بِسْمِ اللّٰہ اللّٰھم الخ پڑھے اس کی اولاد مس شیطان سے محفوظ رہتی ہے۔ ایسا ہی بخاری کے صفحہ ۴۶۴
اور صفحہ ۲۶ کی حدیثیں بھی اس کے معارض پڑی ہیں۔ اور ایسا ہی بخاری کی وہ حدیث بھی جو صفحہ ۴۷۷
میں درج ہے جس میں لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کے
ایام بناء میں کس قدر فاصلہ ہے تو آپ نے فرمایا کہ چالیس برس کا۔ حالانکہ روایت صحیح سے ثابت ہے کہ ﴿۹۳۲﴾
بانی کعبہ ابراہیم علیہ السلام اور بانئ بیت المقدس حضرت سلیمان ہے اور ان دونوں کے زمانہ میں ہزار
برس سے بھی زیادہ فاصلہ ہے۔ اسی وجہ سے ابن جوزی نے بھی اس حدیث پر لکھا کہ **فیہ اشکال لان**
**ابراھیم بنی الکعبۃ و سلیمان بنی بیت المقدس و بینھما اکثر من الف سنۃ** ۔ دیکھو
صفحہ ۴۷۷ بخاری ایسا ہی معراج کی حدیثوں میں سخت تعارض واقعہ ہے۔ کتاب الصلوٰۃ صفحہ ۵۰
بخاری میں جو حدیث ہے اس میں یہ الفاظ ہیں کہ میں مکہ میں تھا کہ چھت کو کھول کر حضرت جبرئیل
میرے پاس آئے اور میرے سینہ کو کھولا اور آب زمزم سے اس کو دھویا۔ پھر ایک سونے کا طشت

بقیہ حاشیہ لایا گیا جس میں حکمت اور ایمان بھرا ہوا تھا سو وہ میرے سینہ میں ڈالا گیا پھر جبرائیل میرا ہاتھ پکڑ کر آسمان کی طرف لے گیا۔ مگر اس میں یہ نہیں لکھا کہ وہ طشت طلائی جو عین بیداری میں ملا تھا کیا ہوا اور کس کے حوالہ کیا گیا۔ بہرحال آسمان پر پہنچے اور ابراہیم کو چھٹے آسمان پر دیکھا اور سب سے اوّل آدم کو دیکھا۔ پھر ادریس کو دیکھا۔ پھر موسیٰ کو اور پھر ان سب کے بعد عیسیٰ کو دیکھا۔ بعد اس کے ابراہیم کو دیکھا اور سب کے بعد بہشت کا مشاہدہ کیا اور پھر واپس آئے۔ اور **کتاب بدء الخلق** صفحہ ۴۵۵ بخاری میں یہ حدیث ہے کہ میں بیت اللہ کے پاس خواب اور بیداری کے درمیان تھا کہ تین فرشتے آدمیوں کی صورت پر آئے اور ایک جانور بھی حاضر کیا گیا جس کا قد خچر سے کچھ کم مگر گدھے سے کچھ زیادہ تھا۔ پھر میں آسمان پر گیا اور دوسرے آسمان پر یحییٰ اور عیسیٰ کو دیکھا۔ پھر تیسرے میں یوسف کو دیکھا اور چوتھے میں ادریس کو دیکھا اور پانچویں آسمان میں ہارون کی ملاقات ہوئی اور چھٹے آسمان میں موسیٰ کو ملا۔ اور جب میں موسیٰ کے مقام سے آگے نکل گیا تو وہ رویا۔ پھر جب میں ساتویں آسمان میں گیا تو ابراہیم کو وہاں دیکھا۔ ﴿۹۳۳﴾

اور پھر اسی کتاب کے صفحہ ۴۷۱ بخاری میں یہ حدیث ہے کہ معراج کی رات ابراہیم کو میں نے چھٹے آسمان میں دیکھا اور اس حدیث میں براق کا کوئی ذکر نہیں۔ صرف اتنا لکھا ہے کہ جبرائیل نے میرا ہاتھ پکڑا اور آسمان پر لے گیا اور اس حدیث میں یہ بھی لکھا ہے کہ پہلے آدم کو دیکھا اور پھر ادریس کو پھر موسیٰ کو پھر عیسیٰ کو پھر ابراہیم کو۔

پھر بخاری کی **کتاب المناقب** صفحہ ۵۴۸ میں لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مَیں حطیم میں تھا یا حجرہ میں لیٹا ہوا تھا کہ ایک آنے والا آیا اور اس نے میرا دل نکالا۔ اسی اثناء میں ایک سونے کا طشت لایا گیا جس میں ایمان بھرا ہوا تھا۔ اس کے ساتھ میرا دل دھویا گیا اور پھر میں براق پر سوار ہو کر آسمان پر گیا اور دوسرے آسمان پر یحییٰ اور عیسیٰ کو دیکھا اور تیسرے آسمان پر یوسف کو پایا اور چوتھے آسمان پر ادریس کو دیکھا اور پانچویں آسمان پر ہارون کو اور چھٹے پر

﴿۹۳۴﴾ بقیہ حاشیہ موسیٰ کو اور ساتویں پر ابرہیم کو دیکھا۔

پھر بخاری کی کتاب التوحید و الرد علی الجهمیه میں صفحہ ۱۱۲۰ میں لکھا ہے کہ مسجد کعبہ میں تین شخص پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور ہنوز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منصب نبوت پر مامور نہیں ہوئے تھے یعنی وحی نازل ہونے اور مبعوث ہونے سے پہلے کا زمانہ تھا اور آنحضرت صلعم مسجد حرام میں سوئے ہوئے تھے جو معراج ہوا۔ لیکن اسی حدیث میں لکھا ہے کہ آنحضرت مبعوث ہو چکے تھے جب یہ معراج ہوا۔ پھر بغیر براق کے آسمان پر گئے اور ادریس کو دوسرے آسمان میں دیکھا اور ہارون کو چوتھے میں اور ابراہیم کو چھٹے آسمان میں۔ اور موسیٰ کو ساتویں میں۔ اور جب موسیٰ سے آگے ہو گذرے اور ساتویں آسمان سے عبور کرنے لگے تو موسیٰ نے کہا اے میرے رب مجھے یہ گمان نہیں تھا کہ مجھ سے بھی زیادہ کسی کا رفع ہوگا۔ عربی عبارت یہ ہے فقال موسٰی ربّ لم اظن ان یرفع عَلَیَّ اَحد (یہ وہی رفع ہے جس کی طرف آیت ورافعک الیّ میں اشارہ ہے) پھر اس حدیث کے آخر میں لکھا ہے کہ اس قدر واقعہ دیکھ کر پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کھل گئی اور جاگ اُٹھے۔ اور ان پانچوں حدیثوں میں بالالتزام لکھا ہے کہ معراج کے وقت پہلے پچاس نمازیں مقرر ہوئیں اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس سے تخفیف کرا کر پانچ منظور کرائیں۔

﴿۹۳۵﴾ اب دیکھنا چاہیے کہ ان پانچ حدیثوں میں کس قدر اختلاف ہے۔ کسی حدیث میں براق کا ذکر ہے اور کسی میں یہ ہے کہ جبرائیل ہاتھ پکڑ کر لے گیا اور کسی میں بیداری اور کسی میں خواب لکھی ہے اور کسی میں لکھا ہے کہ میں حجرہ میں لیٹا ہوا تھا اور کسی میں لکھا ہے کہ میں مسجد کعبہ میں تھا۔ اور کسی میں لکھا ہے کہ صرف جبرائیل آیا تھا اور کسی میں لکھا ہے کہ تین آدمی آئے تھے۔ اور کسی میں لکھا ہے کہ آدم کے بعد عیسیٰ اور یحیٰ کو دیکھا اور کسی میں لکھا ہے کہ آدم کے بعد ادریس کو دیکھا اور کسی میں لکھا ہے کہ عیسیٰ کو دوسرے آسمان میں دیکھا اور موسیٰ کو چھٹے آسمان میں۔ اور کسی میں لکھا ہے کہ پہلے موسیٰ کو دیکھا پھر عیسیٰ کو۔ اور کسی میں یہ لکھا ہے کہ ابراہیم کو

بقیہ حاشیہ ساتویں آسمان میں دیکھا۔ اورکسی میں لکھا ہے کہ موسیٰ کو ساتویں آسمان میں دیکھا اورابراہیم کو چھٹے میں۔غرض اس قدر اختلاف ہیں کہ جن کے مفصل لکھنے کے لئے بہت سے اوراق چاہئیں۔اب کیوں کرممکن ہے کہ اگر ہرایک راوی ان تمام الفاظ کو بہ صحت تمام یادرکھتا جوآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے نکلے تھے تواس قدراختلاف اورتعارض اُن کے بیانات میں پایا جاتا۔ بلاشبہ بعض راوی بوجہ کمزوری حافظہ بعض الفاظ کوبھول گئے یا محل بے محل کا فرق یاد نہ رہا۔اسی وجہ سے یہ صریح اختلافات پیدا ہوگئے۔ پس جبکہ احادیث کے ضبط الفاظ کا یہ نمونہ ہے جواس کتاب سے ملتا ہے جو بعد کتاب اللہ اصح الکتب ہےتو اس صورت میں اگرکوئی حدیث صریح کتاب اللہ کے معارض ہویا ﴿۹۳۶﴾
ایسی باتوں کو بیان کرے جواشارات النص کے مخالف ہوں تو کیوں کرایسی حدیث کے وہ معنی مسلم رکھے جائیں جوقرآن کریم سے صریح تعارض رکھتے ہیں۔جب کسی تعارض کے وقت حدیث کا بیان بمقابلہ بیان قرآن کریم کے چھوڑنا نفس پرشاق معلوم ہوتو حدیثوں کے باہمی تعارض پرنظر ڈال کرخودانصاف کرلینا چاہیے کہ علاوہ اس کمال خاص قرآن کے کہ وہ وحی متلو ہے محفوظیت کی رو سے بھی حدیثوں کوقرآن کریم سے کیا نسبت ہے۔قرآن کریم کی جیسا کہ اس کی بلاغت وفصاحت وحقائق ومعارف کی رو سے کوئی چیزمثل نہیں ٹھہرسکتی۔ ایسا ہی اس کی صحت کاملہ اورمحفوظیت اورلاریب فیہ ہونے میں کوئی چیزاس کی مثیل نہیں۔کیونکہ اس کے الفاظ وترتیب الفاظ اورمحفوظیت تامہ کا اہتمام خدائے تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے لیا ہے۔اور ماسوا اس کے حدیث ہو یا قول کسی صحابی کا ہوان سب کا اہتمام انسانوں نے کیا ہے جوسہواورنسیان سے بری نہیں رہ سکتے۔اور ہرگز وہ لوگ محفوظیت تامہ اورصحت کاملہ میں احادیث اوراقوال کومثل قرآن نہیں بنا سکتے تھے۔اور یہ عجز اُن کا اس آیت کریمہ کے اعجازات پیش کردہ میں داخل ہے۔ قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا[1] جب ہرایک بات

[1] بنی اسرائیل : ۸۹

﴿۹۳۷﴾ بقیہ حاشیہ میں مثل قرآن ممتنع ہے تو کیوں کر وہ لوگ احادیث کو صحت اور محفوظیت میں مثل قرآن بنا سکتے۔

بعض نے احادیث معراج کا جو صحیح بخاری میں ہیں تعارض دُور کرنے کے لئے یہ جواب دیا ہے کہ حقیقت میں وہ صرف ایک ہی معراج نہیں بلکہ پانچ معراج ہوئے تھے۔ کوئی بیداری میں اور کوئی خواب میں اور کوئی بعد از زمانہ وحی اور کوئی قبل از زمانہ وحی۔ اور کوئی بیت اللہ میں اور کوئی اپنے گھر کے حجرہ میں۔ اسی وجہ سے انبیاء کی رویت میں بھی اختلاف پڑا۔ کبھی کسی کو کسی آسمان میں دیکھا اور کبھی کسی آسمان میں۔

لیکن واضح ہو کہ تعارض دور کرنے کیلئے یہ جواب صحیح نہیں ہے کیونکہ اگر پانچ معراج ہی تسلیم کئے جائیں تو پھر بھی وہ اختلاف جو انبیاء کی رویت کی نسبت پایا جاتا ہے کسی طرح دور نہیں ہوسکتا کیونکہ خود انہیں احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء کیلئے خاص خاص مقامات آسمانوں میں مقرر ہوگئے ہیں۔ اسی وجہ سے وہ حدیث معراج جو امام بخاری نے اپنی صحیح کی کتاب التوحید میں لکھی ہے جو بخاری مطبوعہ کے صفحہ ۱۱۲۰ میں موجود ہے باآواز بلند پکار رہی ہے کہ ہر یک نبی آسمانوں پر اپنے اپنے مقام پر قرار یاب ہے جس سے بڑھ نہیں سکتا کیونکہ اس حدیث میں یہ فقرہ بھی درج ہے کہ ﴿۹۳۸﴾ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے موسیٰ کو ساتویں آسمان میں دیکھا اور جب ساتویں آسمان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آگے جانے لگے تو موسیٰ نے کہا اے میرے رب مجھے یہ گمان نہ تھا کہ مجھ سے بھی زیادہ کسی کا رفع ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ اگر موسیٰ کے اختیار میں تھا کہ کبھی پانچویں آسمان پر آجائے اور کبھی چھٹے پر اور کبھی ساتویں پر تو یہ گریہ و بکا کیسا تھا جیسے پانچویں سے یا چھٹے سے ساتویں پر چلے گئے ایسا ہی آگے بھی جاسکتے تھے اور قرآن کریم سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کوئی شخص عروج میں اپنے نفسی نقطہ سے آگے گذر نہیں سکتا۔ ماسوا اس کے پانچ معراجوں کے ماننے سے ایک اور مصیبت یہ پیش آتی ہے کہ قرآن کریم اور خدائے تعالیٰ کے احکام میں محض بے جا اور لغو طور پر منسوخیت ماننی پڑتی ہے اور اوامر نا قابل تبدیل اور مستمرہ کو فضول طور پر منسوخ ماننا پڑتا ہے اور حکیم مطلق کو ایک لغو اور بے ضرورت تنسیخ کا مرتکب قرار دے کر پھر پشیمانی کے طور پر

بقیہ حاشیہ پہلے ہی حکم کی طرف عود کرنے والا اعتقاد کرنا پڑتا ہے کیونکہ اگر قصہ معراج پانچ مرتبہ واقع ہوا ہے تو پھر اس صورت میں یہ اعتقاد ہونا چاہیے کہ پانچ ہی دفعہ اول نمازیں پچاس مقرر کی گئیں اور پھر پانچ منظور کی گئیں۔ مثلاً پہلی دفعہ کے معراج کے وقت میں پچاس نمازیں فرض کی گئیں اور ان پچاس میں ﴿۹۳۹﴾
تخفیف کرانے کے لئے جیسا کہ بخاری کی یہ پنج حدیثیں ہی ظاہر کر رہی ہیں کئی مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے موسیٰ اور اپنے رب میں آمد و رفت کی یہاں تک کہ پچاس نماز سے تخفیف کرا کر پانچ نمازیں منظور کرائیں اور خدائے تعالیٰ نے کہہ دیا کہ اب ہمیشہ کے لئے غیر مبدل یہ حکم ہے کہ نمازیں پانچ مقرر ہوئیں اور قرآن بھی پانچ کے لئے نازل ہو گیا۔ اور حسب آیات محکمہ قرآن کریم کے پانچ نمازوں پر عملدرآمد شروع ہو گیا۔ اور سب قصہ لوگوں کو بھی سنا دیا گیا کہ اب ہمیشہ کے لئے پانچ نمازیں مقرر ہو گئیں۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد جو دوسرا معراج ہوا تو تمام پہلا ساختہ پرداختہ اس میں کالعدم کیا گیا اور وہی پُرانا جھگڑا از سرِ نو پیش آ گیا کہ خدا تعالیٰ نے پھر نمازیں پچاس مقرر کر دیں اور قرآن میں جو حکم وارد ہو چکا تھا اس کا بھی کچھ لحاظ نہ رکھا اور منسوخ کر دیا۔ مگر پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی دفعہ کی طرح تخفیف کرانے کی غرض سے کئی دفعہ اپنے رب میں اور موسیٰ میں آمد و رفت کر کے نمازیں پانچ مقرر کرائیں اور جناب الٰہی سے ہمیشہ کے لئے یہ منظوری ہو گئی کہ نمازیں پانچ پڑھا کریں۔ اور قرآن میں یہ حکم غیر مبدل قرار پا گیا۔ لیکن پھر تیسری دفعہ کے معراج میں وہی مصیبت پیش آ گئی اور نمازیں پچاس مقرر کی گئیں اور قرآن کریم کی غیر متبدل آیتیں منسوخ ﴿۹۴۰﴾
کی گئیں۔ پھر بمشکل تمام بدستور مذکورہ بالا پچاس سے پانچ کرائیں۔ مگر چوتھی دفعہ کے معراج میں پھر پچاس مقرر کی گئیں۔ پھر جیسا کہ بار بار لکھا گیا ہے نہایت التجا اور کئی دفعہ کی آمد و رفت سے پانچ مقرر کرائیں اور خدائے تعالیٰ نے پختہ عہد کر لیا کہ اب پانچ رہیں گی لیکن پھر پانچویں دفعہ کے معراج میں پھر پچاس مقرر کی گئیں۔ پھر بہت سی آمد و رفت کے بعد پانچ نمازیں

بقیہ حاشیہ منظور کرائیں۔ مگر منسوخ شدہ آیتوں کے بعد پھر کوئی نئی آیت نازل نہ ہوئی۔ اب کیا یہ سمجھ میں آ سکتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے احکام اس قدر کچے اور بے ثبات اور تعارض سے بھرے ہوئے ہیں کہ اول پچاس نمازیں مقرر ہو کر پھر پختہ طور پر ہمیشہ کے لئے پانچ نمازیں مقرر کی جائیں۔ پھر تخلف وعدہ کر کے پانچ کی پچاس بنائی جائیں۔ پھر کچھ رحم فرما کر ہمیشہ کے لئے پانچ کر دی جائیں۔ پھر بار بار وعدہ توڑ دیا جائے اور بار بار قرآن کریم کی آیتیں منسوخ کی جائیں اور حسب منشاء آیت کریمہ نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا [1] اور کوئی آیت ناسخہ نازل نہ ہو۔ درحقیقت ایسا خیال کرنا وحی الٰہی کے ساتھ ایک بازی ہے جن لوگوں نے ایسا خیال کیا تھا ان کا یہ مدعا تھا کہ کسی طرح تعارض دور ہو لیکن ایسی تاویلوں سے ہرگز تعارض دور نہیں ہو سکتا بلکہ اَور
﴿۹۴۱﴾ بھی اعتراضات کا ذخیرہ بڑھتا ہے۔ اور کتاب التوحید کی حدیث جو بخاری کے صفحہ ۱۱۲۰ میں ہے جس میں قبل ان یوحٰی الیہ لکھا ہے یہ خود اپنے اندر تعارض رکھتی ہے کیونکہ ایک طرف تو یہ لکھدیا کہ بعثت کے پہلے یہ معراج ہوا تھا اور پھر اُسی حدیث میں یہ بھی لکھا ہے کہ نمازیں پانچ مقرر کر کے پھر آخرکار ہمیشہ کے لئے پانچ مقرر ہوئیں۔ اب ظاہر ہے کہ جس حالت میں یہ معراج نبوت سے پہلے تھا تو اس کو نمازوں کی فرضیت سے کیا تعلق تھا اور قبل از وحی جبرائیل کیوں کر نازل ہو گیا اور جو احکام رسالت سے متعلق تھے وہ قبل از رسالت کیوں کر صادر کئے گئے۔ غرض ان احادیث میں بہت سے تعارض ہیں۔ اگرچہ یہ نہیں کہا جاتا کہ یہ حدیثیں موضوع ہیں بلکہ قدر مشترک ان کا بشرطیکہ قرآن سے معارض نہ ہو قابل تسلیم اور واجب العمل ہے۔ ہاں یہ بھی ضروری ہے کہ نصوص بیّنہ قطعیہ قرآن کریم کو اُن پر مقدم رکھا جائے۔ اور اگر ایک محدث جس کو خدا تعالیٰ سے بذریعہ متواتر تعلیمات ایک علم قطعی یقینی ملا ہے۔ قرآن سے اپنی وحی تحدیث کو موافق و مطابق پا کر ان احادیث کو جو اخبار و قصص سے متعلق ہیں اور تعامل کے سلسلہ سے باہر ہیں مقدّم سمجھے اور ان ظنی امور کو اس یقین کے تابع کرے جو اس کو ایسے

[1] البقرة: ۱۰۷

﴿۹۴۲﴾ بقیہ حاشیہ چشمۂ فیض سے حاصل ہوا ہے جس سے وحی نبوت ہے تو یہ اس کو حق پہنچتا ہے کیونکہ ظن کو یقین کے تابع کرنا عین معرفت اور سراسر سیرتِ ایمان ہے۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ بعض جگہ قرآن میں بھی تعارض پایا جاتا ہے جیسا کہ قرآن کریم کی سولہ آیتوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص فوت ہو جائے پھر دنیا میں کبھی نہیں آسکتا اور دو موتیں کبھی کسی پر وارد نہیں ہوسکتیں لیکن بعض جگہ یہ بھی لکھا ہے کہ بنی اسرائیل کی فلاں قوم کو ہم نے مارا اور پھر زندہ کیا۔ اور ایک نبی عزیز یا کسی اَور کو سو برس تک مارا اور پھر زندہ کیا۔ اور ابراہیم کی معرفت چار جانور زندہ کئے گئے وغیرہ وغیرہ۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن کریم میں ہرگز تعارض نہیں پایا جاتا بلکہ یہ شبہ صرف قلّت فہم اور جہالت سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ قرآن کریم کی سولہ آیتوں سے کھلے کھلے طور پر یہی ظاہر ہوتا ہے کہ جو شخص فوت ہو☆ جائے

﴿الف﴾ ☆ وہ آیات جن میں لکھا ہے کہ فوت شدہ لوگ پھر دنیا میں نہیں آتے ازانجملہ یہ آیت ہے وَحَرٰمٌ عَلٰی قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ [1] الجزو نمبر ۱۷ سورۃ الانبیاء۔ حضرت ابن عباسؓ سے حدیث صحیح میں ہے کہ اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ جن لوگوں پر واقعی طور پر موت وارد ہو جاتی ہے اور درحقیقت فوت ہو جاتے ہیں پھر وہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے نہیں جاتے۔ یہی روایت تفسیر معالم میں بھی زیر تفسیر آیت موصوفہ بالا حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے۔ پھر دوسری آیت جو صریح منطوق قرآن کریم ظاہر کر رہا ہے یہ ہے حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ [2] ۔ الجزو نمبر ۱۸ سورۃ المؤمنون یعنی جب کافروں میں سے ایک کو موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھ کو پھر دنیا میں بھیج تا ہو کہ میں نیک عمل کروں اور تدارک مافات مجھ سے ہو سکے۔ تو اس کو کہا جاتا ہے کہ یہ ہرگز نہیں ہوگا۔ یہ صرف اس کا قول ہے یعنی خدا تعالیٰ کی طرف سے ابتدا سے کوئی بھی وعدہ نہیں کہ مردہ کو پھر دنیا میں بھیجے اور

[1] الانبیآء: ۹۶ [2] المومنون: ۱۰۰، ۱۰۱

بقیہ حاشیہ پھر ہرگز دنیا میں نہیں آتا اور ایسا ہی حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے لیکن یہ ہرگز سچ نہیں ہے کہ ان تمام مقامات میں جہاں مردہ زندہ ہونا لکھا ہے واقعی اور حقیقی موت کے بعد زندہ ہونا لکھا گیا ہے بلکہ لغت کی رو سے موت کے معنے نینداور ہر قسم کی بے ہوشی بھی ہے۔ پس کیوں آیات کو خواہ نخواہ کسی تعارض میں ڈالا جائے اور اگر فرض کے طور پر چار جانور مرنے کے بعد زندہ ہو گئے ہوں تو وہ اعادہ روح میں داخل نہیں ہوگا کیونکہ بجز انسان کے اور کسی حیوان اور کیڑے مکوڑے کی روح کو بقاء نہیں ہے۔ اگر زندہ ہوجائے تو وہ ایک نئی مخلوق ہوگی چنانچہ بعض رسائل عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ اگر بہت سے بچھو کوٹ کر ایک ترکیب خاص سے کسی برتن میں بند کئے جائیں تو اِس خمیر سے جس قدر جانور پیدا ہوں گے وہ سب بچھو ہی ہوں گے۔ تو اب کیا کوئی دانا ﴿۹۴۳﴾

(ب) پھر آگے فرمایا کہ جو لوگ مر چکے ہیں ان میں اور دنیا میں ایک پردہ ہے جس کی وجہ سے وہ قیامت تک دنیا کی طرف رجوع نہیں کر سکتے۔ پھر تیسری آیت جو اسی امر کو بوضاحت بیان کر رہی ہے یہ ہے فَیُمۡسِکُ الَّتِیۡ قَضٰی عَلَیۡهَا الۡمَوۡتَ[1] یعنی جس پر موت وارد ہوگئی خداتعالیٰ دنیا میں آنے سے اسے روک دیتا ہے۔ پھر چوتھی آیت اسی مضمون کی یہ ہے وَ قَالَ الَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡا لَوۡ اَنَّ لَنَا کَرَّۃً فَنَتَبَرَّاَ مِنۡهُمۡ کَمَا تَبَرَّءُوۡا مِنَّا ؕ کَذٰلِکَ یُرِیۡهِمُ اللّٰهُ اَعۡمَالَهُمۡ حَسَرٰتٍ عَلَیۡهِمۡ ؕ وَمَا هُمۡ بِخٰرِجِیۡنَ مِنَ النَّارِ[2] یعنی دوزخی لوگ درخواست کریں گے جو ایک دفعہ ہم دنیا میں جائیں تا ہم اپنے باطل معبودوں سے ایسے ہی بیزار ہو جائیں جیسے وہ ہم سے بیزار ہیں لیکن وہ دوزخ سے نہیں نکلیں گے۔ پھر پانچویں آیت اس مضمون کی یہ ہے ثُمَّ اِنَّکُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ تُبۡعَثُوۡنَ[3] پھر چھٹی آیت یہ ہے لَا یَبۡغُوۡنَ عَنۡهَا حِوَلًا[4] پھر ساتویں آیت یہ ہے وَ مَا هُمۡ مِّنۡهَا بِمُخۡرَجِیۡنَ[5] پھر آٹھویں آیت یہ ہے یُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ یَّخۡرُجُوۡا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمۡ بِخٰرِجِیۡنَ مِنۡهَا ۫ وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّقِیۡمٌ[6] پھر نویں آیت

۱؎ الزمر:۴۳ ۲؎ البقرة:۱۶۸ ۳؎ المومنون:۱۷ ۴؎ الکهف:۱۰۹ ۵؎ الحجر:۴۹
۶؎ المآئدة:۳۸

بقیہ حاشیہ خیال کرسکتا ہے کہ وہی بچھو دوبارہ زندہ ہو کر آ گئے جو مر گئے تھے بلکہ مذہب صحیح جو قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے یہی ہے کہ مخلوقات ارضی میں سے بجز جن اور انس کے اور کسی چیز کو ابدی روح نہیں دیا گیا۔ پھر اگر خلق اللہ کے طور پر کسی مادہ سے خدا تعالیٰ کوئی پرندہ پیدا کر دے تو کیا بعید ہے مگر ایسی روح کا اعادہ جو حقیقی موت کے طور پر قالب سے نکل گیا تھا وعدہ الٰہیہ کے برخلاف ہے تمام مقامات قرآن کریم میں جو احیاء موتی کے متعلق ہیں جن میں یہ مذکور ہے کہ فلاں قوم یا شخص کو مارنے کے بعد زندہ کیا گیا ان میں صرف اماتت کا لفظ ہے توفّی کا لفظ نہیں۔ اس میں یہی بھید ہے کہ توفی کے حقیقی معنے وفات دینے اور روح قبض کرنے کے ہیں لیکن اماتت کے حقیقی معنے صرف مارنا اور موت دینا نہیں بلکہ سلانا اور بیہوش کرنا بھی اس میں داخل ہے۔ ہاں یہ بھی بالکل ممکن اور جائز ہے کہ خدا تعالیٰ

بقیہ حاشیہ در حاشیہ

یہ ہے فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ [1] پھر دسویں آیت یہ ہے اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ [2]۔ ایسا ہی وہ تمام آیتیں جن کے بعد خالدون یا خالدین آتا ہے اسی امر کو ظاہر کر رہی ہیں کہ کوئی انسان راحت یا رنج عالم معاد کے چکھ کر پھر دنیا میں ہرگز نہیں آتا۔ اگرچہ ہم نے ابتداء میں ایسی آیتیں سولہ قرآن کریم میں سے نکالی تھیں مگر دراصل ایسی آیتوں سے قرآن کریم بھرا پڑا ہے۔ نہ صرف قرآن کریم بلکہ بہت سی حدیثیں بھی یہی شہادت دے رہی ہیں۔ چنانچہ ہم بطور نمونہ مشکوٰۃ شریف سے حدیث جابر بن عبداللہ کی اس جگہ نقل کرتے ہیں اور وہ یہ ہے۔ **و عن جابر قال لقینی رسول اللہ صلعم فقال یا جابر مالی اراک منکسرًا قلت استشھد ابی و ترک عیالًا و دَینا قال افلا ابشرک لما لقی اللہ بہٖ اباک قلت بلٰی یا رسول اللّٰہ قال ما کلم اللّٰہ احدًا قطّ الا من وراء حجاب و احیی اباک فکلمہ کفاحًا قال یا عبدی تمن علیّ اعطک قال تحیینی فاقتل فیک ثانیۃ قال الرب تبارک و تعالٰی**

[1] یٰسٓ:۵۱ [2] البقرۃ:۸۳

بقیہ حاشیہ کسی حیوان یا انسان یا پرند کو ایسی حالت میں بھی کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے حقیقی موت سے بچاوے اور اس کی روح کا اس کے پاش پاش شدہ جسم سے وہی تعلق قائم رکھے جو نیند کی حالت میں ہوتا ہے اور پھر اس کے جسم کو درست کر دیوے اور اس کو نیند کی حالت سے جگا دیوے۔ کیونکہ وہ ہر یک بات پر قادر ہے۔ اپنی صفات قدیمہ اور اپنے عہد اور وعدہ کے برخلاف کوئی بات نہیں کرتا اور سب کچھ کرتا ہے۔ **فتدبر فی ھٰذا المقام و لا تکن من الغافلین۔ منہ**

---

**انہ قد سبق منّی انھم لا یرجعون رواہ الترمذی** یعنی جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم مجھ کو ملے اور فرمایا کہ اے جابر کیا سبب ہے کہ میں تجھ کو غمناک دیکھتا ہوں۔ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ صلعم میرا باپ شہید ہو گیا اور میرے سر پر عیال اور قرض کا بوجھ چھوڑ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ کیا میں تجھے اس بات کی خوشخبری دوں جس طور سے اللہ جلّشانہٗ تیرے باپ کو ملا۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا کہ اللہ جلشانہٗ کسی کے ساتھ بغیر حجاب کے کلام نہیں کرتا مگر تیرے باپ کو اُس نے زندہ کیا اور بالمواجہ کلام کی اور کوئی درمیان حجاب نہ تھا۔ اور پھر اس نے تیرے باپ کو کہا کہ اے میرے بندے کچھ مجھ سے مانگ کہ میں تجھے دوں گا۔ تب تیرے باپ نے عرض کی کہ اے میرے رب مجھ کو زندہ کر کے پھر دنیا میں بھیج تا تیری راہ میں دوبارہ شہید کیا جاؤں۔ تب اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہوگا کیونکہ میں (قرآن کریم میں) عہد کر چکا ہوں کہ جو لوگ فوت ہو جائیں پھر وہ دنیا میں بھیجے نہیں جائیں گے (اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ [1] قرآن کریم کی آیت ہے) یہ وہ حدیث ہے جو ترمذی میں لکھی ہے اور اسی کے ہم مضمون ایک صحیح بخاری میں حدیث ہے مگر خوف طول سے چھوڑ دی گئی۔ اب ان تمام آیات و احادیث سے ظاہر ہے کہ جس پر حقیقی موت وارد ہو جائے وہ ہرگز دوبارہ دنیا میں بھیجا نہیں جاتا۔ اگرچہ خدائے تعالیٰ ہر یک چیز پر قادر ہے مگر ایسا ہونا خدائے تعالیٰ کے وعدہ کے برخلاف ہے۔ اسی جگہ سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ تمام مقامات قرآن کریم جن میں مُردوں کے زندہ کرنے کا ذکر ہے ان سے حقیقی موت مراد نہیں ہے۔ یہ بات بالکل ممکن اور صحیح ہے کہ ایک حالت انسان پر بالکل موت کی طرح وارد ہو جائے مگر وہ حقیقی موت نہ ہو اور اگر ذرہ غور کر کے دیکھیں تو صاف ظاہر ہوگا کہ مسیح ابن مریم کی نسبت یہ عذر ج

[1] الانبیآء: ۹۶

﴿۹۴۴﴾

# عالی ہمت دوستوں کی خدمت میں گذارش

چونکہ طبع کتاب ازالہ اوہام میں معمول سے زیادہ مصارف ہوگئے ہیں اور مالک مطبع اور کاتب کا حساب بے باق کرنے کے لئے روپیہ کی ضرورت ہے لہٰذا بخدمت جمیع مخلص دوستوں کے التماس ہے کہ حتی الوسع اس کتاب کی خریداری سے بہت جلد مدد دیں۔ جو صاحب چند نسخے خرید سکتے ہیں وہ بجائے ایک کے اس قدر نسخے خرید لیں جس قدر ان کو خریدنے کی خداداد مقدرت حاصل ہے اور اس جگہ اخویم مکرم مولوی **حکیم نورالدین صاحب** معالج ریاست جموں کی نئی امداد جو انہوں نے کئی نوٹ اس وقت بھیجے قابل اظہار ہے خدا تعالیٰ ان کو جزائے خیر بخشے ایسا ہی اخویم مکرم **حکیم فضل دین صاحب بھیروی** نے علاوہ اس تین سو روپے کے جو پہلے بھیجا تھا اب ایک سو۱۰۰ روپیہ اَور بھیج دیا نہایت ﴿۹۴۵﴾ خوشی کی بات ہے کہ حکیم فضل دین صاحب اپنے مخدوم مولوی حکیم نوردین صاحب کے رنگ میں ایسے رنگین ہوگئے ہیں کہ نہایت اولوالعزمی سے ایثار کے طور پر اُن سے اعلیٰ درجہ کے اعمال صالحہ صادر ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ سو روپیہ بعض زیورات کے فروخت سے محض **ابتغاءً لمرضات اللّٰہ** بھیجا ہے۔ **جزاھم اللّٰہ خیرا لجزاء۔**

---

بقیہ حاشیہ در حاشیہ

پیش کرنا کہ اگر وہ فوت ہوگیا ہے تب بھی خدائے تعالیٰ قادر ہے کہ اس کو زندہ کر کے بھیج دیوے یہ عذر نہ فقط اس وجہ سے باطل ہے کہ فوت شدہ لوگ دنیا میں دوبارہ آیا نہیں کرتے بلکہ اس وجہ سے بھی باطل ہے کہ جس طور سے مسیح ابن مریم کا دنیا میں دوبارہ آنا دلوں میں بسا ﴿د﴾ ہوا ہے ایسے عذر کو اس طور سے کچھ بھی تعلق نہیں۔ وجہ یہ کہ مسیح کے دوبارہ آنے کی نسبت تو یہ خیال دلوں میں جما ہوا ہے کہ وہ آسمان سے بجسدہ العنصری اترے گا لیکن وہ فوت شدہ ہونے کی حالت میں آسمان سے تو کسی طرح بجسدہ العنصری اُتر نہیں سکتا بلکہ قبر سے نکلنا چاہیے کیونکہ فوت شدہ لوگوں کی لاشیں قبروں میں رکھی جاتی ہیں نہ کہ آسمانوں پر اٹھائی جاتی ہیں۔ اور ہم

اس جگہ اخویم مولوی **مردان علی صاحب** صدر محاسب دفتر سرکار نظام حیدر آباد دکن بھی ذکر کے لائق ہیں۔ مولوی صاحب موصوف نے درخواست کی ہے کہ میرا نام سلسلہ بیعت کنندوں میں داخل کیا جاوے۔ چنانچہ داخل کیا گیا۔ اُن کی تحریرات سے نہایت محبت و اخلاص پایا جاتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ میں نے سچے دل سے پانچ برس اپنی عمر میں سے آپ کے نام لگا دئے ہیں۔ خدا تعالیٰ میری عمر میں سے کاٹ کر آپ کی عمر میں شامل کر دے سو خدا تعالیٰ اس ایثار کی جزا ان کو یہ بخشے کہ اُن کی عمر دراز کرے۔ انہوں نے اور اخویم مولوی ظہور علی صاحب اور مولوی غضنفر علی صاحب نے نہایت اخلاص سے دس دس روپیہ ماہواری چندہ دینا قبول کیا ہے اور بہتر۷۲ روپیہ امداد کے لئے بھیجے ہیں۔ **جزاھم اللّٰہ خیر الجزا. والصلٰوۃ والسلام علیٰ نبیّنا ومولانا محمد واٰلہ واصحابہ وجمیع عباد اللّٰہ الصالحین۔**

راقــــــــــــــــــــــــــــــم

خاکسار **غلام احمد** از لودھیانہ محلّہ اقبال گنج

---

یہ ثابت کر چکے ہیں کہ توفی کا لفظ عمومًا محاورہ کی رُو سے یہی معنے رکھتا ہے کہ روح کا قبض کرنا لیکن جسم کا قبض کرنا قرآن کریم کے کسی لفظ سے ثابت نہیں ہوتا۔ پس جب کہ توفی کا لفظ صرف روح کی قبض کرنے میں محدود ہوا تو مسیح ابن مریم کا جسم آسمان کی طرف اُٹھایا جانا قرآن کریم کے کسی لفظ سے ثابت نہ ہو سکا۔ ظاہر ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالےٰ قبض کرتا ہے اٹھاتا بھی اُسی کو ہے اور یہ وعدہ بھی قرآن کریم میں ہو چکا ہے کہ لاشیں قبروں میں سے بروز حشر اٹھیں گی۔ اس صورت میں اگر فرض محال کے طور پر مسیح ابن مریم قبر میں سے اٹھے تو پھر نزول غلط ٹھہرے گا۔

فیھا تحیون و فیھا تموتون

بعض کہتے ہیں کیا یہ ممکن نہیں کہ مسیح سونے کی حالت میں اٹھایا گیا ہو اور پھر آخری زمانہ میں آسمان پر جاگ اٹھے اور زمین پر نازل ہو مگر یہ لوگ نہیں سمجھتے کہ جسم کا اٹھایا جانا قرآن کریم سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔ توفی صرف روح کے قبض کرنے کو کہتے ہیں خواہ بحالت نوم قبض ہو یا بحالت موت پس جو چیز قبض کی جائے وہی اٹھائی جائے گی۔ اور یہ ہم ثابت کر آئے ہیں کہ مسیح کی تـوفّیِ

یعنی مسیح کی روح کا قبض کرنا بطور موت کے تھا نہ بطور خواب کے۔ اور صحیح بخاری میں جو بعد کتاب اللہ اصح الکتب ہے تفسیر کے محل میں انّی متوفّیک کے معنے انّی ممیتک لکھے ہیں۔ پس جبکہ قرآن شریف اور احادیث صحیحہ سے صرف حضرت مسیح کی روح کا اٹھایا جانا ثابت ہوتا ہے تو حال کے اکثر علماء کی حالت پر رونا آتا ہے کہ وہ کیوں اللہ اور رسول کے فرمودہ سے تجاوز کر کے اپنی طرف سے بلا دلیل مسیح کے جسم کا آسمان کی طرف اٹھایا جانا تجویز کرتے ہیں۔ کیا قرآن اور حدیث کا بالاتفاق مسیح ابن مریم کی موت پر گواہی دینا تسلی بخش نہیں ہے۔ افسوس کہ یہ لوگ ذرہ خیال نہیں کرتے کہ وہ حدیثیں جو نزول مسیح کے بارہ میں آئی ہیں اگر اُن کے یہی معنے کئے جائیں کہ مسیح ابن مریم زندہ ہے اور درحقیقت وہی آسمان سے اتر آئے گا۔ تو اس صورت میں ان حدیثوں کا قرآن کریم اور ان دوسری حدیثوں سے تعارض واقع ہوگا جن کی رو سے مسیح ابن مریم کا فوت ہو جانا یقینی طور پر ثابت ہو چکا ہے۔ آخر کتاب اللہ کی مخالفت کی وجہ سے وہ حدیثیں ردّ کے لائق ٹھہریں گی۔ پھر کیوں نزول کے ایسے معنے نہیں کرتے جو کتاب اللہ کے مخالف و مغائر نہ ہوں اور نہ دوسری صحیح حدیثوں سے مغائرت رکھیں۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے آیت فلمّا توفّیتنی میں صاف صاف اپنا اظہار دے دیا ہے کہ میں ہمیشہ کے لئے دنیا سے اٹھایا گیا کیونکہ ان کا یہ کہنا کہ جب مجھے وفات دی گئی تو پھر اے میرے رب میرے بعد تو میری اُمت کا نگہبان تھا۔ صاف شہادت دے رہا ہے کہ وہ دنیا سے ہمیشہ کے لئے وفات پا گئے۔ کیونکہ اگر ان کا دنیا میں پھر آنا مقدر ہوتا تو وہ ضرور اِن دونوں واقعات کا ذکر کرتے اور نزول کے بعد کی تبلیغ کا بھی بیان فرماتے نہ یہ کہ صرف اپنی وفات کا ذکر کر کے پھر بعد اپنے خدا تعالیٰ کو قیامت تک نگہبان ٹھہراتے۔ فتدبر۔

تنبیہ ۱۲ تنبیہ تنقیح

# اشتہار

## نور الابصار صداقت آثار عیسائی صاحبوں کی ہدایت کے لئے

۹۴۶ **یاایھا المتنصرون ماکان عیسٰی الّا عبد من عباد اللّٰہ قد مات و دخل فی الموتٰی فلا تحسبوہ حیًّا بل ھو میّت و لا تعبدوا میّتًا و انتم تعلمون ۔** اے حضرات عیسائی صاحبان؛ آپ لوگ اگر غور سے اس کتاب ازالہ اوہام کو پڑھیں گے تو آپ پر نہایت واضح دلائل کے ساتھ کھل جائے گا کہ درحقیقت حضرت عیسٰی علیہ السلام اب زندہ موجود نہیں ہیں بلکہ وہ فوت ہو چکے اور اپنے فوت شدہ بزرگوں میں جا ملے۔ ہاں وہ روحانی زندگی جو ابراہیم کو ملی، اسحاق کو ملی۔ یعقوب کو ملی۔ اسمٰعیل کو ملی اور بلحاظ رفع سب سے بڑھ کر ہمارے سیّد و مولیٰ محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی۔ وہی زندگی بلا تفاوت حضرت عیسٰی کو بھی ملی۔ اس بات ۹۴۷ پر بائبل سے کوئی دلیل نہیں ملتی کہ مسیح ابن مریم کو کوئی انوکھی زندگی ملی۔ بلکہ اس زندگی کے لوازم میں تمام انبیاء شریک مساوی ہیں۔

ہاں باعتبار رفع کے اقرب الی اللہ مقام ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ سوائے حضرات عیسائی صاحبان! آپ لوگ اب ناحق کی ضد نہ کریں۔ مسیح ایک عاجز بندہ تھا جو فوت ہو گیا اور فوت شدہ لوگوں میں جا ملا۔ آپ لوگوں کے لئے یہی بہتر ہے کہ خدا تعالیٰ سے ڈریں اور ایک عاجز مخلوق کو خدا کہہ کر اپنی عاقبت خراب نہ کریں آپ لوگ ذرہ سوچیں کہ مسیح اس دوسرے عالم میں اَوروں سے کس بات میں زیادہ ہے۔ کیا انجیل اس بات کی گواہی نہیں دیتی کہ ابراہیم زندہ ہے؟ بلکہ لعاذر بھی؟ پھر مسیح لعاذر سے اپنی زندگی میں کس بات میں زیادہ ہے۔ اگر آپ لوگ تحقیق سے نوشتوں کو دیکھیں تو آپ کو اقرار کرنا پڑے گا کہ کسی بات میں زیادہ نہیں۔ اگر آپ لوگ اس بارہ میں میرے ساتھ بحث کرنا چاہیں تو مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میں اس بحث میں مغلوب ہونے کی حالت میں حتی الوسع اپنے ہر یک تاوان کو جو آپ لوگ تجویز کریں دینے کو طیار ہوں بلکہ اپنی جان بھی اس راہ میں فدا کرنے کو حاضر ہوں۔ خداوند کریم نے میرے پر ۹۴۸ کھول دیا ہے کہ درحقیقت عیسٰی بن مریم **فوت** ہو گیا اور اب فوت شدہ نبیوں کی جماعت میں داخل ہے۔ سو آؤ **دین اسلام** اختیار کرو۔ وہ دین اختیار کرو جس میں **حیّ لا یموت** کی پرستش ہو رہی ہے نہ کسی مردہ کی۔ جس پر کامل طور پر چلنے سے ہر یک محبّ صادق خود مسیح ابن مریم بن سکتا ہے۔ **والسلام علٰی من اتبع الھدٰی۔** المشتہر **غلام احمد قادیانی** ۳ ستمبر ۱۸۹۱ء

الحمد و المنة کہ رسالہ ازالہ اوہام از تصنیفات مجدد دوراں مرسل یزداں مسیح الزمان جناب حضرت مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان سلمہ المنان در مطبع ریاض ہند امرتسر باہتمام شیخ نور احمد صاحب زیور طبع پوشید بقلم ذلیل ترین کافۂ انام
غلام محمد امرتسری
غفر اللہ ذنوبہ و ستر عیوبہ

﴿۱﴾

# حبّی فی اللہ اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب کا خط ایک سائل کے جواب میں

عزیزمن حفظک اللّٰہ وسلّم ۔ ثم السلام علیکم ورحمة اللّٰہ وبرکاتہٗ ۔ مرزا جی کے دعاوی پر آپ نے مجھے ایک بہت بڑا لمبا خط لکھا ہے ۔ بجواب اس کے گذارش ہے کہ فلا تستعجلون (جلد باز نہ بنو) ایک الٰہی ارشاد ہے جو حضرت خاتم الانبیاء اصفی الاصفیاء سیّدنا ومولانا احمد مجتبیٰ محمد مصطفٰے (فداہٗ امی وابی) صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفوں کے نام جاری ہوا تھا۔ ہم اسی ارشاد کو ظلّی طور پر حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے ظل اور نائب اور اس کے دین کے خادم حضرت مجدد الوقت مرزا جی کے مخالفوں کو سناتے ہیں۔ مخالفت والو! صبر سے انتظار کرو جلد باز نہ بنو۔

مرزا جی نے اپنے بعض احباب کو اس خاکسار کے سامنے فرمایا ہے کہ اگر لوگ تم سے بمباحثہ پیش آویں تو یہ الٰہی حکم اُن کو سنادو۔ اِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ [1]۔ ﴿۲﴾

عزیزمن سنو اور اس پر غور کرو۔ دنیا میں ایک جماعت گذری اور اب بھی ہے جنہوں نے اَنَا اللّٰہ کہا۔ اور کہتے ہیں۔ ایسے قائلین کی تکفیر و تفسیق سے بھی محتاط کف لسان پسند کرتے ہیں اور اس جماعت کو صلحاء و اولیاء کی جماعت کہتے ہیں۔ پس عزیزمن! انا المسیح انا عیسٰی ابن مریم کہنے والے پر یہ شور و غل کیوں؟ انصاف! انصاف!! انصاف!!!

میرے پیارے ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے الدر الثمین میں فرمایا ہے بلغنی عن سیدی العم انه قال رایت النّبی صلی الله علیه وسلم فی النوم فلم یزل یدنینی منه حتی صرت نفسه ۔ ایسا ہی ابن حزم ظاہری کی نسبت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ نے ارقام فرمایا ہے یہ نظارہ انا محمد کہنے کا ہے۔ آہ پھر انا المسیح و انا ابن مریم الموعود پر یہ طیش و غضب کیوں!!!

[1] المؤمن:۲۹

عزیز من ! ایمانی امور میں کسی قدر اخفا کا ہونا ایک ضروری اور لازمی امر ہے۔ اگر کوئی معاملہ بالکل عیاں ہو جاوے تو پھر اخفا کہاں۔ عیاں وخفا میں مقابلہ ہے۔ اِسی واسطے شرعیہ احکام و امور میں جسمانی شمس وقمر کا ماننا ایمانی امور میں داخل نہیں۔ اور اسی واسطے قیامت کے روز شرعیہ تکالیف علی العموم اُٹھ جائیں گی۔ پس تم پیشگوئیوں میں ایمان سے کام لو۔ ان کے فہم میں عرفان کے مدعی نہ بنو۔ ہمارے سیّد ومولیٰ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کا وہ ایک واقعہ قابل غور رہے جو قرآن کریم کے پندرہ سیپارہ کے آخر اور سولہ سیپارہ کے ابتدا میں مندرج ہے۔ اس واقعہ کے بیان میں ایک طرف سیدنا موسیٰ علیہ السلام ہیں جن کا اولوالعزم صاحب شریعت رسول ہونا یہود عیسائیوں اور محمدیوں میں مسلّم ہے۔ اس مقدس نبی نے جیسے امام المحدثین امام بخاری رحمۃ اللہ وغیرہ نے ارقام فرمایا ہے کہیں **انا اعلم** کہہ دیا تب الٰہیہ **غیرت** نے اپنے پیارے بندے سیدنا **خضر** علیہ السلام کا انہیں پتہ دیا۔ جب جناب موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس عارف سے ملے تو اس کے سچے علوم واسرار کی تہ تک نہ پہنچے۔ جناب خضر علیہ السلام نے انہیں فرما دیا تھا اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا اور فرما دیا تھا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا [1]۔ پس منجملہ آداب الٰہیہ کے یہ ادب ضرور ہی تھا کہ ایسے بندوں کے معاملات میں کم سے کم خاموشی اختیار کی جاتی۔ اس وقت تک کہ لوگ مرزا جی کے معاملہ میں صریح کفر کو دیکھ لیتے۔ سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بے صبری کو خبردار حجت نہ پکڑنا! اور ہرگز حجت نہ پکڑنا کیونکہ سیّد ولد آدم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ **لیت موسٰی سکت حتی یقص اللّٰہ علینا**۔

میری اس بات پر کسی بدظنّی سے کام نہ لینا۔ میں محمدی ہوں اور محمدیوں کو بحمد اللہ کچھ ایسے انعامات عطا ہوئے ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی سرور میں آکر اللہ کی پاک جناب میں **انت عبدی وانا ربک** کہہ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ جہنمی نہ ہو اگرچہ سچ یہی ہے

[1] الکہف : ۶۸، ۶۹

کہ الٰھی انت ربی و انا عبدک۔
مجھے اس وقت ایک قصہ یاد آ گیا جس کو قلا ئد الجو اھر میں محمد بن یحیٰی تادفی نے ارقام فرمایا ہے اس پر غور کرو۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں جاء نی ابو العباس الخضر علیه
السلام۔ یمتحننی بما امتحن به الاولیاء من قبلی فکشف لی عن سریرته ففتح ﴿۵﴾
علٰی بما خاطبته به ثم قلت له و هو مطرق ان یا خضر۔ ان کنت قلت لموسٰی انک لن تستطیع معی صبرًا۔ فانک لن تستطیع معی صبرًا یا خضر! ان کنت اسرائیلیا فانک اسرائیلی و انا محمدی۔ فها انا و انت و هذه الکرة و هذا المیدان هذا محمد و هذا الرحمٰن۔ و هذا فرسی مسرج ملجم و قوسی موتر و سیفی شاهر رضی اللّٰه عنه۔ سبحان اللہ کیا خوب ڈوئل ہے سنو! حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ و السلام کی دوبارہ تشریف آوری کا ذکر قرآن مجید میں تو بالکل نہیں اسی طرح حضرت مسیح علیہ السلام کا بجسدہ العنصری زندہ رہ کر آسمان کی طرف عروج کرنا قرآن شریف سے ثابت نہیں۔ پھر اگر یہ پوچھو کہ یہ مسئلہ کہاں ہے شاید جواب یہ ہو کہ احادیث میں۔ مگر وہاں تو نہیں۔ پھر کیا انا جیل میں مگر وہاں نہیں۔ پھر کہاں۔ تو جواب یہی ہوگا۔ کہ عیسائیوں کے بھولے بھالے خیالات میں کیونکہ متی اور یوحنا تو ساکت ہیں اور لوک اور مرک تابعی نہ صحابی
﴿۶﴾ بے دیکھے اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔ پھر کیا اسلامیوں کی اسرائیلی مرویات و حکایات وغیرہ میں جن کی تائید قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے نہیں ہو سکتی؟ کیونکہ قرآن کریم تو اسرائیلی مسیح عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی وفات کو مختلف جگہوں میں ذکر فرما چکا ہے اور احادیث صحیحہ میں نزول مسیح عیسیٰ ابن مریم میں اسرائیلی نبی کا ذکر نہیں۔ اگر ہو بھی تو تثلیث☆ میں مسیح عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ اسرائیلی کا جو شخص مثیل ہوگا اِس پر مجازاً مسیح ابن مریم اسرائیلی کہنا بھی جائز ہوگا۔ ہاں ینزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم بخاری کی حدیث ہے۔ اس حدیث کا ترجمہ اور اس کی حقیقت

☆ ’’تشبیہ‘‘ پڑھا جائے۔ (شمس)

مرزا جی نے اپنے رسائل میں بیان فرمائی ہے۔ اس ترجمہ اور حقیقت پر اگر کسی کو طالب علمانہ بحث ہو تو اُسے یاد رہے کہ واوٗ کا حرف تفسیر کے واسطے بھی ہوا کرتا ہے۔ دیکھو کلمات طیبات قرآنی جو ذیل میں درج ہیں۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ[1] ۔سورۃ حجر۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِىْۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ سورہ رعد[2]

عزیز من! بیرونی تحریکات کے سوا اندرونی تحریکوں کا ہونا ایک نادر امر ہے یہ معاملہ جس پر یہ ضعیف اور خاکسار خط لکھ رہا ہے اب پبلک میں آ گیا ہے شخصی خطوط میں اس کا تذکرہ اب چنداں ضروری نہیں۔ جناب مولوی محمدؐ حسین صاحب بٹالوی نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ اب مرزا جی کے معاملہ میں مجھ سے خط و کتابت نہ فرماویں گے مگر جب خلاف وعدہ مولوی جی نے خاکسار کو لکھا تو خاکسار نے اُن کو یہی جواب دیا کہ اب یہ معاملہ شخصی اور پرائیویٹ خطوط کے قابل نہیں رہا۔ سو تم بھی عام فیصلہ کا انتظار کرو۔ تم کو معلوم ہے کہ اس وقت تین آدمیوں کو پنجاب میں مرزا جی کی مخالفت پر بڑا جوش ہے۔ اِدھر قرآن مجید راستبازوں کی فتح مندی پر تاکید سے خبر دے رہا ہے۔ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ[3] پس صبر و متانت و سلامت روی سے چند روز کام لو۔ ﴿۷﴾

عزیز من! یاد رکھو مجھ ہیچ میرز کو آگاہ کیا گیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا قصہ بدوں کسی قسم کی تاویل اور کسی قسم کے استعارہ و مجاز کے کسی قوم نے تسلیم نہیں فرمایا۔ یہ میری بات سرسری نہ سمجھو۔ نمونہ کے طور پر دیکھ لو۔ ہمارے اکثر مفسّرین حضرت مسیح کے قصہ میں اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ[4] میں کیا کچھ اُلٹ پھیر نہیں کرتے۔ میاں عبدالحق صاحب غزنوی اپنے دوسرے اشتہار میں پہلے ہی صفحہ کے آخری سطر میں لکھتے ہیں۔ اللّٰہ اکبر ”خربت خیبر“ اب غور کا مقام ہے کہ میاں عبدالحق کا خیبر حقیقی خیبرؔ تو ہرگز نہیں ہوسکتا اب قادیان کو دمشق ماننے میں وہ کیوں گھبراتے اور اس پر شور و غل مچاتے ہیں!!! ﴿۸﴾

مولوی عبد الرحمٰن لکھو کے والے عزیز القدر عبد الواحد حفظہ اللہ کو ارقام فرماتے ہیں

[1] الحجر:۲ [2] الرعد:۲ [3] الاعراف:۱۲۹ [4] اٰل عمران:۵۶

کہ ’’ در تفسیر قرآن عظیم خلاف راہ صحابہ رضی اللہ عنہم اختیار نمودن الحاد و ضلالت است و رضا مندی رب العالمین در اتباع ایشان است‘‘ اور اسی خط میں ’’ وقولہ تعالٰی ۔ مَا سَمِعْنَا بِھٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ (ای الملة المحمدیة) اِنْ ھٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ[1] میں الملّة الآخرة کی تفسیر خلاف صحابہ و تابعین و جمیع مفسرین **الملّة المحمدیة** سے فرماتے ہیں! احادیث میں مسیح علیہ السلام کا حلیہ کہیں **احمر رجل الشعر** اور کہیں **اسمر سبط الشعر** آیا ہے۔ اس کی تطبیق میں تاویل کی جاتی ہے۔ علٰی ھٰذا القیاس اور امور میں بھی الٰہی کلام میں تمثیلات و استعارات و کنایات کا ہونا اسلامیوں میں مسلّم ہے مگر ہر جگہ تاویلات و تمثیلات سے استعارات و کنایات سے اگر کام لیا جاوے تو ہر یک ملحد منافق بدعتی اپنی آراء ناقصہ اور خیالات باطلہ کے موافق الٰہی کلمات طیّبات کو لا سکتا ہے اس لئے ظاہر معانی کے علاوہ اَور معانی لینے کے واسطے اسباب قویہ اور موجبات حقہ کا ہونا ضرور ہے۔ ﴿۹﴾

الٰہی کلمات طیبات میں استعارات بکثرت ہوتے ہیں مگر اس امر کے باعث کیا ہم ہر جگہ استعارہ ومجاز لینے پر دلیر ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں۔ کیا عبادات میں معاملات میں تمدن و معاشرت کے مسائل میں اخلاق و سیاست کے احکام میں بھی ہم استعارات سے کام لیں گے؟ ہرگز نہیں! ان باتوں کو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ نے عملی طور پر کر کے ہمیں دکھا دیا۔ اُمت کے تعامل و رواج نے وہ تصویر ہم تک پہنچا دی۔ **جزاھم اللّٰہ احسن الجزاء**۔

مگر جو کچھ پیشین گوئیوں میں مذکور ہے اور جو کچھ انبیاء علیہم السلام کے مکاشفات اور رؤیا صالحہ میں نظر آتا ہے کچھ شک نہیں کہ وہ عالم مثال میں ہوا کرتا ہے۔ ایسا ہی اُن کے بعض اخبار ماضیہ اور حقائق کونیہ اور عالم مثال کے اشکال والوان عالم جسمانی کے الوان و اشکال سے بالکل نرالے ہوا کرتے ہیں۔ پس ایسے موقعہ پر علوم ضروریہ یقینیہ

[1] صٓ : ۸

﴿۱۰﴾ الہامات صادقہ مشاہدات وحقائق نفس الامریہ قواعد شرعیہ ان نصوص کولامحالہ ظاہر سے اور معنے کی طرف لے جائیں گے۔ چنانچہ سیدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورج، چانداور سیاروں کو اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا مگر جسمانی عالم میں وہ سورج وچاند وسیارے اُن کے ماں باپ اور بھائی تھے۔ قرآن کریم میں ایک بادشاہ کا قصہ لکھا ہے جس نے فربہ گائیں اور سبز بالیاں دیکھیں۔ جسمانی عالم میں وہ قحط اور ارزانی تھی۔

ہمارے سیّد ومولیٰ نے رویاء صالحہ میں دیکھا کہ آپ کے کف دست مبارک میں سونے کے **کنگن** ہیں اور آپ نے اُن کو پھونک سے اُڑا دیا۔ وہ جسمانی عالم میں **مسیلمہ** اور **اسود عنسی** اور ان کی تباہی تھی۔ حضور علیہ السلام نے اپنی بیبیوں سے فرمایا **اسرعُکن لحوقًا بی اطولکن یدًا.** لگی بیبیاں ہاتھوں کو ناپنے۔ مگر واقعات نفس الامریہ نے بتا دیا اور مشاہدات نے دکھا دیا کہ صحابیات کا فہم پیشین گوئی کے سمجھنے میں اس پہلو پر غلط تھا جس پر انہوں نے سمجھا تھا۔ پس دجال اور مسیح علیہ السلام کی پیشین گوئی میں کیوں ایمانی حد سے بڑھ کر لوگ عرفان کے مدعی ہو گئے ہیں ﴿۱۱﴾ اور **عارف** کے خلاف پر اُٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ ہمیں بڑا تعجب آتا ہے جب یہ کہتے سنتے ہیں کہ **مرزا اجماع کے خلاف کرتا ہے۔**

حالانکہ وہی لوگ جن کو مرزا جی سے بہت بڑا انقار ہے **امام احمد بن حنبل** کے اس قول کو ہمیشہ سناتے رہے کہ اجماع کا دعویٰ کذب ہے۔ اور عقل ودنیا کا نظارہ اور علماء کی حالت بھی کہ وہ شرق وغرب وجبال وبحار میں پھیلے ہوئے ہیں گواہی دیتی ہے کہ اجماع کا دعویٰ ایک خیال سے بڑھ کر وقعت نہیں رکھتا۔

عزیز من! جیسے مرزا جی نے اپنے آپ کو ابن مریم کہا ہے ایک جگہ **مریم** بھی فرمایا ہے اور اپنے **بیٹے مثیل مسیح کا نام عمو انوئیل** بتایا ہے۔ خود خاکسار نے جب مرزا جی کے حضور میں مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا ایک پیغام پہنچایا تو آپ نے

فرمایا میں نے تو مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ ممکن ہے کہ مثیل مسیح بہت آویں اور کوئی ظاہری طور پر بھی مصداق ان پیشین گوئیوں اور نشانات کا ہو جن کو میں نے روحانی طور پر الہاماً اپنے پر چسپاں کیا ہے۔

الٰہی فیضان کی کوئی حد نہیں اور نہ وہاں کوئی کمی ہے تب میں نے عرض کیا کہ ایسی صورت میں احادیث کے باعث لوگ کیوں اشکال میں پھنسے ہوئے ہیں؟ تعجب ہے مگر عزیز من! ﴿۱۲﴾

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ [1] پر دھیان کرو۔

سنو اور غور سے سنو! پیشین گویوں کے پورا ہونے کے واسطے اوقات مقدرہ ہوا کرتے ہیں۔ جیسے میں نے تین سوالوں کے جواب میں مفصل لکھا ہے اور وہ جواب انجمن حمایت اسلام لاہور نے طبع کرایا ہے۔ مثلاً حضور علیہ السلام کو مکہ کے کفار کہتے ہیں لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ حَتّٰی تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ یَنْۢبُوْعًا [2] آپ کے منکرین نے یہ طلب کیوں کی تھی صرف اسی بناء پر کہ حضور سیدنا ومولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک پیشن گوئی کے سمجھنے میں بالکل ظاہری الفاظ کے معنوں پر موٹی نظر کی تھی۔ وہ پیشین گوئی یسعیاہ نبی کے ۴۳ باب ۱۹ کی ہے۔ یسعیاہ نبی نے حضرت خاتم الانبیاء کے زمانہ کی نسبت فرمایا تھا کہ صحرا میں ندیاں بناؤں گا۔ ظاہر ہے کہ سیّد و مولیٰ کے وقت زبیدہ والی ندی مکہ میں اور نہر بنی زرقا مدینہ میں جاری نہیں ہوئی تھی۔ جس پر بعض نے ناعاقبت اندیشی سے ٹھوکر کھائی۔

عزیز من! ترہیب اور ترغیب میں دلوں کے بڑھانے۔ ہمت و توجہ کی ترقی دینے کو ایسے الہامات بھی ہوتے ہیں جن کا بیان آیت ذیل میں ہے اِذْ یُرِیْکَھُمُ اللّٰہُ فِیْ مَنَامِکَ قَلِیْلًا [3] (حالانکہ بدر کی جنگ میں مکہ کے کفار مسلمانوں سے بہت زیادہ تھے) مگر ایسا الہام کیوں ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ فرماتا ہے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ سَلَّمَ [4]۔ سوچو اور غور کرو! ﴿۱۳﴾

[1] العنکبوت: ۳ [2] بنی اسرائیل: ۹۱ [3،4] الانفال: ۴۴

عزیز من! مولوی محمد حسین صاحب پر اللہ تعالیٰ رحم فرماوے ان کو اپنے علم و فضل پر بڑا گھمنڈ ہے اور اللہ کریم کو گھمنڈ پسند نہیں۔ الہامی جماعت کی مخالفت بھی تمہیں ٹھوکر کا باعث نہ ہو۔ **ازالہ اوہام** میں اس کا عجیب وغریب جواب موجود ہے اور نصحاً میں کہتا ہوں کُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ [1] اور تمنّی پر آیت اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِىْٓ اُمْنِيَّتِهٖ [2]۔ آپ فکر کرتے رہیں۔

بھائی صاحب! مرزا جی اس صدی کے **مجدد** ہیں اور مجدد اپنے زمانہ کا **مھدی** اور اپنے زمانہ کے شدت مرض میں مبتلا مریضوں کا **مسیح** ہوا کرتا ہے اور یہ امر بالکل تمثیلی ہے جیسے مرزا جی اپنی الہامی رباعی میں ارقام فرما چکے ہیں۔

## رُباعی

کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے ۔۔۔ جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا ﴿۱۴﴾
حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب ۔۔۔ خوبوں کو بھی تو تم نے **مسیحا** بنا دیا

میں اب اس خط کو ختم کرنا چاہتا ہوں۔ مولوی محمد حسین صاحب کی **اشاعت** پر اللہ تعالیٰ جو فیضان کرے گا اس کا اظہار پھر ہو رہے گا۔ یار باقی صحبت باقی۔

آخر میں یہ شعر تمہیں سنا کر اور ایک تحریک کر کے بس کرتا ہوں۔

ابن مریم ہوا کرے کوئی ۔۔۔ میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

## ہمارے مخالف الرائے مولوی صاحبوں کا حوصلہ

خدائے تعالیٰ نے پورے طور پر جلوہ قدرت دکھلانے کے لئے ایک ایسے نامی مولوی صاحب سے ہمیں ٹکرا دیا جن کی لیاقت علمی جن کی طاقت فہمی جن کی طلاقت لسانی جن کی فصاحت بیانی شہرۂ پنجاب و ہندوستان ہے اور خدائے حکیم وعلیم کی مصلحت نے اس ناکارہ کے مقابل پر ایسا انہیں جوش بخشا اور اس درجہ کی بدظنی میں انہیں ڈال دیا کہ کوئی دقیقہ بدگمانی اور مخالفانہ حملہ کا انہوں نے اُٹھا نہیں رکھا۔ تا اس کا

[1] بنی اسرائیل: ۲۱ [2] الحج: ۵۳

وہ امر خارق عادت ظاہر ہو جو اس نے ارادہ کیا ہے۔ مولوی صاحب نور اللہ کے بجھانے کے لئے بہت زور سے پھونکیں مار رہے ہیں۔ دیکھئے اب سچ مچ وہ نور بجھ جاتا ہے یا کچھ اور کرشمہ قدرت ظہور میں آتا ہے۔ ۹ر اپریل ۱۸۹۱ء کے خط میں جو انہوں نے میرے ایک دوست مولوی ﴿۱۵﴾
سیّد محمد احسن صاحب کے نام بھوپال میں بھیجا تھا عجیب طور کے فقرات تحقیر کے استعمال کئے ہیں۔ آپ سیّد صاحب موصوف کو لکھتے ہیں کہ آپ اس شخص پر جلدی سے کیوں ایمان لے آئے اس کو ایک دفعہ دیکھ تو لیا ہوتا۔ مولوی صاحب نے اس فقرہ اور نیز ایک عربی کے فقرہ سے یہ ظاہر کرنا چاہا ہے کہ یہ شخص محض نالائق اور علمی اور عملی لیاقتوں سے بکلّی بے بہرہ ہے اور کچھ بھی چیز نہیں۔ اگر تم دیکھو تو اس سے نفرت کرو مگر بخدا یہ سچ اور بالکل سچ ہے اور قسم ہے مجھے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ درحقیقت مجھ میں کوئی علمی اور عملی خوبی یا ذہانت اور دانشمندی کی لیاقت نہیں اور میں کچھ بھی نہیں۔ ایک غیب میں ہاتھ ہے جو مجھے تھام رہا ہے اور ایک پوشیدہ روشنی ہے جو مجھے منور کر رہی ہے اور ایک آسمانی روح ہے جو مجھے طاقت دے رہی ہے۔ پس جس نے نفرت کرنا ہے کرے تا مولوی صاحب خوش ہو جائیں بخدا میری نظر ایک ہی پر ہے جو میرے ساتھ ہے۔ اور غیر اللہ ایک مرے ہوئے کیڑے کے برابر بھی میری نظر میں نہیں۔ کیا میرے لئے وہ کافی نہیں جس نے مجھے بھیجا ہے۔ میں یقیناً جانتا ہوں کہ وہ اِس تبلیغ کو ضائع نہیں کرے گا جس کو لے کر میں آیا ہوں۔ مولوی صاحب جہاں تک ممکن ہے لوگوں کو نفرت دلانے کے لئے زور لگالیں اور کوئی دقیقہ کوشش کا اُٹھا نہ رکھیں اور جیسا کہ وہ اپنے خطوط میں اور اپنے رسالہ میں اور اپنی تقریروں میں بار بار ظاہر کر چکے ہیں کہ یہ شخص نادان ہے جاہل ہے گمراہ ہے مفتری ہے دوکاندار ہے بے دین ہے کافر ہے ایسا ہی کرتے رہیں اور مجھے ذرہ مہلت نہ دیں مجھے بھی اس ذات کی عجیب قدرتوں کے دیکھنے کا شوق ہے جس نے مجھے بھیجا ہے۔ لیکن اگر کچھ تعجب ہے تو اس بات پر ہے کہ باوجود اس کے کہ یہ عاجز مولوی صاحب کی نظر میں جاہل ہے بلکہ خط مذکورہ بالا میں یقینی طور پر مولوی صاحب نے لکھدیا ہے کہ یہ شخص ملہم نہیں یعنی مفتری ہے اور یہ دعویٰ جو اس عاجز نے کیا ہے مولوی صاحب کی نظر میں بدیہی البطلان ہے ﴿۱۶﴾

جس کا قرآن وحدیث میں کوئی اثر ونشان نہیں پایا جاتا۔ پھر مولوی صاحب پر ڈر اس قدر غالب ہے کہ آپ ہی بحث کے لئے بلاتے اور آپ ہی کنارہ کر جاتے ہیں۔ ناظرین کو معلوم ہوگا کہ مولوی صاحب نے ایک بڑے کروفر سے ۱۶/اپریل ۱۸۹۱ء کو تار بھیج کر اس عاجز کو بحث کے لئے بلایا کہ جلد آؤ اور آکر بحث کرو ورنہ شکست یافتہ سمجھے جاؤ گے۔ اُس وقت بڑی خوشی ہوئی کہ مولوی صاحب نے اس طرف رخ تو کیا۔ اور شوق ہوا کہ اب دیکھیں کہ مولوی صاحب حضرت مسیح ابن مریم کے زندہ مع الجسد اُٹھائے جانے کا کون سا ثبوت پیش کرتے ہیں یا بعد موت کے پھر زندہ ہو جانے کا کوئی ثبوت قرآن کریم یا حدیث صحیح سے نکالتے ہیں چنانچہ لدھیانہ میں ایک عام چرچا ہو گیا کہ مولوی صاحب نے بحث کے لئے بلایا ہے اور سیالکوٹ میں بھی مولوی صاحب نے اپنے ہاتھ سے خط بھیجے کہ ہم نے تار کے ذریعہ سے بلایا ہے لیکن جب اس عاجز کی طرف سے بحث کے لئے تیاری ہوئی اور مولوی صاحب کو پیغام بھیجا گیا تو آپ نے بحث کرنے سے کنارہ کیا اور یہ عذر پیش کر دیا کہ جب تک ازالہ اوہام چھپ نہ جائے ہم بحث نہیں کریں گے۔ آپ کو اُس وقت یہ خیال نہ آیا کہ ہم نے تو بلانے کے لئے تار بھیجی تھی۔ اور یہ بھی ایک خط میں لکھا تھا کہ ہمیں ازالہ اوہام کے دیکھنے کی ضرورت نہیں۔ اور یہ بھی بار بار ظاہر کر دیا تھا کہ یہ شخص باطل پر ہے۔ اب ازالہ اوہام کی ضرورت کیوں پڑ گئی۔ تار کے ذریعہ سے یہ پیغام پہنچانا کہ آؤ ورنہ شکست یافتہ سمجھے جاؤ گے اور حبّی فی اللہ اخویم حکیم نوردین صاحب پر ناحق یہ الزام لگانا کہ وہ ہمارے مقابلہ سے بھاگ گئے اور پھر درخواست بحث پر ازالہ اوہام یاد آ جانا عجیب انصاف ہے۔ مولوی صاحب دعوی اس عاجز کا سُن چکے تھے۔ فتح اسلام اور توضیح مرام کو دیکھ چکے تھے اب صرف قرآن اور حدیث کے ذریعہ سے بحث تھی جس کو مولوی صاحب نے وعدہ کر کے پھر ٹال دیا۔

تمّت

# اطلاع

بعض دوستوں کے خط پہنچے کہ جیسے مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی بعد مباحثہ شہر لودیانہ سے حکماً نکالے گئے ہیں یہی حکم اس عاجز کی نسبت ہوا ہے سو واضح رہے کہ یہ افواہ سراسر غلط ہے۔ ہاں یہ سچ ہے کہ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اپنی وحشیانہ طرز بحث کی شامت سے لودہانہ سے شہر بدر کئے گئے لیکن اس عاجز کی نسبت کوئی حکم اخراج صادر نہیں ہوا چنانچہ ذیل میں نقل مراسلہ صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر لودھیانہ لکھی جاتی ہے۔

از پیشگاہ مسٹر ڈبلیو **چٹئوس صاحب** بہادر ڈپٹی کمشنر لودہیانہ۔

میرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان سلامت چٹھی آپ کی مورخہ دیروزہ موصول ملاحظہ وسماعت ہوکر بجوابش تحریر ہے کہ آپ کو بمتابعت وملحوظیت قانون سرکاری لودھیانہ میں ٹھہرنے کے لیے وہی حقوق حاصل ہیں جیسے کہ دیگر رعایا تابع قانون سرکار انگریزی کو حاصل ہیں۔

المرقوم ۶ / اگست ۱۸۹۱ء

دستخط

صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر

# ترجمہ فارسی عبارات

## صفحہ۲۳

۔ اب ظہور کر اور نکل کہ تیرا وقت نزدیک آ گیا اور اب وہ وقت آ رہا ہے کہ محمدی گڑھے میں سے نکال لئے جاویں گے اور ایک بلند اور مضبوط مینار پر ان کا قدم پڑے گا

## صفحہ۲۴

۔ یہ سعادت اپنے زور بازو سے حاصل نہیں ہو سکتی جب تک وہ بخشنے والا خدا خود عطا نہ کرے

## صفحہ۳۹

۔ میرے دل میں ایسا درد ہے کہ اگر میں آنسوؤں کے آگے سے آستین ہٹالوں تو وہ میرے دامن تک چلے جائیں گے

## ۔ صفحہ۴۰

۔ اے خدا، اے ہر غمگین دل کے چارہ گر۔ اے عاجزوں کی پناہ اور اے گنہ گاروں کو بخشنے والے

۔ مہربانی سے اپنے اس بندے پر بخشش فرما اور ان علیحدہ رہنے والوں پر نظر رحمت کر

## صفحہ۴۴

۔ مناسب ہے کہ ہر دیندار کی آنکھ خون کے آنسو روئے۔ اسلام کی پریشان حالی اور قحط المسلمین پر

۔ خدا کے دین پر نہایت خوفناک اور پُرخطر گردش آ گئی۔ کفر و شقاوت کی وجہ سے دنیا میں سخت فساد برپا ہو گیا

## صفحہ۴۵

۔ وہ شخص جس کا نفس ہر ایک خیر و خوبی سے محروم ہے وہ بھی حضرت خیر الرسل کی ذات میں عیب نکالتا ہے

۔ وہ جو خود ناپاکی کے قید خانے میں اسیر و گرفتار ہے وہ بھی پاکبازوں کے سردار کی شان میں نکتہ چینی کرتا ہے

۔ بداصل اور خبیث انسان اس معصوم پر تیر چلاتا ہے آسمان کو مناسب ہے کہ زمین پر پتھر برسائے

۔ تمہاری آنکھوں کے سامنے اسلام خاک میں مل گیا۔ پس اے گروہ امراء تمہارا خدا کے حضور میں کیا عذر ہے

۔ افواج یزید کی مانند ہر طرف کفر جوش میں ہے اور دین حق زین العابدین کی طرح بیمار و بیکس ہے

۔ امراء عیش و عشرت میں مشغول ہیں اور حسین عورتوں کے ساتھ خرم و خنداں بیٹھے ہیں

- علماء دن رات نفسانی جوشوں کے باعث آپس میں لڑ رہے ہیں اور زاہد ضروریاتِ دین سے بالکل غافل ہیں
- ہر شخص اپنے ذلیل نفس کی خاطر ایک طرف ہو گیا ہے۔ اس لئے دین کا پہلو خالی ہے اور ہر دشمن کمین گاہ میں سے کود پڑا
- اے مسلمانو! کیا یہی مسلمانی کی علامتیں ہیں دین کی تو یہ حالت ہے اور تم مُردار دنیا سے چمٹے ہوئے ہو
- کیا تمہاری نظر میں دنیا کا محل بہت مضبوط ہے؟ یا شاید پہلوں کی موت کا خیال تمہارے دل سے نکل گیا ہے
- اے غافلو! موت کا وقت قریب آ گیا اس کی فکر کرو حسین اور مہ جبیں معشوقوں کے ساتھ دور شراب کب تک چلتا رہے گا
- اے عقلمند اپنے نفس کو دنیا کا قیدی مت بنا، ورنہ مرنے کے وقت بہت سختیاں برداشت کرے گا
- اس محبوب کے سوا جس کا حسن لازوال ہے اور کسی کو دل نہ دے تاکہ تو دائمی خوشی خدائے محسن کی طرف سے حاصل کرے
- وہ آدمی عقلمند ہے جو اس کی راہ کا دیوانہ ہے اور وہ شخص ہوشیار ہے جو اس حسین محبوب کے چہرہ کا گرویدہ ہے
- اس کے عشق کا جام لازوال آبِ حیات ہے جس نے اُسے پی لیا وہ پھر ہرگز نہیں مرے گا
- اے بھائی اس ذلیل دنیا کی دولت سے دل نہ لگا اس شہد کے ہر قطرہ میں زہر ہلاہل بھرا ہوا ہے
- جہاں تک تجھ سے ہو سکتا ہو جان و مال کے ساتھ دین کے لئے کوشش کر تاکہ خداوند عرش کی طرف سے خوشنودی کا خلعت حاصل کرے
- اس نور کو جو تیرے ایمان میں ہے اپنے عمل سے ثابت کر جب تو نے یوسف کو دل دیا تو کنعان کا رستہ بھی اختیار کر
- وہ دن یاد ہیں جب یہ دین سب اہل مذاہب کا مرجع بنا ہوا تھا اور لعنتی شیطان کے راستہ سے اس نے ایک جہان کو آزاد کرایا تھا
- نورِ علم کی وجہ سے اس نے دنیا میں نیک تربیت کا سایہ پھیلا رکھا تھا اور عز و جاہ کی وجہ سے آسمان پر اس کا قدم تھا
- اب ایسا زمانہ آ گیا ہے کہ ہر احمق بے وقوفی سے اس دینِ متین کی تکذیب کرتا ہے

صفحہ ۴۶

- لاکھوں بیوقوف دین سے باہر نکل گئے اور لاکھوں جاہل مکاروں کا شکار بن گئے

۔ مسلمانوں پر ساری ذلت اسی وجہ سے پڑی کہ دین کے معاملہ میں ان کی ہمت نے ان کی غیرت کا ساتھ نہیں دیا
۔ اگر ایک جہان مصطفیٰ کے دین کی راہ سے پھر جائے تو جنبش جتنی بھی وہ غیرت سے حرکت نہیں کرتے
۔ وہ ہر گھڑی اس ذلیل دنیا کی فکر میں لگے رہتے ہیں اوران کا مال عورتوں اور بیٹوں پر خرچ ہوتا رہتا ہے
۔ جس مجلس میں بھی فسق وفجور ہو وہ اُس کے صدر ہوتے ہیں اور جہاں گناہ گاروں کا حلقہ ہو وہ نگینہ کی مانند ہوتے ہیں
۔ شراب کے رسیا مگر ہدایت سے بے گانہ۔ ارباب دین سے نفرت اور شرابخوروں سے صحبت ہے
۔ اس محبوب نے ان سے منہ پھیر لیا جو پہلے ان سے اخلاص رکھتا تھا جب اُس نے اس قوم کے دل میں مخلصوں والی وفاداری نہ دیکھی
۔ ان کے دولت واقبال کا زمانہ تو گزر گیا۔ اب ان کے اعمال کی نحوست ایسے دن لے آئی
۔ پہلے جو ترقی ہوئی تھی وہ دین پروری کے راستہ سے ہوئی تھی پھر بھی جب ہوگی یقیناً اسی راہ سے ہوگی
۔ اے خدا پھر کب تیری طرف سے مدد کا وقت آئے گا اور ہم پھر وہ مبارک دن اور سال کب دیکھیں گے
۔ دین احمد کے متعلق ان دو فکروں نے میری جان کا مغز گھلا دیا اعدائے ملّت کی کثرت اور انصار دین کی قلّت
۔ اے خدا جلد آ اور ہم پر اپنی نصرت کی بارش برسا۔ ورنہ اے میرے رب اس آتشیں جگہ سے مجھ کو اٹھا لے
۔ اے خدا رحمت کے مطلع سے ہدایت کا نور طلوع کر اور چمکتے ہوئے نشان دکھلا کر گمراہوں کی آنکھیں روشن کر
۔ جب تو نے مجھے اس سوز وگداز میں صدق بخشا ہے تو مجھے یہ امید نہیں کہ تو اس معاملہ میں مجھے ناکامی کی موت دے گا
۔ سچوں کا کاروبار ہرگز نامکمل نہیں رہتا۔ صادقوں کی آستین میں خدا کا ہاتھ مخفی ہوتا ہے

**صفحہ ۶۲**

۔ احمد کی شان کو سوائے خداوند کریم کے کون جان سکتا ہے وہ اپنی خودی سے اس طرح الگ ہو گیا کہ میم درمیان سے گر گیا
۔ وہ اپنے معشوق میں اس طرح محو ہو گیا کہ کمال اتحاد کی وجہ سے اس کی صورت بالکل ربّ رحیم کی صورت بن گئی
۔ محبوبِ حقیقی کی خوشبو اس کے چہرہ سے آ رہی ہے اس کی حقانی ذات خدائے قدیم کی ذات کی مظہر ہے
۔ خواہ کوئی مجھے الحاد اور گمراہی سے ہی منسوب کرے مگر میں تو احمد کے دل جیسا اور کوئی عظیم الشان عرش نہیں دیکھتا

صفحہ ۶۳

۔ خدا کا شکر ہے کہ میں دنیاداروں کے برخلاف اُس سرچشمہ ءِ نعمت کی خواہش کی وجہ سے سینکڑوں دکھ خریدتا ہوں

۔ خدا کی مہربانیوں اور اُس ذاتِ اقدس کے فضل وکرم سے مَیں بھی اُس کلیم کی محبت کی خاطر فرعونی لوگوں کا دشمن ہوں

۔ اُس کا وہ خاص مقام اور مرتبہ جو مجھ پر ظاہر ہوا میں اس کا ضرور ذکر کرتا اگر اس راہ میں کوئی سلیم فطرت والا پاتا

۔ محمدؐ کے عشق میں میرا سر اور میری جان قربان ہو۔ یہی میری خواہش، میری دعا اور میرا دلی ارادہ ہے

صفحہ ۷۴

۔ بدخواہ کی آنکھ کہ خدا کرے پھوٹ جائے اسے ہنر بھی عیب دکھائی دیتا ہے

صفحہ ۷۸

۔ تجربہ کار شکاریوں کے باز کی آنکھ ہے تو کھلنے کے لئے ہی، اگرچہ اس وقت انہوں نے سی رکھی ہے

صفحہ ۸۵

۔ بادل، ہوا، چاند، سورج اور آسمان سب کام کر رہے ہیں تا تو خوراک حاصل کرے اور غفلت میں نہ کھائے

۔ یہ سب تیری خاطر پریشان اور فرمانبردار ہیں یہ انصاف نہ ہوگا اگر تو حکم نہ مانے

صفحہ ۱۰۴

۔ وہ عقلمند نہیں جو ناشکیبائی نفس کے باعث فوراً حق کا انکار کر دیتا ہے

۔ طالب حق کو صبر چاہیے کہ دنیا میں ہر بیج جو بھی مخفی خاصیت رکھتا ہے اسی کے مطابق پھل لاتا ہے

۔ انسان کو کچھ نورِ فراست بھی چاہیے تا کہ صداقت اپنے تئیں خود ظاہر کر دے

۔ صادقوں کا اندرونی صدق چھپا ہوا نہیں رہ سکتا۔ مخفی نور انسان کی پیشانی پر چمک پیدا کر دیتا ہے

۔ وہ شخص جس نے کسی کے ہاتھ سے شرابِ وصل کے پیالے پیئے ہوں اُس کا منہ ہر وقت اُس یار کے وصل کا سرور ظاہر کرتا رہتا ہے

صفحہ ۱۵۷

۔ بارش جس کی پاکیزہ فطرت میں کوئی ناموافقت نہیں وہ باغ میں تو پھول اگاتی ہے اور شورہ زمین میں گھاس پھونس

صفحہ ۱۶۹

۔ ہم قرآن اور آنحضرتؐ کے عاشقوں میں سے ہیں اسی پر ہم آئے ہیں اور اسی حالت میں گزر جائیں گے

صفحہ ۱۸۰

۔ جس جگہ مسیح اور اس کے نزول کا ذکر ہو وہاں میں یہی کہتا ہوں اگرچہ لوگ یقین نہ کریں

۔ کہ خداوند کردگار نے مجھے الہام کیا ہے کہ میں اس برگزیدہ کا سچا مظہر ہوں

۔ میں موعود ہوں اور میرا حلیہ حدیثوں کے مطابق ہے افسوس ہے اگر آنکھیں کھول کر مجھے نہ دیکھیں

۔ میرا رنگ گندمی ہے اور بالوں میں نمایاں فرق ہے جیسا کہ میرے آقا کی احادیث میں وارد ہے

۔ میرے آنے میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ میرا آقا مجھے سرخ رنگ والے مسیح سے علیحدہ کر رہا ہے

۔ مشرقی منارہ والی بات سے تعجب نہ کر جبکہ میرے سورج کا طلوع مشرق سے ہی ہے

۔ میں ہی ہوں جو بشارات کے مطابق آیا ہوں عیسیٰ کہاں ہے جو میرے منبر پر قدم رکھے

صفحہ ۱۸۱

۔ وہ جسے خدا نے جنت الخلد میں جگہ دی۔ وہ اسے اپنے وعدوں کے برخلاف فردوس میں سے کیوں نکالے

۔ چونکہ کافر ناحق مسیح کی پرستش کرتا ہے اس لئے خدا کی غیرت نے مجھے اس کا ہمسر بنا دیا

۔ جا اور قرآن کی طرف نظر غور کر تا کہ میرا پوشیدہ راز تجھ پر کھل جائے

۔ اے میرے رب! مکاشفات کا راز جاننے والا کہاں ہے تا کہ اس کا نور باطن آنحضرت سے خبر لائے

۔ اس قبلہ نے چودھویں صدی میں اپنا منہ دکھایا۔ حرم سے بت نکالنے کے تیرہ سو سال بعد

۔ اس سرچشمۂ فیوض کی مہربانی اس قدر جوش میں آئی کہ میرے ہر گلی کوچہ سے اُس یار کی ندا آنے لگی

۔ اے معترض خدا کا خوف کر اور ذرا صبر کر تا کہ خدا خود میرے ستارے کی روشنی کو ظاہر کر دے

۔ کیا تو نے نہیں پڑھا؟ کہ نیک نیتی سے کام لو۔ پس اے بھائی تو اس کی حدوں سے باہر کیوں جاتا ہے

۔ مجھ پر تُو اس طرح زبان کی چھری کیوں چلاتا ہے۔ میں خود نہیں آیا بلکہ خدا تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے

۔ میں تو مامور ہوں مجھے اس کام میں کیا اختیار ہے جا! یہ بات میرے بھیجنے والے خدا سے پوچھ

۔ اے وہ جو میری طرف سینکڑوں کلہاڑے لے کر دوڑا ہے باغبان سے ڈر کیونکہ میں ایک پھلدار شاخ ہوں

۔ آسماں کا حکم مَیں زمین تک پہنچاتا ہوں۔اگر میں اُسے سنوں اور لوگوں کو نہ سناؤں تو اسے کہاں لے جاؤں

صفحہ۱۸۲

۔ اے میری قوم میری باتوں سے آزردہ نہ ہو شروع ہی میں ایسا جوش نہ دکھا بلکہ آخر تک میرا حال دیکھ

۔ میں خود یہ بات نہیں کہتا بلکہ لوحِ محفوظ میں ہی ایسا لکھا ہے اگر تجھ میں طاقت ہے تو خدا کے لکھے ہوئے کو مٹا دے

۔ میں اپنی قوم کے باعث حیرت اور فکر کی مصیبت میں ہوں اے میرے رب مہربانی فرما کہ میں اس پریشانی سے بے قرار ہوں

۔ نہ اُن کی آنکھیں باقی ہیں، نہ کان اور نہ دل کی روشنی سوائے ایک زبان کے جس کی ایک دِرم بھی قیمت نہیں

۔ ان لوگوں نے مجھے بُرا کہنا عبادت سمجھ رکھا ہے۔ان کی نظروں میں مَیں ہر کذاب سے زیادہ پلید ہوں

۔ تاہم اے دل تو ان لوگوں کا لحاظ رکھ۔ کیونکہ آخر میرے پیغمبر کی محبت کا دعویٰ کرتے ہیں

۔ اے وہ جو فرشتہ کے پیام اور خدا کی آواز کا منکر ہے۔غلطی مجھ میں نہیں بلکہ تجھ میں ہے

۔ اے عزیز! میری جان تیرے ایمان کے غم میں گھل گئی مگر عجیب بات یہ ہے کہ تیرے خیال میں مَیں کافر ہوں

۔ اگر تو چاہتا ہے کہ ہماری سچائی کی حقیقت تجھ پر روشن ہو جائے تو اسی مہربان ذات سے دل کی روشنی مانگ

۔ میرا خیال کسی کو کافر بنانے کی طرف کب ہے میں تو اپنے محبوب کی عنایتوں کے جام سے سرشار ہوں

۔ دشمنوں کے طعن کا مجھ پر کیا اثر ہو سکتا ہے۔میں تو دوست کے تصور میں مدہوش ہوں

۔ میں تو اس خدا کی وحی کے سہارے جیتا ہوں جو میرے ساتھ ہے اس کا الہام میرے لئے زندگی بخش سانس کی طرح ہے

صفحہ۱۸۳

۔ میں نے تو اپنے دوست کے گھر میں ڈیرہ ڈال دیا ہے پس تو اس اندھیرے جہان کے متعلق مجھ سے کچھ نہ پوچھ

۔ اُس کا عشق میرے دل کے رگ و ریشہ میں داخل ہو گیا ہے اور اس کی محبت راہ دین میں میرے لئے چمکتا ہوا سورج بن گئی ہے

۔ اگر میری اور اُس کی محبت کا راز ظاہر ہو جاتا۔تو بہت سی خلقت میرے دروازہ پر اپنی جانیں قربان کر دیتی

۔ دنیا دار لوگ میرے بھید کو نہیں جانتے میں نے اپنے نور کو چمگادڑوں کی آنکھوں سے چھپا رکھا ہے

۔ میری راہ چھوڑ کر جو راہ بھی وہ پسند کریں وہ کچھ نہیں وہ شخص بدقسمت ہے جو ہیچ کو عزّت دیتا ہے

۔ ہم تو ہر گھڑی دوست کے وصل کا جام پیتے ہیں اور میں ہر دم اپنے منکر کے برعکس اپنے یار کا ہم صحبت ہوں

۔ جنت کی ہوائیں میرے پُر سوز دل پر چلتی ہیں اور میری اس انگیٹھی کا دھواں سینکڑوں قسم کی اعلیٰ خوشبوئیں پیدا کرتا ہے

۔ حاسدوں کی بد بو مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ کیونکہ میں ہر وقت یادِ خدا کے نافہ سے معطّر رہتا ہوں

۔ یار کے قرب کی وجہ سے میرا معاملہ اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ میں غیروں کی عقل وفہم سے بہت بالاتر ہو گیا ہوں

۔ میرا قدم یار کی مہربانی سے جنت میں داخل ہو گیا ہے اور اس دوست کی عنایت سے میرے ہاتھ میں جام وصل ہے

۔ اُس کی قبولیت کا جوش جو میری دعا کے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ اتنی گریہ وزاری میری ماں نے بھی نہیں سنی

۔ میں ہر طرف اور ہر جانب اُس یار کا چہرہ دیکھتا ہوں۔ پھر اور کون ہے جو میرے خیال میں آئے

صفحہ ۱۸۴

۔ افسوس عزیزوں نے مجھے نہ پہچانا۔ یہ مجھے اُس وقت جانیں گے جب میں اس دنیا سے گزر جاؤں گا

۔ اگر ان کے درد وغم کی وجہ سے میرا دل خون ہو گیا ہے تو کیا ہوا۔ میری تو خواہش یہ ہے کہ اسی دھن میں میرا سر بھی قربان ہو جائے

۔ ہر رات قوم کے درد سے مجھ پر ہزاروں غم وارد ہوتے ہیں اے رب مجھے اس شور وشر کے زمانہ سے نجات دے

۔ اے رب میرے آنکھ کے پانی سے ان کی یہ سستی دھوڈال کہ اس غم کے مارے آج میرا بستر تک تر ہو گیا

۔ میری داد کو پہنچ کیونکہ میں نے تیرے لئے آنسو بہائے ہیں میری فریاد سن کیونکہ تیرے سوا میرا کوئی نہیں رہا

۔ غموں کی تاریکی ختم ہونے میں نہیں آتی۔ یہ اندھیری رات تو شاید حشر تک لمبی چلی جائے گی

۔ اُس ناقدردان قوم کے غم سے میرا دل خون ہو گیا۔ نیز گمراہ عالموں کی وجہ سے جو میرے پیچھے پڑ گئے ہیں

۔ اگر خشک علم اور دل کی نابینائی حائل نہ ہوتی تو ہر عالم اور فقیہ میرے آگے غلاموں کی طرح ہوتا

۔ میری یہ باتیں پتھر تک پر اثر کرتی ہیں مگر یہ لوگ میرے پُر تاثیر کلام سے بے نصیب ہیں

۔ علم تو وہ ہے کہ فراست کا نور اس کے ساتھ ساتھ چلتا ہے اس تاریک علم کو تو میں ایک کوڑی کو بھی نہیں خریدتا

- آج کے دن میری قوم میرا درجہ نہیں پہچانتی لیکن ایک دن آئے گا کہ وہ رو رو کر میرے مبارک وقت کو یاد کرے گی
- اے میری قوم صبر کے ساتھ غیب کی طرف نظر رکھ تا کہ میں اپنے ہاتھ (خدا کی درگاہ میں) تیری خاطر عاجزی کے ساتھ پھیلاؤں

صفحہ ۱۸۵

- اگر تیرے نزدیک میری قدر خاک کے برابر بھی ہو تو کیا مضائقہ ہے خاک تو کیا میں کوڑے کرکٹ سے بھی زیادہ حقیر ہوں
- یہ اُس کا فضل اور لُطف ہے کہ وہ قدردانی کرتا ہے ورنہ میں تو ایک کیڑا ہوں نہ کہ آدمی سیپی ہوں نہ کہ موتی
- اس کے ہاتھ نے اس طرح میرے دل کو غیر کی طرف سے کھینچ لیا گویا اس کے سوا اور کوئی بھی میرے خواب و خیال میں نہ تھا
- خدا کے بعد میں محمدؐ کے عشق میں سرشار ہوں۔ اگر یہی کفر ہے تو بخدا میں سخت کافر ہوں
- میرے ہر رگ و ریشہ میں اُس کا عشق نغمہ سرا ہے میں اپنی خواہشات سے خالی اور اس معشوق کے غم سے پُر ہوں
- میں درگاہِ قدس میں صداقت کا چراغ ہوں۔ اُسی کا ہاتھ ہر تیز ہوا سے میری حفاظت کرنے والا ہے
- آسمان ہر وقت میری سچائی کی گواہی دیتا ہے پھر مجھے اس بات کا کیا غم کہ اہل زمین مجھے نہیں مانتے
- بخدا میں اپنے پروردگار کی طرف سے نوح کی کشتی کی مانند ہوں بد قسمت ہے وہ جو میرے لنگر سے دور رہتا ہے
- یہ آگ جس نے اس آخری زمانہ کا دامن جلا دیا ہے۔ خدا کی قسم میں اس کے علاج کے لئے نہر کوثر ہوں
- میں رسول نہیں ہوں اور کتاب نہیں لایا ہوں۔ ہاں ملہم ہوں اور خدا کی طرف سے ڈرانے والا
- اے میرے رب میرے گریہ وزاری کو دیکھ کر لُطف و کرم کی ایک نظر کر کہ تیری رحمت کے ہاتھ کے سوا اور کون میرا مددگار ہے
- میری جان مصطفیٰؐ کے دین کی راہ میں فدا ہو۔ یہی میرے دل کا مدعا ہے کاش میسر آ جائے

صفحہ ۲۳۲

- ہمارے درمیان محبت کی کشش اس حد تک ہے کہ رقیب آیا لیکن وہ (الگ الگ) میری اور تمہاری کوئی نشانی

بھی نہ دیکھ پایا

**صفحہ ۲۵۰**

۔ خطاوصواب میں سوچ سے کام لینے والے بےہودہ گوحاضر جواب سے اچھے ہیں

**صفحہ ۲۹۴**

۔ اے خدا میری جان تیرے بھیدوں پر قربان کہ تو ان پڑھوں کوفہم اور ذہن رسا بخشتا ہے

۔ تیری اس دنیا میں میرے جیسا اُمی کہاں ہے میرا تو نشو ونما ہی جہالتوں کے درمیان ہوا ہے

۔ میں ایک حقیر کیڑا تھا تو نے مجھے بشر بنا دیا میں تو بے باپ مسیح سے بھی زیادہ عجیب ہوں

**صفحہ ۳۲۰**

۔ جب تو دل والوں کی کوئی بات سنے تو مت کہہ اٹھ کہ غلط ہے۔اے عزیز! تو بات نہیں سمجھ سکتا غلطی تو یہی ہے

**صفحہ ۳۷۲**

۔ جس کام کے لئے کمر ہمت کس لی جائے اگر (اس میں ) کانٹے بھی ہوں تو وہ گلدستہ بن جائیں گے

**صفحہ ۳۸۸**

۔ اس ابن مریم میں خدائی نہ تھی کیونکہ موت وفوت سے اُسے رہائی حاصل نہ تھی

۔ اس نے اپنے تئیں شرک اور دوئی سے آزاد کر لیا تھا تُو بھی ایسا کر۔ابن مریم تُو بھی بن جائے گا

**صفحہ ۴۱۷**

۔ (اس کافرد) یہودی بھی بن سکتا ہے اور مسیح بھی

**صفحہ ۵۱۲**

۔ احمد کی امت اپنے وجود میں دو مخالف باتیں مخفی رکھتی ہے (اس کافرد) مسیح بھی بن سکتا ہے اور یہودی بھی

۔ ایک گروہ تو بدفطرت انسانوں کے لئے بھی جائے ننگ وعار ہے اور دوسرا گروہ انبیاء کا جانشین ہے

**صفحہ ۵۱۳**

۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ عہد ہو چکا ہے (یعنی مردے واپس نہیں آیا کرتے) تو آیت اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ پر غور کر

صفحہ ۵۱۴

۔ دنیا میں سخت شور پڑ گیا ہے۔اے پیدا کرنے والے خدا اپنی مخلوقات پر رحم فرما

صفحہ ۵۴۶

۔ اے عزیزو! بغیر اخلاص اور سچائی کے کوئی راہ نہیں کھل سکتی۔ مصفا قطرہ چاہیے تا کہ موتی پیدا ہو

صفحہ ۵۷۹

۔ اگر کوئی خواب میں یہ دیکھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم مبارک عام جسموں سے کم ہے تو وہ کمی دیکھنے والے کے دین کا نقصان ہوگا۔ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناقص دیکھے تو وہ نقصان خواب دیکھنے والے کا نقصان ہوگا

صفحہ ۶۳۱

۔ قرآن عظیم کی تفسیر میں صحابہ رضی اللہ عنھم کے مسلک کے برخلاف کوئی راہ اختیار کرنا الحاد اور ضلالت ہے اور رب العالمین کی رضا مندی اسی میں ہے کہ ان (صحابہ) کی اتباع کی جائے

# انڈیکس

## روحانی خزائن جلد نمبر ۳

زیرنگرانی

سید عبد الحی


آیات قرآنیہ ............................ ۳

احادیث ................................ ۸

الہامات ................................ ۱۰

مضامین ............................... ۱۱

اسماء .................................. ۳۶

مقامات ................................ ۵۳

کتابیات ............................... ۵۵

# آیات قرآنیہ


## الفاتحة

اهدنا الصراط المستقیم (۶) ۳۵۲،۲۲۹،۳۸۹

صراط الذین انعمت علیهم(۷) ۲۲۹

## البقرة

فی قلوبهم مرض فزادهم الله مرضاً...(۱۱) ۱۱۸

ولهم فیها ازواج مطهرة (۲۶) ۲۸۱

یضل به کثیرا ویهدی به کثیرًا(۲۷) ۱۳۳

واذ قال ربک للملٰئکة.....(۳۱) ۴۲۵

ولکم فی الارض مستقرّ...(۳۷) ۴۲۹

حتّٰی نری الله جهرةً(۵۶) ۱۹۸

واذ قتلتم نفسًا.......(۷۳) ۵۰۳

کذٰلک یحی الله الموتٰی......(۷۴) ۵۰۶

اولٰئک اصحٰب الجنة... (۸۳) ۶۲۱،۲۸۱ح

فتمنوا الموت ان کنتم صٰدقین(۹۵) ۲۹۲

الم تعلم ان اللّٰه علیٰ......(۱۰۷) ۶۱۸،۶۰۵

تلک امة قد خلت.....(۱۳۵) ۴۲۸

اولٰئک یلعنهم اللّٰه ....(۱۶۰) ۱۱۵ح

اولٰئک علیهم لعنة الله ...(۱۶۲) ۱۱۵ح

وقال الذین اتبعوا لو ان لنا کرة...(۱۶۸) ۶۲۰ح

والذین یُتوفّون منکم..(۲۳۵) ۲۶۸

والذین یُتوفّون منکم ....(۲۴۱) ۲۶۸

رفع بعضهم درجٰت..(۲۵۴) ۲۷۵،۲۸۱

یوتی الحکمة من یشآء....(۲۷۰) ۴۴۲

## اٰل عمران

قل ان کنتم تحبون اللّٰه .......(۳۲) ۲۳۰

اسمه المسیح عیسیٰ ابن مریم...(۴۶) ۴۴۸

یاعیسیٰ انی متوفیک .......(۵۶) ۲۷۴،۳۳۰،
۶۳۰،۶۰۶،۵۰۱،۴۲۳،۵۶،ح۵۴،۲۳۴،۲۴۶

تعالوا ندع ابناء نا.....(۶۲) ۲۳ح

لن تنالوا البرّ حتّٰی تنفقوا.....(۹۳) ۳۸

ولاتموتن الا وانتم مسلمون....(۱۰۳) ۵۵۲

فاصبحتم بنعمته اخواناً....(۱۰۴) ۵۵۸

وما محمد الا رسول..... (۱۴۵) ۲۷۷،۲۶۵،
۵۸۸،۴۲۷

ماکان لنفس ان تموت.....(۱۴۶) ۶۰۵

ولا تحسبنّ الذین قتلوا.....(۱۷۰) ۲۲۶،۲۸۱

وتوفنا مع الابرار.....(۱۹۴) ۲۶۸

## النساء

حتّٰی یتوفّٰهن الموت.....(۱۶) ۴۲۴،۲۶۸

یحرفون الکلم عن مواضعه...(۴۷) ۶۱۱،۶۰۷

فان تنازعتم فی شیء...(۶۰) ۵۹۶،۵۹۴

وما ارسلنا من رسول .....(۶۵) ۴۰۷

این ما تکونوا یدرککم الموت...(۷۹) ۴۳۶

ان الذین توفّٰهم الملٰئکة ...(۹۸) ۲۶۸

وما قتلوه وماصلبوه......(۱۵۸) ۲۷۷

بل رفعه الله الیه .....(۱۵۹) ۲۳۴،۲۴۶،۴۲۳

وان من اهل الکتاب الالیومنن به....(۱۶۰)
۴۲۵،۲۹۷،۲۸۸

وکلمته القٰها الیٰ مریم......(۱۷۲) ۳۳۳

## المائدة

وما هم بخارجین....(۳۸) ۶۲۰ح

جعل منهم القردة والخنازیر .....(۶۱) ۴۰۹

ماالمسیح ابن مریم الا رسول...(۷۶) ۴۲۵

یایھا الذین اٰمنوا.....(۱۰۶) ۷ح

واذ قال اللّٰہ یٰعیسیٰ....(۱۱۷) ۴۲۵

فلما توفیتی کنت انت الرقیب علیھم....(۱۱۸)
۱۲۶،۲۲۴،۴۲۴،۴۲۵،۵۸۵،۵۸۸

## الانعام

ھوالذی یتوفّٰکم........(۶۱) ۲۶۹

توفتہ رسلنا.....(۶۲) ۴۲۴،۲۶۸

لا تزر وازرۃوزر اخریٰ..(۱۶۵) ۶۰۹

## الاعراف

فیھا تحیون وفیھا تموتون (۲۶) ۶۰۲

قد انزلنا علیکم لباساً(۲۷) ۲۴۵ح

حتّٰی اذا جآء تھم رسلنا...(۳۸) ۴۲۴،۲۶۸

توفّنا مسلمین.......(۱۲۷) ۲۶۸

والعاقبۃ للمتقین.....(۱۲۹) ۶۳۰

فبای حدیث بعدہ یؤمنون ....(۱۸۶) ۶۱۰

## الانفال

اذیریکھم اللّٰہ فی منامک قلیلاً....(۴۴) ۶۳۳

ان شر الدواب عند اللّٰہ الذین کفروا(۵۶) ۱۱۵ح

## التوبۃ

واغلظ علیھم .......(۷۳) ۱۰۹

## یونس

انما مثل الحیٰوۃ الدنیا کماء....(۲۵) ۴۳۰

واما نرینک بعض الذی نعدھم...(۴۷) ۲۶۸

ولٰکن اَعْبُدُاللّٰہ الذی یتوفّٰکم (۱۰۵) ۴۲۴

## ھود

واما الذین سُعِدُوا.......(۱۰۹) ۲۸۰

## یوسف

توفنی مسلما والحقنی بالصّالحین(۱۰۲) ۲۶۸

## الرعد

تلک اٰیات الکتٰب ......(۲) ۶۳۰

او نتوفینک ...(۴۱) ۲۶۸

## ابراھیم

سخر لکم الشمس والقمر(۳۴) ۷۴،۷۵

## الحجر

تلک اٰیات الکتٰب.....(۲) ۶۳۰

انا نحن نزلنا الذکر.....(۱۰) ۶۱۱

وان من شیء الا عندنا خزائنہ.(۲۲) ۴۵۰

ان عبادی لیس لکعلیھم سلطان(۴۳) ۵۹۳،۶۰۹

وماھم منھا بمخرجین(۴۹) ۵۴،۲۸۰،۶۲۰ح

## النحل

والذین یدعون من دون اللّٰہ لایخلقون (۲۱،۲۲) ۴۳۱

الذین تتوفھم الملٰئکۃ .....(۲۹) ۲۲۴،۲۶۸

الذین تتوفکم الملٰئکۃ .....(۳۳) ۲۲۴

فاسئلوا اھل الذکر....(۴۴) ۳۷۹،۴۳۳

ثم یتوفّٰکم ......(۷۱) ۲۶۸

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان....(۹۱) ۵۵۰

## بنی اسرائیل

کلا نمد ھٰولائوھؤلاء من عطاء ربک(۲۱) ۶۳۴

لاتقف مالیس لک بہ علم...(۳۷) ۳۵۷،۱۰۴،۳۷

من کان فی ھذہ اعمیٰ......(۷۳) ۳۶۹

قل لئن اجتمعت الانس والجن.....(۸۹) ۶۱۵

لن نومن لک حتّٰی تفجر .......(۹۱) ۶۳۳

قل سبحان ربی ........(۹۴) ۵۵،۴۳۷

## الکھف

وکیف تصبر علیٰ مالم تحط بہ خُبْرًا(۶۹) ۶۲۸

لایبغون عنھا حولاً.....(۱۰۹) ۶۲۰ح

## مریم

لم نجعل لہ من قبل سمیا....(۸) ۳۹۰

سلام علیہ یوم ولد.......(۱۶) ۵۹۳،۶۰۹

واوصانی بالصلٰوۃ والزکاۃ...(۳۲) ۳۳۱،۳۲۸

وسلام علی یوم ولدت......(۳۴) ۳۲۸

ورفعناہ مکاناً علیاً.....(۵۸)
۳۹۲،۳۰۰،۳۱۳،۳۲۳،۳۳۸

## طٰہٰ

منہا خلقنا کم وفیہانعیدکم....(۵۶) ۵۱۳

## الانبیاء

وماجعلنا ھم جسداًلایاکلون الطعام..(۹) ۳۲۶،۲۶۵
۳۳۲،۲۷۷

وما جعلنالبشر.....(۳۵) ۲۷۷،۲۶۵،۳۲۷

انہم لایرجعون(۹۶) ۵۱۳،۵۱۴،۵۳۲،۶۱۹،۶۲۲ح

انکم وما تعبدون ........(۹۹) ۱۰۹

ان الذین سبقت لھم منا الحسنیٰ(۱۰۲،۱۰۳) ۳۳۵

## الحج

ومنکم من یتوفّی.....(۶) ۲۶۵،۲۶۸،۳۲۸

فاجتنبوا الرجس من الاوثان.....(۳۱) ۵۵۰

لن ینال اللہ لحومہا.......(۳۸) ۲۳۷

ان یوماً عند ربککالف سنۃ(۴۸) ۳۴۲،۳۴۳

ومارسلنا من قبلک.....(۵۳) ۳۳۹،۶۳۴

## المؤمنون

فتبارک اللہ احسن الخالقین..(۱۵) ۲۶۰،۵۶۰

ثم انکم یوم القیامۃ تبعثون(۱۷) ۶۲۰ح

حتی اذا جاء احدھم الموت...(۱۰۰،۱۰۱) ۶۱۹

## النور

وعد اللہ الذین امنوا منکم ...... (۵۶) ۳۶۰

## الفرقان

الذی لہ ملک السّمٰوٰت.....(۳،۴) ۲۵۹ح

وما ارسلنا قبلکمن المرسلین..(۲۱) ۳۳۱

وانزلنا من السمآء .......(۴۹،۵۰) ۳۲۲

## الشعراء

والذی یمیتنی ثم یحیین(۸۲) ۳۳۲

وازلفت الجنۃ للمتقین(۹۱،۹۲)

## النمل

صرح ممرّد من قواریر....(۴۵) ۲۵۴ح

انک لا تسمع الموتیٰ.....(۸۱) ۶۰۹

واذا وقع القول............(۸۳) ۳۷۰

## العنکبوت

احسب الناس ان یترکوا ........(۳) ۶۳۳

کل نفس ذائقۃ الموت......(۵۸) ۳۹۶

وان الدار الاٰخرۃ لھی الحیوان..(۶۵) ۳۳۲

## الروم

الٓمّٓ غلبت الروم فی ادنی الارض..(۲تا۵) ۳۱۰

اللہ الذی خلقکم ثم رزقکم......(۴۱) ۳۳۴

اللّٰہ الذی خلقکم من ضعف......(۵۵) ۳۲۹

## لقمان

ان اللّٰہ لایحب کل مختال فخور ...(۱۹) ۵۷۴

## السجدۃ

قل یتوفکم ملک الموت(۱۲) ۲۲۴،۲۶۸،۳۲۴

## الاحزاب

ماکان محمد ابا احد ......(۴۱) ۶۱،۳۳۱

لن تجد لسنۃ اللّٰہ تبدیلا(۶۳) ۳۲۶

انا عرضنا الامانۃ.....(۷۳) ۷۵

## فاطر

الیہ یصعد الکلم.......(۱۱) ۳۳۳

## یٰس

انا نحن نحی الموتیٰ ....(۱۳) ۳۲۵

قیل ادخل الجنۃ ..(۲۷،۲۸) ۵۵،۲۸۱

یاحسرة علی العباد.....(۳۰) ۲۴۱

فـلا یستطیعون توصیة ......(۵۰) ۲۱ح۶

ومن نعمره ننکسه فی الخلق.....(۶۹) ۴۲۹

انـمـا امره اذا اراد شیئاً.....(۸۳) ۲۱۵

## الصّٰفّٰت

ومـا منا الا له مقام معلوم....(۱۶۵،۱۶۶) ۶۷

## صٓ

ان هـذا الا اختـلاق.....(۸) ۶۳۱

مـالنا لانریٰ رجالاً.......(۶۲) ۱۰۴،۳۰۲

اذ قـال ربک للملٰئکة .....(۷۲تا۷۵) ۷۶

## الزمر

انـزل لـکـم من الانعام......(۷) ۲۴۵ح

الـم تـر ان اللّٰه انزل .......(۲۲) ۴۳۰

فیمسک التی قضیٰ علیها الموت ......(۴۳)
۳۴۶،۳۸۷،۲۶۸،۶۲۰ح

## المؤمن

ان یک کاذبًا.......(۲۹) ۶۲۷

ومنکم من یتوفی..(۶۸) ۲۶۸

فـامـا نـرینک بعض الذی نعدهم....(۷۸) ۲۶۸

## الدخان

حـم والـکتب المبین.....(۲تا۱۳) ۳۷۴

لایـذوقـون فیها الموت....(۵۷) ۳۴۶،۳۸۷

## الجاثیة

فبـای حـدیـث بعد الله واٰیٰته یومنون....(۷) ۶۱۰

## محمدؐ

فـکیف اذا توفتهم الملٰئکة ...(۲۸) ۲۶۸

## الفتح

اشـداء عـلـی الکفار....(۳۰) ۱۰۹

## قٓ

واحیینـا بـه بلدة میتاً.....(۱۲) ۳۲۲

## النجم

ان هـو الاوحـی یـوحیٰ ....(۵) ۴۲۲

## القمر

فـی مـقعد صدق...(۵۶) ۴۲۴،۴۳۵

## الرحمن

کـل مـن علیهـا فـان...(۲۷،۲۸) ۴۳۴،۵۱۳

## الواقعة

ثـلة مـن الاولیـن .....(۴۰،۴۱) ۴۲۰

لایـمسـه الا الـمطهرون(۸۰) ۳۳۷،۴۴۳،۵۷۳

## الحدید

اعـلموا ان اللّٰه یحی الارض....(۱۸) ۳۲۵

وانـزلـنـا الحدید.....(۲۶) ۲۴۵ح،۳۶۰

## الحشر

مـا اٰتـٰکم الرسول فخذوه.....(۸) ۴۳۶

یـؤثـرون عـلٰی انفسهم ولو کان بهم خصاصة(۱۰) ۵۳۷

## الصف

لـم تـقـولون مالا تعلمون...(۳،۴) ۷ح

هـوالـذی ارسـل رسولـه.....(۱۰) ۵۱۵

## الطلاق

قـد انـزل الـلـه الیکم ذکراً رسولاً ...(۱۱،۱۲) ۴۵۰

## التحریم

نـورهـم یسعیٰ بین ایدیهم.....(۹) ۲۸۴

## القلم

ودُّوا لـو تـدهـن فیـدهـنـون(۱۰) ۱۱۳،۱۱۶ح

## نوح

مـما خطيئٰتهم اغرقوا (۲۶) ۲۸۳

## المزمل

انا ارسلنا اليكم رسولاً.....(۱۶) ۸

## النباء

كـذبوا بايٰتنا كذاباً(۲۹) ح ۲۴

## عبس

وجـوه يـومئذ مسفرة ....(۳۹تا۴۳) ۲۸۴

## الفجر

يـا يتها النفس المطمئنة...(۲۸تا ۳۱) ۲۶۴،۲۴۷، ۲۷۸،۲۳۳،۴۳۳،۴۳۵،۵۰۰،۶۰۶

فـادخـلى فيعبـادى...(۳۰،۳۱) ۵۵،۲۸۱،۲۶۶

## الشمس

والشـمـس وضحٰها.... (۲تا۱۶) ۳۵،۷۷،۸۲، ۷۹،۵۹۷

## الضحیٰ

وامـا بـنـعـمة ربک فحدث....(۱۲) ۳۳۸

## التين

لـقـد خـلـقنـا الانسـان..(۵) ۷۵

## القدر

انـا انـزلـنٰه فى ليلة القدر(۲) ۲۵۹

ليـلة الـقـدر خير من الف شهر .....(۴) ۳۲

تـنـزل الـملٰئكة والروح فيها(۵،۶) ح ۱۲

## الزلزال

اذا زلـزلـت الارض زلـزالها......(۲) ۱۶۱

## الهمزة

نـارالـلّٰـه الـموقدة .......(۷،۸) ۲۸۴

اسرعكن لحوقاً بى اطولكن يداً ۶۳۲


☆ ☆ ☆

# احادیث نبویہ


اعمار امتی مابین الستین الیٰ ۴۳۶، ۴۳۷
الا انه فی بحر الشام او بحر الیمن ۵۵۶
الاٰیات بعد المأتین ۱۸۹، ۴۶۸، ۴۶۹
الرؤیا الصالحة جزء من ستة واربعین من النبوة ۶۱
امامکم منکم ۵۱۱
انا الحاشر الذی یحشر الناس ۳۲۵
انا اولیٰ الناس بابن مریم ۵۸۸
انما انا قاسم والله هو المعطی ۴۴۲، ۴۵۵
ان المیت یعذب ببعض بکاء اهله ۶۰۹
انی انا المسیح وانی ان یوشک .... ۳۵۹
اوصیٰ بکتاب اللّٰه ۶۱۰
حسبکم القرآن ۶۱۰
حسبنا کتاب الله ماکان من شرط ۶۱۰
رب لم اظن ان یرفع علی احد ۴۷۶، ۶۱۴
طوبیٰ للشام قلنا لای ذٰلک..... ۴۷۶
علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل ۳۶۱، ۲۳۰، ۳۵۲
فاعتزل تلک الفرق کلها ۵۹۴
فاقول کما قال العبد الصالح ۵۸۵
فان یک فی امتی منهم احد فعمر ۶۰۰
کیف انتم اذا نزل ابن مریم ۵۶، ۱۲۵، ۶۲۹
قال یا عبدی تمن علی ۶۲۱، ۶۲۲
لا المهدی الا عیسی ۳۷۹
لا یاتی مائة سنة وعلیٰ الارض..... ۳۵۸
لم یبق من النبوة الا المبشرات ۶۰
لو کان الایمان معلقاً عند الثریا ۴۵۵، ۴۹۳ ح
لیت موسیٰ سکت حتیٰ یقص ۶۲۸
لینزلن ابن مریم حکماً عدلاً ۵۵۵
مابین خلق آدم الیٰ قیام الساعة ۳۶۲
ماعندنا شیء الا کتاب الله ۶۱۰
ما علی الارض من نفس منفوسة ۳۵۸، ۴۳۷
مامن مولود الا والشیطٰن ۵۹۲، ۵۹۳، ۶۰۹
متوفیک ممیتک ۵۸۷
من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه ۵۷۰
من شَذَّ شُذَّ فی النار ۴۱۳
من قتل قتیلاً ۵۵۵
والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ۱۹۸
ومن عاد لی ولیًافقد اٰذنته للحرب ۵۹۵
وهذا الکتاب الذی هدی اللّٰه به ۶۱۰
یقتل عیسیٰ الدجال عند باب لد الشرقی ۴۱۴
آج کی تاریخ سے سو برس تک تمام بنی آدم پر قیامت آجائے گی ۲۲۷، ۳۷۲
حضرت ابراہیم اور حضرت سلیمان کے درمیان ہزار برس سے زیادہ فاصلہ ۶۱۲
اختلاف حُلیتین ۶۳۱
آخری زمانہ میں مسلمان بکلی یہودیوں کے مشابہ ہوں گے ۴۱۹، ۴۲۰
اس امت پر ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں یہودیوں سے سخت درجہ کی مشابہت پیدا کرلیگی ح ۹
اس امت میں مثیل انبیاء بنی اسرائیل پیدا ہوں گے ۵۱۲
اگر اس امت میں بھی محدث ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کلام کرتا ہے تو وہ عمر ہے ح ۱۱، ۲۱۹

اگر میری زندگی میں دجال نکل آوے تو میں تمہارے
سامنے اس سے جھگڑوں گا ۱۹۹
اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمرؓ ہوتا ۲۱۹
مسیح دو فرشتوں کے پروں پر ہتھیلیاں رکھے ہوئے
آئے گا ۴۷۶
جو شخص صحبت کے وقت بسم اللہ پڑھے اس کی اولاد
مس شیطان سے محفوظ رہتی ہے ۶۱۲
شیطان عمرؓ کے سایے سے بھاگتا ہے ۲۱۹
کوئی جاندار اس وقت سے سو برس تک زمین پر زندہ نہیں
رہ سکتا ۳۷۲
کوئی نبی فوت ہونے کے بعد چالیس دن سے زیادہ
زمین پر نہیں ٹھہرتا ۳۵۵
مسیح موعود لوگوں کے عقائد اور خیالات کی غلطیاں
نکالے گا ۴۷۷
مجھے دوزخ دکھلایا گیا ۲۸۱
مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کی بناء میں چالیس برس کا فرق ۶۱۲
مسیح ابن مریم کو سلام پہنچانے کی حدیث ۴۱۳
مسیح کے بعد شریر رہ جائیں گے جن پر قیامت آئے گی ۲۹۰
مسیح کے دم سے اس کے منکر خواہ وہ اہل کتاب ہیں یا
غیر اہل کتاب کفر کی حالت میں مریں گے ۲۸۹، ۴۷۷
میری عزت خدا تعالیٰ کی جناب میں اس سے زیادہ ہے کہ
مجھے چالیس دن تک قبر میں رکھے ۲۲۵ح، ۲۲۷ح، ۳۵۵
میری قبر کے نیچے روضہ بہشت ہے ۲۸۷
ہر ایک صدی کے سر پر خدا تعالیٰ ایک ایسے بندہ کو پیدا کرتا
رہے گا کہ جو اس کے دین کی تجدید کریگا ۶
ہر ایک نبی اپنی قوم کو دجال کے نکلنے سے ڈراتا آیا ہے ۲۲۱
جن لوگوں پر واقعی طور پر موت وارد ہو جاتی ہے وہ زندہ
کر کے دنیا میں نہیں بھیجے جاتے ۶۱۹ح


☆ ☆ ☆

# الہامات

## حضرت مسیح موعود علیہ السلام

### عربی

ااردت ان استخلف ...... ۳۴۳، ۴۶۷، ۴۷۴
اخرج منہ الیزیدیون.... ۱۳۸ح، ۱۶۷ح
اصلها ثابت وفرعها فی السماء ۵۲۸
الحق من ربک فلا تکونن....... ۳۰۶
الحمدللہ الذی اذھب عنی الحزن ۴۷۹
ان الذین کفروا وصدوا ۱۵۴ح
ان السمٰوٰت والارض...... ۴۷۴
انا انزلناہ قریباً ...... ۱۳۸ح
ان اشد مناسبة بعیسی ابن مریم ۱۶۵
انک باعیننا...... ۴۷۶
انی جاعل فی الارض خلیفة ۴۷۵
ثم احییناک بعد ما اھلکنا القرون ۴۶۴
تری نسلاً بعیداً ۴۴۳
جری اللّٰہ فی حلل الانبیاء ۱۹۶
جعلناک المسیح ابن مریم ۴۰۹
خلق اٰدم فاکرمہ ۳۴۳
فیک مادة فاروقیة ۱۱ح
کتب اللّٰہ لاغلبن انا ورسلی ۱۹۶
کل برکة من محمد ﷺ ۴۱۷
کلب یموت علی کلب ۱۹۰
کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف... ۴۷۴
قل ان کنتم تحبون اللہ ..... ۱۴۰ح
قل انی امرت وانا اوّل المومنین ۴۷۹
قل لو اتبع اللہ اھوائکم .... ۱۴۰ح
قل لو کان الامر من .... ۱۴۰ح
قل لو کان البحر مداداً .......... ۱۴۰ح
لو کان الایمان معلقاً بالثریا.... ۱۵۳ح
لنحیینک حیٰوة طیبة ..... ۴۴۳
مبارک ومبارک وکل امر مبارک..... ۱۹۰
وجعلنک المسیح ابن مریم ۴۰۹، ۴۲۲، ۴۶۳
وذٰلک اللہ ..... ۴۷۹
ھذا ھو الترب الذی لا یعلمون ۲۵۹ح
ھو الذی ارسل رسولہ ۱۹۳
یا احمد بارک اللّٰہ ۱۹۳
یٰعیسٰی انی متوفیک ۱۹۳، ۳۰۱، ۳۱۸

### اردو

ان علماء نے میرے گھر کو بدل ڈالا....... ۱۴۰ح
ان کو کہدے کہ میں عیسیٰ کے قدم پر آیا ہوں ۴۴۲
ایک اولوالعزم پیدا ہوگا ۴۴۲
جو لوگ خدا تعالیٰ کے مقرب ہوتے ہیں..... ۱۶ح
دنیا میں ایک نذیر آیا........ ۹، ۱۰۱، ۳۲۳
کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے ...(الہامی اشعار)
ٹائٹل پیج فتح اسلام اور توضیح مرام
مسیح رسول اللہ فوت ہو چکا ہے....... ۴۰۲
موت کے بعد پھر تجھے حیات بخشوں گا ۱۶ح
میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا.............. ۱۶ح
میں تجھے زمین کے کناروں تک عزت دونگا ۴۴۲
نبی ناصری کے نمونہ پر اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا... ۳۳۵

### فارسی

بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید ۲۳
فرزند دلبند گرامی ارجمند ۱۸۰

# کلید مضامین

## آ۔ا

### آریہ


آریوں نے ملائک کی پرستش کی ہے۔ ۷۲،۷۳

قرآن کی مخالفت میں نیوگ کا عقیدہ رائج ہوا ۳۸۳،۳۸۴


### اجتہادی غلطی


انبیاء لوازم بشریت سے الگ نہیں ہوتے ۵۵۷

وحی کشف یا خواب کے سمجھنے میں نبی سے غلطی ہونا ۲۰

انبیاء سے اجتہاد کے وقت امکان سہو وخطا ہے ۱۷۳ تا ۱۷۴

آنحضرت ﷺ سے اجتہادی غلطی ہوئی ۳۱۱


### اجماع


پیشگوئیوں میں اجماع نہیں ہوتا ۲۹۷،۳۰۸،۳۲۶

صحابہ میں اختلاف کے باوجود کسی پر فتویٰ کفر نہیں لگا ۲۴۸

حضرت عائشہؓ کا عقیدہ تھا کہ معراج روحانی ہوا۔ یہ اکثریت کی رائے سے مختلف عقیدہ تھا ۲۴۸،۲۵۰

اجماع کا دعویٰ کذب ہے (امام احمد بن حنبل) ۶۳۲

کیا اجماع ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے ۳۱۲،۳۱۳


### احیائے موتٰی


معجزہ کے طور پر مردے زندہ ہونیکی حقیقت ۴۴۵،۴۴۶


### استخارہ


استخارہ کرنے والے کی نفسانی تمنا میں شیطان دخل دیتا ہے ۲۲۸


### استعارات


مکاشفات میں استعارات غالب ہوتے ہیں ۳۱۲

انبیاء کے مکاشفات میں استعارات کی مثالیں ۱۳۳ح

مکاشفات نبویؐ میں استعارات ۳۱۰،۶۳۲

کشفی امور کا ظاہر پر حمل قطعی طور پر کس وقت ہوتا ہے ۲۰۳،۲۰۴

استعارات کی تفسیر کو حوالہ بخدا کرنا ۲۱۷

بلاغت کا تمام مدار استعارات لطیفہ پر ہوتا ہے ۵۸

مجسم آسمان سے اتارا جانا استعارہ ہے ۲۴۷

مسیح ابن مریم کی نسبت پیشگوئیاں مکاشفات نبویہ ۲۰۵

ایلیا کو یوحنا کہنا ۳۷۹،۳۸۰

صحیح مسلم کی دمشقی حدیث میں استعارات ہیں ۳۱۵،۳۱۶


### اسلام


اسلام کا زندہ ہونا ایک فدیہ مانگتا ہے ۱۰

اسلام میں خواص الناس خواص الملائک سے افضل ۷۴

اسلام میں مثیل الانبیاء بننے کی راہ کھلی ہوئی ہے ۲۳۰

اسلام کی سچائی عقل سلیم کے دل میں گھر کر جاتی ہے ۵۱۸

اعلائے کلمہ اسلام کی غرض سے کون بھیجا گیا؟ ۶

تجدید دین کیا ہے؟ ۷ح

اسلام کی تبلیغ کے لیے مالی معاونت کی تحریک ۵۱۶

آخری زمانہ میں مسلمان یہود کے مشابہ ہونگے ۳۹۴،۳۹۵، ۵۰۸،۵۰۹،۴۶۰ تا ۴۶۴،۹ح

اسلام نے مداہنہ کو جائز نہیں رکھا ۱۱۳

اسلام کی مثال موجودہ زمانے میں ۳۱

مشتمل بر مرثیہ تفرقہ حالت اسلام ۴۴،۴۶

عیسائیت میں اسلام کی مخالفت ۵،۵۱۷

اسلام عقل کو معطل اور بے کار ٹھہرانا نہیں چاہتا ۲۵۱


### اشتہارات


مختلف اشتہارات بھجوائے گئے ۲۹

اشتہار عام معترضین کی اطلاع عام کے لئے ۴۶،۴۷

اے شک کرنے والو! آسمانی فیصلہ کی طرف آؤ ۱۰۲
تکمیل تبلیغ دس شرائط بیعت ۵۶۳
توفی اور الدجال کے بارے میں اشتہار ۶۰۲

**اصحاب الصفہ**

اصحاب الصفہ کے اخراجات کیلئے فکر ۲۹

**اصحاب کہف**

سورۃ الکہف میں اصحاب کہف کی استقامت کا ذکر ۲۰۶
اصحاب کہف شہداء کی طرح زندہ ہیں ۴۲۶، ۴۲۷

**اصطلاح**

اصطلاحی امر میں لغت کی طرف رجوع کرنا حماقت ہے ۳۸۹

**اصلاح نفس**

انبیاء کے نیک نمونہ کی پیروی ۱۸
حضرت مسیح موعودؑ کی تقاریر اصلاح کا موجب ہیں ۱۷
حضرت مسیح موعودؑ کی تالیفات اصلاح کی موجب ہیں ۲۷

**اعتراضات نیز دیکھئے سوالات**

**حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ان اعتراضات کے جوابات دیے:-**

آپ نے مخالفین کے لیے سخت الفاظ کا استعمال کیا ۱۰۸
آپکو ماننے سے صحاح نکمی و بیکار ہو جائیں گی ۲۴۹
باب نبوت مسدود ہے اور وحی پر مہر لگ چکی ہے ۶۰
مثیل مسیح بھی نبی ہونا چاہیے کیونکہ مسیح ابن مریم نبی تھا ۵۹
کیا حضرت مسیح منصب نبوت سے مستعفی ہو کر آئیں گے؟ ۵۶
قرآن کریم کے نئے معانی کرنا الحاد ہے ۲۵۴ تا ۲۶۴
قرآن کے نئے معانی کرنا اجماع کی کسر شان ہے ۴۶۶
قرآن کریم میں نام لے کر مسیح ابن مریم کے دوبارہ
آنے کا ذکر کیوں نہیں کیا گیا؟ ۴۶۸
صحیح احادیث سے مسیح کے ظہور کا زمانہ ثابت نہیں ہوتا ۴۰۶
مسیح ابن مریم کے آنے کی خبریں ہی غلط ہیں ۳۹۹ تا ۴۰۲
حضرت مسیح کے پیدا کردہ پرندوں کی زندگی تھوڑی
ہوتی تھی ۲۶۱ح، ۲۶۲ح
خدا تعالیٰ قادر ہے کہ فوت شدہ مسیح ابن مریم کو
دوبارہ زندہ کر کے بھجوا دے ۶۱۹ح تا ۶۲۵ح
مسیح بعد وفات زندہ ہو کر آسمان کی طرف اٹھائے گئے ۲۳۳
مسیح موعود کا آسمان سے اترنا اجماعی عقیدہ ہے ۱۸۹
اولیاء اور انبیاء کے الہامات کی کیا خصوصیت ہے ۹۴ تا ۹۸
قرآن کریم میں تعارض پایا جاتا ہے ۶۱۹ تا ۶۲۲
حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کسی بیماری کی وجہ
سے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا ۱۲۱
''نور افشاں'' کے ایک اعتراض کا جواب ۳۵۳ تا ۳۵۶
اجماع ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے ۳۱۲، ۳۱۳
اللہ تعالیٰ کا اپنی مخلوق چیزوں کی قسمیں کھانا ۸۰
خرِ دجال اگر ریل گاڑی ہے تو اسے نیک اور بد
دونوں استعمال کرتے ہیں ۵۵۵، ۵۵۶

**اعلان**

فتح اسلام کی قیمت، مفت تقسیم کیے جانے کے متعلق اعلان ۲
توضیح مرام اور ازالہ اوہام کے متعلق ۴۸
ازالہ اوہام کے تیار ہونے کا اعلان ۵۰

**اطلاع**

بخدمت علماء اسلام جب تک تینوں رسائل فتح اسلام،
توضیح مرام، ازالہ اوہام غور سے پڑھنے سے قبل مخالفانہ
رائے کے اظہار کے لیے جلدی نہ کریں ۱۰۰

**اللہ تعالیٰ**

قیوم العالمین کہلانے کی وجہ ۹۰
تعلق باللہ کے سلسلہ میں انسان کی دو خوبیاں ۷۶
اللہ تعالیٰ کی اپنی مخلوقات سے تعلق کی مثال ۸۹

اللہ کی پیدا کردہ اشیاء میں بے انتہا عجائبات ۴۶۵، ۴۶۶
اللہ تعالیٰ کا اپنی مخلوق چیزوں کی قسمیں کھانا ۸۰
اللہ تعالیٰ کا استعاروں سے کام لینا ۱۱ح
دنیا کے حکیموں کے مقابل پر امّیوں کو سمجھ عطا کرتا ہے ۱۲۰
اللہ کے وعدے کبھی بلاواسطہ اور کبھی بالواسطہ پورے
ہوتے اس کی مثالیں ۳۱۷

**الہام اور وحی**

وحی کی تعریف ۵۹۸، ۵۹۹
الہام رحمانی بھی ہوتا ہے اور شیطانی بھی ۴۳۹ تا ۴۴۱
ہر ایک ولی پر جبرائیل ہی وحی کی تاثیر ڈالتا ہے ۸۸
جبرائیل کے نزول کی کیفیت ۹۱، ۹۲
روحانی علوم اور روحانی معارف کے حصول کا ذریعہ ۳۲۸
قرآن کریم میں لفظ الہام کا استعمال ۵۹۷، ۵۹۸
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صحبت سے حقانی وحی کے
انوار بچشم خود دیکھے جاسکتے ہیں ۴۱
اولیاء پر الہام کا نزول ۶۰۰
ملہم پر آیت قرآنی کے نئے معانی نازل ہونا ۲۶۱
کچھ ملہمین میں روحانیت نظر نہ آنے کی وجہ ۳۲۹، ۳۳۰
کیا الہام بے اصل اور بے سود چیز ہے ۵۹۶ تا ۶۰۲،
۳۲۶ تا ۳۳۰
اولیاء و انبیاء کے الہامات کی خصوصیت ۹۴ تا ۹۸
کیا باب نبوت مسدود ہے اور وحی پر مہر لگ چکی ہے؟ ۶۰
آریوں کے نزدیک چار ویدوں کے نزول کے بعد
الہام بند ہو گیا ۹۷

**امانت**

آیت انا عرضنا الامانة میں امانت سے مراد ۷۵

**امور اخباریہ کشفیہ**

امور اخباریہ کشفیہ میں انبیاء سے اجتہادی غلطی ممکن ہے ۱۰۶
وحی کشف یا خواب کی تعبیر میں نبی سے غلطی ہو سکتی ہے ۲۰۴
انبیاء کے مکاشفات کی مثالیں کہ ظاہر کچھ کیا گیا اور
مراد کچھ اور تھا ۱۳۳ح

**انجیل** ۲۰

مسیح نے انجیل میں توریت کا صحیح خلاصہ پیش کیا تھا ۱۰۳
انجیل کے مقابل پر قرآن کی اعلیٰ تعلیم ۵۴۹، ۵۵۰
مسیح کے کام دعا کے ذریعہ ہرگز نہیں تھے ۲۶۲ح، ۲۶۳ح
انجیل کے مطابق مسیح کو اسی وقت اترنا چاہیے تھا ۱۸۸
ایلی ایلی لما سبقتنی ۳۰۳، ۳۰۴
عورت کو شہوت کی نظر سے مت دیکھ ۵۴۹
مسیح کی عدم مصلوبیت پر انجیل سے استدلال ۲۹۴ تا ۲۹۷
انجیل میں مذکور مسیح کے اس قول کی وضاحت کہ میں مارا
جاؤں گا اور تیسرے دن جی اٹھوں گا ۳۰۲، ۳۰۳
مسیح نے کہا کہ آج میں بہشت میں داخل ہونگا اس
قول کی وضاحت ۳۰۳
کفارہ کی تعلیم کو تو انجیل نے ہی برباد کر دیا ہے ۲۹۴ تا ۲۹۷
بائبل سے دو نبیوں کے آسمان پر جانے کا تصور ۵۲
حواریوں نے مسیح کے آسمان پر جانے کا ذکر نہیں کیا ۳۱۹
انجیل کی رو سے مسیح موعود کی علامات ۴۶۹
ایلیا کا دوبارہ آنا ۴۳۳
اگر یہ اعتراض ہو کہ ایلیا نبی کے دوبارہ آنے کا واقعہ
ملاکی میں مذکور ہے مگر یہ کتابیں محرف و مبدل ہیں ۲۴۰
بائبل میں انگریز اور روس دونوں قوموں کا ذکر ۳۶۹، ۳۷۳
اس سوال کا جواب کہ بمطابق انجیل جلالی مسیح کے ظہور کی
کوئی علامت یہاں نہیں ملتی ۳۳۹ تا ۳۴۲

بمطابق انجیل مسیح پر معجزہ نہ دکھانے کا اعتراض ۳۳۴، ۳۳۵
پیشگوئیوں میں ایک قسم کی آزمائش ہوتی ہے ۲۳۹
لعزر مرنے کے بعد ابراہام کی گود میں بٹھایا گیا ۲۸۱
مسیح ستاروں کے گرنے کے بعد آئے گا ۴۶۴
عیسائیوں کی طرف سے مذہبی کتابوں کی تقسیم ۲۸ح

**انسان**

انسانی زندگی کا منشا اور مقصد ۴۱
خواص الناس خواص الملائک سے افضل ہیں ۷۴
انسان کی دو خوبیاں ۷۶
انسانی نفس کا مختلف مدارج کی وجہ سے مختلف نام ۸۷ح
سورۃ الشّمس میں انسان کامل کے بلند تر مرتبے کا بیان ۷۷
انسان کامل کے نفس کو آسمان اور زمین سے مشابہت ۷۹
نفس انسان سے متعلق مختلف آراء ۸۰
فرشتہ کی تاثیر انسان کے نفس پر دو قسم کی ہوتی ہے ۸۶

**انفاق فی سبیل اللہ**

تبلیغ کے لیے مالی معاونت کی تحریک ۵۱۶
عالی ہمت دوستوں کی خدمت میں گذارش ۶۲۳، ۶۲۴

**انگریز**

انگریز گورنمنٹ رومی حکومت سے بہتر ہے ۳۰۱
ان کا عملی طریق موجب انسداد جرائم ہے ۵۶۱ح
انگریزوں کی فتح کی دعا ۳۷۳
انگریز حکومت کا مقابلہ ہیرودیس کے عہد حکومت سے ۱۴ح
یاجوج ماجوج سے مراد انگریز اور روس ہیں ۳۶۹، ۳۷۳
انگریز کی حکومت بلحاظ امن اور عام رفاہیت کے
بمراتب افضل ہے ۱۵ح، ۱۳۰ح

گورنمنٹ کا زمانہ امن کے لحاظ سے حضرت نوح کے
زمانے سے مشابہ ہے ۱۳۱
اس سوال کا جواب کہ دجال کی علامتیں کامل طور پر انگریز
پادریوں کے فرقوں میں کہاں پائی جاتی ہیں ۴۷۰، ۴۷۱

**اہل کتاب** (نیز دیکھیں یہود، عیسائی)

دجال اہل کتاب میں سے ہی ہوگا ۲۸۹

**اہل قرآن**

احادیث کے انکار سے صحابہ کا وجود بھی ثابت نہیں ہوتا ۴۰۰، ۴۰۱
حدیثوں میں نزول مسیح کے بارے میں بعض نوتعلیم یافتہ
مسلمانوں کے انکار کا جواب ۴۶۰

**ب**

**بائبل سوسائٹی**

مذہبی دنیا میں مسیحی کتب کی کثرت سے تقسیم ۲۸ح

**بدھ مذہب** ۲۴۲

**بروز**

ایک دوسرے کے بروز اولیاء ۳۴۴
حضرت بایزید کا اپنے آپ کو دیگر انبیاء کا نام دینا ۲۳۰

**برہمو**

برہمو نے ملائک کی پرستش کی ہے ۷۲، ۷۳

**بلاغت**

بلاغت کا تمام مدار استعارات لطیفہ پر ہوتا ہے ۵۸

**بنی اسرائیل**

قرآن کریم میں بنی اسرائیل کے واقعات مجازی اور
استعارہ کے رنگ میں بیان ہوئے ہیں ۴۴۶ تا ۴۴۹

**بیعت**

بیعت کرنے والوں کو نصائح ۵۴۶تا۵۵۲

بیعت کے لیے مستعد صاحبوں سے گذارش ۵۵۸تا۵۶۳

دس شرائط بیعت ۵۶۳تا۵۶۶

## پ

**پادری** (نیز دیکھئے عیسائیت)

پادریوں کی کوشش سے عیسائیت کی ترقی ۳۶۴

پادریوں کا مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا طریق ۳۶۶تا۳۶۸

اس زمانہ کے دجال پادری ہیں ۳۶۲، ۳۶۳

دجال کی علامتوں کا پادریوں میں پایا جانا ۴۷۰، ۴۷۱

**پیشگوئیاں**

پیشگوئیوں میں استعارات ۳۰۹، ۳۱۰

اسلام میں پیشگوئیوں پر اجمالی ایمان کی تعلیم ہے ۳۰۹تا۳۱۱

اجماع کو پیشگوئیوں سے کچھ علاقہ نہیں ۲۹۷، ۳۰۸، ۳۲۶

پیشگوئیوں میں بعض امور کا اخفا ۲۴۲تا۲۴۴، ۱۳۳

پیشگوئیاں نبی کی صداقت پر بطور دلیل ہیں ۳۰۹

خدا تعالیٰ پیشگوئیوں میں ابتلاء کا پہلو رکھتا ہے ۲۴۲

پیشگوئیوں کا پورا ہونا اوقات مقررہ پر ہوتا ہے ۶۳۳

پیشگوئیوں میں ایک قسم کی آزمائش ہوتی ہے ۲۳۹

آنحضرتؐ کی بعض پیشگوئیوں کا ظاہری معنوں میں پورا نہ ہونا ۴۹۵، ۴۹۶

انبیاء اور محدّثوں سے کیے گئے وعدوں کی کبھی بلا واسطہ اور کبھی بالواسطہ تکمیل ہوتی ہے ۳۱۷

نزول مسیح کی پیشگوئیوں میں بھی اخفاء کا پہلو ہے ۲۴۲

حضرت ابوبکرؓ کا ابوجہل سے روم کے بارے میں قرآنی پیشگوئی کے حوالے سے شرط کا ذکر ۳۱۰، ۳۱۱

پیشگوئیوں کے سمجھنے میں انبیاء سے بھی اجتہادی غلطی ہو جاتی ہے ۱۰، ۳۰۷

فتویٰ کفر سے متعلق پیشگوئی ۱۴ح، ۱۵ح

آنحضرت ﷺ سے اجتہادی غلطی سرزد ہونا ۳۱

پیشگوئیاں حاملہ عورتوں سے مشابہت رکھتی ہیں ۳۰۸

پیشگوئی نزول مسیح کی جزئیات کا کامل انکشاف نہیں ۴۷۳

آنحضرت ﷺ کی بعض پیشگوئیاں آپ کے خلفاء کے ذریعہ پوری ہوئیں ۳۱۷، ۳۱۸

پیشگوئی میں بعض اوقات ظاہری الفاظ مراد نہیں ہوتے ۲۴۲تا۲۴۴

کفار مکہ نے یسعیاہ کی پیشگوئی کو ظاہری معنوں میں لے کر حضورؐ کا انکار کیا ۶۳۳

## ت ۔ ث

**تالیف**

تالیف وتصنیف کی اہمیت ۲۷، ۲۹

جدید فسادوں کے پیش نظر نئی تالیفات کی ضرورت ۳۲

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تالیفات حق کے طالبوں کو راہ راست کی طرف کھینچنے والی ہیں ۲۷

بجائے واعظ کے عمدہ تالیفیں مغربی ممالک میں بھجوانا ۵۱۸

**تبلیغ**

بیرونی ممالک میں تبلیغ کے لیے مالی معاونت کی تحریک ۵۱۶

انبیاء کا طریقہ تبلیغ گفتگو اور برمحل تقریروں کے ذریعہ ہے ۱۵

**تثلیث**

پاک تثلیث ۶۲

**تجدید دین**

تجدید دین کیا ہے ح۷

انجمنیں اور مدارس قائم کرنا تائید دین کے لیے کافی نہیں ۴۱

**تحریک**

انبیاء کے طریق پر امداد کی تحریک ۳۰

اسلام کے ذی مقدرت لوگوں سے خطاب ۳۳

لوگ دینی مہمات کی بجائے دنیوی فکر میں لگے ہیں ۵۱۶

ازالہ اوہام کی خریداری کی تحریک ۶۲۳

**تعبیر**

آنحضرت ﷺ کا خواب کی تعبیر فرمانا ۲۰۵

نفسانی تمنا میں شیطان کا دخل ۲۲۸

**تفسیر**

سورۃ الزلزال کی لطیف تفسیر ۱۶۹،۱۶۱

تفسیر آیت یضل به کثیرا ویهدی به کثیرا ۱۳۳

تفسیر آیت یایتها النفس المطمئنة ۲۳۳

رافعک الی وبل رفعه الله الیه ۲۳۴،۲۳۵،۲۶۵، ۲۶۶،۲۷۲،۲۷۵

انی اخلق لکم من الطین کی تفسیر ۲۵۴

وماقتلوه وماصلبوه کی تفسیر ۲۷۷،۲۹۰،۲۹۳

ماصلبوه کے حقیقی معنی اور بائبل سے تائید ۲۹۴

قَبْلَ مَوْتِهِ کی تفسیر ۲۹۸،۲۹۹

وانه لعلم للساعة فلا تمترن بها کی تفسیر ۳۲۱،۳۲۶

الیه یصعد الکلم الطیب کی تفسیر ۳۳۳

اِنَّااَنْزَلْنٰهُ فِی لَیْلَةِ الْقَدْرِ کے معنی ۲۵۹

انی ممیتک ۶۲۵ ح

ثلة من الاولین وثلة من الآخرین کی تفسیر ۴۲۰

واذ قتلتم نفساً فادارأتم فیها کی تفسیر ۵۰۳

ان الله یامر بالعدل والاحسان کی تفسیر ۵۵۰،۵۵۲

یاعیسیٰ انی متوفیک ورافعک کی مفصل تفسیر ۶۰۶ تا ۶۰۸، ۶۱۱، ۶۲۵

والذی یمیتنی ثم یحیین کی لطیف تفسیر ۴۲۵،۵۰۲

سورۃ دخان کی پہلی دس آیات کی تفسیر ۳۷۴

ملہم پر آیت قرآنی اصل معنوں سے پھیر کر القا ہونا ۲۶۱

کیا قرآن کریم کے ایسے معنی کرنا جو پہلوں سے منقول نہیں الحاد ہے ۲۵۴ تا ۲۶۴

کیا قرآنی اصطلاح کو لغت کی وجہ سے پھیرنا الحاد ہے ۳۴۹،۳۵۰

حضرت مسیح موعودؑ نے انگریزی تفسیر لکھ کر یورپ میں بھجوانے کی خواہش کا اظہار فرمایا ۵۱۸

**تقویٰ**

متقی کا لاھوتی مقام ۵۵۸ تا ۵۶۰

تقویٰ کے اعلیٰ درجے کا حصول ۵۴۹

پرہیزگاری کی باریک راہوں کی رعایت ۵۴۷

دوستوں کے لیے نصیحت کی باتیں ۵۴۶ تا ۵۵۲

**توریت**

توریت میں آنحضرت ﷺ کے متعلق پیشگوئی ۲۴۱

حضرت مسیح ابن مریم کا نام سیلا بھی رکھا گیا ۳۱۳

حضرت یعقوبؑ کی دعا کا ذکر ۳۱۴

''جو پھانسی دیا جائے وہ ملعون ہے'' ۲۹،۲۷۷

مصلوب خدا کی رحمت سے بے نصیب ہوتا ہے ۶۰۶

اگر یہ اعتراض ہو کہ ایلیا نبی کے دوبارہ آنے کا واقعہ ملاکی میں مذکور ہے مگر یہ کتابیں محرف ومبدل ہیں ۲۴۰

انجیل میں توریت کا صحیح خلاصہ اور اصلی مغز پیش کیا گیا ہے ۱۰۳

**توفی (نیز دیکھئے وفات مسیح)**

توفی لفظ کی نسبت ہزار روپے کا چیلنج ۶۰۲ تا ۶۰۵

آنحضرتؐ کے لیے لفظ توفی کا استعمال ۴، ۲۷، ۵۸۵، ۵۸۶

توفی کی بجائے امات کا لفظ کیوں استعمال نہیں کیا ۲۷۰، ۲۷۱

توفی کے معنی قرآن کی رو سے کیا ہو سکتے ہیں ۲۶۷ تا ۲۷۰

توفی کا لفظ لغت میں کئی معنوں میں ہے ۳۴۹، ۳۵۰، ۳۸۹

قرآن کریم میں لفظ توفی کی صرف دو طرح تشریح ۳۹۱، ۳۹۲

توفی کے معنی نیند نہیں ہو سکتے ۲۲۴

انی ممیتک ۵۸۷، ۲۲۴

انی ممیتک حتف انفک (کشاف) ۶۰۷

کیا متبادر اور مسلسل معنی سے ہٹنا الحاد ہے ۵۰۱

تفسیروں میں توفی کے مختلف معانی کا جواب ۵۰۱، ۵۰۲

توفی کا لفظ قبض روح کے معنوں میں محدود ہے ۴۲۴، ۴۲۵

قبض روح معانی کا عمیق تحقیقات سے ثبوت ۵۸۳ تا ۵۸۵

قرآن میں توفی کے معنی موت ہیں ۲۲۴ ح

النصوص یحمل علیٰ ظواھرھا ۳۹۰، ۳۹۱

کیا قرآنی اصطلاح کو لغت کی وجہ سے پھیرنا الحاد ہے ۳۴۹، ۳۵۰

اس سوال کا جواب کہ قبض روح کے معانی کے برخلاف مفسروں نے اور اقوال کیوں لکھے ۳۵۰، ۳۵۱

## ج ۔ چ

**جزیہ**

حدیث یضع الجزیۃ کی تشریح ۵۷

**جماعت احمدیہ**

اشاعت اسلام اور اصلاح کیلئے سلسلہ احمدیہ کی پانچ شاخوں کا ذکر ۱۲

پہلی شاخ تالیف وتصنیف ۱۲

دوسری شاخ اشتہارات ۱۳

تیسری شاخ واردین اور صادرین تلاش حق کیلئے سفر کر کے مرکز میں آنے والوں کا انتظام ۱۴

چوتھی شاخ مکتوبات ۲۳

پانچویں شاخ مریدوں اور بیعت کرنے والوں کا سلسلہ ۲۴

دس شرائط بیعت ۵۶۳ تا ۵۶۶

چند اصحاب کا ذکر ۴۰

دینی کاموں میں مدد کرنے والے اصحاب کا ذکر ۵۲۰ تا ۵۴۶

بیعت کرنے والوں کیلئے نصائح ۵۴۶ تا ۵۵۲، ۵۵۸ تا ۵۶۳

سلسلہ بیعت میں داخل ہونے والوں کی مختلف کیفیات ۴۰

"قریب تر بامن ونزدیک تر بسعادت" کون لوگ ہیں ۱۸۶

سلسلہ احمدیہ کی سچائی اس کے پھلوں سے شناخت کرو ۴۴

خلافت محمدیہ کی خلافت موسویہ سے مشابہت ۵۰۹

**جنت**

مومن کا مرنے کے بعد فوراً بہشت میں داخل ہونا ۲۸۰ تا ۲۸۷

بہشت میں داخل ہونے کے بعد کوئی نکالا نہیں جاتا ۵۴

جنت اور دوزخ کے تین درجے ۲۸۲ تا ۲۸۵

جنت اور دوزخ میں ترقیات ۲۸۵، ۲۸۶

حدیث "میری قبر کے نیچے روضہ بہشت ہے" کی حقیقت ۲۸۷

**جہاد**

۱۸۵۷ء میں مولویوں نے جہاد کی غلط تعلیم دی ۴۸۹ تا ۴۹۳

**چندہ**

ماہوار چندہ کی تحریک ۳۱

چندہ دہندگان کے اسماء کی فہرست ۵۴۵، ۵۴۶

## ح ۔ خ

**حدیث**

حدیثیں قرآن کی طرح قابل بھروسہ نہیں ۳۸۴، ۳۸۵

بعض نوتعلیم یافتہ لوگوں کے انکار حدیث کا جواب ۴۶۰
افادات البخاری ۵۸۳تا۵۹۵
دجال معہود کی بڑی بڑی علامتیں ۴۹۰تا۴۹۳
قرآن کریم سے مخالف حدیث ہرگز نہیں ماننی چاہیے ۴۵۴
مسیح موعود چودھویں صدی کے سر پہ ظاہر ہوگا ۴۶۹
بخاری میں معراج کی حدیثوں میں سخت تعارض ۶۱۲ تا ۶۱۹
دجال کا ظہور ۴۶۹
احادیث کے اشارات کہ مسیح کو اترنا چاہیے ۱۸۸
احادیث میں کسی چیز کا مجسم آسمان سے اتارا جانا الفاظ
ظاہر پر ہرگز محمول نہیں ہوسکتا ۲۴۷
کسی ایک صحیح حدیث میں حیات مسیح کا بیان نہیں ۳۸۸
ایک کا نام دوسرے کو دیے جانے کی مثالیں ۵۹۳،۵۹۴
دجال کے بارے میں مسلم کی بیان کردہ احادیث اور
بخاری میں اختلاف ہے ۲۰۹،۲۱۰
قرآن اور حدیث میں اختلاف کی صورت میں حدیث
کی تاویل کی جائے ۶۰۹،۶۱۰
دمشق والی حدیث بھی ایک خواب ہی ہے ۲۰۲
دمشق کے شرقی کنارہ میں مسیح کے نزول کی حدیث امام
بخاری نے درج نہیں کی ۲۲۲
دمشقی حدیث میں لفظ دمشق مراد رکھنا دعوئے بلا دلیل
والتزام مالایلتزم ہے ۱۳۳
مسلم کی دمشقی حدیث میں استعارات ہیں ۳۱۵،۳۱۶
احادیث کو چھوڑنے سے صحابہ کے وجود کا ثبوت دینا
بھی مشکل ہوجاتا ہے ۴۰۰،۴۰۱
قرآن اور حدیث کے مقابل پر عقل کو قبول نہ کرو ۵۵۲


**حقوق اللہ اور حقوق العباد**


قرآن شریف کے دو بڑے حکم ہیں اور ان حکموں کی
تین درجوں میں تقسیم ۵۵۰تا۵۵۲


**حواری**


حواریوں نے مسیح کے آسمان پر جانے کا ذکر نہیں کیا ۳۱۹
مسیح حواریوں کو کشفی طور پر نظر آتے رہے ۳۵۴،۳۵۵


**حیات مسیح**


حیات مسیح پر اجماع نہیں ہے ۵۰۷
حیات مسیح سے کیا خرابی لازم آتی ہے؟ ۵۵
کیا تمام اہل کتاب مسیح پر اس کی موت سے قبل ایمان
لے آویں گے ۲۸۸
بعض مفسرین کا بیان کہ مسیح موت کے بعد زندہ ہوگئے ۵۰۲
قصہ ایلیا حیات مسیح کا مؤید نہیں ۵۱۲،۵۱۳
کسی ایک صحیح حدیث میں حیات مسیح کا بیان نہیں ۳۸۸
قَبْلَ مَوْتِهٖ کی تفسیر ۲۹۸،۲۹۹
ایک عیسائی پادری کا حیات مسیح سے انکار ۵۵۳
کیا مسیح کا مرتبہ تمام انبیاء سے زیادہ ہے؟ ۲۲۷
صعود اور نزول کے خاص معنی ۴۲۰
مسیح کی حیات موسیٰ کی حیات سے درجہ میں کمتر ہے ۲۲۶ح
بائبل سے دو نبیوں کا جسم سمیت آسمان پر جانا متصور ہے ۵۲
مسیح ابن مریم اسرائیلی نبی کے نزول سے کیا کیا خرابیاں
ہونگی اور کیوں مثیل آئے گا ۴۱۴تا۴۱۶، ۴۱۷تا۴۱۹
میری قبر میں دفن ہونے سے مراد ۳۵۲،۳۵۱
حیات مسیح کا عقیدہ رکھنے والوں کی مایوسی ۳۴۸،۳۴۹
اگر مخالف سچے ہیں تو مسیح کے نزول کی دعا کریں ۳۴۷، ۳۴۸
حیات مسیح کے لیے قرآن میں تقدیم وتاخیر ماننی
پڑتی ہے ۶۰۶تا۶۰۹

کتاب ازالہ اوہام میں حضرت مسیح کی حیات وممات
کے متعلق تمام سوالات کے جوابات ہیں ۳۲۴
کیا انہ لعلم للساعۃ سے حیات مسیح ثابت ہے؟ ۳۲۱ تا ۳۲۶
''نور افشاں'' کے ایک اعتراض کا جواب ۳۵۳ تا ۳۵۶

**خلافت**

خلافت محمد یہ کی خلافت موسویہ سے مشابہت ۵۰۹
سلسلہ موسوی اور سلسلہ محمدی کی مماثلت ۴۶۰ تا ۴۶۴
خلیفۃ اللہ کی شناخت کی علامات ۱۲،۱۳ح
بعض پیشگوئیاں خلفاء کے ذریعہ پوری ہوتی ہیں ۳۱۷، ۳۱۸

**خلق طیر**

معجزہ کی حقیقت ۲۶۰ح
عمل الترب کے ذریعے پرندوں کا بنانا ۵۰۴ تا ۵۰۶
''تـخلق'' کے معنی ۲۰ح
اس عذر کا جواب کہ حضرت مسیح کے پیدا کردہ پرندوں
کی زندگی تھوڑی ہوتی تھی ۲۶۱ح، ۲۶۲ح
زندہ کرنا صفات خالقیت میں شرکت ہے ۲۵۱ح، ۲۵۲ح
اس اعتراض کا جواب کہ مسیح نے کون سے پرندے
بنائے ۲۵۱ تا ۲۶۳

**خواب**

خواب تعبیر طلب ہوتے ہیں۔اس کی مثالیں ۵۷۸ تا ۵۸۰
آنحضرت ﷺ کا خواب کی تعبیر فرمانا ۲۰۵
نفسانی تمنا میں شیطان کا دخل ۲۲۸
بعض بدکاروں کو بھی سچی خواب آتی ہے ۹۵
اولیاء کی خوابیں عام لوگوں کے برابر نہیں ۹۶
سچی خوابوں میں نیک اور بدبختوں میں مشارکت کی وجہ ۹۷

**د۔ذ**

**دابۃ الارض**

دابۃ الارض سے مراد ۳۶۹، ۳۷۰
دابۃ الارض نام استعمال کی رو سے عام ہے ۵۹۳، ۵۹۴
خروج کا لفظ اختیار کرنے کی وجہ ۳۷۰
حضرت علیؓ کا دابۃ الارض کے بارے میں بیان ۳۶۹ح
دابۃ الارض سے ایسے علماء مراد ہیں جو ذوجہتین
واقع ہوں ۵۹۴
ابتک اس کے زندہ رہنے کا عقیدہ غلط ہے ۳۷۱، ۳۷۲

**دجال**

دجال کی روایت ۲۲۱
دجال جھوٹوں کے گروہ کو کہتے ہیں ۳۶۲
دجال اسم جنس ہے ۴۸۹، ۴۹۰
لفظ خروج اور نزول کا مطلب ۳۶۰
خروج کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ ۳۷۰ تا ۳۷۴
ممالک مشرقیہ سے خروج دجال سے مراد ۴۱۹
اس زمانہ میں دجال کون ہے ۳۶۲، ۳۵۶، ۳۶۶
دجال معہود عیسائی واعظوں کا گروہ ہے ۴۸۹
''الدّجال'' کے بارے میں ہزار روپے کا چیلنج ۶۰۲ تا ۶۰۵
دجال کا گدھا ریل گاڑی ہے ۴۹۳، ۴۹۵
دجال کے فوت ہونے سے مراد ۴۷۰
قرآن کریم نے دخان کے ضمن میں دجال کا ذکر کیا ۴۹۴
حدیثوں میں دجال کی بڑی بڑی علامتیں ۴۹۰ تا ۴۹۳
مثیل مسیح کی طرح مثیل دجال ۳۵۵ تا ۳۶۲
ایک دجال آنحضرتؐ کے زمانہ میں موجود تھا ۳۵۷، ۳۵۸
دجال کے بارہ میں روایات میں اختلاف ہے ۲۰۹، ۲۱۰
الأيات سے مراد آیات کبریٰ ہیں ۴۶۸، ۴۶۹
دجال کی روایت میں تواتر نہیں ۲۲۱، ۲۲۲
الدّجال کا لفظ دجال معہود کے لیے آیا ہے ۵۷۴
دجال کے حوالے سے بحث کا خاتمہ ۲۲۲، ۲۲۳

ابن صیاد کے متعلق حضورؐ کا خیال تھا کہ دجال ہے ۴۷۲
صحابہؓ ابن صیاد کو ہی دجال قرار دیتے ہیں ۲۲۰،۲۲۲
حضرت عمر کا ابن صیاد کے دجال ہونے پر قسم کھانا ۲۱۸،۲۱۹
ابن صیاد کے دجال ہونے پر صحابہ کا قسمیں کھانا ۲۰۹ تا ۲۱۱
ابن صیاد کے دجال ہونے پر اجماع کے دعویٰ پر اعتراض کا جواب ۵۷۶،۵۷۷
دجال کے چالیس برس ٹھہرنے کی روایت ۲۰۷
صحیحین میں متضاد روایتوں کا بیان ۲۱۲،۲۱۳
دجال کے نکلنے کی راہ ۲۰۶
دجال کے خانہ کعبہ کا طواف کرنے کا مطلب ۲۰۲،۲۰۳
لمبے دنوں سے کیا مراد ہے؟ ۲۰۷ح، ۴۷۱
کسی جزیرے کے گرجا میں دجال ۳۵۷
دجال مشرق سے نکلے گا ۵۵۶ تا ۵۵۸
دجال اپنی الوہیت کی طرف دعوت دے گا ۲۰۸
مسیح دجال کی تعیین و تشخیص میں اختلاف ۳۵۶،۳۵۷
مغرب سے طلوع شمس سے مراد ۳۷۶،۳۷۷
کیا دجال کے ظاہری معنوں پر اجماع سلف ہے ۲۱۸
پادریوں کا مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا طریق ۳۶۶ تا ۳۶۸
دمشقی حدیث کے ظاہری معنی مراد نہیں ۲۱۴ تا ۲۱۶
یاجوج ماجوج سے مراد انگریز اور روس ہیں ۳۶۹،۳۷۳
اس سوال کا جواب کہ دجال کی علامتیں کامل طور پر انگریز پادریوں کے فرقوں میں کہاں پائی جاتی ہیں ۴۷۰،۴۷۱
دجال کی روایت میں تواتر کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا ۲۲۱
آنحضرتؐ نے دجال کو خواب یا کشف میں دیکھا تھا ۱۹۹،۲۰۰
دجال کے متعلق بحث کی دو ٹانگیں ۲۲۲،۲۲۳
آنحضرت ﷺ کا فرمان کہ اگر میری زندگی میں دجال نکل آوے تو میں اس سے جھگڑوں گا ۱۹۹
دجال کے بارے میں بیان شدہ باتیں کشفی ہیں ۲۱۴ تا ۲۱۷
صدر اوّل کے لوگوں میں دجال معہود کے بارہ میں اتفاق نہیں تھا کہ وہ آخری زمانہ میں آئے گا ۲۲۰
ابتک اس کے زندہ رہنے کا عقیدہ غلط ہے ۳۷۱،۳۷۲
دجال کی روایت کے بارے میں تواتر کا دعویٰ غلط ہے ۲۲۱
دجال اہل کتاب میں سے ہی ہوگا۔ ۲۸۹
دجال کے مثیل کا خروج ہوگا ۵۵۶،۵۵۷
ہر نبی کے زمانہ میں مسیح دجال کی خبر موجود ہے ۳۶۳،۳۶۴
مسیح دجال کی نسبت پیشگوئیاں مکاشفات نبویہ ہیں ۲۰۵
دجال کے یک چشم ہونے سے مراد ۳۶۹
لکل دجال عیسیٰ ۱۹۷
دجال کے فتنہ سے نجات کے لیے سورہ کہف پڑھنا ۲۰۶
دجال معہود کے قتل سے مسیح کے آسمان سے اترنے کے عقیدے کو جوڑا نہیں جا سکتا ۲۲۰ تا ۲۲۲
کیا ابن صیاد گم ہو گیا اور قیامت کے قریب پھر ظاہر ہوگا ۳۴۳،۳۴۴
اس اعتراض کا جواب کہ دجال کا گدھا ریل گاڑی ہے تو اس پر نیک اور بد دونوں سوار ہوتے ہیں ۵۵۵،۵۵۶
ضرور تھا کہ مسیح دجال گرجا میں سے ہی نکلے ۳۵۶ تا ۳۸۱


## دخان


دخان سے مراد ۳۷۵،۳۷۶
خروج کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ ۳۷۰ تا ۳۷۴
مغرب سے طلوع شمس سے مراد ۳۷۶،۳۷۷
قرآن کریم نے دخان کے ضمن میں دجال کا ذکر کیا ۴۹۴

## دشنام دہی


دشنام دہی اور بیان واقعہ میں فرق ۱۰۹
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا اپنی تالیفات میں مخالفین کی
نسبت سخت الفاظ استعمال کرنے کی وجہ ۱۰۸
انبیاء کے سخت الفاظ استعمال کرنے کی حقیقت ۱۱۸
قرآن کریم میں سخت زبانی کے طریق کا استعمال ۱۱۵ح
آنحضرت ﷺ پر دشنام دہی کا الزام ۱۱۰ تا ۱۱۲


## دعا


نماز میں بہت دعا کرو ۵۴۹


# ر۔ز

## رجل فارس


رجل فارسی سے مراد مسیح موعود ہے ۱۰
حدیث میں حارث کا دوسرا نام فارسی الاصل ہے ۱۵۴ح


## رفع


کفار کا آنحضرت ﷺ سے آسمان پر جانے کا معجزہ مانگنا ۵۵
حضرت مسیح موعودؑ کے لیے رفع کے لفظ کا استعمال ۳۰۱،۳۰۲
رافعک کا لفظ مسیح کے علاوہ کسی اور کے حق میں کیوں
نہیں آیا ۲۹۹،۳۰۰
عیسیٰ کی موت قبل از رفع کے بارے میں اختلاف ۴۱۳،۴۱۴
آنحضرت ﷺ کا رفع تمام نبیوں سے بلند تر ۲۷۵،۲۷۶
بلعم کے قصہ میں رفع کے لفظ کی وضاحت ۳۰۰
رب لم اظن ان یرفع علی احد (موسیٰ) ۲۷۶


## روح القدس


روح القدس کی حقیقت اور روحانی پیدائش ۶۲
روح الامین کیا چیز ہے ۶۳
جبرئیل کے نزول کی کیفیت ۹۱،۹۲
روح کا نام کلمہ ۳۳۳،۳۳۴


## زندگی


انسانی زندگی کا انتہائی مقصود ۴۱
اسلام کی زندگی اس کی راہ میں مرنا ہے ۱۰،۱۱


# س۔ش

## سکینت


سکینت اور اطمینان کیا چیز ہے؟ ۶۳


## سنت اللہ


وہ نیچریت جو قرآن کے موافق ہو ۵۲۳


## سوالات نیز دیکھئے اعتراضات


مفسرین مسیح ابن مریم کی موت کے بعد ان کے زندہ
ہونے کے قائل ہیں ۵۰۲
توفی کے معنی تفسیروں میں کئی طور سے بیان کئے گئے ہیں ۵۰۱،۵۰۲
احادیث کے صریح لفظوں کی موجودگی میں کیونکر
نزول مسیح سے انکار کیا جائے ۱۳۲
مسیح کس عمدہ اور اہم کام کیلئے آنے والا ہے؟ ۱۳۱
کسی نبی کا اپنے تئیں مثیل ٹھہرانا عندالشرع جائز ہے
یا نہیں ۲۲۹،۲۳۰
مسیح ابن مریم کے مقابل پر آپ نے اپنی صداقت کا
کیا ثبوت دیا؟ ۳۳۴ تا ۳۳۹
مسیح ابن مریم کے دوبارہ آنے کا ردّ قرآن میں کہاں؟ ۳۱۸،۳۱۹
لیلۃ القدر کے اور معنی کر کے نیچریت کا دروازہ
کھول دیا گیا ہے ۳۱۹،۳۲۰
آپؑ نے ملائک اور جبرئیل علیہ السلام کے وجود سے
انکار کیا ہے ۳۲۰
حدیثوں میں نازل ہونے والے مسیح کے بارے میں
بعض نوتعلیم یافتہ مسلمانوں کے انکار کا جواب ۴۶۰

اس سوال کا جواب کہ رسالہ فتح اسلام میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے ۳۲۰، ۳۲۱

آیت **انه لعلم للساعة** سے حضرت عیسیٰ کا نازل ہونا ثابت ہے ۳۲۱ تا ۳۲۶

قرآن شریف سے مسیح کی موت کا کوئی وقت خاص ثابت نہیں ہوتا ۳۳۰ تا ۳۳۴

عیسیٰ کے جنت میں داخل ہونے اور نہ نکلنے کی دلیل پر ہونے والے ایک اعتراض کا جواب ۲۸۰ تا ۲۸۸

بعض لوگ الہام کا دعویٰ کرتے ہیں مگر ان کی معرفت میں کچھ ترقی نظر نہیں آتی ۳۲۹، ۳۳۰

اس بات پر اجماع ہے کہ نزول مسیح کے حوالے سے نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے۔ ۳۱۲، ۳۱۳

احادیث میں کسی جگہ یہ نہیں لکھا کہ مثیل مسیح ابن مریم آئے گا ۳۱۳ تا ۳۱۵

اگر عیسیٰ ابن مریم آنے والا نہیں تھا تو یہ کہنا چاہیے تھا کہ مثیل آنے والا ہے ۵۱۲

قرآن شریف سے مسیح ابن مریم کا فوت ہونا کہاں ثابت ہوتا ہے؟ ۲۶۴ تا ۲۷۷

موعود مثیل حضرت مسیح موعودؑ ہی ہیں یا اور بھی ہونگے ۳۱۵

تیرہ سو برس سے مشہور بات کہ مسیح زندہ آسمان پر ہیں آج کیونکر غلط ثابت ہوئی؟ ۳۴۵

مثیل موسیٰ تو موسیٰ سے افضل ہیں تو پھر مثیل مسیح کیوں ایک امتی آیا؟ ۴۴۹، ۴۵۰

اس سوال کا جواب کہ تمام اہل کتاب مسیح پر اس کی موت سے قبل ایمان لے آویں گے اس لیے مسیح زندہ ہیں ۲۸۸

**رافعک** کا لفظ مسیح کے علاوہ کسی اور کے حق میں کیوں نہیں آیا؟ ۲۹۹، ۳۰۰

یہ کہاں اور کس کتاب میں لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم سے مراد مثیل ہے؟ ۲۷۷ تا ۲۷۹

مان لیا کہ مسیح فوت ہو گیا ہے مگر اس کا کیا ثبوت ہے کہ مثیل مسیح آپ ہیں؟ ۳۹۸

کیا مسیح ابن مریم کو نبوت تامہ سے معزول کر کے بھیجا جائے گا؟ ۳۸۷، ۳۸۸

کیا خدا تعالیٰ قادر نہیں کہ مسیح ابن مریم کو زندہ کر کے دوبارہ بھجوا دے؟ ۳۸۶، ۳۸۷

ہر طرف فریب اور مکر کا بازار گرم ہے کس کو صادق سمجھیں ۴۱

موعود مثیل حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہیں یا اور بھی ہونگے ۳۱۵

کسی سلف یا خلف نے یہ تاویل نہیں کی کہ مسیح کے لفظ سے مثیل مراد ہے ۳۰۶ تا ۳۱۳

کیا معجزہ کے طور پر مردے زندہ ہوتے ہیں؟ ۴۴۵، ۴۴۶

مثیل کیلئے مسیح ابن مریم کے لفظ کو کیوں اختیار کیا گیا ۳۸۰، ۳۸۱

اسحدیث کا معنی کہ مغرب کی طرف سے آفتاب طلوع ہونے سے توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا ۳۷۷، ۳۷۸

نزول کے حوالے سے پائے جانے والے واضح الفاظ سے کیونکر انکار کیا جائے؟ ۱۳۲

اگر توفی کے معنی قبض روح ہیں تو اس کے برخلاف مفسروں نے اور اقوال کیوں لکھے ۳۵۰، ۳۵۱

اس سوال کا جواب کہ ابن صیاد گم ہو گیا اور قیامت کے قریب پھر ظاہر ہو گا ۳۴۳، ۳۴۴

یہ کسی جگہ نہیں لکھا کہ مثیل مسیح ابن مریم آوے گا بلکہ یہ لکھا ہے کہ مسیح ابن مریم آویگا ۳۱۳ تا ۳۱۵

لکھا ہے مسیح جلال کے ساتھ دنیا میں آئے گا لیکن اس جگہ جلالی ظہور نہیں ہوا ۳۳۹ تا ۳۴۲

دجال کی علامتیں کامل طور پر انگریز پادریوں میں کہاں پائی جاتی ہیں؟ ۴۷۰، ۴۷۱

اس وقت مثیل مسیح کے آنے کی کیا ضرورت تھی؟ ۳۴۲

**سورج**

سورج کی مختلف تاثیرات ۸۷ ح

**سورۃ** (قرآن کریم)

**سورة الفاتحه**

اس سورۃ میں انبیاء کے مثیل بننے کی دعا ہے ۲۲۹

**سورة الكهف**

فتنہ دجال سے بچنے کے لیے آیات ۲۰۶

سورۃ الکہف میں اصحاب کہف کی استقامت کا ذکر ۲۰۶

**سورة الشمس**

سورۃ شمس میں نہایت لطیف اشارات ۷۷

**سورة الزلزال**

مسیح موعود کے دور میں علوم ارضیہ کی ترقی ۴۶۹

**سورة العصر**

آدم کے سن پیدائش کی تاریخ موجود ہے ۱۹۰، ۲۵۹

**سہروردی** (تصوف کا ایک سلسلہ) ۱۲۳

عمل سلب امراض کی طرف توجہ دیتے ہیں ۲۵۷ ح

**شہادت** (قسم)

اللہ تعالیٰ کا مخلوق چیزوں کی قسم کھانے کی وجہ ۸۰، ۸۱

**شیطان**

نفسانی تمنا میں شیطان کا دخل ۲۲۸

اس دنیا کی مجرد منطق ایک شیطان ہے ۵۴۹

**شیعہ**

بے اصل بدعات شیعہ مذہب میں پھیلائی گئی ہیں ۵۲۷

شیعوں کا قول ہے کہ درحقیقت مہدی کا نام ہی عیسیٰ ہے ۴۱۴

امام محمد مہدی کے غار میں چھپے بیٹھنے کا ردّ ۳۴۳، ۳۴۴

## ص۔ض

**صحابہؓ**

صحابہ کی تعریف اور موسیٰ کی جماعت سے مقابلہ ۲۰

صحابہ کے اقوال کا آپس میں اختلاف ۴۲۲

معراج کے واقعہ میں صحابہ کا اجماع نہ تھا ۲۴۸

صحابہؓ ابن صیاد کو ہی دجال قرار دیتے تھے ۲۲۰

**صحبت صالحین**

انبیاء کے نیک نمونہ کی اقتدا اصلاح نفس کرتی ہے ۱۸

حضرت مسیح موعودؑ کی تقاریر اصلاح کا موجب ہیں ۱۷

اپنی صحبت میں رہنے کی نصیحت ۲۲

حضرت مسیح موعودؑ کی صحبت میں رہنے کا فائدہ ۴۱

**صلیب**

صلیب توڑنے کے لیے حضرت مسیح موعودؑ بھیجے گئے ۲۳

واقعہ صلیب ۳۰۳

اناجیل سے مسیح کے زندہ اتارے جانے کا ثبوت ۲۹۴ تا ۲۹۸

## ع۔غ

**عدم رجوع موتٰی** (مُردوں کا زندہ ہو کر دنیا میں آنا)

عدم رجوع موتی کا دس آیات اور ایک حدیث سے ثبوت ۶۱۹ تا ۶۲۲

مُردوں کو زندہ کرنا خدا تعالیٰ کی عادت نہیں ۵۲۲

قرآن کریم میں احیاء موتیٰ کی حقیقت ۶۲۱، ۶۲۲

عیسیٰ مرنے کے بعد جنت میں داخل ہو گئے ۲۸۰ تا ۲۸۸

عزیر نبی کے دوبارہ دنیا میں آنے کی حقیقت ۲۸۷، ۲۸۸

کیا مسیح دوبارہ زندہ کر کے بھجواتے تھے ۶۱۹ ح تا ۶۲۵ ح

وفات مسیح کے بعض قائلین ان کے دوبارہ زندہ ہو کر آنے کے قائل ہیں ان کا رد ۵۰۳، ۵۰۴

مرنے کے بعد دوبارہ اسی جسم خاکی میں روح کا داخل
ہونا سراسر غلط گمان ہے ۲۲۵

**عقل**

اسلام عقل کو معطل اور بے کار ٹھہرانا نہیں چاہتا ۲۵۱
ہر صداقت کا محک عقل کو نہیں ٹھہرایا جاسکتا ۴۵۲، ۴۵۳
قرآن اور حدیث کے مقابل پر عقل کو قبول نہ کرو۔ ۵۵۲
اس دنیا کی مجرد منطق ایک شیطان ہے ۵۴۹

**علم الاعداد**

علم الاعداد کے ذریعے بعض اسرار کا ظہور ۱۹۰
لفظ ''غلام احمد قادیانی'' میں مسیح موعود علیہ السلام کے آنے
کا زمانہ ۱۳۰۰ موجود ہے ۱۹۰
آدم کا سن پیدائش سورۃ العصر کے اعداد میں موجود ہے ۱۹۰
آیت و انا علیٰ ذھاب به لقادرون کے
اعداد ۱۸۵۷ء ۴۵۵

**علماء**

علماء زمانہ کی حالت فقیہوں، فریسیوں سے کم نہیں ۹ ح
علماء اسلام کا مخالفت کرنا ۱۷۱
علماء کے لیے غور کا مقام ۱۵۷ ح
علمائے روحانی ربانی ۲۳۰
علماء ہند کی خدمت میں نیاز نامہ ۱۹۲

**عمل الترب**

عمل الترب کیا ہے ۵۰۴ تا ۵۰۶
مسمریزم کا الہامی نام عمل الترب ہے ۲۵۹ ح
اس عمل میں پوری مشق کرنے والوں کی مہارت ۲۵۶
پرندوں کا زندہ کرنا ۲۵۵ ح تا ۲۶۳ ح
سلب امراض عمل الترب کی ایک شاخ ہے ۲۵۷ ح
اس عمل کے روحانی نقصانات ۲۵۸

**عیسائیت** ۲۴۲

عیسائیوں کے اس عقیدہ کا رد کہ حضرت مسیح اٹھائے جانے
کے بعد بہشت میں داخل ہو گئے ہیں ۵۴
عیسائی مسیح کی دنیوی زندگی کے قائل نہیں ۵۰۲، ۵۰۳
وفات مسیح سے عیسائیت کو شکست ہوگی ۴۰۲، ۴۰۳
کسر صلیب سے مراد کیا ہے؟ ۱۴۲ ح، ۵۷
نصاریٰ کا بالاتفاق حضرت عیسیٰ کی موت پر اجماع ۲۲۵
حواریوں نے مسیح کے آسمان پر جانے کا ذکر نہیں کیا ۳۱۹
مسیح حواریوں کو کشفی طور پر نظر آتے رہے ۳۵۴، ۳۵۵
مسیح کی صلیبی موت کے بارے میں شک ۲۹۱ تا ۲۹۳
ایک عیسائی پادری کا حیات مسیح سے انکار ۵۵۳
پادریوں کا مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا طریق ۳۶۶ تا ۳۶۸
عیسائی قرآنی بیان کے سامنے دم نہیں مار سکتے ۲۹۳
کفارہ کو انجیل کے بیانات نے برباد کر دیا ہے ۲۹۴ تا ۲۹۷
سات کروڑ سے کچھ زیادہ مذہبی کتابیں تقسیم کیں ۲۸ ح
یہود و نصاریٰ سے مشابہت ۴۰۷ تا ۴۰۹، ۵۰۸، ۵۰۹
ضرور تھا کہ مسیح دجال گرجا میں سے ہی نکلے ۳۵۶ تا ۳۸۱
دجال معہود عیسائی واعظوں کا گروہ ہے ۴۸۹
عیسائیت میں اسلام اور ہادی اسلام کی مخالفت ۵
عیسائیوں کو اسلام اختیار کرنے کی ہدایت ۶۲۶
عیسائیوں کا خدا فوت ہو گیا ہے ۳۶۱، ۳۶۲
حضرت مسیحؑ نے خدائی کا دعویٰ ہرگز نہیں کیا ۳۶۳


## ف۔ق۔ک


**فرشتے**

فرشتوں کا اترنا کیا معنی رکھتا ہے ۱۲ ح
خلیفۃ اللہ کے نزول کے ساتھ فرشتوں کا نزول ۱۳ ح

مسلمانوں کے ملائک کے عقیدہ سے ہمارا عقیدہ مختلف نہیں ۶۶
فرشتے مستعد طبائع کو کمال مطلوب تک پہنچاتے ہیں ۶۷،۳،۷
پرانی کتب میں ملائکہ کا ذکر ۶۸
فرشتوں کے کام ۶۸،۷۰
فرشتوں کا تعلق روشن ستاروں سے ۷۰
فرشتوں کے واسطہ ہونے پر آریوں کے اعتراض کا جواب ۷۲
فرشتوں کے خواص کا خواص بشر سے مقابلہ ۷۴
فرشتوں کے مختلف درجات ۸۵
فرشتوں کی روحانی تاثیرات ۸۶

**فلسفہ**

اس دنیا کی مجرد منطق ایک شیطان اور اس دنیا کا
خالی فلسفہ ایک ابلیس ہے ۵۴۹
فلسفہ کو آسمانی فلسفہ کے ذریعہ راہ پر لایا جائے گا ۳۷۶

**قادری** ۱۲۳

(تصوف کا ایک سلسلہ جو حضرت سید عبدالقادر جیلانی سے ملا ہے)

**قبر**

انبیاء کا ایک قسم کا تعلق قبر کے ساتھ ہوتا ہے ۲۲۶ح
قبر میں اعمال کا متشکل ہو کر نظر آنا ۲۰۶
اس خیال کا رد کہ انبیاء زندہ ہو کر قبر میں رہتے ہیں ۲۲۶ح

**قتل خنزیر**

مسیح موعودؑ کے قتل خنزیر سے مراد ۱۱ح،۵۷،۱۴۲،۱۴۶

**قرآن کریم**

روحانی بھلائی اور علمی ترقی کے لئے کامل رہنما ۳۸۱،۳۸۲
قرآنی تعلیم سے تقویٰ کے اعلیٰ درجے کا حصول ۵۴۹
قرآن کریم جامع حقائق غیر متناہیہ ہے ۴۶۶،۴۶۷
قرآنی بیان کے سامنے کوئی بھی دم نہیں مار سکتا ۲۹۳
مُردوں کے جی اٹھنے کے لیے نشان ۳۲۲ تا ۳۲۶

مسیح موعود کے زمانہ میں قرآن کے مخفی بطون کا ظہور ۴۶۵
قرآن کریم میں احیاءِ موتیٰ کے بیان کردہ مضمون
کی حقیقت ۶۲۱،۶۲۲
ترتیب طبعی کا التزام تمام قرآن کریم میں پایا جانا ۶۰۷
اس اعتراض کا جواب کہ قرآن کریم میں تعارض پایا
جاتا ہے ۶۱۹ تا ۶۲۲
۱۸۵۷ء میں قرآن آسمان پر اٹھایا گیا ۴۸۹ح تا ۴۹۳ح
کیا گزشتہ نبیوں کے آنے کا دروازہ بند ہے؟ ۳۸۹،۳۹۰
مثیل مسیح کے آنے کی خبر ۵۰۸ تا ۵۱۰،۴۶۰ تا ۴۶۴
ایک ملہم کے دل پر آیت قرآنی اصل معنوں سے پھیر کر
القا ہوتی ہے ۲۶۱
قرآن کریم میں پانسو کے قریب حکم ہیں ۵۴۸
حدیث قرآن کے قائم مقام نہیں ہو سکتی ۳۸۴
انجیل کے مقابل پر قرآن کریم کی اعلیٰ تعلیم ۵۴۹،۵۵۰
اس اعتراض کا جواب کہ قرآن کریم کے ایسے معنی کرنا
جو پہلوں سے منقول نہیں الحاد ہے ۲۵۴ تا ۲۶۴
قرآن کریم بنی اسرائیل کے واقعات مجازی اور استعارہ
کے رنگ میں بیان کرتا ہے ۴۴۶ تا ۴۴۹
قرآن کے عجائبات بذریعہ الہام حضرت مسیح موعود
علیہ السلام پر کھلنا ۲۵۸،۲۵۹
قرآن شریف کا کھلا کھلا اعجاز ۲۵۵ تا ۲۶۱
حضرت محمد ﷺ کو قرآن کریم کا معجزہ دیا گیا ۲۵۵
قرآن اور حدیث کے مقابل پر عقل کو قبول نہ کرو ۵۵۲
قرآن کی مخالفت کی وجہ سے ہندوؤں میں نیوگ اور تناسخ
کا عقیدہ رائج ہوا ۳۸۳،۳۸۴
قرآن شریف کے دو بڑے حکم ۵۵۰ تا ۵۵۲

متشابہات کے ظاہری معانی پر زور نہیں دینا چاہیے ۲۵۱
قرآن کا مغز اور بطن دلوں پر سے اٹھایا گیا ۴۷۳
قرآن میں کسی چیز کا مجسم آسمان سے اتارا جانا الفاظ ظاہر
پر ہرگز محمول نہیں ہوسکتا ۲۴۷
قرآن نے کفارہ کے عقیدے کا رد کیا ۳۸۲، ۳۸۳
تجدید دین کیا ہے ۷ح
حسب ضرورت سخت زبان کا استعمال ۱۱۵ح
بتوں کی ذلت کے لیے سخت الفاظ کا استعمال ۱۰۹
وہ نیچریت جو قرآن کے موافق ہو سنت اللہ ہے ۵۲۳
قرآن یورپ کے نام نہاد اخلاق سے اتفاق نہیں کرتا ۱۱۶
کیا قرآن کے صرف ظاہری معنی لینے چاہیں ۳۱۲، ۳۱۳
روم کی نسبت قرآنی پیشگوئی کے متعلق حضرت ابوبکرؓ کا
شرط لگانا ۳۱۰، ۳۱۱
قرآن کے نئے دقائق و معارف بیان کرنے سے اجماع
کی کسرشان نہیں ہے ۴۶۶
لیلۃ القدر کے معنی ۳۱۹، ۳۲۰
توفی کا لفظ لغت میں کئی معنوں میں ہے ۳۴۹، ۳۵۰، ۳۸۹
توفی کے معنی قرآن کی رو سے کیا ہو سکتے ہیں ۲۶۷ تا ۲۷۰
قرآن کریم میں لفظ توفی کی صرف دو طرح تشریح ۳۹۱، ۳۹۲
توفی کے معنی نیند نہیں ہو سکتے ۲۲۴
انی ممیتک ۵۸۷، ۲۲۴
انی ممیتک حتف انفک (کشاف) ۶۰۷
تفسیروں میں توفی کے مختلف معانی کا جواب ۵۰۱، ۵۰۲
توفی کا لفظ قبض روح کے معنوں میں محدود ۴۲۴، ۴۲۵
قبض روح کے معانی کا عمیق تحقیقات سے ثبوت ۵۸۳ تا ۵۸۵
قرآن میں توفی کے معنی موت ہیں ۲۲۴ح
کیا قرآنی اصطلاح کو لغت کی وجہ سے پھیرنا الحاد ہے ۳۴۹، ۳۵۰
کیا متبادر اور مسلسل معنی سے ہٹنا الحاد ہے ۵۰۱
اس سوال کا جواب کہ قبض روح معانی کے برخلاف
مفسروں نے اور اقوال کیوں لکھے ۳۵۰، ۳۵۱


## قربانی


انبیاء کے زمانوں میں لوگوں کی قربانیوں کا ذکر ۳۱


## قسم


اللہ تعالیٰ کا اپنی مخلوق کی قسم کھانا ۸۰، ۸۱


## قوت قدسیہ


راستباز بندے قوت قدسیہ سے خارق عادت اثر ظاہر
کرتے ہیں اور ان کی بیس علامات کا ذکر ۳۳۵ تا ۳۳۹


## قیامت


قیامت جسمانی طور پر نہیں ہوگی ۲۷۹
قرآن کریم میں مردوں کے جی اٹھنے کا نشان ۳۲۲ تا ۳۲۶


## کسر صلیب


کسر صلیب سے مراد کیا ہے؟ ۱۴۲ح، ۵۷


## کشف


عالم کشف کو عالم جسمانی نہیں سمجھنا چاہیے ۳۵۴، ۳۵۶
خدا تعالیٰ کے بتانے پر کشفی امور کو ظاہر پر حمل کرنا ۲۰۳، ۲۰۴
آنحضرت ﷺ کا خواب کی تعبیر کرنا ۲۰۵
قبر میں اعمال کا متشکل ہونا عام عقیدہ مسلمانوں کا ہے ۲۰۶
آپؑ کو کشفاً قرآن میں قادیان کا نام دکھایا گیا ۱۴۱ح
پانچ ہزار فوج دیے جانے والا کشف ۱۴۹ح
کشف اور الہام کا حجت ہونا ۱۷۸، ۱۸۶
بذریعہ کشف گزشتہ لوگوں سے ملاقات ہونا ۳۵۴
بذریعہ کشف بعض چیزوں سے روکا جاتا ہے ۱۷، ۱۸ح
حضرت مسیح موعودؑ کا اپنے بھائی غلام قادر کو کشف میں دیکھنا ۱۴۰ح


## کفارہ


عیسائیوں کے پیش کردہ کفارہ کی تعلیم کو انجیل نے ہی
برباد کر دیا ہے ۲۹۴ تا ۲۹۷

قرآن نے کفارہ کے عقیدے کا رد کیا ۳۸۲، ۳۸۳

## ل ۔ م

### لیلۃ القدر

برکت والی رات سے مراد ۳۷۴، ۳۷۵
لیلۃ القدر ظلمانی زمانہ کا نام ۳۲
ہر نبی کے نزول کے وقت لیلۃ القدر ہوتی ہے ۱۵۷
لیلۃ القدر کی تاثیریں ۱۵۸
نئے معنی کرنا نیچریت کا دروازہ کھولنا نہیں ۳۱۹، ۳۲۰

### مباحثہ

مباحثہ لودھیانہ کے واقعات کے برخلاف اشتہار کی
اشاعت اور اس کا جواب ۵۶۷ تا ۵۸۳

### مباہلہ

ایک مخالف کا مباہلہ کی درخواست کرنا اور حضرت مسیح
موعود علیہ السلام طرف سے جواب ۴۴۳ تا ۴۴۵
جزئی اختلاف کی وجہ سے مباہلہ نہیں ہوسکتا ۴۵۶
اجتہادی خطا پر مسلمان باہم مباہلہ نہیں کر سکتے ۴۲۱، ۴۲۲
صرف اختلاف کی بناء پر مباہلہ جائز نہیں ۳۴۷
مولوی محمد اسمٰعیل کے مقابلہ میں آیت مباہلہ کا ذکر ۲۳ ح

### مبایعین

ان کی تعریف بیان کی ۳۵
ان کی مختلف حالتیں ۴۰
بعض مبایعین اور معاونین کا ذکر خیر ۵۱۴ تا ۵۴۵

### مثیل مسیح

لفظ نزول اور خروج کا مطلب ۳۶۰
صعود اور نزول کے خاص معنی ۴۲
قرآن سے مثیل مسیح کا امت محمدیہ میں آنے کا
ثبوت ۴۵۰، ۵۰۸ تا ۵۱۰
براہین احمدیہ کے زمانے سے مثیل مسیح کا اعلان ۱۹۲
مثیل ہونے کی وضاحت ۳۹۸، ۳۹۹
حدیث میں نہیں کہ وہی اسرائیلی نبی آئے گا ۳۹۲، ۳۹۳
قرآن واقعات کو مجازی طور پر بیان کرتا ہے ۴۴۶ تا ۴۴۹
مثیل مسیح کو مجازاً مسیح ابن مریم کہا ۶۲۹ تا ۶۳۲
احادیث میں ابن مریم کا نام بطور محاورہ ۵۹۳
بعض صفات کی وجہ کسی اور کا نام رکھنے کی مثالیں ۵۹۳، ۵۹۴
مثیل مسیح کیوں ایک امتی ہے؟ ۴۴۹، ۴۵۰
چھ قرائن سے مسیح اسرائیلی کے آنے کی تردید ۵۱۰ تا ۵۱۲
حدیث میں مثیل مراد ہے ۵۰۸
بخاری کا قطعی فیصلہ کہ مثیل مسیح آئے گا ۵۹۰ تا ۵۹۲
مثیل الانبیاء بننے کی راہ کھلی ہوئی ہے ۲۳۰
مثیل مسیح کی طرح مثیل دجال بھی آئے گا ۳۵۵ تا ۳۶۲
دجال کے مثیل کا خروج ہوگا ۵۵۶، ۵۵۷
قرآن مثیلوں کے آنے کا دروازہ کھولتا ہے ۳۸۹، ۳۹۰
احادیث میں کیوں مثیل مسیح کے الفاظ نہیں ۳۱۳ تا ۳۱۵
اسرائیلی نبی کے نزول سے کیا کیا خرابیاں ہونگی اور
کیوں مثیل مسیح آئے گا ۴۱۴ تا ۴۱۶، ۴۱۷ تا ۴۱۹
حضرت مسیح ابن مریم کا نام سیلا بھی رکھا گیا ۳۱۳
ایک کیا دس ہزار سے بھی زیادہ مسیح آسکتا ہے ۲۵۱
حضرت بایزید کا اپنے آپ کو دیگر انبیاء کا نام دینا ۲۳۰
کسی نبی کا اپنے تئیں مثیل ٹھہرانا جائز ہے یا نہیں ۲۲۹، ۲۳۰
آخری زمانہ میں مسلمان یہود کے مشابہ ۳۹۴، ۳۹۵
انسان انبیاء کا مثیل بن سکتا ہے۔ مختلف حوالے ۲۳۱، ۲۳۲
آخری زمانہ میں مثیل مسیح ہی آئے گا ۴۴۶ تا ۴۴۹
یہود و نصاریٰ سے مشابہت ۴۰۷ تا ۴۰۹

کیامثیل مسیح بھی نبی ہونا چاہیے ۵۹
ابن مریم کوظاہری معنوں سے پھیرنے کی وجہ ۳۱۴، ۳۱۵
مسیح سے متعلقہ احادیث مکاشفات پر مبنی ہیں ۳۱۵
کہاں لکھا ہے کہ مسیح سے مراد مثیل ہے ۲۷۷ تا ۲۷۹
واضح طور پر کیوں نہیں کہا کہ مثیل آنے والا ہے ۵۱۲
مسیح اسرائیلی فوت ہو چکا ہے ۳۸۸
پہلے کسی نے کیوں نہیں کہا کہ مثیل مراد ہے ۳۰۶ تا ۳۱۳
مثیل مسیح نے کون سے معجزات دکھائے ۱۰۳
ایلیا کا یحییٰ کی صورت میں نازل ہونا ۲۴۰
اس سوال کا جواب کہ ہر جگہ لکھا ہے کہ مسیح آویگا ۳۱۳ تا ۳۱۵
ممکن ہے کہ مثیل مسیح احادیث کے ظاہری معنوں کے
رو سے علامات کو پورا کرے ۳۵۱، ۳۵۲
مثیل موعود ایک ہیں یا کوئی اور بھی آئیں گے ۳۱۵ تا ۳۱۸
مثیل مسیح کے آنے کی کیا ضرورت تھی ۳۴۲
حضرت عیسیٰ مثالی وجود کے ساتھ آئینگے ۳۵۵، ۳۵۶
کیا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو مثیل موعود ماننے
سے صحاح نکمی و بیکار ہو جائیں گی ۲۴۹

**مجدد**

حدیث مجددین کے مطابق آپ کی آمد ہوئی ۶
تجدید دین کیا ہے؟ ۶، ۷
ہر صدی پر مجدد کا آنا ضروری ہے ۱۷۸، ۱۷۹

**مجذوب**

خدا تعالیٰ کے تصرفات خفیہ کو دیکھنے کی وجہ ۹۵

**مجوسی** ۲۴۲

دساتیر کو مجوسی الہامی مانتے ہیں ۶۸
روحانیت سماویہ کو ارواح کواکب سے نامزد کیا ہے ۶۷

**محبت الٰہی**

مراتب قرب و محبت کی تین درجوں میں تقسیم ۶۳

**محدث**

نبوت ناقصہ کا حامل ۳۸۶
محدث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے ۶۰
محدث اپنی روحانی صفات کے رو سے عمر ہی ہوگا ۵۹۳
تمنا میں شیطان کا دخل بجز انبیاء اور محدثین کے ۲۲۸

**مداہنہ**

اسلام نے مداہنہ کو جائز نہیں رکھا ۱۱۳
مومنین سے مداہنہ کی امید مت رکھو ۱۱۷ح
ہندو قوم میں مداہنت ۱۱۷
انبیاء کے سخت الفاظ استعمال کرنے کی حقیقت ۱۱۸
سخت الفاظ استعمال کرنے سے خفتہ دل بیدار ہوتے ہیں ۱۱۷

**مراتب**

مراتب قرب و محبت باعتبار روحانی درجات تین قسم کی ہیں ۶۳، ۶۴

**مرثیہ تفرقہ حالت اسلام**

مے سزد گر خوں ببارد دیدہ ہر اہل دیں ... ۴۴ تا ۴۶

**مسلمان**

مسلمانوں نے مجوب فلاسفروں کو امام بنایا ۴۰۱، ۴۰۲
آخری زمانہ میں مسلمان یہود کے مشابہ ہونگے ۳۹۴، ۳۹۵،
۴۱۷ تا ۴۱۹
مسلمانوں کی حالت پر افسوس کا اظہار ۳۱
مسلمانوں کی بری حالت کا ذکر ۴۳

**مسمریزم**

مسمریزم کا الہامی نام عمل الترب ہے ۲۵۹ ح، ۵۰۴ تا ۵۰۶
اس عمل کے ذریعہ مردہ کو زندہ کے موافق کیا جاسکتا ہے ۲۵۶

**معجزات**

معجزہ کی حقیقت ۲۶۰ح

وہ امر جو انسانی طاقتوں سے بالاتر ہو ۵۲۲

خدا اس دنیا میں کھلے کھلے معجزات ہرگز نہیں دکھاتا ۲۴۳

حضرت مسیح موعودؑ کا ظہور ایک معجزہ ۶

پرندہ زندہ کرنے کا معجزہ ۲۵۵ح تا ۲۶۳ح

قرآن کریم ایک معجزہ ۲۵۵

حضرت مسیحؑ کا معجزہ صرف عقلی تھا ۲۵۴

انبیاء کے معجزات کی دو اقسام ۲۵۳ح، ۲۵۴ح

**معراج**

معراج نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا ۱۲۶ح

واقعہ معراج ایک رویا صالحہ تھی ۲۴۸، ۲۵۰

معراج کی حدیث سے وفات مسیح کا ثبوت ۴۳۳

بعض کہتے ہیں کہ پانچ معراج ہوئے ۶۱۶ تا ۶۱۸

**مکاشفات**

مکاشفات میں استعارات غالب ہوتے ہیں ۳۱۲

انبیاء کے مکاشفات کی مثالیں ۱۳۳ح

انبیاء کے مکاشفات عالم مثال ہوا کرتے ہیں ۶۳۱

اولیاء اور انبیاء کے مکاشفات کی خصوصیت ۹۴ تا ۹۸

روحانی علوم سے بے بہرہ لوگ عالم کشف کو عالم جسمانی
سمجھ بیٹھتے ہیں ۳۵۴، ۳۵۶

روحانی علوم اور روحانی معارف صرف بذریعہ الہامات
و مکاشفات ہی ملتے ہیں ۳۲۸

کشفی امور کو ظاہر پر حمل کرنا قطعی اور یقینی طور پر اسی وقت
ہوتا جب خدا تعالیٰ بتا دے ۲۰۳، ۲۰۴

بعض مکاشفات کا ذکر ۲۰۵، ۲۰۶

مسیح اور دجال کی نسبت پیشگوئیاں مکاشفات نبویہ ہیں ۲۰۵

**ملاعنہ**

مسلمانوں کا باہم ملاعنہ کب نہیں ہوسکتا ۴۲۱، ۴۲۲

**ملائکہ نیز دیکھئے فرشتے**

ملائک کن معنی سے ملائک کہلاتے ہیں ۶۷ح

ملائک کے نزول کی تاثیرات ۸۶

جمیع کائنات الارض کی تربیت کیلئے وسائط ۷۰، ۷۱

ان کے وجود کے بارے میں شبہات ۴۵۲

ملائک کا نزول کس طرح ہوتا ہے ۶۶

اجسام کے ہر یک ذرہ پر ملائک کے نام کا اطلاق ۷۳

خواص الناس خواص الملائک سے افضل ہیں ۷۴

ملائک کو سجدہ کرنے کا حکم ۷۶

حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر اعتراض کہ ملائک اور
جبرائیل علیہ السلام کے وجود سے انکار کیا ہے ۳۲۹

**ملہم**

ملہم کو آزمانا آسان اور اس کا طریق ۴۱

**مولوی (مخالف)**

مولوی کا رائے سے عود کرنا موت کی طرح ہے ۵۲

دابۃ الارض سے مراد علماء ذوجہتین ہیں ۵۹۴

مولوی محمد حسین بٹالوی کا مباحثہ لودھیانہ کے واقعات
کے برخلاف اشتہار دینا ۵۶۷ تا ۵۸۳

۱۸۵۷ء میں مولویوں نے جہاد کی غلط تعلیم دی ۴۸۹ تا ۴۹۳

**مومن**

مومنین سے مداہنہ کی امید مت رکھو ۱۱۷ح

مومن کا مال جواہر حقائق و معارف ہیں ۴۵۵

**مہدی**

مہدی کے ظہور کی مختلف روایات ۴۰۴ تا ۴۰۶

وقت وتاریخ نزول مسیح موعود علیہ السلام حسب اقوال
اکابر سلف وخلف ودیگر حالات منقولہ از کتاب
آثار القیامت ۴۰۴ تا ۴۲۲
مہدی کی بیعت ضروری ہے ۴۱۳
عیسیٰ ہی اپنے وقت کا مہدی ہوگا ۴۰۶، ۳۷۸، ۳۷۹
حدیث سے مسیح کے ظہور کا زمانہ ثابت ہوتا ۴۰۶
درحقیقت مہدی کا نام ہی عیسیٰ ہے ۴۱۴


## ن

### نبوت


نبوت کیا چیز ہے ۶
حدیث لم یبق من النبوة الا المبشرات کی تشریح ۶۰
نبوت عطاء غیر مجذوذ ہے کبھی زائل نہیں ہوتی ۲۴۹


### نبی


نبی کے آنے کے ساتھ جبرائیل کا نزول بھی ہوگا ۴۱۲
محدث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے ۶۰
انبیاء سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل دو طریق سے ۳۱۷
پیشگوئیاں نبی کی صدق نبوت پر بطور دلیل ہیں ۳۰۹
انبیاء کے نیک نمونہ کی پیروی اصلاح نفس کرتی ہے ۱۸
انبیاء دلوں پر اثر کرنے والا سادہ کلام کرتے ہیں ۱۶
انبیاء کے معجزات کی دو قسمیں ۲۵۳ح، ۲۵۴ح
انبیاء کے مثیل بننے کے ضمن میں مختلف حوالے ۲۳۱، ۲۳۲
اس کا رد کہ انبیاء زندہ ہو کر قبر میں رہتے ہیں ۲۲۶ح
انبیاء کو قبول کرنا اسی وقت نہیں ہوتا ۳۴۲
نبی کی دعا کبھی قبول اور کبھی رد ہوتی ہے ۲۶۲ح، ۲۶۳ح
ہر نبی کا زمانہ لیلۃ القدر کا زمانہ ہوتا ہے ۱۵۷
پیشگوئیوں میں اجتہادی غلطی ۳۰۷، ۱۰۶، ۴۷۱ تا ۴۷۳، ۲۰۴
انبیاء لوازم بشریت سے بالکل الگ نہیں کئے جاتے ۵۵۷
انبیاء کے مکاشفات کی مثالیں کہ ظاہر کچھ کیا گیا اور
مراد کچھ اور تھا ۱۳۳ح
انبیاء کے مکاشفات عالم مثال ہوا کرتے ہیں ۶۳۱
انبیاء کا سخت الفاظ استعمال کرنے کی حقیقت ۱۱۸
انبیاء کا کفار کی مصنوعات سے نفع اٹھانا ۵۵۵
انبیاء کے علاوہ ہر انسان کی تمنا میں شیطان کا دخل ۲۲۸
اس وہم کا جواب کہ اولیاء اور انبیاء کے الہامات ومکاشفات
کو دوسرے لوگوں کی نسبت کیا خصوصیت ہے ۹۴ تا ۹۸
نبی کا اپنے تئیں مثیل ٹھہرانا جائز ہے یا نہیں ۲۲۹، ۲۳۰
انبیاء کو مرنے کے بعد پھر زندگی ملنے کا ثبوت ۲۲۵، ۲۲۶ح


### نجات


معرفت ہماری نجات کا مدار ہے ۳۲۸


### نزول مسیح


صعود اور نزول کے خاص معنی ۴۲۰
لفظ نزول کی حقیقت ۴۵۰، ۴۵۱، ۲۴۴ح، ۲۴۵ح، ۲۴۷
نزول کا لفظ اختیار کرنے میں حکمت ۳۷۴
نبی اسرائیلی نہیں آسکتا ۳۹۳
مسیح حکم اور عدل ہونے کی حالت میں آئے گا ۴۷۷، ۴۷۸
قرآن کریم میں مثیل مسیح آنے کا ذکر ۴۶۰ تا ۴۶۴
بحساب جمل بعثت مسیح موعود کا زمانہ ۴۶۴
دجال معہود کے خروج کے بعد مسیح موعود کا نزول ۴۸۸
یہی وہ وقت ہے جب مسیح کو اترنا چاہیے ۱۸۸
نزول کے متعلق پیشگوئیوں میں اخفاء کا پہلو رکھا گیا ۲۴۲
چھ قرائن جن سے اسرائیلی مسیح کے آنے کی تردید
ہوتی ہے ۵۱۰ تا ۵۱۲
حدیث بیان نہیں کرتی کہ اسرائیلی نبی ہی آئے گا ۳۹۲، ۳۹۳

مثیل مسیح کا نزول ۴۶۰ تا ۴۶۴
احادیث میں ابن مریم کا نام بطور محاورہ آیا ہے ۵۹۳
قتل دجال سے مسیح کے آنے کا عقیدہ جوڑا نہیں جاسکتا ۲۲۰
یوحنا کا آسمان سے اترنا ۵۳
پیشگوئیوں کے متعلق ہرگز اجماع نہیں ہوتا ۳۹۷
پیشگوئی نزول مسیح کی جزئیات کا کامل انکشاف نہیں ۴۷۳
نواس بن سمعان کی روایت نادر ہے ۲۲۳
مسیح کس عمدہ اور اہم کام کیلئے آنے والا ہے؟ ۱۳۱
مسیح ستاروں کے گرنے کے بعد آئے گا (انجیل) ۴۶۴
نزول مسیح کے بارے میں بعض کے انکار کا جواب ۴۶۰
صریح لفظوں کی موجودگی میں کیونکر آسمان سے اترنے
سے انکار کیا جائے ۱۳۲
بعض نزول کو حقیقت پر حمل کرتے ہیں ۱۲۵
قرآن مثیلوں کے آنے کا دروازہ کھولتا ہے ۳۸۹، ۳۹۰
اس سوال کا جواب کہ آیت **انه لعلم للساعة**
سے حضرت عیسیٰ کا نازل ہونا ثابت ہے ۳۲۱ تا ۳۲۶
مسیح کا آنا ایک پیشگوئی ہے ۳۰۶ تا ۳۱۱
پیشگوئیوں میں بعض اوقات ظاہری الفاظ مراد نہیں
ہوتے ۲۴۲ تا ۲۴۴
نزول المسیح کے متعلق بحث کی دو ٹانگیں ۲۲۲، ۲۲۳
ابن ماجہ کا قول ہے کہ مسیح بیت المقدس میں اترے گا ۲۰۹
نزول کے وقت زرد پوشاک پہننے سے مراد ۲۰۹
روایات میں طواف کعبہ کے حوالے سے اختلاف ۲۰۹
مسیح کا دوبارہ دنیا میں آنا ایک لطیف استعارہ ہے ۱۲۱
کیا مسیح اپنے منصب نبوت سے مستعفی ہو کر آئیں گے ۵۶
صلیب توڑنا، خنزیروں کا قتل وغیرہ مسیح کی علامات کی
تطبیق کیونکر ہوسکتی ہے ۵۷

مسیح کی نسبت پیشگوئیاں مکاشفات نبویہ ہیں ۲۰۵
مسیح اوّل اور مسیح ثانی کے حلیوں میں فرق ۵۹
نزول عیسیٰ کے بارے میں پرانے خیالات پر سخت
اعتراض وارد ہوتے ہیں ۱۲۵ تا ۱۲۷
نزول کے واضح الفاظ سے کیونکر انکار کیا جائے؟ ۱۳۲
دمشق والی حدیث بھی ایک رؤیا ہی ہے ۲۰۲
دمشق کے لفظ سے دمشق مراد لینا دعوئے بلا دلیل ہے ۱۳۳
مسلم کی دمشقی حدیث میں استعارات ہیں ۳۱۵، ۳۱۶
مسیح غریبی کی حالت میں آئے گا (انجیل) ۳۴۰ تا ۳۴۲
امکنہ متبرکہ کی بجائے دمشق کو کیوں بیان کیا گیا ۱۳۴ح
دمشق لفظ کی تعبیر منجانب اللہ ۱۳۵ح تا ۱۴۱ح
اجماع کو پیشگوئیوں کے امور سے کچھ تعلق نہیں ۳۰۸
حضرت مسیح پر جبرائیل وحی کریں گے تو وہ امتی نہیں کیونکہ
مستقل نبی امتی نہیں بن سکتا ۴۱۰ تا ۴۱۳
نزول عیسیٰ کے بعد کے واقعات میں تضاد ۱۲۲، ۱۲۳
مسیح اول اور مسیح ثانی دونوں الگ الگ ہیں ۱۲۴
جسم کے ساتھ اترنا جسم کے ساتھ چڑھنے کی فرع ہے ۲۳۶
نبی کے آنے ساتھ جبرائیل کا نزول بھی ہوگا ۴۱۲
آسمان پر مسیح کے کپڑے کون سیتا ہوگا ۵۳ح
اسرائیلی نبی کے نزول سے کیا کیا خرابیاں ہونگی اور کیوں
مثیل آئے گا ۴۱۴ تا ۴۱۶، ۴۱۷ تا ۴۱۹
عیسیٰ پر رسولوں کی طرح وحی نازل ہوگی ۴۱۴
وقت و تاریخ نزول مسیح موعود علیہ السلام حسب اقوال اکابر
سلف و خلف و دیگر حالات ۴۰۴ تا ۴۲۲
مسیح کے نزول کے حوالے سے بحث کا خاتمہ ۲۲۲، ۲۲۳
مکاشفات میں استعارات غالب ہوتے ہیں ۳۱۲
**غلام احمد قادیانی** نام میں مسیح کے آنے کا زمانہ موجود ہے ۱۹۰

حضرت عیسیٰ کی نسبت امور مکاشفات نبویہ تھے ۲۰۰
نزول مسیح مجازی ہوگا ۴۴۶ تا ۴۴۹
کیا مسیح کو نبوت سے معزول کر کے بھیجا جائے گا ۳۸،۳۸۸
قرآن کریم میں بصراحت نام لے کر مسیح ابن مریم
کے دوبارہ آنے کا ذکر کیوں نہیں کیا ۴۶۸
کیا دمشق کے منارہ کے پاس اترنا تمام مسلمانوں کا اجماعی
عقیدہ ہے ۱۸۹
مسیح کے دم سے اس کے منکر مریں گے ۲۸۹
کیا مسیح ابن مریم کے آنے کی خبریں ہی غلط ہیں ۳۹۹ تا ۴۰۲
مسیح کے بعد شریر رہ جائیں گے جن پر قیامت آئے گی ۲۹۰
کیا اس پر اجماع ہے کہ نزول مسیح کے حوالے سے نصوص
کو ظاہر پر حمل کیا جائے ۳۱۲،۳۱۳
مسلمان یہودیوں کے مشابہ ۴۴۶ تا ۴۴۹
کیا احادیث میں نہیں لکھا کہ مثیل مسیح آئے گا ۳۱۳ تا ۳۱۵
مسیح ابن مریم کے لفظ کو کیوں اختیار کیا گیا ۳۸۰،۳۸۱
حضرت یحییٰ کو روحانی حالت کی وجہ سے ایلیا کہا گیا ۳۱۳
کیا خدا مسیح کو دوبارہ زندہ کر کے نہیں بھجوا سکتا؟ ۳۸۶،۳۸۷
جو بہشت میں داخل ہوا وہ نکالا نہیں جاتا ۵۴
مہدی اور عیسیٰ ایک ہی ہیں ۳۷۸،۳۷۹
دجال کے قتل سے مسیح کے آسمان سے اترنے کے عقیدے
کو جوڑا نہیں جا سکتا ۲۲۰ تا ۲۲۲
اس زمانہ میں دجال کون ہے ۳۶۲،۳۵۶،۳۶۶
دمشق والی حدیث امام بخاری نے درج نہیں کی ۲۲۲
کیا حدیث میں مسیح کے ظہور کا کوئی زمانہ ثابت نہیں ۴۰۶

## نشان

جو امر انسانی طاقتوں سے بالاتر ہو ۵۲۲

## نصیحت

بدظنی اور بدگمانی کرنیوالوں کو نصیحت ۱۰۴

## نظم

مے سزد گر خوں ببارد دیدہ ہر اہل دیں ... ۴۴ تا ۴۶
شان احمد را کہ داند جز ۶۲
کیوں نہیں لوگو تمہیں حق کا خیال ۵۱۳،۵۱۴

## نفس

نفس انسان کے مختلف نام ۷۸ ح
نفس انسان سے متعلق مختلف خیالات ۸۰

**نقشبندی** (اسلامی تصوف کا ایک سلسلہ) ۱۲۳

عمل سلب امراض کی طرف توجہ دیتے ہیں ۲۵۷ ح

## نماز

تمام سعادتوں کی کنجی ہے ۵۴۹
نماز میں بہت دعا کرو ۵۴۹
پانچ نمازیں معراج میں فرض ہوئیں ۶۱۷
قرآن شریف کی جگہ حدیث پڑھ کر نماز نہیں ہو سکتی ۳۸۴
غیر احمدی امام کے پیچھے نماز کے ادا ہونے میں شبہ ۲۵ ح

## نیچریت

وہ نیچریت جو قرآن کے موافق ہو سنت اللہ ہے ۵۲۳
لیلۃ القدر کے نئے معنی بیان کرنا نیچریت کا دروازہ
کھولنا نہیں ۳۱۹

## نیوگ

قرآن کی مخالفت میں نیوگ کا عقیدہ رائج ہوا ۳۸۳،۳۸۴

## و

### وحدت الوجود

مخلوقات سے اللہ تعالیٰ کے تعلق کی مثال ۸۹
خلق الاشياء وهو عينها ۸۹

**وحی** (نیز دیکھئے الہام)

قیامت تک وحی کی نالیاں جاری ہیں ۳۲۱
سچی وحی کا نشان ۳۳۹
وحیِ رسالت تا قیامت منقطع ہے ۱۳۲
کامل ولی کو بھی وحی ہوتی ہے ۸۶
فیضِ وحی کے بواسطہ جبرئیل نازل ہونے کی کیفیت ۸۷، ۹۰، ۹۲
وحی سے متعلق جبرئیل کے تین کام ۹۴

**وسائط**

ظاہری اور روحانی نظام میں وسائط کا پایا جانا ۹۱

**وصیت**

آخری وصیت کہ وفاتِ مسیح پر بحث کرو ۴۰۲

**وعظ**

زبانی تقریریں۔ مفید اور مؤثر طریق ہیں ۱۵

**وفاتِ مسیح**

وفات کے بعد مسیح کی دوبارہ زندگی کے قائلین کا رد ۳۸۶، ۳۸۷، ۵۰۲، ۵۰۳، ۵۰۸
فلما توفیتنی کی تفسیر ۵۰۳
تیس آیات سے وفاتِ مسیح کا ثبوت ۴۲۳ تا ۴۳۸
کتاب ازالہ اوہام میں حضرت مسیح کی حیات و ممات کے متعلق تمام سوالات کے جوابات ہیں ۳۲۴
حضرت ابو بکرؓ کا آنحضرتؐ کی وفات پر بیان ۵۸۸، ۵۸۹
مسیح ابن مریم رسول کا آنا فسادِ عظیم کا موجب ہے ۳۹۳
مسیح کی عدمِ مصلوبیت پر انجیل سے استدلال ۲۹۴ تا ۲۹۷
آج کی تاریخ سے سو برس تک تمام بنی آدم پر قیامت ۲۲۷
حدیث کی رو سے وفاتِ مسیح ۲۲۴
اختلاف حلیتین ۶۳۱
انبیاء کے قبر میں زندہ رہنے کا رد ۲۲۶ ح
ابن عباسؓ وفاتِ مسیح کے قائل تھے ۲۲۴، ۲۲۵
کیا توفی کا لفظ لغت میں کئی معنوں میں آیا ہے ۳۸۹
دنیوی لوازم سے مستثنیٰ ہونا وفاتِ مسیح کی دلیل ۴۹۸ تا ۵۰۰
مسیح فوت شدہ جماعت میں شامل ہے (بخاری) ۵۵۰، ۵۰۱
مسیح کا وہی نورانی جسم ہے جو دیگر انبیاء کو ملا ۵۰۶، ۵۰۷
کیا مسیح دوبارہ زندہ ہو کر آسکتے ہیں ۶۱۹ ح تا ۶۲۵ ح
حضرت مسیح کی روح آسمان پر گئی نہ کہ جسم ۱۲۶، ۱۲۷
حضرت مسیح آسمان کی طرف گئے تو آسمان کی حرکت دولابی ہے کبھی نیچے اور کبھی اوپر ۱۲۷
مسیح کی استعارہ کے طور پر بیان کی گئی علامات ۱۲۸
توفی کے معنی نیند نہیں ہو سکتے ۲۲۴
عیسائیت کو شکست وفاتِ مسیح سے ہوگی ۴۰۲، ۴۰۳
حضرت عیسیٰ فوت ہو چکے ہیں (ابن عباس) ۲۲۴، ۲۲۵
”عیسیٰ سات گھنٹہ تک مرے رہے“ اس پر تبصرہ ۲۲۵
یہود و نصاریٰ کا وفاتِ مسیح پر اجماع ہے ۲۲۵
توریت میں ہے جو پھانسی دیا جائے وہ ملعون ہے ۲۹۰
حدیث میں مسیح کا زندہ آسمان پر جانا بیان نہیں ہوا ۳۸۸
مسیح کی موت کا کوئی وقت خاص نہیں ۳۳۰ تا ۳۳۴
کیا اجماع ہے کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کیا جائے ۳۱۲، ۳۱۳
اگر مسیح فوت ہو گئے تو تیرہ سو برس سے مشہور عقیدہ آج غلط ثابت ہوا کہ وہ زندہ آسمان پر ہیں ۳۴۵
عیسائی عقیدہ کا رد قرآن میں کہاں ہے؟ ۳۱۸، ۳۱۹
عیسیٰ کی موت قبل از رفع کے بارے میں اختلاف ہے (صدیق حسن) ۴۱۳، ۴۱۴
مرنے کے بعد دوبارہ اسی جسمِ خاکی میں روح کا داخل ہونا سراسر غلط گمان ہے اور اس کی تفصیل ۲۲۵
معراج کی حدیث سے وفاتِ مسیح کا ثبوت ۴۳۳، ۱۸۹
عام اور خاص دونوں طرح وفاتِ مسیح ثابت ۲۶۵
اس سوال کا جواب کہ قرآن شریف سے مسیح ابن مریم کا فوت ہونا کہاں ثابت ہوتا ہے؟ ۲۶۴ تا ۲۷۷

قرآن کی رو سے توفی کے کیا معنی ہو سکتے ہیں ۲۶۷ تا ۲۷۰
مسیح اسرائیلی فوت ہو چکا ہے ۳۸۸
مسیح کے قول کی وضاحت ۳۰۳
توفی کی تشریح کرنے میں صرف دو سبیل ہیں ۳۹۱، ۳۹۲
توفی کی بجائے اماتت کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ ۲۷۰، ۲۷۱
حضرت مسیح نے یونس نبی جیسا معجزہ دکھانے کا وعدہ کیا ۳۰۳
عیسیٰ جنت میں داخل ہو گئے اور نہیں نکلیں گے۔اس دلیل
پر ہونے والے ایک اعتراض کا جواب ۲۸۰ تا ۲۸۸
یہود نے مسیح رسول اللہ کو قتل کرنے کی کوشش کی ۲۹۰
عیسائیوں کا خدا فوت ہو گیا ہے ۳۶۱، ۳۶۲
**رافعک** کا لفظ صرف مسیح کے حق میں کیوں آیا ۲۹۹، ۳۰۰
مسیح وفات کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر آسمان کی طرف
اٹھائے گئے۔اس کا رد ۲۳۳
کیا توفی کا لفظ لغت میں کئی معنوں پر آیا ہے ۳۴۹، ۳۵۰
خدا تعالیٰ مسیح پر دو موتیں وارد نہیں کریگا ۳۴۶
مسیح حواریوں کو کشفی طور پر نظر آتے رہے ۳۵۴، ۳۵۵

**ولی**

خدا تعالیٰ کا اپنے اولیاء سے مکالمہ ۶۰۰
ادنیٰ سے ادنیٰ مرتبہ کے ولی پر وحی کا نزول ۸۸
بعض ولی بعض اولیاء کے بروز ۳۴۴
راستباز بندے قوت قدسیہ سے خارق عادت اثر ظاہر
کرتے ہیں اور ان کی بیس علامات کا ذکر ۳۳۵ تا ۳۳۹
بعض اولیاء کا کشفاً دیدار رسولؐ ۲۲۶ح
اس وہم کا جواب کہ اولیاء اور انبیاء کے الہامات کو
دوسرے لوگوں کی نسبت کیا خصوصیت ہے ۹۴ تا ۹۸


## ہ۔ی


**ہندو** ۲۴۲
مداہنہ کے ساتھ ساری عمر دوست بنے رہتے ہیں ۱۱۷
قرآن کی مخالفت کی وجہ سے ہندوؤں میں نیوگ اور تناسخ
کا عقیدہ رائج ہوا ۳۸۳، ۳۸۴
وید کی بے جا تعلیمیں ۶۹
روحانیت سے مرادیں مانگنے کی تعلیم دیتا ہے ۶۸، ۶۹
آریہ اور برہمو نے ملائک کی پرستش کی ہے ۷۲، ۷۳
آریوں کے نزدیک چار ویدوں کے نزول کے بعد
الہام بند ہو گیا ۹۷

**یاجوج ماجوج**

خروج کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ ۳۷۰ تا ۳۷۴
ممالک مشرقیہ سے خروج دجال سے مراد ۴۱۹
یاجوج ماجوج سے مراد انگریز اور روس ہیں ۳۶۹، ۳۷۳

**یزیدی الطبع لوگ**

نزول مسیح کے حوالے سے لفظ دمشق کے ذریعے یزیدی الطبع
لوگوں کی طرف اشارہ ۱۳۶ح

**یہود** ۲۴۲
یہودی قرآنی بیان کے سامنے دم نہیں مار سکتے ۲۹۳
توریت کا مغز یہودیوں کے دلوں پر سے اٹھایا گیا ۴۷۳
یہود نے مسیح رسول اللہ کو قتل کرنے کی کوشش کی ۲۹۰
مسیح کی صلیبی موت کے بارے میں شک ۲۹۱ تا ۲۹۳
آخری زمانہ میں مسلمان یہود کے مشابہ ۳۹۴، ۳۹۵،
۴۱۷ تا ۴۱۹، ۵۰۸، ۵۰۹، ۹ح
خلافت محمدیہ خلافت موسویہ سے مشابہ ۵۰۹
سلسلہ موسوی اور سلسلہ محمدی کی مماثلت ۴۶۰ تا ۴۶۴
ایلیا نبی کے قصہ کی وجہ سے مسیح کا انکار ۲۴۰
یہود کا عقیدہ کہ الیاس آسمان سے اتریگا ۵۳
یہود کا حضرت مسیحؑ سے برا سلوک کرنا ۱۵ح


☆☆☆

# اسماء


## آ ۔ ا

آدم علیہ السلام ۳۶۲
موت کے بعد آسمان پر گئے ۴۳۸
فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲
آپ کا مثیل بننے کی دعا ۲۲۹
حضرت مسیح موعود علیہ السلام مثیل آدم ہیں ۳۴۲،۳۴۳
ملائک کو کب آپ کا سجدہ کرنے کے لیے کہا گیا ۷۶
آدم علیہ السلام کے خروج کے بعد ملک ہند پر نظر رحم ۴۱۹
سورۃ العصر میں ابتدائے خلقت آدم کا زمانہ مذکور ہے ۱۹۰، ۲۵۹
آخر الخلفاء آدم کے نام پر آیا ۴۷۴، ۴۷۵

**ابراہیم** علیہ السلام ۳۱۴، ۴۳۲
موت کے بعد آسمان پر گئے ۴۳۸
فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲
ابراہیم کے دل والا خدا کے نزدیک ابراہیم ہے ۱۱ح
آپ کا مثیل بننے کی دعا ۲۲۹، ۳۱۴
آنحضرتؐ نے معراج کی رات آپ کو دیکھا ۳۹۶
لعزر مرنے کے بعد ابراہام کی گود میں بٹھایا گیا ۲۸۱، ۵۰۶
مسیح کا اقرار کہ یہ زندہ نبی ہیں ۵۰۶

**ابراہیم ثانی منشی پٹواری**
چندہ دہندگان میں نام درج ۵۴۵

**ابن خلدون**
خروج دجال کے متعلق قول جو غلط نکلے ۴۱۳

**ابن صیاد**
اس پر دجال ہونے کا گمان کیا گیا ۱۹۹
اس کے دجال ہونے پر اجماع کا دعویٰ ۵۷۶، ۵۷۷
دجال ہونے کے بارے میں صحابہ کا قسمیں کھانا ۲۰۹، ۲۱۰، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۰، ۳۵۶
ابن صیاد کا اپنے دجال ہونے سے انکار ۲۱۱
حضورؐ نے اس کے دجال ہونے کے بارے میں اپنی رائے بدل لی تھی ۴۷۲
ابتک زندہ رہنے کا گمان ۳۷۲، ۳۷۱
دجال کے متعلق بحث کی دو ٹانگیں ۲۲۲، ۲۲۳
کیا ابن صیاد گم ہو گیا اور قرب قیامت میں ظاہر ہوگا ۳۴۳، ۳۴۴
دجال کے بارے میں متضاد روایتوں کا بیان ۲۱۲، ۲۱۳
مدینہ میں فوت ہوا ۲۲۲

**ابن عباس عبداللہ** رضی اللہ عنہ
قرآن کریم کے سمجھنے میں اوّل نمبر پر ہیں ۲۲۵، ۳۴۵، ۳۴۹
محدث والی قراءت ۳۲۱
انی ممیتک ۲۲۴
حضرت عیسیٰ فوت ہو چکے ہیں ۲۲۵

**ابن مریمؑ** (مزید دیکھیں عیسیٰؑ)
ابن مریم کے نزول سے کیا مراد ہے؟ ۳۴۶
مشابہت کی وجہ سے آنیوالا ابن مریم کہلایا ۴۴۸
ابن مریم کے نزول کی تشریح مراتب وجود دوری کے لحاظ سے ۴۴۷

**ابن مسعود عبداللہ** رضی اللہ عنہ
دخان سے مراد ۳۷۵
مباہلہ کے حوالے سے آپ کا قول ۴۲۱، ۴۲۲

**ابوبکر** رضی اللہ عنہ
ابوجہل سے قرآنی پیشگوئی پر شرط لگانا ۳۱۰، ۳۱۱
احادیث کے بغیر صحابہ کا وجود بھی ثابت نہیں ہوتا ۴۴۰، ۴۰۱

**ابوجہل** ۲۴ح
آنحضرتؐ کو اس کے لیے انگور کا خوشہ دیا جانا ۱۳۳ح، ۳۱۰

ابوبکرؓ کا قرآنی پیشگوئی پر ابوجہل کی شرط لگانا ۳۱۰، ۳۱۱

**ابوحنیفہ** رحمۃ اللہ علیہ **امام**

فہم وفراست میں ائمہ ثلاثہ سے افضل ۳۸۵، ۳۸۶

بخاری ومسلم کی بہت سی احادیث کو نہ لیا ۳۹۳

**ابوداؤدؒ**

ابوداؤد کی حدیث حارث حراث کا ذکر ۱۴ح

**ابوسعید خدری** رضی اللہ عنہ ۲۱۱

**ابوطالب**

ابوطالب رئیس مکہ اور قوم کے سردار ۱۱۳ح

کفار مکہ کا آنحضرتؐ کی شکایت لگانا ۱۱۰ تا ۱۱۲

آنحضرتؐ کے بارہ میں ہونے والا مکالمہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو الہاماً بتایا گیا ۱۱ح

آنحضورؐ کی شادی کے بارے میں فکر نہ کی ۱۱۴ح

**ابوقبیل**

آپ کا قول کہ ۱۲۰۴ ہجری میں مہدی ظاہر ہوگا ۴۰۴

**ابولہب** ۲۴ح

قرآن کریم نے بعض کفار کا نام ابولہب رکھا ۱۱۶ح

**ابوہریرہ رضی اللہ عنہ** ۵۶

**احمد بخش پٹواری منشی**

چندہ دہندہ گان میں نام درج ۵۴۵

**احمد بن حنبل** رحمۃ اللہ علیہ

امام بخاری کو احمد بن حنبل کا نام دیا گیا ۵۱۲

**احمد بیگ مرزا**

پیشگوئی کا ذکر ۳۰۵، ۳۰۶

**احمد جان صوفی مرحوم** ۵۵۳، ۵۳۹

ان کا ذکر خیر ۵۲۸، ۵۲۹

**احمد خاں سرسید**

الہام کے بارے میں نظریہ ۵۹۶ تا ۶۰۲

**احمد شاہ شیخ منصور پوری** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**احمد شاہ منشی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**ادریس علیہ السلام**

موت کے بعد آسمان پر گئے ۴۳۸

فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲

آنحضرتؐ نے معراج کی رات آپ کو دیکھا ۳۹۶

**اسحاق علیہ السلام** ۳۱۴

مسیح کا اقرار کہ یہ زندہ نبی ہیں ۵۰۶

**اعظم بیگ میرزا**

رئیس سامانہ علاقہ پٹیالہ ۳۹

**افتخار احمد صاحبزادہ**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۹

**الٰہی بخش سکنہ لدھیانہ**

آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**الٰہی بخش منشی**

عبداللہ غزنوی کی تصدیق کے گواہ ۴۸۰

**الیاس** علیہ السلام

آسمان پر جانے کا عقیدہ آپ کی طرف منسوب ہے ۵۲

**الیسع علیہ السلام**

آپ عمل الترب میں کمال رکھتے تھے ۲۵۷ح

**اللہ بخش منشی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**اللہ دین میاں**
چندہ دہندہ گان میں نام درج ہے ۵۴۵
**امر سنگھ راجہ**
جگن ناتھ کے مباحثہ مشروط بایمان کے گواہ ۵۲۱
**امیر علی سید** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں نام درج ہے ۵۴۴
**اویس قرنی رضی اللہ عنہ** ۵۵۳
**ایلیا علیہ السلام** ۲۳۹،۲۳۷
یحیٰی کا روحانی حالت کی وجہ سے ایلیا نام رکھا گیا ۳۱۳
ایلیا کو یوحنا کہا گیا ۳۸۰،۳۷۹
قرآن نے یحیٰی کی صورت میں نازل ہونا مانا ہے ۲۴۰
آسمان پر جانے کا عقیدہ آپ کی طرف منسوب ہے ۵۱۲،۵۲
حضرت مسیح نے ایلیا نبی کا مثیل آنا مان لیا ہے ۲۳۷،۲۳۶
آپ کے واقعہ پر غور کی نصیحت ۲۴۰
ایلیا کے قصہ نے یہودیوں کی راہ میں پتھر ڈالے ۲۴۰
**ایوب علیہ السلام**
میں اکیلا آیا اور اکیلا جاؤں گا ۳۷

## ب ۔ پ ۔ ت ۔ ث

**ابو یزید بسطامی** ۱۷۸
اپنے آپ کو انبیاء کا مثیل قرار دینے کی وجہ سے آپ کو
کافر ٹھہرا کر شہر بدر کیا گیا ۲۳۱،۲۳۰
**بایزید خان**
شیخ صدر جہاں مورث اعلیٰ نواب محمد علی خان کے پوتے ۵۲۶
**برکت علی شیخ**
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**بسمارک (شہزادہ)**
بذریعہ خط واشتہار دعوت اسلام دی گئی ۵۱۶ ح

**بلعم باعور**
بلعم کے قصہ میں رفع کے لفظ کی وضاحت ۳۰۰
چند ایک بیعت کنندگان کی مثال ۴۰
**بلقیس**
عقلی معجزہ دیکھ کر اسے ایمان نصیب ہوا ۲۵۴ ح
**بہادر خان**
جمال خان کا بیٹا ۵۲۶
ان کی نسل سے نواب غلام محمد خان ہیں ۵۲۶
**بہادر خان کیروی** ۵۴۲
**پطرس**
ان کے بارے میں کی گئی پیشگوئی صحیح نہ نکلی ۴۷۲،۱۰۶
**پلاطوس**
مسیح کو بچانے کی کوشش کی ۲۹۵،۲۹۴
رعیت کے رعب میں آ گیا ۳۰۱
**پولوس**
مسیح کے مصلوب ہونے کا عقیدہ ۲۹۷
**تاج محمد مولوی**
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳
**تمیم داری**
کسی جزیرہ کے گرجا میں دجال کی خبر ۳۵۷
**ثمود**
سورہ شمس میں اس قوم کی مثال پیش کی گئی ہے ۸۴
**ثناء اللہ پانی پتی**
آپ کا قول کہ تیرھویں صدی کے اوائل میں ظہور مہدی
ہوگا ۴۰۵

## ج۔چ۔ح۔خ


**جابر بن عبداللہ** رضی اللہ عنہ ۲۱۱
خدا کی قسم کھانا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے ۲۱۰
مرنے والے لوٹ کر نہیں آتے ۴۵۱

**جبرائیل علیہ السلام**
جبرائیل کے وجود کے بارے میں شبہات ۴۵۲
وحی کے متعلق جبرائیل کے تین کام ۹۳،۹۴
جبرائیل کی خدمات کا ذکر ۸۶
جبرائیل کے تاثیرات کی مثال ۸۸
نبی کے آنے کے ساتھ جبرائیل کا نزول بھی ہوگا ۴۱۲
ہر ایک ولی پر جبرائیل ہی تاثیر وحی کی ڈالتا ہے ۸۸
حسب تصریح قرآن کریم رسول کسے کہتے ہیں ۳۸۷
باب نزول جبرائیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے ۵۱۱
اس سوال کا جواب کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ملائک
اور جبرائیل علیہ السلام کے وجود سے انکار کیا ہے ۳۲۹

**جسّاسہ**
جساسہ والی روایت کے راوی ابن تمیم ہیں ۳۷۱
ابتک اس کے زندہ رہنے کا عقیدہ غلط ہے ۳۷۱،۳۷۲

**جعفر صادق امام**
دوسو ہجری میں مہدی ظہور فرمائے گا ۴۰۴

**جگن ناتھ**
ریاست جموں میں حضرت مولوی نورالدین سے بحث ۵۲۱

**جمال الدین ڈاکٹر** ح۱۸

**جمال الدین احمد شیخ**
قطب الاقطاب ۵۳۴

**جمال خان**
شیر محمد خان کا بیٹا ۵۲۶

**جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ** ۱۷۸

**چراغ علی رضی اللہ عنہ** ۵۴۱
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵
چندہ دہندگان میں نام درج ہے ۵۴۶

**حامد شاہ صاحب سید سیالکوٹی** رضی اللہ عنہ
ان کا ذکر خیر ۵۲۴

**حامد علی** رضی اللہ عنہ (خادم حضرت مسیح موعودؑ)
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۱،۵۴۰

**حبیب الرحمٰن شاہ ساکن سرسادہ** ۵۳۴

**حبیب الرحمٰن منشی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
چندہ دہندگان میں نام درج ۵۴۶

**حسام الدین میر**
سید حامد شاہ صاحب ان کے خلف رشید ہیں ۵۲۴

**حسین** رضی اللہ عنہ
حدیث میں دمشق کا لفظ استعمال کرنے کی حکمت ح۱۳۷

**حشمت اللہ صاحب منشی** رضی اللہ عنہ ۵۳۳
چندہ دہندگان میں نام درج ہے ۵۴۵

**حمزہ رضی اللہ عنہ**
آنحضورؐ کی شادی کے بارے میں فکر نہ کی ح۱۱۴

**خدا بخش مرزا** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**خصلت علی سید** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**خضر علیہ السلام**

حدیث سے آپ کا فوت ہونا ثابت ہے ۲۲۷

## د۔ر۔ز

**داؤد علیہ السلام**

آپ نے آنحضرت ﷺ کا ظہور خدا کا ظہور قرار دیا ۶۵ح تا ۶۷ح

**رام چندر**

انکے بارے میں تواتر کے ذریعے خبر ہم تک پہنچی ۳۹۹

**رحمت اللہ شیخ**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۷

**رستم علی منشی رضی اللہ عنہ**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۶

چندہ دہندگان میں نام درج ہے ۵۴۶

آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**رشید احمد گنگوہی مولوی**

مباہلہ کے قائم مقام فریق کے مخاطب ۴۵۸،۴۵۷

**رشید الدین خلیفہ رضی اللہ عنہ** ۵۳۷

**زرارہ رضی اللہ عنہ**

نعمان بن المنذر کو خواب میں دیکھا ۲۰۵

**زکریا علیہ السلام**

یحییٰ آپ کا بیٹا ۱۱ح،۳۹۳،۳۹۴

**زمخشری**

حدیث **ما من مولود** ......کی تاویل کی ۶۰۹،۶۱۰

**زینب رضی اللہ عنہا**

آپؓ کے ذریعے لمبے ہاتھ والی پیشگوئی پوری ہوئی ۴۹۵

## س۔ش

**سراج الدین احمد** سپرنٹنڈنٹ ریاست جموں

جگن ناتھ کے مشروط بایمان مباحثہ کے گواہ ۵۲۱

**سراج الحق نعمانی** رضی اللہ عنہ

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۴،۵۳۵

**سردار خاں**

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**سرکار سنگھ**

جگن ناتھ کے مشروط بایمان مباحثہ کے گواہ ۵۲۱

**سعدی شیرازی**

آپ کے کچھ فارسی اشعار کا ذکر ۸۵

**سلیمان علیہ السلام**

آپ کا معجزہ عقلی تھا ۲۵۴

**سید احمد عرب**

کہا گیا ہے کہ یہ ایک ماہ حضرت مسیح موعودؑ کے پاس رہے ۲۳ح

**سیلا**

یہودا ابن یعقوب کا پوتا اور حضرت مسیح کا لقب ۳۱۳

**شہاب الدین موحد**

ان کا ذکرِ خیر ۵۴۱،۵۴۲

**شیر محمد خاں ابن فیروز خان** ۵۲۶

**شیر محمد ہجنی مولوی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**شیث علیہ السلام**

آپ کا مثیل بننے کی دعا ۲۲۹

## ص ۔ ظ

**صدر جہاں شیخ**
نواب محمد علی رضی اللہ عنہ خان کے مورث اعلیٰ ۵۲۵

**صدیق حسن خان نواب آف بھوپال** ۵۱۰
محمد حسین بٹالوی نے کہا کہ آپ مجدد ہیں ۴۰۴
آپ کے نزدیک مکاشفات میں وقت نزول چودھویں صدی ہے ۱۸۸، ۱۸۹
وقت وتاریخ نزول مسیح موعودؑ حسب اقوال اکابر سلف وخلف ودیگر حالات منقولہ ۴۰۴ تا ۴۲۲

**ظفر احمد صاحب منشی** رضی اللہ عنہ
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۲، ۵۳۳
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

## ع ۔ غ

**عائشہ رضی اللہ عنہا**
حضورؐ کو ابریشم کے ٹکڑہ پر آپ کی تصویر دکھائی گئی ۳۱۰
آپؓ کا قول کہ معراج رویا صالحہ تھا ۲۴۸، ۲۵۰

**عباس** رضی اللہ عنہ
آنحضورؐ کی شادی کے بارے میں فکر نہ کی ۱۱۴ح

**عبد الجبار غزنوی**
مباہلہ کے قائم مقام طریق کے مخاطب ۴۵۷، ۴۵۸

**عبد الحق خلف عبد السمیع**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۷
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**عبد الحق غزنوی میاں** ۳۰۱، ۳۵۰
ان کے الہامات کے بارے میں مختصر تقریر ۴۳۸ تا ۴۵۱
حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے مباہلہ کی درخواست کی ۴۴۳ تا ۴۴۵
مباہلہ کے قائم مقام طریق کے مخاطب ۴۵۷، ۴۵۸
ان پر بئس القرین نے القا کیا ۲۲۸
حضرت مسیح موعودؑ کے خلاف ہاتھ کے استعمال کی اجازت ۳۰۰

**عبد الحق رضی اللہ عنہ منشی**
حضرت مسیح موعودؑ کی بیماری میں آپ نے خدمت کی ۱۸ح

**عبد الحق میاں** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**عبد الحکیم خاں**
ان کے حوالے سے ایک شہادت کا بیان ۵۵۴، ۵۵۵
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۷

**عبد الرحمٰن** ۲۶۳
ملہم ہونے کے مدعی ۴۵۷
ان پر بئس القرین نے القا کیا ۲۲۸

**عبد الرحمٰن پٹواری**
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**عبد الرحمٰن حاجی**
حضرت مسیح موعودؑ کے حق میں گواہی دی ۵۵۳، ۵۵۴

**عبد الرحمٰن منشی** رضی اللہ عنہ
چندہ دہندگان میں نام درج ہے ۵۴۵

**عبد الرحمٰن خلف مولوی محمد لکھوکے**
حضرت مسیح موعودؑ کا نام ملحد رکھا (نعوذ باللہ) ۲۲۸، ۳۰۱

**عبد العزیٰ بن قطن**
دجال کی آنکھ کو ان کی آنکھ سے تشبیہ دینا ۱۹۹

**عبد الغنی صاحب مولوی** رضی اللہ عنہ
المعروف غلام نبی خوشابی کا ذکرِ خیر ۵۲۵

**عبد الکریم خان میاں** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**عبدالکریم سیالکوٹی رضی اللہ عنہ**
ان کا ذکر خیر ۵۲۴،۵۲۳
حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی صحبت کا نیک اثر ۱۱۹
’’تہذیب‘‘ نام سے ایک رسالہ شائع کرنے کا ارادہ ۱۲۰

**عبدالقادر جماپوری مولوی**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۸
چندہ دہندگان میں نام درج ہے ۵۴۶

**عبدالقادر جیلانی سید** رحمۃ اللہ علیہ
کشتی کو زندہ آدمیوں سمیت نکالنا ۲۱۵

**عبدالقادر** (شرقپوری)
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مخالف ۲۲۸

**عبدالقادر مدرس**
ایک صالح آدمی ۴۸۰
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**عبداللہ بن زبیر** رضی اللہ عنہ
حرم کعبہ میں مینڈھا ذبح کیا جائے گا ۴۹۵

**عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ**
اختلاف حلیتین والی حدیث کے راوی ۲۰۱
ابن صیاد کے دجال ہونے کے بارے میں قسم کھانا ۳۵۶

**عبداللہ پٹواری** رضی اللہ عنہ
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**عبداللہ سنوری رضی اللہ عنہ**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۱
عبداللہ غزنوی کی تصدیق کے گواہ ۴۷۹

**عبداللہ غزنوی**
قادیان میں نور نازل ہونے کا مکاشفہ دیکھا ۴۸۰،۴۷۹

قرآنی آیت کا اصل معنوں سے پھیر کر القا ہونا ۲۶۱
بعض الہامات حضرت مسیح موعودؑ کو بھجوائے ۲۶۴

**عبدالمجید خاں** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**عبدالوہاب شعرانیؒ**
کتاب میزان کبریٰ میں کشف کے حجت ہونیکا ذکر ۱۷۶

**عبدالہادی صاحب سید**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۳
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶

**عثمان رضی اللہ عنہ**
احادیث کے بغیر صحابہ کا وجود بھی ثابت نہیں ہوتا ۴۰۱،۴۴۰

**عروۃ رضی اللہ عنہ** ۲۰۴

**عزرائیل**
ان کے وجود کے بارے میں شبہات ۴۵۲

**عزیر علیہ السلام** ۲۸۰
عزیر نبی کے واقعہ کی حقیقت ۴۵۹
جنت میں داخل ۴۳۶
دوبارہ بھیجے جانے کی حقیقت ۲۸۸،۲۸۷

**عطاء الرحمٰن دہلی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**عطاء اللہ خان ابن جمال خان** ۵۲۶

**عطاء محمد مرزا** (حضرت مسیح موعودؑ کے دادا)
سکھوں نے ان کو مع لواحقین قادیان سے جلاوطن کیا ۱۶۵ح

**عظیم بیگ مرزا** ۵۳۰

**عکرمہ**
انگور کے خوشہ سے مشابہت ۱۳۳ح، ۳۱۰

**علی رضی اللہ عنہ**
آپ کا دابۃ الارض کے بارے میں بیان ۳۶۰ ح
احادیث کے بغیر صحابہ کا وجود ثابت نہیں ہوتا ۴۴۰، ۴۰۱

**علی بن طلحہ** رضی اللہ عنہ
انی ممیتک ۲۲۴

**علی گوہر میاں** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**علی قاری ملاّ**
عالم رؤیا کے امور کی تاویل ہونی چاہیے ۲۱۷
آنحضرت ﷺ نے دجال کو خواب میں دیکھا تھا ۱۹۹، ۲۰۰
پیشگوئیاں مکاشفات کی نوع میں سے ہیں ۴۸۹

**عمر رضی اللہ عنہ** ۳۵۸
آپ جیسا دل رکھنے والا خدا کے نزدیک عمر ہے ۱۱ ح
اگر کوئی محدث ہے تو وہ عمر ہے ۱۱ ح
شیطان آپ کے سایہ سے بھاگتا ہے ۲۱۹
احادیث کے بغیر صحابہ کا وجود ثابت نہیں ہوتا ۴۴۰، ۴۰۱
آپ کا قسم کھانا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے ۲۱۰، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۲، ۳۵۶

**عمران بن حصین** ۳۶۲

**عنایت علی سید لدھیانہ** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**عنایت علی میر** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**عیسیٰ علیہ السلام** ۸، ۱۵ ح، ۵۳ ح، ۵۷، ۱۰۳، ۱۲۱، ۱۸۸، ۲۲۶، ۲۳۳، ۲۳۶، ۳۸۸، ۵۰۶، ۵۰۷، ۵۵۴
موسیٰ کے آخری خلیفہ ۴۵۰
شریعت موسویہ کی خدمت کے لئے آئے ۴۱۴
شریعت موسوی میں خلیفۃ اللہ کو مسیح کہتے ہیں ۴۶۲
نزول کے وقت توریت کا مغز اٹھایا گیا تھا ۴۷۳
دوسرے آسمان پر ہیں ۲۲۶ ح، ۳۱۴، ۵۰۰
جنت میں داخل ہیں ۴۳۶
حضرت مسیح کا نام سیلا رکھا گیا ۳۱۳
حیات مسیح پر اجماع نہیں ۵۰۷
آپ کے آسمان پر جانے کا عقیدہ ۵۲
تیس آیات سے وفات مسیح کا ثبوت ۴۲۳ تا ۴۳۸، ۵۰۸
آپ نے خدائی کا دعویٰ ہرگز نہیں کیا ۳۶۳
آپ کو زیادہ اہمیت دیے جانے کی وجہ ۲۲۷
ابن مریم کو ظاہری معنوں سے پھیرنے کی وجہ ۳۱۴، ۳۱۵
حضورؐ نے معراج کی رات آپ کو دیکھا ۵۹
دنیاوی لوازم سے استثناء وفات کا ثبوت ۴۹۸ تا ۵۰۰
واقعہ معراج کی وجہ سے وفات یافتہ لوگوں میں شامل ۴۳۳
آپ کی نسبت امور مکاشفات نبویہ ہیں ۲۰۰، ۲۰۵
خدا تعالیٰ آپ پر دو موتیں وارد نہیں کرے گا ۳۴۶
کیا خدا مسیح کو دوبارہ زندہ کرکے بھیج سکتا ہے ۵۰۳، ۶۱۹ ح تا ۶۲۵
آسمان پر جسم تاثیر زمانہ سے ضرور متاثر ہوگا ۱۲۷
آپ کا جنت میں داخل ہونے کا عیسائی عقیدہ ۵۴
قرآن شریف میں آپ کے فوت ہونے کا ذکر ۲۶۴ تا ۲۷۷
یہود کا مسیح رسول اللہ کو قتل کرنے کی کوشش ۲۹۰
یہود و نصاریٰ کا آپ کی موت پر اجماع ہے ۲۲۵
عدم مصلوبیت پر انجیل سے استدلال ۲۹۴ تا ۲۹۷
"جو پھانسی دیا جاتا ہے ملعون ہوتا ہے" (تورات) ۲۷۷
آپ کی حیات موسیٰ کی حیات سے درجہ میں کمتر ہے ۲۲۶ ح
اس پر تبصرہ کہ مسیح سات گھنٹے تک مرے رہے ۲۲۵
تیسرے دن جی اٹھنے کی وضاحت ۳۰۲، ۳۰۳
مرنے کے بعد زندگی ملنے سے تمام انبیاء سے افضل کون ہے ۲۲۶ ح
عیسیٰ کی موت قبل از رفع کے بارے میں اختلاف ۴۱۳، ۴۱۴

حواریوں کو کشفی طور پر چالیس دن نظر آئے ۳۵۴،۳۵۵
مرنے کے بعد اسی جسم میں روح کا آنا غلط گمان ہے ۲۲۵
مسیح کا دوبارہ آنا استعارہ ہے ۵۱
دوبارہ غریبی کی حالت میں آنا ۳۴۰ تا ۳۴۲
''یوحنا جو آنیوالا تھا یہی ہے چاہو تو قبول کرو'' ۵۲
عیسیٰ ہی اپنے وقت کا مہدی ہوگا ۴۰۶
بعض وعدوں کا دوسرے نبی کے ظہور سے پورا ہونا ۳۱۷
یونس کی طرح کا نشان دکھانے کا کہا ۱۰۷،۳۰۳
کیا مسیح منصب نبوت سے مستعفی ہوکر آئیں گے ۵۶
بائیس برس باپ کے ساتھ مل کر نجاری کا کام کیا ۲۵۴ح
مسیح کے کام دعا کے ذریعہ ہرگز نہ تھے (اناجیل) ۲۶۲ح
یہودیوں کے فقیہوں کے لیے سخت الفاظ کا استعمال ۱۱۰
یہود کے فقہاء کو برا بھلا کہا ۱۰۷ح،۱۰۸ح
آپ کا معجزہ دکھانے سے انکار ۱۰۶،۳۳۴،۳۳۵
خلق طیر کا معجزہ ۲۵۱ح،۲۵۴ح،۲۶۰ح
میں آج بہشت میں ہونگا (قولِ مسیح کی وضاحت) ۳۰۳
پیشگوئی کے سمجھنے میں غلطی لگنا ۴۷۲
حضرت یحییٰ آپ کے خالہ زاد بھائی تھے ۲۲۶ح
ایلیا نبی کا مثیل آنا مان لیا ہے ۲۳۶،۲۳۷
حضورؐ کا آنا خدا کا آنا بیان کیا ۶۴،۶۵
آپ کے حوالے سے بحث کا خاتمہ ۲۲۲،۲۲۳

**غلام احمد انجینئر ریاست جموں**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۱،۵۳۲
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶

**حضرت مرزا غلام احمد قادیانی**

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام ۱۰۳،۱۲۱،۱۲۵،
۱۸۸،۲۳۶،۵۱۹،۵۲۰
آپ اور آپ کے خاندانی حالات ۱۵۹ح تا ۱۶۶ح
مجدد اور مسیح موعود ہونے کا دعویٰ ۶،۸،۱۰ح
آپ کا ظہور ایک معجزہ ۶
کن معجزات سے منجانب اللہ ہونا ظاہر کیا ۳۳۴ تا ۳۳۹
آپ کی آمد کی پیشگوئی پر اجمالی ایمان لانا چاہیے ۳۱۱،۳۱۲
آپ نے بناوٹ کے طور پر دعویٰ نہیں کیا ۳۱۴،۳۱۵
آپ کو امتی کہا گیا ہے ۲۴۹
آپ مثیل آدم ہیں ۳۴۲،۳۴۳
آخر الخلفاء آدم کے نام پر آیا ۴۷۴،۴۷۵
حکم اور عدل ۴۷۷
مسلم کی حدیث میں مسیح نام کی وجہ تسمیہ ۴۸۹
آپ نے روحانی طریق اصلاح کو پسند کیا ۲۵۸
بعض ظاہری علامات کا کامل متبع کے ذریعہ پورا ہونا ۳۱۶
استدلال قرآن سے کرنے کی پیشگوئی (مجدد الف ثانی) ۳۹۳
مسیح موعود علیہ السلام کے آنے کی غرض ۳۹۴،۳۹۵
خراب صحت کے باعث وعظ سے روکا گیا ۱۷ح
میرے درخت وجود کی سرسبز شاخو! ۳۴
اسلام کی اشاعت اور دفاع کے لئے پانچ شاخیں ۱۲ تا ۲۴
دس شرائط بیعت ۵۶۳ تا ۵۶۶
بیعت کرنے والوں کے لیے نصائح ۵۴۶ تا ۵۵۲
عمدہ تالیفیں مغربی ممالک میں بھجوائی جائیں گی ۵۱۸

**مثیل مسیح**

''غلام احمد قادیانی'' کے حروف ابجد کی قیمت ۱۳۰۰ ہے
اس نام میں آپ کی بعثت کی پیشگوئی ہے ۱۹۰
آیت انا علیٰ ذھاب به لقادرون میں نزول کا زمانہ ۴۸۹
نزول کے وقت قرآن کا مغز اٹھایا گیا ۴۷۳
آپ یہودیوں کے مشابہ زمانہ میں پیدا ہوئے ۸ تا ۱۰ح
مسیح جو آنے والا تھا یہی ہے چاہے تو اسے قبول کرو ۱۰
مسیح اوّل اور مسیح ثانی میں فرق ۵۹
آنحضرتؐ نے فیصلہ کردیا ہے مسیح اوّل اور مسیح ثانی اور ۱۲۴
نزول مسیح کے حوالے سے مختلف نظریات ۱۲۲،۱۲۳
نزول مسیح کی احادیث کو ظاہر پر حمل نہ کیا جائے ۳۱۵
نزول کے بیان کردہ امور مکاشفات نبویہ ہیں ۲۰۰

دمشق والی حدیث بھی ایک خواب ہی ہے ۲۰۲
ابن ماجہ بیت المقدس میں نزول مسیح بیان کرتے ہیں ۱۸۹
مسیح کا دوبارہ آنا ایک لطیف استعارہ ہے ۱۲۱،۱۲۸
ایلیا کی طرح مثالی وجود کے ساتھ آئیں گے ۳۵۵
یہ عاجز حکومت اور بادشاہت کے ساتھ نہیں آیا ۱۹۸
مثیل مسیح کا اسی امت میں آنے کا ثبوت ۴۵۰
مثیل مسیح کے اس امت میں آنے کے چھ قرائن ۵۱۰تا۵۱۲
قرآن مثیلوں کے آنے کا دروازہ کھولتا ہے ۳۸۹،۳۹۰
کسی حدیث سے ثابت نہیں کہ اسرائیلی مسیح آئے گا ۵۰۸
نزول مسیح کے پرانے خیالات پر اعتراضات ۱۲۵تا۱۲۷
نزول کے واضح الفاظ کی تاویل ۱۳۲
آپ کو کن خصوصیات کی بنا پر مثیل مسیح کہا گیا ۶۱
سلسلہ موسوی اور سلسلہ محمدی میں مماثلت ۴۶۰تا۴۶۴
مسیح ثانی مثیل موسیٰ کے دین کی تجدید کرے گا ۱۲۲
کیا کوئی اور بھی مثیل مسیح آئے گا ۳۱۵تا۳۱۸
دس ہزار سے بھی زیادہ مسیح آسکتے ہیں ۲۵۱
کسی تبع کے ذریعے ظاہری علامات کا پورا ہونا ۳۱۶،۳۱۷
نزول جبرائیلکے بعد مسیح امتی بن کر نہیں آئینگے ۴۱۰تا۴۱۳
رسولوں کی طرح وحی نازل ہوگی (صدیق حسن) ۴۱۴
مکاشفات میں وقت نزول چودھویں صدی ہے ۱۸۸،۱۸۹
لکل دجال عیسیٰ ۱۹۷
ممکن ہے مسیح موعود علیہ السلام کے بعد کوئی اور مسیح بھی آوے ۳۶۲
کیا مسیح منصب نبوت سے مستعفی ہوکر آئیں گے؟ ۵۶
کیا مسیح جلالی ظہور کرے گا؟ ۳۳۹تا۳۴۲
کیا کوئی اور بھی موعود آئے گا؟ ۳۱۵
کعبہ کا طواف کرنا ۲۰۹
نزول کے وقت زرد پوشاک پہننے سے مراد ۲۰۹
اس وقت مسیح کے آنے کی کیا ضرورت تھی ۳۴۲
مسیح کس عمدہ کام کے لیے آنے والا ہے ۱۳۱
خلیفۃ اللہ کے ساتھ فرشتوں کا نازل ہونا ضروری ہے ۱۳ح
آپ صلیب توڑنے کے لیے بھیجے گئے ۸ح
کسر صلیب سے مراد کیا ہے؟ ۱۴۲ح، ۵۷


## مقام


براہین میں آپ کا عیسیٰ نام رکھا گیا ۳۱۴،۳۱۵
حسب تصریح قرآن کریم رسول کسے کہتے ہیں ۳۸۷
حضرت آدم کے مشابہ ۴۶۷
آپ کے مکاشفات کا ذکر ۲۰۵،۲۰۶
آپ کے لیے رفع کے لفظ کا استعمال ۳۰۱،۳۰۲
زمانہ کی اصلاح کے لیے مامور ۵۱۴،۵۱۵
مستقل نبی امتی نہیں بن سکتا ۵۷،۴۰۷
محدث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے ۶۰
مہدی اور عیسیٰ ایک ہی ہیں ۳۷۸،۳۷۹
آپ کی کتب حق کے طالبوں کو راہ راست پر کھینچنے والی ۲۷
تقریر کے ذریعے اصلاح ۱۷
آپ کی صحبت سے حقانی وحی کا ملنا ۴۱
حضرت محمدؐ سے عین بیداری میں ملاقات ۲۲۶ح
آپ کو عالم کشف میں مقدس لوگ نظر آئے ۳۵۴تا۳۵۶
حارث حراث پیشگوئی کے مصداق ۱۳۵ح
آنحضرتؐ اور ابوطالب میں ہونے والا مکالمہ آپ کو الہاماً بتایا گیا ۱۱۱ح
کشف میں دیکھا کہ قبر روضہ رسول کے قریب ہے ۳۵۲
آپ نے خدا تعالیٰ سے علم لدنی پایا ۴۷۶
آپ مال تقسیم کریں گے ۴۵۵
آپ کے کلام سے مردے زندہ ہونگے ۳۳۴،۳۳۵
قرآن کے عجائبات بذریعہ الہام کھولتے ہیں ۲۵۸،۲۵۰
قرآن شریف کے احکام بہ وضاحت بیان کیے ۱۰۳
میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے ۴۰۳
صحبت میں رہنے کی تلقین ۲۲
قوت قدسیہ کے اثرات کی بیس علامات ۳۳۵تا۳۳۹
لیلۃ القدر سے مراد ظلماتی زمانہ ۳۲،۳۱۹،۳۲۰
مخالفوں نے چاہا کہ آپ کا رفع نہ ہو ۳۰۱

زبانی تقریریں ۱۵

سورۃ العصر سے ابتدائے خلقت آدم کا زمانہ نکالنا ۲۵۹

**صداقت**

مسیح موعود ہونے کا ثبوت ۴۵۹تا۴۹۸

آپ کے مثیل ہونے کا ثبوت ۳۹۸

آپ چودھویں صدی میں آئیں گے ۱۸۹

نام میں بعثت کا زمانہ مذکور ہے ۴۶۴

صداقت کا نشان، فرشتوں کا نزول ۱۳ح

دلائل اور علامات کا بیان ۴۶۸تا۴۹۸

پیشگوئیاں جن پر آپ کی سچائی کا حصر ۴۴۱تا۴۴۳

انجیل کی رو سے مسیح موعود کی علامات ۴۶۹

بٹالوی کا امکانی طور پر آپ کے دعویٰ کو تسلیم کرنا ۲۴۹

ضروری نہیں کہ نبی کو دنیا اسی وقت قبول کرلے ۳۴۲

کمال طغیان کے زمانہ میں ظہور ۴۵۵

صحاح میں موجود پیشگوئیوں کے مصداق ۲۵۰،۲۵۱

**آپؑ کے اصحاب**

دینی کاموں میں مددگار اصحاب کا ذکر ۵۲۰تا۵۴۶

میرا دوست کون ہے اور میرا اعزیز کون ہے ۳۴

صدق سے بھری ہوئی روحیں عطا ہوئیں ۳۵

عالی ہمت دوستوں کی خدمت میں گذارش ۶۲۳،۶۲۴

بطور نمونہ چند دوستوں کا ذکر ۴۰

دعوئے الہام سے براہین احمدیہ کے اکثر مقامات پُر ہے ۱۹ح

قریب تر بامن ونزدیک تر بسعادت کون لوگ ہیں ۱۸۶

**الہامات**

(آپ کے الہامات کے لئے دیکھئے انڈیکس ھذا صفحہ نمبر۱۰)

**آپؑ کی پیشگوئیاں**

اس زمانہ کی یہودیت خصلت مٹادی جائیگی ۱۰

وہ وقت دور نہیں جب تم فرشتوں کی فوجیں آسمان سے اترتی اور امریکہ کے دلوں پر نازل ہوتی دیکھو گے ۱۳ح

پڑھے لکھوں میں سے کوئی ہندو دکھائی نہ دیگا ۱۱۹

کوئی مسیح کو جسم سمیت اترتے نہیں دیکھے گا ۱۷۹

اپنی ذریت میں باکمال شخص کے پیدا ہونے کی پیشگوئی ۱۸۰

میری ہی فتح ہوگی ۴۰۳

وہ پیشگوئیاں جن پر میری سچائی کا حصر ہے ۴۴۱تا۴۴۳

تمکین دین بھی اللہ کمال کو پہنچائیگا ۴۶۷۔۵۱۵

مولوی محمد حسین کو اس کا اصلی چہرہ دکھائیگا ۵۷۳

**اعتراضات کا رد**

مثیل مسیح کیوں ایک امتی آیا ۴۴۹،۴۵۰

آپ پر علمی لیاقت نہ ہونے کا اعتراض ۲۱ح

جنون کی وجہ سے مسیح موعودؑ ہونے کا دعویٰ کیا ہے ۱۲۱

کیا آپ نے مخالفین کیلئے سخت الفاظ استعمال کیے ۱۰۸

اعتراض کہ براہین کی قیمت وصول کر کے طبع نہیں کروایا ۲۹

حدیث سے مسیح کے ظہور کا خاص زمانہ ثابت نہیں ۴۰۶

سلف وخلف نے تاویل نہیں کی کہ مثیل آئے گا ۳۰۳تا۳۱۳

مسیح کے آنے کی خبریں ہی غلط ہیں ۳۹۹تا۴۰۲

الہامات کی بنا پر آپ کا انکار کرنے والوں کا رد ۴۳۸تا۴۵۱

اگر کسی صادق کا زمانہ پاتے تو ضرور اس کی نصرت کرتے ۴۱

کیا قرآن کے پہلوں کے معانی نہ کرنا الحاد ہے؟ ۲۵۴تا۲۶۴

کیا قرآن وحدیث کے صرف ظاہری معنی لینے چاہیں؟ ۳۱۲،۳۱۳

درخواست مباہلہ پر آپ کی طرف سے جواب ۴۴۳تا۴۴۵

انبیاء کے سخت الفاظ استعمال کرنے کی حقیقت ۱۱۸

براہین میں حیات مسیح کا عقیدہ لکھنے کی وجہ ۱۹۶

آپ پر دعویٰ مثیل مسیح کی وجہ سے اعتراض کیا گیا ۲۲۷،۲۲۸

☆☆

**غلام جیلانی مولوی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**غلام حسن پشاوری مولوی** رضی اللہ عنہ

ان کا ذکرِ خیر ۵۴۰

چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶

**غلام قادر مرزا** (حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بھائی)

آپ کو حضرت مسیح موعودؑ نے کشف میں دیکھا ۱۴۰ح

**غلام قادر فصیح** رضی اللہ عنہ

ان کا ذکرِ خیر ۵۲۴

**غلام قادر منشی پٹواری** رضی اللہ عنہ

چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**غلام محمد منشی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**غلام محمد خان نواب** ۵۲٦

**غلام محی الدین ممبر کونسل ریاست جموں**

جگن ناتھ کے ساتھ مشروط بایمان مباحثہ کے گواہ ۵۲۱

**غلام مرتضیٰ مرزا** (والد ماجد حضرت مسیح موعودؑ)

رنجیت سنگھ کے زمانے میں پھر قادیان آ کر آباد ہوئے ۱٦۲ح

**غیاث الدولہ** (سلطنت مغلیہ کا وزیر)

قادیان آیا اور مرزا گل محمد صاحب سے ملاقات کی ۱٦۲ح

## ف ۔ ق ۔ ک ۔ گ

**فاطمہ بنت قیس** رضی اللہ عنہا

آپ نے گرجا والے دجال کی روایت کی ۳۵۷

**فتح محمد شیخ** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**فرعون** ۲۴ح

فرعون کے زمانہ میں نقلی پرندوں کو زندوں کی طرح

چلاتے تھے ۲۵۴ح

**فضل احمد حضرت مولوی** ۵۴۲

**فضل دین بھیروی حکیم** رضی اللہ عنہ ۵۴٦

ان کا ذکر خیر ۵۲۲، ۵۲۳

سچے خیر خواہ اور دلی ہمدرد ۳۸

چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

آپ کے اخلاص وقربانی کا ذکر ٦۲۳

**فضل شاہ سید ساکن جموں**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۲

آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**فیاض علی منشی** رضی اللہ عنہ

مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**فیروز خان ابن بایزید خان** ۵۲٦

**قاضی خواجہ علی صاحب**

ان کا ذکرِ خیر ۵۲۹، ۵۳۰

**کرشن علیہ السلام**

انکے بارے میں تواتر کے ذریعے خبر ہم تک پہنچی ۳۹۹

**کرم الٰہی بابو صاحب** رضی اللہ عنہ

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۸

چندہ دہندگان گان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴٦

**کریم بخش میاں**

گلاب شاہ نامی مجذوب کی روایت کے راوی ۴۸۱، ۴۸۲

ان کی روایت کے گواہ ۴۸۳، ۴۸۴

ان کی راستبازی کے گواہ ۴۸۴ تا ۴۸۷

**کنہیا لال** (سیکنڈ ماسٹر راج سکول سگرور ریاست جیند)

آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**گاماں بیگ** ۳۰۵، ۳۰٦

**گریفن** (ضلع گورداسپور کے ڈپٹی کمشنر)

''پنجاب کے رؤسا'' میں خاندان مسیح موعود کا ذکر کیا ۱۵۹ح

**گلاب شاہ**

ان کی کئی پیشگوئیاں پوری ہوئیں ۴۸۱

حضرت مسیح موعودؑ کی تصدیق میں کشف دیکھا ۴۸۱

**گل محمد** (حضرت مسیح موعودؑ کے پڑدادا) ۱۶۱ح

**گلیڈسٹون**

وزیراعظم حکومت انگلستان کو دعوت اسلام بذریعہ خط ۱۵۶ح

## ل۔م۔ن

**لعزر**

مرنے کے بعد ابراہام کی گود میں بٹھایا گیا ۲۸۱، ۵۰۶، ۵۰۷

مسیح کا اقرار کہ یہ زندہ نبی ہیں ۵۰۶

**مجدد الف ثانی** رحمۃ اللہ علیہ

مسیح موعودؑ استدلال قرآن سے کرے گا ۳۹۳

مسیح آئے گا اور مولوی اسکی مخالفت کرینگے ۴۱۳

**حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم** ۱۴ح، ۲۲ح، ۱۲۴، ۴۸۷، ۵۵۳

عشق محمد علیٰ ربه ۱۱۵

کمالات تامہ کا مظہر ۶۴

آپ کا آنا خدا کا آنا بیان کیا گیا ۶۴، ۶۵، ۶۵ح تا ۲۷ح

آپؐ نے بندگان خدا کو کمال درجہ تک پہنچا دیا ۲۵۸ح

آپ کا رفع تمام نبیوں سے بلند تر ہے ۲۷۵، ۲۷۶

توریت میں آپ کے متعلق پیشگوئی ۲۴۱

آپؐ کے درجہ عالیہ کی شناخت ۶۳

آپ پر نازل ہونے والی وحی اعلیٰ درجہ کی تھی ۸۸

فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲

آپ کا مثیل بننے کی دعا ۲۲۹

آپ نے چالیس برس کا عرصہ بیکسی میں بسر کیا ۱۱۲ح

محدثیت آپ کی اقتدا سے ملتی ہے ۶۰

آپ کو قرآن کریم کا معجزہ دیا گیا ۲۵۵

کیا توریت میں واضح پیشگوئیاں پائی جاتی تھیں ۲۳۹

آپؐ کے کسی چچا نے شادی کے بارے میں فکر نہ کی ۱۱۴ح

آپؐ کو ابریشم کے ٹکڑہ پر عائشہ رضی اللہ عنہ کی تصویر دکھائی گئی ۳۱۰

آپؐ سے آسمان پر جانے کا معجزہ مانگا گیا ۵۵

آپؐ نے معراج کی رات حضرت مسیح کو دیکھا ۵۹

معراج رویا صالحہ تھا (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ) ۲۴۸

ابو طالب کے ساتھ ہونے والی مکالمہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو الہاماً بتایا گیا ۱۱۱ح

فتح کے وعدہ کے باوجود بدر کے روز آپ کا دعا کرنا ۳۰۴

بعض وعدوں کا دوسرے نبی کے ظہور سے پورا ہونا ۳۱۷

آپ مثیل موسیٰ ہیں نیز مثیل ہونے کی وضاحت ۳۹۸، ۳۹۹

مسیح ثانی مثیل موسیٰ کے دین کی تجدید کرے گا ۱۲۲

آپؐ کے مکاشفات میں پائے جانے والے استعارات ۱۳۳ح

آپؐ نے پیشگوئیوں کے سمجھنے میں غلطی کھانا بتایا ۳۰۷، ۳۱۱

آپؐ نے لمبے ہاتھ والی بیوی کے پہلے فوت ہونے کی پیشگوئی کی ۳۰۷، ۶۳۲

کفار مکہ کے انکار کرنے کی وجہ ۶۳۳

اللہ مجھے قبر میں میت رہنے نہیں دے گا ۲۲۵ح

آیات صغریٰ کا آپ کے وقت میں ظہور ۴۶۸

آپؐ کو معراج روحانی ہوا ۱۲۶ح

معراج کے حوالے سے صحابہ میں اختلاف ۲۴۸

آپ کے لیے توفی کے لفظ کا استعمال ۲۷۴

عیسائی آپ کے مخالف ہیں ۵

آپ کی جماعت عضو واحد کی طرح ہوگئی تھی ۲۱

بعض پیشگوئیاں آپ کے خلفاء کے ذریعے پوری ہوئیں ۳۱۷، ۳۱۸

حضرت نوح سے آپ کے زمانہ تک دجال کی خبر موجود ۳۶۳

اگر عرب میں امن ہوتا تو عرب میں تلوار نہ چلتی ۱۳۰ح

آپؐ کے سامنے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قسم کھانا ۲۱۰

کفار مکہ کی طرف سے دشنام دہی کا الزام ۱۱۰تا۱۱۲

**محمد ابن احمد مکی**

ان کا ذکرِ خیر ۵۳۸، ۵۳۹

**محمد احسن صاحب سید امروہی** رضی اللہ عنہ ۵۴۳
ان کی ذکرِ خیر ۵۲۴،۵۲۵
**محمد اروڑا منشی نقشہ نویس** رضی اللہ عنہ
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۲
**محمد اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ** ۵۶
فہم و فراست میں ائمہ ثلاثہ سے افضل ۳۸۵،۳۸۶
آنے والے کے بارے میں نہیں لکھا کہ پہلا مسیح آئے گا ۱۲۴
مہدی کے ظہور کا قصہ نہیں لکھا ۳۷۸
عیسیٰ ہی اپنے وقت کا مہدی ہوگا ۴۰۶
آپ کو احمد بن حنبل کا نام دیا گیا ۵۱۲
**محمد اسمٰعیل مولوی**
حضرت مسیح موعودؑ پر اعتراضات کیے ۱۷ح، ۱۹ح
**محمد اکبر خان صاحب قاضی**
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶
**محمد بخش منشی**
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶
**محمد بن اسحاق** ۲۲۵
**محمد بن منکدر** ۲۱۰
**محمد تفضّل حسین مولوی**
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۳،۵۴۴
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶
**محمد جلال الدین منشی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**محمد حسن رئیس لدھیانہ**
موحدین میں سے ایک منتخب اور شریف ۴۸۰

**محمد حسین بٹالوی** ۲۴۹،۳۴۷،۵۵۳،۵۵۴
مباحثہ کے واقعات کے برخلاف اشتہار دینا ۵۶۷تا۵۸۳
امکانی طور پر حضرت مسیح موعودؑ کے دعویٰ کو تسلیم کرنا ۲۳۱،۲۴۹
مباہلہ کے قائم مقام طریق کے مخاطب ۴۵۷،۴۵۸
ایلیا نبی کے واقعہ پر غور کی نصیحت ۲۴۰
صدیق حسن خان مجدد ہیں ۴۰۴
دعویٰ کیا کہ عقلی طور پر وفات مسیح ثابت کر دکھاؤں گا ۳۴۸
خلاف واقعہ اشتہار شائع کرنا ۵۶۷تا۵۸۳
**محمد حسین خان**
معالج حضرت مسیح موعود علیہ السلام ۱۸ح
**محمد حسین مراد آبادی شیخ** رضی اللہ عنہ
آپ کا دل حب اللہ سے پُر ہے ۳۸
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**محمد حسین مولوی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**محمد خاں رضی اللہ عنہ میاں**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۲
**محمد دین** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**محمد صادق مفتی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**محمد عسکری خان** رضی اللہ عنہ
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۹،۵۴۰
**محمد علی رضی اللہ عنہ نواب** رئیس ریاست مالیر کوٹلہ
ان کا ذکرِ خیر ۵۲۵تا۵۲۷
**محمد فاضل منشی**
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**محمد مبارک علی**
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۲،۵۴۳

**محمد مہدی امام** ۳۶۹،۳۷۸،۳۷۹
شیعہ عقیدہ کہ وہ غار میں چھپ گئے ہیں ۳۴۳،۳۴۴

**محمد نجیب خاں**
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**محمد یوسف بیگ سامانوی** ۵۵۴
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۰

**محمد یوسف حافظ**
عبداللہ غزنوی کے مکاشفہ کے راوی ۴۷۹

**محمد یوسف سنوری مولوی**
ان کا ذکرِ خیر ۵۳۳

**محمد یوسف مدرس** رضی اللہ عنہ
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**محمد یعقوب** برادر حافظ محمد یوسف
عبداللہ غزنوی کے مکاشفہ کے راوی ۴۷۹

**محمود حسن خاں** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**محی الدین ابن عربی**
عمل سلب امراض میں مہارت تھی ۲۵۷

**محی الدین مولوی بھوبری** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**محی الدین حکیم مولوی** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴

**محی الدین لکھو کے مولوی**
ملہم ہونے کے مدعی ۴۵۷

ان کے الہامات کے بارے میں مختصر تقریر ۴۳۸تا۴۵۱

**مردان علی**
عمر کے پانچ برس کاٹ کر حضرت مسیح موعودؑ کو دینے کی دعا کی ۶۲۴

**مسلم امام**
مہدی کے ظہور کا قصہ نہیں لکھا ۳۷۸
گرجا والی روایت ۳۵۷

**مسیلمہ (کذاب)**
ماننے والے ایک لاکھ سے زیادہ تھے ۲۴۴

**مراری لال لودہانہ**
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳

**مریم** علیہا السلام
بوجہ موت خوراک کھانے سے روکی گئیں ۴۲۶

**معلیٰ** ۲۰۳

**موسیٰ علیہ السلام**
آنحضرتؐ نے معراج کی رات دیکھا ۳۹۶
فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲
آپ کی روح چھٹے آسمان میں ہے ۲۷۶
حضرت عیسیٰ نے کشفی طور پر دیکھا ۳۵۴
آپ کی جماعت سرکش تھی ۲۰
بعض وعدوں کا دوسرے نبی کے ظہور سے پورا ہونا ۳۱۷
بعض پیشگوئیاں سوچنے کے مطابق ظاہر نہ ہوئیں ۱۰۶
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مثیل موسیٰ نیز اس کی وضاحت ۳۹۸،۳۹۹
مسیح ثانی مثیل موسیٰ کے دین کی تجدید کرے گا ۱۲۲
حضورؐ کے متعلق خبر دی ۲۴۱
مسیح کی حیات آپ کی حیات سے درجہ میں کمتر ہے ۲۲۶ح

**میراں بخش**
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۱،۵۴۰

**میر عباس علی** ۵۲۹
ان کا اولین دوستوں میں ذکر ۵۲۶، ۵۲۷
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳
**میر محمود شاہ صاحب** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**میکائیل** علیہ السلام ۲۳۴
**ناصر نواب قاضی خواجہ**
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳
**ناصر نواب میر** رضی اللہ عنہ
حضرت مسیح موعودؑ کے خسر ان کا ذکرِ خیر ۵۳۵، ۵۳۶
**نافع**
ابن عمرؓ کا دجال کے حوالے سے قسم کھانا ۲۱۰
**نجم الدین میاں**
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵
**نذیر حسین دہلوی**
مباہلہ کے قائم مقام طریق کے مخاطب ۴۵۷، ۴۵۸
**نصیر الدین مولوی**
آپ کے سامنے گلاب شاہ کی پیشگوئی بیان کی گئی ۴۸۳
**نعمان بن المنذر** ۲۰۵
**نعیم بن حماد**
آپ کا قول کہ ۱۲۰۴ ہجری میں مہدی ظاہر ہوگا ۴۰۴
**نواس بن سمعان** رضی اللہ عنہ ۲۲۱، ۲۱۹، ۲۱۴
حضرت مسیح کے بارے میں روایات کا بانی مبانی ۱۹۹ح
ان کی روایت متواتر نہیں ۲۲۱
**نوح علیہ السلام**
آپ کا مثیل بننے کی دعا ۲۲۹
امن سے دنیا آباد ہوگی ۱۲۹
حضرت نوح سے آپ کے زمانہ تک دجال کی خبر موجود ۳۶۳
**نور احمد حافظ** رضی اللہ عنہ
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۲
**نور الدین حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ**
طبیب ریاست جموں ۱۸ح
نور اخلاص کی طرح نور الدین ۳۵
اعلیٰ درجہ کی قوت ایمانی کا ایک نمونہ ۵۲۰ تا ۵۲۱
علوم فقہ، حدیث، تفسیر میں اعلیٰ معلومات کے حامل ۳۷ح
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۶
حضرت عبد الکریم سیالکوٹیؓ پر آپ کی صحبت کا نیک اثر ۱۱۹
دمشق لفظ کی طرف حضرت مسیح موعودؑ کو توجہ دلانا ۱۳۵ح
**نوردین مولوی پوکھری** رضی اللہ عنہ
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
**نور محمد مولوی**
ان کا ذکرِ خیر ۵۴۵

## و۔ہ۔ی

**ولی اللہ شاہ محدث دہلوی**
مسیح کے نزول کا زمانہ اکثر اولیاء امت نے چودھویں صدی کو قرار دیا ہے ۱۸۹
مہدی کے آنے کا زمانہ کشفی طور پر ''چراغ دین'' میں قرار دیا یعنی ۱۲۶۸ ۴۰۴
**ولید بن مغیرہ**
اس کے متلعق قرآن نے سخت الفاظ استعمال کیے ۱۱۶ح
**وھب بن منبہ** ۲۰۴
**ہاشم علی رضی اللہ عنہ صاحب پٹواری** ۵۳۳
مبائعین میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۴
چندہ دہندگان میں آپ کا نام درج ہے ۵۴۵

**ہدایت علی حافظ** (اکسٹرا اسسٹنٹ ضلع گورداسپور)
آخری زمانہ کی پیشگوئیاں ظاہراً پوری ہونا ضروری نہیں ۳۰۸
**ہشام بن عروہ** ۲۰۴
**ہیرودیس** (رومن گورنر) ۱۴۸ح
حضرت مسیح نے اس کے سامنے معجزہ دکھانے سے معذرت کی ۱۰۶، ۱۰۷
**یاجوج ماجوج**
خروج کا لفظ استعمال کرنے کی وجہ ۳۷۰ تا ۳۷۴
خروج دجال کے ممالک مشرقیہ سے مراد ۴۱۹
یاجوج ماجوج سے مراد انگریز اور روس ہیں ۳۶۹، ۳۷۳
**یحیٰ علیہ السلام** ۵۸، ۲۳۳، ۲۳۹، ۴۲۸
زکریا علیہ السلام کا بیٹا ۱۱ح، ۳۹۳، ۳۹۴
حضرت عیسیٰؑ کے خالہ زاد بھائی اور مرشد ۲۲۶ح
حضرت عیسیٰؑ کے قریب مقام ملا ۲۶۶
موت کے بعد آسمان پر گئے ۴۳۸
فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲
پیدا ہونے سے اترنے کا مضمون کھلا ۵۲
آسمان سے نازل ہونے کے الفاظ کا ذکر ۲۴۵
عیسیٰؑ نے کشفی طور پر دیکھا ۳۵۴
آپؑ کے واقعہ پر غور کی نصیحت ۲۴۰
آنحضرتؐ نے معراج کی رات دیکھا ۳۱۴، ۳۹۶
ایلیا کو یوحنا کہا گیا ۵۲، ۳۷۹، ۳۸۰
روحانی وجہ سے ایلیا نام رکھا گیا ۳۱۳
قرآن نے ایلیا کی صورت میں نازل ہونا مانا ہے ۲۴۰
یہودیوں کے فقیہوں کو سانپوں کے بچے کہا ۱۱۰

**یزید**
دمشق پایہ تخت یزید اور یزیدیوں کی منصوبہ گاہ ۱۳۶ح
الہام اخرج من الیزیدیون کی تشریح ۱۳۸ح
**یسعیاہ علیہ السلام**
آنحضرت ﷺ کے ظہور کو خدا کا ظہور قرار دیا ۶۵ح تا ۶۷ح
کفار مکہ کا آنحضرت ﷺ کا انکار کرنے کی وجہ ۶۳
**یعقوب علیہ السلام** ۳۱۴
آپؑ کی دعا کا ذکر ۳۱۴
مسیحؑ کا اقرار کہ یہ زندہ نبی ہیں ۵۰۶
**یعقوب بن اسحاق کندی**
خروج دجال کے متعلق قول جو غلط نکلے ۴۱۳
**یونس علیہ السلام** ۱۰۷، ۳۰۳
**یوحنا** ۱۰ح، ۵۷، ۲۳۹
ایلیا کو یوحنا کہا گیا ۵۲، ۳۷۹، ۳۸۰
آپ کے آسمان پر جانے کا عقیدہ ۵۲
**یوسف علیہ السلام** ۳۱۴
آنحضرتؐ نے آپ کو معراج کی رات دیکھا ۳۹۶
موت کے بعد آسمان پر گئے ۴۳۸
فوت ہونے کے بعد اور قسم کی زندگی ملی ۵۰۲
حضرت یعقوب کی دعا کا ذکر ۳۱۴
**یوسف نجار**
مسیحؑ نے بائیس برس تک آپ کے ساتھ کام کیا ۲۵۴ح
**یوشع**
حضرت موسیٰ کے شاگرد ۳۱۷
**یونس علیہ السلام**
مسیحؑ نے آپ جیسا نشان دکھانے کا وعدہ کیا ۱۰۷، ۳۰۳

**یونی ٹیرین فرقہ**
مسیحؑ کے مرنے کا عقیدہ ۴۷۷

**یہود**
مسیح رسول اللہ کو قتل کرنے کی کوشش ۲۹۰
سلسلہ موسوی اور سلسلہ محمدی میں مماثلت ۴۶۰تا۴۶۴

**یہودا**
سیلا یہودا ابن یعقوب کا پوتا ۳۱۳

**یہودا اسکریوطی**
ان کے بارے میں پیشگوئی صحیح نہ نکلی ۱۰۶، ۴۷۲

☆☆☆

# مقامات


## ا

**افریقہ** ۲۳۵

**امریکہ** ۲۹، ۱۳ح، ۲۵۵ح

امریکہ میں ایک عیسائی کا مسیح موعود ہونے کا دعویٰ ۴۶۹

امریکہ کے لوگوں کو دنیا کی عقل دی گئی ۳۷۷

اپنے دین کی لغویات سے دست بردار ہو رہے ہیں ۲۳۶

خدا کا پیغام پہنچانا ۵۱۶، ۵۱۷

**ایشیا** ۱۳ح

دین کی عقل ۳۷۷

خدا کا پیغام پہنچانا ۵۱۶، ۵۱۷

## ب۔پ

**برطانیہ** ۱۳۰، ۲۶۲

**بمبئی** ۲۵۵ح

**پنجاب** ۲۱ح، ۲۶۲

## ج۔ح۔خ

**جماپور**

ایک صالح مجذوب نے کشف دیکھا ۴۸۰

**حجاز** ۴۹۲

**خراسان** ۴۲۰

## د۔ر

**دمشق** ۱۸۹، ۱۳۴ح، ۲۲۲

''دمشق'' لفظ کی تعبیر ۱۳۵تا۱۴۱ح

قصبہ قادیان کو دمشق سے مناسبت ۱۳۸ح

نزول مسیح کو دمشق میں مانا نہیں جا سکتا ۱۳۳

**روس** ۳۶۹، ۳۷۳

**روم** ۴۷۲

## ش

**شام** ۳۷

دجال کے نکلنے کی جگہ ۲۰۶

## ع۔ف

**عراق**

دجال کے نکلنے کی جگہ ۲۰۶

**عرب** ۲۳۵

**علی گڑھ**

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تشریف لے جانا ۱۷ح، ۱۹، ۲۵

**فارس**

ممالک شرقیہ سے خروج دجال سے مراد ۴۱۹

فارسی النسل کے ظہور سے مراد مسیح موعود ہیں ۱۰ح

## ق۔ک۔گ

**قادیان** ۱۷ح، ۳۸، ۱۱۹، ۱۸۹، ۴۷۹، ۴۸۰

لدھیانہ کے قریب ایک گاؤں کا نام بھی قادیان ہے ۴۸۲

قادیان کی نسبت الہام ۱۳۸

دمشق سے مناسبت ۱۳۸ح

**کابل** ۲۶۲

**کلکتہ** ۲۰۱، ۲۵۵ح، ۳۷۹، ۴۰۲

**کنعان**

موسیٰ سے کیا گیا وعدہ یوشع کے ذریعہ پورا ہوا ۳۱۷

**گلیل** ۳۵۳

**گورداسپور** ۳۰۸

## ل-م-ن

**لاہور** ۱۲۰، ۱۸ا ح ۴۸۱

پنجاب کا صدر مقام ۲۱ ح

**لدھیانہ** ۴۸۲

ایک صالح مجذوب نے کشف دیکھا ۴۸۰

**لندن** ۵۳

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کشفاً دیکھا کہ

لندن میں منبر پر تقریر فرما رہے ہیں ۳۷۶، ۳۷۷

خنزیر کے گوشت کی ہزار دکانیں ۱۲۳

**ماسکو** ۵۳

**مرادآباد** ۳۸

**مدینہ منورہ** ۱۳۰ ح، ۴۷۱

آنحضرت ﷺ کو کشفاً جگہ دکھائی گئی ۱۳۳ ح

کھجوروں والی جگہ ۲۰۴

ابن صیاد مدینہ میں فوت ہوا ۲۲۲، ۳۵۶، ۳۵۷

ابن صیاد ہی دجال ہے۔ (حضرت عمرؓ کی قسم) ۲۱۸

**مصر** ۳۷

**مکہ معظّمہ** ۵۳، ۱۳۰ ح، ۴۷۱

**نجد**

ممالک شرقیہ سے خروج دجال سے مراد ۴۱۹

## ہ-ی

**ہجر**

آنحضرتؐ کا کشفاً دکھائی گئی جگہ کو ہجر سمجھنا ۲۰۴

**ہندوستان** ۱۴۰ ح، ۴۲۰

ممالک شرقیہ سے خروج دجال سے مراد ۴۱۹، ۴۹۲

علمائے ہند کی خدمت میں نیاز نامہ ۱۹۲

بڑی تعداد میں لوگوں کا عیسائی ہونا ۳۶۴

**یروشلم** ۳۵۳

**یمامہ**

آنحضرتؐ کو کشفاً دکھائی گئی جگہ کو یمامہ سمجھنا ۲۰۴

**یورپ** ۱۳ ح، ۲۹، ۵۵، ۵۵ ح، ۲۵۵ ح، ۳۷۶، ۳۷۷، ۴۹۴

دنیا کی عقل دی گئی ۳۷۷

خدا کا پیغام پہنچانا ۵۱۶، ۵۱۷

اپنے دین کی لغویات سے دست بردار ہو رہے ہیں ۲۳۶

قرآن یورپ کے اخلاق سے اتفاق نہیں کرتا ۱۱۶

مسلمانوں کا یورپ کے فلاسفروں کو امام بنانا ۴۰۱، ۴۰۲


☆☆☆

# کتابیات


## ا۔ب۔ت

**اتحاف النبلاء**

مثیل کے مضمون پر مشتمل ایک رباعی لکھی ۲۳۲

**ازالہ اوہام** (تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

فتح اسلام رسالے کا ایک جزء ۴۸

اس کے پڑھے بغیر مخالفانہ رائے بنانے سے منع کرنا ۱۰۰

حیات و وفات مسیح کے متعلق تمام سوالات کے جواب ۳۲۴

**انجیل** ۱۰۳

ایلیا کا دوبارہ آنا ۴۳۳

ایلی ایلی لماسبقتنی ۳۰۴،۳۰۳

**اشاعۃ السنہ**

براہین احمدیہ کا ریویو لکھا ۱۹۲

جواز و امکان مثلیت کے بارہ میں لکھا ہے ۲۳۱

**بائبل** ۲۴۶،۲۵۳

بائبل (سلاطین) ۲۴۰

بائبل (ملاکی) ۲۴۰

**براہین احمدیہ** (تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

دعوئے الہام سے براہین احمدیہ کے اکثر مقامات پُر ۱۹ح

حضرت مسیح موعودؑ کو امتی بھی کہا گیا اور نبی بھی ۳۸۶

مثیل مسیح ہونے کی اشاعت ۱۹۲

حضرت مسیح موعودؑ کو انبیاء کا مثیل قرار دیا گیا ۲۲۸،۲۲۷

مولوی محمد حسین نے ریویو لکھا ۱۹۲

بتمام و کمال نہ چھپنے سے متعلق اعتراض کا جواب ۲۹

**بیہقی**

ابن صیاد ہی دجال ہے۔ (حضرت عمرؓ کی قسم) ۲۱۸

**تذکرۃ الاولیاء**

حضرت بایزید کا اپنے آپ کو دیگر انبیاء کا نام دینا ۲۳۰

**تصدیق براہین احمدیہ** ۳۷ح

**تفسیر ابن کثیر**

انی متوفیک کا ترجمہ ۲۷۴

**تفسیر رازی**

انی متوفیک کا ترجمہ ۲۷۴

**تفسیر فتح البیان**

انی متوفیک کا ترجمہ ۲۷۴

**تفسیر کشاف**

انی متوفیک کا ترجمہ ۲۷۴

**تفسیر مدارک التنزیل**

انی متوفیک کا ترجمہ ۲۷۴

**تفسیر معالم التنزیل**

قرآن قیامت کی علامت ہے ۳۲۶،۳۲۵

حضرت عیسیٰ تین گھنٹہ کے لئے مر گئے ۲۲۵

وفات کے وقت دو فرشتوں کا آنا ۲۳۳

انی متوفیک کے معنی انی ممیتک ۲۷۴،۲۲۴

**تورات**

مسیح نے تورات کا صحیح خلاصہ پیش کیا ۱۰۳

**توضیح مرام** (تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام)
رسالہ فتح اسلام کا ایک جزء ۴۸
لکھنے کی وجہ ۵۲
اس کے پڑھے بغیر مخالفانہ رائے بنانے سے منع کرنا ۱۰۰
کیا مسیح موعودؑ نے ملائک کے وجود سے انکار کیا ہے ۳۲۰

## ج۔د۔ز

**جامع صحیح بخاری** ۱۸۹،۲۲۱،۲۱۹
اصح الکتب بعد کتاب اللّٰہ ۵۱۱
افادات البخاری ۵۸۳ تا ۵۹۵
حسبکم القرآن ۵۹۴
دجال کی علامات ۴۹۰،۴۹۱،۴۹۲
دجال کے بارے میں بیان کردہ احادیث میں
مسلم سے اختلاف ۲۰۹،۲۱۰
نواس بن سمعان کی دجال والی روایت نادر اور
قلیل الشہرت ہے ۲۲۲
حضرت عائشہؓ کے متعلق آنحضرت ﷺ کی خواب ۲۰۳
فلما توفیتنی کی تفسیر ۵۰۳
بعض حدیثوں کو بعض ائمہ نے چھوڑ دیا ہے ۳۹۳
پہلی کتابوں میں لفظی تحریف نہیں ہوئی ۲۳۹
ابن صیاد ہی دجال ہے۔ (حضرت عمرؓ کی قسم) ۲۱۸
امامکم منکم ۱۹۸
معراج کی حدیثوں میں سخت تعارض ۲۱۲ تا ۲۱۹

**دساتیر**
اس کو مجوسی الہامی مانتے ہیں ۶۸
روحانیت سماویہ کو ارواح کو اکب سے نامزد کیا ہے ۶۷

**زبور** ۲۲۵،۲۲۶
خدا میری جان کو قبر میں رہنے نہیں دے گا ۲۲۵،۲۲۶

## س۔ص۔ف

**سرمہ چشم آریہ** (تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام) ح۱۹

**سنن ابن ماجہ**
مسیح بیت المقدس میں اترے گا ۲۰۹
اعمار امتی مابین الستین ...... ۴۳۶،۴۳۷
لا مھدی الا عیسٰی ۳۷۹،۴۰۶

**سنن ابوداؤد**
ابن صیاد ہی دجال ہے۔ (حضرت عمرؓ کی قسم) ۲۱۸

**سنن ترمذی**
اعمار امتی مابین الستین ...... ۴۳۶،۴۳۷

**شرح السنہ**
دجال چالیس برس ٹھہریگا ۲۰۷

**صحیح مسلم** ۱۹۹،۲۱۹،۲۲۱
مسیح ابن مریم کو سلام پہنچانے کی حدیث ۴۱۳
دجال کی علامات ۴۹۰،۴۹۱،۴۹۲
دجال کے بارے میں بیان کردہ احادیث میں
بخاری سے اختلاف ۲۰۹،۲۱۰
ابن صیاد کا انجام ۲۱۱
بعض حدیثوں کو بعض ائمہ نے چھوڑ دیا ہے ۳۹۳
مسلم کی دمشقی حدیث میں استعارات ہیں ۳۱۵،۳۱۶
فلما توفیتنی کی تفسیر ۵۰۳
ابن صیاد ہی دجال ہے۔ (حضرت عمرؓ کی قسم) ۲۱۸
جساسہ والی حدیث ۳۷۱

**فتح اسلام** (تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام)
فتح اسلام رسالے کے دو اجزاء ۴۸
فتح اسلام کا موضوع ۳

اس کے پڑھے بغیر مخالفانہ رائے بنانے سے منع کرنا ۱۰۰

اس رسالے کی سات سو جلدیں چھپی ۲

حضرت مسیح موعودؑ کے مامور ہونے کا ذکر ۵۱۴

کیا رسالہ فتح اسلام میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے ۳۲۰، ۳۲۱

سورۃ القدر کے معنی ۲۵۹

دینی چندہ کا ذکر ۵۱۸

**فتوح الغیب**

انسان انبیاء کا مثیل بن سکتا ہے ۲۳۱

**فتوحات مکیہ**

کسی کا مثیل بننے کا مضمون بیان کیا ہے ۲۳۲

## م۔و

**مستدرک**

لا مھدی الا عیسیٰ ۳۷۹، ۴۰۶

**مشکوۃ**

فلما توفیتنی کی تفسیر ۵۰۳

**معالم النبوۃ**

رب لم اظن ان یرفع علی احد ۲۷۶

**نور افشاں رسالہ**

نور افشاں میں مطبوعہ ایک اعتراض کا جواب ۳۵۳ تا ۳۵۶

**وید**

وید میں تحریف کا ثبوت ۶۹


☆☆☆